مسند الامام ابی بکر عبد اللہ بن الزبیر القرشی الحمیدی

المعروف بہ

مُسندِ حُمیدی

تالیف:

مولف امام الائمہ ابی بکر عبد اللہ بن زبیر بن عیسی حمیدی المتوفی ۲۱۹ھ

مترجم:

ابو حمزہ مفتی ظفر جبار چشتی

پروگریسو بکس

مسند الامام ابی بکر عبداللہ بن الزبیر القرشی الحمیدی

المعروف بہ

مُسندِ حمیدی

تالیف:

مولف امام الائمہ ابی بکر عبداللہ بن زبیر بن عیسی حمیدی المتوفی ۲۱۹ھ

مترجم:

ابو حمزہ مفتی ظفر جبار چشتی

پروگریسو بکس

یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ

اردو بازار ○ لاہور

فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

پروگریسو بکس

مسند الامام ابی بکر عبداللہ بن الزبیر القرشی الحمیدی

المعروف بہ

مُسندِ حُمیدی

تصنیف ـــــ مولف امام الائمہ ابی بکر عبداللہ بن زبیر بن عیسی حمیدی المتوفی ۲۱۹ھ

ترجمہ ـــــ ابو حمزہ مفتی ظفر جبار چشتی

سن اشاعت ـــــ اپریل 2013

سرورق ـــــ النافع گرافکس

ناشر ـــــ چوہدری غلام رسول، میاں جواد رسول، میاں شہزاد رسول

قیمت ـــــ =/ روپے

ملنے کا پتہ

اسلام بُک ڈپو
۱۲ گنج بخش روڈ لاہور
فون 042-37112941

ملت پبلی کیشنز
فیصل مسجد اسلام آباد Ph:051-2254111
E-mail: millat_publication@yahoo.com

ملت پبلی کیشنز
دوکان نمبر 5 مکہ سنٹر اردو بازار لاہور
Ph:042-37239201,Fax:042-37239200

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست

انتساب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ رب العٰلمین جلّ مجدہٗ الکریم کے محبوب و مقبول بندے، رحمۃ للعٰلمین ﷺ کے عاشقِ صادق، سیّد الاولیاء، مخدوم الاصفیاء، فخرِ سادات حضرت علی بن عثمان ہجویری غزنوی لاہوری کے نامِ نامی اسم گرامی کے نام، جن کی پرنور نگاہوں سے لاکھوں گم گشتگان، صراطِ مستقیم پر گامزن ہوئے اور براعظم ایشیاء میں ان کے فیضان کا صدیوں سے خاص و عام یوں اعتراف کرتے آ رہے ہیں

گنج بخش فیض عالم مظہر نورِ خدا

ناقصاں را پیر کامل کاملاں را راہنما

فقط:

یکے از غلام غلامانِ فیض عالم

ابوحمزہ مفتی ظفر جبار چشتی

عرضِ ناشر

الحمد للہ کہ ادارہ پروگریسو بکس کے قیام سے لے کر اب تک ہم کارپردازان ادارہ ہمت وقت اور ہر آن اسی کوشش میں مصروف رہتے ہیں کہ اس ادارے سے مذہبیات اور ادبیات پر بہترین کتب اپنے کرم فرما حضرات کی خدمت میں پیش کی جائیں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور نبی رحمت ﷺ کی نگاہِ رحمت اور قارئین کرام کے تعاون سے ہم آج تک اسی نصب العین کی تکمیل میں مشغول و مصروف رہے ہیں اور اب تک ہم نے اپنی جو مطبوعات آپ کی خدمت میں پیش کی ہیں، ان کی پسندیدگی اور قبولیت نے اس راہ میں ہمیں اور زیادہ سرگرم عمل بنا دیا ہے اور اب تک دینی کتب کے اصل متون یا ان کے تراجم کو موجودہ نسل کی رہنمائی کے لیے پیش کرنا ہی ہمارا مقصود اور نصب العین بن گیا ہے۔ انشاء اللہ! ہم اس راہ میں اور زیادہ سرگرمی سے اپنے قدم اُٹھائیں گے۔

آفتابِ رسالت سے اقتباس شدہ ہدایت کا ذریعہ آیاتِ قرآنی اور احادیث رسول ﷺ ہیں۔

پھر فکرِ آخرت کا یہ تقاضا ہے کہ انسان ایسے عقائد و خیالات اور اعمال کو اپنائے جن پر اللہ تعالیٰ ناراض نہ ہو بلکہ راضی ہو اور یہ ان بارگاہِ رسالت کی رہنمائی کے بغیر ممکن نہیں۔

اسی بات کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے آپ کا ادارہ پروگریسو بکس نے انسانیت کی فلاح و بہبود کے لیے بہت سی نادر کتابیں شائع کی ہیں، جیسے سنن ابوداؤد شریف، ریاض الصالحین، احیاء العلوم، غنیۃ الطالبین، تاریخ الخلفاء اور دیگر ادارہ خریدار حضرات کی ڈیمانڈ پوری کرنے میں مصروفِ عمل ہے۔

اسی حوصلہ افزائی کا نتیجہ ہے کہ ہم نے حدیث شریف کا عظیم اور مستند ذخیرہ ''مسند حمیدی'' کا عام فہم اور سلیس ترجمہ اپنے کرم فرماؤں کی خدمت میں پیش کر دیا ہے۔

اس عظیم کتاب کے ترجمہ کی خدمت کو سرانجام دینے والے مترجم محقق معروف مذہبی اسکالر ابوحمزہ مفتی ظفر جبار چشتی زید مجدہٗ ہیں۔

انشاء اللہ یہ سلسلہ آگے جاری رہے گا۔

ہم نے اپنی مطبوعات کو حسن صوری سے آراستہ پیراستہ کرنے میں کبھی کوتاہی سے کام نہیں لیا ہے، جس قدر بھی ممکن

ہو سکا اور جماعتی حسن سے اپنے کرم فرماؤں کی خدمت میں پیش کیا ہے اور آپ نے ہماری اس کوشش کو سراہا ہے۔

اسی نصب العین کے تحت پیش نظر کتاب ''مسند حمیدی'' کو بھی بھرپور طریقے سے حسن معنوی کی طرح حسن ظاہری سے آراستہ کرنے میں بے اعتنائی نہیں برتی ہے۔

اُمید ہے کہ یہ گراں مایہ کتاب ہماری دیگر مطبوعات کی طرح آپ سے شرفِ قبول حاصل کرے گی۔

آخر میں گزارش ہے کہ جب آپ اس عظیم کتاب سے استفادہ کریں تو اپنے لیے دعا کرتے ہوئے ہمارے ادارہ کے تمام لوگوں کے لیے بھی ضرور دعا مانگیں۔

والسلام!

میاں غلام رسول

میاں شہباز رسول

میاں جواد رسول

میاں شہزاد رسول

☆☆☆☆☆

عرضِ مترجم

اللہ تعالیٰ کے کلام کے بعد نبی اکرم ﷺ کا مبارک کلام ہے حدیث' یعنی حضور اقدس ﷺ کا قول یا فعل یا حال یا تقریر یعنی حضورِ اقدس ﷺ نے کچھ ارشاد فرمایا ہو' یا حضورِ اقدس ﷺ نے کوئی فعل کیا ہو یا حضورِ اقدس ﷺ سے کسی حال میں پائے گئے ہوں یا حضور اقدس ﷺ کے سامنے کسی بھی صحابی رضی اللہ عنہ نے کچھ کہا یا کوئی فعل کیا اور حضورِ اقدس ﷺ نے سکوت اختیار فرمایا' یہ وہ کلام ہے جس میں مشغول رہنے والا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مقرب اور بارگاہِ رسالت میں مقبول ہوتا ہے' اگر خلوص کے جذبہ کے ساتھ ہو۔

وہ شخص انتہائی قسمت والا ہوتا ہے جس کو قرآن و حدیث جیسی سعادت مل جائے' جن لوگوں نے حدیث شریف کی خدمت خلوصِ نیت اور صدقِ دل کے ساتھ کی ہے تو اللہ تعالیٰ نے اُن کو اپنے کرم سے ایسا نوازا ہے کہ ابد تک اُن کو حیاتِ جاوداں عطا کر دی ہے' اُن خوش نصیب ہستیوں میں امام شافعی' امام مالک' امام احمد بن حنبل' امام بخاری' امام مسلم' امام ترمذی' امام ابن ماجہ' امام نسائی' امام سیوطی رحمہم اللہ تعالیٰ موجود ہیں' ان ہی ہستیوں میں ایک عظیم ہستی امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر بن عیسیٰ حمیدی قرشی اسدی ہیں۔

ابوحاتم نے ان کے بارے میں کہا ہے: ''اَثْبَتُ النَّاسِ فِیْ سُفْیَانَ بْنُ عُیَیْنَۃَ الْحُمَیْدِیَّ''۔

امام احمد بن حنبل نے فرمایا: ''اَلْحُمَیْدِیَّ عِنْدَنَا اِمَامٌ''۔

''حمیدی ہمارے نزدیک امام ہیں''۔

امام حمیدی رحمۃ اللہ علیہ' امام بخاری اور امام مسلم کے استاد ہیں۔

مسند اس مجموعۂ حدیث کو کہتے ہیں جس میں احادیث کو موضوعات اور ابواب کے بجائے ہر صحابی کی علیحدہ علیحدہ حدیثیں مع ان کی اسناد کے جمع کر دی گئی ہوں۔ مسانید کے مرتب کرنے میں بیش تر افضلیت کا اعتبار کیا جاتا ہے کہ پہلے خلفائے اربعہ' پھر عشرۂ مبشرہ اور خلفائے اربعہ میں بھی پہلے حضرت ابوبکر صدیق' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہما وغیرہ کی مسانید کو ان کی فضیلت کے اعتبار سے نقل کیا جاتا ہے۔

مسانید بہت ہیں۔ شیخ محمد بن جعفر الکتانی نے ۸۰ سے زائد مسانید کا ذکر کیا ہے' اور آخر میں لکھا ہے: ''والمسانید کثیرۃً سوی ما ذکرناہ'' ابن الصلاح لکھتے ہیں کہ مسانید کا درجہ سنن سے کم تر ہے' کیوں کہ اصحابِ سنن انہی حدیثوں

کو نقل کرتے ہیں جو ان کی نظر میں سب سے صحیح ہوتی ہیں' برخلاف مسانید کے مرتب کرنے والوں کے کہ وہ اپنی مسند میں صحابی کی روایت کردہ ہر حدیث نقل کرتے ہیں' خواہ وہ قابل حجت ہو یا نہ ہو۔

مختلف امصار و ممالک میں مختلف ائمۂ حدیث نے مسانید مرتب کی ہیں' لیکن اس سلسلہ میں اختلاف ہے کہ کس نے سب سے پہلے مسند مرتب کی۔ ذہبی خلیلی کے حوالہ سے تحریر فرماتے ہیں کہ بصرہ میں سب سے پہلے صحابہ کی ترتیب پر مسند مرتب کرنے والے ابوداؤد طیالسی ہیں۔ حاکم کا کہنا ہے کہ تاریخ اسلام میں سب سے پہلے رجال کے اعتبار سے مسند کی تصنیف کرنے والوں میں عبیداللہ بن موسیٰ عبسی اور ابوداؤد طیالسی ہیں۔ اگرچہ مسند ابوداؤد طیالسی کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ طیالسی کی مرتب کردہ نہیں ہے' بلکہ بعض خراسانی حفاظ نے اسے مرتب کیا تھا۔

ابن عدی' عبداللہ کا قول نقل کرتے ہیں کہ کوفہ میں سب سے پہلے یحییٰ حمانی نے' بصرہ میں مسدّد نے اور مصر میں اسد السنہ نے مسانید مرتب کیں۔ ابن خطیب لکھتے ہیں کہ سب سے پہلے منسد تصنیف کرنے والے نعیم بن حماد ہیں۔ مسانید مرتب کرنے والوں میں امام حمیدی کا بھی نام آتا ہے' سب سے پہلے مکہ مکرمہ میں مسند مرتب کرنے والوں میں ان کا شمار ہوتا ہے۔

قطع نظر اس کے کہ کس نے سب سے پہلے مسند مرتب کی' یہ بات واضح ہے کہ مذکورہ بالا ائمۂ حدیث کا شمار مسانید کی تالیف میں صف اوّل میں ہوتا ہے۔

امام حمیدی

ابوبکر عبداللہ بن زبیر بن عیسیٰ قرشی اسدی کا سلسلۂ نسب رسول اللہ ﷺ کے واسطہ سے قصی میں اور زوجۂ مطہرہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے اسد بن عبدالعزیٰ پر جا کر ملتا ہے۔ شیوخ میں ابراہیم بن سعد' فضیل بن عیاض' سفیان بن عیینہ اور امام شافعی وغیرہ ہیں۔ اور امام بخاری' محمد بن یونس' محمد بن یحییٰ ذہلی' ابوزرعہ' بشر بن موسیٰ جیسے مشہور ائمہ حدیث کو آپ سے شرفِ تلمذ حاصل ہے۔

علم وفن میں امام حمیدی کا مقام بہت بلند ہے۔ حدیث اور فقہ میں ان کو اس درجہ کمال حاصل تھا کہ امام بخاری نے اپنی کتاب کو حمیدی کی روایت سے صرف اس لیے شروع کیا کہ وہ قریش میں سب سے بڑے فقیہ تھے۔ حافظہ اس قدر مضبوط تھا کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے کسی بلغمی مزاج شخص کو حمیدی سے زیادہ حافظہ والا نہیں دیکھا' انہیں صرف سفیان بن عیینہ سے دس ہزار حدیثیں یاد تھیں۔

یعقوب فسوی کا بیان ہے کہ میری ملاقات کسی ایسے شخص سے نہیں ہوئی جو حمیدی سے زیادہ اسلام اور مسلمانوں کا خیر خواہ ہو۔ عبدالرحمٰن نے اپنے والد کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ ابن عیینہ سے روایت کرنے میں حمیدی سب سے زیادہ معتبر

ہیں' وہ اصحابِ عیینہ کے سردار ہیں' ثقہ ہیں' امام ہیں۔ جب امام بخاری کو کوئی حدیث ان سے مل جاتی ہے تو پھر کسی دوسرے ثقہ راوی کی طرف رجوع کرنے کی ضرورت نہ سمجھتے' بخاری نے ان سے ۷۵ حدیثیں روایت کی ہیں۔

امام حمیدی کی سیرت کا ایک کم زور پہلو یہ تھا کہ وہ فقہائے عراق کے سلسلہ میں سخت گیر تھے' ان کے بارے میں سخت کلامی کیا کرتے۔ حمیدی کو جب غصہ آتا تو از خود رفتہ ہو جاتے اور گفتگو میں درشتی اور سختی پر اُتر آتے۔

امام حمیدی کی جلالت علمی' فضل وکمال اور حدیث میں ان کی امامت کو معاصرین نے فراخ دلی کے ساتھ تسلیم کیا ہے اور ان کی خوبیوں کا اعتراف کیا ہے۔ ان کا مکہ مکرمہ میں ۲۱۹ھ میں انتقال ہوا۔ حمیدی کی چند اہم تصانیف ہیں۔ ان میں کتاب الرد علی النعمان اور کتاب التفسیر عن الحمیدی کا ذکر ملتا ہے۔ ان کے علاوہ ان کی سب سے مشہور تصنیف ''مسند'' ہے۔

مسند حمیدی کی خصوصیات

یہ امام حمیدی کی شہرۂ آفاق حدیث کی کتاب ہے' اس میں ۱۳۶۰ حدیثیں ہیں' بیش تر مرفوع ہیں' صحابہ وتابعین کے کچھ آثار بھی منقول ہیں۔ پہلی حدیث حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ حالاں کہ حضرت شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے بستان المحدثین میں مسند حمیدی کی جو پہلی حدیث نقل کی ہے وہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ لیکن یہ واقعہ کے بالکل برعکس ہے' مولانا حبیب الرحمٰن الاعظمی اس سلسلے میں تحریر فرماتے ہیں:

ولعله لم يقف على مسند الحميدى وكان عنده نقل عن بعض المصنفين واعتمده والواقع خلاف ذلك' فان اول مسند الحميدى كما ترى حديث أبى بكر الصديق فى صلوٰة التوبة...... وكيف يفتتح الحميدى مسنده بحديث جابر...... وقد جرت عادة مصنفى المسانيد أنهم يفتتحون مسانيدهم بأحاديث أبى بكر الصديق .

(شاید شاہ صاحب کو مسند حمیدی کا (اصل) نسخہ نہ ملا ہو' اور ان کے پاس کسی مصنف کا نقل کردہ نسخہ ہو اور اسی پر وہ اعتماد کر بیٹھے ہوں۔ یہ بالکل خلافِ واقعہ بات ہے' کیوں کہ آپ دیکھ رہے ہیں کہ مسند حمیدی کی پہلی حدیث حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے نمازِ توبہ کے سلسلہ میں مروی ہے۔ اور ایسا کیوں کر ہو سکتا ہے کہ حمیدی اپنی مسند کو حضرت جابر کی حدیث سے شروع کریں' جب کہ عام طور پر مصنفین اپنی مسانید کی ابتداء حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی روایات سے کرتے ہیں۔)

مسند حمیدی کے رواۃ

حمیدی سے مسند کو ابواسمٰعیل سلمی متوفی ۲۸۰ھ نے اور ابواسمٰعیل سے قاسم بن اصبغ نے روایت کیا ہے' دوسرے جلیل

القدر راوی بشر بن موسیٰ اسدی متوفی ۲۸۸ھ ہیں‘ حافظ ابن حجر کے بقول حمیدی سے مسند کی روایت کرنے والے اور بھی کئی راوی ہیں۔ دنیا کے مختلف کتب خانوں میں مسند حمیدی کا جو مخطوطہ محفوظ ہے وہ صرف بشر بن موسیٰ کی روایت کا ہے۔

حدیث شریف کی یہ عظیم کتاب ہے‘ اس سے کماحقہٗ وہی لوگ فائدہ اُٹھا سکتے ہیں جن کی زبان عربی ہے یا عربی جانتے ہیں‘ جب کہ ہمارے معاشرے میں ایک بڑا طبقہ اُردو خواں ہے‘ اس طبقہ کے لیے اس عظیم کتاب سے فائدہ اُٹھانا خاصا مشکل ہے‘ ہم نے مضبوط ارادے کے ساتھ اس بحر ذخار میں اُترنے کی کوشش کی‘ اس کتاب پہ ۲۰۰۹ء میں کام شروع کیا‘ درمیان میں کچھ نجی مصروفیات کی بناء پر اس کتاب پر کام جاری نہ رکھ سکا‘ پھر محترم جواد رسول صاحب سے ملاقات ہوئی تو اُن کے خلوص کو دیکھ کر ہم نے اس کتاب کو مکمل کرنے کی حامی بھر لی‘ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس کتاب کا ترجمہ مکمل کرنے کی سعادت عطا فرمائی۔

اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب کریم ﷺ کے فضل و کرم کا شکر ادا کرتے ہوئے احادیث شریف کے اس عظیم مجموعے کا اُردو ترجمہ کرنے کے دوران جن احباب کا تعاون شامل رہا اُن سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں‘ جن میں برادرِ اکبر حضرت علامہ مفتی محمد سجاد حسین چشتی جنہوں نے نظر ثانی فرمائی۔

حضرت علامہ عاطف سلیم صاحب‘ حافظ عبدالجمال‘ حافظ عدنان فیصل چشتی‘ محمد امیر حمزہ‘ محمد ذوالنورین بالخصوص ڈاکٹر محمد صالح قادری صاحب (پی۔ایچ۔ڈی) جنہوں نے اُردو ترجمے کو بڑے باریک بینی سے پڑھا اور اصلاح فرمائی‘ ان کے ساتھ انتہائی مشکور ہوں جناب حافظ اختر حبیب اختر صاحب کا جنہوں نے بڑی محنت کے ساتھ تصحیح فرمائی اور پروف ریڈنگ جیسے اہم فریضہ کو احسن طریقے سے سرانجام دیا‘ ان کے ساتھ میں ممنون ہوں جناب برادرِ صغیر ریحان علی کا جنہوں نے بڑی سرعت کے ساتھ مسودہ کمپوز کیا اور ترتیب دیا‘ ان کے ساتھ میاں جواد رسول اور ان کے دیگر ساتھی جنہوں نے خوبصورت انداز میں پبلش کروایا۔

اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ اپنے پیارے حبیب کریم ﷺ کے طفیل میری‘ میرے والدین‘ بہن بھائی‘ میرے اساتذہ کرام و ناشرین کی خطاؤں سے درگزر فرما کر بروزِ محشر حدیث شریف کی خدمت کرنے والوں کے ساتھ حشر فرمائے اور نبیٔ رحمت ﷺ کے دامن شفاعت سے بہرہ مند فرمائے۔

آخر میں حضرت شمس بریلوی کا شعر

یہی شمسؔ ہے مری آرزو‘ ہے کمال عزتِ آبرو
کہ حضور کہہ دیں غلام سے تری نذر کو قبول کیا

غلطیوں پر معافی کا طلبگار
کوتاہیوں پر شرمسار
ابوحمزہ مفتی ظفر جبار چشتی

دعائے مصطفی ﷺ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللھم ارحم خلفائی قلنا یا رسول اللہ ومن خلفاؤک قال الذین یاتون من بعدی یروون احادیثی ویعلمون الناس

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

احادیثِ مصطفی کی اشاعت اور تعلیم دینے والوں کے لیے اے اللہ میرے جانشینوں پر رحم فرما، ہم نے عرض کی یارسُول اللہ آپ کے جانشین کون ہیں؟ آپ نے فرمایا وہ لوگ جو میرے بعد آئیں گے میری حدیثیں بیان کریں گے اور لوگوں کو میری حدیثوں کی تعلیم دیں گے۔

(الترغیب والترھیب ج ۱، ص ۱۱۰)

تقریظ

انسانی ہدایت کے لیے قرآن مجید کے ساتھ ساتھ احادیث مبارکہ کا ایک عظیم ذخیرہ موجود ہے اور وہ لوگ اس اُمت کے محسن ہیں جنہوں نے رسول اکرم ﷺ کے ارشادات مبارک اور اسوۂ حسنہ کو سنا' دیکھا اور محفوظ کر کے آگے منتقل کیا۔

پھر وہ پاک طینت افراد بھی اُمت کی طرف سے شکریہ کے مستحق ہیں جنہوں نے احادیث کی چھان بین کی اور ان کو جمع کر کے آنے والی نسلوں کے لیے آسانی پیدا کر دی۔

اُمت کے لیے مزید آسانی یوں پیدا کی گئی کہ احادیث مبارکہ کو مختلف انداز میں ترتیب دیا گیا' کہیں فقہی ترتیب کو اختیار کیا گیا تو کہیں ایک ایک صحابی کی روایات کو الگ جمع کیا گیا۔

جن کتب میں صحابہ کرام کے حوالے سے احادیث جمع ہیں ان کو مسانید کہا جاتا ہے جیسے مسند امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ' ان ہی مسانید میں مسند حمیدی بھی ہے جس کی تالیف کا سہرا حضرت عبداللہ بن زبیر بن عیسیٰ قریشی اسدی حمیدی مکی کے سر ہے۔

دورِ حاضر میں احادیث مبارکہ اور اسلامی کتب کو عربی سے اُردو میں منتقل کرنا ضروری ہو گیا ہے تاکہ اُردو خواں طبقہ بھی استفادہ کر سکے' اس سلسلے میں الحمد للہ کافی کام ہو رہا ہے اور اہل سنت کے مترجمین اس طرف پوری توجہ دے رہے ہیں۔

اہل سنت کے مترجمین میں ایک معروف حضرت علامہ مفتی ظفر جبار چشتی مدظلہ کا ہے' جنہیں اللہ تعالیٰ نے بے پناہ صلاحیتوں سے نوازا ہے' وہ بہترین خطیب ہونے کے ساتھ ساتھ تصنیف و تالیف کے میدان میں بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا چکے ہیں۔

اور اس سے پیشتر وہ درج ذیل کتب کا نہایت سلیس اور عام فہم ترجمہ فرما چکے ہیں:

ریاض الایمان (ترجمۃ القرآن)' ریاض الصالحین' تاریخ الخلفاء' وغیرہ۔

اب علامہ ظفر جبار چشتی نے مسند حمیدی کا اُردو ترجمہ کرنے کی سعادت کی ہے' راقم نے اس ترجمہ کے کچھ مقامات دیکھے اور اس ترجمہ کو نہایت عمدہ پایا۔

اللہ تعالیٰ حضرت علامہ ظفر جبار چشتی مدظلہ کو علمی میدان بالخصوص تحریر کے میدان میں مزید ترقی عطا فرمائے اور اس کتاب مستطاب کو ملت اسلامیہ کی علمی پیاس بجھانے کا اہم ذریعہ بنائے۔ آمین! بجاہ نبیہ الکریم علیہ التحیۃ والتسلیم!

محمد صدیق ہزاروی سعیدی ازہری

استاذ الحدیث جامعہ ہجویریہ دربارِ عالیہ حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ

تقریظ

استاذ العلماء صاحبزادہ مفتی محمد لطف اللہ نوری برکاتہم العالیہ

شیخ الحدیث مہتمم دار العلوم جامعہ بدر العلوم انوار القرآن' بصیر پور شریف

قرآن حکیم نے رسول اللہ ﷺ کی اطاعت فرض اور آپ ﷺ کے اسوۂ حسنہ کی پیروی لازم کی۔

رسول اللہ ﷺ کے جملہ ارشادات اور آپ کے تمام اعمال وحیٔ الٰہی کے حکم میں ہیں۔

صحابہ کرام بلا چون و چرا نبی پاک ﷺ کے ارشادِ عمل کے مطابق اپنی اپنی زندگی بسر کرنے کی کوشش کرتے تھے۔

نوعِ انسانی کی ہدایت نبی اکرم ﷺ کی پیروی اور اطاعت سے ہی ممکن ہے اور حصولِ رضائے خداوندی کا سبب بھی ہے۔

آپ ﷺ کی پیروی اور اطاعت کا طریقہ یہ ہے کہ آپ ﷺ کے سینہ بے کینہ' آفتابِ نبوت سے نکلنے والے نور کو حاصل کیا جائے اور اس کے مطابق زندگی گزاری جائے۔

یہ نور اُمت کے پاس قرآن پاک اور احادیث نبوی کے ذخیرہ کی صورت میں موجود ہیں۔

زیرِ نظر کتاب عظیم محدث امام الائمہ حضرت ابوبکر عبداللہ بن زبیر بن عیسیٰ قریشی مکی حمیدی رحمۃ اللہ علیہ کی سعی مشکور ہے۔

امام حمیدی' امام بخاری و امام مسلم' ذہلی اور ابوزرعہ جیسے جلیل القدر محدثین کے استاد ہیں۔

امام بخاری خود فرماتے ہیں کہ امام حمیدی ہمارے امام ہیں۔

ابوحاتم' امام حمیدی کے بارے میں فرماتے ہیں:

اَثْبَتُ النَّاسِ فِیْ سُفْیَانَ بْنِ عُیَیْنَةَ الْحُمَیْدِیَّ۔

سفیان بن عیینہ کی مرویات کے بارے میں سب سے زیادہ امام حمیدی مثبت تھے۔

امام احمد بن حنبل فرماتے ہیں:

اَلْحُمَیْدِیُّ عِنْدَنَا اِمَامٌ۔

امام حمیدی مسلمانوں کے بہت خیر خواہ اور اسلام کے معاملے میں بہت زیادہ غیرت مند تھے۔

امام حمیدی کی اس عظیم کتاب مستطاب مسند حمیدی جو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے مرویات افضلیت کے اعتبار سے احادیثِ رسول کا عظیم ذخیرہ ہے' اس عظیم کتاب کا اُردو ترجمہ کر کے مترجم موصوف نے اُردو خواں حضرات پر ایک عظیم احسان کیا ہے۔

فاضل مترجم حضرت علامہ مفتی ظفر جبار چشتی صاحب انتہائی قابل اور محنتی اور باعمل' باکردار عالمِ دین ہیں' میں ان کی ہمت اور جذبے کو خراج پیش کرتا ہوں۔ بہت کم عرصے میں مصنفین و مترجمین کی صف میں اعلیٰ مقام حال کیا ہے' اندازِ تحریر نہایت عمدہ' ادبیت سلاست جامعیت آپ کا خاصہ ہے۔

ہر حدیث کے ساتھ دیگر کتب احادیث سے باقاعدہ باب کے حوالے کے ساتھ تخریج بھی شامل کی ہے۔

یقیناً ایک تحقیقی کام ہے' اُمید ہے کہ اہلِ علم بصیرت محبت اسے قبول کریں گے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اپنے حبیب کریم کے صدقے قبلہ مفتی صاحب کو اور ہمت عطا فرمائے اور ان کی کاوشوں کو اپنی بارگاہِ صمدیت میں قبول فرمائے اور ان کے لیے اور ان کے والدین کے ذریعہ نجات بنائے۔ آمین بجاہ النبی ﷺ!

☆☆☆☆☆

تقریظ

محمد منشا تابش قصوری

دنیائے اسلام میں قرآن وسنت کا جو مقام ہے وہ اہلِ عشق ومحبت سے قطعاً مخفی نہیں' صدیوں سے قرآن وحدیث کی اشاعت جس تیز رفتاری سے جاری وساری ہے اس کی مثال نہ ہوئی اور نہ ہی ہو سکتی ہے' اپنے' پرائے' یگانے بیگانے' مسلم وغیر مسلم سبھی کے لیے یہی وہ کلام ہے جو دنیا وآخرت کی رہنمائی و بھلائی کے لیے حرفِ آخر ہے۔ لاکھوں قرآن وحدیث کو پڑھ کر زمرۂ اسلام میں داخل ہوئے' اسلام میں ایسے پختہ ہوئے کہ ان کا شمار اولیاء کرام' ائمہ عظام میں ہوا۔

اس دورِ جدید میں بھی یہ سلسلہ بدستور جاری ہے' بے شمار مستشرقین جب قرآن مجید اور احادیثِ نبی کریم ﷺ کے تحقیق میں مصروف ہوئے تو تحقیق کرتے کرتے پکار اُٹھے کہ اگر ہدایت ورہنمائی اور سکونِ قلب کا آسان سا سامان ہے تو وہ اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کا مقدس کلام اور رسولِ انام علیہ التحیۃ والسلام کی احادیث ہیں' وہ اسلام قبول کرنے پر مجبور ہو گئے' یعنی بلاتکلف وہ ایمان کی بے پایاں دولت سے سیراب ہو گئے۔

وقت کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کی تفاسیر اور احادیث مبارکہ کے تراجم اور شرحیں منصۂ شہود پر جلوہ گر ہونا شروع ہوئیں اور معاملہ یہاں تک پہنچا کہ آج دنیا بھر کی ہر زبان میں قرآن پاک کے ترجمے' تفسیریں اور احادیث مبارکہ کی شرحیں اور تراجم شائع ہو رہے ہیں' خوش نصیب ہیں وہ علمائے کرام' محدثین عظام جنہوں نے لوگوں کی آسانی کے لیے تراجم وشروح کی طرف توجہ فرمائی' جن سے اُمت مصطفیٰ ﷺ خصوصیت سے مستفیض ہو رہی ہے۔

پیش نظر حدیث شریف کی نایاب کتاب ''مسند حمیدی'' کا ترجمہ بھی اسی مشن کی ایک پاکیزہ کڑی ہے' جس کا ترجمہ اُردو زبان میں مترجم داتا گنج بخش فیض عالم کے عظیم شہر لاہور سے شائع ہوا چاہتا ہے اور اس کتاب مستطاب کے مترجم محترم المقام حضرت مولانا علامہ مفتی ظفر جبار چشتی مقری لاہوری زید علمہٗ وعملہٗ جنہیں قرآن کریم کے لفظی اور بامحورہ تراجم کی سعادت نصیب ہوئی اور متعدد کتب کی تصنیف کا بھی شرف رکھتے ہیں' اب حدیث شریف کی اس عظیم کتاب کے ترجمہ کرنے کی نعمت سے سرفراز ہو رہے ہیں۔ ترجمہ آسان اور سہل ہونے کے ساتھ ساتھ ہر حدیث کی تخریج سے کتاب کے وزن و وقار میں اضافہ فرمایا ہے۔

دعا ہے اللہ تعالیٰ جل وعلیٰ' امام المحدثین حضرت شیخ حمیدی علیہ الرحمۃ کے وسیلۂ جلیلہ سے اس سعیٔ جلیلہ کو بارگاہِ

رسالت مآب ﷺ میں قبولیت کا شرف نصیب ہو اور ان کا قلم دینِ حنیف کی خدمت کے لیے ہمیشہ رواں دواں رہے۔

آمین ثم آمین!

بجاہ سید المرسلین، خاتم النبیین ﷺ وآلہ وصحبہ وبارک وسلم!

فقط: **محمد منشاء تابش قصوری**

مدرسہ جامعہ نظامیہ رضویہ، لاہور، پاکستان

☆☆☆☆☆

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقدمہ

نام: عبداللہ بن زبیر بن عیسیٰ قریشی اسدی حمیدی مکی

کنیت: ابوبکر

امام حمیدی کے عہد میں عام جہات

راویانِ حدی کی سوانح حیات پر لکھی گئی کتابوں میں ذکر ہے کہ الحمیدی رحمۃ اللہ علیہ نے ۲۱۹ھ میں وفات پائی، لیکن سن ولادت کا ذکر قصداً یا نسیاناً چھوڑ دیا گیا ہے اور انہوں نے یہ بھی ذکر کیا ہے کہ وہ امام عصر سفیان بن عیینہ کی خدمت میں تقریباً بیس سال (۲۰) شرفِ تلمذ تہ کیے رہے۔ جیسا کہ یہ بھی ذکر کیا ہے کہ سفیان جن عیینہ نے اللہ کے جوار میں ہونے کی اللہ تعالیٰ سے دعا کی، ۱۹۸ھ میں۔

یہ بھی یقینی بات ہے کہ انہوں نے اپنے عظیم استاد کی خدمت میں اس وقت شرفِ تلمذ تہ کیا کہ جب ان کی عمر تقریباً پچیس سال تھی۔ ممکن ہے کہ امام حمیدی کی تاریخ ولادت تقریباً ۱۵۰ھ سے کچھ اوپر ہو گی، یعنی اس بات کا امکان ہے کہ ان کی تاریخ ولادت اپنے عظیم المرتبت استاد امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے تاریخ ولادت کے قریب قریب ہو۔

الحمیدی کا عہدِ خلفاء

المہدی (۱۵۸ھ-۱۶۹ھ) الہادی (۱۶۹ھ-۱۷۰ھ) الرشید (۱۷۰ھ-۱۹۴ھ) الامین (۱۹۴ھ-۱۹۸ھ) پھر مامون (۱۹۸ھ-۲۱۸ھ) اور ایک سال خلافتِ معتصم کا بھی عہد رہا۔

اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ امام حمیدی تقریباً عہد عباسیہ کے پورے دور میں حیات رہے۔ یہی وہ دور تھا جو کہ قوت، طاقت اور سر بلندی کا عہد زریں ت ھا۔

یہ سیاسی وراثتوں، معاشرتی تبدیلیوں، فکری مقابلوں اور فلسفیانہ موشگافیوں کا عہد تھا۔

الحمیدی کی سوانح حیات

شاید کہ ہم جو کہہ رہے ہیں سوانح کے دوران وہ مفید ہو!

بے شک سیرت وتاریخ نگاری بہت فائدہ مند اور بہت اہمیت کی حامل ہے' اس کے دو فائدے اہم ہیں:

ان میں سے ایک یہ کہ پکی ومضبوط سیرت بیان کی جائے اور حال آخر کی تعریف وتوصیف کی جائے' جس میں حسن تدبیر اور پختگی کا استعمال ہو۔

افراط سے خالی سیرت اور صفات عاقبت سے مزین کا یہ فائدہ ہوگا کہ تفریط کا خوف' متسلط کو تادیب کا موقع دے گا اور یاد کرنے والے کے لیے نصیحت وعبرت ہوگی۔ ان بے کار باتوں سے بچنے کا ذریعہ ہوگا جو عقل پر تلوار کی طرح گرتا ہے اور منقولات کا ایک پاکیزہ باغ تیار ہوگا۔

دوسرا: اس سے اُمور کے عجائب' زمانے کے انقلابات' تقدیر کی گردش اور اخبار وروایات کے سننے سے آگہی ہوگی۔

اور ابن جوزی کا قول: سیرت نگاری میں دل کے لیے راحت ہے اور ھم وغم کے لیے صیقل اور عقل کو آگاہ کرنے والی ہے۔ سو اگر عجائب مخلوقات کا ذکر کیا جائے تو یہ صانع کی عظمت پر دلیل ہے اور سچی اور پکی سیرت کی تشریح کی جائے تو حسن تدبیر کا علم حاصل ہو جاتا ہے اور اگر ایسے قصے بیان کیے جائیں جن میں جھوٹ اور سچ کی آمیزش ہو تو شاید پختگی پر زد پڑے اور اگر احوال طولانی ہوں تو تقدیر پر تعجب کرنا واجب ہو جاتا ہے اور ایسی نزہت ہو جن پر راتوں کے قصوں کی مشابہت ہو' بے فائدہ ہے' اور اس میں شک نہیں کہ سیرتِ انبیاء علیہم السلام اور اصحابِ فضیلت کا حال احوال پڑھنا اور علمائے کرام کے مؤقف سے آگہی' انسان کو حق سے محبت کی تعلیم دیتی ہے اور یہ سیر وبہادری کے اخلاق پیدا کرتا ہے اور کرم وشجاعت کی قوت پیدا کرتا ہے۔ اس اضافت کے ساتھ کہ ان لوگوں کی باتیں جو اللہ کے حضور صف در صف دعا گو ہیں' جن کی دعائیں ان کے رب نے قبول کر لی ہیں' یہ کیا ہے؟ یہ صرف ان کے زندہ رہنے کا تذکرہ ہے اور ان کے مکارمِ اخلاق وامثال کی نشر واشاعت ہے اور ان کے عمدہ اخلاق وفضائل پر اُکسانا ہے اور رغبت دینے والے کا اعتبار واعتماد کرنے والے' غور وفکر کرنے والے' صاحب بصیرت کا وجود تو ضروری ہے۔ اللہ اس پر رحم کرے! جس نے یہ کہا:

جب انسان گزرے ہوئے علم کو جان لے تو اس کو یہی معلوم ہوگا کہ زمانے کے ابتداء سے وہ جی رہا ہے۔

اور یہ خیال کرے کہ وہ آخر عمر تک جیتا رہے گا' اگر اس کا ذکر جمیل باقی رہا' جو عالم ہے' وہ زمانے تک چلتا ہے' بردبار' کریم النفس' تو لمبی عمر سے نوازا گیا اور ہم دیکھتے ہیں کہ اب ہم پر لازم ہے کہ سوانح شروع کریں اور اللہ سے مدد طلب کرتے ہیں۔

آپ کی پیدائش مکہ میں ہوئی

پس ہم عرض کرتے ہیں کہ وہ عہد جس میں علم کے کئی پہلو ہو گئے' یا قریب ہے کہ اس میں اضطرابات' بے چینی اور خستگی کی کثرت ہوگئی' اور مکہ مکرمہ میں جہاں بیت الحرام ہے' یہیں ابوبکر' عبداللہ بن زبیر بن عیسیٰ بن عبیداللہ بن اسامہ بن

عبداللہ بن حمید بن زہیر بن الحارث بن اسد بن عبدالعزیٰ الاسدی' المکی' الحمیدی کی ولادت ہوئی۔

نامعلوم دن میں آپ کی ولادت ہوئی۔ ''الضعفاء'' میں عقیلی کا قول ہے کہ ان کے بارے میں کچھ حالات محفوظ نہیں ہے۔ محمد بن اسماعیل' خلیل بن یزید الباقلانی نے حدیث بیان کی' جس کی طرف حمیدی نے اشارہ کیا ہے' کہتے ہیں کہ ان کے والد نے ان کو دو حدیثیں روایت کی ہیں' کہا: ہم سے زبیر بن عیسیٰ نے' تحریف ہوئی میری طرف' حمیدی نے مجھ کو کہا: ہشام بن عروہ نے اپنے والد سے روایت کی ہے کہ اُم المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا:

میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! (ﷺ) کب (ایسا وقت آئے گا کہ) ہم نہ تو نیکی کا حکم دیں گے اور نہ ہی منہیات سے روکیں گے؟

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تمہارے اچھے لوگ بخیل ہو جائیں اور ادنیٰ درجے کے لوگوں میں علم آجائے اور تمہارے بڑوں میں فریب دینا آجائے اور تمہارے چھوٹوں میں اُمور مملکت کی باگ ڈور آجائے۔

اس پر پیروی نہیں ہے اور اس کے سوا سے معلوم نہیں ہے۔

اور ذہبی نے میزان اعتدال میں اس کی پیروی کی ہے اور حافظ نے اس پر لسان المیزان میں اضافہ کیا ہے اور نباتی نے عقیلی کے قول کے بعد کہا ہے: میری زندگی کی قسم! یہ (روایت) باطل اور موضوع ہے۔ اس کی شہادت قرآن وسنت دیتا ہے اور ابن حبان نے اسے ثقات میں شمار کیا ہے۔

بہر حال ان کے خاندانی حالات پر ماخذ ومصادر نے پردہ ڈال رکھا ہے اور ان کے ابتدائی زندگی کے حالات تاریکی کے پردے میں ہیں۔ ہم ان کی والدہ کے بارے میں کچھ نہیں جانتے' نہ ہی ان کی رفیقۂ حیات کے بارے کچھ معلوم ہے اور نہ ہی ان کی اولاد کے بارے میں کچھ خبر ہے۔ نہ اس دور کے حالات کا کچھ پتا ہے' لیکن ماخذ ومصادر سے اتنا معلوم ہوتا ہے' جس پر سب متفق ہیں کہ وہ قرشی ہیں اور سلسلہ اُم المؤمن سیدہ خدیجۃ الکبریٰ بنت خویلد رضی اللہ عنہا ابن اسد تک جاملتا ہے اور سلسلۂ نسب فاختہ بنت زبیر بن الحارث بن اسد سے اور ان کے بیٹے حکیم بن حزام بن خویلد بن اسد سے اور زبیر بن عوام بن خویلد بن اسد سے جاملتا ہے۔ اور عبداللہ بن زمعہ بن الاسود بن مطلب بن اسد سے اور سب کے سب اپنے دادا ابن عبدالعزیٰ سے اور قصی میں سب کے سب رسول اللہ ﷺ سے نسبت میں جاملتے ہیں۔

یہ بات تو مشہور ہے کہ قریشیوں کا دستور تھا کہ اپنی اولاد کو صحراء کے دیہاتوں میں پرورش وپرداخت کے لیے بھیج دیتے تھے تاکہ جسم مضبوط ہو اور زبان میں فصاحت وبلاغت وبیان نہایت عمدگی سے پیدا ہو۔ تاکہ وہ دیہات کے بدوؤں کی زبان کو صاف وشفاف چشموں سے سیکھیں۔ اس سے پہلے کہ ان کی زبان میں کسی اور چیز کی آمیزش ہو اور نہ ہی ان کی شفاف زبان میں تکدر کا شائبہ پیدا ہو۔ پس ضروری ہے کہ حمیدی بھی دیہات میں بھیجے گئے ہوں گے اور وہیں پر شعر وزبان کی تعلیم حاصل کی ہوگی' کیوں نہیں! ان کے شیخ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ ''کسی کے لیے جائز نہیں کہ اللہ

کے دین میں فتویٰ دے جب تک کہ وہ اللہ تعالیٰ کی کتاب کا جاننے والا' لغت میں صاحبِ بصیرت اور شاعری کے رموز سے آگاہ نہ ہو''۔

پس ضروری ہے کہ وہ قرشی ہیں تو لغت کے' نثر کے' شعر کے ادب سے آگاہ تھے' کیونکہ قرآن کریم کی زبان جسے طالبِ علم ابتداء ہی میں حفظ کرتا ہے جو کہ حدیث شریف کا منبع و مرکز ہے' سرچشمہ علم ہے۔

یہ مولود جس کا ذکر کتب تاریخ و سیر میں موجود نہیں ہے' چھپا رہا۔ مقامِ نزولِ وحی' بلد امین' مکہ مکرمہ' قلوب کے جھکنے کی جگہ اور اطمینان و امان کا وطن اور وہ شہر جہاں بڑے بڑے علماء اور زہاد جو زندگی کی متاع ہیں اور بیت اللہ شریف کے مجاور جنہوں نے عبادت کے لیے سب سے رشتہ منقطع کر لیا ہے' پیدا ہوئے۔ اور اطرافِ عالم کے وہ مہاجرین جن کی رو میں فتنوں کی ہوا سے اور بغاوت و سرکشی کے تیز دانتوں کے کاٹے جانے سے بچنے کے لیے اس مہبط وحی میں آ کر جمع ہو گئے ہیں اور امان و اطمینان کے گیت گاتے ہیں کہ اللہ نے انہیں سرکشی اور ظلم و عدوان کرنے سے محفوظ رکھا' لیکن ہم اس عالم کا علمی نسب اور وہ مدرسہ جہاں علم حاصل کر کے یہ نکلے ہیں' اور وہ دور بھی جہاں قیام کیا' جانتے ہیں۔ ہمیں ضروری ہے کہ مختصراً عرض کریں کہ شیخین کے زمانہ میں فتویٰ دینے کے مرکز حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما تھے جو قرآن کریم اور سنت رسول کے ماخذ و مصدر کے حامل تھے اور قیاس اور رائے' کتاب و سنت کی فروع میں سے تھا اور وہ اجماع جو کتاب و سنت سے مستند تھا یا قیاس' اور اس لیے احکام میں اختلاف نہ ہونے کے برابر تھا' کیونکہ آپس کی مشاورت سے مسئلہ کا حل قرآن و سنت کی روشنی میں ہی طے کیا جاتا تھا۔ یا تو کتاب کے نص صریح سے یا اتباعِ سنت کے معروف طریقے سے ہی فتویٰ صادر ہوتا تھا' تو سبب اختلاف کسی صورت باقی نہیں رہتا تھا' مگر قیاس کی صورت میں اگر فتویٰ صادر ہوتا تو اختلاف کی صورت رہ جاتی تھی اور ان کا رائے پر اعتماد کم ہی ہوتا تھا۔

ہر شہر میں صحابی رہائش پذیر تھے اور اکثر مدارس کا قیام عمل میں آیا جہاں حدیث کی روایت کی جاتی اور فتویٰ جاری ہوتا تھا۔

تب حدیثِ رسول ﷺ کی ترویج و ترقی کا قیام عمل میں آیا' کیونکہ ایک حدیث اگر ایک صحابی کے پاس تھی تو دوسرے کے پاس نہیں تھی' اور یہ حدیثیں ایک ہی کتاب میں جمع نہیں تھیں اور نہ ہی ایک شہر میں موجود تھیں تو فتاویٰ کی کثرت ہو گئی اور آرائیں متعدد ہو گئیں' اس سے نیز اختلاف کی کثرت ہو گئی۔

مدینہ منورہ میں اُم المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ۵۷ھ' حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ۷۳ھ' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ۵۸ھ ہیں' اس زمانے میں اہلِ مدینہ منورہ میں سے یہ تینوں اصحاب کرام راویانِ حدیث سب سے زیادہ فتویٰ دینے والے تھے۔ اور ان ہی کے گرد اہلِ مدینہ کا علم گھومتا ہے اور ان میں سے بزرگ تابعین نے اخذ کیا۔ ان میں حضرت سعید بن مسیب (۹۴ھ)' حضرت عروہ بن زبیر (۹۴ھ)' حضرت ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن الحارث بن ہشام

المخزومی (۹۴ھ)' حضرت علی بن حسین بن علی بن ابی طالب (۹۴ھ)' حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ بن مسعود (۹۸ھ)' حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر (۱۰۷ھ)' حضرت قاسم بن محمد بن ابوبکر (۱۰۶ھ)' حضرت نافع مولیٰ عبداللہ بن عمر (۱۱۷ھ)' ابن شہاب الزہری (۱۲۴ھ)' محمد بن علی بن الحسین الباقر (۱۱۴ھ)' عبداللہ بن ذکوان (۱۳۱ھ)' یحییٰ بن سعید انصاری (۱۴۳ھ) اور ربیعہ بن فروخ (۱۳۶ھ) تھے۔

کوفہ میں ابوموسیٰ کے بعد ابن مسعود اور علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ منصب فتویٰ پر متمکن ہوئے۔ علقمہ بن قیس النخعی (۶۲ھ)' مسروق بن الاجدع ہمدانی (۶۳ھ)' عبدۃ بن عمر السلمانی المرادی (۹۲ھ)' اسود بن یزید النخعی (۹۵ھ)' شریح بن الحارث (۸۷ھ)' ابراہیم بن یزید النخعی (۹۵ھ)' سعید بن جبیر مولیٰ والبہ (۹۵ھ) اور عامر بن شراحیل الشعبی (۱۰۴ھ) بھی تھے۔

بصرہ میں انس بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ (۹۳ھ) تھے۔

تابعین میں رفیع بن مہران ابوالعالیہ الریاحی (۹۰ھ)' حسن بن یسار البصری (۱۱۰ھ)' جابر بن یزید ابوشعثاء (۹۳ھ)' محمد بن سیرین (۱۱۰ھ) اور قتادہ بن دعامہ السدوسی (۱۱۸ھ) تھے۔

شام میں معاذ اور ابوالدرداء کے بعد عبدالرحمٰن بن غنم اشعری (۷۸ھ)' ابوادریس الخولانی (۸۰ھ)' قبیصہ بن ذویب' مکحول بن ابی مسلم (۱۱۳ھ)' رجاء بن حیوٰۃ (۱۱۲ھ) اور عمر بن عبدالعزیز بن مروان (۱۰۱ھ) تھے۔

اور مصر میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے عبداللہ بن عمرو بن العاص (۶۵ھ) تھے۔ تابعین کرام میں سے مرثد بن عبداللہ الیزنی (۹۰ھ)' یزید بن ابی حبیب (۱۲۸ھ) تھے۔

اور یمن میں کبار صحابہ کے بعد طاؤس بن کیسان الجندی (۱۰۶ھ)' وہب بن منبہ الصنعانی (۱۱۴ھ) اور یحییٰ بن ابی کثیر مسند فتویٰ پر متمکن ہوئے۔

اور مکہ مکرمہ میں حبرِ اُمت' فقیہ العصر' امام التفسیر' جن کے سر پر رسول اللہ ﷺ نے اپنا یدِ مبارک مسح کیا تھا اور فرمایا تھا: اے اللہ! اسے دین کی سمجھ اور تاویل کا علم عطا کر۔ حدیث' تفسیر اور فتاویٰ کی باگ ڈور سنبھال لی تھی' تو اللہ تعالیٰ نے ان کا علم و فہم زیادہ کر دیا۔ رسولِ اسلام (ﷺ) کے چچا کے بیٹے جنہوں نے سیاست سے الگ تھلگ ہو کر بیت اللہ شریف میں تشریف فرما ہوئے اور علم تفسیر و حدیث کو درس و تدریس کے ذریعے نشر و اشاعت عام کا اہتمام کیا۔

پس تشنگانِ علم اس صاف و شفاف علمی چشمے سے حصولِ علم کے لیے ایک دوسرے پر سبقت لے جانے میں کوشاں رہنے لگے اور اہل مکہ مکرمہ کا علم تفسیر و حدیث و فقہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے گرداگرد گھومنے لگا۔

اس مدرسے کے علم کو پھیلانے والی مشہور ترین شخصیت حضرت مجاہد بن جبیر رضی اللہ عنہ جو تفسیری علم کا خزانہ تھے' باقی تھے' متوفی ۱۰۳ھ اور حضرت عکرمہ مولیٰ ابن عباس رضی اللہ عنہم تھے جن کے بارے میں امام شعبی کا قول ہے کہ اللہ کی

کتاب کے زبردست عالم عکرمہ تھے جو باقی بچے ہیں۔ حضرت ابن جبیر رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا: کیا تم اپنے سے زیادہ عالم کو جانتے ہو؟ کہا: ہاں! حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ۔ (متوفی ۱۰۷ھ)

اور حضرت عطاء بن ابی رباح رضی اللہ عنہ جن کے بارے میں امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ میں نے حضرت عطاء بن ابی رباح رضی اللہ عنہ سے زیادہ افضل کسی کو نہیں دیکھا۔

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اے اہلِ مکہ! تم سب مجھ پر جمع ہو جاتے ہو اور تمہارے پاس حضرت عطاء بن ابی رباح رضی اللہ عنہ موجود ہیں (متوفی ۱۱۴ھ) اور ابوالزبیر محمد بن مسلم بن قدوس ہیں' جن کے بارے میں یعلیٰ بن عطاء کہتے ہیں کہ وہ لوگوں میں سب سے زیادہ دانا اور زیادہ یاد کرنے والے تھے (متوفی ۱۲۷ھ)۔

شاہد ہم پر یہ واجب ہے کہ یہاں یہ ضرور کہیں: اگرچہ صحابہ شہروں میں پھیل گئے تھے اور مدارسِ فقہ کئی ایک ہو گئے تھے اور فتاویٰ کے حل کے لیے احادیث کی کثرت ہو گئی تھی' جو ان مدارس کے وسائل میں سے تھی' اور ایک کتاب پر ان کا اجتماع معدوم تھا۔ اور سیاسی اضطرابات اور گروہوں' جتھوں میں ان کے منقسم ہو جانے کی وجہ سے فتاویٰ میں کثرت سے اختلاف واقع ہوا' اگر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کا وجود نہ ہوتا اور تمام مسلمانوں کے قلوب میں ان کا احترام نہ ہوتا اور اگر مکہ مکرمہ لوگوں کے مذاہب اور میلان کے باوجود ان کے حج کے لیے ٹھکانا نہ ہوتا تو مختلف شہروں کے علماء کا اتصال اسی وجہ سے نہ ہوتا تو علم زائل ہو جاتا۔ ان کے اس طرح حج میں ایک دوسرے سے ملنے ملانے سے علم باقی اور علمِ فقہ نے ترقی کی۔ نص صریح اور رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی حدیث کے بغیر کوئی بات قابلِ قبول نہ تھی' چنانچہ اس سبب سے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں حدیثوں کی طرف خوب توجہ دی گئی اور رسول اللہ ﷺ کے اقوال و افعال سے ہی علم فقہ کا حصول ہوا۔

اصولِ فقہ وہ قواعد تھے جن کا جاننا اور اس کی پیروی کرنا اور اس سے مسائل کا استنباط کرنا مجتہد کے لیے ضروری تھا' ابھی اس کی تدوین و تصنیف مکمل نہیں ہوئی تھی۔

مدرسہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کی ذمہ داری اُٹھائی کہ اس علم کو ایک طبقہ سے دوسرے طبقہ کو منتقل کر دے' یہاں تک کہ حضرت سفیان بن عیینہ' حضرت مسلم بن خالد زنجی' پس امام شافعی اور ہمارے صاحب یعنی عبداللہ بن زبیر الحمیدی تک پہنچا۔

اور سفیان بن عیینہ شیخ الاسلام اور حافظ (محدث) دوراں تھے' امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اگر مالک اور سفیان نہ ہوتے تو علم حجاز سے ضائع ہو جاتا۔ امام مالک دارِ ہجرت کے امام تھے اور سفیان مکہ مکرمہ میں علم کے امام تھے۔ ان کے شاگردوں میں امام شافعی' امام احمد بن حنبل اور ان کے سوا طالب علموں کا ایک جم غفیر موجود تھا۔

لیکن ان سب پر متقدم اور اہم ترین شخصیت' جامع حدیث اور ان کے اسلوب اور سنت پر عمل پیرا ابوبکر الحمیدی تھے۔

اس بات کی تائید میں محمد بن عبدالرحیم ھروی کا قول پیش کیا جا سکتا ہے۔

جن کا کہنا ہے کہ وہ (مکہ مکرمہ میں ۱۹۸ھ کو) آئے اور سفیان ان سے پہلے وفات پا چکے تھے' ہمارے آنے سے سات مہینے پہلے۔ تو میں نے لوگوں سے پوچھا کہ سفیان کے عظیم ترین شاگردوں میں سے کون ہے؟ تو مجھ سے الحمیدی کا ذکر کیا گیا تو میں نے ان سے ابن عیینہ کی حدیثیں لکھیں اور صرف الحمیدی ہی ان کے عظیم شاگردوں میں سے تھے' بلکہ ان کے اوّل شاگرد امام شافعی تھے۔

زکریا ساجی نے کہا: میں نے ابوداؤد کو کہا کہ کون اصحابِ شافعی ہیں؟ تو کہا: پہلے الحمیدی پھر احمد بن حنبل اور السیوطی ہیں' پھر یوسف بن یحییٰ المصری ہیں۔

امام حمیدی کا قول ہے کہ امام احمد بن حنبل نے مکہ مکرمہ میں ہمارے ساتھ حضرت سفیان بن عیینہ کی خدمت میں قیام کیا' تو مجھ سے ایک دن کہنے لگے: یہاں قریش کے ایک آدمی ہیں جن کو بیان و معرفت کا علم حاصل ہے۔

میں نے کہا: وہ کون ہے؟ کہا: محمد بن ادریس الشافعی۔

اور امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ عراق میں تشریف فرما تھے' ہمیشہ میرے ساتھ رہے اور مسائل و گفتار کا سلسلہ جاری رہا' جب ہم اُٹھے تو امام احمد نے حنبل نے مجھ سے کہا: کیسا دیکھا (یعنی کیسا پایا)؟ کہا: تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ قریش میں سے ایک آدمی ایسا ہے جس کو اس طرح کا علم و معرفت کا عرفان حاصل ہے؟ ان کی یہ بات میرے دل کو لگی' پس میں ان کے ساتھ بیٹھ گیا۔ ان پر غلبہ پایا اور امام شافعی کے ساتھ مصر کی طرف نکل گیا۔ امام شافعی وغیرہ نے گواہی دی ہے کہ الحمیدی حافظ (محدث) تھے۔

الربیع بن سلیمان کا کہنا ہے کہ میں نے امام شافعی کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ میں نے الحمیدی سے بڑا حافظ (محدث) نہیں دیکھا' انہوں نے سفیان سے دس ہزار حدیثیں حفظ کی تھیں۔

ذرا ان احادیث پر نظر ڈالیں: 25' 281' 282' 285' 305' 313' 315' 338' 348' 359' 378' 389' 587' 638' 1183' 1231' 1243۔ جو ان کی قوتِ حافظہ پر دلالت کرتی ہیں' دیکھیں! کہ جو حفظ کیں ان کو امانت و دیانت کے ساتھ منتقل کر دیا۔

العبر میں ذہبی کا قول ہے: اہل مکہ کے عالم و حافظ اور حجت تھے' اور الحمیدی حدیث و فقہ میں نیز امام حجت تھے اور اس بات کی شہادت اتنے علماء نے دی ہے کہ ان کا احاطہ کرنا مشکل ترین کام ہے۔ امام احمد بن حنبل رقم طراز ہیں کہ الحمیدی ہم میں امام ہیں۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے: الحمیدی ہمارے نزدیک امام ہیں۔ اور اسحاق بن راھویہ کا کہنا ہے کہ ہمارے زمانے کے ائمہ (حدیث) شافعی' الحمیدی اور ابوعبید ہیں۔

ابن ابی حاتم کا بیان ہے کہ (الجرح والتعدیل میں) وہ سفیان بن عیینہ کی مرویات کے بارے میں سب سے زیادہ مثبت تھے اور وہ ان کے تلامذہ کے سرخیل تھے' اسی طرح وہ ثقہ امام تھے۔

اور ذہبی "تذکرۃ الحفاظ" میں رقم طراز ہیں کہ وہ دین کے بڑے اماموں میں سے تھے۔

اور حافظ ابن حجر "فتح الباری شرح صحیح بخاری" میں لکھتے ہیں: اور وہ ایک بڑے امام اور مصنف تھے۔

پس یہ ہیں وہ علمائے کرام جنہوں نے دنیا کو حدیثوں سے بھر دیا اور لوگوں کو فقہ کے سمجھنے میں مشغول رکھا۔

ان علماء نے ان کی امامت' عظمت' حفظ اور زمانوں پر مقدم ہونے کی گواہی دی ہے۔

انہوں نے اپنی صداقت ایمانی سے اندازہ لگانے کو حق سے رفع کیا تو اللہ تعالیٰ نے انہیں احترام وعزت کی چادر اوڑھائی۔

امام ذہبی کا قول ہے کہ وہ کثرت سے روایت کرنے والے نہیں تھے لیکن اس کے باوجود اسلام میں ان کی بڑی عظمت ہے۔

اور وہ (رحمۃ اللہ علیہ) اسلام کے معاملے میں بہت زیادہ غیرت مند تھے' مسلمانوں کے بہت خیر خواہ اور غیور تھے۔

یعقوب الفسوی کا قول ہے: الحمیدی نے ہم سے حدیث بیان کی ہے اور ہم نے ان سے بڑھ کر کسی کو اسلام اور مسلمانوں کا خیر خواہ نہیں دیکھا۔

بے شک انہوں (رحمۃ اللہ علیہ) نے اس دین کامل اور کامل شریعت کے ذریعے کامل نظام زندگی کی دعوت دی' ہدف کی طرف' مثالی مضبوطی کے ساتھ' محکم عدل کے ساتھ' انسانی معنویت کی بلند شان کے ساتھ' غالب پہلو کی طرف' نعمتوں کے سامان کی روشنی میں' بشمول فضائل' فرد اور معاشرے کے لیے متوازن تکلیف دہی' عالم خواب' امن وسلامتی کو مستقر بنا کر مکمل ادراک کیا' یہ ان لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے اس امانت کا بوجھ اُٹھایا اور نہایت دیانت وصدق کے ساتھ ان لوگوں کو یہ امامت سپرد کر دی جو صدق عقیدہ کے حامل تھے۔ جن کی کوشش تھی کہ اخلاص سے اس طرف توجہ کریں اور ان کی بصیرت اس دین کے حقائق کے حصول کے لیے تھی۔ اس کی گہرائی' اس کے اسرار و رموز اور اہم ترین مقاصد کا حصول تھا تاکہ انسانی معاشرہ اپنی عظیم غایت ومقصد کو حاصل کر لے۔ اس کے ذریعے تاریخ کے عظیم لوگوں کے بعد اسی عقیدتی' اخلاقی' قانونی منہج پر ترقی کرے' جیسا کہ انہوں نے اسے اُٹھایا اور اس قدر ترقی کرے جیسی کہ پہلے ترقی کی۔

انہوں نے قرآن کریم اور سنت رسول کو اُٹھایا اور ان لوگوں کے آگے ٹھہرے رہے' جنہوں نے اس دین کی وحدت کو پورا کیا' جو اس دین کا مقصد تھا' یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ کی توحید۔ اس توحید کی طرف جس کی طرف اسلام کی اہم عبادات' نماز میں ایک ہی امام ہوگا چاہے نمازی متعدد ہوں' ایک ہی صف میں اس امام کے پیچھے جب بھی جہاں بھی امکان ہو' انہیں درمیانی جلوس کے (قعدہ میں) ایک اشارہ اور قعدۂ آخری میں بھی سب کا ایک اشارہ ہو۔

ان ائمہ صادقین کے ساتھ جنہوں نے اللہ سے عہد کیا ہے کہ ساتھ ساتھ کھڑے ہوں گے' ان لوگوں کے خلاف جنہوں نے لوگوں کو حدیث وسنتِ رسول ﷺ سے متردد کر دیا ہے اور عقل کو فیصلہ کرنے والا ماننے کی دعوت دی ہے۔ یہ سنت جس نے مسلم معاشرے کو حلقہ در حلقہ راہِ راست پر ثابت قدم کیا ہے۔ ان لوگوں نے اپنی ہوا وہوس کی شکم سیری کے لیے عقل کو حکم مان لیا' یہ باطل پرست اوندھے منہ گریں گے۔

اور یہ کہنے لگے کہ قرآن میں جو کچھ ہے' کافی ہے۔ پس یہ وہ رسّی ہے جس نے شر کی ساری گانٹھوں کو جمع کر دیا ہے۔

حالانکہ یہ حدیثِ رسول ﷺ اللہ رب العزت کے حکم کا بیان ہے اور ان کے قول وفعل سے یہ مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو کیا حکم دے رہا ہے۔

بے شک اس سنت پاکیزہ کی محافظ جنہوں نے اس سنت کو حفظ کیا۔

ابوعبداللہ الحاکم کا قول ہے: اہلِ مکہ کے مفتی' ان کے محدث اور سنت میں اہل حجاز کے لیے الحمیدی اس طرح ہیں جس طرح امام احمد بن حنبل اہلِ عراق کے لیے ہیں۔

ان کے لیے باعثِ فخر' نیز یہ ہے کہ وہ سفیان بن عیینہ محدث ومفتی مکہ کے حدیثوں کے امین تھے اور ان کی روایتوں کے محافظ وامین اور ان کے بڑے تلامذہ میں سے تھے' اور ان کے بعد فتویٰ دینے میں مکہ میں لوگوں کے مرجع تھے۔

اور امام شافعی کے سفر وحضر میں ہمیشہ ساتھ رہنے والے اور ان سے انہوں نے روایت بھی کی ہے اور ان سے فقہ بھی حاصل کی ہے اور یہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے شیخ تھے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ان سے حدیثوں کا استخراج بھی کیا ہے اور شاید یہ اور دیگر بھی بہت سی صفات ہیں' جیسا کہ امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کی زبان پر جاری ہوا:

وہ صاحبِ سنت' صاحبِ فضل ودین تھے۔

اور یعقوب الفسوی کے قول کی طرف جائیں (جس کا پہلے ذکر ہو چکا ہے) کہ ہم نے ان سے بڑھ کر کسی کو اسلام اور مسلمانوں کا خیر خواہ نہیں دیکھا۔

اور ابن عدی اپنے قول کو اس بات سے جمال دیتا ہے کہ امام شافعی کے ساتھ گئے اور اچھے لوگوں میں سے تھے۔

اس میں اس روایت پر اعتماد کرتے ہوئے جس کی سند درست نہیں' جس کا حاکم نے اپنے شیخ سے استخراج کیا ہے' امام ابن خزیمہ رحمۃ اللہ علیہ سے کہا: ابن عبدالحکم اصحابِ شافعی میں سے تھے' پس ان کے اور امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کے درمیان امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی بیماری میں جدائی ہو گئی۔ پس مجھ سے ابوجعفر سکری' ربیع کے دوست نے حدیث بیان کی' کہا: جب امام شافعی بیمار ہوئے تو ابن عبدالحکم اور امام شافعی کی مجلس میں السیوطی تنازعہ شروع کیا تو السیوطی نے کہا: میں زیادہ حق دار ہوں ان کا تم سے۔ پس امام حمیدی آئے اور وہ مصر میں تھے' تو کہا: امام شافعی نے کہا کہ میری مجلس میں السیوطی سے کوئی بھی زیادہ حق دار نہیں ہے اور میرے اصحاب میں سے کوئی بھی ان سے زیادہ عالم نہیں ہے۔

تو ابن عبدالحکم نے کہا: تو نے جھوٹ کہا' تو امام حمیدی نے کہا: تو جھوٹا ہے' تیری ماں اور تیرا باپ' اس پر ابن عبدالحکم سخت غضب ناک ہوا تو اس نے شافعی مذہب چھوڑ دیا۔

ابن عبدالحکم نے مجھ سے حدیث بیان کی اور کہا کہ امام حمیدی میرے ساتھ ایک گھر میں تقریباً سال بھر رہے اور حضرت ابن عیینہ رضی اللہ عنہ کی کتاب عنایت کی' پھر جو کچھ میرے اور ان کے درمیان واقع ہوا تو انکار کر دیا۔ اس روایت کی وضاحت یہ ہے کہ جس میں السیوطی اور ابن عبدالحکم کے درمیان کہ مجلس شافعی میں اختلاف واقع ہوا اور الحمیدی نے السیوطی کی طرف داری کی۔

اور جو کچھ سبکی نے نقل کیا ہے' اس کی تائید کرتی ہے۔ اپنے ''طبقات'' میں ربیع سے روایت ہے کہ السیوطی اور ابن عبدالحکم کے درمیان امام شافعی کی بیماری کے دوران ان کے حلقہ (درس) کے بارے میں تنازعہ واقع ہوا' تو اس کے بارے میں خبر دی گئی تو انہوں نے کہا: حلقہ (درس) السیوطی کا ہے' لیکن جس نے امام شافعی کو خبر دی' جو واقعہ ہوا' پھر امام شافعی نے کہا: وہ بھی نقل کر دیا' پھر اس روایت میں اس کے نام کا ذکر نہیں کیا۔

سبکی نے اپنے ''طبقات'' میں السیوطی کا امام شافعی کے تائب ہونے کا قصہ' نیز اس طرح بیان کیا ہے۔ کہتے ہیں:
ابو عاصم نے کہا کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ پر فتویٰ دینے میں اعتماد کرتے تھے اور جب کوئی مسئلہ آ جاتا تو اس کے حل کے لیے ان سے مشورہ بھی کرتے تھے۔

اور کہا کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کے بعد ان کے اصحاب نے ان کی نیابت سنبھالی اور ان کے ہاتھوں سے علمائے کرام نکلے اور شہروں میں پھیل گئے اور آفاق میں امام شافعی کا علم نشر کیا۔

اور یہ قصہ ذہبی نے اپنی کتاب ''سیر اعلام النبلاء'' میں بیان کیا ہے' لیکن صرف امام حمیدی اور عبدالحکم کے درمیان مخالفت کا ذکر کیا ہے۔ ذہبی کہتے ہیں: جب امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی وفات ہو گئی تو امام حمیدی نے ان کی مسند صدارت سنبھالنے کا ارادہ کیا تو ان میں اور ابن عبدالحکم میں اس پر مقابلہ شروع ہو گیا اور ابن عبدالحکم کو مجلس شافعی کے حصول میں غلبہ حاصل ہوا' پھر الحمیدی مکہ مکرمہ واپس لوٹ گئے اور علم کی اشاعت شروع کر دی' ہم کہتے ہیں کہ جو الحاکم نے روایت کی ہے وہ ضعیف ہے۔

لیکن امام شافعی کے شاگرد کی ان کی نیابت میں السیوطی کو تقدم حاصل ہے جو اس بات کی گواہ ہے۔ اور وہ جو ذہبی نے قصہ بیان کیا ہے سنداً صحیح نہیں ہے' اور وہ جو واقعہ اس وقت ہوا جھٹلایا جاتا ہے۔ بے شک السیوطی امام شافعی کی مسند پر بیٹھے اور ان کی مجلس میں ان کی نیابت کے فرائض سرانجام دیئے اور ابن عبدالحکم الگ ہو کر ان کے حلقے سے دور ہو گئے۔

نیز ہم یہ اضافہ کرتے ہیں کہ الحمیدی نے امام شافعی کی شاگردی میں صحبت اختیار کی' تا کہ علم سے بھر کر اپنے وطن واپس ہو جائیں' اور انہوں نے صحبت اس لیے نہیں اختیار کی کہ اپنے وطن کے علاوہ غیر وطن میں رہنے کی نیت کریں' اور ان

کا مکہ مکرمہ کی طرف لوٹنا اور فتاویٰ صادر کرنا اور حدیث بیان کرنا اس بات کی تائید میں ہے جو ہم نے بیان کیا اور وہ ائمہ کرام کی صف اوّل میں تھے' وہ عظیم ائمہ میں سے تھے۔ اس کی یہ دلیل ہے کہ وہ اس سے دور تھے جس سے مروّت مخدوش ہوتی ہو اور اخلاقِ قویٰ کے خلاف ہو۔

اور ہماری نظروں میں ان سب کا سبب واللہ اعلم کہ الحمیدی نے ایک کتاب تالیف کی ''الردّ علی النعمان'' تو قوم کے لوگوں میں پھیل گئی۔ اللہ ہم کو ہدایت دے کہ وہ جس میں اختلاف کیا' حق ہے۔ بے شک اللہ جو چاہتا ہے اس پر قادر ہے۔

اور الحمیدی اپنے شیخ امام شافعی کی وفات کے بعد مہبط وحی لوگوں کے دلوں کے جھکنے کی جگہ اور امن و امان کے وطن (مکہ مکرمہ) واپس لوٹ آئے' تو اس میں بحیثیت محدث وفقہ کے قیام کیا اور اپنے علم کی اشاعت کی اور اپنے دین کو زیادہ کیا اور تمام افکار کو دور کر دیا' جو قرآن کریم اور حدیثِ رسول ﷺ کے دلائل کے خلاف ہوں' یہاں تک کہ اللہ کی ملاقات کا وقت آ گیا (۲۱۹ھ)۔ اللہ تعالیٰ انہیں اپنی رحمتوں سے ڈھانپ لے اور ہمارا اور ان کا حشر انبیاء اور مرسلین علیہم السلام شہداء اور صالحین کے ساتھ کر دے' بے شک اللہ سے خیر کا سوال کیا جاتا ہے اور بہت جلد جواب دینے والا اور قبول کرنے والا ہے۔

☆☆☆☆☆

امام حمیدی کے شیوخ اوران کے شاگرد

وہ شیوخ جوعلوم میں گلدستہ سے مشابہت رکھتے ہیں' ان ہی کی طرف شاگردوں کا رخ ہوتا ہے' تاکہ ان کے پھلوں کا رس خوب اچھی طرح سے نچوڑ لیں' اوران کے اخبار اور تجربوں سے فائدہ حاصل کریں۔ اسی سے علم کے میدان میں قدموں کورسوخ وپختگی حاصل ہوتی ہے اوران تجربے زندگی کے میدان میں پکا لیے جاتے ہیں اوران کے اخبار اس بازار میں برابر استوار ہو جاتے ہیں۔ مختصراً ان سے افادہ کے ساتھ عمریں اس کی عمر اضافہ کا سبب ہیں تو اس سے تفقہ فی الدین میں بھی اضافہ ہوتا ہے' اورعمیق وگہری معرفت حاصل کی جاتی ہے اور بردباری کی زینت سے آراستہ ہوتی ہے۔ علم کی طرف' حکم ودانائی سے زینت حاصل کی جاتی ہے اور شباب کے دور میں ہوتو اپنے جی کو اس طرح مائل کی جاتی ہے' جہاں ان کو ان کی صفات متعجب کرے اور اپنے جی کو ان کے اسلوب سے زینت بخشیں اور معانی کی گہرائیوں میں جا کر اپنے افکار کو غوطہ زنی سے اور گہرا کر دے اور جی کو بحث و درس پر صبر کی تلقین کرے اور اُمور کو مختلف پہلوؤں سے گھوما پھرا کر رائے دینے سے پہلے اس میں کوشش کرے۔

اور وہ شاگرد جس کے اساتذہ زیادہ ہوں' اپنی شان اور عظمت کو زیادہ کرتا ہے' کیونکہ وہ شاگرد جو صرف ایک ہی استاذ پر کفایت کرلے وہ ہر نازل شدہ پر بحث ومباحثہ کا محتاج ہوتا ہے۔ ہر جگہ جاتا ہے' پس بے شک اس شیخ کے سوا کوئی نسخہ حاصل ہوتو وہ اس جدائی سے بہت سے اساتذہ کا ادراک نہیں کرسکتا۔

پس کون ہیں وہ اساتذہ جن سے امام حمیدی نے علم حاصل کیا اوران کے طریقوں سے تربیت حاصل کی اوران کے ارشادات اور توجیہات کو حاصل کیا۔

امام حمیدی کے مشہورترین اساتذہ

ان کے مشہورترین اساتذہ میں یہ شیوخ ہیں:

(۱) حضرت سفیان بن عیینہ رضی اللہ عنہ: امام' حجت' حافظ (محدث) محدث حرم' اہل حجاز کے سب سے زیادہ حدیث جاننے والے' احادیث کے جمع کرنے والے احکام کی حدیثیں جمع کرنے والے' اس کے ساتھ ہی امام شافعی کہہ چکے ہیں کہ میں نے "ان سے زیادہ صاحب فتویٰ نہیں دیکھا" اور اگر وہ علم کو حفظ یعنی جمع نہ کرتے تو علم ضائع ہو جاتا۔ امام شافعی کہتے ہیں: اگر امام مالک مدینہ منورہ میں اور امام سفیان مکہ مکرمہ میں نہ ہوتے تو علم حجاز سے ضائع ہو جاتا۔ الحمیدی نے تقریباً بیس سال تک ان کا دامن تھامے رکھا' تب جا کر ان سے ان کی وراثت حدیث حاصل کی اور مکہ مکرمہ میں فتویٰ کے اصل' قرار پائے' جیسے کہ ان سے فتویٰ حاصل کیا' اسی طرح ورع وتقویٰ حاصل کی اور مشروط و اسباب کا وافر حصہ حاصل کیا۔

(۲) امام محمد بن ادریس الشافعی القرشی رضی اللہ عنہ: سنت کے معاون' فقیہ اسلام' اپنے زمانے کے سردار' علم کے امام' مسلمانوں کے امام' عرب کے فصیح شخص' بنو ہذیل کی شاعری کے حافظ اور ادیب کامل تھے۔ الحمیدی کو بہت ہی پسند آئے تو ان کا سایہ اپنے آپ پر لازم کرلیا۔ سفر وحضر میں خدمت میں حاضر رہے' ان سے روایت حدیث کی اوران کا فقہ ان سے حاصل کیا' ان کے ساتھ مصر کا سفر اختیار کیا اور ان کے وفات کے بعد ہی ان سے ۲۰۴ھ میں جدا ہوئے۔

(۳) حضرت ابراہیم بن سعد بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف: عظیم محدث' فقہ کے امام' حجت وفات ۱۸۵ھ میں پائی۔

(۴) حضرت انس بن عیاض: ابوضمرہ' امام' محدث' فقیہ' طویل العمر چھیانوے (۹۶) سال تک کی زندگی گزاری۔ ۱۰۴ھ سے ۲۰۰ھ میں وفات پائی۔

(۵) حضرت بشر بن بکر البجلی الدمشقی التنیسی رضی اللہ عنہ: امام' حجت ۱۲۴ھ میں پیدا ہوئے اور دمیاط میں ۲۰۵ھ میں وفات پائی۔

(۶) حضرت حماد بن اسامہ بن زید ابواسامہ رضی اللہ عنہ: امام' حافظ (محدث) کوفی ۱۲۰ھ کے قریب قریب پیدا ہوئے' وکیع کے مقابل کے تھے' متوفی ۲۰۱ھ۔

(۷) حضرت عبداللہ بن حارث بن محمد بن حاطب الحاطبی رضی اللہ عنہ۔

(۸) حضرت عبداللہ بن حارث بن عبدالملک المخزومی: ان سے امام مسلم نے روایت کی ہے اور دیگر چار اصحاب کتب نے بھی۔

(۹) حضرت عبداللہ بن رجاء بصری ثم مکی: عالم' صاحبِ حدیث' ۱۹۰ھ کے بعد وفات پائی۔

(۱۰) حضرت عبداللہ بن سعید بن عبدالملک اموی: قریش کے تمام فقہوں سے بڑھ کر فقیہ تھے۔ ۲۰۰ھ کے قریب قریب وفات پائی۔

(۱۱) حضرت عبداللہ بن یرفأ بنولیث کے مولیٰ۔

(۱۲) حضرت عبدالرحمٰن بن سعد المؤذن۔

(۱۳) حضرت عبدالعزیز بن ابی حازم سلمۃ بن دینار: امام' فقیہ ۱۰۷ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۸۴ھ میں وفات پائی۔

(۱۴) حضرت عبدالعزیز بن عبدالصمد العمی: ثقہ' ثابت' حافظ (محدث) ۱۰۰ھ کے بعد پیدا ہوئے اور ۱۸۷ھ میں وفات ہوئی۔

(۱۵) حضرت عبدالعزیز بن محمد الدراوردی: امام' عالم' محدث' ۱۸۷ھ میں وفات پائی۔

(۱۶) حضرت علی بن عبدالحمید بن زیاد بن صیفی۔

(۱۷) حضرت فرج بن سعید المأربی الیمانی۔

(۱۸) حضرت فضیل بن عیاض الامام' القدوۃ ثابت: بیت الحرام کے مجاور شیخ الاسلام تھے' ۱۸۷ھ میں وفات پائی۔

(۱۹) حضرت محمد عبید الطنافسی' الکوفی: حافظ (محدث) ۲۰۴ھ میں وفات پائی۔

(۲۰) حضرت مروان بن معاویہ بن الحارث: امام' حافظ (محدث) ثقہ ابوعبداللہ الفزاری الکوفی (۱۹۳ھ) میں وفات پائی۔

(۲۱) حضرت وکیع بن جراح بن ملیح الرواسی: الکوفی' امام' حافظ' محدث العراق ۱۲۱ھ میں پیدا ہوئے' یہ علم کے دریا تھے اور ۱۹۷ھ میں وفات پائی۔

(۲۲) حضرت الولید بن مسلم ابوالعباس الدمشقی: امام' حافظ' اہل شام کے عالم ۱۹۶ھ میں وفات پائی۔

(۲۳) حضرت یعلی بن عبید الطنافسی: امام' حافظ' ثقہ' ۲۰۹ھ میں وفات پائی۔

یہ ہیں وہ علمائے کرام اور شیوخ کے ستاروں کے جھرمٹ جن کو امام حمیدی نے اپنے علم کے حصول کے لیے اختیار کیا۔ ان کی زندگی کے دوران ان کی کوششوں کے پھل کم و پیش چن چن کر حاصل کیے' ان میں سے بعض کے ساتھ لازم رہنے سے قدر و منزلت میں بلندی حاصل کی اور اپنا مقام بلند کیا' اور حق کے باحثین کے نفوس میں ثقہ اور پختگی کی آبیاری کی۔ باطل پرستوں کے گرداب' غلو کرنے والوں کے خواہشات سے بچتے رہے اور پھل پڑنے والوں کے دلوں کے خوف سے اطمینانِ قلب حاصل کیا۔

تلامذہ: شاگرد حضرات

یہ بات پہلے بیان کی جا چکی ہے کہ بے شک عظیم شیوخ اور ان کا بلند مرتبہ' ان کا وسیع مطالعہ اور تجربوں کی کثرت سے شاگرد کی شان بلند اور مرتبہ بلند ہوتا ہے۔ اور ہم یہ بھی کہیں گے کہ اساتذہ کی شان و منزلت اکثر اوقات شاگردوں کی ذکاوت سے ثابت ہوتی ہے' ان کے فائق ہونے اور علم میں ان کی قدرت و استعداد سے ہوتی ہے۔ شاگردوں کی کثرت سے بھی استاد کی علمی قابلیت اور قدر و منزلت کا اظہار ہوتا ہے۔

کیونکہ جس شیخ کی خدمت میں آنے کا ارادہ کرنے والے کثرت سے ہوں تو اس کا مرتبہ بلند مانا جاتا ہے اور اس کی شہرت ہر طرف پھیل جاتی ہے' پس کیا ایسا نہیں ہے کہ جو الحمیدی کے صاف و شفاف پرنالے سے نکل کر آئے ہوں تو کیا انہوں نے اپنے شیخ کی قدر و منزلت بڑھائی نہیں ہوگی؟

(۱) امام محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ: حافظ ابن حجر ''فتح الباری'' میں رقم طراز ہیں:

جس نے بھی امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی سوانح حیات لکھی تو اس بات کا خاص التزام رکھا کہ امام حمیدی رحمۃ اللہ علیہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے فقہ و حدیث میں استاذ رہے ہیں۔

امام بخاری نے اپنی صحیح میں روایت کی ہے اور اس روایت کو اپنی صحیح کا افتتاحی روایت بنا دی' ہجرت کرنے والے مسلمانوں کے اعزاز میں رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا فرمان مبارک:

اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ وَاِنَّمَا لِکُلِّ امْرِیءٍ مَّا نَوٰی ....

امام بخاری نے اس کا اخراج الحمیدی سے کیا ہے' تمام دوسرے طرق کے بیان کے بعد الحمیدی سے روایت کے اخذ کا ذکر کیا ہے اور اس سے عالم مدینہ امام مالک جو امام دارالہجرت تھے' کا ذکر کیا ہے۔

حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب ''فتح الباری'' میں رقم طراز ہیں:

گویا کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ سرورِ دوعالم ﷺ کے قول کو ایک مثالی طور سے ایک قریشی کی روایت سے شروع کرتے ہیں' تا کہ فقیہ ترین قریشی الحمیدی کی روایت سے شروع کی جائے۔

ان کو ایک اور مناسبت بھی ہے' کیونکہ وہ مکی ہیں اپنے شیخ کی طرح' پس یہ مناسب جانا کہ وحی کا ذکر سب سے پہلے کیا جائے' کیونکہ اس کی ابتداء مکہ مکرمہ سے ہوئی تھی' پھر امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کی روایت کا ذکر کیا' کیونکہ وہ مدینہ

منورہ کے شیوخ میں سے تھے اور یہ نزولِ وحی کا دوسرا اہم مقام ہے' اور مکہ مکرمہ بیت الحرام کے بعد تمام فضائل کا حامل حرم ہے۔

حاکم کا قول ہے: اور امام محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ جب ان سے (یعنی امام حمیدی سے) کوئی روایت اخذ کرتے تو ان کے سوا کسی دوسرے ثقہ راوی سے روایت نہ لیتے۔

پس امام بخاری ان کے اوّل بلند شہرت کے مالک شاگرد تھے' ۲۵۶ھ میں وفات پائی' ان کی عمر عزیز باسٹھ سال تھی۔

(۲) جس طرح کہ ان کی شاگردی سید الحافظ' امام عبیداللہ بن عبداللہ بن عبدالکریم نے اختیار کی۔ ابوزرعہ الرازی اسی کے محدث تھے۔

امام احمد کا قول ہے: اسحاق بن راھویہ سے فقیہ ترین شخص کوئی نہیں تھا' جس نے اس پل کو عبور کیا ہو اور زرعہ سے زیادہ حافظ (محدث) کوئی نہیں ہے' اور اسحاق بن راھویہ کا قول ہے کہ جس حدیث کو ابوزرعہ نہ جانے اس حدیث کی کوئی اصل نہیں ہے۔ اسی لیے ان کو ثقہ خیال کرتے' بشمول ان کی معرفتِ علمی کے سبب اور وہ مشہور حافظ (محدث) ہیں' انہوں نے چونسٹھ سال کی عمر میں ۲۶۴ھ میں وفات پائی۔

(۳) تیسرے شاگرد امام و حافظ' نقد نگار شیخ المحدثین محمد بن ادریس بن المنذر ہیں' ابوحاتم الرازی جنہوں نے شہروں کے اطراف میں گردش کی اور متن حدیث اور اسناد میں کمال حاصل کیا' حدیثیں جمع کیں اور تصانیف کیں اور علم جرح و تعدیل میں کام کیا' تصحیح کی اور درستگی کی (حدیثوں کی)' علم کے دریا' فہم و فراست کے ماخذ کرنے والے ہیں' ۲۷۷ھ میں وفات پائی۔

(۴) ان کے شاگردوں میں حضرت محمد بن یحیٰی الذہلی ہیں۔ امام العلامہ' حافظ' فضیلت و جمال میں یکتا کے روزگار' شیخ الاسلام اور اہلِ مشرق کے علم' بغداد میں ان کے سوائے امام احمد کے کسی کو جلالت حاصل نہیں تھی' ۲۵۸ھ میں وفات پائی۔

(۵) حضرت ابراہیم بن صالح شیرازی۔

(۶) حضرت احمد بن الازہر: امام' حافظ' ثابت' ابوالازہر العبدی نیشاپوری' ۲۶۳ھ میں وفات پائی۔

(۷) حضرت اسماعیل بن عبداللہ بن مسعود اصفہانی: امام' حافظ' ثابت' ہمیشہ سفر میں رہتے' فقیہ' ابوبشر صاحب الاجزاء اور الفوائد جس کی حفظ کی تاکید کی گئی۔ تقریباً ۱۹۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۶۷ھ میں وفات پائی۔

(۸) حضرت بشر بن موسیٰ بن صالح الاسدی البغدادی: امام' حافظ' ثقہ' طویل العمر اور امین' ۱۹۰ھ میں حشمت و دبدبے والے گھرانے میں پیدا ہوئے اور ۲۸۸ھ میں وفات پائی۔

(۹) حضرت سلمہ بن شبیب: امام' حافظ' ثقہ' نزیل مکہ مکرمہ' ابوعبدالرحمٰن النسائی نیشاپوری' ۲۴۷ھ میں وفات پائی۔

(۱۰) حضرت عبیداللہ بن فضالہ بن ابراہیم النسائی: امام' ثقہ' ثابت' مامون' ۲۴۱ھ میں وفات پائی۔

(۱۱) حضرت محمد بن احمد القرشی۔

(۱۲) حضرت محمد بن عبداللہ بن سنجر جرجانی: مغرب میں سکونت پذیر ہوئے۔

(۱۳) حضرت محمد بن عبداللہ بن عبدالرحیم' امام' حافظ' ثقہ' ابوعبداللہ بن برقی' ان کی ایک کتاب بھی ہے' جس کا نام ''الضعفاء'' ہے' ۲۴۹ھ میں وفات پائی۔

(۱۴) حضرت محمد بن علی بن میمون: حافظ' ثقہ' ابوالعباس عطار الرقی' ۲۶۱ھ میں وفات پائی۔

(۱۵) حضرت محمد بن یونس النسائی: امام ابوداؤد نے ان سے روایت کی ہے' نہایت ثقہ محدث تھے۔

(۱۶) حضرت محمد بن یونس الکدیمی: شیخ' امام' طویل العمر' بزرگ حافظ (محدث) ابوالعباس بصری' قوتِ حافظہ میں کچھ کمزور تھے' ۱۸۳ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۸۶ھ میں وفات پائی۔

(۱۷) حضرت ہارون بن عبداللہ: امام' حجت' ممتاز حافظ (محدث) ابوموسیٰ الحمال ۱۷۱ھ میں پیدا ہوئے' ان کے بارے میں کہا گیا ہے کہ اگر جھوٹ حلال ہوتا تب بھی اپنی پاکیزگی کی خاطر اسے چھوڑ دیتے' ۲۴۳ھ میں وفات پائی۔

(۱۸) حضرت یعقوب بن سفیان: امام' محدث' حجت' ہر دم مسافر' ابویوسف الفسوی ۱۹۰ھ میں پیدا ہوئے' ان کی ایک مرتب کردہ تاریخ بھی ہے جو فوائد سے پُر ہے اور نیز ان کو شیخت بھی حاصل ہے' ۲۷۷ھ میں وفات پائی۔

(۱۹) حضرت یعقوب بن شیبہ: بزرگ حافظ' علامہ' ثقہ' مسند کبیر کے مصنف' معلل ایسے کہ جس کی مثال نہیں ملتی' ۱۸۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۶۲ھ میں وفات پائی۔

(۲۰) حضرت یوسف بن موسیٰ بن راشد القطان: امام' محدث' ثقہ علم کا خم تھے' ۲۵۳ھ میں وفات پائی۔

☆☆☆☆☆

امام حمیدی کے علمی آثار

سنت کے اعتبار سے امام حمیدی کا زمانہ ممتاز تھا' انہوں نے راویوں کو روایتوں کی لازمی تصنیف و تدوین سے آگاہ کیا تھا۔

یہ بات پہلے گزر چکی ہے کہ تصنیف سے ایک ہی موضوع کی احادیث کو جمع کرنا مراد ہے' مثلاً نماز کے بارے میں احادیث' روزوں کے بارے میں احادیث اور حج کے بارے میں احادیث اور دیگر' پھر تمام موضوعات کو ترتیب دے کر ایک کتاب بنا دی جائے' تقریباً ایک ہی وقت میں تمام اسلامی شہروں میں یہ فکر پھیل گئی۔ اسی لیے مؤرخین کے درمیان سنتوں کے لحاظ سے اختلاف واقع ہوا کہ کس کو فضیلت میں سبقت حاصل ہے' لیکن امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے سبقت کے بارے کسی کے درمیان اختلاف نہیں ہے کہ سب سے پہلے انہوں نے ہی صحابہ رضی اللہ عنہم کے اقوال اور تابعین کے فتاویٰ کو ملا جلا کر حدیث کی تدوین کی' ان کے علاوہ ایک گروہ نے انفرادی طور پر حدیثِ رسول ﷺ کی تدوین کی' جنہیں مسانید کے نام سے جانا جاتا ہے۔ جن میں سے تمہیں امام الائمہ کے فتاویٰ ملیں گے' مگر ایک مسند تصنیف کی جس میں راستے کا طریقہ اور زندگی کے سفر کا طریقہ اور ایسے نشان جو اللہ رب العزت کی طرف متوجہ کرتا ہے اور وہ فتاویٰ جن کا ان سے صدور ہوا' جمع کر دیئے گئے اور مسانید سے مراد ایسی کتب ہیں جن میں اس طرح سے حدیثیں جمع کی جائیں جو صرف ایک ہی صحابی کی روایتیں ہوں' چاہے صحیح ہوں یا حسن ہوں یا ضعیف ہوں' ان کے موضوعات سے قطع نظر' اسمائے صحابہ کے حروفِ تہجی کے اعتبار سے یا اسمائے قبائل کے ناموں کے اعتبار سے یا اسلام کے قبولیت میں سبقت کے اعتبار سے یا شرافتِ نسب کے اعتبار سے یا اور اس طرح کے کسی بھی اعتبار سے اور امام حمیدی رحمۃ اللہ علیہ ان ائمہ کرام میں سے ایک ہیں جنہوں نے علم کے میدانوں میں اپنے اپنے ہدف میں مسابقت کی ہے' تو انہوں نے بھی جو علمی آثار چھوڑے ہیں' جن کے نام ہم تک پہنچے ہیں آپ کی خدمت میں پیش ہیں:

(۱) کتاب الدلائل: اس کا ذکر حاجی خلیفہ نے کشف الظنون میں کیا ہے (ص:۱۸۱۴)۔

(۲) کتاب الردّ علی النعمان: بعض صاحب فضل نے اسے بغیر کسی وجہ سے الحمیدی کی طرف نسبت کی ہے۔ واللہ اعلم!

(۳) کتاب التفسیر: ان دو کتابوں (الثانی اور الثالث) کا ابن ابی حاتم نے ''الجرح والتعدیل'' میں ذکر کیا ہے۔ (ج ۸ ص ۴۰) جو محمد بن عمیر الطبری کے تذکرے پر شامل ہے۔ امام عبداللہ بن زبیر الحمیدی سے مروی ہے' کتاب ''الردّ علی

النعمان'' اور ''کتاب التفسیر'' الحمیدی سے' اس کتاب کی نسبت جو میری اطلاع تھی میں نے بیان کر دی اور

''لَا یَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ'' (سبا:۳)

(ترجمہ:) ذرّہ بھر چیز بھی اس سے پوشیدہ نہیں (نہ) آسمانوں میں اور نہ زمین میں۔

(۴) اور امام حمیدی کے علمی آثار میں سے جو ہم تک پہنچی ہے' وہ یہ مسند ہے جو انہوں نے اپنی زندگی کے مختلف سفروں میں تصنیف کی۔ سلوک میں مقوم' صحت میں رواں' خطا سے خالی۔

اس لیے تصنیف کی کہ فکری معرکوں میں ایک اسلحہ و ہتھیار کے طور پر استعمال کی جا سکے اور جس سے معاشرے میں بدعت و گمراہی سے بچا جا سکے۔

کیونکہ مسند کی تصنیف اس لیے کی' تاکہ ایک ایسے مثالی اسلام کا طریقہ اختیار ہو جو اسلامی شخصیت کی تعمیر ہو' جو رسول اللہ ﷺ کے اخلاق کی پوری پوری متابعت جنہوں نے اپنی جی سے کچھ نہیں کہا (لا ینطق عَنِ الْهَوٰی) اس مسند نفیس نے مجھے بعض اُمور میں تحقیق کی طرف آمادہ کیا' شاید کہ اہم ہوں۔

(۱) یہ لطیف ترین نسخہ جس کی احادیث کی تعداد (۱۳۶۰) تک پہنچتی ہے' ان میں وہ حدیثیں بھی ہیں جن پر شیخین کا اتفاق ہے اور امام بخاری (۹۶) احادیث میں منفرد ہیں اور امام مسلم (۱۵۲) حدیثوں میں منفرد ہیں اور جب ہم نے جانا کہ کسی ایک علمی آثار کی تحدید کرنی چاہیے' پھر اس میں ہم نے فی صد ضعیف حدیثوں کو معلوم کیا تو سات فی صد ۷% سے بھی کم ضعیف روایات ملیں' یہ ان ہی کتابوں کی خوبی ہے جو نہایت نظافت سے تیار کی گئی ہیں۔

(۲) مسلمانوں کے درمیان سخت خصومت کا سبب ضعیف اور موضوع احادیث کا جمع ہو جانا ہے اور اس سے جو احکام منتج ہوتے ہیں اور ان میں سے اکثر اس بات سے لاعلم ہیں کہ اسلام کے دشمن اس کام میں مشغول ہیں کہ اسلام میں اختلاف پیدا کریں اور مسلمانوں کے درمیان تنازعہ پیدا ہو۔ یہ اتنا کیا اپنے رب کے گنہگار بن کے' تاکہ وہ لاعلم لوگ جو اس سے بچتے ہیں' اس گڑھے میں گریں۔ ناکامی' ضعف اور انکساری کے سبب۔

''وَاَطِیْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِیْحُکُمْ'' (الانفال:۴۶)

(ترجمہ:) اور اللہ اور اس کے رسول کے حکم پر چلو اور آپس میں جھگڑا نہ کرنا (ایسا کرو گے) تو بزدل ہو جاؤ گے اور تمہارا اقبال جاتا رہے گا۔

اور اکثر لوگ اس سے لاعلم ہیں کہ مسلمان لوگوں میں بہتر ہیں' کیونکہ ان کی صف ایک ہے' جن اسباب کا ذکر پہلے کیا جا چکا ہے اور ان میں بعض کا تذکرہ ہم بیان کرتے ہیں۔

ایک ہی محلے میں ایک ہی مسجد میں باجماعت نماز پڑھنا' جبکہ دن میں پانچ بار اذان دی جاتی ہے کہ ایک ہی جگہ (مل جل کر) نماز پڑھیں' ایک دوسرے کو پہچانیں' ایک دوسرے سے مصافحہ کریں اور ایک دوسرے کو حق کی تلقین کریں اور ایک

دوسرے کوصبر کی تلقین کریں اور رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کی اتنی تاکید کی ہے کہ (باجماعت نماز) اس کوفرض قرار دے دیا۔

جمعہ کی نماز جہاں ایک بڑی تعداد جمع ہو جاتی ہے' جہاں خطبہ دیا جاتا ہے جس میں ہدف توحیدی افکار ہوتا ہے' نماز کی پابندی' عطف ومہر کی نشوونما کی جاتی ہے اور ان کے فہم کی گہرائی میں بیج بوئے جاتے ہیں' جس سے ان کی سمجھ میں استعداد پیدا ہوتی ہے۔

نمازِ عید جو سال میں دوبار ہوتی ہے' جب مسلمان شہر سے عیدگاہ کی طرف نکلتے ہیں اور خیر خواہی اور وصیتیں اس دائر میں وسیع تر ہوتی ہیں اور قریبی تعلقات میں اضافہ ہو جاتا ہے اور ایک ہی رسم ہوتی ہے' فکریں منتشر ہوتی ہیں' پھر سال میں ایک بار رمضان المبارک مہینہ آ جاتا ہے اور اس میں افطار کے وقت ملّی وحدت قائم ہوتی ہے اور کھانے سے رُکنا ایک ہی وقت میں ہوتا ہے اور ان میں بھلائی اور احسان کرنے' مہربانی کرنے کی نشوونما ہوتی ہے اور فقراء کے حقوق ادا کرنے میں نفس کا محاسبہ بھی ہو جاتا ہے اور اس مشارکت سے اسلامی معاشرے میں ایک خوشی کی لہر دوڑ جاتی ہے' ایک خوشی افطارکی اور ایک خوشی رب العزت سے ملاقات کی امید کی۔

پھر حج ہے' یہ ایک عظیم اسلامی مشاورت ہے' جس میں تمام مسلمان ہر جگہ سے ایک ہی جگہ جمع ہو جاتے ہیں' آپس میں تعارف ہوتا ہے۔ معارف وعلوم کا تبادلہ ہوتا ہے' معلومات کی نشر واشاعت ہوتی ہے' مشکلات واشکال کے حل کرنے میں ایک دوسرے کی مدد ہوتی ہے' رابطوں کو قوت حاصل ہوتی ہے' علم ومعرفت کا دائرہ وسیع تر ہوتا ہے' خرافات سے درگزر اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر میں اللہ کی اطاعت کی تجدید ہوتی ہے' یہ ہے مسلم کے لیے وہ فریضہ اگر اس کو چھوڑ دے تو معاشرہ سرگرداں' اس کی قوت مضمحل ہو جاتی ہے' جیسا کہ آج کل اسلامی معاشروں کا حال ہے۔

پس ہمیں سنت پر سختی سے عمل کرنے کی ضرورت ہے' یہ ہے وہ اسلامی عملی زندگی کی مثال' یہ وہ ہے جس سے قلوب کو اطمینان نصیب ہوتا ہے' کیونکہ مسلمان اس بات پر ایمان لاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف ایک رسول حق وہدایت کے ساتھ بھیجا ہے' اس نے اپنے رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کو قرآن دے کر بھیجا ہے جو زندگی کے اطراف میں سیاست ہو' اقتصادیات ہو' معاشرہ اور فنون ہو سب کی راہنمائی کرتا ہے۔

ہمیں چاہیے کہ ان تمام راہوں میں تحقیق کر کے توازن پیدا کریں اور یہ سب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع اور پیروی سے حاصل ہوتا ہے' جنہیں اللہ تعالیٰ نے رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجا ہے۔

ہمیں سخت ترین ضرورت ہے کہ سنت صحیحہ کی طرف رجوع کریں' جس سے اذہان اور دلوں کے مراقبے سے فہم کے چشمے پھوٹ پڑیں۔ ایک انسان کامل ہو' جب اپنے اعمال میں کھڑا ہو اور اس عمل کے قیام کے دوران اللہ تعالیٰ کے لیے ایسا مراقبہ کرے کہ جس کے نتیجے میں فرد ایسے شہر حس میں نہ پڑے جس کا نتیجہ تکرار بغیر سمجھ کے ہو' جس میں نہ تو شوق وایثار

ہو بلکہ بغیر طمع کے اللہ کے یہاں سے ثواب کی غرض ہو اور اللہ کے عذاب الیم سے منحرف ہو کر اللہ کے احکام بجا لائیں۔

اس کا شافی علاج اللہ اور اس کے رسول کی کی دعوت کو قبول کرنا ہے اور یہ دعوت ہمیں اس وقت دی جب ہمیں زندگی کی نعمت سے نوازا' ہمیں شدید ترین ضرورت ہے اس بات کی کہ ایسی سنتِ صحیحہ ثابتہ پر عمل کریں جو ٹکڑے ٹکڑے ہونے' ہوا وہوس کے میلانات سے بچنے کے قلع قمع ثابت ہو' تو معاشرہ جو تباہ وبرباد ہو چکا ہے' کیوں مزاجوں کے اختلاف اور ہوا وہوس معاشرے میں ایک ایسا پردہ حائل ہو جاتا ہے جو معاشرے کو اکائی نصیب نہیں ہونے دیتا اور زندگی کے اُمور میں تمام اُمور کی جہات مختلف ہو جاتی ہیں' تو اس کا نتیجہ پیچھے ہٹنا اور بُرے القاب سے یاد کرنا رہ جاتا ہے۔

اور اس سے ہمارے دینِ حنیف نے سختی سے روکا ہے' اسلام فرد کی حمایت اور معاشرے کی حفاظت کا شائق ہے' جو طریقوں کو منظّم کرتا ہے' طبقوں کو چمکاتا ہے۔ اخلاق' رسوم وتقالید کو یکجا کرتا ہے' اگر شہر الگ الگ ہوں اور ایک جیسا کر دیتا ہے' باوجودیکہ معاشرتی وضع قطع اور اقتصادی احوال مختلف ہوں۔

پس فرد عمل مفید میں کوشاں رہے اور معاشرہ اسے آواز دے تو اپنے آپ کو بھول جائے اور معاشرہ اس فرد کا کفیل اور ضامن ہو' ہر اس چیز سے جس سے خوف لاحق ہو' چاہے کوئی معاشرہ ہو۔

نسخوں کا تعارف

(۱) النسخۃ العمریہ' مکتبہ الاسد سے نقل کیا گیا نمبر (۱۰۶۳) سے اور گیارہ جز میں تالیف کیا گیا ہے' ہمارے نمبر کے حساب سے تقریباً ۳۷۸ صفحات پر مشتمل ہے' بڑے خوبصورت خط میں لکھا گیا ہے' کلمات کو بڑے ضبط سے تحریر کیا گیا ہے' بیس سے پچیس سطروں کے درمیان لکھا گیا ہے (یعنی ایک صفحے پر) اور ہر سطر میں (۸) آٹھ سے لے کر (۱۳) تیرہ کلمات ہیں' اور آپ کی خدمت میں اس کے ہر جز کا الگ الگ وصف بیان کیا جاتا ہے:

(الف) پہلا جز تالیف کیا گیا ہے' تیس صفحوں سے پہلے سے لے کر اور یہ غلاف ہے (کور ہے) جو اس کا نص ہے (پہلا جز مسند امام ابوبکر: عبداللہ بن زبیر القرشی' الاسدی' الحمیدی' المکی رضی اللہ عنہ۔

روایت ابی علی: بشر بن موسیٰ بن صالح بن شیخ عمیرۃ الاسدی' ان سے۔

روایت ابن علی: محمد بن احمد بن الحسن بن اسحاق الصواف' ان سے۔

اور یہ جز مسانید پر مشتمل ہے۔ ابی بکر الصدیق' عمر بن الخطاب' عثمان بن عفان' علی ابن ابی طالب' زبیر بن العوام' عبدالرحمٰن بن عوف' سعد بن ابی وقاص' سعید بن زید' عبیدہ بن الجراح اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم' اور بعض صفحوں کو نیچے رطوبت پہنچی ہے جس کی وجہ سے بعض کلمات مٹ گئے ہیں۔

(۲) دوسرا جز میں جو متن ہے (وقف ابن الحاجب مستقرہ بالضیائیۃ' بسفح جبل قاسیون' پھر ان صحابہ کا تذکرہ کیا جن کی

روایات اس جز میں لائے ہیں اور وہ ابوذر عامر بن ربیعہ' عمار' صہیب' بلال' خباب اور سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہم کی حدیث کی ابتداء میں جو الفاظ ہیں (بلغ علی ابن مسعود قرأة فی الاوّل) اس کے نیچے جو متن ہے' اس کو اللہ کے بندے احمد بن عبدالخالق بن محمد بن عبداللہ بن ابی ہشام القرشی رضی اللہ عنہ نے لکھا ہے۔

(۳) تیسرا جز (وقف ابن الحاجب مستقرہ بالضیائیہ بسفحہ جبل قاسیون) پھر ان صحابہ کا ذکر کیا ہے' جن کی روایات اس مسند میں بیان کی گئی ہے' اور یہ ہیں: حفصہ' اُم سلمہ' اُم حبیبہ' زینب' میمونہ' جویریہ' اسماء' اُم کلثوم' اُم ہانی' خولہ' اُم خالد' اُم الفضل' اُم ایوب' اُمیمہ' الربیع' اُم قیس' اُم کرز رضی اللہ عنہن۔ اور سیدہ عائشہ کی حدیث کے باقی کا ذکر نہیں کیا۔

اللہ کے بندے نے اس کو لکھا: احمد بن عبدالخالق بن محمد بن ابی ہشام القرشی عفی اللہ عنہ۔

(۴) چوتھا جز کا متن اس طرح ہے: (الجزء الرابع' وقف العز عمر بن الحاجب' مستقرہ بالضیائیہ' بسفح جبل قاسیون)

پھر ان صحابہ کا ذکر کیا جن کے مسانید کا اس جز میں ذکر ہے اور وہ اُم حرام' اُم شریک' بقیرہ' خولہ بنت قیس' اسماء بنت یزید' معاذ' ابوایوب' عبادہ' ابوالدرداء' زید بن ثابت' کبشہ' عمۃ حصین' اُم معبد' اُم سلیمان' اُم حصین' اُم عطیہ' فاطمہ بنت قیس' اسماء بنت یزید' سہل بن ابی حثمہ' سہل بن حنیف' رافع بن خدیج' عبداللہ بن زید' ابوقتادہ' ابوطلحہ' خزیمہ بن ثابت' سوید بن النعمان' قیس بن ابی عزرۃ' عبیداللہ بن محصن' حذیفہ بن الیمان اور ابو مسعود الانصاری رضی اللہ عنہم۔

اللہ کے بندے نے اس کو لکھا: احمد بن عبدالخالق بن محمد بن ابی ہشام القرشی' الشافعی' الدمشقی عفا اللہ عنہ۔

(۵) پانچواں جزء کے الفاظ (وقف مستقر بالضیائیہ بسفحہ جبل قاسیون' عمر بن الحاجب)

اس کے بعد ہی صحابہ کرام کے اسمائے گرامی اس جزء میں درج ہیں اور وہ یہ ہیں: العباس' الفضل' عبداللہ بن عباس' عبداللہ بن جعفر' اسامہ بن زید' ابورافع' حکیم بن حزام' جبیر بن مطعم' خالد بن ولید' عبدالرحمن بن ابی بکر' صفوان بن اُمیہ' عثمان بن طلحہ' عمرو بن حریث' مطیع بن الاسود' عبداللہ بن زمعہ' عمر بن ابی سلمہ' حارث بن مالک' کرز بن علقمہ' ابوشریح' ابن مربع الانصاری' مطلب' عقبہ ابن الحارث' عبداللہ بن عمرو بن العاص۔

اللہ کے بندے نے اس کو لکھا: احمد بن عبدالخالق بن محمد بن ابی ہشام القرشی عفا اللہ عنہ۔

(۶) چھٹا جزء اس کا متن (وقف ابن الحاجب' مستقرہ بالضیائیہ بسفح جبل قاسیون)

اس کے بعد ہی ان صحابہ کرام کے نام درج ہیں جن کی روایات اس مسند میں درج ہیں اور وہ یہ: معاویہ' عبداللہ بن عمر' کعب بن عجرہ' براء بن عازب (رضی اللہ عنہم) ہیں' حدیث ابی سعید الخدری (رضی اللہ عنہ)

اس کو اللہ تعالیٰ کے فقیر: احمد بن عبدالخالق بن محمد بن ابی ہشام القرشی نے لکھا ہے' عفا اللہ عنہ۔

(۷) اس کے بعد ہی ان صحابہ کرام کے نام درج ہیں جو اس مسند میں ہیں اور وہ: ابوسعید الخدری' مغیرہ بن شعبہ' ابوموسیٰ

اشعری' جندب عبداللہ البجلی' شرید بن سوید' زید بن خالد الجہنی' قبیصہ بن المخارق' عصام المزنی' عبداللہ بن سائب' یعلی بن مرۃ' سلمان بن عامر' اسامہ بن شریک' قطبہ بن مالک' حذیفہ بن اسید الغفاری' مجمع' عمران بن حصین' تمیم الداری اور مرۃ الفہری ہیں۔

اسے اللہ کے بندے: احمد بن عبدالخالق بن محمد بن ابی ہشام القرشی عفا اللہ عنہ نے لکھا ہے۔

(۸) آٹھواں جز: اس میں عروۃ البارقی' العلاء بن الحضرمی' سبرۃ' ابوواقد' ثابت بن ضحاک' عقبہ بن عامر' معاذ یا ابن معاذ' سائب بن خلاد' ابوالبداح' المستورد الفہری' سلمہ بن قیس' جرہد الاسلمی' الحکم بن عمرو' جابر الأحمسی' عمارہ' مخرش' کعب بن عاصم' سفیان بن زہیر' ابورمثہ' عبداللہ بن سرجس' قیس' یوسف' حبیب' عبداللہ بن زرقم' کعب بن مالک' عمہ یعنی کعب کے چچا' ابوثعلبہ' ایاس' حجاج' سعد بن محیصہ' عبداللہ بن زبیر' صفوان بن عسال' عبدالرحمٰن بن حسنہ' مالک الجشمی' وابصہ' وائل' عبداللہ بن معقل' عطیۃ القرضی' ابوجحیفہ' دکین' عدی بن عمیرہ' جابر سمرہ' عبدالرحمٰن بن ازہر' عمرو بن امیہ' عبدالرحمٰن بن یعمر' عروہ بن معتدس' سراقہ' ابن بحینہ' عثمان بن ابی العاص' بریدہ' ابوامامہ' بلال بن الحارث' ایاس' عدی' النعمان' بعداللہ بن اخرم' سہل بن سعد' ابن خنبش اور ابوہریرہ کے نام درج ہیں۔

(۹) نواں جزء پر جو متن ہے: (وقف العز بن الحاجب' مستقرہ بالضیائیہ' بسفحہ جبل قاسیون' اس کے بعد ہی یہ قول بقیۃ مسند ابو ہریرہ)

اسے اللہ کے بندے احمد بن عبدالخالق بن محمد بن ابی ہشام القرشی' الشافعی عفا اللہ عنہ نے لکھا ہے۔

اور صفحات نمبر ۳۱۴' ۳۱۵' ۳۱۶' ۳۱۷' ۳۱۸ پر سماعات لفظوں میں آئیں گے۔ (ص ۷۷۔۸۵) انشاء اللہ تعالیٰ!

(۱۰) دسواں جز: (وقف ابن الحاجب' مستقرہ بالضیائیہ بسفحہ جبل قاسیون) اس کے ذیل میں سماع ہے' اس کے الفاظ ص ۸۵ سے آئیں گے' انشاء اللہ تعالیٰ!

اسے اللہ کے بندے: احمد بن عبدالخالق بن محمد بن ابی ہشام القرشی' الشافعی' الدمشقی نے لکھا ہے۔ عفا اللہ عنہ وغفر لہ ولوالدیہ والمسلمین اجمعین۔

(۱۱) (الجزء الحادی عشر' وقف ابن الحاجب' مستقرہ بالضیائیہ) اس کے بعد ہی سماعی الفاظ آئیں گے' هذا آخر المسند من روایة الحافظ العلم علی ابی علی: محمد بن احمد بن الحسین الصواف' علی ابی علی: بشر بن موسیٰ' عن الحمیدی (صاحب تالیف) مؤلفہ اور یہاں پر ابی سعد سے سماع کا اختتام ہوتا ہے۔

ابی سعد محمد بن المطرز' علی ابی نعیم اور حافظ ابوطاہر سلفی سے سماع کا اختتام ہوتا ہے' علی ابی سعد المطرز سے' والحمد للہ حق حمدہ!

اب ہم صفحہ ۳۶۹ سے پڑھتے ہیں (اصول السنہ) کے انتہاء کے بعد کتاب کا آخر' والحمد للہ رب العالمین وصلواتہ علیٰ سیّدنا محمد النبی وعلیٰ آلہ واصحابہ وازواجہ وذریتہ اجمعین وسلم کثیرًا ۔

اسے اللہ کے فقیر' اُمیدوارِ عفو وکرم اور خطاؤں کی طلبِ معافی کے ساتھ احمد بن عبدالخالق بن محمد بن ابی ہشام القرشی' الشافعی' الدمشقی نے لکھا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی' اس کے والدین کی اور تمام مسلمانوں کی مغفرت فرمائے۔

اور صرف یہی سماعات ہی نہیں جن کا ہم نے اشارۃً ذکر کیا ہے' مگر جو فخر واعتزاز اس نسخے کو حاصل ہے' اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اس طرح کا اہتمام اور مثال کسی دوسرے نسخے کو حاصل ہی نہیں ہے۔

بے شک میں نے اسے شیوخ واساتذہ کی خدمت میں پڑھا جنہیں دنیا بھر کے لوگوں نے سنا' جن کی طرف نظریں اُٹھی ہوتی ہیں اور جن کی طرف دل مائل ہیں' ان لوگوں کے جو علم کی طلب میں ہر بلندی اور پستی سے آتے ہیں۔

اور ان شیوخ واساتذہ کو جو طلباء کو علم وطلبِ علم میں مشغول رکھتے ہیں' میں نے سنا ہے۔ جن لوگوں کو زندگی کی فریب دہی نے راہ چلنا مشکل کر دیا ہے اور اکثر وہ لوگ جو درس میں پڑھتے ہیں' ان شیوخ واساتذہ سے فوقیت لے جاتے ہیں' اور یہ تو کہا گیا ہے کہ اکثر شاگرد استاذ سے بڑھ جاتا ہے اور میں نے یہ تمام سماعیات ایک ہی جگہ بڑی ترتیب سے اصل سے لے کر جمع کر دی گئی ہیں۔ ان اشاروں کے ساتھ جو اس جگہ وارد ہیں اور حاشیے پر ان بعض شیوخ کا تذکرہ کر دیا ہے جن کے نام یہاں دیئے گئے ہیں۔ پھر مختصراً ان شیوخ وتلامذہ کا تذکرہ کر دیا ہے' جو اس کے ذیل میں آئے ہیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ سے عمل کی توفیق وحسن انجام کی اُمید ہے' جب وقت اجل قریب آ جائے!

سلسلۂ سماعات کی تفصیل

جس نے اس پورے جز اور اس کے بعد کو ابی بکر الحمیدی کے مسند سے شیخین' امامین' العالمین الحافظین شمس الدین ابی عبداللہ: محمد بن کمال الدین عبدالرحیم بن عبدالواحد المقدسی۔

اور جمال الدین ابی حامد: محمد بن علم الدین ابی الحسن: علی بن ابی الفتح محمود المحمودی الصابونی' ان کے سماع کے حق میں پوری کتاب شیخ موفق الدین المقدسی کی سند سے جو اس میں ہے' میں نے اس سے سنی۔

الشیخ حسین بن محمد بن مہران الستیونی اور ان کے بیٹے محمد۔

اور ابوبکر احمد ہمارے شیخ شمس الدین پہلے سننے والے اور شہاب الدین' احمد بن یونس احمد الاربلی اور حامد بن احمد البقعی۔

دمشق کے نواح میں مدرسہ الضیائیہ جو کوہِ قاسیون کے دامن میں واقع ہے' ۶۸۷ھ میں ماہِ شوال کے وسطی عشرے میں اس کی تصحیح کی گئی اور مثبت کہا گیا اور اپنے رب کی رحمت کے محتاج علی بن مسعود بن نفیس الموصلی' ثم حلبی عفا اللہ عنہ اور

اس کا رفیق ہوئے اسے لکھا' والحمد للہ!

جہاں دوسرے جز کا اختتام ہوتا ہے' سماع کا یہ متن ہے:

میں نے یہ تمام جزء اور اس سے پہلا کا: ہمارے شیخ' الشیخین' امامین' العلمین' العاملین' الزاہدین' الحافظین: جمال الدین ابی حامد: محمد بن علم الدین ابی الحسن: علی بن ابی الفتح: محمود المحمودی الصابونی کے سامنے پڑھا ہے اور شمس الدین ابی عبداللہ محمد بن کمال الدین عبدالرحیم بن عبدالواحد المقدسی (اللہ انہیں عزت دے اور اللہ اُن سے راضی ہو!)

شیخ موفق الدین رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے سماع کی ان کی سند سے' پس ؟؟؟ نے سنا۔

الشیخ حسین بن محمد بن مہران البیتونی' اور ان کے بیٹے محمد اور دونوں بیٹے دوسری دفعہ سننے والے ابوبکر احمد اور اسمار۔

اور شہاب الدین احمد بن یونس بن احمد الاربلی' شیخ عبداللہ بن مسلم الیولینی' عبداللہ بن محمد بن عبدالولی بن جبارۃ' عامر بن احمد حباب المقدسیان' عبدالخالق بن عبدالرزاق بن مطر' اور ان کے بھانجے ادریس بن احمد بن محیی المکیان' صالح بن محمود بن محمد اور ان کے ماں جائے بھائی عبداللہ بن کامل بن عبداللہ البقیعان' آسیہ بنت عبداللہ' بیاض' البغدادی' حامد بن محمد بن ابی الحسن اور اسماعیل بن ابراہیم بن قاسم الجیجان ہیں۔ اور اس کی تصحیح ۶۶۸ھ کے ماہِ شوال کے دوسرے عشرے میں کوہِ قاسیون کے دامن میں واقع مدرسہ الضیائیہ میں کی گئی۔

اور اپنے رب کی رحمت کے فقیر علی بن مسعود بن نفیس موصلی ثم حلبی' عفا اللہ عنہ نے اسے لکھا ہے اور پہلے جز کو جنہوں نے سنا ہے' وہ یہ ہیں: الشیخ حسین اور ان کے بیٹے احمد' ہمارے شیخ کے بیٹے شمس الدین' شہاب الاربلی' حامد الحجی نے اس کے سوا کوئی نہیں اور باقیوں نے فقط دوسرا جز سنا ہے' ان میں علی بن مسعود نے بیان کیا' اللہ ان کا ساتھی ہو اور السوعین (جن کی خدمت میں سنایا گیا) تمام سننے والوں کے روایت کرنے کی اجازت دی ہے' شرط کے ساتھ۔ (والحمد للہ!)

طویل سماع کا ذکر ہے اور صفحہ ۱۳۸۔۱۴۰' جو چوتھے جز پر ختم ہوتا ہے اور اس کا متن اس طرح ہے: (اس جز کو ان تمام نے سنا ہے اور الحمیدی کے چوتھے میں سے ہے اور وہ جو کہ اس کے بعد کے اجزاء ہیں' ہمارے شیخ محترم امام العالم' صدر کبیر' تاج الدین علم الاسلام' علامۃ العصر' فرید الدہر' ابی الیمن: زید بن الحسن بن زید الکندی' اللہ تعالیٰ نیک بختی ہمیشہ قائم رکھے! یہ حق سماع شیخ ابی محمد عبداللہ بن علی المقری ابومنصور خیاط کے خانوادے قراءت کے ذریعے ان کے صاحب الشیخ الامام المعفن محمد بن عبداللہ بن عبدالمحسن الانماطی الانصاری)۔

قاضی امام شرف الدین مسلمانوں کے چیف جسٹس ابوطالب عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن سلطان القرشی' اور ان کے بیٹے ابوالمعالی' اور ایک نوجوان مثقال بن عبداللہ الحبشی' الدکز بن عبداللہ الترکی' اور ان کے بھتیجے ابوعبداللہ: عثمان بن عبدالواحد اور بہت ائمہ مشائخ۔

ابوالفتح محمد بن ابی سعد بن ابی سعید البکری اور ان کے پوتے ابوالفضل محمد بن عمر' شہاب الدین ابوالحامد' اسماعیل بن

حامد بن عبدالرحمٰن الانصاری القوصی' اور ان کے بھائی عمر' ابوعبداللہ محمد بن غسان الانصاری' ابوالحسن محمد اور ابوالحسین: اسماعیل ابی جعفر بن علی القرطبی کے دونوں بیٹے' ابواسحاق: ابراہیم بن محمد بن ابی بکر القفصی' ابوالفرج ابراہیم بن یوسف بن محمد بن البونی المصری' ابوالفضل: یحییٰ بن داماذ اسی طرح بن عبداللہ الناجی الکندی' اور اس کے جوان الطّوبغا بن عبداللہ الترکی' ابوعبداللہ الخضر بن عبدالرحمٰن بن الخضر السلمی' اور اس کے جوان عبداللہ الترکی' ابوالحسن علی بن المظفر بن القاسم النسی اور اس کے بیٹے ابوبکر محمد' ابوعبداللہ محمد بن میمون بن عبداللہ الشحی' شہاب الدین ابومحمد عبدالعزیز بن عبدالملک بن تمیم الشیبانی المقری' فقیہ مودود بن محمود بن المنصور الشافعی خطیب بیت الابار' اور اس کے دونوں بیٹے ابومحمد (التکملہ: ابوحامد' عبداللہ' ابوعبداللہ: محمد' عبدالعزیز اس کے بھائی کے بیٹے ابن احمد بن یوسف المؤذن' ابوالمحامد: محمد بن علی بن محمد بن امام جمال الاسلام ابی الحسن: علی بن مسلم السلمی' ابوغالب المظفر' ابوالفتح نصر اللہ' محمد بن الیاس انصاری کے دونوں بیٹے' ابوالمکارم کے چچا کے دونوں بیٹے' تمام بن احمد بن عبداللہ' ابوالحسن: علی بن محمد بن عبدالصمد المصری السخاوی اور اس کے بیٹے محمد اور اس کے ماں جایا بھائی ابراہیم شکر بن ابراہیم السخاوی' یونس بن الخطیب' جمال الدین ابی الفضل محمد بن ابی الفضل بن زید القروسعی اور اس کے شاگرد عنقہ بن عبداللہ التوبی' ابومحمد اسماعیل' ابوعلی محمد بن اسحاق قاضی' بہاء الدین کے دونوں بیٹے' ابراہیم بن شاکر بن سلیمان التنوخی اور اس کے دو شاگرد ابن عبداللہ البرقی' عباد ورمام ابی طالب نصر بن محمد الحموی کے دونوں بیٹے۔ عرقہ بن سلطان بن محمد الحصکفی' محمد بن اسرائیل بن عبدالمعز' ابوالمحاسن سعید بن اسعد بن حمزہ التمیمی' اور اس کے بھائی کے دونوں بیٹھے ابوالحسن' ابوالمعالی اسعد اور چوتھے سال میں تھا۔ مظفر بن اسعد دونوں بیٹے' اقبال بن عبداللہ عتیق بکر بن سکر التمیمی' ابومحمد عبدالعزیز بن عثمان بن ابی طاہر' یوسف بن یعقوب کے بھائی کے بیٹے' ابوعبداللہ: الحسین بن ابی نعیم بن الحسین' اور اس کا بیٹا محمد الاربلیون' ابوالفتح' عمر بن اسعد بن المنجی التنوخی اور اس کا بیٹا ابوالفتح اسعد' عثمان بن ابراہیم بن خالد النابلسی' کامل بن عیسیٰ بن یوسف الحنفی' اس کا بیٹا علی' ابراہیم بن سالم بن کمال' نصر اللہ ابن علی بن حسین بن عبدان' ابوالحسین عبدالرحمٰن بن الخضر بن الحسین بن عبداللہ' ابومحمد بن عبداللہ بن محمد بن محمد بن الحسین' عبدان' عمر ابن عبدالرحمٰن بن عبدالواحد بن ہلال اور عبدالرحمٰن بن عبدالواحد کے بھتیجے' ابوعمیر محمد بن عبداللطیف' محمد بن رجاء بن عمر القرشی المصری' خلیل بن عبدالرحمٰن بن ابراہیم' عبدالرحمٰن بن احمد بن القاسم الاسری' الحمیصان' علی بن محمد بن زید الحسینی العبدی' ابومحمد السخاوی اور ان کے دونوں بیٹے' عبدالرحمٰن اور عبدالرحیم' علی بن یوسف بن محمد الاصبہانی المصری' عبد بن اسحاق بن عبداللہ.......... علی بن ابی بکر بن الحسین التمیمی' محمد بن ابی طالب بن یوسف الموصلی' احمد بن نعیم بن احمد بن جعفر النابلسی' سلیمان بن علی بن.......... الکرخی' ابوالقاسم بن احمد بن علی اللخمی' ابوبکر بن.......... بن موسیٰ الدمشقی' ابوالعباس علی بن اسماعیل بن ابی الوفاء المالکی' اور اس کا بیٹا اسماعیل' عمر بن یوسف بن ابی..........' ابراہیم بن ابی..........' ابراہیم بن عبدان بن فائد الحنفی' ابوالقاسم بن ابراہیم بن سالم الدمشقی' علی بن عبداللہ بن ابی الفضیل الانصاری' نصر بن منصور بن نصر النابلسی'

عباس بن ابراہیم بن حسن الدمشقی' محمد بن مصلح بن عبداللہ' ابوالعباس بن عبدالعزیز بن احمد بن..........' نصر اللہ بن عازم الحنفی۔

باقی ماندہ نام: ابوعبداللہ محمد بن عمر بن عبدالکریم بن مالکی' محمد بن ابراہیم بن علی الانصاری' ....' نصر اللہ بن عبدالواحد بن علی بن الایسر' اور اس کا بیٹا عبدالواحد' علی بن محمد بن علی الموصلی القاضی' اور اس کا بھائی احمد' ابوعبداللہ محمد' ابن السرح طاہر حکیم ابی الفضل کے بیٹے الفرج اور اس کے شاگرد دونوں سنجر' ....' تمام بن اسماعیل بن تمام البلخی' ابراہیم بن عبدالعلی بن ابراہیم القرشی' محمود بن لؤلؤ بن عبداللہ' یوسف بن عبداللہ التلمسانی الضریر' محمد بن احمد بن عدی الکندی' سفیان بن علی بن عمر الکلفر طابی' علی بن محمود بن ینھان اور اس کا شاگرد یاقوت بن عبداللہ الہندی' یوسف بن ابی الفرج بن المہدی' اور اس کے بیٹے عبدالعزیز اور احمد' رشید بن داؤد بن حسان الواسطی' یحییٰ بن حضر بن یحییٰ الارموی' یحییٰ بن احمد' یحییٰ بن احمد بن زبیر بن سلیمان البغدادی' علی بن خضر بن بکران' یحییٰ بن ابی الفجر بن خالد' ابراہیم بن موہوب بن یحییٰ' اور اس کا بھتیجا ابوالقاسم بن الحریون' محمد ابن سعد بن نصر بن القواس' ابراہیم بن ابی محمد بن سبع البعلبکی' ابوالبرکات بن عبدالوہاب بن ابی الفرج الدمشقی' اور اس کے دونوں بیٹے عمر اور علی' عبدالمحسن بن عبدالحلبی' عتیق سعد الدین' عمر بن..........بن عصام' عبدالوہاب بن عباس بن عمر العرضیان' اقبال بن عبداللہ عتیق' جمال الدین شکر بن مرزبان' شاکر بن عکاشہ بن مخلوف العنسی' ابوبکر بن ابی الفتح بن عبدالمولیٰ الازدی' ممدود بن علی بن مدود الأدی' صدقہ بن عبداللہ بن ابی النصر النصبی' مظفر بن احمد بن طریف اور اس کے بھائی عبدالعز' عبدالہادی بن عبدالرحمٰن بن ابی البقاء القرشی' محمد' ابراہیم' اسماعیل' عمر اور اولاد علی بن محمد بن جمیل المالقی' حطیب القدس' ہبۃ اللہ بن السید بن ابی الفرج البیرونی' داؤد بن علی بن ابی بکر الخلاطی' المصری اور اس کا بیٹا علی' ....بن الیاس بن مسلم بن معدان الدلال اور اس کا بھائی بیرم' مسعود بن برطش بن عبداللہ الخیاط' بریعش ابن عبداللہ الریحانی' عبدالواحد بن مسعود بن..........' عمر' عثمان' علی' اولاد بریعش بن عبداللہ المطی' علی بن محمد بن ابی الفوارس المکی' ابومحمد عبدالجلیل بن عبدالجبار بن عبدالواسع الابیہوی' یسار بن ابی منصور بن بشار الابہری' ابوبکر بن عبداللہ الترکی الجمالی' حامد بن سعید بن احمد الصمدانی الصوفیون' ابومحمد: بدرین ابی الفتح بن بدر العطا' اسماعیل بن ابی الحسنی ربیب سلیمان الاسعردی' محمد بن بدران بن شبل' عبدالعزیز' عبداللہ دو بیٹے عبدالملک بن عثمان الفتح حنفی اور اس کا بھائی ابراہیم' سلیمان بن یوسف بن محمد الاصبہانی' محمد بن علی بن محمد الاصبہانی' محمد' ابوالقاسم دونوں بیٹے ابی المعالی' محمد بن علی بن محمد المالینی' اور ان دونوں کے بھائی منصور بھی حاضر تھے اور وہ چار سال کی عمر کے تھے' عبدالرحمٰن بن غالب بن عبدالرحمٰن العسقلانی' عبدالعزیز بن محمود بن..........المصری' سالم بن ناجی برجم المصری' حلوسیکبر بن لوری بن حکرمش الموصلی' محمد بن اسعد بن عبدالرحمٰن بن جعفر' محمد بن احمد بن عبدالسلام بن مصباح الصنہاجی المؤذن اور اس کے بیٹے احمد اور محمود' اور اس کے بھتیجے عبدالعزیز بن علی بن احمد' عبداللہ بن جمعہ بن عبدالاحد' علی بن یوسف بن خضر الحلبی اور اس کے بھائی محمد' مظفر اور داؤد' عبدالکریم بن نجم بن

الحنبلی کے بیٹے' اوران کے چچا کے بیٹے یحییٰ بن عبدالکریم بن نجم اوران کے بھائی ابراہیم چار سال کی عمر میں حاضر تھے' حسنی بن فرح بن والی الضریر المصری' عبدالرحمٰن بن رستم بن ناصر بن عبداللہ المصری' عبدالرحمٰن بن محمد بن ابی اکبر الغرافی' عبداللہ بن جمعہ بن عبدالاحد الریحانی المصری' محمد بن سلیمان بن محمد النہاوندی' احمد بن عبداللہ بن محمد بن محمد الشریفی التمیمی' غازی ادریا بن عبداللہ السراج' وشرف بن عوض بن سوار المصری' احمد بن ابی الزبیر بن عبداللہ الحدیری' مجد اور علی بیٹے احمد بن احمد بن محمود سمرقندی' عمر بن ابراہیم بن علی النابلسی' سلیمان بن داؤد بن احمد الجیرانی' یوسف بن ابراہیم بن نصر اللہ الشافعی' رضوان بن محمد بن عبدالکریم بن ابی الحسن الدمشقی' ہبۃ اللہ بن ابی البیان النابلسی' محمد بن اسماعیل ابن اسعد المہبار' عمر بن صالح بن ابراہیم الواسطی' سلامہ بن ہاشم بن محمد الطرائفی' ابوطالب بن ملاعب بن والی' مسعود بن علیہ بن محمد المغربی' موسیٰ بن عبداللہ بن عبدالباری الحنفی' مبارک بن عثام یا جاسم البدوی' ابوالقاسم بن ابی الزبیر بن ابی الحسن الصغار' حسن بن عبدالجبار بن یوسف' عقیل بن عمر بن عقیل التذمری' محمد بن ابی القاسم بن محمد بن اسعد بن الحکیم الغرافی' اور اس کا بھائی ابوطالب' محمد بن عبدالرشید بن المرید' یعقوب بن عبداللہ صاحب عبداللہ البدوی' اور اس کا بھائی یعقوب مجزر بن ابراہیم بن ابی بکر الکرمانی اور اس کا بیٹا محمود' موسیٰ بن یونس' ابن القاسم الواعظ الغزنوی' یوسف بن عبدالمنعم بن نعمۃ اللہ المقدسی' عبدالرحمٰن بن علی بن حسن الدلا' ایوب' یعقوب' دو بیٹے خضر بن ایوب الماردینی' عبدالجلیل بن عبداللہ الخرافی الضریر' علی بن عبدالکریم بن عبدالرحمٰن البعلبکی' محمد اور نصر دونوں بیٹے' ابی الفضل بن ناصر الانصاری' عبدالوہاب بن علی بن موسیٰ' ابوبکر ابن محمود بن کلاب' عبدالوہاب بن خالد بن ملیح العرضی' ابی الحسن بن عبدالمنعم' علی بن ابراہیم بن نصر اللہ النخیمی' عبدالکریم بن خضر بن سیدھم اور اس کا بیٹا ابوالنجم' قاسم بن حوش بن محمد۔

اس جماعت کے باقی نام جنہوں نے مسند الحمیدی کے آخری چوتھے جزء کی ان سے سماعت کی ہے' یعنی: امام' علامہ تاج ابی الیمن سے: زید بن الحسن الکندی ساتھ قراءت کے تقی الدین حافظ اسماعیل بن عبداللہ بن الانماطی سے ابو......... الدمنی' ابراہیم ابن یوسف بن عبداللہ الحبشی' الیاس بن ابی الحسن الدمشقی.......... بن ثابت' عمر بن عثمان بن محمد الضریر بن البغدادی' محاسن بن طالب بن عبداللہ......' عمر بن ابی القاسم بن نضر الانصاری' عبدالوہاب بن عبدالجبار' عمر بن احمد الشافعی' علی بن محمد بن علی العلوی البغدادی' محمد بن محمد بن احمد الشاطبی' عبدالرحمٰن بن علی بن اسماعیل الصقلی' صالح بن عثمان بن غانم الضریر المصری' ابومجوز: محمد بن ابی بکر المرستانی' اور اس کا بیٹا علی' ابراہیم بن ابی منصور بن ابی الفتح الریحانی اور اس کا بیٹا محمد' احمد بن نصر اللہ بن ابی الحسنی الدستشی اور اس کے دونوں بیٹے محمد اور عمر'.......... سلطان بن علی الحلبی' ابوبکر بن ابراہیم بن علی الطامالی' عبدالرحمٰن بن بدران بن ابراہیم الحنفی' احمد بن عبدالرحمٰن بن علی' عبدالمحسن ابی حسینی بن ابی القاسم الابیناسی' ابوبکر محمد بن خلیفہ الانصاری' اور اس کے بھائی کے بیٹے ابوالمفلح' عثمان اور ابومحمد: القاسم' ابومحمد: عبدالوہاب' محمد بن برکات کی اولاد' صالح بن عبد.......... بن صالح' حلباء بن عبداللہ عتیق بن الصوفی' علی بن عیسیٰ بن سیصیص' اسماعیل عیش'

عتیق شیخ الدین ابی بکر المروزی' عبداللہ بن محمد بن صبرہ اور اس کا بیٹا عیش' عمر بن عمر بن بلزق' ابوبکر بن مہاجر بن عیسیٰ الصقلی' عبدالرحیم بن عبدالمنعم بن بدران المقدسی' یوسف بن ابی الغنائم بن علی' ابراہیم۔

پہلے شیخ کی اجازت سے: ابن شحنہ' شیخ ابی طالب سے' عبداللطیف بن محمد بن علی حمزہ بن القبیطی۔

اور دوسرے شیخ کی سماع کے ذریعے: حافظ جمال الدین المزی' شیخ علاء الدین سے' علی بن بلیان بن عبداللہ المشرف' الناصری' ماہ ربیع الآخر میں ۶۸۱ھ میں' کہا: ابوطالب نے خبر دی: عبداللطیف بن محمد بن علی القبیطی' جس کا ذکر پہلے کیا جا چکا ہے اس پر قراءت کی اور میں سن رہا تھا' کہا: خبر دی ہم کو شیخ ابوالمعالی احمد بن عبدالغنی بن محمد بن حنیفہ الباجرائی' میرے چچا کے قراءت کے ساتھ اور میں سن رہا تھا' رجب کی ساتویں تاریخ ۵۶۰ھ میں۔

اور ان حروف کے کاتب کے سماع کے ساتھ محمد بن محمد بن حسین بن بنانۃ' شیخ رشید الدین بن عبداللہ محمد بن القاضی علم الدین ابی محمد: عبدالحق بن مکی بن صالح ابن علی بن سلطان بن الرصاص القرشی' اس کی قراءت کے ساتھ' اس پر اس کے اصل سماع سے ۶۸۵ھ کے بعض مہینوں میں بمقام مسجد شافعی' اگر والد نے سننا چاہا' مصر کے اطراف میں' خبر دی ہم کو شیخ ابوعبداللہ: محمد بن عماد بن محمد الحرانی' ان پر قراءت کی اور میں سن رہا تھا' ۶۲۷ھ میں اسکندریہ کے سرحدوں کے علاقے میں' کہا: خبر دی ہم کو شیخ ابوالحسن نے' سعداللہ بن سعید الدجاجی' حافظ ابی محمد کی قراءت سے' عبدالعزیز بن الاخضر اور میں سن رہا تھا' اپنے ماموں ابی الثناء کے ساتھ: حماد بن ہبۃ اللہ الحرانی' ماہ محرم الحرام میں ۵۶۴ھ میں۔ دونوں نے کہا: خبر دی ہمیں ابومنصور نے: محمد بن احمد بن علی الخیاط المقری' اس پر پڑھا اور وہ سنتا تھا' ابوطاہر عبدالغفار بن جعفر بن زید المؤدب نے خبر دی۔ ابوعلی نے ہم کو خبر دی: محمد بن احمد بن صواف' ابوعلی نے خبر دی: بشر بن موسیٰ بن صالح بن شیخ بن عمیرۃ الاسدی' ابوبکر نے ہم کو خبر دی: عبداللہ بن الزبیر بن عیسیٰ الحمیدی' اللہ تعالیٰ ان پر رحم فرمائے! یہ قراءت شیخ العالم الحافظ فخر الدین ابی الفرج' عبدالرحمٰن بن محمد بن عبدالرحمٰن بن محمد بعلبکی الحنبلی۔

آٹھویں جزء کے اوّل سے لے کر آخر تک اور دسواں جزء اور یہ وہ تمام سماعت کا اندازہ ہے جو اس تاریخ میں اس کتاب کی سماعت کی گئی ہے۔

اور الشیخ عالم حافظ کی قراءت میں' محبّ الدین ابی محمد عبداللہ بن احمد بن حافظ محبّ الدین احمد بن محمد بن ابراہیم المقدسی سے نوواں جز اور گیارھواں جز اور آخر کتاب تک۔

اور دوسری قراءت شیخ محبّ الدین جو شیخ فخر الدین نے پڑھا تو اسے شیخ مذکور نے مکمل کیا' پوری کتاب کا سماع کیا' قراءت اور سماع مقربین کی جماعت پہلے قاری کے دونوں بیٹے: محمد بن الفقیہ تقی الدین عبداللہ اور محمد بن فقیہ محی الدین: دو سال کی عمر میں اور ان دونوں کے چچا مذکور اور وہ مبارک بن عبداللہ الحبشی اور دونوں بیٹے ابوبکر محمد' ابوالفتح احمد' دوسرے قاری کے بیٹے' فقیہ العالم عماد الدین اسماعیل بن عمر بن کثیر بن صنوء القرشی۔ ابن حجر کی کتاب ''الدرر'' میں: القبسی الشافعی

اوران کی زوجہ امۃ الرحیم زینب بنت ہمارے شیخ' علامہ حافظ جمال المزی' دوسرے سننے والے اوران کی بھتیجی خدیجہ بنت الشیخ المحدث زین الدین ابی القاسم' عبدالرضی اوران کے دسرے بیٹے اوران کی بھتیجی خدیجہ بنت شیخ المحدث زین الدین ابی القاسم عبدالرحمٰن اوران کے بیٹے عبداللہ بن فقیہ تقی الدین محمد بن صدرالدین سلیمان بن عبداللہ' ابوبکر ابن محمد بن محمد بن عبداللہ بن سلیمان الجعری' شیخ محدث الفاضل' شمس الدین ابوالثناء' محمود بن خلیفہ بن محمد بن خلف المنجی تم الدمشقی اوران کے شاگردنوح بن عبداللہ الحبشی ' الشیخ بدرالدین الحسن بن علی بن محمد البغدادی الصوفی' شیخ شہاب الدین ابوالعباس' احمد بن عبدالرحمٰن بن ابی بکر الوانی الغراء اوراس کا بیٹا موسیٰ' شیخ محدث تقی الدین احمد بن العلم بن محمود الحرانی اوران کے دونوں بیٹے عبداللہ' بہ عمر چار سال' وہ نام جو مجھے ملے' زینب بنت علی بن الاکائی' محمد بن احمد بن علی بن احمد بن قسطہ الصغار' محمد بن محمد بن اسماعیل بن العفیف الحرانی الباجرائی' محمد بن منصور بن عمر الحدادالنوذیری' محمد بن العماد بن طاہر بن یونس الواسطی' محمد ابن الفقیہ القری شمس الدین محمد بن محمود بن ناصر بن البصال امام' اس کے والد دارالحدیث اشرفیہ' واقع دمشق میں اوراس کے دونوں بھائی: علی بہ عمر چار سال اوراحمد بہ عمر ایک سال اوران کی والدہ صالحہ بنت عبداللہ' احمد بن ابی اصبیعہ' محمد بن ابی بکر بن محمد بن غزوان' اوران کی بہن خدیجہ' یحییٰ بن عبدالرحمٰن بن یحییٰ الدرعی' عبداللہ بن یونس بن یوسف بن جریرالخیاط' محمد بن عبدالرحمٰن بن علی بن سلیمان المخدومی اوراس کا بیٹا محمد بہ عمر دوسال' اور فاطمہ بنت احمد بن ابی الفتح المراکشی' نفیسہ بنت عزالدین' عبدالعزیز بن شیخ علامہ زین الدین عبداللہ بن مروان الفارقی' الشافعی' صفیہ بنت حسن بن احمد بن منق الکنانی اور اس کی دو بیٹیاں زینب بنت احمد بن محمد بن المقدم' محمد بن سنجر بن عبداللہ الحمامی' ان کے والد عتیق الشہاب العطار' نسب بنت القاضی محی الدین یحییٰ بن عبداللہ بن علی الدرعی (رحمہ اللہ) اوران حروف کے لکھنے والے کا پوتا اوراس کا نام محمد بن محمد النعوت بالتاج' اللہ تعالیٰ اسے توفیق اور طاقت دے۔

اور چوتھے جزء کے آخر تک اوّل کتاب سے لے کر سنتا ہے' اور ساتویں جزء سے کتاب کے آخر تک سنتا ہے' فقیہ تقی الدین محمد بن صدرالدین سلیمان بن عبداللہ الجعدی' اوران کے بیٹے کا تذکرہ پہلے گزر چکا ہے' عبداللہ پہلے سال کی عمر میں حاضر تھا اور شیخ نے عالم حافظ صلاح الدین خلیل بن کیکلدی بن عبداللہ العلائی الشافعی نے سالم بن عبداللہ کی حدیث سے سنی ہے' اپنے والد سے (روایت کرتے ہیں) کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام جب حج سے' عمرہ سے' غزوہ سے واپس ہوتے تو ہموار زمین پر فرماتے: ''لا الٰـه الا اللّٰـه وحدهٗ لا شريك له له الملك وله الحمدُ' وهو علٰى كل شيء قدير'' حدیث ہے اور یہ چھٹے جزء میں ہے۔ اور احادیث (مرویہ) سیدہ حفصہ بنت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہما' تیسرے جزء سے سنی ہے' کتاب کے آخر تک۔ شیخ محدث زین الدین ابوالقاسم: عبدالرحمٰن بن شیخنا (ہمارے شیخ) حافظ جمال الدین المزی سے دوسرے سننے والے اوران کے بیٹے عمر سے (مرویات) اُم خالد بنت خالد بن العاص' تیسرے جزء سے کتاب کے آخر تک سنی ہے۔

اور اوّل کتاب سے چھٹے جزء کے آخر تک میرے بھتیجے حافظ جمال الدین المزی دوسرے سننے والے ہیں اور ابوبکر بن محمد بن عبدالرحمٰن المزی محمد بن الحاج صبیح الہواش' ظاہریہ کے دارالحدیث میں۔

اور جزء اوّل اور جزء ثانی احمد بن محمد بن بیاض الحصیری اور احمد بن عمر بن علی بن عبدالرحمٰن الصوفی' ابوبکر بن علی بن ابی المجد ربوہ کے المؤذن' قطب محمد بن محمد بن بلال..........اوران کے بھائی لؤلؤ' سہلۃ بنت ہلال بن محمد بن محمد القصیری اللوزی' شیخ صالح المقرئ ابوعبداللہ' محمد بن احمد بن عمر بن سلیمان البالسی' اوراس کا بیٹا احمد بہ عمر پانچ سال کے سنا ہے۔

پھر شیخ محمد بن احمد بن عمر المذکور' اس کے بیٹے کے علاوہ نے ابوموسیٰ اشعری کی احادیث ساتویں جزء سے کتاب کے آخر تک سنی ہے' اور تیسرے جزء کے ابتداء سے لے کر چھٹے جزء کے آخر تک میرے بھتیجے پہلے قاری بیٹے محمد بن فقیہ شمس الدین محمد بن محمد بعلبکی نے سماعت کی ہے اور میرے بیٹے کا ذکر پہلے گزر چکا ہے مکلمین کے تذکرے میں۔ اور پہلا' دوسرا جزء ساتویں جزء کے اوّل سے آخر کتاب سنی ہے' علی بن شیخ زین الدین عبدالغالب بن محمد بن عبدالقاہر الماکینی سے سنی ہے۔

اور ابتدائے کتاب سے چھٹے جزء کے آخر تک ان سے سنا ہے اور مجھ سے بنت احمد بن عسکر الدرعی' صفیہ بنت حسن بن عباس الجلادہ' عائشہ بنت علی بن محمد الرسفیہ' سویلک بنت احمد بن الفخر عمر سفار التاجر نے سنا ہے اور تیسرے جزء کے اوّل سے کتاب کے آخر تک سنا ہے: الولد احمد' بن زین الدین عمر بن الوزیر مؤذن الجبی اوران کی بہن نے بہ عمر چار سال اور ان کے شاگرد سعید بن عبداللہ النوبی۔

اور احادیث عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی احادیث پہلے جزء سے کتاب کے آخر تک سنا ہے' الولد لناصر بشیر بن سیف الدین.....عبداللہ المجدی نے سنا ہے۔

اور احادیث اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما تیسرے جزء سے آخر کتاب تک سنا ہے' الطولی بن جوہر بن عبداللہ الکاملی نے۔

اور چھٹے جزء کے ابتداء سے آخر کتاب تک سنا ہے' فقیہ فاضل شمس ابوالبرکات محمد بن..........بن محمد بن اسماعیل الفارغدلی' الکافوری' المالکی اور قاضی شہاب الدین احمد بن عبدالعزیز بن عبدالرحمٰن بن ہلال ؟؟؟ اوراس کے چار بیٹوں اور قانون..........اوراحمد' محمد نے بہ عمر دوسال اوران کے شاگرد جلیل نے سنا ہے۔

اور احادیث زبیر بن العوام کو پہلے جزء سے آخر کتاب تک صالحہ بنت عیسیٰ بن احمد المقعین اوراس کے والد نے سنا ہے۔

اور احادیث ابورافع مولیٰ رسول اللہ ﷺ کو ابتدائے کتاب سے آخر کتاب تک زینب بنت محمد بن کثیر دمشقی نے سنا ہے۔

اور احادیث عبداللہ ابن عمرو بن العاص پانچویں جزء کے آخر سے چھٹے جزء کے آخر تک سنا ہے۔ تقی الدین عمر بن محمد بن علی بن ابی المجد الخاتک ربوہ کے مؤذن کے بھائی اور دیگر حضرات نے سنا ہے۔

اور تیسرا سماع اور اس کے الفاظ: اور میں نے اس کا نیز مشاہدہ کیا ہے، تمام کتاب پڑھی گئی ہے اور یہ کتاب مسند الحمیدی ہے۔ شیخ امام عالم محدث شہاب الدین ابی المعالی احمد بن اسحاق ابن محمد بن المؤید الابرقوہی سے یہ سماع امام فخر الدین محمد بن ابی القاسم بن المؤید بہ سماع ابن دجاجی سے۔ پہلی سند کے ساتھ اس کا اوّل سند کے ساتھ۔ شیخ امام عالم محدث تقی الدین ابوبکر: عمر بن عبدالرحمٰن بن ابی الفتح العمری۔

اس شیخ امام النحوی......ابوالمعالی......بن عمر بن یحییٰ اور اس کے بیٹے بہاء الدین سعد اللہ محمد البکری التیمی اور مولیٰ نورالدین ابوالحسن علی بن امام کمال الدین محمد بن علی بن عبدالقادر بن.....، الشریف محمد بن محمد بن احمد بن عروہ بن ثابت البابلی الحسینی امام محدث بہاء الدین احمد بن ابی بکر بن طیبی بن حاتم الزبیری اور اس کے دونوں بھائی محمد عمر فخر الدین محمد بن احمد بن محمد الغلتونی مقری جمال الدین قیصر بن محمد بن عمر الهلکاری محمد بن عبدالرحمٰن بن سامہ اور اس کے خط میں۔

اور اس جماعت کا ذکر کیا ان کے ذکر کے رہ جانے سے میں نے ان کا ذکر چھوڑ دیا ہے اور یہ صحیح ہوا اور مثبت ہوا ان مجالس میں جن کا اختتام ہفتہ کے دن جب کہ رمضان کے ختم ہونے میں تین دن رہ گئے تھے چھ سو...... چھ اور سننے والی جماعت کو سننے والے نے اس سے روایت کرنے کی اجازت دی ہے۔ میں نے اس کے خط سے نقل کیا لیکن جن کا ذکر نہیں ہے وہ ترک کر دیا۔ اور احمد بن عساکر نے لکھا۔

اور صفحہ ۳۷۸ کا متن (اور اس کو علی بن عمار نے بہ قراءت عبدالرحمٰن بن ارسلان بن عبداللہ الحربی سے اور میں نے اس کے لکھے کی نقل کی ہے ربیع الاول پہلے عشرے میں......ابو محمد: عبدالقوی بن ابی العز بن داؤد بن ؟؟؟ ابواسحاق ابراہیم بن مرتفع بن نصر اور اس کی اولاد ابو محمد عبداللہ بن......بن اسماعیل عبدالاحد بن معقل بن عبدالاحد الحزوی اور سننے والے کے اُم ولد جرورد۔

اور سنا ہے اس کو بہ قراءت عبدالرحمٰن بن محمد بن ارسلان اور اس کے خط سے میں نے نقل کیا ہے۔ ماہِ شوال میں ۶۲۰ھ کو۔ سراج الدین ابواسحاق: یعقوب بن ابراہیم بن یحییٰ محمد بن محمد بن علی حسین شیخ ابی النعم الواسطی کے پوتے علم الدین ابوالقاسم بن علی بن عبداللہ الصنهاجی جمال الدین محمد بن ابی العوالی مرتفع بن حرملہ المقری عبدالرحمٰن بن حسین بن علی بن محمد الانصاری زین الدین ابو محمد: عبدالمنعم بن رضوان بن ان کے سردار بن معاذ......؛ ابوالعز بن محاسن بن محاسن الحمیری محمد بن عبدالعزیز بن بکار......؛ حسن بن علی بن سلیمان الصوفی مکی بن علی بن فارس الکامی اور جرور دسمع کا اُم ولد۔

اور سنا ہے آخری مجلس شمس الدین محمد بن القاضی صفی الدین عبدالعزیز بن.......... جو رہ گیا ہے اس سے...... اصل میں سے اور میں نے مختصر کیا ہے تذکرہ۔

اور احمد بن عساکر نے لکھا ہے: ''حامداً للہ عزوجل'' امید کرتے ہوئے اس کے احسان اور فضل کا درود بھیجتے ہوئے اس کے نبی پر اس کی آل پر اس کے اصحاب پر۔

اور اس کو علی ابن عماد نے سنا ہے ابی محمد کی قراءت کے ساتھ: عبدالعزیز بن عبدالقوی بن محمد الانصاری اور ان کی جماعت۔

جن میں ابوالحسن بن عبدالعظیم بن ابی الحسن الهسنی المصری عبدالنصیر بن علی بن یحییٰ بن اسماعیل المربوطی۔ اور سماع اس کے خط سے اور اس سے میں نے نقل کیا......چوتھی تاریخ مہینہ......اور اس کو سنا ہے شیخ......عبداللہ بن علم الدین اسماعیل......المسلی اور ان سے ایک جماعت نے سماع کیا: جن میں......محمد بن الحسین بن سید حافظ عزالدین ابی القاسم احمد بی......ابی عبداللہ محمد بن خلف......الحسینی اور اسی طرح احادیث اُم حبیبہ بنت ابی سفیان رسول اللہ ﷺ تک مرفوع حدیث سے۔ ابراہیم ابن اسماعیل الفارقی اور یہ ان مجالس میں سے ہے کہ اس کا آخر جمعرات کے دن......احمد بن عبدالرحمٰن بن ابی عبداللہ۔

اور اس کو ہمارے شیخ امام فخر الدین ابو عمر عثمان بن محمد بن عثمان یہ قراءت علی...... یوسف بن عبدالمجید بن یوسف الحموی......ابی محمد عبداللہ......ان کے سماع کے ساتھ ابن عماد اور اس کے بیٹے ابوالبرکات محمد اور ایک جماعت نے قاہرہ کی جامع الظاہر میں سنا ہے۔

دوسری مجالس میں جس کا اختتام......اور اس کو ہمارے شیخ تقی الدین عتیق بن عبدالرحمٰن بن ابی الفتح المصری نے سنا ہے ابی محمد بن الحافظ بن الخضر عبدالنصیر بن علی المربوطی کی خدمت میں سماع کیا ہے۔ دونوں کی سماع ابن عماد ان مجالس میں جس کا اختتام پیر کے دن جمادی الاول کی ۲۵ تاریخ کو ۶۰۷ھ کے سال سنا گیا ہے۔

بعض ان حضرات کے نام جو سماعات میں پہلے وارد ہیں

(۱) یحییٰ بن خضر بن یحییٰ الاموی ابوزکریا الشیخ الصالح اس نے علی بن المسلم فقیہ وغیرہ سے سنا ہے۔ وفات ۵۹۱ھ
المنذری کی تکملہ دیکھیں! ج ۱ ص ۲۳۱ نمبر: ۲۹۱

(۲) ابراہیم بن محمد بن ابی بکر بن ہراوۃ القفصی شیخ فقیہ بہت سے شیوخ سے سنا ہے۔ وفات ۶۰۹ھ

(۳) ابراہیم بن یوسف بن محمد المقری جو ابن البونی کے نام سے پہچانے جاتے ہیں (بونہ کی نسبت سے) ساحل افریقہ کا ایک شہر ہے۔ وفات ۶۱۲ھ
المنذری کی التکملہ ملاحظہ فرمائیں! ج ۲ ص ۳۵ نمبر: ۱۴۳۲ اور ان کے حالات کے بیان میں بیشتر ماخذ ہیں۔

(۴) محمد بن محمد بن عمروک القرشی الشریف العالم الصالح الزاہد تاریخ پیدائش ۵۱۸ھ اور درسِ حدیث اخذ کیا اور بیان کیا بغداد مکہ مکرمہ مصر دمشق اور مدتوں جڑے رہے۔ وفات ۶۱۵ھ

''سیر اعلام النبلاء'' ج ۲۲ص ۸۹۔۹۰' اور ''دول الاسلام'' ص ۳۲۷' اور ''التکملہ للمنذری'' ج ۲ص ۴۳۱' نمبر: ۱۵۹۷ میں دیکھیں' اوران کے علاوہ ان کے حال میں دیگر ماخذ بھی ہیں۔

(۵) عبدالعزیز بن عبدالملک بن تمیم الشیبانی' المقرئ' الدمشقی' الحافظ' ابن نجار نے ان کے بارے میں گفتگو کی ہے کہ حدیث میں ان کی تحریر نہیں ہے' تاتاریوں کے حملے میں گم ہوگئی ہے' ابن ناصر الدین کا کہنا ہے: شیبانی کی مثال مفقود ہے' عبدالعزیز الدین المبانی' یعنی: الضعیف۔ وفات: ۶۱۸ھ

''شذرات الذہب'' دیکھیں! ج ۵ص ۸۱

(۶) عمر بن یوسف بن یحییٰ ابوعبداللہ المقدسی' بیت الایار کے خطیب' بیت الایار دمشق کے دیہاتوں میں سے ایک دیہات ہے۔ ان کی تعریف کی گئی ہے' الشیخ صالح ابوحفص' اور یہ بھی کہا گیا ہے: ابوعبداللہ نے حافظ ابی القاسم حدیث کی روایت کی ہے: علی بن الحسن۔ وفات: ۶۱۸ھ

(۷) ابراہیم بن شاکر بن عبداللہ بن محمد بن عبیداللہ بن سلیمان التنوخی المصری الاصل' دمشق کی پیدائش ہے اور سکونت بھی دمشق کی ہے۔ فقیہ' خطیب' بہا کے نام سے تعریف کی گئی ہے۔ دمشق میں ۵۶۰ھ میں پیدا ہوئے' حدیث بیان کی دمشق اور مصر میں۔ وفات ۶۳ھ

المنذری کی ''التکملہ'' دیکھیں! ج ۳ص ۳۲۱' نمبر: ۲۴۴۲

(۸) اسماعیل بن احمد بن علی بن ابی بکر القرطبی' العتکی' سکونت دمشق کی ہے' برہان کے نام سے جانے گئے' جامع دمشق میں امام الکلاسہ' لوگوں سے الگ تھلگ رہے۔ ۶۳۱ھ میں وفات پائی۔

المنذری کی ''التکملہ'' دیکھئے! ج ۳ص ۳۷۳' نمبر: ۲۵۴۸

اوران کا تذکرہ الذہبی نے ''تاریخ الاسلام'' میں کیا ہے۔

(۹) یونس بن محمد بن ابی الفضل: زبدالدولعی سنا گیا۔ ۶۳۱ھ میں وفات پائی۔

دیکھئے ''التکملہ'' منذری کی' ج ۳ص ۳۷۴' نمبر: ۲۵۵۲

(۱۰) محمد بن غسال بن غاقل بن یحاد الانصاری' الخزری۔ پیدائش حمص کی ہے' سکونت دمشق میں رہی۔ الشیخ الجلیل' المسند الاسیر' جماعت پر مداومت' بہت سے شیوخ سے حدیث روایت کی اور اجزاء کو منفرد کیا' ۵۵۲ھ میں پیدا ہوئے اور ۶۳۲ھ میں وفات پائی۔ المنذری کی ''التکملہ''۔

(۱۱) عبدالعزیز بن عبدالملک' ''شذرات'' میں ابن عبداللہ بن عثمان المقدسی' فقیہ حنبلی' بہت سے شیوخ سے سماع کیا۔ پڑھایا اور حدیث بیان کی' ۶۳۴ھ میں وفات پائی۔

''شذرات الذہب'' دیکھیں! ج ۵ص ۱۶۸' اور ''تاریخ الصالحیہ'' دیکھیں! ج ۱ص ۲۵۷

(۱۲) عبداللہ بن عمر بن یوسف المقدسی' العدل' الشیخ' الخطیب' بیت الایار کے خطیب ۵۷۵ھ میں پیدا ہوئے' سنا اور سنائے گئے' دمشق میں عدول میں سے ایک تھے' خیر اور امانت میں مشہور تھے' ۶۳۵ھ میں وفات پائی۔

دیکھئے المنذری کی ''التکملہ'' ج ۳ص ۴۶۹' نمبر: ۱۸۲۳

(۱۳) الخضر بن عبدالرحمٰن بن الخضر بن عبدالرحمٰن بن علی بن الحسن السلمی' الدمشقی' ادیب' عادل' ابن دوانی کے نام سے مشہور تھے' ۵۵۲ھ میں پیدا ہوئے' بہت سے اساتذہ سے سماع کیا اور حدیث بیان کی' اور ۶۳۶ھ میں وفات پائی۔

دیکھئے منذری کی ''التکملہ'' ج ۳ص ۵۳۹' نمبر: ۲۹۴۶

(۱۴) یوسف بن عبدالمنعم بن نعمۃ بن سلطان بن سرور بن نافع بن حسن بن جعفر المقدسی' الحنبلی نے صاحب تقویٰ سے ان کی تعریف کی گئی ہے۔ بہت سے شیوخ سے سماعت کی ہے اور حدیث بیان کی' بہترین طریقے پر تھے۔ ۶۳۶ھ میں وفات پائی۔

المنذری کی ''التکملہ'' دیکھئے! ج ۳ص ۵۶۴' نمبر: ۲۹۹۶

(۱۵) عبدالمنعم بن رضوان بن سیدھم بن مناد بن عبدالمالک الکتامی' الشارعی' ابن زین کے نام سے پہچانے گئے۔ قرآن کریم کو قراءت کے ساتھ پڑھا اور بہت سے اساتذہ سے سماع کیا اور حدیث بیان کی اور اس مسجد کی امامت کی تولیت کی جو کہ قاہرہ کے سرور الخادم کے نام سے تھی۔ اپنی وفات تک اس میں امام رہے' ۶۳۹ھ میں وفات پائی۔

المنذری کی ''التکملہ'' دیکھئے! ج ۳ص ۵۸۰' نمبر: ۳۰۲۹

(۱۶) ابراہیم بن شکر بن ابراہیم بن علی بن حسن السخاوی' وجیہ کے نام سے معروف تھے' ۶۴۱ھ میں وفات پائی۔

المنذری کی ''التکملہ'' دیکھیں! ج ۳ص ۳۳۱' نمبر: ۳۱۳۸

(۱۷) عمر' شذرات میں' عثمان بن اسعد المنجی بن ابوالبرکات' امام' قاضی ابن قاضی الکبیر وجیہہ الدین التنوخی' المصری' الدمشقی 'سماریہ کے مدرس طویل مدت تک حراۃ کے قاضی رہے' ۵۶۷ھ میں پیدا ہوئے' ایک فاضل فقیہ تھے' سنا' سنے گئے۔ ۶۴۶ھ میں وفات پائی۔

دیکھئے ''سیر اعلام النبلاء'' ج ۲۳ص ۸۰۔۸۱' اور ''شذرات الذہب'' ج ۵ص ۲۱۰۔۲۱۱' ''النجوم الزاہرہ'' ج ۶ص ۳۴۹ اوران کا تذکرہ دیگر مصادر میں بھی ہے۔

(۱۸) الطونبغا بن عبداللہ الترکی' شمسی کے نام سے مشہور تھے۔ امراء میں سے ایک تھے' دبدبے کے مالک' ہمت والے اور سلطنت سے آگاہ تھے' ان کے بارے میں ایسی خبریں مشہور ہیں کہ جو ان کے تجربے اور راست پر دلالت کرتی ہیں' ۶۴۲ھ میں وفات پائی۔

المنذری کی ''التکملہ'' ملاحظہ فرمائیں! ج ۳ص ۶۴۳' نمبر: ۳۱۶۱

(۱۹) علی بن محمد بن عبدالصمد بن عطاس الہمدانی المصری السخاوی' شیخ' امام' علامہ' شیخ القراء والادباء' زمانے تک لوگوں کو
پڑھاتے رہے' عربی کے امام تھے' فقہ تھے' تفسیر میں بلند پایہ مفسر تھے۔ تصنیف میں ان کی شہرت کی بلندی سے فائدہ
اُٹھایا گیا۔ ان سب کے علاوہ دین دار' حسن اخلاق' لوگوں میں محبوب تھے' ان کا بے حد احترام کیا جاتا تھا۔ تکلف و
تصنع سے دور تھے' ان کا سوائے علوم کی اشاعت کے اور کوئی مشغلہ نہیں تھا۔ ۶۴۳ھ میں وفات پائی۔
دیکھئے ''سیر اعلام النبلاء'' ج ۲۳ ص ۱۲۲۔۱۲۴' نیز ''الطبقات الشافعیۃ'' ج ۸ ص ۲۹۷۔۲۹۸' اس امام کا تذکرہ دیگر
ماخذ میں موجود ہے۔

(۲۰) احمد بن محمد بن عبدالغنی بن عبدالواحد بن علی بن سرور المقدسی' امام' فقیہ' ۵۹۱ھ میں پیدا ہوئے' سامع تھے' مستمع تھے' بہ
نفس نفیس حدیث پڑھتے رہے' ۶۴۳ھ میں وفات پائی۔
حسینی نے کہا ہے: فقہ اور حدیث کے مشہور مشائخ میں سے ایک تھے۔
دیکھئے ''تاریخ الصالحیۃ'' ج ۲ ص ۴۷۰' اور شذرات الذہب ج ۵ ص ۲۱۷

(۲۱) محمد بن احمد بن علی القرطبی الدمشقی' کلاسہ کے امام اور ان کے امام کے بیٹے۔ ۵۷۵ھ میں پیدا ہوئے' سامع اور مسمع
تھے' حدیث میں قابلیت کے مالک' بالغ نظر' بہت سی کتابیں لکھیں' دیانت دار و دین دار' بھلائی کرنے والے لوگوں
میں محبوب تھے' ثقہ حاوی تھے' ۶۴۳ھ وفات پائی۔
دیکھئے ''سیر اعلام النبلاء'' ج ۲۳ ص ۲۲۱۔۲۱۸' ''النجوم الزاہرہ'' ج ۸ ص ۳۵۵' ''شذرات الذہب'' ج ۶ ص ۲۲۶
تاریخ وسیر کا تذکرہ دوسری کتابوں میں موجود ہے۔

(۲۲) اسماعیل بن حامد بن عبدالرحمن بن مرجی بن المؤمل بن محمد الانصاری' الخزرجی' المصری' القوصی' شیخ' امام' فقیہ' محدث'
ادیب' ۵۷۴ھ میں پیدا ہوئے' ایک جماعت نے ان سے حدیث روایت کی ہے' ۶۵۶ھ میں وفات پائی۔
دیکھئے ''سیر اعلام النبلاء'' ج ۲۳ ص ۲۸۸' بہت سے مصادر ہیں جن میں اس فقیہ کا تذکرہ ہے۔

(۲۳) علی بن مظفر بن القاسم ابوالحسن النشبی' الدمشقی' امام' عادل' محدث' حدیث حاصل کی اور بہت سے اساتذہ سے سماعت
حدیث کی اور ان سے ایک جماعت نے روایت کی ہے۔ ۶۵۶ھ میں وفات پائی۔
دیکھئے ''سیر اعلام النبلاء'' ج ۲۳ ص ۳۲۶' اور ان کے تذکرہ میں دیگر ماخذ بھی ہیں۔

(۲۴) اسعد بن عثمان بن المنجی بن برکات بن المؤمل التنوخی' الدمشقی' عادل' القاضی' الرئیس' ۵۹۸ھ میں پیدا ہوئے' سنا' سنے
گئے اور ۶۵۷ھ میں وفات پائی۔
دیکھئے ''سیر اعلام النبلاء'' ج ۲۳ ص ۳۷۵' اور ''العبر'' میں ج ۵ ص ۳۲۹' اور تاریخ وسیر کی دیگر مصادر میں ان کا تذکرہ
ہے۔

(۲۵) احمد بن عبدالرحمن بن ابی بکر الفراء الوانی' ۶۵۸ھ میں پیدا ہوئے اور احمد بن عبدالدائم کی خدمت میں حدیث بیان
کی' ۷۳۰ھ میں وفات پائی۔ دیکھئے ''الدرر الکامنۃ'' لابن حجر ج ۱ ص ۱۶۶

(۲۶) احمد بن العلم بن محمود بن عمر الحرانی' الدمشقی' تقی الدین' ۶۸۴ھ میں پیدا ہوئے اور متعدد اساتذہ سے سنا۔ ذہبی کا
قول ہے: خوب کوشش کی' نیت کی اور شاطبہ حفظ کیا' ان میں دین و مروت اور بھلائی کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی'
۷۴۲ھ میں وفات پائی۔
دیکھئے ''الدرر الکامنۃ'' ج ۱ ص ۲۰۳' لحافظ ابن حجر اور (معجم شیوخ الذہبی) ج ۱ ص ۷۶' نمبر: ۶۱

(۲۷) محمود بن خلیفہ بن محمد بن خلف بن عقیل المنجی' الدمشقی' ۶۸۷ھ میں پیدا ہوئے' حدیثیں سنی اور سنائیں۔ البرزالی اور
ذہبی نے اپنے اپنے معاجم لکھا ہے' العدل' المحدث' الفاضل' الصادق۔ ان کی کتاب معنفہ اور یہ دین دار صاحب
مروّت اور نیک کردار تھے اور صرف اس حدیث کو سنتے جس کی اصل صحیح ہے' ۷۶۷ھ میں وفات پائی۔
دیکھئے ''معجم الشیوخ الذہبی'' ج ۲ ص ۳۲۷۔۳۲۸' نمبر: ۹۰۱' ''الدرر الکامنۃ'' ج ۴ ص ۲۲۳

☆☆☆☆☆

اس نسخے کا الحمیدی کی طرف منسوب ہونے کے دلائل

اس مسند کا الحمیدی کے ہونے کے بہت سے دلائل ہیں۔
ان دلائل میں سے بعض کا تذکرہ درج ذیل ہے:

(۱) اس نسخے کے صحت اسناد اس کے مصنف الحمیدی ہی کے ہیں۔

(۲) دوسرے نسخے کے صحت اسناد کی تعریف کا تذکرہ ہو چکا۔

(۳) جس نے بھی اس محترم امام کا تذکرہ کیا ہے' انہوں نے اس مسند کا ان کے ہونے کا ذکر کیا ہے۔

(۴) الوادی آسی نے اپنے برنامج (پروگرام) میں ص:۲۰۶ میں صفوان کے بعد ذکر کیا ہے۔ مسند ابی بکر: عبداللہ بن الزبیر بن عیسیٰ الحمیدی: میں نے پہلے مسند خلیفہ عمرو پڑھا' عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ' شیخ تقی الدین العمری المذکور مصر میں انہوں نے اسے مجھے عطا کیا اور معین طور سے اس کی اجازت دی۔

اور یہ حدیث مجھے بیان کی' وہ اس میں سے جو میں نے دو اماموں کی خدمت میں پڑھی ہے: رشید الدین ابی محمد: عبد النصیر بن علی بن یحییٰ الہمدانی الاسکندری المریوطی اور جمال الدین ابی صادق: محمد بن یحییٰ بن علی ابن عبداللہ القرشی المصری' ان دونوں کے سماع کے ساتھ ابی عبداللہ سے: محمد بن عمار بن محمد بن الحسین الحرانی۔

کہا: اور نیز شہاب الدین ابی المعالی: احمد بن اسحاق بن محمد بن المؤید بن علی الابرھوقی' یہ سماع ابی عبداللہ' محمد بن ابی القاسم بن تیمیہ' یہ سماع اس حرانی کے ساتھ ابی الحسن سے۔ سعد اللہ بن نصر بن سعد الدجاجی سے یہ روایت اس کے لیے۔ ابی منصور سے: محمد بن احمد بن علی الخیاط سے خبر دی ہم کو ابوطاہر نے: عبدالغفار بن محمد بن جعفر بن زید المؤدب' خبر دی ہم کو محمد بن احمد بن اسحاق الصواف نے' خبر دی ہم کو بشر ابن موسیٰ بن صالح بن شیخ بن عمیرۃ الاسدی نے (اخبرنا) خبر دی ہم کو الحمیدی ہے۔

پھر الوادی رکتی کا کہنا ہے (اور مجھے شہاب الابرھوقی کی طرف سے اس کی اجازت بھی ملی ہے)۔

(۵) حاجی خلیفہ اپنی مشہور زمانہ کتاب ''کشف الظنون'' میں رقمطراز ہیں: ج۲ص۱۶۸۲ (مسند الحمیدی' وہ حافظ ابوبکر عبداللہ بن زبیر المکی (کی ہے) التوفی ۲۱۹ھ۔

اسی میں نیز کہتے ہیں: ج۲ص۱۶۸۵' اور متعدد مسانید کا ذکر کرتے ہیں اور ان کو ان کے مؤلفین کی طرف منسوب

کرتے ہیں اور الحمیدی اور یہ امام ابوبکر: عبداللہ بن الزبیر الحمیدی ہیں اور ۲۱۹ھ میں وفات پائی اور ان کی مسند گیارہ اجزاء پر مشتمل ہے۔

(۶) اس مسند کی کثرت سے نقول تیار کی گئیں' اس پر اعتماد کیا گیا اور اس پر یہی گواہی کافی ہے کہ سیّد المحدثین امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی جامع بخاری میں سب سے پہلی حدیث الحمیدی کے طرق سے اختیار کی' اس طرق کو فضیلت دیتے ہوئے کہ یہ امام المدینہ ہیں' اور اس کے عالم ہیں کہ اس کا ذکر مقدم ہے۔ دیکھئے ''فتح الباری'' ج۱ص۱۰۔

اور یہ کہ یہ نسخہ واضح طور سے الحمیدی کا ہے' عمدہ خط وضبط اور میں نے اسے کامل وصاحبِ بصیرت شیوخ کی خدمت میں پڑھا ہے' اور ان اساتذہ کی خدمت میں بہت سے شاگردوں نے سنا ہے۔ اور ان تلامذہ میں بعض تو اپنے اساتذہ سے بھی فوقیت لے گئے ہیں۔ اس مسند کی سماعت اتنی طویل عرصے سے ہوتی رہی ہے کہ دسویں صدی ہجری کے نصف تک جاری رہی' اور اس نسخے کے مالکین کی طرف سے عالم اسلام کے متعدد شہر مصر' بغداد' دمشق منتقل ہوئے۔ مدرسہ الضیائیہ میں اسے استقرار حاصل ہوا' جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے۔

اس لیے اس نسخے کو تمام نسخوں کا ہم سے امام (ماں) قرار دیا ہے' اس پر کام کیا اور اس کے رموز قائم کیے اور اس کا رمز حرف (ع) قرار دیا۔

☆☆☆☆☆

حواشی ومراجع

(۱) مسند ابوداوٗد طیالسی، ج۱ص۵۰، تحقیق ڈاکٹر محمد بن عبدالمحسن الترکی، مرکز البحوث والدراسات العربیۃ والاسلامیۃ، دارہجر، ۱۹۹۹ء، طبع اوّل

(۲) الرسالۃ المستطرفہ، محمد بن جعفر الکتانی، بیروت، ۱۳۳۲ھ، طبع اوّل، ص۶۳

(۳) مقدمہ ابن الصلاح، موٗسسۃ الکتب الثقافیۃ بیروت، ص۳۴

(۴) سیراعلام النبلاء، شمس الدین الذہبی، موٗسسۃ الرسالۃ بیروت، ۱۹۹۸ء، ۹/۵۵۴

(۵) تدریب الراوی، جلال الدین سیوطی، دارالکتاب العربی، بیروت، ۱۹۹۹ء، ۲/۱۴۰

(۶) ایضاً

(۷) الکامل، ابن عدی جرجانی، دارالکتب العلمیۃ، بیروت، ۱۹۹۷ء، ۹/۹۸

(۸) تاریخ بغداد، خطیب بغدادی، دارالکتب العلمیۃ، بیروت، ۱۹۹۷ء، طبع اوّل، ۱۳/۳۰۸

(۹) مسندامام احمد بن حنبل، موٗسسۃ الرسالۃ بیروت، ۱۹۹۹ء، طبع دوم، ۱/۵۶

(۱۰) عمدۃ القاری، بدرالدین عینی، دارالفکر بیروت، ۲۰۰۲ء، ۱/۴۲

(۱۱) فتح الباری، ابن حجر عسقلانی، رئاسۃ ادارات البحوث العلمیۃ والافتاء والدعوۃ والارشاد، سعودی عرب

(۱۲) طبقات الشافعیہ، ابن سبکی، دارالکتب العلمیۃ، بیروت، ۱۹۹۹ء، طبع اوّل

(۱۳) سیراعلام النبلاء، ۱۰/ ۶۱۷

(۱۴) الجرح والتعدیل ج:۲، قسم:۲، ص:۵۷، عمدۃ القاری (۱/ ۴۵، سیر اعلام النبلاء ۱۰/ ۶۱۷، تہذیب التہذیب، ابن حجر عسقلانی، تحقیق مصطفیٰ عبدالقادر عطا، دارالکتب العلمیۃ بیروت، ۱۹۹۴ء، طبع اوّل، ۵/۹۳

(۱۵) تہذیب التہذیب ۵/۱۹۳

(۱۶) مقدمہ مسند حمیدی، تحقیق مولانا حبیب الرحمٰن الاعظمی، مجلس علمی ڈابھیل، ۱۹۸۸ء، طبع دوم

(۱۷) کتاب الانساب، سمعانی، داراحیاء التراث العربی، بیروت، ۱۹۹۹ء، طبع اوّل، ۲/۹۲

(۱۸) بستان المحدثین، شاہ عبدالعزیز، ص۹۴

(۱۹) مقدمہ مسند حمیدی، (۱/ ۶۹۔۷۰)

(۲۰) ایضاً

(۲۱) مآثر ومعارف، قاضی اطہر مبارکپوری، ندوۃ المصنفین دہلی، ۱۹۷۱ء، ص۲۰۶

(۲۲) مقدمہ مسند حمیدی (۱/۵۳)

(۲۳) محدث ش:۳، ج:۵، ص۳۶۔۳۷

(۲۴) المآثر جولائی تا ستمبر ۱۹۹۲ء، ص۴۳

(۲۵) مسند حمیدی، ۲/ ۲۷۷۔۲۷۸

(۲۶) ایضاً

(۲۷) المآثر جولائی تا ستمبر ۱۹۹۲ء، ص۴۵۔۴۷

(۲۸) مجلۃ المجمع العلمی العربی، ج/ ۳۸، جزء ۴، ص ۶۸۸

(۲۹) المسلمون، ج:۹، ۷۔۸، ص۱۴۴۔۱۴۵

(۳۰) اصول التخریج ودراسۃ الأسانید، ڈاکٹر محمود طحان، دارالقران الکریم، بیروت ۱۹۸۱ء، طبع سوم، ص۴۲

☆☆☆☆☆

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

1 – مُسْنَدُ اَبِیْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ

1– حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ الثَّقَفِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيْعَةَ الْوَالِبِيِّ عَنْ اَسْمَاءَ بْنِ الْحَكَمِ الْفَزَارِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ: كُنْتُ اِذَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيْثًا نَفَعَنِی اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِمَا شَاءَ اَنْ يَنْفَعَنِیْ مِنْهُ، وَاِذَا حَدَّثَنِیْ غَيْرُهُ اسْتَحْلَفْتُهُ، فَاِذَا حَلَفَ لِیْ صَدَّقْتُهُ، فَحَدَّثَنِیْ اَبُوْ بَكْرٍ – وَصَدَقَ اَبُوْ بَكْرٍ – قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَيْسَ مِنْ عَبْدٍ يُّذْنِبُ ذَنْبًا فَيَقُوْمُ فَيَتَوَضَّأُ فَيُحْسِنُ الْوُضُوْءَ، ثُمَّ يُصَلِّیْ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ اِلَّا غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ.

2– قَالَ سُفْيَانُ وَحَدَّثَنَا عَاصِمُ الْاَحْوَلُ عَنِ الْحَسَنِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهٖ وَزَادَ فِيْهِ اِلَّا اَنَّهٗ قَالَ: وَيَتَبَرَّرُ يَعْنِیْ يُصَلِّیْ.

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے

مسند حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

اسماء بن حکم فزاری روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت علی بن طالب رضی اللہ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: جب میں رسول اللہ ﷺ سے کوئی حدیث سنتا تو اللہ عزوجل نے مجھے اس سے جو نفع دینا ہوتا وہ نفع دے دیتا اور اگر ان کے علاوہ کوئی شخص مجھے کوئی حدیث بیان کرتا تو میں اس سے قسم لیتا جب وہ میرے سامنے قسم اٹھا لیتا تو میں اس کی بات کی تصدیق کرتا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ حدیث سنائی اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے سچ بیان کیا، کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو بھی بندہ گناہ کرے اور پھر کھڑے ہو کر وضو کرے اور اچھی طرح وضو کرے پھر دو رکعت نماز ادا کرے پھر اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو معاف کر دیتا ہے۔

سفیان راوی کہتے ہیں: عاصم الاحول نے از حضرت حسن از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت بیان کی، لیکن اس میں یہ اضافہ کیا ہے کہ آپ نے فرمایا: وہ شخص نیکی

1- سنن الکبریٰ للنسائی، باب ما یفعل من بلی وما یقول، جلد 6، صفحه 109، رقم: 10247

مسند ابی یعلیٰ، مسند ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنه، جلد1، صفحه 25، رقم: 15

الاربعون فی شرح العوفية للماليني، ذکر احمد بن جعفر بن هانی، جلد2، صفحه 151، رقم: 116

اربعون حدیثا لاربعین شیخا من اربعین بلدة، صفحه33، رقم: 27

عمل الیوم واللیلة للنسائی، باب ما یفعل من بلی وما یقول، صفحه315، رقم: 414

کرنے کی کوشش کرے، یعنی وہ نماز ادا کرے۔

3- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ يَقُولُ سَمِعْتُ سُلَيْمَ بْنَ عَامِرٍ يَقُولُ سَمِعْتُ أَوْسَطَ الْبَجَلِيَّ وَهُوَ عَلَى مِنْبَرِ حِمْصَ يَقُولُ سَمِعْتُ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ يَقُولُ وَهُوَ عَلَى مِنْبَرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ خَنَقَتْهُ الْعَبْرَةُ، ثُمَّ عَادَ فَخَنَقَتْهُ الْعَبْرَةُ، ثُمَّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ عَامَ الْأَوَّلِ: سَلُوا اللّٰهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ، فَإِنَّهُ مَا أُوتِيَ عَبْدٌ بَعْدَ يَقِينٍ شَيْئًا خَيْرًا مِنَ الْعَافِيَةِ۔

حضرت سلیم بن عامر بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت اوسط بجلی رضی اللہ عنہ کو حمص کے منبر پر یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ میں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ ﷺ کے منبر پر یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو سنا تو رونے کی وجہ سے ان کی آواز حلق میں رُک گئی پھر انہوں نے اعادہ کیا تو ان کی آواز پھر حلق میں رُک گئی۔ پھر انہوں نے فرمایا: میں نے پچھلے سال رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: تم لوگ اللہ تعالیٰ سے معافی اور عافیت مانگو بے شک کسی بھی بندے کو یقین کے بعد کوئی چیز نہیں دی گئی جو عافیت سے بہتر ہو۔

4- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ قَامَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّكُمْ تَقْرَءُونَ

حضرت قیس بن ابو حازم سے روایت ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے، پس انہوں نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی پھر انہوں نے فرمایا: اے لوگو! تم یہ آیت پڑھتے ہو: "اے ایمان والو!

3- سنن الکبریٰ للنسائی، مسألة المعاطاة وذکر اختلاف الفاظ الناقلين لخبر أبی بکر الصدیق، جلد 6، صفحه 220، رقم: 10717
مسند أبی بکر للمروزی، اوسط عن أبی بکر الصدیق، صفحه164، رقم:94
مسند الشاميين للطبرانی، احادیث ابن جابر عن سليم بن عامر، صفحه 329، رقم:579
اخبار الصلاة للمقدسی، باب الوضو، صفحه75، رقم: 139
عمل اليوم والليلة للنسائی، مسألة المعافاة، صفحه502، رقم:881

4- المعجم الاوسط للطبرانی، باب من اسمه ابراهيم، جلد3، صفحه70، رقم:2511
جامع الاصول لابن اثير، الكتاب الرابع فی الامر بالمعروف والنهی عن المنكر، جلد1، صفحه 330، رقم:111
صحيح ابن حبان، باب الصدق والامر بالمعروف، جلد1، صفحه540، رقم:305
مسند أبی يعلیٰ، مسند ابی بکر الصدیق، جلد1، صفحه118، رقم:128
مشكوة المصابيح، باب السلام، الفصل الاوّل، جلد3، صفحه 115، رقم:5142

هٰذِهِ الْآيَةَ (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ) وَإِنَّا سَمِعْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: النَّاسُ إِذَا رَأَوُا الظَّالِمَ فَلَمْ يَأْخُذُوا عَلَى يَدَيْهِ يُوشِكُ أَنْ يَعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ۔

تم پر اپنی فکر لازم ہے اگر تم ہدایت یافتہ ہو تو جو شخص گمراہ ہے وہ تمہیں کچھ نقصان نہیں پہنچائے گا۔" اور بے شک ہم نے رسول اللہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: "لوگ جب ظالم کو دیکھیں اور اس کے ہاتھ کو نہ پکڑیں تو قریب ہے کہ ان سب کو اللہ تعالیٰ عذاب میں مبتلا کر دے۔"

5- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ حَدَّثَنَا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ الثَّقَفِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ الْوَالِبِيِّ عَنْ أَسْمَاءَ بْنِ الْحَكَمِ الْفَزَارِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ قَالَ: كُنْتُ إِذَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا نَفَعَنِي اللّٰهُ بِمَا شَاءَ مِنْهُ، فَإِذَا حَدَّثَنِي غَيْرُهُ اسْتَحْلَفْتُهُ، فَإِذَا حَلَفَ لِي صَدَّقْتُهُ، وَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ حَدَّثَنِي، وَصَدَقَ أَبُو بَكْرٍ، قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ رَجُلٍ يُذْنِبُ ذَنْبًا فَيَتَوَضَّأُ فَيُحْسِنُ الْوُضُوءَ۔

قَالَ مِسْعَرٌ: ثُمَّ يُصَلِّي۔

وَقَالَ سُفْيَانُ: ثُمَّ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ، فَيَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ إِلَّا غُفِرَ لَهُ۔

حضرت اسماء بن حکم فزاری حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: جب میں رسول اللہ ﷺ سے کوئی حدیث سنتا تو اللہ تعالیٰ جتنا چاہتا مجھے نفع عطا کر دیتا لیکن جب کوئی دوسرا شخص مجھے کوئی حدیث سناتا تو میں اس سے قسم لیا کرتا، پس جب وہ میرے سامنے قسم اٹھا لیتا تو میں اس کی تصدیق کر دیتا۔ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مجھ سے یہ حدیث بیان کی اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے سچ کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جو بھی شخص کوئی گناہ کرے اور پھر وہ وضو کرے اور بہترین وضو کرے۔"

مسعر نامی راوی کہتے ہیں: پھر وہ نماز ادا کرے۔

اور سفیان کہتے ہیں: پھر وہ دو رکعت نماز ادا کرے اور اللہ تعالیٰ سے بخشش طلب کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی بخشش فرما دیتا ہے۔

6- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ سَعِيدٍ

حضرت ابو سعید مقبری روایت کرتے ہیں کہ انہوں

5- اطراف المسند المعتلی، من مسند أبی بکر الصدیق، جلد6، صفحه87، رقم:7812
سنن الکبریٰ للنسائی، باب ما يفعل من بلی وما يقول، جلد6، صفحه110، رقم:10250
مسند أبی بکر للمروزی، حديث علی عن ابی بکر رضی الله عنه، صفحه49، رقم:9
مسند أبی يعلیٰ، مسند أبی بکر الصدیق، جلد1، صفحه23، رقم:11
مسند امام احمد بن حنبل، مسند أبی بکر الصدیق رضی الله عنه، جلد1، صفحه2، رقم:2

6- امام حمیدی اس حدیث مبارکہ کو مذکورہ بالا متن کے ساتھ نقل کرنے میں متفرد ہیں۔ (اللہ ورسولہ اعلم بالصواب!)

بْنِ اَبِیْ سَعِیدٍ الْمَقْبُرِیُّ حَدَّثَنِیْ اَخِی عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِیدٍ عَنْ جَدِّهٖ اَبِیْ سَعِیدٍ الْمَقْبُرِیّ اَنَّهٗ سَمِعَ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ یَقُوْلُ: مَا حَدَّثَنِیْ مُحَدِّثٌ حَدِیْثًا لَمْ اَسْمَعْهُ اَنَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا اَمَرْتُهٗ اَنْ یُّقْسِمَ بِاللّٰهِ لَهُوَ سَمِعَهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا اَبُوْ بَکْرٍ، فَاِنَّهٗ کَانَ لَا یَکْذِبُ .

نے حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: جب بھی کسی حدیث بیان کرنے والے نے مجھ سے کوئی ایسی حدیث بیان کی جو میں نے خود رسول اللہ ﷺ سے نہ سنی ہوتو میں اسے یہ کہا کرتا کہ وہ اللہ کی قسم اٹھائے کہ اس نے رسول اللہ ﷺ سے یہ حدیث سنی ہے۔ سوائے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے کیونکہ وہ غلط بیانی نہیں کرتے تھے۔

فَحَدَّثَنِیْ اَبُوْ بَکْرٍ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: مَا ذَکَرَ عَبْدٌ ذَنْبًا اَذْنَبَهٗ فَقَامَ حِیْنَ یَذْکُرُ ذَنْبَهٗ ذٰلِكَ فَیَتَوَضَّأُ فَاَحْسَنَ وُضُوْئَهٗ، ثُمَّ صَلّٰی رَکْعَتَیْنِ، ثُمَّ اسْتَغْفَرَ اللّٰهَ لِذَنْبِهٖ ذٰلِكَ اِلَّا غُفِرَ لَهٗ .

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بات بتائی کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جب کسی شخص کو کوئی ایسا گناہ یاد آئے جو اس نے کیا ہو تو جب بھی اسے اپنا گناہ یاد آئے اور اس وقت اگر وہ اٹھ کر وضو کرے اور اچھی طرح وضو کرے پھر دو رکعت نماز پڑھے پھر اپنے اس گناہ کی اللہ تعالیٰ سے بخشش طلب کرے تو اس کی بخشش ہو جاتی ہے۔

7- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ حَدَّثَنَا یَعْلٰی بْنُ عُبَیْدٍ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ اَبِی الْبَخْتَرِیِّ عَنْ اَبِیْ بَرْزَةَ قَالَ: مَرَرْتُ عَلٰی اَبِیْ بَکْرٍ الصِّدِّیْقِ وَهُوَ یَتَغَیَّظُ عَلٰی رَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِهٖ فَقُلْتُ: یَا خَلِیفَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ مَنْ هٰذَا الَّذِی تَغَیَّظُ عَلَیْهِ؟ قَالَ: وَلِمَ تَسْاَلُ عَنْهُ ؟ قُلْتُ: اَضْرِبُ عُنُقَهٗ.

حضرت ابوبرزہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرا وہ اپنے اصحاب میں سے کسی پر ناراض ہو رہے تھے' میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول کے خلیفہ! یہ کون شخص ہے جس پر آپ ناراض ہو رہے ہیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم اس کے بارے میں کیوں پوچھ رہے ہو؟ میں نے عرض کیا: میں اس کی گردن اڑا دیتا ہوں۔

قَالَ: فَوَاللّٰهِ لَاَذْهَبَ غَضَبَهٗ مَا قُلْتُ ثُمَّ قَالَ: مَا

راوی کہتے ہیں: اللہ کی قسم! میں نے جو کہا تھا اس

7- سنن النسائی' ذکر اختلاف علی الاعمش فی هذا الحدیث' جلد7' صفحه 109' رقم: 4073
المعجم الاوسط للطبرانی' من اسمه محمد' جلد 5' صفحه 307' رقم: 5392
اطراف المسند المعتلی' من مسند أبی بکر الصدیق' جلد 6' صفحه 92' رقم: 7823
السنن الکبرٰی للبیهقی' باب استباحة قتل من سبه او هجاة امراة' جلد 7' صفحه 60' رقم: 67
مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی بکر الصدیق رضی الله عنه' جلد 1' صفحه 9' رقم: 54

کَانَتْ لَاحَدٍ بَعْدَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ .

بات نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے غصے کو ختم کر دیا پھر انہوں نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ کے بعد کسی کو یہ حق نہیں ہے۔

8- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زِیَادٍ الرَّصَاصِیُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ اَخْبَرَنِیْ یَزِیْدُ بْنُ خُمَیْرٍ قَالَ سَمِعْتُ سُلَیْمَ بْنَ عَامِرٍ رَجُلًا مِّنْ حِمْیَرَ یُحَدِّثُ عَنْ اَوْسَطَ الْبَجَلِیِّ اَبِیْ اِسْمَاعِیْلَ بْنِ اَوْسَطَ عَنْ اَبِیْ بَکْرٍ اَنَّهٗ سَمِعَهٗ حِیْنَ تُوُفِّیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْاَوَّلِ مَقَامِیْ هٰذَا، ثُمَّ بَکٰی فَقَالَ: عَلَیْکُمْ بِالصِّدْقِ فَاِنَّهٗ مَعَ الْبِرِّ، وَهُمَا فِی الْجَنَّةِ، وَاِیَّاکُمْ وَالْکَذِبَ فَاِنَّهٗ مَعَ الْفُجُوْرِ، وَاِنَّهُمَا فِی النَّارِ، وَسَلُوا اللّٰهَ الْعَافِیَةَ، فَاِنَّهٗ لَمْ یُؤْتَ عَبْدٌ بَعْدَ الْیَقِیْنِ خَیْرٌ مِّنَ الْعَافِیَةِ ثُمَّ قَالَ وَلَا تَقَاطَعُوْا، وَلَا تَدَابَرُوْا، وَلَا تَبَاغَضُوْا، وَلَا تَحَاسَدُوْا، وَکُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ اِخْوَانًا .

حضرت اوسط بجلی ابواسماعیل بن اوسط' حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کرتے ہیں جب رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوا' تو یہ کہتے ہوئے سنا کہ پچھلے سال رسول اللہ ﷺ اسی جگہ کھڑے ہوئے تھے جہاں میں کھڑا ہوں' پھر وہ رونے لگے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم کو سچ کہنا لازم ہے کیونکہ وہ نیکی کے ساتھ ہوتا ہے اور یہ دونوں جنت میں ہوں گی (یعنی سچ اور نیکی) اور تم کو جھوٹ سے بچنا لازم ہے کیونکہ وہ گناہوں سے ہے اور یہ دونوں جہنم میں ہوں گے (یعنی جھوٹ اور گناہ)۔ اور تم لوگ اللہ تعالیٰ سے عافیت کا سوال کیا کرو کیونکہ کسی بھی بندے کو یقین کے بعد بہترین بھلائی اللہ کی دی ہوئی عافیت ہے۔'' پھر آپ ﷺ نے یہ بات بھی ارشاد فرمائی: ''آپس میں قطع تعلقی نہ کرو ایک دوسرے کی طرف پیٹھ نہ پھیرو ایک دوسرے پر غصہ نہ کرو۔ اور ایک دوسرے سے حسد نہ کرو اور اللہ کے بندو! بھائی بھائی بن کے رہو۔''

8- السنن الکبرٰی للبیهقی' باب شهادة اهل العصبیة ' جلد 10' صفحه 232' رقم: 21591
مسند أبی یعلٰی' مسند أبی بکر الصدیق رضی الله عنه ' جلد 1' صفحه 112' رقم: 121
مسند امام احمد بن حنبل' مسند أبی بکر الصدیق رضی الله عنه ' جلد 1' صفحه 5' رقم: 17
مشکل الآثار للطحاوی' باب بیان مشکل ما روی من رسول الله فی الحسد' جلد 1' صفحه 455' رقم: 388
الخطب والمواعظ لابی عبید' مواعظ أبی بکر الصدیق فی خطبته ووصایا' صفحه 185' رقم: 118

2 - مُسْنَدُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ

مسند حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

9- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عُبَيْدٍ يَقُوْلُ: شَهِدْتُ الْعِيدَ مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَبَدَاَ بِالصَّلَاةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ وَقَالَ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ صِيَامِ هٰذَيْنِ الْيَوْمَيْنِ: يَوْمِ الْفِطْرِ وَيَوْمِ الْاَضْحٰى، فَاَمَّا يَوْمُ الْفِطْرِ فَيَوْمُ فِطْرِكُمْ مِنْ صِيَامِكُمْ، وَاَمَّا يَوْمُ الْاَضْحٰى فَكُلُوْا فِيهِ مِنْ لَحْمِ نُسُكِكُمْ.

حضرت ابوعبید بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے ساتھ عید کی نماز میں شریک ہوا' آپ نے خطبہ دینے سے پہلے نماز ادا کی پھر فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے ان دو دنوں کا روزہ رکھنے سے منع فرمایا ہے۔ عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کے دن کا، عیدالفطر کا دن تو تمہارے روزوں کے افطار کا دن ہے اور عیدالاضحیٰ اس دن تم اپنی قربانی کا گوشت کھاؤ۔

ثُمَّ شَهِدْتُ الْعِيدَ مَعَ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، فَوَافَقَ ذٰلِكَ يَوْمَ جُمُعَةٍ، فَبَدَاَ بِالصَّلَاةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ هٰذَا يَوْمٌ اجْتَمَعَ فِيهِ عِيدَانِ لِلْمُسْلِمِينَ، فَمَنْ كَانَ هَا هُنَا مِنْ اَهْلِ الْعَوَالِي فَاَحَبَّ اَنْ يَذْهَبَ فَقَدْ اَذِنَّا لَهُ، وَمَنْ اَحَبَّ اَنْ يَمْكُثَ فَلْيَمْكُثْ.

پھر میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں عید کی نماز میں شریک ہوا تو اس دن جمعہ بھی تھا انہوں نے خطبے سے پہلے نماز ادا کی پھر فرمایا: آج وہ دن ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے لیے دو عیدیں اکٹھی کر دی ہیں (یعنی عید اور جمعۃ المبارک) تو یہاں اطراف واکناف میں رہنے والے جو لوگ موجود ہیں' ان میں سے اگر کوئی شخص جانا چاہے تو ہم اسے اجازت دیتے ہیں اور جو شخص ٹھہرنا چاہے وہ ٹھہر جائے۔

ثُمَّ شَهِدْتُ الْعِيدَ مَعَ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ فَبَدَاَ

پھر میں حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ کی

9- السنن الكبرى للبيهقي' باب لا يصام يوم الفطر ولايوم النحر' جلد 4' صفحه 260' رقم:8508
المنتقى لابن الجارود' باب الصيام' جلد 1' صفحه 107' رقم:401
سنن ابوداؤد' باب فى صوم العيدين' جلد 2' صفحه 294' رقم:2418
سنن ابن ماجه' باب فى النهى عن صيام يوم الفطر والاضحى' جلد 1' صفحه 547' رقم:1722
صحيح ابن خزيمه' باب النهى عن صوم يوم الفطر' جلد 4' صفحه 312' رقم:2959
مسند أبى يعلى' مسند عمر بن الخطاب' جلد 1' صفحه 142' رقم:152
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عمر بن الخطاب' جلد 1' صفحه 24' رقم:163

بِالصَّلَاةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ وَقَالَ: لَا يَاْكُلَنَّ اَحَدُكُمْ مِنْ لَحْمِ نُسُكِهِ فَوْقَ ثَلَاثٍ.

اقتداء میں عید کی نماز میں شریک ہوا تو انہوں نے خطبے سے پہلے نماز ادا کی اور یہ فرمایا کہ کوئی بھی شخص اپنی قربانی کے گوشت کو تین دن سے زیادہ ہرگز نہ کھائے۔

قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ الْحُمَيْدِيُّ قُلْتُ لِسُفْيَانَ: اِنَّهُمْ يَرْفَعُوْنَ هٰذِهِ الْكَلِمَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ . قَالَ سُفْيَانُ: لَا اَحْفَظُهَا مَرْفُوعَةً، وَهِيَ مَنْسُوخَةٌ.

حضرت سفیان سے ابوبکر حمیدی کہتے ہیں کہ محدثین نے تو یہ کلمات حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے مرفوع حدیث کے طور پر روایت کیے ہیں۔ تو حضرت سفیان بولے: میرے حافظے کے مطابق یہ روایت مرفوع نہیں ہے' یہ روایت منسوخ ہے۔

10- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ الْاَحْوَلُ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَرْجِسٍ يَقُوْلُ: رَاَيْتُ الْاُصَيْلِعَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ اَتَى الْحَجَرَ الْاَسْوَدَ فَقَبَّلَهُ، ثُمَّ قَالَ: وَاللّٰهِ اِنِّي لَاَعْلَمُ اَنَّكَ حَجَرٌ لَا تَضُرُّ وَلَا تَنْفَعُ، وَلَوْلَا اَنِّي رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُكَ مَا قَبَّلْتُكَ.

حضرت عبداللہ بن سرجس بیان کرتے ہیں کہ میں نے ننگے سر حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو دیکھا آپ حجر اسود کے پاس آئے پس اس کو چوما' پھر وہ بولے: اللہ کی قسم! میں جانتا ہوں کہ تو ایک پتھر ہے نہ کوئی نقصان پہنچا سکتا ہے اور نہ کوئی نفع' اگر میں نے رسول اللہ ﷺ کو تمہیں چومتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا تو میں تمہیں کبھی بھی نہ چومتا۔

11- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا

حضرت معدان بن ابوطلحہ یعمری' حضرت عمر بن

10- السنن الكبرى للبيهقي' باب تقبيل الحجر' جلد 5' صفحه 74' رقم:9487
المستدرك للحاكم' اوّل كتاب المناسك' جلد 1' صفحه 628' رقم:1682
سنن ابن ماجه' باب استلام الحجر' جلد 2' صفحه 981' رقم:2943
مسند أبى يعلى' مسند عمر بن الخطاب رضى الله عنه' جلد 1' صفحه 169' رقم:189
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عمر بن الخطاب' جلد 1' صفحه 46' رقم:325

11- سنن ابن ماجه' باب من اكل الثوم فلا يقربن المسجد' جلد 1' صفحه 324' رقم:1014
صحيح ابن خزيمه' باب الدليل على أن النهى عن اتيان المسجد لاكلهن شيئا' جلد 3' صفحه 84' رقم:1666
صحيح مسلم' باب نهى من اكل ثوما او بصلا او كراثا او نحوها' جلد 2' صفحه 81' رقم:1286
مسند البزار' مسند عمر بن الخطاب رضى الله عنه' جلد 1' صفحه 77' رقم:314
مصنف ابن أبى شيبة' باب ما جاء فى خلافة عمر بن الخطاب' جلد 7' صفحه 457' رقم:37062

يَحْيَى بْنُ صَبِيحِ الْخُرَاسَانِيُّ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ عَنْ مَعْدَانَ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ الْيَعْمَرِيِّ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ أَنَّهُ قَالَ: إِنِّي لَأَحْسِبُ أَنَّكُمْ تَأْكُلُونَ شَجَرَتَيْنِ - يَعْنِي خَبِيثَتَيْنِ - الْبَصَلَ وَالثُّومَ، فَإِنْ كُنْتُمْ لَا بُدَّ فَاعِلِينَ فَاقْتُلُوهُمَا بِالنُّضْجِ، ثُمَّ كُلُوهُمَا، فَلَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجِدُ رِيحَهُ مِنَ الرَّجُلِ فَيَأْمُرُ بِهِ فَيُخْرَجُ إِلَى الْبَقِيعِ.

خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ تم لوگ ان دو درختوں کو کھاتے ہو' یعنی دو بودار درخت پیاز اور لہسن' اگر تم نے ضرور ایسا کرنا ہے تم پکا کر ان کی بو کو ختم کر دو پھر انہیں کھاؤ کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ کو کسی آدمی سے اس کی بو محسوس ہوتی تو آپ ﷺ اس کے بارے میں حکم دیتے تھے تو اسے بقیع کی طرف نکال دیا جاتا تھا۔

12- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا حُصَيْنٌ قَالَ سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ أَبِي الْجَعْدِ يُحَدِّثُ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ مِثْلَهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. وَلَمْ يَذْكُرْ حُصَيْنٌ مَعْدَانَ.

حضرت سالم بن ابوالجعد از حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت بیان کرتے ہیں' اس میں راوی حصین نے معدان راوی کا ذکر نہیں کیا۔

13- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ أَوَّلًا قَبْلَ أَنْ نَلْقَى الزُّهْرِيَّ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ الزُّهْرِيِّ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ قَالَ: أَتَيْتُ بِمِائَةِ دِينَارٍ أَبْغِي بِهَا صَرْفًا، فَقَالَ طَلْحَةُ: عِنْدَنَا صَرْفٌ، انْتَظِرْ يَأْتِي خَازِنُنَا مِنَ الْغَابَةِ. وَأَخَذَ مِنِّي الْمِائَةَ الدِّينَارِ.

حضرت مالک بن اوس بن حدثان رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں ایک سو دینار لے کر آیا کہ مجھے اس کا کھلا چاہیے' تو حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ بولے: ہمارے پاس کھلا ہے تم ٹھہرو تاکہ خزانچی جنگل سے آجائے' انہوں نے مجھ سے ایک سو دینار لے لیے۔

فَقَالَ لِي عُمَرُ: لَا تُفَارِقْهُ، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الذَّهَبُ بِالْوَرِقِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ، وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ،

تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: تم اس سے الگ نہ ہونا' کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: چاندی کے بدلے میں سونے کا

13- سنن ابن ماجہ' باب من اکل الثوم فلا یقربن المسجد' جلد 1' صفحہ 324' رقم: 1014
صحیح ابن خزیمہ' باب الدلیل علی أن النهی عن اتیان المسجد لا کلهن شیئا' جلد 3' صفحہ 84' رقم: 1666
صحیح مسلم' باب نہی من اکل ثوما او بصلا او کراثا او نحوها' جلد 2' صفحہ 81' رقم: 1286
مسند البزار' مسند عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ' جلد 1' صفحہ 77' رقم: 314
مصنف ابن أبی شیبة' باب ما جاء فی خلافة عمر بن الخطاب' جلد 7' صفحہ 457' رقم: 37062

وَالشَّعِيرُ بِالشَّعِيرِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ، وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ. فَلَمَّا جَاءَ الزُّهْرِيُّ لَمْ يَذْكُرْ هَذَا الْكَلَامَ.

لین دین سود ہے ماسوائے اس کے جو ہاتھ بہ ہاتھ ہو۔ گندم کے بدلے گندم کا لین دین سود ہے سوائے اس کے جو ہاتھ بہ ہاتھ ہو۔ جو کے بدلے جو کا لین دین سود ہے سوائے اس کے جو ہاتھ بہ ہاتھ ہو۔ کھجور کے بدلے میں کھجور کا لین دین سود ہے ماسوائے اس کے جو ہاتھ بہ ہاتھ ہو۔ جب زہری آئے تو راوی نے اس کلام کو نقل نہیں کیا۔

14- وَسَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يَقُولُ سَمِعْتُ مَالِكَ بْنَ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ النَّصْرِيَّ يَقُولُ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الذَّهَبُ بِالْوَرِقِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ، وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ، وَالشَّعِيرُ بِالشَّعِيرِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ، وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ.

اور میں نے زہری کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' وہ کہتے ہیں کہ میں نے مالک بن اوس رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے۔ وہ کہتے ہیں: میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: ''چاندی کے بدلے سونے کا لین دین سود ہے ماسوائے اس کے جو ہاتھ بہ ہاتھ ہو۔ اور گندم کے بدلے گندم کا لین دین سود ہے ماسوائے اس کے جو ہاتھ بہ ہاتھ ہو۔ اور جو کے بدلے جو کا لین دین سود ہے ماسوائے اس کے جو ہاتھ بہ ہاتھ ہو۔ اور کھجور کے بدلے کھجور کا لین دین سود ہے سوائے اس کے جو ہاتھ بہ ہاتھ ہو۔''

قَالَ الْحُمَيْدِيُّ قَالَ سُفْيَانُ: وَهَذَا أَصَحُّ حَدِيثٍ رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هَذَا، يَعْنِي فِي الصَّرْفِ.

امام حمیدی بیان کرتے ہیں سفیان نے کہا کہ اس بارے یعنی صرف میں منقول احادیث میں یہ روایت از نبی اکرم ﷺ سب سے زیادہ صحیح ہے۔

14- صحیح ابن حبان' باب الرباء' جلد 11' صفحہ 386' رقم: 5013
المنتقی لابن الجارود' باب ما جاء فی الربا' جلد 1' صفحہ 164' رقم: 651
اطراف المسند المعتلی' حدیث مالک بن اوس عن عمر' جلد 5' صفحہ 72' رقم: 6649
السنن الصغری للبیهقی' باب تحریم الربا' جلد 2' صفحہ 59' رقم: 1937
سنن ابن ماجہ' باب صرف الذهب بالورق' جلد 2' صفحہ 759' رقم: 2259

15- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ اَخْبَرَنِي طَاوُسٌ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: بَلَغَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ اَنَّ سَمُرَةَ بَاعَ خَمْرًا، فَقَالَ: قَاتَلَ اللّٰهُ سَمُرَةَ، اَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ، حُرِّمَتْ عَلَيْهِمُ الشُّحُوْمُ فَجَمَلُوْهَا فَبَاعُوْهَا.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو یہ اطلاع ملی کہ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ شراب بیچتے ہیں تو وہ بولے اللہ تعالیٰ سمرہ کو برباد کرے! کیا اسے علم نہیں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ "اللہ تعالیٰ یہودیوں پر لعنت کرے کہ جب ان کے لیے چربی کو حرام قرار دیا گیا تو انہوں نے اسے پگھلا کر بیچا۔"

16- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ قَالَ اَخْبَرَنِي فُلَانٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: رَاَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُوْلُ بِيَدِهِ عَلَى الْمِنْبَرِ هٰكَذَا - يَعْنِي يُحَرِّكُهَا يَمِيْنًا وَشِمَالًا - عُوَيْمِلٌ لَنَا بِالْعِرَاقِ، عُوَيْمِلٌ لَنَا بِالْعِرَاقِ خَلَطَ فِي فَيْءِ الْمُسْلِمِيْنَ اَثْمَانَ الْخَمْرِ وَالْخَنَازِيْرِ، وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَعَنَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ، حُرِّمَتْ عَلَيْهِمُ الشُّحُوْمُ فَجَمَلُوْهَا فَبَاعُوْهَا .يَعْنِي اَذَابُوْهَا.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو منبر پر اپنے ہاتھ سے اس طرح اشارہ کرتے ہوئے یعنی اپنے ہاتھ کو دائیں اور بائیں طرف حرکت دیتے ہوئے یہ کہتے ہوئے سنا عراق میں ہمارے عمال (یعنی گورنر) نے مسلمانوں کے مال فے میں شراب اور خنزیر کی قیمتیں شامل کر دی ہیں' حالانکہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: "اللہ تعالیٰ یہودیوں پر لعنت کرے ان کے لیے چربی کو حرام قرار دیا گیا تو انہوں نے اسے پگھلا کر فروخت کیا۔" جمل: یعنی انہوں نے اسے پگھلا دیا۔

-15 المنتقى لابن الجارود' باب فى التجارات' جلد 1' صفحه 149' رقم:578

اتحاف الخيره المهرة للبوصيرى' باب فيمن حرمت عليهم الشحوم فباعوها فاكلوا ثمنا' جلد 3' صفحه 338' رقم:2864

السنن الصغرىٰ للبيهقى' باب الشفعة' جلد 2' صفحه 132' رقم:2232

سنن ابن ماجه' باب التجارة فى الخمر' جلد 2' صفحه 1122' رقم:3383

سنن الدارمى' باب النهى عن الخمر وشرائها' جلد 2' صفحه 156' رقم:2104

-16 السنن الكبرىٰ للبيهقى' باب لا ياخذ منهم فى الجزية خمرا ولا خنزيرا' جلد 9' صفحه 205' رقم:19208

جامع الاصول لابن اثير' مسند عمر بن الخطاب' جلد 7' صفحه 283' رقم:30078

مصنف عبد الرزاق' باب بيع الخمر' جلد 8' صفحه 196' رقم:14855

جامع الاحاديث للسيوطى' مسند عمر بن الخطاب' جلد 27' صفحه 283' رقم:30078

كنز العمال للهندى' باب بيع الخمر' جلد 4' صفحه 291' رقم:9982

17- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ مَالِكَ بْنَ اَنَسٍ يَسْاَلُ زَيْدَ بْنَ اَسْلَمَ فَقَالَ زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ سَمِعْتُ اَبِي يَقُوْلُ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ حَمَلْتُ عَلَى فَرَسٍ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ فَرَاَيْتُهُ يُبَاعُ، فَسَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَشْتَرِيْهِ؟ فَقَالَ: لَا تَشْتَرِهِ وَلَا تَعُدْ فِي صَدَقَتِكَ.

حضرت امام مالک بن انس نے زید بن اسلم سے سوال کیا تو زید بن اسلم نے کہا کہ میں نے اپنے والد کو سنا ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے اپنا ایک گھوڑا اللہ کی راہ میں دیا پھر بعد میں میں نے اس گھوڑے کو فروخت ہوتے ہوئے دیکھا تو میں نے رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا: میں اسے خرید لوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تم اسے نہ خریدو اور اپنا صدقہ واپس مت لو۔

18- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِيِّ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ مِثْلَهُ، اِلَّا اَنَّهُ قَالَ: رَآهَا تُبَاعُ اَوْ بَعْضَ نِتَاجِهَا.

حضرت ابوسختیانی از ابن سیرین از حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ اسی کی مثل روایت کی گئی ہے' البتہ اس میں یہ الفاظ ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے فروخت ہوتے ہوئے دیکھا تھا یا شائد اس کے بچوں میں سے کسی جانور کو فروخت ہوتے ہوئے دیکھا تھا۔

19- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْعُمَرِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: حج

-17 صحيح بخارى' باب هل يشترى صدقته' جلد 2' صفحه 542' رقم:1419

مؤطا امام مالك' باب اشتراء الصدقة والعود فيها' جلد 1' صفحه 282' رقم:624

السنن الكبرىٰ للبيهقى' باب كراهية اتباع ما تصدق به من يدى من تصدق عليه' جلد 4' صفحه 151' رقم:7881

سنن ابوداؤد' باب الرجل يتباع صدقته' جلد 2' صفحه 21' رقم:1595

صحيح ابن حبان' باب الرجوع فى الهبة' جلد 11' صفحه 525' رقم:5124

-19 مسند امام احمد بن حنبل' مسند عمر بن الخطاب' جلد 1' صفحه 25' رقم:166

مصنف عبد الرزاق' باب هل يعود الرجل فى صدقته' جلد 9' صفحه 117' رقم:16573

اطراف المسند المعتلى' حديث اسلم مولى عمر' جلد 5' صفحه 17' رقم:6528

كنز العمال للهندى' باب الرجوع عن الهبة' جلد 16' صفحه 919' رقم:46218

جامع الاحاديث للسيوطى' مراسيل محمد بن سيرين' جلد 17' صفحه 151' رقم:44517

بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : تَابِعُوا بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ فَاِنَّ مُتَابَعَةً بَيْنَهُمَا يَزِيدَانِ فِي الْاَجَلِ، وَيَنْفِيَانِ الْفَقْرَ وَالذُّنُوبَ كَمَا يَنْفِي الْكِيرُ الْخَبَثَ .

اور عمرے کی متابعت کرو کیونکہ ان دونوں کی متابعت میں زندگی میں اضافہ ہوتا ہے اور غربت اور گناہ ختم ہوتے ہیں جس طرح بھٹی لوہے کے میل کچیل کو دور کر دیتی ہے۔

20 – قَالَ سُفْيَانُ: هٰذَا الْحَدِيثُ حَدَّثَنَاهُ عَبْدُ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيُّ عَنْ عَبْدَةَ عَنْ عَاصِمٍ فَلَمَّا قَدِمَ عَبْدَةُ اَتَيْنَاهُ لِنَسْاَلَهُ فَقَالَ: اِنَّمَا حَدَّثَنِيهِ عَاصِمٌ وَّهٰذَا عَاصِمٌ حَاضِرٌ، فَذَهَبْنَا اِلٰى عَاصِمٍ فَسَاَلْنَاهُ عَنْهُ فَحَدَّثَنَا بِهِ هٰكَذَا، ثُمَّ سَمِعْتُهُ مِنْهُ بَعْدَ ذٰلِكَ، فَمَرَّةً يَقِفُهُ عَلٰى عُمَرَ وَلَا يَذْكُرُ فِيهِ عَنْ اَبِيهِ، وَاَكْثَرُ ذٰلِكَ كَانَ يُحَدِّثُهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

حضرت سفیان کہتے ہیں کہ یہ روایت راوی عبدالکریم نے عبدہ راوی کے حوالے سے از عاصم بیان کی تھی۔ پس جب عبدہ آئے تو ہم اس روایت کے بارے میں جاننے کے لیے ان کے پاس حاضر ہوئے تو انہوں نے بتایا: عاصم نے یہ روایت مجھے سنائی ہے اور عاصم یہ موجود ہیں تو ہم لوگ عاصم کے پاس گئے اور ان سے اس روایت کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے یہ روایت اسی طرح ہمیں سنائی۔ پھر اس کے بعد میں نے ان سے سنا کہ ایک مرتبہ انہوں نے اس روایت کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ تک موقوفاً بیان کیا اور ایک مرتبہ انہوں نے اس کی سند میں اپنے والد کا ذکر نہیں کیا۔ لیکن اکثر اوقات وہ اس روایت کو عبداللہ بن عامر از والد خود از حضرت عمر رضی اللہ عنہ از رسول اللہ ﷺ بیان کرتے ہیں۔

قَالَ سُفْيَانُ: وَرُبَّمَا سَكَتْنَا عَنْ هٰذِهِ الْكَلِمَةِ: يَزِيدَانِ فِي الْاَجَلِ . فَلَا نُحَدِّثُ بِهَا مَخَافَةَ اَنْ يَّحْتَجَّ بِهَا هٰؤُلَاءِ – يَعْنِي الْقَدَرِيَّةَ – وَلَيْسَ لَهُمْ فِيهَا حُجَّةٌ.

سفیان کہتے ہیں: بعض اوقات وہ ہمارے سامنے یہ الفاظ بھی بیان نہیں کرتے تھے۔ ''یہ دونوں زندگی میں اضافہ کرتے ہیں۔'' تو ہم ان کلمات کو حدیث میں بیان نہیں کرتے ہیں اس خوف کی وجہ سے کہ کہیں وہ لوگ اس کے ذریعے استدلال نہ کریں۔ سفیان کی مراد وہ لوگ تھے جو تقدیر کا انکار کرتے ہیں حالانکہ اس روایت میں ان کے لیے کوئی دلیل نہیں ہے۔

20- اتحاف الخیرہ المہرۃ للبوصیری، باب اتمام الحج والعمرۃ وفضل متابعتهما، جلد 3، صفحہ 49، رقم: 2482
مجمع الزوائد للهیثمی، باب المتابعة بین الحج، جلد 3، صفحہ 604، رقم: 5654
جامع الاحادیث للسیوطی، حرف التاء، جلد 11، صفحہ 194، رقم: 10548
کنز العمال، احکام العمرۃ من الاکمال، جلد 5، صفحہ 200، رقم: 12308

21 – حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ اَبِي لُبَابَةَ – حَفِظْنَاهُ مِنْهُ غَيْرَ مَرَّةٍ – قَالَ سَمِعْتُ اَبَا وَائِلٍ: شَقِيقَ بْنَ سَلَمَةَ يَقُولُ كَثِيرًا مَا يَقُولُ: ذَهَبْتُ اَنَا وَمَسْرُوقٌ اِلَى الصُّبَيِّ بْنِ مَعْبَدٍ نَسْتَذْكِرُهُ هٰذَا الْحَدِيثَ، فَقَالَ الصُّبَيُّ: كُنْتُ رَجُلًا نَصْرَانِيًّا فَاَسْلَمْتُ فَخَرَجْتُ اُرِيدُ الْحَجَّ، فَلَمَّا كُنْتُ بِالْقَادِسِيَّةِ اَهْلَلْتُ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ جَمِيعًا، فَسَمِعَنِي سَلْمَانُ بْنُ رَبِيعَةَ وَزَيْدُ بْنُ صُوحَانَ فَقَالَا: لَهٰذَا اَضَلُّ مِنْ بَعِيرِ اَهْلِهِ . فَكَاَنَّمَا حُمِلَ عَلَيَّ بِكَلِمَتِهِمَا جَبَلٌ، فَلَقِيتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَاَخْبَرْتُهُ فَاَقْبَلَ عَلَيْهِمَا فَلَامَهُمَا، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيَّ فَقَالَ: هُدِيتَ لِسُنَّةِ نَبِيِّكَ، هُدِيتَ لِسُنَّةِ نَبِيِّكَ.

حضرت ابو وائل شقیق بن سلمہ روایت کرتے ہیں کہ میں اور مسروق صبی بن معبد کے پاس گئے تا کہ ان سے اس حدیث کے بارے میں تذکرہ کریں تو صبی نے کہا: میں ایک عیسائی تھا پس میں نے اسلام قبول کیا تو حج کرنے کے ارادے سے نکلا' جب میں قادسیہ پہنچا تو وہاں میں نے حج اور عمرے دونوں کا اکٹھا احرام باندھا۔ سلمان بن ربیعہ اور زید بن صوحان نے مجھے سنا تو وہ بولے یہ شخص اپنے گھر کے اونٹ سے زیادہ گمراہ ہے۔ ان کے ان کلمات کی وجہ سے گویا میرے اوپر پہاڑ ٹوٹ پڑا' جب میری ملاقات حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے ہوئی تو میں نے انہیں اس بارے میں بتایا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان دونوں کی طرف متوجہ ہوئے اور ان دونوں کو ملامت کی پھر میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ تمہارے نبی کی سنت کی طرف تمہاری رہنمائی کی گئی ہے۔ تمہارے نبی کی سنت کی طرف تمہاری رہنمائی کی گئی ہے۔

قَالَ سُفْيَانُ: يَعْنِي اَنَّهُ قَدْ جَمَعَ بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَجَازَهُ وَلَيْسَ اَنَّهُ فَعَلَهُ هُوَ .

سفیان کہتے ہیں: اس سے مراد یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ حج اور عمرہ اکٹھا ادا کیا تھا۔ اور رسول اللہ ﷺ نے اسے درست

21- السنن الکبرى للبیهقی، باب جواز القرآن وهو الجمع بین الحج والعمرۃ، جلد 4، صفحہ 352، رقم: 9034
المعجم الاوسط للطبرانی، من اسمه علی، جلد 4، صفحہ 126، رقم: 3781
صحیح ابن حبان، باب القرآن، جلد 9، صفحہ 219، رقم: 3910
مسند امام احمد بن حنبل، مسند عمر بن الخطاب، جلد 1، صفحہ 14، رقم: 83
مصنف ابن ابی شیبة، باب فیمن قرن بین الحج والعمرۃ، جلد 3، صفحہ 726، رقم: 14497

قرار دیا ہے۔اس سے مراد یہ نہیں ہے کہ آپ نے خود ایسا کیا ہے۔

22- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ وَبِشْرُ بْنُ بَكْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ حَدَّثَنِي عِكْرِمَةُ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ وَهُوَ بِوَادِي الْعَقِيقِ: اَتَانِي اللَّيْلَةَ اٰتٍ مِنْ رَبِّي فَقَالَ: صَلِّ فِي هٰذَا الْوَادِي الْمُبَارَكِ وَقَالَ: عُمْرَةٌ فِي حَجَّةٍ.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے اور آپ ﷺ اس وقت وادی عقیق میں موجود تھے۔ ''آج رات میرے رب کی طرف سے بھیجا ہوا میرے پاس آیا اور بولا: آپ اس مبارک وادی میں نماز ادا کیجئے اور کہا کہ عمرہ حج میں ہے۔''

23- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ قَالَ اَخْبَرَنِي اَبِي قَالَ سَمِعْتُ عَاصِمَ بْنَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَقْبَلَ اللَّيْلُ مِنْ هَا هُنَا وَاَدْبَرَ النَّهَارُ مِنْ هَا هُنَا، وَغَرَبَتِ الشَّمْسُ فَقَدْ اَفْطَرَ الصَّائِمُ.

حضرت عاصم بن عمر بن خطاب اپنے والد سے، رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ''جب رات اس طرف سے آ جائے اور دن اس طرف سے چلا جائے اور سورج ڈوب جائے تو روزہ دار کو چاہیے کہ روزہ افطار کر لے۔''

22- السنن الکبری للبیھقی، باب من اختار القران وزعم ان النبی کان قارنا، جلد 5، صفحہ 14، رقم: 9108
صحیح بخاری، باب قول النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم العتیق واد مبارک، جلد 2، صفحہ 556، رقم: 1461
مسند امام احمد بن حنبل، مسند عمر بن الخطاب، جلد 1، صفحہ 24، رقم: 161
نصب الرایۃ لاحادیث الھدایۃ، باب القران، جلد 3، صفحہ 108
صحیح مسلم، باب التعریس بذی الحلیفۃ والصلاۃ بھا اذا صدر من الحج او العمرۃ، جلد 1، صفحہ 381، رقم: 1346

23- مسند البزار، احادیث عاصم بن عمر عن ابیہ، جلد 1، صفحہ 344، رقم: 262
السنن الصغری للبیھقی، باب وقت الصوم، جلد 1، صفحہ 408، رقم: 1350
جامع الاصول لابن اثیر، النوع الاوّل فی وقت الافطار، جلد 6، صفحہ 371، رقم: 4549
مستخرج ابی عوانۃ، باب الدلیل عن ان الصائم اذا واصل کان مفطرا، جلد 4، صفحہ 40، رقم: 2251
مصنف ابن ابی شیبۃ، باب تعجیل الافطار وما ذکر فیہ، جلد 3، صفحہ 11، رقم: 9034

24- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَعْمَرٍ وَغَيْرِهِ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ حُوَيْطِبِ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى عَنِ ابْنِ السَّعْدِيِّ: اَنَّهُ قَدِمَ عَلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ مِنَ الشَّامِ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: اَلَمْ اُخْبَرْ اَنَّكَ تَلِي اَعْمَالًا مِنْ اَعْمَالِ الْمُسْلِمِينَ فَتُعْطَى عُمَالَتَكَ فَلَا تَقْبَلُ ؟ فَقُلْتُ: اَجَلْ، اِنَّ لِي اَفْرَاسًا اَوْ لِي اَعْبُدٌ وَاَنَا بِخَيْرٍ، وَاُرِيدُ اَنْ يَكُونَ عَمَلِي صَدَقَةً عَلَى الْمُسْلِمِينَ . فَقَالَ عُمَرُ: فَلَا تَفْعَلْ، فَاِنِّي قَدْ اَرَدْتُ مِثْلَ الَّذِي اَرَدْتَ، وَاِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعْطِينِي الْعَطَاءَ فَاَقُولُ اَعْطِهِ مَنْ هُوَ اَحْوَجُ اِلَيْهِ مِنِّي، وَاِنَّهُ اَعْطَانِي مَرَّةً مَالًا، فَقُلْتُ: اَعْطِهِ مَنْ هُوَ اَحْوَجُ اِلَيْهِ مِنِّي. فَقَالَ: يَا عُمَرُ مَا اٰتَاكَ اللّٰهُ بِهِ مِنْ هٰذَا الْمَالِ عَنْ غَيْرِ مَسْاَلَةٍ وَلَا اِشْرَافِ نَفْسٍ فَخُذْهُ فَتَمَوَّلْهُ وَتَصَدَّقْ بِهِ، وَمَا لَا فَلَا تُتْبِعْهُ نَفْسَكَ .

حضرت ابن سعدی روایت کرتے ہیں کہ وہ شام سے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا مجھے پتہ چلا ہے تم مسلمانوں کی عمال کی ذمہ داری ادا کرتے رہے ہو؟ جب تمہیں تنخواہ دی گئی تو تم نے اسے قبول نہیں کیا میں نے جواب دیا: ہاں! میرے پاس گھوڑے ہیں۔میرے پاس غلام ہیں اور میں اچھی حالت میں ہوں۔میں تو یہ چاہتا ہوں کہ میری تنخواہ مسلمانوں کے لیے صدقہ ہو جائے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم ایسا نہ کرو کیونکہ جو ارادہ تم نے کیا ہے یہ ارادہ ایک مرتبہ میں نے بھی کیا تھا اور رسول اللہ ﷺ جب مجھے کچھ عطا کرتے تو میں یہ عرض کرتا کہ آپ یہ اسے دے دیں جس کو مجھ سے زیادہ ضرورت ہے۔ایک مرتبہ آپ ﷺ نے مجھے مال دیا تو میں نے عرض کی: آپ یہ اسے عطا کر دیجئے جسے مجھ سے زیادہ اس کی ضرورت ہو، تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اے عمر! اللہ تعالیٰ مانگے بغیر اور تمہاری دلچسپی ظاہر کیے بغیر اس مال میں سے جو کچھ تمہیں عطا کرے اسے لے لو اور اس کے ذریعے اپنے مال میں اضافہ کرو اسے صدقہ کرو اور جو مال ایسا نہ ہو تو تم اس کے پیچھے اپنے آپ کو نہ لگاؤ۔''

24- سنن النسائی الکبریٰ، باب من آتاہ اللّٰہ مالا من غیر مسألۃ، جلد 2، صفحہ 56، رقم: 2386
السنن الکبریٰ للبیھقی، باب اعطاء الغنی من التطوع، جلد 6، صفحہ 183، رقم: 12398
سنن الدارمی، باب النھی عن رد الھدیۃ، جلد 1، صفحہ 475، رقم: 1647
صحیح ابن خزیمۃ، باب اعطاء العامل علی الصدقۃ، جلد 4، صفحہ 67، رقم: 2365
صحیح بخاری، باب رزق الحکام والعاملین علیھا، جلد 6، صفحہ 262، رقم: 6744
صحیح مسلم، باب الاباحۃ الاخذ لمن اعطی من غیر مسألۃ ولا اشراف، جلد 3، صفحہ 98، رقم: 2452

25- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ وَمَعْمَرٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّهُ سَمِعَ مَالِكَ بْنَ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ يَقُولُ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُولُ: إِنَّ أَمْوَالَ بَنِي النَّضِيرِ كَانَتْ مِمَّا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَى رَسُولِهِ مِمَّا لَمْ يُوجِفِ الْمُسْلِمُونَ عَلَيْهِ بِخَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ، فَكَانَتْ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِصَةً، فَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنْفِقُ عَلَى أَهْلِهِ مِنْهُ نَفَقَةَ سَنَةٍ، وَمَا بَقِيَ جَعَلَهُ فِي الْكُرَاعِ وَالسِّلَاحِ عُدَّةً فِي سَبِيلِ اللَّهِ.

قَالَ أَبُو بَكْرٍ: وَكَانَ سُفْيَانُ رُبَّمَا قَالَ فِي هَذَا الْحَدِيثِ: يَحْبِسُ مِنْهُ نَفَقَةَ سَنَتِهِ.

حضرت مالک بن اوس بن حدثان بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ بنونضیر کا مال وہ جو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو مال فے کے طور پر عطا کیا ہے۔ مسلمانوں نے ان کے لیے گھوڑے اور سواریاں نہیں دوڑائیں یہ مال رسول اللہ ﷺ کے لیے خالص ہے۔ رسول اللہ ﷺ اپنے اہل خانہ پر سالانہ خرچ کرتے تھے اور جو باقی بچ جاتا تھا' اسے گھوڑوں اور اسلحہ کے لیے یعنی اللہ کی راہ میں تیاری کے لیے استعمال کرتے تھے۔

امام ابوبکر حمیدی بیان کرتے ہیں کہ کبھی سفیان نے اس روایت میں یہ الفاظ کہے ہیں: آپ ﷺ اس مال میں سے سال کا خرچ روک لیتے تھے۔

26- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أَبِي الْعَجْفَاءِ السُّلَمِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُولُ: أَلَا لَا تَغْلُوا صُدُقَ النِّسَاءِ، فَإِنَّهَا لَوْ كَانَتْ مَكْرُمَةً فِي الدُّنْيَا أَوْ تَقْوَى عِنْدَ اللَّهِ كَانَ أَوْلَاكُمْ أَوْ أَحَقَّكُمْ بِهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا عَلِمْتُ

حضرت ابوعجفہ سلمی بیان کرتے ہیں میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: خبردار! تم لوگ عورتوں کے مہر زیادہ مقرر نہ کرو کیونکہ اگر یہ چیز دنیا میں معزز ہوتی یا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تقویٰ کا ذریعہ ہوتی تو تم سے زیادہ لائق اور تم سے زیادہ حقدار نبی اکرم ﷺ تھے۔ میرے علم کے مطابق رسول اللہ ﷺ

25- صحیح بخاری' باب المحجن ومن یتترس بترس صاحبہ' جلد 3' صفحہ 106' رقم: 2748
صحیح مسلم' باب حکم الفیء' جلد 3' صفحہ 137' رقم: 1757
السنن الکبریٰ للبیھقی' باب ما جاء فی مصرف اربعۃ اغماس الفی' جلد 6' صفحہ 345' رقم: 13349
المعجم الاوسط للطبرانی' من اسمہ مفضل' جلد 9' صفحہ 82' رقم: 9191

26- سنن سعید بن منصور' باب ما جاء فی الصداق' جلد 1' صفحہ 165' رقم: 596
سنن ابوداؤد' باب الصدق' جلد 2' صفحہ 199' رقم: 2108
المستدرك للحاکم' کتاب النکاح' جلد 2' صفحہ 472' رقم: 2725
صحیح ابن حبان' باب فضل الجھاد' جلد 10' صفحہ 480' رقم: 4620
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ' جلد 1' صفحہ 40' رقم: 285

رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ امْرَأَةً مِنْ نِسَائِهِ وَلَا أَنْكَحَ ابْنَةً مِنْ بَنَاتِهِ عَلَى أَكْثَرَ مِنْ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ أُوقِيَّةً، وَإِنَّ أَحَدَكُمُ الْيَوْمَ لَيُغْلِي بِصَدُقَةِ الْمَرْأَةِ حَتَّى تَكُونَ لَهَا عَدَاوَةٌ فِي نَفْسِهِ حَتَّى يَقُولَ كَلِفْتُ إِلَيْكِ عَلَقَ الْقِرْبَةِ. قَالَ: وَكُنْتُ غُلَامًا شَابًّا فَلَمْ أَدْرِ مَا عَلَقُ الْقِرْبَةِ.

نے اپنی ازواج میں سے جس زوجہ کے ساتھ بھی نکاح کیا یا اپنی بیٹیوں میں سے جس بیٹی کا بھی نکاح کیا' ان میں سے کسی کا مہر بارہ اوقیہ سے زیادہ مقرر نہیں کیا لیکن آج تم اپنی بیوی کا مہر زیادہ ادا کرتے ہو' حتیٰ کہ اس کے دل میں اس عورت کے لیے بغض پیدا ہو جاتا ہے اور وہ یہ کہتا ہے تمہاری وجہ سے مجھے پریشانی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ میں ایک نوجوان تھا مجھے یہ سمجھ نہیں آئی کہ ''علق القربۃ'' سے کیا مراد ہے۔

قَالَ: وَأُخْرَى تَقُولُونَهَا لِبَعْضِ مَنْ يُقْتَلُ فِي مَغَازِيكُمْ هَذِهِ: قُتِلَ فُلَانٌ شَهِيدًا أَوْ مَاتَ فُلَانٌ شَهِيدًا، وَلَعَلَّهُ أَنْ يَكُونَ قَدْ أَوْقَرَ دَفَّ رَاحِلَتِهِ أَوْ عَجُزَهَا ذَهَبًا أَوْ وَرِقًا يَلْتَمِسُ التِّجَارَةَ، فَلَا تَقُولُوا ذَاكُمْ، وَلَكِنْ قُولُوا كَمَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْ كَمَا قَالَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قُتِلَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَهُوَ فِي الْجَنَّةِ.

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دوسری بات یہ ہے کہ تم لوگ کسی غزوہ میں قتل ہو جانے والے کے متعلق یہ کہتے ہو: فلاں شہید ہوا ہے یا فلاں آدمی فوت ہوا' وہ شہید ہے جبکہ شاید اس نے اپنی سواری پر بوجھ لادا ہوا ہو اور وہ گر پڑی ہو یا چلنے سے عاجز آ گئی ہو یا وہ سونے اور چاندی کے ساتھ تجارت کرنے جا رہا ہو تو تم لوگ یہ مت کہو بلکہ تم یہ کہو جیسے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے یا جیسے حضرت محمد ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: ''جو شخص اللہ کی راہ میں قتل ہوگا وہ جنت میں جائے گا۔''

قَالَ سُفْيَانُ: كَانَ أَيُّوبُ أَبَدًا يَشُكُّ فِيهِ هَكَذَا، أَوْ قَالَ سُفْيَانُ: فَإِنْ كَانَ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَ بِهِ هَكَذَا وَإِلَّا فَلَمْ يُحْفَظْ.

سفیان کہتے ہیں: راوی ایوب ہمیشہ اس روایت کے الفاظ میں شک میں رہے۔ یا سفیان کہتے ہیں: اگر تو حماد بن زید نے بھی اس روایت کو انہی الفاظ میں بیان کیا ہے ورنہ یہ روایت محفوظ نہیں ہے۔

27- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنِي

حضرت عبید اللہ بن ابو یزید بیان کرتے ہیں کہ

27- سنن الکبریٰ للبیھقی' باب الولد للفراش ما لم ینفہ رب الفراش باللعان' جلد 2' صفحہ 404' رقم: 15722
مسند الشافعی' الباب السادس فیما جاء فی النسب' جلد 1' صفحہ 37' رقم: 93
مصنف عبد الرزاق' باب الحجر وبعضہ من الکعبۃ' جلد 5' صفحہ 128' رقم: 9152
الفقیہ والمتفقہ للخطیب' باب فی سقوط الاجتھاد مع وجود النص' جلد 2' صفحہ 105' رقم: 544
جامع الاحادیث للسیوطی' مسند عمر بن الخطاب' جلد 15' صفحہ 365' رقم: 28160

عُبَيْدُ اللهِ بْنُ اَبِیْ يَزِيْدَ اَخْبَرَنِیْ اَبِیْ قَالَ: اَرْسَلَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اِلٰى شَيْخٍ مِنْ بَنِیْ زُهْرَةَ مِنْ اَهْلِ دَارِنَا – قَدْ اَدْرَكَ الْجَاهِلِيَّةَ – فَجِئْتُ مَعَ الشَّيْخِ اِلٰى عُمَرَ وَهُوَ فِی الْحِجْرِ، فَسَاَلَهٗ عُمَرُ عَنْ وِلَادٍ مِنْ وِلَادِ الْجَاهِلِيَّةِ، فَقَالَ الشَّيْخُ: اَمَّا النُّطْفَةُ فَمِنْ فُلَانٍ، وَاَمَّا الْوَلَدُ فَعَلٰى فِرَاشِ فُلَانٍ. فَقَالَ عُمَرُ: صَدَقْتَ، وَلٰكِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِالْفِرَاشِ، فَلَمَّا وَلَّى الشَّيْخُ دَعَاهُ عُمَرُ فَقَالَ: اَخْبِرْنِیْ عَنْ بِنَاءِ الْكَعْبَةِ. فَقَالَ: اِنَّ قُرَيْشًا تَقَوَّتْ لِبِنَاءِ الْكَعْبَةِ فَعَجَزُوْا وَاسْتَقْصَرُوْا فَتَرَكُوْا بَعْضَهَا فِی الْحِجْرِ. فَقَالَ عُمَرُ: صَدَقْتَ.

مجھے میرے والد نے یہ بات بتائی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ہمارے علاقے بنو زہرہ کے ایک شیخ کو پیغام بھجوایا اس نے دورِ جاہلیت پایا تھا۔ میں اس بزرگ کے ساتھ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس وقت حطیم میں موجود تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے دورِ جاہلیت میں پیدا ہونے والے مولودوں کے بارے پوچھا اس شیخ نے کہا: جہاں تک نطفہ کا تعلق ہے تو وہ فلاں آدمی کا تھا جہاں تک پیدائش کا تعلق ہے تو وہ فلاں آدمی کے بستر پر ہوئی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے درست کہا لیکن رسول اللہ ﷺ نے بستر کے حق میں فیصلہ دیا ہے۔ جب وہ بزرگ شخص واپس چلا گیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں بلایا اور فرمایا کہ تم مجھے خانہ کعبہ کی تعمیر کے بارے میں بتاؤ۔ اس نے بتایا قریش خانہ کعبہ کی تعمیر میں تفاوت کیا تو عاجز آ گئے' ان کے پاس مال کم ہو گیا تو انہوں نے حجر والی جگہ کا کچھ حصہ چھوڑ دیا۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے سچ کہا ہے۔

28- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو منبر پر یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے بے شک اللہ تعالیٰ نے

28- سنن ترمذی' باب ما جاء فی تحقیق الرجم' جلد 4' صفحہ 38' رقم: 1432
صحیح مسلم' باب رجم الثیب فی الزنی' جلد 3' صفحہ 131' رقم: 1691
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عمر بن الخطاب' جلد 1' صفحہ 47' رقم: 331
مصنف عبد الرزاق' باب الرجم والاحصان' جلد 7' صفحہ 315' رقم: 13329
مسند ابو عوانة' باب ذکر الخبر المبین ان الرجم فی آیة من کتاب اللہ' جلد 4' صفحہ 123' رقم: 6258

عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُوْلُ: اِنَّ اللهَ بَعَثَ مُحَمَّدًا بِالْحَقِّ، وَاَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ، وَكَانَ مِمَّا اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةُ الرَّجْمِ، فَرَجَمَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَجَمْنَا بَعْدَهٗ.

حضرت محمد ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے اس نے ان پر کتاب نازل کی تو اس نازل شدہ کتاب میں رجم سے متعلق آیت نازل فرمائی۔ پس رسول اللہ ﷺ نے رجم (یعنی سنگسار) کروایا ہے اور آپ ﷺ کے بعد ہم نے بھی سنگسار پر عمل کروایا ہے۔

قَالَ سُفْيَانُ فَقَدْ سَمِعْتُهٗ مِنَ الزُّهْرِیِّ بِطُوْلِهٖ فَحَفِظْتُ مِنْهُ اَشْيَاءَ، وَهٰذَا مِمَّا لَمْ اَحْفَظْ مِنْهَا يَوْمَئِذٍ.

سفیان کہتے ہیں: میں نے یہ طویل روایت زہری سے سنی تھی اس وقت میں نے اس میں سے کچھ چیزیں یاد کر لیں اور یہ حصہ اس میں شامل ہے جسے میں نے اس دن یاد نہیں کیا تھا۔

29- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ اَتَيْنَا الزُّهْرِیَّ فِیْ دَارِ ابْنِ الْجَوَّازِ فَقَالَ: اِنْ شِئْتُمْ حَدَّثْتُكُمْ بِعِشْرِيْنَ حَدِيْثًا، وَاِنْ شِئْتُمْ حَدَّثْتُكُمْ بِحَدِيْثِ السَّقِيْفَةِ، وَكُنْتُ اَصْغَرَ الْقَوْمِ، فَاشْتَهَيْتُ اَنْ لَّا يُحَدِّثَ بِهٖ لِطُوْلِهٖ، فَقَالَ الْقَوْمُ: حَدِّثْنَا بِحَدِيْثِ السَّقِيْفَةِ، فَحَدَّثَنَا بِهِ الزُّهْرِیُّ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عُمَرَ فَحَفِظْتُ مِنْهُ اَشْيَاءَ، ثُمَّ حَدَّثَنِیْ بَقِيَّتَهُ الْبَعْدَ ذٰلِكَ مَعْمَرٌ.

حضرت سفیان کہتے ہیں: ہم ابن جواز کے گھر میں زہری کے پاس آئے تو وہ بولے: اگر تم لوگ چاہو تو میں تمہیں بیس حدیثیں سناؤں اور اگر تم چاہو تو میں تمہیں حدیث سقیفہ سناؤں! میں قوم میں سے سب سے چھوٹا تھا اس لیے میں نے چاہا کہ وہ طویل حدیث نہ سنائیں لیکن لوگوں نے کہا کہ آپ ہمیں حدیث سقیفہ سنائیں۔ تو انہوں نے از عبید اللہ بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود از حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ از حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی جس میں سے کچھ چیزیں میں نے یاد کر لیں اور اس روایت کا بقیہ حصہ اس کے بعد معمر نے بیان کیا۔

30- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے

29- اس متن کو روایت کرنے میں امام حمیدی منفرد ہیں۔(اللہ ورسولہ اعلم بالصواب!)
30- اتحاف الخیرة المهرة للبوصیری' باب فی تواضعه صلی اللہ علیه وسلم' جلد 7' صفحہ 32' رقم: 6426
صحیح ابن حبان' باب حق الوالدین' جلد 2' صفحہ 145' رقم: 413
صحیح بخاری' باب واذکر فی الکتاب مریم اذا انتبذت من اهلها' جلد 3' صفحہ 127' رقم: 3261
مسند أبی یعلی' مسند عمر بن الخطاب' جلد 1' صفحہ 142' رقم: 153
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عمر بن الخطاب' جلد 1' صفحہ 24' رقم: 164

سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يَقُولُ اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ سَمِعَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَا تُطْرُوْنِيْ كَمَا اَطْرَتِ النَّصَارٰى ابْنَ مَرْيَمَ، فَاِنَّمَا اَنَا عَبْدُهُ، فَقُوْلُوْا: عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ .

ہیں کہ انہوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو منبر پر یہ بیان کرتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ''تم لوگ مجھے اس طرح نہ بڑھاؤ' جس طرح نصاریٰ نے ابن مریم علیہ السلام کو بڑھا دیا' میں اللہ کا بندہ ہوں پس تم لوگ مجھ کو یوں کہا کرو: اس کے بندے اور اس کے رسول۔''

31- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيُّ اَنَّهُ سَمِعَ عَلْقَمَةَ بْنَ وَقَّاصٍ اللَّيْثِيَّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ عَلَى الْمِنْبَرِ يُخْبِرُ بِذٰلِكَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ، وَاِنَّمَا لِكُلِّ امْرِءٍ مَا نَوٰى، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ فَهِجْرَتُهُ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ، وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ اِلٰى دُنْيَا يُصِيْبُهَا اَوْ اِلَى امْرَاَةٍ يَنْكِحُهَا فَهِجْرَتُهُ اِلٰى مَا هَاجَرَ اِلَيْهِ .

جس طرح تیر نشانے سے پار ہو جاتے ہیں اور وہ لوگ دین میں واپس کبھی نہیں آئیں گے یاد رکھنا ان کی مخصوص نشانی یہ ہے کہ ان کے درمیان ایک سیاہ فام شخص ہوگا جو ایک ہاتھ سے معذور ہوگا' اس کا ایک ہاتھ عورت کی چھاتی کی طرح ہوگا اور وہ یوں حرکت کرے گا جس طرح عورت حرکت کرتی ہے۔'' راوی کہتے ہیں میرا خیال ہے روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ اس کے اردگرد سات بال ہوں گے۔ تم لوگ اسے تلاش کرنا کیونکہ میرا خیال ہے وہ ان میں ہوگا تو لوگوں نے نہر کے کنارے قتل کیے گئے لوگوں میں اس شخص کو پالیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے سچ فرمایا ہے۔ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے گلے میں عربی کمان لٹکائی ہوئی تھی انہوں نے وہ کمان اس کے معذور ہاتھ کو چھوتے ہوئے یہ بات کہی۔ راوی کہتے ہیں: جب لوگوں نے اسے دیکھا تو خوش ہو گئے اور انہوں نے اس سے خوشخبری حاصل کی اور جو الجھن انہیں محسوس ہوئی تھی وہ ختم ہوگئی۔

5 - مُسْنَدُ الزُّبَیْرِ بْنِ الْعَوَّامِ

مسند حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ

65- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ حَدَّثَنَا

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے

65- سنن ترمذی' باب من سورة الزمر' جلد 5' صفحہ 236' رقم:3236

اتحاف الخیره المهرة ' تفسیر سورة الزمر' جلد 6' صفحہ 261' رقم:5804

مستدرك للحاكم' تفسیر سورة الزمر' جلد 3' صفحہ 301' رقم:3626

جامع الاصول لابن اثیر' تفسیر سورة الزمر' جلد 3' صفحہ 336' رقم:786

مجمع الزوائد للهیثمی' باب سورة الزمر' جلد 7' صفحہ 223' رقم:11311

مسند امام احمد بن حنبل' مسند الزبیر بن العوام' جلد 1' صفحہ 164' رقم:1405

مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَاطِبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ قَالَ الزُّبَيْرُ: لَمَّا نَزَلَتْ (ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ) قَالَ الزُّبَيْرُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُكَرَّرُ عَلَيْنَا الْخُصُوْمَةُ بَعْدَ الَّذِىْ كَانَ بَيْنَنَا فِى الدُّنْيَا؟ فَقَالَ: نَعَمْ. فَقُلْتُ: اِنَّ الْاَمْرَ اِذًا لَشَدِيْدٌ.

ہیں کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: ''پھر بے شک تم لوگ قیامت کے دن اپنے پروردگار کی بارگاہ میں ایک دوسرے کے ساتھ بحث کرو گے۔'' تو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا دنیا میں جو ہمارے درمیان اختلاف ہے یہ بعد میں دوبارہ ہمارے درمیان ہو گا؟ تو آپ نے فرمایا: ہاں! تو میں نے عرض کی: پھر تو اس وقت معاملہ بہت سخت ہو گا۔

66- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِىُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَاطِبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ قَالَ الزُّبَيْرُ: لَمَّا نَزَلَتْ (ثُمَّ لَتُسْاَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ) قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاَىُّ نَعِيْمٍ نُسْاَلُ عَنْهُ؟ وَاِنَّمَا هُمَا الْاَسْوَدَانِ: التَّمْرُ وَالْمَاءُ. قَالَ: اَمَا اِنَّ ذَاكَ سَيَكُوْنُ.

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: ''پھر تم سے نعمتوں کے بارے میں ضرور ضرور سوال کیا جائے گا۔'' تو میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! کون سی نعمتوں کے بارے میں ہم سے سوال کیا جائے گا؟ حالانکہ ہمیں تو یہی دو سیاہ چیزیں ملتی ہیں کھجور اور پانی۔ آپ نے ارشاد فرمایا: ایسا ضرور ہو گا۔

قَالَ الْحُمَيْدِىُّ: وَكَانَ سُفْيَانُ رُبَّمَا قَالَ قَالَ الزُّبَيْرُ وَرُبَّمَا قَالَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ يَقُوْلُ فَقَالَ الزُّبَيْرُ.

امام حمیدی بیان کرتے ہیں کہ راوی سفیان نے کبھی یہ الفاظ روایت کیے ہیں کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اور کبھی یہ الفاظ بیان کیے کہ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے یہ منقول ہے' پھر وہ کہنے لگے کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے یہ کہا۔

67- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِىُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ ضَمْرَةَ

حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ بیان کرتے

66- اخبار مكة للفاكهي' ذكر المواضع التى دخلها رسول الله صلى الله عليه وسلم' جلد 7' صفحه 468' رقم:2846

السنن الكبرى للبيهقي' باب كراهية قتل الصيد وقطع الشجر بوج من الطائف' جلد 5' صفحه 200' رقم:10269

مسند امام احمد بن حنبل' مسند زبير بن العوام' جلد 3' صفحه 32' رقم:1416

67- الالمام باحاديث الاحكام' باب الجزية والمهادنة' جلد 2' صفحه 788' رقم:1530

السنن الصغرى للبيهقي' باب الجزية ' جلد 3' صفحه 135' رقم:4053

اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ اللَّيْثِىُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَاطِبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ (ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ) قَالَ الزُّبَيْرُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُكَرَّرُ عَلَيْنَا الَّذِىْ كَانَ بَيْنَنَا فِى الدُّنْيَا مَعَ خَوَاصِّ الذُّنُوْبِ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، حَتّٰى يُؤَدَّى اِلٰى كُلِّ ذِىْ حَقٍّ حَقُّهُ.

ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: ''پھر قیامت کے دن تم لوگ اپنے پروردگار کے سامنے ایک دوسرے سے بحث کرو گے۔'' تو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے عرض کی یا رسول اللہ! دنیا میں ہمارے درمیان یہ جو اختلاف ہے تو کیا یہ خواص ذنوب کے ساتھ دوبارہ ہم پر آئے گا تو آپ نے فرمایا: ہاں! جب تک تم میں سے ہر حقدار کو اس کا حق نہیں مل جاتا۔

68- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِىُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ الْمَخْزُوْمِىُّ حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِنْسَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنِ الزُّبَيْرِ قَالَ: اَقْبَلْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ لِيَّةَ حَتّٰى اِذَا كُنَّا عِنْدَ السِّدْرَةِ وَقَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى طَرَفِ الْقَرْنِ الْاَسْوَدِ حَذْوَهَا، فَاسْتَقْبَلَ نَخْبًا بِبَصَرِهٖ وَوَقَفَ حَتّٰى اتَّقَفَ النَّاسُ ثُمَّ قَالَ: اِنَّ صَيْدَ وَجٍّ وَعِضَاهَهُ حَرَمٌ مُحَرَّمٌ لِلّٰهِ. وَذٰلِكَ قَبْلَ نُزُوْلِهِ الطَّائِفَ وَحِصَارِهٖ ثَقِيْفًا.

حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم لوگ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ لیہ طائف کی ایک نواحی آبادی سے آ رہے تھے یہاں تک کہ جب ہم سدرہ کے پاس پہنچے تو رسول اللہ ﷺ قرن اسود کے پاس ٹھہر گئے۔ آپ ﷺ اس کے مدمقابل ٹھہرے اور آپ ﷺ نے نخب کی طرف رخ کیا۔ آپ ﷺ ٹھہرے رہے حتیٰ کہ لوگ بھی ٹھہرے رہے پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک کسی بھی جانور کا شکار اور یہاں کے کانٹے دار درخت بھی حرم کا حصہ ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے احترام والا بنایا ہے۔ (راوی کہتے ہیں:) یہ آپ (ﷺ) کے طائف میں پڑاؤ کرنے اور قبیلہ ثقیف کا محاصرہ کرنے سے پہلے کا واقعہ ہے۔

المنتقى لابن الجارود' باب الجزية ' جلد 1' صفحه 278' رقم:1105

سنن ابو داؤد' باب فى اخذ الجزية من المجوس' جلد 3' صفحه 133' رقم:3045

سنن ترمذي' باب ما جاء في أخذ الجزية من المجوس' جلد 4' صفحه 146' رقم:1586

68- الادب المفرد للبخاري' باب فضل صلة الرحم' جلد 1' صفحه 33' رقم:53

المعجم الاوسط للطبراني' من اسمه عبيد الله' جلد 5' صفحه 37' رقم:4606

مسند أبي يعلى' مسند عبد الرحمٰن بن عوف' جلد 1' صفحه 376' رقم:2301

مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الرحمٰن بن عوف' جلد 1' صفحه 194' رقم:1681

البر والصلة للمروزي' باب صلة الرحم وقطيعتها' جلد 1' صفحه 57' رقم:112

6 - مُسْنَدُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ

مسند حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ

69- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ بَجَالَةَ يَقُوْلُ: وَلَمْ يَكُنْ عُمَرُ اَخَذَ الْجِزْيَةَ مِنَ الْمَجُوسِ حَتّٰى شَهِدَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَهَا مِنْ مَجُوسِ اَهْلِ هَجَرَ.

حضرت بجالہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجوسیوں سے جزیہ وصول نہیں کیا۔ حتیٰ کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے اس بات کی گواہی دی کہ رسول اللہ ﷺ نے ھجر (ایک مقام کا نام) کے مجوسیوں سے اسے وصول کیا تھا۔

70- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ: اشْتَكٰى اَبُو الرَّدَّادِ فَعَادَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ، فَقَالَ اَبُو الرَّدَّادِ: اِنَّ اَخْيَرَهُمْ وَاَوْصَلَهُمْ - مَا عَلِمْتُ - اَبُوْ مُحَمَّدٍ. فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: يَقُوْلُ اللّٰهُ: اَنَا اللّٰهُ وَاَنَا الرَّحْمٰنُ، خَلَقْتُ الرَّحِمَ وَاشْتَقَقْتُ لَهَا اسْمًا مِّنَ اسْمِىْ، فَمَنْ وَصَلَهَا وَصَلْتُهُ، وَمَنْ قَطَعَهَا بَتَتُّهُ.

حضرت ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں ابورداد بیمار ہو گئے تو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ ان کی عیادت کے لیے آئے ابورداد نے کہا: میرے علم کے مطابق لوگوں میں سب سے زیادہ بہتر اور سب سے زیادہ رشتہ داری کے حقوق کا خیال رکھنے والے ابومحمد ہیں۔ تو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ "اللہ تعالیٰ یہ فرماتا ہے میں اللہ ہوں میں رحمٰن ہوں میں نے رحم کو پیدا کیا ہے اور میں نے اس کا نام

69- السنن الکبریٰ للبیهقی، باب الوصیة بالثلث، جلد 6، صفحه 268، رقم: 12943

المنتقی لابن الجارود، باب ما جاء فی الوصایا، جلد 1، صفحه 238، رقم: 947

سنن ابوداؤد، باب ما جاء فی لا یجوز للموصی فی ماله، جلد 3، صفحه 71، رقم: 2866

سنن الدارمی، باب الوصیة بالثلث، جلد 2، صفحه 499، رقم: 3196

سنن النسائی، باب الوصیة بالثلث، جلد 6، صفحه 241، رقم: 3626

70- المنتقی لابن الجارود، باب ما جاء فی الاطعمة، جلد 1، صفحه 223، رقم: 882

سنن ابوداؤد، باب لزوم السنة، جلد 2، صفحه 612، رقم: 4610

صحیح مسلم، باب وجوب اتباعه صلی اللّٰه علیه وسلم، جلد 7، صفحه 92، رقم: 6265

مسند امام احمد بن حنبل، مسند سعد بن ابی وقاص، جلد 1، صفحه 911، رقم: 1546

مسند أبی یعلیٰ، مسند سعد بن ابی وقاص، جلد 2، صفحه 105، رقم: 762

اپنے نام کے مطابق رکھا ہے تو جو اسے ملائے گا میں اسے ملاؤں گا اور جو اسے کاٹے گا میں اسے جڑ سے ختم کر دوں گا۔"

7 - مُسْنَدُ سَعْدِ بْنِ أَبِىْ وَقَّاصٍ

مسند حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ

71- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ اَخْبَرَنِىْ عَامِرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ اَبِىْ وَقَّاصٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ: مَرِضْتُ بِمَكَّةَ عَامَ الْفَتْحِ مَرَضًا اَشْفَيْتُ مِنْهُ عَلَى الْمَوْتِ، فَاَتَانِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُنِىْ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ لِىْ مَالاً كَثِيْرًا وَلَيْسَ يَرِثُنِىْ اِلَّا ابْنَتِى، اَفَاَتَصَدَّقُ بِثُلُثَىْ مَالِىْ؟ قَالَ: لَا. فَقُلْتُ: فَالشَّطْرُ؟ قَالَ: لَا. قُلْتُ: فَبِالثُّلُثِ؟ قَالَ: الثُّلُثُ، وَالثُّلُثُ كَثِيْرٌ، اِنَّكَ اَنْ تَتْرُكَ وَرَثَتَكَ اَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِّنْ اَنْ تَتْرُكَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُوْنَ النَّاسَ، وَاِنَّكَ لَنْ تُنْفِقَ نَفَقَةً اِلَّا اُجِرْتَ عَلَيْهَا حَتَّى اللُّقْمَةَ تَرْفَعُهَا اِلٰى فِىْ امْرَاَتِكَ. فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُخَلَّفُ عَلٰى هِجْرَتِى؟ فَقَالَ: اِنَّكَ لَنْ تُخَلَّفَ بَعْدِى فَتَعْمَلَ عَمَلاً تُرِيْدُ بِهٖ وَجْهَ اللّٰهِ تَعَالٰى اِلَّا ازْدَدْتَ بِهٖ رِفْعَةً وَدَرَجَةً، وَلَعَلَّكَ اَنْ تُخَلَّفَ بَعْدِى حَتّٰى يَنْتَفِعَ بِكَ اَقْوَامٌ وَيُضَرَّ بِكَ اٰخَرُوْنَ، اَللّٰهُمَّ اَمْضِ لِاَصْحَابِىْ هِجْرَتَهُمْ، وَلَا تَرُدَّهُمْ عَلٰى اَعْقَابِهِمْ

حضرت عامر بن سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ از والد خود روایت کرتے ہیں کہ فتح مکہ کے موقع پر میں مکہ میں بیمار ہو گیا ایسا بیمار ہوا کہ موت کے کنارے پر پہنچ گیا۔ پس رسول اللہ ﷺ میری عیادت کے لیے تشریف لائے میں نے عرض کی یا رسول اللہ! میرے پاس بہت سا مال ہے اور میری وارث صرف میری ایک بیٹی ہے تو کیا میں اپنا دو تہائی مال صدقہ کر دوں تو آپ نے فرمایا: نہیں! میں نے عرض کی: آدھا کر دوں؟ فرمایا: نہیں! میں نے عرض کی: ایک تہائی کر دوں؟ تو آپ نے فرمایا: ایک تہائی کر دو اور ایک تہائی بھی بہت ہے۔ اگر تم اپنے ورثاء کو خوشحال چھوڑ کر جاؤ تو یہ اس سے زیادہ بہتر ہے کہ تم انہیں کسمپرسی میں چھوڑ کے جاؤ کہ وہ لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلاتے پھریں۔ اور تم جو کچھ بھی خرچ کرو گے تمہیں اس کا اجر ملے گا حتیٰ کہ تم اپنی بیوی کے منہ میں جو لقمہ ڈالو گے۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا میں اپنی ہجرت سے پیچھے کر دیا جاؤں گا؟ تو آپ

71- صحیح مسلم، باب تألف قلب من یخاف علی ایمانه لضعفه والنهی، جلد 1، صفحه 91، رقم: 395

معرفة السنن والآثار للبیهقی، بیان اهل الصدقات، جلد 3، صفحه 177، رقم: 4251

سنن ابوداؤد، باب الدلیل علی زیادة الایمان ونقصانه، جلد 4، صفحه 354، رقم: 4687

المسند المستخرج علی صحیح الامام المسلم، باب الدین النصیحة، جلد 1، صفحه 214، رقم: 376

جامع الاصول لابن اثیر، الفرع الثانی فی النفل، جلد 2، صفحه 684، رقم: 1183

وَلٰكِنِ الْبَائِسُ سَعْدُ ابْنُ خَوْلَةَ يَرْثِي لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ مَاتَ بِمَكَّةَ. قَالَ سُفْيَانُ: وَسَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ رَجُلٌ مِّنْ بَنِيْ عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ.

نے فرمایا: تمہیں میرے بعد پیچھے نہیں کیا جائے گا تم جو بھی عمل کرو گے جس کے ذریعے تم نے اللہ کی رضا چاہی ہوگی تو اس کے نتیجے میں تمہاری رفعت اور مرتبے میں اضافہ ہوگا اور ہوسکتا ہے کہ تم میرے بعد بھی زندہ رہو حتی کہ بہت سے لوگ تم سے نفع حاصل کریں اور بہت سے لوگوں کو تم سے نقصان ہو۔'' اے اللہ! میرے صحابہ کی ہجرت کو باقی رکھنا اور تو انہیں ان کی ایڑیوں پر واپس نہ لوٹانا لیکن سعد بن خولہ پر افسوس ہے۔'' رسول اللہ ﷺ نے ان پر افسوس کا اظہار اس لیے کیا کیونکہ ان کا انتقال مکہ میں ہوگیا تھا۔ سفیان کہتے ہیں کہ حضرت سعد بن خولہ رضی اللہ عنہ کا تعلق بنو عامر بن لوی سے تھا۔

72- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَعْظَمُ الْمُسْلِمِيْنَ فِي الْمُسْلِمِيْنَ جُرْمًا مَنْ سَاَلَ عَنْ اَمْرٍ لَمْ يُحَرَّمْ، فَحُرِّمَ عَلَى النَّاسِ مِنْ اَجْلِ مَسْاَلَتِهٖ.

حضرت عامر بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مسلمانوں میں سے سب سے بڑا مجرم وہ ہوتا ہے جو کسی ایسے معاملے میں سوال کرے جسے حرام نہیں کیا گیا تھا اور پھر اس کے سوال کرنے کی وجہ سے وہ لوگوں کے لیے حرام ہوجائے۔

73- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ:

حضرت عامر بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے کچھ تقسیم کیا تو میں نے عرض

72- صحيح مسلم' باب تألف قلب من يخاف على ايمانه لضعفه والنهى' جلد 1' صفحه 91' رقم:395
معرفة السنن والآثار للبيهقي' بيان اهل الصدقات' جلد 3' صفحه 177' رقم:4251
سنن ابوداؤد' باب الدليل على زيادة الايمان ونقصانه' جلد 4' صفحه 354' رقم:4687
المسند المستخرج على صحيح الامام المسلم' باب الدين النصيحة' جلد 1' صفحه 214' رقم:376
جامع الاصول لابن اثير' الفرع الثانى فى النفل' جلد 2' صفحه 684' رقم:1183
73- صحيح مسلم' باب فضل عتر المدينة' جلد 6' صفحه 123' رقم:5460
سنن ابوداؤد' باب فى عترة العجوة' جلد 2' صفحه 400' رقم:3876
الآداب للبيهقي' باب التداوى بالحجامة وغيرها' جلد 1' صفحه 426' رقم:699
مسند أبى يعلى' مسند سعد بن أبى وقاص' جلد 2' صفحه 120' رقم:787
مسند امام احمد بن حنبل' مسند سعد بن أبى وقاص' جلد 1' صفحه 181' رقم:1571

قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسْمًا فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَعْطِ فُلَانًا فَاِنَّهٗ مُؤْمِنٌ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوْ مُسْلِمٌ. فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَعْطِ فُلَانًا فَاِنَّهٗ مُؤْمِنٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوْ مُسْلِمٌ. فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَعْطِ فُلَانًا فَاِنَّهٗ مُؤْمِنٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوْ مُسْلِمٌ. ثُمَّ قَالَ: اِنِّيْ لَاُعْطِي الرَّجُلَ وَغَيْرُهٗ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْهُ مَخَافَةَ اَنْ يَّكُبَّهُ اللّٰهُ فِي النَّارِ.

کی: یارسول اللہ! فلاں کو بھی کچھ دیجئے وہ مومن ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یا مسلمان ہے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ فلاں کو بھی کچھ عطا کیجئے کیونکہ وہ مومن ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یا مسلمان ہے' میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! فلاں کو کچھ عطا کیجئے کیونکہ وہ مومن ہے' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: بعض اوقات میں کسی کو کچھ دیتا ہوں حالانکہ دوسرا شخص میرے نزدیک اس سے زیادہ محبوب ہوتا ہے لیکن میں اس اندیشے کی وجہ سے اسے دیتا ہوں تاکہ اللہ تعالیٰ اسے منہ کے بل جہنم میں داخل نہ کردے۔

74- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِ هٰذَا الْحَدِيْثِ، وَزَادَ فِيْهِ: قَالَ الزُّهْرِيُّ: فَنُرٰى اَنَّ الْاِسْلَامَ الْكَلِمَةُ، وَاَنَّ الْاِيْمَانَ الْعَمَلُ.

حضرت عامر بن سعد از والد خود از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں' تاہم اس میں یہ الفاظ زائد ہیں۔ زہری کہتے ہیں کہ ہم یہ بات جان گئے ہیں کہ اسلام سے مراد کلمات کہنا ہے اور ایمان سے مراد عمل ہے۔

75- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ وَاَبُوْ ضَمْرَةَ قَالَا حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ هَاشِمِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَصَبَّحَ بِسَبْعِ تَمَرَاتٍ عَجْوَةٍ لَمْ يَضُرَّهٗ ذٰلِكَ الْيَوْمَ سَمٌّ وَّلَا سِحْرٌ.

حضرت عامر بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص صبح کے وقت سات عجوہ کھجوریں کھالے اس دن اس پر زہر یا جادو اثر نہیں کرے گا۔''

74- سنن ابن ماجه' فضل على بن أبى طالب' جلد 1' صفحه 45' رقم:121
السنن الكبرى للبيهقي' باب الامام يغزى من اهل دار من المسلمين' جلد 9' صفحه 40' رقم:18350
اطراف المسند المعتلى' ومن مسند سعد بن ابى وقاص' جلد 2' صفحه 435' رقم:2555
المستدرك للحاكم' ومن مناقب امير المؤمنين على بن ابى طالب' جلد 3' صفحه 117' رقم:4575
المعجم الاوسط للطبرانى' باب من اسمه ابراهيم' جلد 3' صفحه 138' رقم:2728
75- مسند أبى يعلى' مسند سعد بن ابى وقاص' جلد 2' صفحه 88' رقم:741

76- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُولُ: بَلَغَنِي عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ هٰذَا الْحَدِيثُ ثُمَّ لَقِيتُ سَعْدًا فَحَدَّثَنِي أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ: أَمَا تَرْضَى أَنْ تَكُونَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى.

حضرت سعید بن مسیب بیان کرتے ہیں کہ [illegible] تک حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے [illegible] روایت پہنچی تو میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے ملا انہوں نے مجھے یہ حدیث سنائی کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ سے یہ فرمایا تھا: ”کیا تم اس بات سے راضی نہیں ہو کہ تمہاری مجھ سے وہی نسبت ہو جو حضرت ہارون علیہ السلام کی حضرت موسیٰ علیہ السلام سے تھی۔“

77- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ السُّوَائِيَّ يَقُولُ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُولُ لِسَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ: وَاللّٰهِ لَقَدْ شَكَاكَ أَهْلُ الْكُوفَةِ فِي كُلِّ شَيْءٍ حَتَّى زَعَمُوا أَنَّكَ لَا تُحْسِنُ تُصَلِّي بِهِمْ. فَقَالَ سَعْدٌ: أَمَا وَاللّٰهِ مَا كُنْتُ آلُو بِهِمْ صَلَاةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ، أَرْكُدُ فِي الْأُولَيَيْنِ وَأَحْذِفُ فِي الْأُخْرَيَيْنِ. قَالَ فَسَمِعْتُ عُمَرَ يَقُولُ: ذٰلِكَ الظَّنُّ بِكَ، ذٰلِكَ الظَّنُّ بِكَ.

حضرت جابر بن سمرہ سوائی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے یہ کہتے ہوئے سنا: اللہ کی قسم! اہل کوفہ نے تمہاری ہر معاملے میں شکایت کی ہے حتیٰ کہ انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ تم انہیں صحیح طریقے سے نماز نہیں پڑھاتے ہو تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا اللہ کی قسم ظہر اور عصر کی نماز میں رسول اللہ ﷺ کے طریقہ کے مطابق نماز پڑھانے کے حوالے سے میں ان کے ساتھ کوئی کوتاہی نہیں کرتا۔ میں پہلی دو رکعات لمبی پڑھتا ہوں اور آخری دو رکعات مختصر کر دیتا ہوں۔ (راوی کہتے ہیں:) پس میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا تمہارے بارے میں یہی گمان تھا' تمہارے بارے میں یہی گمان تھا۔

78- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے اسی کی [illegible]

76- اس حدیث مبارکہ کو نقل کرنے میں امام عبداللہ بن الزبیر ابوبکر حمیدی متفرد ہیں۔

77- المسند الشاشی' احادیث بکر بن قرواش عن سعد' جلد 1' صفحہ 202' رقم: 159

مشائخ الدقاق للامام الصبهانی' جلد 1' صفحہ 102' رقم: 96

78- السنن الکبریٰ للبیهقی' باب ما جاء فی النهی عن بیع الرطب' جلد 5' صفحہ 294' رقم: 10337

الْحَمِيدِ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ مِثْلَهُ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ: ذٰلِكَ الظَّنُّ بِكَ يَا أَبَا إِسْحَاقَ. زَادَ فِيهِ سُفْيَانُ: فَأَمَرَ بِهِ عُمَرُ أَنْ يُوقَفَ لِلنَّاسِ، فَجَعَلَ لَا يَمُرُّ عَلَى قَبِيلَةٍ إِلَّا أَثْنَوْا خَيْرًا حَتَّى مَرَّ بِمَجْلِسٍ لِبَنِي عَبْسٍ فَانْبَرَى شَقِيٌّ مِنْهُمْ يُكْنَى أَبَا سَعْدَةَ فَقَالَ: أَنَا أَعْلَمُهُ لَا يَعْدِلُ فِي الرَّعِيَّةِ، وَلَا يَخْرُجُ فِي السَّرِيَّةِ، وَلَا يَقْسِمُ بِالسَّوِيَّةِ. فَقَالَ سَعْدٌ: أَمَا وَاللّٰهِ لَأَدْعُوَنَّ بِثَلَاثٍ اللّٰهُمَّ إِنْ كَانَ كَذَّابًا فَأَطِلْ عُمُرَهُ، وَأَكْثِرْ وَلَدَهُ، وَابْتَلِهِ بِالْفَقْرِ، وَافْتِنْهُ. قَالَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ فَأَنَا رَأَيْتُهُ بَعْدُ شَيْخًا كَبِيرًا يَغْمِزُ الْجَوَارِيَ فِي الطُّرُقِ، فَيُقَالُ لَهُ فِي ذٰلِكَ، فَيَقُولُ: شَيْخٌ كَبِيرٌ فَقِيرٌ مَفْتُونٌ أَصَابَتْهُ دَعْوَةُ الرَّجُلِ الصَّالِحِ سَعْدٍ، لَا تَكُونُ فِتْنَةٌ إِلَّا وَثَبَ فِيهَا.

روایت ہے البتہ اس میں یہ الفاظ ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا اے ابو اسحاق! تمہارے بارے میں یہی گمان تھا۔ سفیان نے اس میں یہ الفاظ بھی زائد کیے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں یہ ہدایت کی کہ وہ لوگوں کے سامنے پیش کریں تو حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ جس بھی قبیلے کے پاس سے گزرے ان لوگوں نے ان کی تعریف کی۔ یہاں تک کہ جب وہ بنو عبس کی محفل کے پاس سے گزرے تو ایک بدبخت ان کے سامنے آیا اس کی کنیت ابو سعدہ تھی وہ بولا: میں جانتا ہوں کہ یہ صاحب اپنی رعایا کے بارے میں انصاف سے کام نہیں لیتے۔ کسی غزوہ کے لیے نہیں نکلتے اور صحیح طور پر تقسیم نہیں کرتے۔ تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم! میں تین دعائیں ضرور کروں گا' اے اللہ! اگر یہ جھوٹ بول رہا ہے تو اس کی عمر کو لمبا کر دے اس کی اولاد کو زیادہ کر دے اسے غربت میں مبتلا کر دے اور اسے آزمائش میں ڈال دے۔ عبدالملک بن عمیر کہتے ہیں: میں نے اسے دیکھا کہ وہ بڑی عمر کا بوڑھا تھا جو راستے میں نوجوان لڑکیوں کو چھیڑا کرتا تھا۔ اس سے اس بارے میں بات کی جاتی تو وہ یہ کہا کرتا تھا ایک عمر رسیدہ بوڑھا جو غریب بھی ہے آزمائش میں بھی مبتلا ہے اسے ایک نیک آدمی حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی بددعا لگ گئی ہے۔ کوئی ایسی آزمائش نہیں ہے جس کا وہ

سنن الدارقطنی' کتاب البیوع' جلد 3' صفحہ 50' رقم: 3040

صحیح ابن حبان' باب البیع المنهی عنہ' جلد 11' صفحہ 372' رقم: 4997

مسند امام احمد بن حنبل' مسند سعد بن ابی وقاص' جلد 1' صفحہ 175' رقم: 1515

المسند الشاشی' احادیث ابوعیاش عن سعد' جلد 1' صفحہ 198' رقم: 156

شکار نہ ہوا ہو۔

79- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ أَبِي الْعَبَّاسِ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا الطُّفَيْلِ يُحَدِّثُ عَنْ بَكْرِ بْنِ قِرْوَاشٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ قَالَ: ذَكَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَا الثُّدَيَّةِ، فَقَالَ: شَيْطَانُ الرَّدْهَةِ رَاعِي الْخَيْلِ أَوْ رَاعِي الْجَبَلِ يَحْتَدِرُهُ رَجُلٌ مِنْ بَجِيلَةَ يُقَالُ لَهُ الْأَشْهَبُ، أَوِ ابْنُ الْأَشْهَبِ، عَلَامَةٌ فِي قَوْمٍ ظَلَمَةٍ . قَالَ سُفْيَانُ: فَأَخْبَرَنِي عَمَّارٌ الدُّهْنِيُّ أَنَّهُ جَاءَ بِهِ رَجُلٌ مِنْهُمْ يُقَالُ لَهُ الْأَشْهَبُ أَوِ ابْنُ الْأَشْهَبِ.

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ذوثدیہ (چھاتیوں والا) کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: وہ ردھہ کا شیطان ہے جو گھوڑوں کا چرواہا ہوگا پہاڑوں پر جانور چراتا ہوگا۔ بجیلہ قبیلے کا ایک آدمی اسے اوپر سے کھینچ کر نیچے لائے گا اس کا نام اشہب ہوگا' یا ابن اشہب ہوگا' وہ تاریک قوم میں علامت ہوگا۔ سفیان کہتے ہیں: عمار دھنی نے مجھے یہ بات بتائی ہے کہ وہ اپنے ساتھ اپنے قبیلے کا ایک آدمی لے کے آیا جس کا نام اشہب تھا یا ابن اشہب تھا۔

80- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أُمَيَّةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يَزِيدَ عَنِ ابْنِ عَيَّاشٍ قَالَ: تَبَايَعَ رَجُلَانِ عَلَى عَهْدِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ بِسُلْتٍ وَشَعِيرٍ، فَقَالَ سَعْدٌ: تَبَايَعَ رَجُلَانِ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَمْرٍ وَرُطَبٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ يَنْقُصُ الرُّطَبُ إِذَا يَبِسَ؟ . قَالُوا: نَعَمْ . قَالَ: فَلَا

ابن عیاش روایت کرتے ہیں کہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے دور حکومت میں دو آدمیوں نے جو اور چھلکے کے بغیر جو کا لین دین کیا تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ اقدس میں دو آدمیوں نے تازہ اور خشک کھجوروں کا لین دین کیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تازہ کھجور جب خشک ہو جائے تو کم ہو جاتی ہے' لوگوں نے جواب دیا: ہاں!

79- السنن الكبرى للبيهقي' باب تحسين الصوت بالقرآن' جلد 10' صفحه 230' رقم: 21528
سنن ابوداؤد' باب استحباب الترتيل في القراة' جلد 1' صفحه 548' رقم: 1471
سنن الدارمي' باب التغني بالقرآن' جلد 1' صفحه 417' رقم: 1490
مسند امام احمد بن حنبل' مسند سعد بن ابی وقاص' جلد 1' صفحه 172' رقم: 1476
مسند البزار' مسند سعد بن ابی وقاص' جلد 1' صفحه 217' رقم: 1234

80- اخبار مكة للفاكهي' ذكر رباع بني مخزوم بن يقظة' جلد 5' صفحه 384' رقم: 2077
اتحاف الخيره المهرة' باب الرجل يتخذ الغلام والجارية المغنيين' جلد 5' صفحه 159' رقم: 4952
المستدرك للحاكم' كتاب فضائل القرآن' جلد 2' صفحه 238' رقم: 2091
سنن ابوداؤد' باب استحباب الترتيل في القراة' جلد 1' صفحه 548' رقم: 1473
سنن الدارمي' باب التغني بالقرآن' جلد 1' صفحه 417' رقم: 1491

إِذًا .

آپ نے فرمایا: یہ ٹھیک نہیں ہے۔

81- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي نَهِيكٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَتَغَنَّ بِالْقُرْآنِ . قَالَ سُفْيَانُ: يَعْنِي يَسْتَغْنِي بِهِ.

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: ''جو شخص قرآن خوش الحانی کے ساتھ نہیں پڑھتا وہ ہم میں سے نہیں ہے۔'' سفیان کہتے ہیں اس سے مراد اچھی آواز میں پڑھنا ہے۔

82- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي نَهِيكٍ قَالَ: لَقِيَنِي سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ فِي السُّوقِ فَقَالَ: أَتُجَّارٌ كَسَبَةٌ، أَتُجَّارٌ كَسَبَةٌ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:: لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَتَغَنَّ بِالْقُرْآنِ .

حضرت عبیداللہ بن ابونہیک روایت کرتے ہیں کہ مجھ سے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی بازار میں ملاقات ہوئی تو انہوں نے فرمایا: کیا تاجر لوگ کمائی کرنے والے ہیں؟ کیا تاجر لوگ کمائی کرنے والے ہیں؟ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص قرآن خوش الحانی سے نہیں پڑھتا وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

83- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ قَيْسَ بْنَ أَبِي

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں وہ پہلا شخص ہوں جس نے اللہ کی راہ میں تیر

81- المستدرك للحاكم' ذكر مناقب أبي اسحاق سعد بن أبي وقاص' جلد 3' صفحه 570' رقم: 6115
المعجم الاوسط للطبراني' من اسمه محمد' جلد 5' صفحه 378' رقم: 5612
سنن الدارمي' باب من ادعى الى غير ابيه ' جلد 2' صفحه 442' رقم: 2860
مسند امام احمد بن حنبل' مسند سعد بن ابی وقاص' جلد 1' صفحه 174' رقم: 1497
مصنف ابن ابي شيبة ' باب ما جاء في سعد بن ابي وقاص' جلد 12' صفحه 89' رقم: 32818

82- المسند المستخرج على صحيح الامام مسلم' كتاب الصلاة ' جلد 2' صفحه 136' رقم: 1179
مسند أبي عوانة ' باب المعارض للتطبق المبين انه منسوخ والدليل على ان الجماعة.....الخ' جلد 1' صفحه 478' رقم: 1808

83- اطراف المسند المعتلي' من مسند سعد بن ابي وقاص' جلد 2' صفحه 444' رقم: 2574
سنن النسائي الكبرى' باب التسبيح والتكبير والتهليل' جلد 6' صفحه 45' رقم: 9980
صحيح ابن حبان' باب الاذكار' جلد 3' صفحه 108' رقم: 825
صحيح مسلم' باب فضل التهليل والتسبيح' جلد 8' صفحه 71' رقم: 7027
مسند امام احمد بن حنبل' مسند سعد بن ابی وقاص' جلد 1' صفحه 180' رقم: 1563

حَازِمٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ اَبِي وَقَّاصٍ يَقُوْلُ: اَنَا اَوَّلُ مَنْ رَمَى بِسَهْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَقَدْ رَاَيْتُنِيْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَابِعَ سَبْعَةٍ، وَمَا لَنَا طَعَامٌ اِلَّا الْحُبْلَةَ وَوَرَقَ السَّمُرِ حَتّٰى لَقَدْ قَرِحَتْ اَشْدَاقُنَا، حَتّٰى اِنْ كَانَ اَحَدُنَا لَيَضَعُ مِثْلَ مَا تَضَعُ الشَّاةُ، مَا لَهُ خِلْطٌ، ثُمَّ اَصْبَحَتْ بَنُو اَسَدٍ تُعَزِّرُنِيْ عَلَى الدِّيْنِ. لَقَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَخَابَ عَمَلِيْ۔

پھینکا تھا اور مجھے اپنے بارے میں یہ بات یاد ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کا ساتھ دینے والا ساتواں آدمی تھا اور اس وقت ہمارے پاس کھانے کے لیے صرف پتے وغیرہ ہوتے تھے جس سے ہمارے منہ میں زخم ہو جایا کرتے' حتیٰ کہ ہم میں سے کوئی شخص اس طرح پاخانہ کرتا تھا جس طرح بکری مینگنیاں کرتی ہے۔اس میں کوئی چیز ملی ہوئی نہیں ہوتی تھی۔ اب بنو اسد دینی معاملات میں مجھ پر تنقید کرتے ہیں اگر ایسا ہو تو میں تو گمراہ ہو گیا اور میرا عمل ضائع ہو گیا۔

84- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا اَبُوْ يَعْفُوْرٍ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ: صَلَّيْتُ اِلٰى جَنْبِ اَبِيْ، فَطَبَّقْتُ فَنَهَانِيْ وَقَالَ: قَدْ كُنَّا نَفْعَلُهُ فَنُهِيْنَا، يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے بیٹے مصعب بیان کرتے ہیں کہ میں نے اپنے والد کے پہلو میں نماز پڑھی تو میں نے اپنے دونوں ہاتھ گھٹنوں کے درمیان رکھ لیے انہوں نے مجھے ایسے کرنے سے منع کیا اور کہا: ہم پہلے ایسے کیا کرتے تھے پھر ہمیں اس سے منع کر دیا گیا' یعنی نبی اکرم ﷺ نے ہمیں منع فرما دیا۔

85- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُوْسَى الْجُهَنِيِّ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ

حضرت مصعب بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں: کیا کوئی

-84 الاحاد والمثانی لاحمد الشیبانی' ومن ذکر سعید بن زید بن عمرو' جلد 1' صفحہ 178' رقم: 227
الادب للبیهقی' باب التداوی بالحجامة وغیرها' جلد 1' صفحہ 426' رقم: 698
المعجم الصغیر للطبرانی' باب الحاء من اسمه الحسن' صفحہ 215' رقم: 344
سنن ابن ماجه' باب الکمأة والعجوة' جلد 2' صفحہ 114' رقم: 3453
صحیح مسلم' باب فضل الکمأة ومداوة' جلد 4' صفحہ 124' رقم: 5463

-85 اطراف المسند المعتلی' شهر بن حوشب رضی الله عنه' جلد 6' صفحہ 256' رقم: 8254
سنن ابن ماجه' باب الکمأة والعجوة' جلد 2' صفحہ 1143' رقم: 3455
سنن ترمذی' باب ما جاء فی الکمأة والعجوة' جلد 4' صفحہ 401' رقم: 2068
سنن الدارمی' باب فی العجوة' جلد 2' صفحہ 436' رقم: 2840
مسند امام احمد بن حنبل' مسند أبی سعید الخدری' جلد 3' صفحہ 48' رقم: 11471

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيَعْجِزُ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّكْسِبَ كُلَّ يَوْمٍ اَلْفَ حَسَنَةٍ يُّسَبِّحُ مِائَةً اَوْ يُكَبِّرُ مِائَةً، فَهِيَ اَلْفُ حَسَنَةٍ۔

شخص یہ نہیں کر سکتا کہ وہ روزانہ ایک ہزار نیکیاں کمایا کرے' فرمایا: سو مرتبہ سبحان اللہ پڑھے، سو مرتبہ اللہ اکبر پڑھے تو اس سے وہ ایک ہزار نیکیاں کما لے گا۔

8 – مُسْنَدُ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرٍو

مسند حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ

86- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ حُرَيْثٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْكَمْاَةُ مِنَ الْمَنِّ الَّذِيْ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ، وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ۔

حضرت عمرو بن حریث کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کھمبی اس من کا حصہ ہے جسے اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل پر نازل کیا تھا اور اس کا پانی آنکھوں کے لیے شفا ہے۔

87- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ شِمْرِ بْنِ عَطِيَّةَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْكَمْاَةُ مِنَ الْمَنِّ، وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ، وَالْعَجْوَةُ نَزَلَ بَعْلُهَا مِنَ الْجَنَّةِ، وَفِيْهَا شِفَاءٌ مِّنَ السُّمِّ۔

حضرت شہر بن حوشب بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''کھمبی من کا حصہ ہے اس کا پانی آنکھ کے لیے شفا ہے اور عجوہ کھجور کی اصل جنت سے نازل ہوئی ہے اس میں زہر کی شفا موجود ہے۔''

-86 الآداب للبیهقی' باب الغضب' جلد 2' صفحہ 129' رقم: 2223
المعجم الکبیر للطبرانی' من اسمه یعلی بن مرة الثقفی' جلد 22' صفحہ 271' رقم: 18547
سنن الدارمی' باب من اخذا شبرا من الارض' جلد 2' صفحہ 347' رقم: 2606
صحیح ابن حبان' کتاب الغضب' جلد 11' صفحہ 567' رقم: 5163
مسند امام احمد بن حبل' مسند سعید بن زید' جلد 1' صفحہ 189' رقم: 1641

-87 مسند امام احمد بن حنبل' مسند سعید بن زید' جلد 1' صفحہ 188' رقم: 1631
سنن ابو داؤد' باب فی الخلفاء' جلد 4' صفحہ 343' رقم: 4651
المعجم الاوسط للطبرانی' من اسمه عبد الله' جلد 4' صفحہ 339' رقم: 4374
سنن ابن ماجه' فضائل العشرة رضی الله عنهم' جلد 1' صفحہ 48' رقم: 133
مصنف ابن ابی شیبة' باب ما ذکر فی أبی بکر الصدیق رضی الله عنهم' جلد 6' صفحہ 350' رقم: 31946

88- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ أَخْبَرَنِي طَلْحَةُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَوْفٍ بْنِ أَخِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ ظَلَمَ مِنَ الْأَرْضِ شِبْرًا طُوِّقَهُ مِنْ سَبْعِ أَرَضِينَ، وَمَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ.

حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قِيلَ لِسُفْيَانَ: فَإِنَّ مَعْمَرًا يُدْخِلُ بَيْنَ طَلْحَةَ وَبَيْنَ سَعِيدٍ رَجُلاً. فَقَالَ سُفْيَانُ: مَا سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ أَدْخَلَ بَيْنَهُمَا أَحَدًا.

حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص ایک بالشت کے برابر زمین بطور ظلم ہتھیا لے گا اسے سات زمینوں جتنا وزنی طوق پہنایا جائے گا اور جو شخص اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے وہ شہید ہے۔

امام حمیدی بیان کرتے ہیں سفیان سے یہ کہا گیا معمر نے طلحہ اور سعید کے درمیان ایک اور شخص داخل کیا ہے تو سفیان نے کہا میں نے زہری کو نہیں سنا کہ انہوں نے ان دونوں کے درمیان کسی اور کا ذکر کیا ہو۔

89- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا حُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيُّ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ عَنِ ابْنِ ظَالِمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَشَرَةٌ مِّنْ قُرَيْشٍ فِي الْجَنَّةِ: أَنَا فِي الْجَنَّةِ، وَأَبُو بَكْرٍ فِي الْجَنَّةِ، وَعُمَرُ فِي الْجَنَّةِ، وَعُثْمَانُ فِي الْجَنَّةِ، وَعَلِيٌّ فِي الْجَنَّةِ، وَالزُّبَيْرُ فِي الْجَنَّةِ، وَطَلْحَةُ فِي الْجَنَّةِ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ فِي الْجَنَّةِ، وَسَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ فِي الْجَنَّةِ. ثُمَّ سَكَتَ سَعِيدٌ فَقَالُوا: مَنِ الْعَاشِرُ؟ فَقَالَ سَعِيدٌ: أَنَا.

حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ”قریش کے دس افراد جنتی ہیں میں جنتی ہوں، ابوبکر رضی اللہ عنہ جنتی ہے، عمر رضی اللہ عنہ جنتی ہے، عثمان رضی اللہ عنہ جنتی ہے، علی رضی اللہ عنہ جنتی ہے، زبیر رضی اللہ عنہ جنتی ہے، طلحہ رضی اللہ عنہ جنتی ہے، عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ جنتی ہے اور سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ جنتی ہے۔“ پھر حضرت سعید رضی اللہ عنہ خاموش ہو گئے تو لوگوں نے پوچھا: دسواں کون ہے؟ تو حضرت سعید رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں ہوں۔

88- مسند أبي يعلى، مسند ابی عبیدة بن الجراح، جلد 2، صفحہ 177، رقم: 872
اتحاف الخیرہ المهرة للبوصیری، باب النهی عن اتخاذ القبور مساجد، جلد 2، صفحہ 60، رقم: 1035
السنن الصغری للبیهقی، باب الصلح علی غیر الدینار، جلد 3، صفحہ 140، رقم: 4070
الاحاد والمثانی لاحمد الشیبانی، ومن ذکر ابی عبیدة وهو عامر بن عبد الله، جلد 1، صفحہ 185 رقم: 235
مسند امام احمد بن حنبل، حدیث ابی عبیدة بن الجراح، جلد 1، صفحہ 195، رقم: 1694

89- سنن الکبری للبیهقی، باب من قتل خنزیرا او کسر ملیبا، جلد 6، صفحہ 101، رقم: 11330
سنن الکبری للنسائی، تفسیر سورة الاسراء، جلد 6، صفحہ 382، رقم: 11297
اتحاف الخیرہ المهرة، باب ما جاء فی غزوة الفتح، جلد 5، صفحہ 90، رقم: 4604
المعجم الاوسط للطبرانی، باب من اسمه ابراهیم، جلد 3، صفحہ 7، رقم: 2303
سنن ترمذی، باب ومن سورة بنی اسرائیل، جلد 5، صفحہ 303، رقم: 3138

9 - مُسْنَدُ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ

مسند حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ

90- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَيْمُونٍ مَوْلَى آلِ سَمُرَةَ عَنْ سَعْدِ بْنِ سَمُرَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَخْرِجُوا يَهُوْدَ الْحِجَازِ مِنَ الْحِجَازِ.

حضرت سعد بن سمرہ از والد خود از حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ، رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ”حجاز کے یہودیوں کو حجاز سے نکال دو۔“

10 - مُسْنَدُ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ

مسند حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

91- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ فتح مکہ کے وقت نبی اکرم ﷺ جب مکہ میں

90- الاسماء والصفات للبیهقی، باب ما جاء فی اثبات صفة السمع، جلد 1، صفحہ 188، رقم: 377
صحیح بخاری، باب قول الله وما کنتم تستترون ان یشهد علیکم سمعکم، جلد 6، صفحہ 273، رقم: 7083
صحیح مسلم، باب صفات المنافقین واحکامهم، جلد 8، صفحہ 121، رقم: 7205
التوحید لابن منده، صفحہ 140، رقم: 108
السنة لابن ابی عاصم، جلد 2، صفحہ 160، رقم: 509

91- اخبار مکة للفاکهی، ذکر مسجد الخیف وفضله وفضل الصلاة فیه، جلد 7، صفحہ 112، رقم: 2535
المستدرك للحاکم، کتاب العلم، جلد 1، صفحہ 119، رقم: 294
المعجم الاوسط للطبرانی، من اسمه بشر، جلد 3، صفحہ 256، رقم: 3072
سنن الدارمی، باب الاقتداء بالعلماء، جلد 1، صفحہ 86، رقم: 228
مجمع الزوائد للهیثمی، باب فی سماع الحدیث وتبلیغه، جلد 1، صفحہ 356، رقم: 590

اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ يَوْمَ الْفَتْحِ وَحَوْلَ الْبَيْتِ ثَلَاثُمِائَةٍ وَسِتُّونَ نُصُبًا، فَجَعَلَ يَطْعَنُهَا بِعُودٍ فِي يَدِهِ وَيَقُوْلُ: (جَاءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيدُ) (جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا).

داخل ہوئے تو اس وقت خانہ کعبہ کے اردگرد تین سو ساٹھ بت نصب تھے تو آپ نے اپنے دست مبارک میں موجود چھڑی سے انہیں مارنا شروع کیا تو آپ ﷺ یہ فرماتے جارہے تھے: ''حق آ گیا اور باطل نہ آغاز کرتا ہے اور نہ ہی دوبارہ آتا ہے۔ حق آ گیا اور باطل رخصت ہوگیا بے شک باطل نے رخصت ہونا ہی تھا۔''

92- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: انْشَقَّ الْقَمَرُ عَلَى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشِقَّتَيْنِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اشْهَدُوا اشْهَدُوا.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ اقدس میں چاند دوٹکڑے ہوگیا تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ گواہ ہو جاؤ تم لوگ گواہ ہو جاؤ۔

حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ قَالَ سُفْيَانُ أَثْبَتَ لَنَا ابْنُ أَبِي نَجِيحٍ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ.

امام حمیدی بیان کرتے ہیں کہ سفیان نے یہ بیان کیا ہے کہ ابن ابو نجیح نے یہ دو روایات ابو معمر کے حوالے سے ہمیں بتائی ہیں۔

93- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا مَنْصُورٌ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: اجْتَمَعَ عِنْدَ الْبَيْتِ ثَلَاثَةُ نَفَرٍ قُرَشِيَّانِ وَثَقَفِيٌّ أَوْ ثَقَفِيَّانِ وَقُرَشِيٌّ، قَلِيلٌ فِقْهُ قُلُوبِهِمْ كَثِيرٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں خانہ کعبہ کے پاس تین آدمی اکٹھے ہوئے اس میں سے دو قریشی تھے اور ایک قبیلہ ثقیف سے تھا یا دو قبیلہ ثقیف کے تھے اور ایک قریشی تھا ان کے دلوں میں سمجھ

92- المسند الشاشی، ابو ماجد الحنفی عن عبد الله، جلد 2، صفحه 312، رقم: 717
السنن الكبرى للبيهقى، باب ما جاء فى الستر على اهل الحدود، جلد 8، صفحه 331، رقم: 18067
اتحاف الخيره المهرة، باب اقامة الحدود، جلد 4، صفحه 264، رقم: 3532
مسند ابى يعلى، مسند عبد الله بن مسعود، جلد 9، صفحه 87، رقم: 5155

93- سنن ابن ماجه، باب ما انزل الله داء الا انزل له شفاء، جلد 2، صفحه 1138، رقم: 3438
اتحاف الخيره المهرة، باب ما جاء فى البان البقر، جلد 4، صفحه 429، رقم: 3880
المعجم الاوسط للطبرانى، باب من اسمه ابراهيم، جلد 3، صفحه 75، رقم: 2534
سنن النسائى الكبرى، باب كتاب الطهارة، جلد 4، صفحه 193، رقم: 6863
مسند امام احمد بن حنبل، مسند عبد الله بن مسعود، جلد 1، صفحه 413، رقم: 3922

شَحْمُ بُطُونِهِمْ، فَقَالَ أَحَدُهُمْ: أَتُرَوْنَ اللّٰهَ يَسْمَعُ مَا نَقُوْلُ؟ فَقَالَ الْآخَرُ: يَسْمَعُ إِنْ جَهَرْنَا وَلَا يَسْمَعُ إِنْ أَخْفَيْنَا فَقَالَ الْآخَرُ: إِنْ كَانَ يَسْمَعُ إِذَا جَهَرْنَا فَإِنَّهُ يَسْمَعُ إِذَا أَخْفَيْنَا.

داری کم تھی اور ان کے پیٹ پر چربی زیادہ تھی۔ ان میں سے ایک نے کہا اللہ تعالیٰ کے بارے میں تم لوگوں کی کیا رائے ہے؟ ہم جو کہتے ہیں وہ اسے سن لیتا ہے؟ تو دوسرے نے کہا اگر ہم بلند آواز میں کہیں تو پھر وہ سن لے گا اگر ہم پست آواز میں بات کریں تو پھر وہ نہیں سنے گا تو تیسرے نے کہا اگر وہ ہماری بلند آواز کو سن لیتا ہے تو وہ ہماری پست آواز کو بھی سن لے گا۔

قَالَ: فَأَنْزَلَ اللّٰهُ (وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ أَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَا أَبْصَارُكُمْ) الْآيَةَ.

(راوی کہتے ہیں:) پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: ''اور تم جو کچھ چھپاتے ہو اس کے بارے میں تمہاری سماعت تمہاری بصارت تمہارے خلاف گواہی دیں گے۔''

وَكَانَ سُفْيَانُ أَوَّلًا يَقُوْلُ فِي هَذَا الْحَدِيثِ: حَدَّثَنَا مَنْصُورٌ أَوِ ابْنُ أَبِي نَجِيحٍ أَوْ حُمَيْدٌ الْأَعْرَجُ أَحَدُهُمْ أَوِ اثْنَانِ مِنْهُمْ. ثُمَّ ثَبَتَ عَلَى مَنْصُورٍ فِي هَذَا الْحَدِيثِ.

سفیان اس روایت میں پہلے یہ کہا کرتے تھے کہ اسے منصور یا ابن ابو نجیح یا حمید نے ہم سے بیان کیا ہے یا ان میں سے کسی ایک نے یا ان میں سے کسی دو نے بیان کیا ہے لیکن پھر وہ اعتماد کے ساتھ یہ کہنے لگے کہ یہ روایت منصور سے بیان کی گئی ہے۔

94- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ غَيْرَ مَرَّةٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَضَّرَ اللّٰهُ عَبْدًا سَمِعَ مَقَالَتِي فَوَعَاهَا وَحَفِظَهَا وَبَلَّغَهَا، فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ غَيْرِ فَقِيهٍ،

حضرت عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اپنے والد سے رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان بیان کرتے ہیں کہ ''اللہ تعالیٰ اس بندے کو خوش رکھے جو ہماری کوئی بات سن کر اسے محفوظ کرلے اسے یاد رکھے اور پھر اس کو پھیلائے کیونکہ بعض اوقات علم حاصل کرنے

94- المستدرك للحاكم، كتاب فضائل القرآن، جلد 2، صفحه 218، رقم: 2032
صحيح مسلم، باب الامر بتعهد القرآن وكراهه قول نسيت، جلد 2، صفحه 192، رقم: 1880
مسند امام احمد بن حنبل، حديث ابى موسى الاشعرى، جلد 4، صفحه 397، رقم: 19564
جامع الاحاديث للسيوطى، حرف التاء، جلد 11، صفحه 286، رقم: 10795
مصنف ابن ابى شيبة، باب فى تعاهد القرآن، جلد 10، صفحه 478، رقم: 30616

وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ إِلٰى مَنْ هُوَ أَفْقَهُ مِنْهُ، ثَلَاثٌ لَا يُغِلُّ عَلَيْهِنَّ قَلْبُ مُسْلِمٍ: إِخْلَاصُ الْعَمَلِ، وَمُنَاصَحَةُ أَئِمَّةِ الْمُسْلِمِينَ، وَلُزُومُ جَمَاعَتِهِمْ، فَإِنَّ الدَّعْوَةَ تُحِيطُ مِنْ وَرَائِهِمْ .

والاشخص عالم نہیں ہوتا اور بعض اوقات علم حاصل کرنے والاشخص اس تک منتقل کر دیتا ہے جو اس سے زیادہ علم رکھتا ہے۔ تین چیزیں ایسی ہیں جن کے بارے میں مسلمان کا دل دھوکے کا شکار نہیں ہوتا۔ خالص عمل، مسلمان حکمرانوں کی خیر خواہی اور جماعت کے ساتھ رہنا کیونکہ دعوت ان کے پچھلے افراد کو بھی گھیرے ہوئے ہوتی ہے۔

95- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَابِرُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا مَاجِدٍ الْحَنَفِيَّ يَقُولُ: كُنْتُ عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ، فَأَتَاهُ رَجُلٌ بِشَارِبٍ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: تَرْتِرُوهُ أَوْ مَزْمِزُوهُ وَاسْتَنْكِهُوهُ قَالَ: فَتُرْتِرَ أَوْ مُزْمِزَ وَاسْتُنْكِهَ فَإِذَا هُوَ سَكْرَانُ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ: احْبِسُوهُ . فَحُبِسَ، فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ جِيءَ بِهِ وَجِئْتُ، فَدَعَا عَبْدُ اللّٰهِ بِسَوْطٍ، فَأُتِيَ بِسَوْطٍ لَهُ ثَمَرَةٌ فَأَمَرَ بِهَا فَقُطِعَتْ، ثُمَّ دُقَّ طَرَفُهُ حَتّٰى أَضَتْ لَهُ مِخْفَقَةً – قَالَ – فَأَشَارَ بِأُصْبُعِهِ كَذَا وَقَالَ لِلَّذِي يَضْرِبُ: اضْرِبْ وَارْجِعْ يَدَكَ، وَأَعْطِ كُلَّ عُضْوٍ حَقَّهُ.

حضرت ابوماجد حنفی بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھا ایک شخص ایک شرابی کو لے کر آیا تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا اسے ذرا ہلا جلا کر دیکھو یا اس کا منہ سونگھو۔ (راوی کہتے ہیں:) اسے ہلایا جلایا گیا اور اس کا منہ سونگھا گیا تو وہ نشے میں تھا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اسے قید کر دو پس اسے قید کر دیا گیا۔ اگلے دن اس شخص کو وہاں لایا گیا میں بھی وہاں موجود تھا تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کوڑا منگوایا تو ان کے پاس ایک ایسا کوڑا لایا گیا جس پر پھل لگا ہوا تھا ان کے حکم پر اس کے پھل کو اتار لیا گیا پھر اس کے کنارے کو باریک کیا گیا حتی کہ وہ درہ بن گیا۔ (راوی کہتے ہیں کہ) انہوں نے اپنی انگلی کے ذریعے اس طرف اشارہ کیا اور کوڑے مارنے والے سے یہ کہا کہ تم اسے مارو اور اپنا ہاتھ لے کے جاؤ اور ہر عضو کو اس کا حق دو۔

وَجَلَدَهُ وَعَلَيْهِ قَمِيصٌ وَإِزَارٌ أَوْ قَمِيصٌ وَسَرَاوِيلُ، ثُمَّ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنَّهُ لَا يَنْبَغِي لِوَالِي أَمْرٍ

انہوں نے اسے کوڑے اس طرح لگوائے کہ اس نے قمیص پہنی ہوئی تھی اور تہبند بھی تھا یا قمیص اور شلوار

95- الآداب للبیہقی' باب التغلیظ فی اللعن' جلد 1' صفحہ 198' رقم:335
اتحاف الخیرہ المھرۃ' باب فی الامر للنساء بالصدقة' جلد 3' صفحہ 43' رقم:2142

أَنْ يُؤْتٰى بِحَدٍّ إِلَّا أَقَامَهُ، اللّٰهُ عَفُوٌّ يُحِبُّ الْعَفْوَ . فَقَالَ الرَّجُلُ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ إِنَّهُ لَابْنُ أَخِي وَمَا لِي مِنْ وَلَدٍ، وَإِنِّي لَأَجِدُ لَهُ مِنَ اللَّوْعَةِ مَا أَجِدُ لِوَلَدِي، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: بِئْسَ لَعَمْرُ اللّٰهِ إِذًا وَالِي الْيَتِيمِ أَنْتَ، مَا أَحْسَنْتَ الْأَدَبَ وَلَا سَتَرْتَ الْخَرْبَةَ . ثُمَّ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنِّي لَأَعْلَمُ أَوَّلَ رَجُلٍ قَطَعَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِرَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ قَدْ سَرَقَ فَقَطَعَهُ، فَكَأَنَّمَا أُسِفَّ فِي وَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّمَادُ . وَأَشَارَ سُفْيَانُ بِكَفِّهِ إِلٰى وَجْهِهِ وَقَبَضَهَا شَيْئًا. فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَأَنَّكَ كَرِهْتَ. فَقَالَ: وَمَا يَمْنَعُنِي أَنْ تَكُونُوا أَعْوَانًا لِلشَّيْطَانِ عَلٰى أَخِيكُمْ، إِنَّهُ لَا يَنْبَغِي لِوَالِي أَمْرٍ أَنْ يُؤْتٰى بِحَدٍّ إِلَّا أَقَامَهُ، وَاللّٰهُ عَفُوٌّ يُحِبُّ الْعَفْوَ . ثُمَّ قَرَأَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (وَلْيَعْفُوا وَلْيَصْفَحُوا أَلَا تُحِبُّونَ) قَالَ سُفْيَانُ: أَتَيْتُ يَحْيَى الْجَابِرَ، فَقَالَ لِي: أَخْرِجِ الْأَوَاحَ . فَقُلْتُ: لَيْسَتْ مَعِي الْأَوَاحُ، فَحَدَّثَنِي بِهٰذَا الْحَدِيثِ وَأَحَادِيثَ مَعَهُ، فَلَمْ أَحْفَظْ هٰذَا الْحَدِيثَ حَتّٰى أَعَادَهُ عَلَيَّ. قَالَ سُفْيَانُ: فَحَفِظْتُهُ فِي مَرَّتَيْنِ.

پہنی ہوئی تھی۔ پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو بھی شخص ذمہ دار ہو اس کے لیے یہ بات مناسب نہیں ہے کہ جب اس کے پاس کوئی قابل حد مجرم لایا جائے تو وہ حد جاری نہ کرے باقی اللہ تعالیٰ معاف کرنے والا ہے وہ معاف کرنے کو پسند کرتا ہے۔ ایک آدمی نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! یہ میرا بھتیجا ہے میری کوئی اولاد نہیں ہے لیکن مجھے اس کے لیے اپنے دل میں وہ محبت محسوس نہیں ہوتی جو مجھے اپنی اولاد کے لیے محسوس ہوتی ہے تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بولے: اللہ کی قسم! پھر تو تم یتیم کے انتہائی برے نگران ہو نہ تم نے اس کی اچھی تربیت کی اور نہ اس کی خرابی پر پردہ رکھا۔ پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا: بے شک مجھے یہ علم ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے سب سے پہلے جس شخص کا ہاتھ کٹوایا تھا وہ انصاری تھا' اس نے چوری کی تھی تو رسول اللہ ﷺ نے اس کا ہاتھ کٹوا دیا تو اس وقت آپ ﷺ کی کیفیت یہ تھی جیسے آپ ﷺ کے چہرے پر پریشانی کے آثار ہوں۔ یہاں سفیان نے اپنی ہتھیلی کے ذریعے اپنے چہرے کی طرف اشارہ کیا اور اپنی ہتھیلی کو کچھ بند کر لیا۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کو شائد یہ بات پسند نہیں آئی آپ نے فرمایا: میرے لیے کیا چیز رکاوٹ ہے لیکن تم اپنے بھائی کے خلاف شیطان کے مددگار نہ بنو۔ کیونکہ کسی والی کے لیے یہ بات مناسب نہیں ہے کہ اس کے پاس حد والا کوئی مقدمہ لایا

المستدرک للحاکم' کتاب الاھوال' جلد 7' صفحہ 219' رقم:8783
سنن النسائی' باب ما ذکر فی النساء' جلد 5' صفحہ 397' رقم:9255
صحیح ابن حبان' باب صفة النار واھلھا' جلد 16' صفحہ 520' رقم:7478

جائے اور وہ اسے قائم نہ کرے باقی اللہ معاف کرنے والا ہے اور وہ معاف کرنے کو پسند کرتا ہے پھر رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت تلاوت کی: "انہیں چاہیے کہ وہ معاف کر دیں اور درگزر سے کام لیں کیا تم لوگ اس بات کو پسند نہیں کرتے ہو کہ اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت کر دے۔" سفیان کہتے ہیں: میں یحییٰ الجابر کے پاس آیا تو انہوں نے مجھ سے فرمایا تم اپنی تختی نکالو میں نے کہا میرے پاس کوئی تختی نہیں ہے اس وقت انہوں نے یہ حدیث مجھے سنائی اور اس کے ساتھ اور حدیثیں بھی سنائیں تو مجھے یہ حدیث یاد نہیں ہوئی حتیٰ کہ انہوں نے دوبارہ مجھے یہ حدیث سنائی۔ سفیان کہتے ہیں: پس میں نے دو مرتبہ اس حدیث کو یاد کیا ہے۔

96- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ - وَكُنَّا لَقِينَاهُ بِمَكَّةَ - قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ أَعُودُهُ، فَأَرَادَ غُلَامٌ لَهُ أَنْ يُدَاوِيَهُ فَنَهَيْتُهُ، فَقَالَ: دَعْهُ فَإِنِّي سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ يُخْبِرُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: مَا أَنْزَلَ اللَّهُ دَاءً إِلَّا أَنْزَلَ لَهُ دَوَاءً. وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ: شِفَاءً عَلِمَهُ مَنْ عَلِمَهُ، وَجَهِلَهُ مَنْ جَهِلَهُ.

حضرت سفیان بیان کرتے ہیں کہ عطاء بن سائب کے ساتھ ہماری مکہ میں ملاقات ہوئی تو انہوں نے کہا کہ ہم ابوعبدالرحمٰن سلمی کے پاس ان کی عیادت کرنے کے لیے گئے تو ان کے غلام نے انہیں دوائی دینے کا ارادہ کیا میں نے اسے منع کر دیا تو وہ بولے تم اسے کرنے دو کیونکہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ "اللہ تعالیٰ نے جو بھی بیماری نازل کی ہے اس کی دوا بھی نازل کی ہے۔" کبھی سفیان یہ الفاظ بیان

-96 السنن الصغری للبیهقی، باب فرض الزکاة، جلد 1، صفحه 361، رقم: 1188
سنن النسائی، باب مانع زکاة ماله، جلد 5، صفحه 39، رقم: 2482
مسند ابن ابی شیبة، من اسمه حجر بن بیان، جلد 1، صفحه 413، رقم: 593
معرفة الصحابة لابی نعیم، باب من اسمه حصین، جلد 3، صفحه 411، رقم: 2098
المطالب العالیه للعسقلانی، باب سورة آل عمران، جلد 10، صفحه 239، رقم: 3652

کرتے کہ اس کی شفاء بھی نازل کی ہے۔ تو جس شخص کو اس کا علم ہوتا ہے وہ اسے جان لیتا ہے اور جس کو اس کا علم نہیں ہوتا وہ اس سے ناواقف رہتا ہے۔

97- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ الَّذِي حَدَّثَنَا مَنْصُورٌ عَنْ أَبِي وَائِلٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ تَعَاهَدُوا هَذَا الْقُرْآنَ، فَلَهُوَ أَشَدُّ تَفَصِّيًا مِنْ صُدُورِ الرِّجَالِ مِنَ النَّعَمِ مِنْ عُقُلِهِ. قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِئْسَمَا لِأَحَدِهِمْ أَنْ يَقُولَ نَسِيتُ آيَةَ كَيْتَ وَكَيْتَ، بَلْ هُوَ نُسِّيَ.

حضرت ابووائل کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ تم اس قرآن کو باقاعدگی سے پڑھتے رہو کیونکہ یہ انسان کے سینے سے اس سے زیادہ تیزی سے نکلتا ہے جتنی تیزی سے چرنے والا جانور اپنی رسی سے نکلتا ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ "کسی شخص کا یہ کہنا انتہائی غلط ہے کہ میں فلاں اور فلاں آیت بھول گیا بلکہ وہ اسے بھلا دی گئی۔"

98- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا مَنْصُورٌ حَدَّثَنَا ذَرٌّ الْهَمْدَانِيُّ عَنْ وَائِلِ بْنِ مُهَانَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَصَدَّقْنَ يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ وَلَوْ مِنْ حُلِيِّكُنَّ، فَإِنَّكُنَّ أَكْثَرُ أَهْلِ النَّارِ. فَقَامَتِ امْرَأَةٌ - لَيْسَتْ مِنْ عِلْيَةِ النِّسَاءِ - فَقَالَتْ: لِمَ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: لِأَنَّكُنَّ تُكْثِرْنَ اللَّعْنَ وَتَكْفُرْنَ الْعَشِيرَ.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے خواتین کی جماعت! تم صدقہ کیا کرو چاہے تم اپنے زیور ہی صدقہ کرو کیونکہ تمہاری اکثریت جہنم میں ہے تو ایک عورت کھڑی ہوئی جو کسی بڑے خاندان کی نہیں تھی اس نے عرض کی یا رسول اللہ! اس کی وجہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: اس کی وجہ یہ ہے کہ تم لعنت بہت زیادہ کرتی ہو اور شوہر کی ناشکری کرتی ہو۔

ثُمَّ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: مَا وُجِدَ مِنْ نَاقِصِ الْعَقْلِ وَالدِّينِ أَغْلَبَ لِلرِّجَالِ ذَوِي الرَّأْيِ عَلَى أُمُورِهِمْ مِنَ

پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا ایسی کوئی مخلوق نہیں پائی گئی جو عقل اور دین کے اعتبار سے ناقص

-97 صحیح بخاری، باب ما ینهی عن الکلام فی الصلاة، جلد 1، صفحه 411، رقم: 1199
صحیح مسلم، باب تحریم فی الصلاة ونسخ ما کان من اباحته، جلد 1، صفحه 189، رقم: 538
-98 الاحاد والمثانی لاحمد الشیبانی، من اسمه ابو رهم السماعی، جلد 5، صفحه 95، رقم: 2638
اتحاف الخیره المهرة، باب ما جاء فی الیمین الغموس، جلد 5، صفحه 131، رقم: 4831
السنن الکبری للبیهقی، باب التشدید فی الیمین الفاجرة، جلد 10، صفحه 178، رقم: 21223
المستدرك للحاکم، کتاب الایمان والنذور، جلد 4، صفحه 327، رقم: 7800

النِّسَاءِ ۔ قَالَ فَقِيلَ: يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَمَا نُقْصَانُ عَقْلِهَا وَدِيْنِهَا؟ قَالَ: اَمَّا نُقْصَانُ عَقْلِهَا فَجَعَلَ اللّٰهُ شَهَادَةَ امْرَاَتَيْنِ بِشَهَادَةِ رَجُلٍ، وَاَمَّا نُقْصَانُ دِيْنِهَا فَاِنَّهَا تَمْكُثُ كَذَا يَوْمًا لَا تُصَلِّيْ لِلّٰهِ سَجْدَةً۔

ہو لیکن سمجھدار مردوں کے معاملات میں ان پر غالب آنے پر عورتوں سے بڑھ کے ہو۔ (راوی کہتے ہیں:) کہا گیا کہ اے ابوعبدالرحمٰن ان کے عقل اور دین میں کیا کمی ہے؟ تو انہوں نے فرمایا جہاں تک ان کی عقل کی کمی کا تعلق ہے تو اللہ تعالیٰ نے دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کی گواہی کے برابر قرار دی ہے۔ اور جہاں تک ان کے دین میں کمی کا تعلق ہے تو ایک عورت کئی دن تک اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سجدہ ریز ہوتے ہوئے نماز نہیں پڑھ سکتی۔

99- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا جَامِعُ بْنُ اَبِيْ رَاشِدٍ وَعَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَعْيَنَ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ اَحَدٍ لَّا يُؤَدِّيْ زَكَاةَ مَالِهِ اِلَّا مُثِّلَ لَهُ شُجَاعًا اَقْرَعَ يُطَوَّقُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۔ ثُمَّ قَرَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِصْدَاقَهُ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ (وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَا اٰتَ الْاٰيَةَ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو بھی شخص اپنے مال کی زکوٰۃ ادا نہیں کرے گا تو قیامت کے دن اس کے مال کو اس کے لیے گنجے سانپ کی صورت میں تبدیل کر کے اسے طوق بنا کر پہنایا جائے گا۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے اس کے مصداق کے طور پر اللہ تعالیٰ کی کتاب کی یہ آیت تلاوت کی: ”اور وہ لوگ جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل کے ذریعے عطا کیا ہے اور وہ اس میں بخل سے کام لیتے ہیں ان کے بارے میں تم ہرگز یہ گمان نہ کرو کہ یہ ان کے لیے بہتر ہے بلکہ یہ ان کے لیے برا ہے۔ جس چیز کے بارے میں وہ بخل سے کام لیتے ہیں عنقریب قیامت کے دن وہ طوق بنا کر انہیں پہنایا جائے گا۔“

99- سنن ابن ماجه، باب ما جاء فيمن سجدها بعد السلام، جلد 1، صفحه 385، رقم: 1218
السنن الكبرى للبيهقي، باب غروب النية بعد الاحرام، جلد 2، صفحه 15، رقم: 2349
المستدرك للحاكم، كتاب السهو، جلد 1، صفحه 434، رقم: 1208
المعجم الكبير للطبراني، من اسمه عبد الله مسعود الهذلي، جلد 10، صفحه 31، رقم: 9868
المنتقى لابن الجارود، باب السهو، جلد 1، صفحه 70، رقم: 241

100- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ اَبِي النَّجُوْدِ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: كُنَّا نُسَلِّمُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّلَاةِ قَبْلَ اَنْ نَاْتِيَ اَرْضَ الْحَبَشَةِ فَيَرُدُّ عَلَيْنَا، فَلَمَّا رَجَعْنَا سَلَّمْتُ عَلَيْهِ وَهُوَ يُصَلِّيْ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ، فَاَخَذَنِيْ مَا قَرُبَ وَمَا بَعُدَ، فَجَلَسْتُ حَتّٰى قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ، فَقُلْتُ لَهُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ سَلَّمْتُ عَلَيْكَ وَاَنْتَ تُصَلِّيْ فَلَمْ تَرُدَّ عَلَيَّ السَّلَامَ ۔ فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ قَدْ يُحْدِثُ مِنْ اَمْرِهٖ مَا يَشَاءُ، وَاِنَّهُ مِمَّا اَحْدَثَ اَنْ لَّا تَكَلَّمُوْا فِي الصَّلَاةِ ۔ قَالَ سُفْيَانُ: هٰذَا مِنْ اَجْوَدِ مَا وَجَدْنَا عِنْدَ عَاصِمٍ فِيْ هٰذَا الْوَجْهِ ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حبشہ سے آنے سے پہلے ہم نماز کے دوران رسول اللہ ﷺ کو سلام کرتے تھے تو آپ ﷺ ہمیں جواب دے دیا کرتے تھے، پس جب ہم واپس آئے تو میں نے آپ کو سلام کیا آپ ﷺ اس وقت نماز ادا کر رہے تھے آپ ﷺ نے میرے سلام کا جواب نہیں دیا تو مجھے دور دراز کے خیال آنے لگے میں وہاں بیٹھ گیا حتیٰ کہ جب رسول اللہ ﷺ نے نماز مکمل کی تو میں نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ میں نے آپ ﷺ کو سلام کیا تھا جب آپ ﷺ نماز پڑھ رہے تھے تو آپ ﷺ نے میرے سلام کا جواب نہیں دیا۔ آپ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کسی بھی معاملے میں جو چاہے نیا حکم دے سکتا ہے اور اس بارے میں نیا حکم یہ ہے کہ تم لوگ نماز کے دوران کلام نہ کرو۔ سفیان کہتے ہیں: عاصم سے ہمیں جو روایات ملی ہیں یہ ان میں سب سے بہتر روایت ہے۔

101- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت بیان

100- الآداب للبيهقي، باب ما لا يجوز للمراة ان تنزين به، جلد 1، صفحه 334، رقم: 556
صحيح ابن حبان، كتاب الزينة والتطيب، جلد 12، صفحه 313، رقم: 5504
مسند امام احمد بن حنبل، مسند عبد الله بن مسعود، جلد 1، صفحه 409، رقم: 3881
مسند البزار، مسند عبد الله بن مسعود، جلد 1، صفحه 323، رقم: 2045
مصنف ابن ابی شيبة، باب فی واصلة الشعر بالشعر، جلد 8، صفحه 299، رقم: 25730
101- المعجم الكبير للطبرانی، من اسمه معاذ بن جبل، جلد 20، صفحه 172، رقم: 17124
المستدرك للحاكم، كتاب البيوع، جلد 2، صفحه 281، رقم: 2221
اتحاف الخيره المهرة، باب بقا الايمان اذا اكره صاحبه على الكفر، جلد 1، صفحه 27، رقم: 142
مجمع الزوائد للهيثمی، باب فی الوسوسة، جلد 1، صفحه 186، رقم: 91
المطالب العاليه للعسقلانی، باب الوسوسة، جلد 8، صفحه 464، رقم: 3075

حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَعْيَنَ وَجَامِعُ بْنُ أَبِي رَاشِدٍ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنِ اقْتَطَعَ مَالَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ بِيَمِينٍ كَاذِبَةٍ لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ . قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: ثُمَّ قَرَأَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِصْدَاقَهُ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى (إِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُونَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ) الْآيَةَ.

کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص جھوٹی قسم کے ذریعے کسی مسلمان کا مال ہتھیا لے گا جب وہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس پر غضبناک ہوگا۔ حضرت عبداللہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے اس کے مصداق کے طور پر اللہ تعالیٰ کی کتاب سے یہ آیت ہمارے سامنے تلاوت کی: ''بے شک وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کے نام کے عہد اور اس کے نام کی قسم کے عوض میں خریدتے ہیں۔''

102- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا مَنْصُورٌ غَيْرَ مَرَّةٍ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ بَعْدَ السَّلَامِ، وَحَدَّثَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَهَا بَعْدَ السَّلَامِ. قَالَ سُفْيَانُ: وَكَانَ طَوِيلًا فَهٰذَا الَّذِي حَفِظْتُ مِنْهُ .

حضرت علقمہ روایت بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے سلام پھیرنے کے بعد دو مرتبہ سجدہ سہو کیا اور یہ بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے سلام کے بعد یہ سجدے کیے تھے۔ سفیان کہتے ہیں: یہ روایت طویل ہے پس مجھے اس کا صرف یہ حصہ یاد ہے۔

103- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ: أَنَّ امْرَأَةً مِنْ بَنِي أَسَدٍ أَتَتِ ابْنَ مَسْعُودٍ فَقَالَتْ لَهُ: بَلَغَنِي أَنَّكَ لَعَنْتَ ذَيْتَ وَذَيْتَ، وَالْوَاشِمَةَ وَالْمُسْتَوْشِمَةَ، وَإِنِّي قَدْ قَرَأْتُ مَا بَيْنَ اللَّوْحَيْنِ فَلَمْ أَجِدِ الَّذِي تَقُولُ، وَإِنِّي لَأَظُنُّ عَلٰى أَهْلِكَ مِنْهَا . فَقَالَ لَهَا عَبْدُ اللّٰهِ: فَادْخُلِي فَانْظُرِي . فَدَخَلَتْ فَنَظَرَتْ فَلَمْ تَرَ شَيْئًا . قَالَ فَقَالَ لَهَا عَبْدُ اللّٰهِ: أَمَا قَرَأْتِ (مَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ قَالَتْ: بَلٰى. قَالَ: فَهُوَ ذٰلِكَ.

حضرت علقمہ روایت بیان کرتے ہیں کہ قبیلہ بنو اسد کی ایک عورت حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آئی اس نے ان سے کہا: مجھے پتہ چلا ہے کہ آپ فلاں فلاں پر اور جسم گودنے والی اور گودوانے والی پر لعنت کرتے ہیں حالانکہ میں نے پورا قرآن پڑھ لیا ہے مجھے اس میں یہ حکم نہیں ملا جو آپ کہتے ہیں اور میرا خیال ہے آپ کی اہلیہ بھی ایسا کرتی ہے' تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس عورت سے کہا: تم جاؤ اور جا کر دیکھ لو۔ وہ عورت حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے گھر گئی اس نے وہاں دیکھا تو اسے وہاں ایسی کوئی چیز نظر نہیں آئی۔ (راوی کہتے ہیں کہ) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس عورت سے کہا کیا تم نے یہ آیت پڑھی ہے۔ ''رسول تمہیں جو کچھ دیں اسے لے لو اور جس سے تمہیں منع کر دیں اس سے رُک جاؤ۔'' اس عورت نے جواب دیا: ہاں! تو (حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے) فرمایا کہ یہ وہی ہے۔

102- السنن الکبریٰ للبیھقی' باب فضل من ابتلی بشی من الاعمال' جلد 10' صفحہ 88' رقم: 20659
سنن ابن ماجہ' باب الحسد' جلد 2' صفحہ 140' رقم: 4208
سنن الکبریٰ للنسائی' باب الاغتباط فی العلم' جلد 3' صفحہ 426' رقم: 5840
صحیح ابن حبان' باب الزجر عن کتبۃ المرء السنن' جلد 1' صفحہ 78' رقم: 90
مسند أبی یعلیٰ' من مسند أبی سعید الخدری' جلد 2' صفحہ 340' رقم: 1085
103- السنن الکبریٰ للبیھقی' باب نکاح المتعۃ' جلد 7' صفحہ 201' رقم: 14522
مسند الشافعی' الباب الثالث فی الترغیب فی التزویج' جلد 1' صفحہ 162' رقم: 803
سنن الدارمی' باب النھی عن التبتل' جلد 2' صفحہ 179' رقم: 2169

104- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ الْهَجَرِيُّ أَبُو إِسْحَاقَ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا الْأَحْوَصِ يَقُولُ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ الشَّيْطَانَ قَدْ أَيِسَ أَنْ تُعْبَدَ الْأَصْنَامُ بِأَرْضِكُمْ هٰذِهِ أَوْ بِبَلَدِكُمْ هٰذَا وَلٰكِنَّهُ رَضِيَ مِنْكُمْ بِالْمُحَقَّرَاتِ مِنْ أَعْمَالِكُمْ، فَاتَّقُوا الْمُحَقَّرَاتِ فَإِنَّهُنَّ مِنَ الْمُوبِقَاتِ، أَوَلَا أُخْبِرُكُمْ بِمَثَلِ ذٰلِكَ؟ مَثَلُ رَكْبٍ نَزَلُوا فَلَاةً مِنَ الْأَرْضِ لَيْسَ بِهَا حَطَبٌ فَتَفَرَّقُوا، فَجَاءَ ذَا بِعُودٍ وَجَاءَ ذَا بِعَظْمٍ وَجَاءَ ذَا بِرَوْثَةٍ حَتّٰى أَنْضَجُوا الَّذِي أَرَادُوا، فَكَذٰلِكَ الذُّنُوبُ .

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک شیطان اس بات سے مایوس ہو گیا ہے کہ تمہاری اس سرزمین پر یا تمہارے اس شہر میں بتوں کی عبادت کی جائے' البتہ وہ تم سے تمہارے معمولی اعمال سے راضی ہو جائے گا تو تم معمولی گناہوں سے بچنے کی کوشش کرنا کیونکہ یہ برباد کر دیتے ہیں۔ کیا میں تمہیں اس کی مثال دوں' وہ اس طرح ہے جیسے کچھ سوار کسی بے آب و گیاہ زمین پر پڑاؤ کرتے ہیں وہاں کوئی لکڑی نہیں ہے' پس وہ لوگ بکھر جاتے ہیں تو ایک شخص عود لے کر آتا ہے ایک ہڈی لے کر آتا ہے ایک مینگنی لے کر آتا ہے حتیٰ کہ وہ لوگ جو چاہتے ہیں

104- السنن الکبریٰ للبیھقی' باب البکاء عند قرأۃ القرآن' جلد 10' صفحہ 231' رقم: 21588
المستدرک للحاکم' ذکر مناقب عبد اللہ بن مسعود' جلد 3' صفحہ 360' رقم: 5394
المعجم الصغیر للطبرانی' باب الالف من اسمہ احمد' جلد 1' صفحہ 136' رقم: 204
سنن ابوداؤد' باب فی القصص' جلد 3' صفحہ 363' رقم: 3670
صحیح ابن حبان' باب قرأۃ القرآن' جلد 3' صفحہ 9' رقم: 735

اسے جمع کر لیتے ہیں تو گناہ بھی اسی طرح ہو جاتے ہیں

105- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِىْ خَالِدٍ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ عَلٰى غَيْرِ مَا حَدَّثَنَا بِهِ الزُّهْرِيُّ قَالَ سَمِعْتُ قَيْسَ بْنَ اَبِىْ حَازِمٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا حَسَدَ اِلَّا فِىْ اثْنَتَيْنِ: رَجُلٌ اٰتَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَسَلَّطَهُ عَلٰى هَلَكَتِهٖ فِى الْحَقِّ، وَرَجُلٌ اٰتَاهُ اللّٰهُ حِكْمَةً فَهُوَ يَقْضِىْ بِهَا اَوْ يُعَلِّمُهَا .

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: حسد دو چیزوں کے سوا نہیں' ایک وہ شخص جسے اللہ تعالیٰ نے مال عطا کیا ہو اور پھر اس شخص کو وہ مال حق کی راہ میں خرچ کرنے کی توفیق دی ہو اور ایک وہ شخص جسے اللہ تعالیٰ نے حکمت عطا کی ہو اور وہ اس کے مطابق فیصلہ دیتا ہو یا وہ اس کی تعلیم دیتا ہو۔

106- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ خَالِدٍ اَنَّهٗ سَمِعَ قَيْسَ بْنَ اَبِىْ حَازِمٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ: كُنَّا نَغْزُوْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَيْسَ مَعَنَا نِسَاءٌ، فَاَرَدْنَا اَنْ نَخْتَصِىَ فَنَهَانَا عَنْ ذٰلِكَ.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جنگ میں شریک ہوا کرتے تھے ہمارے ساتھ عورتیں نہیں ہوتی تھیں ہم نے خصی ہونے کا ارادہ کیا تو رسول اللہ ﷺ نے ہمیں اس سے منع کر دیا۔

107- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت قاسم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ

105- صحیح بخاری' تفسیر سورۃ المائدۃ ' جلد 4' صفحہ 169' رقم:4349
صحیح مسلم' باب فناء الدنیا وبیان الحشر یوم القیامۃ ' جلد 8' صفحہ 157' رقم:7380
المستدرک للحاکم' تفسیر سورۃ الزخرف' جلد 2' صفحہ 486' رقم:3673
المعجم الکبیر للطبرانی' احادیث عبد اللہ بن العباس' جلد 12' صفحہ 9' رقم:12341
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد اللہ بن العباس' جلد 1' صفحہ 253' رقم:2281
106- صحیح بخاری' باب قولہ تعالٰی فلا تجعلوا للّٰہ اِنْدَادًا وانتم تعلمون' جلد 4' صفحہ 311' رقم:4488
صحیح مسلم' باب کون الشرک اقبح الذنوب' جلد 1' صفحہ 57' رقم:86
مصنف ابن ابی شیبۃ ' باب من قال افضل الصلاۃ لمیقاتھا' جلد 1' صفحہ 316' رقم:3229
سنن الدارقطنی' باب النھی عن الصلاۃ بعد صلاۃ ' جلد 1' صفحہ 334' رقم:991
107- سنن النسائی' باب قتال المسلم' جلد 7' صفحہ 121' رقم:4105
سنن ترمذی' باب ما جاء سباب المؤمن فسوق' جلد 5' صفحہ 21' رقم:2635
المعجم الاوسط للطبرانی' باب من اسمہ خیر' جلد 4' صفحہ 44' رقم:3567
سنن ابن ماجہ ' باب المسلم فسوق وقتالہ کفر' جلد 2' صفحہ 129' رقم:3939

حَدَّثَنَا الْمَسْعُوْدِيُّ عَنِ الْقَاسِمِ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ: اِقْرَاْ . فَقَالَ: اَقْرَاُ وَعَلَيْكَ اُنْزِلَ ؟ قَالَ: اِنِّىْ اُحِبُّ اَنْ اَسْمَعَهٗ مِنْ غَيْرِىْ.

رسول اللہ ﷺ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تلاوت کرو' تو انہوں نے عرض کی: کیا میں تلاوت کروں جبکہ یہ آپ ﷺ پر نازل ہوا ہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا: میں یہ چاہتا ہوں اسے اپنے علاوہ کسی دوسرے سے سنوں۔

قَالَ: فَقَرَاْتُ سُوْرَةَ النِّسَاءِ حَتّٰى اِذَا بَلَغَ (فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلٰى اسْتَعْبَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَفَّ عَبْدُ اللّٰهِ.

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے سورہ نساء پڑھنی شروع کی حتیٰ کہ جب یہ آیت تلاوت کی۔ ''تو اس وقت کیا عالم ہوگا کہ جب ہم ہر امت میں سے ایک گواہ کو لے کر آئیں گے اور آپ کو ان سب پر گواہ بنا کر لائیں گے۔'' تو رسول اللہ ﷺ کے آنسو بہنے لگے تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ خاموش ہو گئے۔

108- قَالَ سُفْيَانُ قَالَ الْمَسْعُوْدِيُّ وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ (مَا دُمْتُ فِيْهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِىْ كُنْتَ اَنْتَ .

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب تک میں ان کے درمیان تھا میں ان پر گواہ رہا جب تو نے مجھے موت دے دی تو اے اللہ! تو ان کا نگہبان اور تو ہر چیز پر گواہ ہے۔

109- اَخْبَرَنَا اَبُو الطَّاهِرِ عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

108- مسند امام احمد' مسند عبد اللہ بن مسعود' جلد 1' صفحہ 376' رقم:3568
صحیح ابن حبان' باب التوبۃ ' جلد 2' صفحہ 377' رقم:612
السنن الکبرٰی للبیھقی' باب شھادۃ القاذف' جلد 10' صفحہ 154' رقم:21067
المستدرک للحاکم' کتاب التوبۃ والانابۃ ' جلد 6' صفحہ 247' رقم:7612
مسند أبی یعلٰی' مسند عبد اللہ بن مسعود' جلد 9' صفحہ 171' رقم:5261
109- صحیح ابن حبان' باب الفقر والزھد والقناعۃ ' جلد 2' صفحہ 483' رقم:707
سنن ابوداؤد' باب مقدار الرکوع والسجود' جلد 1' صفحہ 331' رقم:887
السنن الصغرٰی' باب ما یقال فی الرکوع والسجود' جلد 1' صفحہ 141' رقم:411
مسند أبی یعلٰی' مسند عبد اللہ بن مسعود' جلد 8' صفحہ 383' رقم:4970

مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ زَيْدٍ الْمُؤَدِّبُ قِرَائَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ فِيْ سَنَةِ سَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ وَاَرْبَعِمَائَةٍ فَاَقَرَّ بِهٖ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ ابْنُ الصَّوَّافِ قِرَائَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ فَاَقَرَّ بِهٖ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ بِشْرُ بْنُ مُوْسَى قَالَ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ شَيْخًا مِّنَ النَّخعِ يُسَمَّى عَمْرًا وَيُكْنٰى بِاَبِيْ مُعَاوِيَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عَمْرٍو الشَّيْبَانِيَّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ: سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ الْعَمَلِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: اَلْاِيْمَانُ بِاللّٰهِ وَجِهَادٌ فِيْ سَبِيْلِهٖ. قُلْتُ: ثُمَّ اَيٌّ؟ قَالَ: ثُمَّ الصَّلَاةُ لِوَقْتِهَا. قُلْتُ: ثُمَّ اَيٌّ؟ قَالَ: ثُمَّ بِرُّ الْوَالِدَيْنِ. قُلْتُ: فَاَيُّ الْكَبَائِرِ اَكْبَرُ؟ قَالَ: اَنْ تَجْعَلَ لِلّٰهِ نِدًّا وَهُوَ خَلَقَكَ. قَالَ قُلْتُ: ثُمَّ اَيٌّ؟ قَالَ: اَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ مِنْ اَجْلِ اَنْ يَّاْكُلَ مَعَكَ. قُلْتُ: ثُمَّ اَيٌّ؟ قَالَ: ثُمَّ اَنْ تُزَانِيَ بِحَلِيْلَةِ جَارِكَ. ثُمَّ تَلَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ الْاٰيَةَ.

کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا: کون سا عمل زیادہ فضیلت والا ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھنا اور اس کی راہ میں جہاد کرنا۔ میں نے عرض کیا: پھر کون سا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: پھر نماز کو وقت پر ادا کرنا۔ میں نے عرض کی: پھر کون سا عمل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرنا۔ میں نے عرض کیا: کون سا گناہ بڑا ہے؟ آپ نے ارشاد فرمایا: یہ کہ تم اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہراؤ حالانکہ اس نے تمہیں پیدا کیا ہے۔ (حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ) کہتے ہیں میں نے عرض کی پھر کون سا؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ تم اپنی اولاد کو اس خوف سے قتل کر دو کہ وہ تمہارے ساتھ کھانے میں شریک ہو گی۔ میں نے عرض کی پھر کون سا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: پھر یہ کہ تم اپنے پڑوسی کی بیوی کے ساتھ زنا کرو۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی ''اور وہ لوگ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کی عبادت نہیں کرتے ہیں اور وہ ایسی جانوں کو قتل نہیں کرتے ہیں جسے اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہے البتہ حق کا معاملہ مختلف ہے اور وہ لوگ زنا کا ارتکاب نہیں کرتے ہیں جو شخص ایسا کرے گا وہ گناہ تک پہنچ جائے گا۔''

110- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ، وَقِتَالُهٗ كُفْرٌ.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مسلمان کو گالی دینا فسق ہے اور اس کو قتل کرنا کفر ہے۔

مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد اللہ بن مسعود' جلد 1' صفحہ 377' رقم: 3574

110- صحیح بخاری' باب ما کان النبی یتخولنا بالموعظۃ واطرافہ' جلد 1' صفحہ 57' رقم: 62

صحیح مسلم' باب الاقتصاد بالموعظۃ' جلد 4' صفحہ 181' رقم: 2821

111- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَرِيْمِ الْجَزَرِيُّ عَنْ زِيَادِ بْنِ اَبِيْ مَرْيَمَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ اَبِيْ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ فَقَالَ لَهٗ اَبِيْ: اَاَنْتَ سَمِعْتَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: النَّدَمُ تَوْبَةٌ. فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: نَعَمْ، اَنَا سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: النَّدَمُ تَوْبَةٌ.

حضرت عبداللہ بن معقل روایت کرتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ساتھ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا تو میرے والد نے ان سے کہا کہ کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ گناہ پر نادم ہونا توبہ ہے تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہاں! میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ نادم ہونا توبہ ہے۔

112- قَالَ سُفْيَانُ وَحَدَّثَنَا اَبُوْ سَعْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهٖ. وَالَّذِيْ حَدَّثَنَا بِهٖ عَبْدُ الْكَرِيْمِ اَحَبُّ اِلَيَّ لِاَنَّهٗ اَحْفَظُ مِنْ اَبِيْ سَعْدٍ.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ اور عبدالکریم نے جو روایت ہمیں سنائی ہے وہ ہمارے نزدیک زیادہ محبوب ہے کیونکہ ابوسعد کے مقابلے میں وہ زیادہ بڑے حافظ ہیں۔

113- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَارٍ فَنَزَلَتْ عَلَيْهِ (وَالْمُرْسَلَاتِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت بیان کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک غار میں موجود تھا پس آپ ﷺ پر یہ سورت نازل ہوئی۔ وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا تو میں نے رسول اللہ ﷺ کی

111- صحیح بخاری' باب اثم من اشرك باللہ' جلد 5' صفحہ 481' رقم: 6921

صحیح مسلم' باب ھل یواخذ باعمال الجاھلیۃ' جلد 1' صفحہ 77' رقم: 120

112- الادب المفرد للبخاری' باب لا یتناجی اثنان دون الثالث' جلد 1' صفحہ 400' رقم: 1171

المعجم الصغیر للطبرانی' باب المیم من اسمہ محمد' جلد 2' صفحہ 62' رقم: 785

سنن ابن ماجہ' باب لا یتناجی اثنان دون الثالث' جلد 2' صفحہ 124' رقم: 3775

سنن الدارمی' باب لا یتناجی اثنان دون صاحبھما' جلد 2' صفحہ 367' رقم: 2657

صحیح ابن حبان' باب الصحبۃ والمجالسۃ' جلد 2' صفحہ 345' رقم: 584

113- صحیح بخاری' باب رمی الجمار من بطن الوادی واطرافہ' جلد 2' صفحہ 191' رقم: 1747

صحیح مسلم' باب رمی جمرۃ العقبۃ من بطن الوادی' جلد 2' صفحہ 77' رقم: 1296

المسند المستخرج علی صحیح الامام مسلم للاصبھانی' کتاب الحج' جلد 3' صفحہ 377' رقم: 2992

عُرْفًا) فَاَخَذْتُهَا مِنْ فِيهِ، وَاِنَّ فَاهُ لَرَطْبٌ بِهَا، فَمَا اَدْرِی بِاٰيَتِهِمَا خَتَمَ (فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ) اَوْ (وَاِذَا قِيلَ لَهُمُ ارْكَعُوا لَا يَرْكَعُوْنَ) قَالَ: وَخَرَجَتْ عَلَيْنَا حَيَّةٌ مِّنْ جُحْرٍ فَاَفْلَتَتْنَا وَدَخَلَتْ جُحْرًا اٰخَرَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ وُقِيتُمْ شَرَّهَا وَوُقِيَتْ شَرَّكُمْ۔

زبانی اسے سیکھا حالانکہ آپ ﷺ کو اس کی تلاوت کیے ہوئے زیادہ دیر نہیں گزری تھی تو مجھے یہ نہیں پتہ چلا کہ آپ ﷺ نے ان دونوں میں سے کون سی آیت پر اس سورت کو ختم کیا تھا۔ ''فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ'' ''تو اس کے بعد وہ کون سی بات پر ایمان رکھیں گے۔'' یا پھر اس آیت پر ختم ہوئی تھی: ''وَاِذَا قِيلَ لَهُمُ ارْكَعُوْا لَا يَرْكَعُوْنَ'' ''جب ان سے یہ کہا جاتا ہے تم لوگ رکوع کرو تو وہ رکوع نہیں کرتے ہیں۔'' فرماتے ہیں کہ اسی دوران ایک بل میں سے ایک سانپ نکل کر ہمارے سامنے آیا ہم اسے مارنے کے لیے اٹھے تو وہ دوسرے بل میں داخل ہو گیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تمہیں اس کے شر سے بچا لیا گیا ہے اور اسے تمہارے شر سے بچا لیا گیا ہے۔

114- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا وَائِلٍ: شَقِيقَ بْنَ سَلَمَةَ يَقُوْلُ: كُنَّا جُلُوسًا نَنْتَظِرُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ فَاَتَانَا يَزِيْدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ النَّخَعِيُّ فَقَالَ: مَا لَكُمْ؟ قُلْنَا: نَنْتَظِرُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ۔ فَقَالَ: اَيْنَ تَرَوْنَهٗ؟ قُلْنَا: فِي الدَّارِ۔ قَالَ: اَفَلَا اَذْهَبُ فَاُخْرِجَهُ اِلَيْكُمْ؟ قَالَ فَذَهَبَ فَلَمْ يَلْبَثْ اَنْ خَرَجَ عَبْدُ اللّٰهِ حَتّٰى قَامَ عَلَيْنَا وَمَعَهٗ يَزِيْدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: اِنِّي لَاُخْبَرُ بِمَجْلِسِكُمْ، فَمَا يَمْنَعُنِي اَنْ اَخْرُجَ اِلَيْكُمْ اِلَّا كَرَاهِيَةُ اَنْ اُمِلَّكُمْ، وَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت شقیق بن سلمہ بیان کرتے ہیں کہ ہم لوگ بیٹھے ہوئے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا انتظار کر رہے تھے یزید بن معاویہ نخعی ہمارے پاس آئے انہوں نے فرمایا: تمہیں کیا ہوا ہے؟ ہم نے کہا: ہم حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا انتظار کر رہے ہیں تو انہوں نے کہا: تمہارے خیال میں وہ کہاں ہوں گے؟ ہم نے کہا: گھر میں ہوں گے۔ انہوں نے کہا: کیا میں جا کر تمہارے ساتھ انہیں بلا نہ لاؤں۔ (راوی کہتے ہیں:) پس وہ گئے تھوڑی ہی دیر کے بعد حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ باہر تشریف لائے حتیٰ کہ ہمارے پاس آ

114- صحیح بخاری، باب القراء من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم، جلد 7، صفحہ 309، رقم: 5001

صحیح مسلم، باب فضل استماع القرآن، جلد 1، صفحہ 261، رقم: 801

کنز العمال للهندی، حرف الحاء، جلد 17، صفحہ 282، رقم: 13713

وَسَلَّمَ كَانَ يَتَخَوَّلُنَا بِالْمَوْعِظَةِ فِي الْاَيَّامِ كَرَاهِيَةَ السَّاٰمَةِ عَلَيْنَا۔

کھڑے ہوئے اور ان کے ساتھ یزید بن معاویہ بھی تھے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے تمہارے یہاں بیٹھنے کے بارے میں بتایا گیا لیکن میں نکل کر تمہارے پاس اس لیے نہیں آیا کیونکہ مجھے یہ خوف تھا کہ میری وجہ سے تم اُکتا جاؤ گے۔ اور بے شک رسول اللہ ﷺ ہمیں دنوں کے وقفے کے ساتھ وعظ و نصیحت فرمایا کرتے تھے کیونکہ آپ ﷺ ہماری اکتاہٹ کو پسند نہیں کرتے تھے۔

115- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِي وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قِيلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنُؤَاخَذُ بِمَا كَانَ مِنَّا فِي الْجَاهِلِيَّةِ؟ فَقَالَ: مَنْ اَحْسَنَ مِنْكُمْ لَمْ يُؤَاخَذْ بِمَا عَمِلَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، وَمَنْ اَسَاءَ اُخِذَ بِالْاَوَّلِ وَالْاٰخِرِ۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! زمانہ جاہلیت میں ہم سے جو کچھ سرزد ہوا تھا اس کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے جو شخص نیکی کرے گا تو زمانہ جاہلیت میں اس نے جو عمل کیا تھا اس پر مواخذہ نہیں ہوگا اور جو شخص برائی کرے گا تو اس کے پہلے اور بعد والے کے بارے میں پوچھا جائے گا۔

116- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں ان تک نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان پہنچا ہے

115- صحیح مسلم، باب فضائل ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ، جلد 3، صفحہ 91، رقم: 2383

سنن ترمذی، باب مناقب أبی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ، جلد 5، صفحہ 382، رقم: 3655

صحیح ابن حبان، کتاب اخبارہ صلی اللہ علیہ وسلم، جلد 5، صفحہ 270، رقم: 6855

مسند امام احمد بن حنبل، مسند عبد اللہ بن مسعود، جلد 1، صفحہ 408، رقم: 3880

مسند البزار، مسند عبد اللہ بن مسعود، جلد 1، صفحہ 324، رقم: 2053

116- صحیح مسلم، باب فضائل ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ، جلد 3، صفحہ 91، رقم: 2383

سنن ترمذی، باب مناقب أبی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ، جلد 5، صفحہ 382، رقم: 3655

صحیح ابن حبان، کتاب اخبارہ صلی اللہ علیہ وسلم، جلد 5، صفحہ 270، رقم: 6855

مسند امام احمد بن حنبل، مسند عبد اللہ بن مسعود، جلد 1، صفحہ 408، رقم: 3880

مسند البزار، مسند عبد اللہ بن مسعود، جلد 1، صفحہ 324، رقم: 2053

يَبْلُغَ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُونَ الثَّالِثِ، فَإِنَّ ذٰلِكَ يُحْزِنُهُ ۔

کہ ''دو آدمی تیسرے کو چھوڑ کر سرگوشی نہ کریں کیونکہ یہ چیز اسے پریشان کردے گی۔''

117- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسْمًا فَقَالَ رَجُلٌ: إِنَّ هٰذِهِ لَقِسْمَةٌ مَا أُرِيْدَ بِهَا وَجْهُ اللّٰهِ ۔ قَالَ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ: فَمَا مَلَكْتُ نَفْسِي أَنْ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ، فَتَغَيَّرَ وَجْهُهُ - أَوْ قَالَ: لَوْنُهُ - قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَتَمَنَّيْتُ أَنِّي كُنْتُ أَسْلَمْتُ يَوْمَئِذٍ ۔ قَالَ: ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ أُوذِيَ مُوسَى بِأَشَدَّ مِنْ هٰذَا فَصَبَرَ ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے کوئی چیز تقسیم کی تو ایک آدمی نے کہا: یہ ایسی تقسیم ہے جس میں اللہ کی رضا کا ارادہ نہیں کیا گیا۔ (راوی کہتے ہیں:) تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا کہ مجھے اپنے آپ پر قابو نہیں رہا۔ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ ﷺ کو اس بارے میں بتایا تو آپ ﷺ کے چہرہ مبارک کا رنگ تبدیل ہوگیا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے اس وقت یہ تمنا کی کہ کاش! میں اسی دن مسلمان ہوا ہوتا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں پھر رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اس سے زیادہ اذیت پہنچائی گئی تھی لیکن انہوں نے صبر سے کام لیا۔''

118- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ الْأَعْمَشَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ الْحَجَّاجَ بْنَ يُوسُفَ يَقُوْلُ: لَا تَقُوْلُوا سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ وَلَا سُوْرَةَ

حضرت اعمش کہتے ہیں کہ میں نے حجاج بن یوسف کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ تم لوگ یہ نہ کہو سورہ بقرہ سورہ فلاں۔ پس میں نے اس بات کا تذکرہ حضرت ابراہیم

117- صحیح بخاری، باب فیمن اذن واقام لکل واحدة منهما، جلد 2، صفحه 37، رقم:1675
صحیح مسلم، باب استحباب زیادة التغلیس بصلاة الصبح یوم النحر، جلد 1، صفحه 427، رقم:1289
معرفة السنن والآثار للبیهقی، باب الجمع بین الصلاتین فی السفر، جلد 2، صفحه 27، رقم:1696
اخبار اصبهان لابی نعیم الاصبهانی، من اسمه النضر بن عبد الله الازدی، جلد 2، صفحه 8، رقم:1960
118- السنن الصغری للبیهقی، باب الترغیب فی النکاح، جلد 2، صفحه 199، رقم:2448
المنتقی لابن الجارود، کتاب النکاح، جلد 1، صفحه 169، رقم:672
سنن ابوداؤد، باب التحریض علی النکاح، جلد 2، صفحه 173، رقم:2048
سنن ابن ماجه، باب ما جاء فی فضل النکاح، جلد 1، صفحه 592، رقم:1845
سنن النسائی، باب الحث علی النکاح، جلد 3، صفحه 262، رقم:5318

كَذَا۔ فَذَكَرْتُهُ لِإِبْرَاهِيمَ بْنِ يَزِيْدَ النَّخَعِيِّ فَقَالَ: أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيْدَ أَنَّهُ مَشَى مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ فِي بَطْنِ الْوَادِي، فَلَمَّا أَتَى الْجَمْرَةَ جَعَلَهَا عَنْ يَمِيْنِهِ، ثُمَّ اعْتَرَضَهَا فَرَمَاهَا، فَقُلْتُ لَهُ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ إِنَّ نَاسًا يَرْمُوْنَهَا مِنْ فَوْقِهَا ۔ فَقَالَ: مِنْ هَا هُنَا، وَالَّذِي لَا إِلٰهَ غَيْرُهُ، رَأَيْتُ الَّذِي أُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ رَمَاهَا۔

بن یزید نخعی سے کیا تو انہوں نے بتایا کہ حضرت عبدالرحمٰن بن یزید نے مجھے یہ بات بتائی ہے ایک مرتبہ وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ وادی کے نشیب میں چل رہے تھے پس جب وہ جمرہ کے پاس آئے تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے انہیں اپنے دائیں طرف رکھا اور پھر ان کے سامنے آگئے پھر انہوں نے اسے کنکریاں ماریں۔ میں نے ان سے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! لوگ تو اوپر سے اس پر کنکریاں مارتے ہیں تو انہوں نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے وہ ہستی جن پر سورہ بقرہ نازل ہوئی ہے، میں نے انہیں یہیں سے کنکریاں مارتے ہوئے دیکھا ہے۔

119- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ: قَدِمَ عَبْدُ اللّٰهِ الشَّامَ، فَقَرَأَ سُوْرَةَ يُوسُفَ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: مَا هٰكَذَا أُنْزِلَتْ ۔ قَالَ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَيْحَكَ أَوْ وَيْلَكَ قَرَأْتُهَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَحْسَنْتَ ۔ فَبَيْنَا هُوَ يُرَاجِعُهُ إِذْ وَجَدَ عَبْدُ اللّٰهِ مِنْهُ رِيحَ الْخَمْرِ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: أَتَشْرَبُ الْخَمْرَ وَتُكَذِّبُ بِالْقُرْآنِ؟ لَا أَبْرَحُ حَتّٰى تُجْلَدَ فَجُلِدَ۔

حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ملک شام میں تشریف لائے انہوں نے سورہ یوسف کی تلاوت کی تو ایک آدمی نے ان سے کہا یہ اس طرح نازل نہیں ہوئی۔ (راوی کہتے ہیں:) تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم پر افسوس ہے! یا تمہاری بربادی ہو! میں نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے اسے تلاوت کیا ہے، تو آپ ﷺ نے یہ فرمایا تھا: تم نے ٹھیک پڑھا ہے۔ اس دوران کہ جب ان دو حضرات کے درمیان بحث ہو رہی تھی، حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو اس سے شراب کی بو محسوس ہوئی۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا کیا تم شراب

119- السنن الکبری للبیهقی، باب الامام لیستقی فیسقیهم الله، جلد 3، صفحه 352، رقم:6658
صحیح مسلم، باب الدخان، جلد 4، صفحه 215، رقم:2798
صحیح بخاری، کتاب التفسیر سورة یوسف، جلد 4، صفحه 173، رقم:4416
صحیح ابن حبان، باب کتب النبی صلی الله علیه وسلم، جلد 14، صفحه 548، رقم:6585

پیتے ہو اور قرآن کی تکذیب کرتے ہو میں تمہیں ضرور کوڑے لگواؤں گا تو پھر اس شخص کو کوڑے لگائے گئے۔

120- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ غَيْرَ مَرَّةٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللهِ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَبْرَأُ إِلَى كُلِّ خَلِيلٍ مِنْ خِلِّهِ، وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيلًا لَاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ خَلِيلًا، وَإِنَّ صَاحِبَكُمْ لَخَلِيلُ اللهِ. يَعْنِي نَفْسَهُ.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: ''میں ہر ساتھی کے ساتھ سے بری ہوں اگر میں نے کسی کو خلیل بنانا ہوتا تو میں ابوبکر کو خلیل بناتا لیکن تمہارے صاحب اللہ کے خلیل ہیں۔'' اس سے مراد آپ ﷺ کی اپنی ذات تھی۔

121- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى صَلَاةً إِلَّا لِوَقْتِهَا إِلَّا بِالْمُزْدَلِفَةِ، فَإِنَّهُ جَمَعَ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ، وَصَلَّى الصُّبْحَ يَوْمَئِذٍ فِي غَيْرِ وَقْتِهَا.
وَقَالَ سُفْيَانُ: يَعْنِي فِي غَيْرِ وَقْتِهَا الَّذِي كَانَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو نماز ہمیشہ وقت پر ادا کرتے ہوئے پایا ہے سوائے مزدلفہ کے کیونکہ وہاں رسول اللہ ﷺ نے دو نمازیں مغرب اور عشاء ایک ساتھ پڑھیں اور اس دن آپ ﷺ نے صبح کی نماز اس کے وقت کے علاوہ پڑھی۔

سفیان کہتے ہیں: اس سے مراد یعنی اس وقت کے

120- صحیح بخاری' باب عذاب المصورین یوم القیامة ' جلد 5' صفحه 222' رقم:5606
صحیح مسلم' باب لا تدخل الملائكة بيتا فيه كلب ولا صورة' جلد 6' صفحه 161' رقم:5659
اطراف المسند المعتلى باطراف المسند الحنبلی' مسروق بن الاجدع عن عبد الله' جلد 4' صفحه 214 رقم:5731
السنن الكبرىٰ للبيهقی' باب التشديد في المنع في التصوير' جلد 7' صفحه 268' رقم:14961
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الله بن مسعود' جلد 1' صفحه 375' رقم:3558
121- صحیح ابن حبان' باب الجنايات' جلد 13' صفحه 321' رقم:5983
السنن الكبرىٰ للبيهقی' باب اصل تحريم القتل في القرآن' جلد 8' صفحه 15' رقم:16242
سنن ترمذی' باب الدال على الخير كفاعله ' جلد 5' صفحه 42' رقم:2673
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الله بن مسعود' جلد 1' صفحه 433' رقم:4123
مسند أبي يعلىٰ' مسند عبد الله بن مسعود' جلد 9' صفحه 110' رقم:5179

يُصَلِّيهَا فِيهِ قَبْلَ ذٰلِكَ.

علاوہ پڑھی جس میں آپ ﷺ پہلے اسے پڑھا کرتے تھے۔

122- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ لَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الْبَاءَةَ فَلْيَنْكِحْ، فَإِنَّهُ أَغَضُّ لِلْبَصَرِ وَأَحْصَنُ لِلْفَرْجِ، وَمَنْ لَا فَلْيَصُمْ، فَإِنَّ الصَّوْمَ لَهُ وِجَاءٌ.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہم سے یہ فرمایا: اے نوجوانوں کے گروہ! تم میں سے جو شخص نکاح کرنے کی طاقت رکھتا ہو وہ نکاح کر لے کیونکہ یہ چیز نگاہ کو جھکا کے رکھتی ہے اور شرمگاہ کی زیادہ حفاظت کرتی ہے اور جو شخص اس کی طاقت نہیں رکھتا وہ روزے رکھے کیونکہ روزے اس کی شہوت کو ختم کر دیتے ہیں۔

123- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ أَوْ أُخْبِرْتُ عَنْهُ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ صُبَيْحٍ يَعْنِي عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ قِيلَ لِعَبْدِ اللهِ: إِنَّ فِي الْمَسْجِدِ رَجُلًا يَقُولُ: إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ أَصَابَ النَّاسَ دُخَانٌ يَأْخُذُ بِأَسْمَاعِ الْكُفَّارِ وَيَأْخُذُ الْمُؤْمِنِينَ كَالزُّكْمَةِ. قَالَ: فَكَانَ عَبْدُ اللهِ مُتَّكِئًا فَجَلَسَ فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ مَنْ عَلِمَ مِنْكُمْ شَيْئًا فَلْيَقُلْ بِهِ، وَمَنْ لَمْ يَعْلَمْ فَلْيَقُلْ لِمَا لَا يَعْلَمُ اللهُ أَعْلَمُ فَإِنَّ مِنْ عِلْمِ الْمَرْءِ أَنْ يَقُولَ لِمَا لَا يَعْلَمُ: اللهُ أَعْلَمُ فَقَدْ قَالَ اللهُ لِنَبِيِّهِ

حضرت مسروق روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو بتایا گیا مسجد میں ایک آدمی یہ کہہ رہا ہے کہ جب قیامت کا دن آئے گا تو لوگوں تک دھواں پہنچ جائے گا جو کفار کی سماعت کو ختم کر دے، لیکن اہل ایمان کو اس سے زکام کی سی کیفیت محسوس ہو گی۔ (راوی کہتے ہیں:) حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے وہ سیدھے ہو کر بیٹھ گئے اور کہنے لگے: اے لوگو! تم میں سے جو شخص کسی چیز کا علم رکھتا ہو وہ اس کے مطابق بیان کرے اور جو علم نہ رکھتا ہو وہ اپنی

122- المنتقى لابن الجارود' باب في حد الشارب' جلد 1' صفحه 212' رقم:832
سنن ابو داؤد' باب الحكم فيمن ارتد' جلد 4' صفحه 222' رقم:4354
اتحاف الخيره المهرة ' باب لا يحل قتل أمرى مسلم الا باحدى ثلاث' جلد 4' صفحه 210' رقم:3439
السنن الصغرىٰ للبيهقی' باب ايجاب القصاص في العمد' جلد 2' صفحه 381' رقم:3116
المستدرك للحاكم' كتاب الحدود' جلد 4' صفحه 390' رقم:8028
123- المعجم الكبير للطبرانی' من اسمه عبد الله بن مسعود الهذلي' جلد 9' صفحه 183' رقم:8924
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الله بن العباس بن عبد المطلب' جلد 1' صفحه 265' رقم:2388
جامع الاحاديث للسيوطی' الهمزه مع الراء' جلد 4' صفحه 291' رقم:3204
مجمع الزوائد للهيثمی' باب في ارواح الشهداء' جلد 5' صفحه 542' رقم:9542

(قُلْ مَا اَسْاَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَمَا اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِينَ) اِنَّ قُرَيْشًا لَمَّا اَبْطَءُوا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْاِسْلَامِ فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيهِمْ بِسَبْعٍ كَسَبْعِ يُوسُفَ.

لاعلمی کے بارے میں یہ کہہ دے کہ اللہ بہتر جانتا ہے ا
کی وجہ یہ ہے کہ آدمی کے علم میں یہ بات بھی شامل
کہ جس چیز کے بارے میں وہ علم نہیں رکھتا وہ یہ کہہ د
کہ اللہ بہتر جانتا ہے جبکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ
سے یہ فرمایا ہے۔''تم یہ فرما دو کہ میں اس پر تم سے ا
طلب نہیں کر رہا اور نہ ہی میں تکلیف کرنے والوں م
سے ہوں۔'' جب قریش رسول اللہ ﷺ کے پیروکا
نہیں بنے تھے تو آپ نے دعا کی: ''اے اللہ تو ان
حضرت یوسف کے زمانے کے سے سات سال مسلط
دے''۔

فَاَصَابَتْهُمْ سَنَةٌ حَصَّتْ كُلَّ شَيْءٍ حَتّٰى اَكَلُوا الْعِظَامَ وَحَتّٰى جَعَلَ الرَّجُلُ يَنْظُرُ اِلَى السَّمَاءِ فَيَرٰى بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا مِثْلَ الدُّخَانِ، قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُبِينٍ يَغْشَى النَّاسَ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيمٌ) قَالَ اللّٰهُ (اِنَّا كَاشِفُو الْعَذَابِ قَلِيلًا اِنَّكُمْ عَائِدُونَ) كَانَ هٰذَا فِي الدُّنْيَا، اَفَيُكْشَفُ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ ثُمَّ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَقَدْ مَضَى الدُّخَانُ، وَمَضَى اللِّزَامُ، وَمَضَى الْقَمَرُ، وَمَضَى الرُّومُ، وَمَضَتِ الْبَطْشَةُ.

تو ان لوگوں پر قحط آن پڑا جس نے ہر چیز کو تہس نہس کر دیا حتیٰ کہ وہ لوگ ہڈیاں کھانے لگے اور یہ حال ہو گیا کہ ان میں سے ایک شخص آسمان کی طرف دیکھتا اسے اپنے اور آسمان کے دوران دھواں محسوس ہوتا تو اللہ عزوجل نے ارشاد فرمایا: ''تم اس دن کا خیال کرو ک جب آسمان واضح دھواں لے کر آیا جس نے لوگوں ک ڈھانپ لیا تو یہ دردناک عذاب ہے۔'' اللہ تعالیٰ ارشاد فرمایا: ''بے شک ہم عذاب کو تھوڑا سا کم کر دیں تم لوگ دوبارہ واپس چلے جاؤ گے۔'' تو یہ معاملہ دنیا میں پیش آیا کیا قیامت کے دن ان کفار سے عذاب کو ہٹایا جائے گا؟ پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دھواں گزر چکا ہے لزام گزر چکا ہے۔ چاند کا واقعہ گزر چکا ہے روم کا واقعہ گزر چکا ہے اور لطبشہ کا واقعہ بھی گزر چکا ہے۔

124- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت مسلم بن صبیح بیان کرتے ہیں کہ ہم لوگ

الاسماء والصفات للبیہقی، باب ما جاء فی تفسیر الروح، جلد 2، صفحہ 315، رقم: 749

124- المعجم الکبیر للطبرانی، من اسمه عبد الله بن مسعود الهذلی، جلد 9، صفحه 210، رقم: 9044

قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ صُبَيْحٍ قَالَ: كُنَّا مَعَ مَسْرُوقٍ فِي دَارِ يَسَارِ بْنِ نُمَيْرٍ فَرَاٰى مَسْرُوقٌ فِي صُفَّتِهِ تَمَاثِيلَ، فَقَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ الْمُصَوِّرُوْنَ.

یسار بن نمیر کے گھر میں مسروق کے ساتھ تھے۔ مسروق نے ان کے گھر میں تصویریں لگی ہوئی دیکھیں تو انہوں نے کہا کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: ''قیامت کے دن سب سے زیادہ عذاب مصوروں کو ہوگا''۔

125- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ نَفْسٍ تُقْتَلُ ظُلْمًا اِلَّا كَانَ عَلَى ابْنِ اٰدَمَ الْاَوَّلِ كِفْلٌ مِنْهَا، لِاَنَّهُ سَنَّ الْقَتْلَ اَوَّلًا.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص کو بھی بطور ظلم قتل کیا جائے گا تو اس کا وبال آدم علیہ السلام کے اس پہلے بیٹے کے سر ہوگا وہ اس میں حصہ دار ہوگا کیونکہ اس نے قتل کا طریقہ سب سے پہلے شروع کیا۔

126- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے

سنن ترمذی، کتاب التفسیر، سورۃ آل عمران، جلد 5، صفحہ 231، رقم: 3011

تفسیر ابن ابی حاتم، قوله تعالى "امواتا بل احياء عند ربهم" جلد 6، صفحه 80، رقم: 4538

مصنف عبد الرزاق، باب أجر الشهادة، جلد 5، صفحه 263، رقم: 9555

شرح اصول اعتقاد اهل السنة والجماعة للالكائى، من اسمه عبد الله بن مسعود، جلد 1، صفحه 393، رقم: 1433

125- صحيح ابن حبان، باب الفقر والزهد والقناعة، جلد 2، صفحه 487، رقم: 710

المستدرك للحاكم، كتاب الرقاق، جلد 6، صفحه 348، رقم: 7910

اتحاف الخيره المهرة للبوصيرى، باب التفكر فى زوال الدنيا، جلد 7، صفحه 150، رقم: 7254

مسند امام احمد بن حنبل، مسند عبد الله بن مسعود، جلد 1، صفحه 377، رقم: 3579

مسند الحارث، باب فيما يرغب فى الدنيا، جلد 2، صفحه 980، رقم: 1088

126- صحيح بخارى، باب ذكر الجن وقوله تعالى "قل اوحى الى انه استمع نفر من الجن" جلد 4، صفحه 211، رقم: 3859

صحيح مسلم، باب الجهر بالقرأة فى الصبح والقرأة على الجن، جلد 1، صفحه 150، رقم: 450

اتحاف الخيره المهرة، باب فى معجزاته صلى الله عليه وسلم، جلد 7، صفحه 39، رقم: 6464

المسند الشاشى، باب ما روى مسروق بن الاجدع، جلد 1، صفحه 457، رقم: 384

معرفة السنن والآثار للبيهقى، باب المكاتب، جلد 6، صفحه 302، رقم: 6387

قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِءٍ مُسْلِمٍ يَشْهَدُ اَنْ لَّآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَّا فِيْ اِحْدٰى ثَلَاثٍ: رَجُلٍ كَفَرَ بَعْدَ اِسْلَامِهٖ، اَوْ زَنٰى بَعْدَ اِحْصَانِهٖ، اَوْ نَفْسٍ بِنَفْسٍ۔

ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کسی بھی مسلما جو اس بات کی گواہی دیتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کے سوا اور کو معبود نہیں ہے اور میں اللہ کا رسول ہوں، کا خون ت صورتوں میں سے ایک صورت میں جائز ہے۔ ایسا شخص جو اسلام قبول کرنے کے بعد کافر ہو جائے۔ ایسا شخص محصن ہونے کے باوجود زنا کرے یا پھر جان کے بد میں جان۔

127- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: اَمَا اِنَّا قَدْ سَاَلْنَا عَنْ ذٰلِكَ يَعْنِيْ اَرْوَاحَ الشُّهَدَاءِ فَقِيْلَ: جُعِلَتْ فِيْ اَجْوَافِ طَيْرٍ خُضْرٍ تَاْوِيْ اِلٰى قَنَادِيْلَ تَحْتَ الْعَرْشِ، تَسْرَحُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ شَائَتْ، فَاطَّلَعَ اِلَيْهِمْ رَبُّكَ اطِّلَاعَةً فَقَالَ: هَلْ تَسْتَزِيْدُوْنِيْ شَيْئًا فَاَزِيْدَكُمْ ؟ فَقَالُوْا: وَمَا نَسْتَزِيْدُكَ وَنَحْنُ فِي الْجَنَّةِ نَسْرَحُ مِنْهَا حَيْثُ نَشَاءُ. ثُمَّ اطَّلَعَ اِلَيْهِمْ رَبُّكَ اطِّلَاعَةً فَقَالَ: هَلْ تَسْتَزِيْدُوْنِيْ شَيْئًا فَاَزِيْدَكُمْ؟ فَلَمَّا رَاَوْا اَنَّهٗ لَا بُدَّ مِنْ اَنْ يَّسْاَلُوْهُ قَالُوْا: تَرُدُّ اَرْوَاحَنَا فِيْ اَجْسَادِنَا فَنُقْتَلَ فِيْ سَبِيْلِكَ مَرَّةً اُخْرٰى۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کر ہیں کہ ہم نے اس بارے میں سوال کیا تھا یعنی شہداء ک ارواح کے بارے میں تو یہ بات بتائی گئی کہ یہ پرندوں کے پیٹ میں رکھ دی جاتی ہیں جو عرش کے قندیلوں میں رہتی ہیں۔ یہ جنت میں جہاں چاہتی ہیں چلی جاتی ہیں ان کا رب ان کی طرف متوجہ ہو کر فر ہے: کیا تم مجھ سے اور کسی چیز کے طلبگار ہو تا کہ میں تمہیں اور زیادہ عطا کروں تو انہوں نے عرض کی: ہم اور کس چیز کے طلبگار ہوں گے جب کہ ہم جنت میں ہیں اور ہم وہاں جہاں چاہیں جا سکتے ہیں۔ پھر ان کا رب ان کی طرف متوجہ ہو کر فرمائے گا: کیا تم اور بھی کسی چیز کے طلبگار ہو تا کہ میں تمہیں وہ چیز بھی عطا کروں۔ جب ان لوگوں نے یہ بات دیکھی کہ انہیں ضرور کوئی نہ کوئی سوال کرنا ہی ہوگا تو انہوں نے عرض کی: تو ہماری روحوں کو ہمارے جسموں میں واپس کر دے تا کہ ہم ایک دفعہ پھر

127- مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الله بن مسعود' جلد 1' صفحه 445' رقم: 4253
مسند ابی یعلی' مسند عبد الله بن مسعود' جلد 9' صفحه 345' رقم: 5456
اتحاف الخیره المهرة' باب ما جاء فی علم الله وعظمته وصفاته' جلد 1' صفحه 185' رقم: 230
اطراف المسند المعتلی' محمد بن زید بن عبد الله بن عمر عن جده' جلد 3' صفحه 472' رقم: 4496
سنن ابن ماجه' باب اشراط الساعة' جلد 2' صفحه 134' رقم: 4044

تیری راہ میں قتل کیے جائیں۔

128- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ مِثْلَهٗ.

حضرت ابوعبیدہ' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

وَزَادَ: وَتُقْرِءُ نَبِيَّنَا مِنَّا السَّلَامَ، وَتُخْبِرُ قَوْمَنَا اَنْ قَدْ رَضِيْنَا وَرُضِيَ عَنَّا.

البتہ اس میں یہ الفاظ زائد ہیں: ''تو ہماری طرف سے ہمارے نبی تک سلام پہنچا دے اور ہماری قوم کو یہ بتا دے کہ ہم اس سے راضی ہیں اور وہ ہم سے راضی ہے۔''

129- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ شِمْرِ بْنِ عَطِيَّةَ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ سَعْدِ بْنِ الْاَخْرَمِ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا تَتَّخِذُوا الضَّيْعَةَ فَتَرْغَبُوْا فِي الدُّنْيَا.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہم سے فرمایا: تم لوگ عمارتیں نہ بناؤ ورنہ تم دنیا میں رغبت کرنے لگ جاؤ گے۔

ثُمَّ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَبِرَاذَانَ مَا بِرَاذَانَ، وَبِالْمَدِيْنَةِ مَا بِالْمَدِيْنَةِ.

پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اور اذان میں جو کچھ ہے وہ اذان میں ہے اور مدینہ میں جو کچھ ہے وہ مدینہ میں ہے۔

130- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مِسْعَرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ قَالَ قَالَ لِيْ مَسْرُوْقٌ: اَخْبَرَنِيْ اَبُوْكَ اَنَّ شَجَرَةً اَنْذَرَتِ النَّبِيَّ

حضرت ابوعبیدہ کہتے ہیں کہ مسروق نے مجھ سے کہا: مجھے تمہارے والد نے یہ بتایا ہے کہ جنات سے ملاقات کی رات ایک درخت نے نبی اکرم ﷺ کو ڈرانے کی

129- صحیح مسلم' باب بیان ان الاجال والارزاق وغیرها لا تزید ولا تنقص' جلد 8' صفحه 55' رقم: 6941
اطراف المسند المعتلی' احادیث المعرور بن سوید رضی الله عنه' جلد 4' صفحه 216' رقم: 5738
سنن النسائی الکبری' باب ما یقول اذا افاد امراة' جلد 6' صفحه 74' رقم: 10094
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الله بن مسعود' جلد 1' صفحه 390' رقم: 3700
المسند الشاشی' باب ما روی المعروف بن سوید' جلد 2' صفحه 264' رقم: 679
130- سنن ترمذی' باب ما جاء ان الاعمال بالخواتیم' جلد 4' صفحه 446' رقم: 2137
السنن الکبری للبیهقی' باب المراة تضع سقطا' جلد 7' صفحه 421' رقم: 15819
صحیح مسلم' باب کیفیة الخلق الآدمی فی بطن امه' جلد 8' صفحه 44' رقم: 6893
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الله بن مسعود' جلد 1' صفحه 430' رقم: 4091

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْجِنِّ.

کوشش کی تھی۔

131 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مِسْعَرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلِمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّهُ قَالَ: مِنْ كُلِّ شَيْءٍ قَدْ اُوْتِيَ نَبِيُّكُمْ عِلْمَهُ اِلَّا مِنْ خَمْسٍ (اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ) اِلٰى اٰخِرِ السُّوْرَةِ.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تمہارے نبی ﷺ کو ہر چیز کا علم عطا کیا گیا ہے سوائے پانچ چیزوں کے ”بے شک قیامت کا علم اللہ تعالیٰ کے ہی پاس ہے۔“ سورت کے آخر تک ہے۔

132 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنْ مُرَّةَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنِ الْمُغِيْرَةِ الْيَشْكُرِيِّ عَنِ الْمَعْرُوْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَتْ اُمُّ حَبِيْبَةَ: اَللّٰهُمَّ اَمْتِعْنِيْ بِزَوْجِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَبِاَبِيْ اَبِيْ سُفْيَانَ وَبِاَخِيْ مُعَاوِيَةَ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعَوْتِ اللّٰهَ لِاٰجَالٍ مَضْرُوْبَةٍ وَلِاٰثَارٍ مَبْلُوْغَةٍ وَلِاَرْزَاقٍ مَقْسُوْمَةٍ، لَا يَتَقَدَّمُ مِنْهَا شَيْءٌ قَبْلَ اَجَلِهِ، وَلَا يَتَاَخَّرُ مِنْهَا شَيْءٌ بَعْدَ حِلِّهِ، وَلَوْ كُنْتِ سَاَلْتِ اللّٰهَ اَنْ يُنَجِّيَكِ مِنْ عَذَابٍ فِي النَّارِ اَوْ عَذَابٍ فِي الْقَبْرِ كَانَ خَيْرًا اَوْ اَفْضَلَ.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت سیدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہ نے دعا کی: ”اے اللہ تو میرے شوہر رسول اللہ، میرے والد ابوسفیان اور میرے بھائی معاویہ کو لمبی زندگی دینا۔“ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم نے اللہ تعالیٰ سے ایسی دعا کی ہے جس کا وقت متعین ہے جس کی حد مقرر ہے اور جس کا رزق مقرر ہے۔ مقرر وقت سے پہلے کوئی چیز نہیں آسکتی اور کوئی چیز تاخیر نہیں کرسکتی جبکہ اس کا وقت ختم ہو جائے۔ اگر تم اللہ تعالیٰ سے یہ دعا مانگتی کہ اللہ تعالیٰ تجھے جہنم کے عذاب سے اور قبر کے عذاب سے نجات دے تو یہ زیادہ بہتر یا افضل ہے۔

131- صحیح ابن خزیمہ، باب تخییر الامام فی الانصراف، جلد 3، صفحہ 106، رقم: 1714
السنن الصغرٰی للبیھقی، باب انصراف المصلی، جلد 1، صفحہ 219، رقم: 662
سنن ابن ماجہ، باب الانصراف من الصلاۃ، جلد 1، صفحہ 300، رقم: 930
صحیح مسلم، باب جواز الانصراف من الصلاۃ عن الیمین والشمال، جلد 2، صفحہ 153، رقم: 1672
مسند ابی یعلیٰ، مسند عبد اللہ بن مسعود، جلد 9، صفحہ 105، رقم: 5174
132- سنن الدارمی، باب النھی عن مسح الحصا، جلد 1، صفحہ 374، رقم: 1388
السنن الکبرٰی للبیھقی، باب کراھیۃ مسح الحصی وتسویتہ فی الصلاۃ، جلد 2، صفحہ 284، رقم: 3688
المنتقی لابن الجارود، باب الافعال الجائزۃ فی الصلاۃ، جلد 1، صفحہ 65، رقم: 219
سنن ابوداؤد، باب فی مسح الحصی فی الصلاۃ، جلد 1، صفحہ 356، رقم: 946
مصنف عبد الرزاق، باب مسح الحصا، جلد 2، صفحہ 38، رقم: 2399

133 - قَالَ: وَسُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْقِرَدَةِ وَالْخَنَازِيْرِ اَهُمْ مِنْ نَسْلِ الَّذِيْنَ كَانُوْا مُسِخُوْا اَوْ مِنْ شَيْءٍ كَانَ قَبْلَ ذٰلِكَ؟ فَقَالَ: لَا، بَلْ مِنْ شَيْءٍ كَانَ قَبْلَ ذٰلِكَ، اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَمْ يُهْلِكْ قَوْمًا قَطُّ فَيَجْعَلَ لَهُمْ نَسْلًا وَلَا عَاقِبَةً، وَلٰكِنَّهُمْ مِنْ شَيْءٍ كَانَ قَبْلَ ذٰلِكَ.

راوی کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے بندروں اور خنزیروں کے بارے میں پوچھا گیا کہ کیا یہ ان لوگوں کی نسل سے تعلق رکھتے ہیں جنہیں مسخ کر دیا گیا تھا یا یہ اس سے پہلے کی کوئی چیز ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! یہ اس سے پہلے کی کوئی چیز نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ جب بھی کسی قوم کو ہلاک کرتا ہے تو ان کی نسل اور ان لوگوں کا انجام ان لوگوں کی طرح ہوتا ہے جو ان سے پہلے بھی موجود ہوں۔

134 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الطَّنَافِسِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوْقُ: اِنَّ اَحَدَكُمْ يُجْمَعُ خَلْقُهُ فِيْ بَطْنِ اُمِّهِ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا، فَيَكُوْنُ عَلَقَةً مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ يَكُوْنُ مُضْغَةً مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ يُرْسِلُ اللّٰهُ اِلَيْهِ الْمَلَكَ بِاَرْبَعِ كَلِمَاتٍ فَيَقُوْلُ: اكْتُبْ عَمَلَهُ وَاَجَلَهُ وَشَقِيًّا اَمْ سَعِيْدًا. ثُمَّ يُنْفَخُ فِيْهِ الرُّوْحُ - ثُمَّ قَالَ - وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ اِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ حَتّٰى مَا يَكُوْنُ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا اِلَّا ذِرَاعٌ فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں یہ حدیث بیان کی اور آپ ﷺ سچے ہیں اور آپ ﷺ کی تصدیق کی گئی۔ ”تم میں سے ہر شخص کے نطفہ کو اس کی ماں کے پیٹ میں چالیس دن تک رکھا جاتا ہے پھر وہ اتنے ہی عرصے تک جمے ہوئے خون کی صورت میں رہتا ہے پھر وہ اتنے ہی عرصے تک گوشت کے لوتھڑے کی صورت میں رہتا ہے پھر اللہ تعالیٰ چار چیزوں کے ساتھ فرشتے کو اس کی طرف بھیجتا ہے اور فرماتا ہے: اس کا عمل اس کی زندگی کی آخری میعاد اس کا بدبخت یا نیک بخت ہونا لکھ دو۔ پھر وہ فرشتہ اس میں روح پھونک دیتا ہے۔“ پھر

133- التاریخ الکبیر للبخاری، من اسمہ عبد الرحمٰن بن محمد المحاربی، جلد 3، صفحہ 159، رقم: 1102
جامع الاحادیث للسیوطی، ان المشددۃ مع الھمزہ، جلد 8، صفحہ 44، رقم: 6834
المطالب العالیہ للعسقلانی، باب بدء الخلق، جلد 10، صفحہ 71، رقم: 3523
134- المستدرک للحاکم، کتاب الدعاء والتکبیر والذکر، جلد 2، صفحہ 175، رقم: 1901
الاحاد والمثانی لاحمد الشیبانی، ذکر حازم بن حرملۃ الغفاری، جلد 2، صفحہ 246، رقم: 1000
المعجم الصغیر للطبرانی، من اسمہ یحیی، جلد 2، صفحہ 287، رقم: 1177
سنن ابو داؤد، باب فی الاستغفار، جلد 1، صفحہ 561، رقم: 1528
صحیح مسلم، باب استحباب خفض الصوت، جلد 8، صفحہ 73، رقم: 7037

فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَدْخُلُهَا، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ حَتّٰى مَا يَكُوْنُ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا اِلَّا ذِرَاعٌ فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ فَيَدْخُلُهَا۔

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے! آدمی دوزخیوں جیسے عمل کرتا رہتا ہے حتیٰ کہ اس کے اور دوزخ کے درمیان ایک بالشت کا فاصلہ رہ جاتا ہے تو تقدیر کا لکھا اس پر غالب آ جاتا ہے اور وہ اہل جنت کا سا عمل کرتا ہے اور وہ جنت میں داخل ہو جاتا ہے۔ اور ایک شخص زندگی بھر جنتیوں جیسے عمل کرتا رہتا ہے حتیٰ کہ اس کے اور جنتیوں کے درمیان ایک بالشت کا فاصلہ رہ جاتا ہے تو تقدیر کا لکھا ہوا اس پر غالب آ جاتا ہے اور وہ جہنمیوں جیسا عمل کرتا ہے اور اس میں داخل ہو جاتا ہے۔

135- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهُ قَالَ: لَا يَجْعَلَنَّ اَحَدُكُمْ لِلشَّيْطَانِ مِنْ صَلَاتِهِ جُزْءًا يَرٰى اَنَّ حَتْمًا عَلَيْهِ اَنْ لَّا يَنْصَرِفَ - يَعْنِي: اِلَّا عَنْ يَّمِيْنِهِ - وَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثَرَ مَا يَنْصَرِفُ عَنْ شِمَالِهِ۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کوئی بھی شخص نماز میں سے شیطان کے لیے کوئی حصہ ہرگز مقرر نہ کرے اور وہ یہ نہ سمجھے کہ اس پر یہ لازم ہے کہ وہ دائیں طرف سے ہی اٹھ سکتا ہے کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو کئی مرتبہ بائیں طرف سے اٹھتے ہوئے بھی دیکھا ہے۔

11- مُسْنَدُ اَبِیْ ذَرٍّ الْغِفَارِیِّ

مسند حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ

136- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

135- صحیح بخاری، باب ای الرقاب افضل، جلد 7، صفحہ 37، رقم: 2518

صحیح مسلم، باب کون الایمان باللہ تعالیٰ افضل الاعمال، جلد 1، صفحہ 41، رقم: 89

السنن الصغریٰ للبیہقی، باب العتق، جلد 3، صفحہ 325، رقم: 4759

المنتقی لابن الجارود، باب ما جاء فی العتاقۃ، جلد 1، صفحہ 244، رقم: 969

صحیح ابن حبان، باب فضل الجہاد، جلد 10، صفحہ 456، رقم: 4596

136- سنن ابن ماجہ، باب من قال کان فسخ الحج لہم خاصۃ، جلد 2، صفحہ 994، رقم: 2984

بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا الْاَحْوَصِ يُحَدِّثُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا ذَرٍّ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا قَامَ اَحَدُكُمْ اِلَى الصَّلَاةِ فَاِنَّ الرَّحْمَةَ تُوَاجِهُهُ فَلَا يَمْسَحِ الْحَصٰى۔

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص نماز کے لیے کھڑا ہو تو رحمت اس کی طرف متوجہ ہوتی ہے تو وہ کنکریوں پر ہاتھ نہ پھیرے۔

قَالَ سُفْيَانُ فَقَالَ لَهُ سَعْدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ: مَنْ اَبُو الْاَحْوَصِ؟ كَالْمُغْضَبِ عَلَيْهِ حِيْنَ حَدَّثَ عَنْ رَجُلٍ مَجْهُوْلٍ لَا يَعْرِفُهُ فَقَالَ لَهُ الزُّهْرِيُّ: اَمَا تَعْرِفُ الشَّيْخَ مَوْلٰى بَنِيْ غِفَارٍ، الَّذِيْ كَانَ يُصَلِّيْ فِي الرَّوْضَةِ، الَّذِي الَّذِيْ وَجَعَلَ يَصِفُهُ وَسَعْدٌ لَا يَعْرِفُهُ۔

سفیان کہتے ہیں کہ سعد بن ابراہیم نے ان سے کہا: ابوالاحوص کون ہیں؟ گویا سعد نے زہری پر ناراضگی ظاہر کی کہ انہوں نے ایک مجہول شخص کے حوالے سے حدیث بیان کی ہے جس سے وہ واقف نہیں ہیں تو زہری نے ان سے کہا کیا آپ بنو غفار کے اس بوڑھے غلام سے واقف نہیں ہیں وہ جو باغ میں نماز پڑھا کرتا تھا وہ شخص، وہ شخص۔ تو زہری اس کا تعارف کراتے رہے حتیٰ کہ سعد بن ابراہیم اس کو نہیں پہچان سکے۔

137- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يَزِيْدُ بْنُ جُعْدُبَةَ اللَّيْثِيُّ اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ مِخْرَاقٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ خَلَقَ فِي الْجَنَّةِ رِيْحًا بَعْدَ الرِّيْحِ بِسَبْعِ سِنِيْنَ، وَاِنَّ مِنْ دُوْنِهَا بَابًا مُغْلَقًا، وَاِنَّمَا يَاْتِيْكُمُ الرِّيْحُ مِنْ خَلَلِ ذٰلِكَ الْبَابِ، وَلَوْ فُتِحَ لَاَذْرَتْ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ مِنْ شَيْءٍ، وَهِيَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاَزْيَبُ وَهِيَ فِيْكُمُ الْجَنُوْبُ۔

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نے جنت میں ہوا کو پیدا کرنے کے سات سال بعد جنت میں ایک بو پیدا کی' اس کے آگے ایک بند دروازہ ہے یہ ہوا تمہارے پاس اس دروازے میں موجود کھلی جگہ سے آتی ہے۔ اگر اس دروازے کو کھول دیا جائے تو یہ ہوا آسمان اور زمین میں ہر چیز تک پہنچ جائے۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں یہ ازیب ہے اور تمہارے درمیان جنوب ہے۔

138- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عمرو بن میمون اودی روایت کرتے ہیں کہ

137- صحیح مسلم، باب استحباب الذکر بعد الصلاۃ وبیان صفتہ، جلد 1، صفحہ 219، رقم: 595

سنن الدارمی، باب التسبیح فی دبر الصلاۃ، جلد 1، صفحہ 360، رقم: 1353

الاوسط لابن المنذر، باب جماع ابواب التشہد، جلد 2، صفحہ 59، رقم: 1511

138- اخبار مکۃ للازرقی، ذکر حد المسجد الحرام وفضلہ وفضل الصلاۃ فیہ، جلد 2، صفحہ 216، رقم: 1511

قَالَ قُلْتُ لِمُحَمَّدِ بْنِ السَّائِبِ بْنِ بَرَكَةَ: هَلْ رَأَيْتَ عَمْرَو بْنَ مَيْمُونٍ الْأَوْدِيَّ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، كَانَ يَنْزِلُ عَلَيْنَا. فَقُلْتُ: هَلْ سَمِعْتَ مِنْهُ شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ، سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ مَيْمُونٍ يَقُولُ سَمِعْتُ أَبَا ذَرٍّ يَقُولُ: كُنْتُ أَمْشِي خَلْفَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِي: يَا أَبَا ذَرٍّ أَلَا أَدُلُّكَ عَلَى كَنْزٍ مِنْ كُنُوزِ الْجَنَّةِ؟ فَقُلْتُ: بَلَى يَا رَسُولَ اللَّهِ. قَالَ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ.

میں نے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پیچھے چلتا جا رہا تھا' آپ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: اے ابوذر! کیا میں تمہاری رہنمائی جنت کے خزانے کی طرف نہ کروں؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہاں! آپ نے فرمایا: وہ یہ ہے: ''اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر کوئی نیکی کی طرف نہیں آ سکتا اور نہ کوئی برائی سے بچنے کی قوت رکھتا ہے۔''

139 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبِي عَنْ أَبِي مُرَاوِحٍ الْغِفَارِيِّ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَيُّ الْعَمَلِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: إِيمَانٌ بِاللَّهِ، وَجِهَادٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ. قَالَ قُلْتُ: فَأَيُّ الرِّقَابِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: أَغْلَاهَا أَثْمَانًا وَأَنْفَسُهَا عِنْدَ أَهْلِهَا. قُلْتُ: فَإِنْ لَمْ أَقْدِرْ عَلَى ذَلِكَ؟ قَالَ: فَتُعِينُ صَانِعًا أَوْ تَصْنَعُ لِأَخْرَقَ. قُلْتُ: فَإِنْ لَمْ أَسْتَطِعْ ذَلِكَ. قَالَ: فَتَكُفُّ أَذَاكَ عَنِ النَّاسِ، فَإِنَّهَا صَدَقَةٌ تَصَدَّقُ بِهَا عَلَى نَفْسِكَ.

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سا عمل زیادہ فضیلت والا ہے؟ آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھنا اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنا۔ میں نے عرض کی: کون سا غلام زیادہ فضیلت رکھتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جس کی قیمت زیادہ ہو اور جو اپنے مالک کے نزدیک اعلیٰ ہو۔ میں نے عرض کی اگر میں اس کی قدرت نہ رکھوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: پھر تم کسی کام کرنے والے کی مدد کر دو یا کسی جاہل کا کوئی کام کر دو۔ میں نے عرض کی: اگر میں اس کی بھی استطاعت نہ رکھوں تو؟ آپ ﷺ نے فرمایا: پھر تم لوگوں کو تکلیف پہنچانے سے بچو کیونکہ یہ وہ صدقہ ہے جو تم اپنی ذات پر کرو گے۔

140 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے

السنن الکبریٰ للبیهقی' باب اینما ادرکتك الصلاة ' جلد 2' صفحه 433' رقم:4436
المسند المستخرج على صحيح الامام مسلم' باب ای مسجد بنی فی الارض' جلد 2' صفحه 124' رقم:1149
صحيح ابن حبان' باب المساجد' جلد 4' صفحه 475' رقم:1598
صحيح مسلم' كتاب المساجد ومواضع الصلاة ' جلد 1' صفحه 370' رقم:520
139- سنن ابن ماجه ' باب من قال كان فسخ الحج لهم خاصة ' جلد 2' صفحه 994' رقم:2984
140- سنن النسائی الکبریٰ' باب الارنب' جلد 3' صفحه 155' رقم:4823

عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنِ الْمُرَقِّعِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ: إِنَّمَا كَانَ فَسْخُ الْحَجِّ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنَا خَاصَّةً.

ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی طرف سے حج کو فسخ کرنے کا حکم ہمارے لیے خاص تھا۔

141 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ عَاصِمِ بْنِ سُفْيَانَ الثَّقَفِيُّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ سَبَقَ أَهْلُ الْأَمْوَالِ الدُّثُرِ بِالْأَجْرِ، يَقُولُونَ كَمَا نَقُولُ وَيُنْفِقُونَ وَلَا نُنْفِقُ. فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوَلَا أَدُلُّكَ عَلَى عَمَلٍ إِذَا أَنْتَ قُلْتَهُ أَدْرَكْتَ مَنْ قَبْلَكَ، وَفُتَّ مَنْ بَعْدَكَ إِلَّا مَنْ قَالَ مِثْلَ قَوْلِكَ؟ تُسَبِّحُ دُبُرَ كُلِّ صَلَاةٍ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَتَحْمَدُ اللَّهَ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَتُكَبِّرُ أَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ.

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! مالدار لوگ ثواب حاصل کرنے میں سبقت لے گئے ہیں وہ اسی طرح پڑھتے ہیں اور جس طرح ہم پڑھتے ہیں وہ خرچ کرتے ہیں اور ہم خرچ نہیں کرتے ہیں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں ایسا عمل نہ بتادوں کہ جب تم اسے پڑھو گے تو تم اپنے سے سبقت لے جانے والے تک پہنچ جاؤ گے اور اپنے سے پیچھے والے سے آگے نکل جاؤ گے سوائے اس شخص کے جو تمہارے اس پڑھنے کی طرح ہی پڑھتا ہو۔ تم ہر نماز کے بعد تینتیس مرتبہ سبحان اللہ، تینتیس مرتبہ الحمد للہ، اور چونتیس مرتبہ اللہ اکبر پڑھا کرو۔

قَالَ الْحُمَيْدِيُّ ثُمَّ قَالَ سُفْيَانُ: إِحْدَاهُنَّ أَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ: وَعِنْدَ مَنَامِكَ مِثْلَ ذَلِكَ.

امام حمیدی کہتے ہیں: پھر سفیان نے یہ بیان کیا کہ ان میں سے ایک کلمہ چونتیس مرتبہ ہے۔ اور تم نے سوتے وقت بھی اسی طرح کرنا ہے (یعنی یہ تسبیحات پڑھنی ہیں)۔

142 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ قَالَ: كُنْتُ

حضرت ابراہیم تیمی روایت کرتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ساتھ جا رہا تھا انہوں نے سجدے والی آیت

مسند امام احمد بن حنبل' حديث المشايخ عن أبي بن كعب' جلد 5' صفحه 150' رقم:21372
141- سنن النسائی الکبریٰ' باب الارنب' جلد 3' صفحه 155' رقم:4823
مسند امام احمد بن حنبل' حديث المشايخ عن أبي بن كعب' جلد 5' صفحه 150' رقم:21372
142- صحيح ابن خزيمه ' باب فضيلة الادهان يوم الجمعة والتجميع بين الادهان' جلد 3' صفحه 131' رقم:1263
مسند امام احمد بن حنبل' حديث المشايخ عن أبي بن كعب' جلد 5' صفحه 180' رقم:21609

اَمْشِی مَعَ اَبِی فَقَرَاَ السَّجْدَةَ فَسَجَدَ ثُمَّ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا ذَرٍّ يَقُوْلُ قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَیُّ مَسْجِدٍ وُضِعَ عَلٰی وَجْهِ الْاَرْضِ اَوَّلُ؟ قَالَ: الْمَسْجِدُ الْحَرَامُ ۔ قُلْتُ: ثُمَّ اَیُّ؟ قَالَ: الْمَسْجِدُ الْاَقْصٰی ۔ قُلْتُ: كَمْ بَيْنَهُمَا؟ قَالَ: اَرْبَعُوْنَ سَنَةً ۔ قُلْتُ: ثُمَّ اَیُّ؟ قَالَ: ثُمَّ حَيْثُ اَدْرَكَتْكَ الصَّلَاةُ فَصَلِّ، فَاِنَّ الْاَرْضَ كُلَّهَا مَسْجِدٌ ۔

تلاوت کی اور سجدہ کیا پھر کہا: میں نے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! روئے زمین پر کون سی مسجد سب سے پہلے بنائی گئی تھی؟ آپ نے فرمایا: مسجد حرام۔ میں نے عرض کی: پھر کون سی؟ فرمایا: مسجد اقصیٰ۔ میں نے عرض کیا: ان دونوں کے درمیان کتنا فرق ہے؟ فرمایا: چالیس سال کا۔ میں نے عرض کی: پھر کون سی؟ فرمایا: پھر تمہیں جہاں نماز کا وقت آ جائے تم نماز ادا کر لو کیونکہ تمام زمین مسجد ہے۔

143- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ يَحْيَی بْنِ سَعِيدٍ عَنِ الْمُرَقِّعِ عَنْ اَبِی ذَرٍّ اَنَّهُ قَالَ: اِنَّمَا كَانَ فَسْخُ الْحَجِّ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنَا خَاصَّةً ۔

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی طرف سے حج کے فاسد ہونے کا حکم صرف ہمارے لیے خاص تھا۔

144- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَوْلٰی اٰلِ طَلْحَةَ وَحَكِيمُ بْنُ جُبَيْرٍ سَمِعَاهُ مِنْ مُوسَی بْنِ طَلْحَةَ اَنَّهُ سَمِعَ رَجُلًا مِّنْ اَخْوَالِهِ مِنْ بَنِی تَمِيمٍ يُّقَالُ لَهُ ابْنُ الْحَوْتَكِيَّةِ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: مَنْ حَاضِرُنَا يَوْمَ الْقَاحَةِ اِذْ اُتِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن حوتکیہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا ''فاقہ'' کے دن ہمارے ساتھ کون موجود تھا۔ جب نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں خرگوش پیش کیا گیا تو حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں۔ ایک اعرابی نبی اکرم ﷺ کے پاس خرگوش لے کر آیا اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں نے

143- اطراف المسند المعتلی' احادیث عبد اللّٰہ بن الصامت' جلد 6' صفحہ 174' رقم:8042

مسند امام احمد بن حنبل' حدیث المشایخ عن أبی بن کعب' جلد 5' صفحہ 149' رقم:21364

144- الآداب للبیھقی' باب فضل الرضاء بقضاء اللّٰہ عزوجل والتسلیم لامرہ والقناعۃ' جلد 1' صفحہ 474' رقم:773

المسند المستخرج علی صحیح الامام مسلم' کتاب الزکاۃ' جلد 3' صفحہ 73' رقم:2231

سنن النسائی' باب التغلیظ فی حبس الزکاۃ' جلد 5' صفحہ 10' رقم:2440

صحیح بخاری' باب من اجاب بلبیک وسعدیک' جلد 5' صفحہ 231' رقم:5913

مسند امام احمد بن حنبل' حدیث المشایخ عن أبی بن کعب' جلد 5' صفحہ 152' رقم:21389

بِاَرْنَبٍ؟ فَقَالَ اَبُوْ ذَرٍّ: اَنَا، اَتٰی اَعْرَابِیٌّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَرْنَبٍ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّی رَاَيْتُهَا تُدْمَی۔ قَالَ: فَكَفَّ عَنْهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَاْكُلْ وَاَمَرَ اَصْحَابَهُ اَنْ يَّاْكُلُوا، وَاعْتَزَلَ الْاَعْرَابِیُّ فَلَمْ يَطْعَمْ فَقَالَ: اِنِّی صَائِمٌ ۔ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : وَمَا صَوْمُكَ؟ ۔ قَالَ: ثَلَاثٌ مِّنْ كُلِّ شَهْرٍ۔

قَالَ: فَاَيْنَ اَنْتَ عَنِ الْبِيضِ الْغُرِّ: ثَلَاثَ عَشْرَةَ وَاَرْبَعَ عَشْرَةَ وَخَمْسَ عَشْرَةَ ۔

اسے دیکھا ہے کہ اس کا خون نکلتا ہے۔ (راوی کہتے ہیں:) تو نبی اکرم ﷺ نے اس سے ہاتھ روک لیا' آپ نے اسے نہیں کھایا اور اپنے اصحاب کو یہ ہدایت کی کہ وہ اسے کھا لیں وہ اعرابی بھی پیچھے ہٹ گیا اور اس نے بھی نہیں کھایا۔ اس نے عرض کی: میں نے روزہ رکھا ہوا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے پوچھا: تم کس طریقے سے روزہ رکھتے ہو؟ اس نے عرض کی: ہر مہینے میں تین دن۔

فرمایا: تم ایامِ بیض میں روزہ کیوں نہیں رکھتے تیرہ، چودہ اور پندرہ تاریخ کو۔

145- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ عَنْ مُوسَی بْنِ طَلْحَةَ عَنْ اَبِی ذَرٍّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيهِ ابْنَ الْحَوْتَكِيَّةِ۔

حضرت موسیٰ بن طلحہ از حضرت ابوذر از نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مثل روایت بیان کرتے ہیں' البتہ اس میں ابن حوتکیہ کا ذکر نہیں کیا۔

146- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِی سَعِيدٍ الْمَقْبُرِیِّ اُرَاهُ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ وَدِيعَةَ عَنْ اَبِی ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنِ اغْتَسَلَ فَاَحْسَنَ الْغُسْلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، اَوْ تَطَهَّرَ فَاَحْسَنَ الطُّهُوْرَ، ثُمَّ لَبِسَ مِنْ صَالِحِ ثِيَابِهِ، وَمَسَّ مَا

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص جمعہ کے دن غسل کرتے ہوئے اچھی طرح غسل کرے یا پاکی حاصل کرتے ہوئے اچھی طرح پاکی حاصل کرے پھر بہترین کپڑے پہنے اور جو اللہ تعالیٰ نے اس کے نصیب میں لکھا ہو وہ اپنے گھر میں موجود عمدہ خوشبو

145- صحیح ابن خزیمہ ' باب الرخصة فی السوك الصائم' جلد 3' صفحہ 247' رقم:2007

مسند البزار' مسند عامر بن ربیعہ' جلد 2' صفحہ 65' رقم:3813

146- الاحاد والمثانی لاحمد الشیبانی' ومن ذکر عامر بن ربیعة بن مالك' جلد 1' صفحہ 251' رقم:324

المنتقی لابن الجارود' کتاب الجنائز' جلد 1' صفحہ 139' رقم:528

السنن الصغرىٰ للبیھقی' باب حمل الجنازۃ ' جلد 1' صفحہ 388' رقم:1078

المستدرك للحاکم' ذکر مناقب عامر بن ربیعہ رضی اللّٰہ عنہ' جلد 3' صفحہ 404' رقم:5537

المسند المستخرج علی صحیح الامام مسلم' کتاب الصلاۃ' جلد 3' صفحہ 40' رقم:2145

كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ مِنْ طِيْبِ اَهْلِهِ، ثُمَّ رَاحَ اِلَى الْجُمُعَةِ وَلَمْ يُفَرِّقْ بَيْنَ اثْنَيْنِ غُفِرَ لَهُ مَا بَيْنَ الْجُمُعَتَيْنِ وَزِيَادَةُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ ۔

استعمال کر کے جمعہ کے لیے جائے اور دو آدمیوں کے درمیان جدائی نہ کرائے تو اس شخص کے لیے دو جمعوں کے درمیان اور مزید تین دن گناہوں کی مغفرت کر دی جاتی ہے۔

147- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الْعَمِّيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : يَا اَبَا ذَرٍّ اِذَا طَبَخْتَ فَاَكْثِرِ الْمَرَقَةَ وَتَعَاهَدْ جِيْرَانَكَ، اَوْ اَقْسِمْ فِيْ جِيْرَانِكَ ۔

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: اے ابوذر! جب تم ہنڈیا پکاؤ تو شوربہ زیادہ بنا لیا کرو اور اپنے پڑوسی کا خیال رکھا کرو۔ یا (فرمایا:) اپنے پڑوسی کو بھی کچھ دے دیا کرو۔

148- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنِ الْمَعْرُوْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ: اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: هُمُ الْاَسْفَلُوْنَ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ ۔ قُلْتُ: مَنْ هُمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَلْاَكْثَرُوْنَ اِلَّا مَنْ قَالَ بِالْمَالِ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا، وَقَلِيْلٌ مَا هُمْ ۔

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے آپ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ”رب کعبہ کی قسم! وہ لوگ نچلے درجے کے ہیں۔“ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کون لوگ ہیں؟ فرمایا: جو یہ کہتے ہیں کہ میرے مال میں سے یہ، یہ اور ایسے لوگ بہت کم ہیں۔

147- السنن الكبرى للبيهقى، باب فى مس الابط، جلد 1، صفحه 138، رقم: 671
سنن ترمذى، باب ما جاء فى التيمم، جلد 1، صفحه 91، رقم: 144
سنن الدارقطنى، باب التيمم، جلد 1، صفحه 181، رقم: 702
صحيح ابن حبان، باب التيمم، جلد 4، صفحه 133، رقم: 1310
148- السنن الكبرى للبيهقى، باب الجنب يكفيه التيمم اذا لم يجد الماء، جلد 1، صفحه 216، رقم: 1076
مسند ابى يعلى، مسند عمار بن ياسر، جلد 3، صفحه 180، رقم: 1605
مصنف ابن ابى شيبة، باب الرجل يجنب وليس بقدر على الماء، جلد 1، صفحه 156، رقم: 1671
جامع الاحاديث للسيوطى، مسند عمار بن ياسر، جلد 17، صفحه 338، رقم: 40673
فضل الصلاة لفضل بن دكين، باب التيمم بالصعيد، صفحه 14، رقم: 120

12 - مُسْنَدُ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ

مسند حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ

149- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَا اُحْصِي يَسْتَاكُ وَهُوَ صَائِمٌ ۔

حضرت عبداللہ بن عامر بن ربیعہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: میں نے کئی مرتبہ رسول اللہ ﷺ کو روزے کے دوران مسواک کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

150- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا رَاَيْتُمُ الْجِنَازَةَ فَقُوْمُوْا لَهَا حَتّٰى تُخَلِّفَكُمْ اَوْ تُوضَعَ ۔

حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم جنازہ دیکھو تو اس کے لیے کھڑے ہو جاؤ حتیٰ کہ وہ آگے گزر جائے یا اسے رکھ دیا جائے۔

13 - مُسْنَدُ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ

مسند حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ

151- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ: تَيَمَّمْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمَنَاكِبِ ۔

قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: حَضَرْتُ سُفْيَانَ وَسَاَلَهُ عَنْهُ

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں ہم نے کندھوں تک تیمم کیا ہے۔

ابوبکر حمیدی کہتے ہیں: میں سفیان کے پاس موجود

149- السنن الكبرى للبيهقى، باب الخشوع فى الصلاة، جلد 2، صفحه 281، رقم: 3668
سنن ابو داؤد، باب ما جاء فى نقصان الصلاة، جلد 1، صفحه 271، رقم: 796
مسند امام احمد بن حنبل، مسند عمار بن ياسر، جلد 4، صفحه 321، رقم: 18914
مسند البزار، مسند عمار بن ياسر، جلد 1، صفحه 244، رقم: 1422
تعظيم قدر الصلاة للمروزى، باب ضرر السهو من الصلاة، جلد 1، صفحه 195، رقم: 152
150- سنن ترمذى، باب ما جاء فى تخليل اللحية، جلد 1، صفحه 15، رقم: 29
151- سنن ترمذى، باب ما جاء فى تخليل اللحية، جلد 1، صفحه 15، رقم: 29

يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ فَحَدَّثَهُ وَقَالَ فِيهِ: حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، ثُمَّ قَالَ: حَضَرْتُ اِسْمَاعِيلَ بْنَ اُمَيَّةَ اَتَى الزُّهْرِيَّ فَقَالَ: يَا اَبَا بَكْرٍ اِنَّ النَّاسَ يُنْكِرُوْنَ عَلَيْكَ حَدِيْثَيْنِ تُحَدِّثُ بِهِمَا فَقَالَ: وَمَا هُمَا؟ قَالَ: تَيَمَّمْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمَنَاكِبِ. فَقَالَ الزُّهْرِيُّ: اَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَمَّارٍ. قَالَ: وَحَدِيْثُ عُمَرَ اَنَّهُ اَمَرَ بِالْوُضُوْءِ مِنْ مَسِّ الْاِبْطِ. فَرَاَيْتُ الزُّهْرِيَّ كَاَنَّهُ اَنْكَرَهُ، وَقَدْ كَانَ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ حَدَّثَنَاهُ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَبْلَ ذٰلِكَ، فَذَكَرْتُهُ لِعَمْرٍو فَقَالَ: بَلٰى قَدْ حَدَّثَنَا بِهِ.

تھا یحییٰ بن سعید القطان نے ان سے اس بارے میں سوال کیا تو انہوں نے یہ حدیث سنائی اور اس میں یہ بیان کیا کہ زہری نے یہ بیان کیا ہے۔ پھر انہوں نے یہ بیان کیا کہ میں اسماعیل بن امیہ کے پاس موجود تھا وہ زہری کے پاس آئے اور کہا: اے ابوبکر! لوگ آپ کی بیان کی ہوئی دو حدیثوں پر اعتراض کرتے ہیں' زہری نے کہا: وہ دو کون سی ہیں؟ تو انہوں نے بتایا: یہ روایت کہ ہم نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں کندھوں تک تیمّم کیا کرتے تھے' تو زہری نے کہا کہ مجھے عبداللہ بن عبداللہ نے اپنے والد کے حوالے سے حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے یہ روایت سنائی ہے۔ کہا: اور ایک روایت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے ہے کہ انہوں نے اس شخص کو وضو کرنے کا حکم دیا جو اپنی بغل کو چھو لیتا ہے تو مجھے زہری کے چہرے پر یوں محسوس ہوا کہ گویا انہوں نے اس روایت کا انکار کیا ہے۔ حالانکہ عمرو بن دینار اس سے پہلے زہری سے یہ روایت ہمیں بیان کر چکے تھے۔ میں نے بعد میں عمرو سے اس روایت کا ذکر کیا تو وہ کہنے لگے: ہاں! انہوں نے یہ روایت ہم سے بیان کی ہے۔

152- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِيْ خُفَافٍ: نَاجِيَةَ بْنِ كَعْبٍ قَالَ قَالَ عَمَّارٌ لِعُمَرَ: اَمَا تَذْكُرُ اِذْ كُنْتُ اَنَا وَاَنْتَ فِي الْاِبِلِ فَاَصَابَتْنِي جَنَابَةٌ، فَتَمَعَّكْتُ كَمَا

حضرت ناجیہ بن کعب بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا آپ کو یاد ہے جب میں اور آپ اونٹوں کی رکھوالی کر رہے تھے تو مجھے جنابت لاحق ہوگئی تو میں مٹی میں لت

152- السنن الکبرٰی للبیھقی' باب الاشارۃ برد السلام' جلد 2' صفحہ 259' رقم:3535
اطراف المسند المعتلی' ومن مسند بلال بن رباح' جلد 1' صفحہ 641' رقم:1299
المنتقی لابن الجارود' باب الفعال الجائزۃ فی الصلاۃ' جلد 1' صفحہ 64' رقم:215
سنن ابوداؤد' باب ردّ السلام فی الصلاۃ' جلد 1' صفحہ 348' رقم:928
مسند امام احمد بن حنبل' حدیث بلال رضی اللہ عنہ' جلد 6' صفحہ 12' رقم:23932

تَمَعَّكُ الدَّابَّةُ ثُمَّ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ: اِنَّمَا كَانَ يَكْفِيكَ مِنْ ذٰلِكَ التَّيَمُّمُ.

پت ہو گیا جس طرح کوئی جانور مٹی میں لت پت ہوتا ہے۔ پھر میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور ہم نے آپ ﷺ کے سامنے اس بات کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس کے لیے تمہارا تیمّم کر لینا کافی تھا۔

153- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِيْ سُلَيْمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَنَمَةَ الْجُهَنِيِّ: اَنَّ رَجُلًا رَاٰى عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ يُصَلِّيْ صَلَاةً اَخَفَّهَا، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ لَهُ: اَبَا الْيَقْظَانِ لَقَدْ صَلَّيْتَ صَلَاةً اَخْفَفْتَهَا. فَقَالَ: هَلْ رَاَيْتَنِيْ نَقَصْتُ مِنْ رُكُوْعِهَا وَسُجُوْدِهَا شَيْئًا؟ قَالَ: لَا. (قَالَ): بَادَرْتُ السَّهْوَ، وَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنَّ الرَّجُلَ لَيُصَلِّي الصَّلَاةَ فَيَنْصَرِفُ وَمَا كُتِبَ لَهُ مِنْهَا اِلَّا عُشْرُهَا تُسْعُهَا ثُمُنُهَا سُبُعُهَا سُدُسُهَا خُمُسُهَا رُبُعُهَا ثُلُثُهَا نِصْفُهَا.

حضرت عبداللہ بن عنمہ جہنی روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو مختصر نماز پڑھتے ہوئے دیکھا جب انہوں نے نماز پڑھ لی تو اس نے ان سے کہا اے ابوالیقظان آج آپ نے مختصر نماز پڑھی ہے۔ انہوں نے کہا: کیا تم نے مجھے دیکھا کہ میں نے رکوع یا سجدے میں کوئی کمی کی ہو؟ اس نے جواب دیا: نہیں! تو حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں سجدہ سہو جلدی کرنا چاہتا تھا کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: بعض اوقات جب آدمی نماز پڑھنے کے بعد فارغ ہوتا ہے تو اس کے نامہ اعمال میں اس نماز کا دسواں حصہ یا نواں حصہ یا آٹھواں حصہ یا ساتواں یا چھٹا حصہ یا پانچواں حصہ یا چوتھا حصہ یا ایک تہائی حصہ یا نصف حصہ لکھ دیا جاتا ہے۔

154- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت حسان بن بلال مزنی بیان کرتے ہیں کہ

153- اخبار مکۃ للازرقی' باب الصلاۃ فی الکعبۃ واین صلی اللہ علیہ وسلم منھا' جلد 1' صفحہ 348' رقم:295
السنن الکبرٰی للبیھقی' باب الصلاۃ فی الکعبۃ' جلد 2' صفحہ 327' رقم:3948
سنن ابوداؤد' باب فی دخول الکعبۃ' جلد 2' صفحہ 163' رقم:2027
صحیح ابن حبان' باب فرض متابعۃ الامام' جلد 5' صفحہ 598' رقم:2220
صحیح بخاری' باب الابواب والغلق للکعبۃ' جلد 1' صفحہ 101' رقم:468
صحیح مسلم' باب استحباب دخول الکعبۃ' جلد 4' صفحہ 95' رقم:3295
154- السنن الکبرٰی للبیھقی' باب ایجاب المسح بالرأس وان کان متعمما' جلد 1' صفحہ 61' رقم:291
سنن ابن ماجہ' باب ما جاء فی المسح علی العمامۃ' جلد 1' صفحہ 86' رقم:561

عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ اَبِي اُمَيَّةَ عَنْ حَسَّانَ بْنِ بِلَالٍ الْمُزَنِيِّ قَالَ: رُئِيَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ يَتَوَضَّأُ يُخَلِّلُ لِحْيَتَهُ. فَقِيلَ لَهُ: اَتُخَلِّلُ لِحْيَتَكَ؟ فَقَالَ: وَمَا يَمْنَعُنِي وَقَدْ رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَلِّلُ لِحْيَتَهُ.

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو ایک شخص دکھایا گیا جو وضو کرتے ہوئے داڑھی کا خلال کر رہا تھا تو حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے کہا گیا: کیا آپ بھی اپنی داڑھی کا خلال کرتے ہیں انہوں نے فرمایا میں کیوں نہ کروں کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو اپنی داڑھی مبارک کا خلال کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

155- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ حَسَّانَ بْنِ بِلَالٍ عَنْ عَمَّارٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ.

حضرت حسان بن بلال' حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے' وہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مثل روایت بیان کرتے ہیں۔

14 - مُسْنَدُ صُهَيْبٍ

مسند حضرت صہیب رومی رضی اللہ عنہ

156- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ بِمِنًى قَالَ قَالَ ابْنُ عُمَرَ: ذَهَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى مَسْجِدِ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ بِقُبَاءَ لِيُصَلِّيَ فِيهِ فَدَخَلَتْ عَلَيْهِ رِجَالُ الْاَنْصَارِ يُسَلِّمُونَ عَلَيْهِ، فَسَاَلْتُ صُهَيْبًا - وَكَانَ مَعَهُ -: كَيْفَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرُدُّ عَلَيْهِمْ حِينَ كَانُوا يُسَلِّمُونَ عَلَيْهِ وَهُوَ يُصَلِّي؟ فَقَالَ صُهَيْبٌ: كَانَ يُشِيرُ اِلَيْهِمْ بِيَدِهِ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ قبا میں بنو عمرو بن عوف کی مسجد میں تشریف لے گئے تاکہ آپ ﷺ وہاں نماز ادا کریں انصار کے کچھ آدمی سلام کرنے کے لیے آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے میں نے حضرت صہیب رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کیونکہ وہ اس وقت آپ ﷺ کے ساتھ تھے رسول اللہ ﷺ نے انہیں کیسے جواب دیا جب ان لوگوں نے آپ ﷺ کو نماز کے دوران سلام

سنن ترمذی' باب المسح علی العمامة' جلد 1' صفحه 72' رقم:101
صحیح مسلم' باب المسح علی الناصیة والعمامة' جلد 1' صفحه 159' رقم:660
156- المستدرك للحاكم' كتاب الرقاق' جلد 4' صفحه 353' رقم:7891
المعجم الاوسط للطبرانی' من اسمه محمد' جلد 5' صفحه 217' رقم:5128
مسند ابن ابی شیبة' حدیث خباب بن الارت عن رسول اللّٰه' صفحه 675' رقم:475
اتحاف الخیره المهرة' كتاب الورع' جلد 7' صفحه 469' رقم:7359
جامع معمر بن راشد' باب زهد الصحابة' جلد 2' صفحه 463' رقم:1241

قَالَ سُفْيَانُ فَقُلْتُ لِرَجُلٍ: سَلْهُ: اَسَمِعْتَهُ الْمِنَ ابْنِ عُمَرَ؟ فَقَالَ: يَا اَبَا اُسَامَةَ اَسَمِعْتَهُ الْمِنَ ابْنِ عُمَرَ؟ فَقَالَ: اَمَّا اَنَا فَقَدْ كَلَّمْتُهُ وَكَلَّمَنِي. وَلَمْ يَقُلْ سَمِعْتُهُ مِنْهُ.

کیا تو حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے بتایا: آپ ﷺ نے انہیں ہاتھ کے ذریعے اشارہ کیا۔ سفیان کہتے ہیں: میں نے ایک آدمی سے سوال کیا: تم ان سے یہ پوچھو کہ کیا آپ نے خود حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے یہ بات سنی ہے؟ تو اس شخص نے سوال کیا: اے ابو اسامہ! کیا آپ نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے خود یہ بات سنی ہے؟ تو انہوں نے فرمایا: جہاں تک میرا تعلق ہے تو میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے اور انہوں نے میرے ساتھ کلام کیا ہے البتہ انہوں نے یہ وضاحت نہیں کی کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث سنی۔

15 - مُسْنَدُ بِلَالِ بْنِ رَبَاحٍ

مسند حضرت بلال بن رباح رضی اللہ عنہ

157- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قُلْتُ لِبِلَالٍ: اَيْنَ صَلَّى فِي الْبَيْتِ؟ فَقَالَ: بَيْنَ الْعَمُودَيْنِ الْمُقَدَّمَيْنِ. وَنَسِيتُ اَنْ اَسْاَلَهُ: كَمْ صَلَّى؟

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے کہا: رسول اللہ ﷺ نے خانہ کعبہ کے اندر کس جگہ نماز ادا کی تھی؟ تو انہوں نے جواب دیا: سامنے والے دو ستونوں کے درمیان' میں یہ پوچھنا بھول گیا کہ آپ ﷺ نے کتنی رکعات پڑھی تھیں۔

158- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں

157- السنن الكبرىٰ للبيهقي' باب ما روى فى التعجيل بها فى شدة الحر' جلد 1' صفحه 2138' رقم:2150
المسند المستخرج على صحيح الامام مسلم' جلد 2' صفحه 216' رقم:1384
سنن ابن ماجه' باب وقت صلاة الظهر' جلد 1' صفحه 222' رقم:675
صحيح ابن حبان' باب مواقيت الصلاة' جلد 2' صفحه 343' رقم:1480
صحيح مسلم' باب استحباب تقديم الظهر' جلد 2' صفحه 109' رقم:1436
158- السنن الكبرىٰ للبيهقي' باب ما روى فى التعجيل بها فى شدة الحر' جلد 1' صفحه 2138' رقم:2150

حَدَّثَنَا اَبَانُ بْنُ تَغْلِبَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَیْلٰی عَنِ الْحَکَمِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَیْلٰی عَنْ بِلَالٍ قَالَ: رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَمْسَحُ عَلَی الْخُفَّیْنِ وَالْخِمَارِ۔

نے رسول اللہ ﷺ کو موزوں اور چادر پر مسح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

16 - مُسْنَدُ خَبَّابِ بْنِ الْاَرَتِّ

مسند حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ

159- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ یَحْیَی بْنِ جَعْدَةَ قَالَ: دَخَلَ نَاسٌ عَلٰی خَبَّابٍ یَعُوْدُوْنَهٗ فَقَالُوْا: اَبْشِرْ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ تَرِدُ عَلٰی مُحَمَّدٍ الْحَوْضَ فَقَالَ: فَکَیْفَ بِهٰذَا وَهٰذَا ؟ وَاَشَارَ اِلٰی بُنْیَانِهٖ وَاِلٰی سَقْفِ الْبَیْتِ وَجَانِبَیْهِ، وَقَالَ: وَکَیْفَ بِهٰذَا وَقَدْ قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا کَانَ یَکْفِیْ اَحَدَکُمْ مِنَ الدُّنْیَا مِثْلُ زَادِ الرَّاکِبِ۔

حضرت یحییٰ بن جعد بیان کرتے ہیں کہ کچھ لوگ حضرت خباب رضی اللہ عنہ کے پاس عیادت کرنے کے لیے آئے انہوں نے کہا: اے ابوعبداللہ! آپ کو مبارک ہو حوض کوثر پر حضرت محمد ﷺ سے تمہاری ملاقات ہو گی، تو انہوں نے اپنے گھر کی چھت اور عمارت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا: ان دونوں کی موجودگی میں کیسے ہوسکتی ہے؟ جبکہ رسول اللہ ﷺ نے ہم سے یہ فرمایا ہے: ”تم میں سے کسی ایک شخص کے لیے دنیا میں سے اتنی ہی چیز کافی ہے جتنا کہ کسی مسافر کا زادِ سفر ہوتا ہے۔“

160- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا وَکِیْعٌ

حضرت سائب بن وہب، حضرت خباب رضی اللہ

المسند المستخرج علی صحیح الامام مسلم، جلد 2، صفحہ 216، رقم:1384
سنن ابن ماجہ، باب وقت صلاۃ الظهر، جلد 1، صفحہ 222، رقم:675
صحیح ابن حبان، باب مواقیت الصلاۃ، جلد 2، صفحہ 343، رقم:1480
صحیح مسلم، باب استحباب تقدیم الظهر، جلد 2، صفحہ 109، رقم:1436
159- الآداب للبیهقی، باب فی البناء، جلد 2، صفحہ 485، رقم:709
الادب المفرد للبخاری، باب من بنی، صفحہ183، رقم:468
الزهد لهناد الکوفی، باب من کره البناء، صفحہ373، رقم:720
المسند الشاشی، باب ما روی التابعون من اهل الکوفة عن خباب، جلد 2، صفحہ 110، رقم:928
160- الاوسط لابن المنذر، ذکر تکفین المیت فی ثوب واحد اذا ضاق غطی رأسه، جلد 3، صفحہ 114، رقم:2906
الزهد لهناد الکوفی، باب معیشة اصحاب النبی، صفحہ 387، رقم:755

عَنْ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ خَبَّابٍ قَالَ: شَکَوْنَا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَرَّ الرَّمْضَاءِ فَلَمْ یُشْکِنَا۔

عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: ہم نے رسول اللہ ﷺ سے سخت گرمی کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے ہمیں اس کا کوئی جواب نہیں دیا۔

161- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا وَکِیْعٌ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ عَنْ خَبَّابٍ قَالَ: شَکَوْنَا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الرَّمْضَاءَ فَلَمْ یُشْکِنَا۔

حضرت خباب رضی اللہ عنہ کی روایت سے ہے کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ سے سخت گرمی کے متعلق بات کی تو آپ ﷺ نے ہمیں اس کا کوئی جواب نہیں دیا۔

162- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ اَبِیْ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا قَیْسٌ قَالَ: عُدْنَا خَبَّابًا وَقَدِ اکْتَوٰی فِیْ بَطْنِهٖ سَبْعًا فَقَالَ: لَوْلَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا اَنْ نَدْعُوَ بِالْمَوْتِ لَدَعَوْتُ بِهٖ، ثُمَّ قَالَ: وَاِنَّهٗ قَدْ مَضٰی قَبْلَنَا اَقْوَامٌ لَمْ یَنَالُوْا مِنَ الدُّنْیَا شَیْئًا، وَاِنَّا بَقِیْنَا بَعْدَهُمْ حَتّٰی نِلْنَا مِنَ الدُّنْیَا مَا لَا یَدْرِیْ اَحَدُنَا فِیْ اَیِّ شَیْءٍ

حضرت قیس سے روایت ہے کہ ہم حضرت خباب رضی اللہ عنہ کی عیادت کے لیے گئے تو انہوں نے اپنے پیٹ پر سات داغ لگوائے ہوئے تھے انہوں نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے ہمیں موت کی دعا کرنے سے منع نہ کیا ہوتا تو میں اس کی دعا کرتا پھر انہوں نے کہا: ہم سے پہلے ایسے لوگ بھی جا چکے ہیں جنہوں نے دنیا میں سے کچھ بھی حاصل نہیں کیا ان کے بعد ہم باقی رہ گئے

المنتقی لابن الجارود، کتاب الجنائز، جلد 2، صفحہ 76، رقم:507
الفوائد الشهری بالغیلانیات، مجلس من املاء الشافعی، جلد 2، صفحہ 381، رقم:839
التوحید لابن خزیمه، باب ذکر البیان من اخبار النبی المصطفی فی اثبات الوجه لله جل ثناؤه، صفحہ 27، رقم:22
161- صحیح بخاری، باب القرأة فی الظهر، جلد 1، صفحہ 152، رقم:766
سنن ابوداؤد، باب ما جاء فی القرأة فی الظهر، جلد 1، صفحہ 294، رقم:801
اتحاف الخیره المهرة، باب القرأة فی الظهر والعصر، جلد 2، صفحہ 173، رقم:1277
السنن الکبرىٰ للبیهقی، باب فرض القرأة فی کل رکعة بعد التعوذ، جلد 2، صفحہ 37، رقم:2458
سنن ابن ماجہ، باب القرأة فی الظهر، جلد 1، صفحہ 270، رقم:826
162- صحیح البخاری، باب من اختار الضرب والقتل والهوان علی الکفر، جلد 6، صفحہ 254، رقم:6544
صحیح ابن حبان، باب ما جاء فی الصبر وثواب، جلد 7، صفحہ 156، رقم:2897
السنن الکبرىٰ للبیهقی، باب مبتداء الخلق، جلد 9، صفحہ 5، رقم:18176
سنن ابوداؤد، باب فی الاسیر یکفره علی الکفر، جلد 3، صفحہ 1، رقم:2651
مسند امام احمد بن حنبل، حدیث خباب بن الأرت عن النبی، جلد 5، صفحہ 110، رقم:21106

یَضَعُهُ اِلَّا فِی التُّرَابِ، وَاِنَّ الْمُسْلِمَ یُؤْجَرُ فِی کُلِّ شَیْءٍ یُنْفِقُهُ اِلَّا فِیمَا اَنْفَقَ فِی التُّرَابِ۔

حتیٰ کہ ہمیں دنیا بھی ملی اور اتنی ملی کہ ہم میں سے کسی ایک کو یہ سمجھ نہیں آئی کہ وہ اس کو کیا کرے سوائے اس کے کہ اسے مٹی میں ڈال دے حالانکہ مسلمان جس بھی چیز کو خرچ کرتا ہے اسے ہر چیز کے عوض اجر ملتا ہے سوائے اس کے جسے وہ مٹی میں خرچ کرتا ہے۔

163- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا وَائِلٍ یَقُوْلُ اَتَیْنَا خَبَّابًا نَعُوْدُهُ فَقَالَ: اِنَّا هَاجَرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نُرِیْدُ وَجْهَ اللّٰهِ فَوَقَعَ اَجْرُنَا عَلَی اللّٰهِ، فَمِنَّا مَنْ مَضٰی لَمْ یَاْکُلْ مِنْ اَجْرِهٖ شَیْئًا، مِنْهُمْ مُصْعَبُ بْنُ عُمَیْرٍ، قُتِلَ یَوْمَ اُحُدٍ وَتَرَكَ نَمِرَةً، فَکُنَّا اِذَا غَطَّیْنَا رِجْلَیْهِ بَدَا رَاْسُهٗ، وَاِذَا غَطَّیْنَا رَاْسَهٗ بَدَتْ رِجْلَاهُ، فَاَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نُغَطِّیَ رَاْسَهٗ وَاَنْ نَجْعَلَ عَلٰی رِجْلَیْهِ شَیْئًا مِّنْ اِذْخِرٍ، وَمِنَّا مَنْ اَیْنَعَتْ لَهٗ ثَمَرَتُهٗ فَهُوَ یَهْدِبُهَا۔

حضرت ابو وائل سے روایت ہے کہ ہم حضرت خباب رضی اللہ عنہ کی عیادت کرنے کے لیے ان کے پاس حاضر ہوئے تو انہوں نے فرمایا: بے شک ہم نے اللہ کے رسول ﷺ کے ساتھ ہجرت کی اور ہمارا مقصد اللہ کی رضا حاصل کرنا تھا تو ہمارا اجر اللہ تعالیٰ کے ذمے لازم ہو گیا پس ہم میں سے کچھ لوگ چلے گئے' انہوں نے اپنے اجر میں سے کچھ بھی نہیں لیا' ان میں سے ایک حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ ہیں جو غزوہ احد کے دن شہید ہوئے۔ انہوں نے ایک چادر چھوڑی جب ہم ان کے پاؤں ڈھانپتے تھے تو ان کا سر ننگا ہو جاتا تھا اور اگر ان کا سر ڈھانپتے تھے تو ان کے پاؤں ننگے ہو جاتے تو رسول اللہ ﷺ نے ہمیں حکم فرمایا کہ ہم ان کے سر کو ڈھانپ دیں اور ان کے پاؤں پر تھوڑی سی اذخر (گھاس) رکھ دیں جبکہ ہم میں سے بعض لوگ ہیں جن کا پھل تیار ہو چکا ہے اور وہ اسے چن رہے ہیں۔

163- المعجم الکبیر للطبرانی' من اسمه یحیی بن جعدة عن خباب' جلد 4' صفحه 77' رقم: 3695
اتحاف الخیره المهرة ' کتاب الورع' جلد 7' صفحه 165' رقم: 7359
مسند أبی یعلیٰ' حدیث خباب بن الأرت رضی الله عنه' جلد 6' صفحه 337' رقم: 7214
معرفة الصحابة لأبی نعیم' من اسمه خباب بن الأرت' جلد 1' صفحه 315' رقم: 2127
الکنی والأسماء للدولابی' من اسمه ابو عبد الله خباب' جلد 2' صفحه 221' رقم: 1739

164- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَیْرٍ عَنْ اَبِیْ مَعْمَرٍ قَالَ: سَاَلْنَا خَبَّابًا: هَلْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقْرَاُ فِی الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ؟ قَالَ: نَعَمْ۔ فَقُلْنَا: بِاَیِّ شَیْءٍ کُنْتُمْ تَعْرِفُوْنَ ذٰلِكَ؟ قَالَ: بِاضْطِرَابِ لِحْیَتِهٖ۔

حضرت ابو معمر سے روایت ہے کہ ہم نے حضرت خباب رضی اللہ عنہ سے سوال کیا کہ کیا رسول اللہ ﷺ ظہر اور عصر کی نماز میں تلاوت کرتے تھے؟ انہوں نے کہا: ہاں! ہم نے پوچھا: تمہیں اس کا کیسے پتہ چلتا تھا؟ تو انہوں نے کہا کہ آپ کی داڑھی کے ہلنے کی وجہ سے۔

165- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا بَیَانُ بْنُ بِشْرٍ وَاِسْمَاعِیْلُ بْنُ اَبِیْ خَالِدٍ قَالَا سَمِعْنَا قَیْسًا یَقُوْلُ سَمِعْتُ خَبَّابًا یَقُوْلُ: اَتَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُتَوَسِّدٌ بُرْدَةً فِیْ ظِلِّ الْکَعْبَةِ، وَقَدْ لَقِیْنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ شِدَّةً شَدِیْدَةً فَقُلْتُ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا تَدْعُو اللّٰهَ لَنَا؟ فَقَعَدَ وَهُوَ مُحْمَرٌّ وَّجْهُهٗ فَقَالَ: اِنَّ مَنْ کَانَ قَبْلَکُمْ لَیُمْشَطُ اَحَدُهُمْ بِاَمْشَاطِ الْحَدِیْدِ مَا دُوْنَ عَظْمِهٖ مِنْ لَحْمٍ اَوْ عَصَبٍ، مَا یَصْرِفُهٗ ذٰلِكَ عَنْ دِیْنِهٖ، وَیُوْضَعُ

حضرت قیس سے روایت ہے کہ میں نے حضرت خباب رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس وقت آپ ﷺ اپنی چادر کے ساتھ خانہ کعبہ کے سائے میں ٹیک لگائے بیٹھے تھے اور مشرکین کی طرف سے ہمیں شدید تکالیف کا سامنا تھا' میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ سے ہمارے لیے دعا کیوں نہیں کرتے تو آپ (ﷺ) سیدھے ہو کر بیٹھ گئے آپ کا چہرہ مبارک سرخ ہو گیا۔ ارشاد فرمایا: تم میں سے پہلے ایسے لوگ بھی تھے کسی پر

164- صحیح مسلم' باب القدر المستحب من الماء فی غسل الجنابة وغسل الرجل والمرأة فی اناء واحد' جلد 1' صفحه 175' رقم: 753
سنن النسائی' باب ذکر القدر الذی یکتفی به الرجل من الماء للغسل' جلد 1' صفحه 127' رقم: 228
السنن الکبریٰ للبیهقی' باب لا وقت فیما یتطهر به المتوضیء والمغتسل' جلد 1' صفحه 193' رقم: 960
مسند أبی یعلیٰ' مسند عائشه رضی الله عنها' جلد 8' صفحه 37' رقم: 4546
مسند أبی عوانة' باب الاوانی التی کان یغتسل عنها رسول الله من الجنابة غسل رأسه' جلد 1' صفحه 247' رقم: 846
165- سنن الدارقطنی' کتاب الحیض' جلد 1' صفحه 278' رقم: 833
السنن الصغریٰ للبیهقی' باب حیض المرأة واستحاضتها' جلد 1' صفحه 55' رقم: 141
المنتقی لابن الجارود' باب الحیض' جلد 1' صفحه 38' رقم: 112
مؤطا امام مالك' باب المستحاضة' جلد 1' صفحه 61' رقم: 135
سنن ابوداؤد' باب من روی ان الحیضة اذا ادبرت لا تدع الصلاة' جلد 1' صفحه 113' رقم: 282

الْمِنْشَارُ عَلٰى مَفْرِقِ رَأْسِهٖ فَيُشَقُّ بِاثْنَيْنِ، مَا يَصْرِفُهُ ذٰلِكَ عَنْ دِيْنِهٖ، وَلَيُتِمَّنَّ اللّٰهُ هٰذَا الْاَمْرَ حَتّٰى يَسِيْرَ الرَّاكِبُ مِنْ صَنْعَاءَ اِلٰى حَضْرَمَوْتَ لَا يَخَافُ اِلَّا اللّٰهَ .

لوہے کی کنگھی پھیری گئی جو اس کے گوشت اور پٹھوں میں سے ہو کر اس کی ہڈی تک پہنچی لیکن اس چیز نے بھی اسے اس کے دین سے نہیں پھیرا اور کسی کے سر پر آری رکھ کر اسے دو ٹکڑوں میں کاٹ دیا گیا تو اس چیز نے بھی اسے اس کے دین سے نہیں پھیرا اللہ تعالیٰ اس معاملے کو ضرور پورا کرے گا حتیٰ کہ ایک سوار صفاء سے چل کر حضر موت تک جائے گا اور اسے صرف اللہ تعالیٰ کا خوف ہوگا۔

زَادَ بَيَانٌ: وَالذِّئْبَ عَلٰى غَنَمِهٖ .

بیان راوی نے ان الفاظ کا اضافہ کیا ہے: "اسے اپنی بکریوں کے حوالے سے بھیڑیوں کا خوف ہو گا۔"

166- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مِسْعَرٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ: عَادَتْ خَبَّابًا بَقَايَا مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا: اَبْشِرْ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ تَرِدُ عَلٰى اِخْوَانِكَ الْحَوْضَ . فَقَالَ وَعَلَيْهَا رِجَالٌ، اِنَّكُمْ ذَكَرْتُمْ لِيْ اَقْوَامًا وَسَمَّيْتُمُوْهُمْ لِيْ اِخْوَانًا مَضَوْا لَمْ يَنَالُوْا مِنْ اُجُوْرِهِمْ شَيْئًا، وَاِنَّا بَقِيْنَا بَعْدَهُمْ حَتّٰى نِلْنَا مِنَ الدُّنْيَا مَا نَخَافُ اَنْ يَكُوْنَ ثَوَابًا لِتِلْكَ الْاَعْمَالِ.

حضرت طارق بن شہاب سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے کچھ صحابہ حضرت خباب رضی اللہ عنہ کی عیادت کرنے کے لیے آئے انہوں نے کہا اے ابوعبداللہ آپ کو مبارک ہو کہ آپ حوض کوثر پر اپنے بھائیوں سے مل لیں گے تو انہوں نے کہا: اس پر کئی لوگ ہوں گے تم نے میرے سامنے بعض لوگوں کا ذکر کیا ہے تم نے انہیں میرا بھائی کہا ہے حالانکہ وہ لوگ مجھ سے پہلے چلے گئے اور انہوں نے اپنے اجر میں سے کوئی بھی چیز دنیا میں نہیں لی اور ان کے بعد ایک ہم باقی رہ گئے کہ ہم نے دنیا بھی حاصل کی جس کے نتیجے میں ہمیں یہ ڈر ہے کہ کہیں یہ ہمارے ان اعمال کا بدلہ نہ ہو۔

166- صحیح ابن حبان، باب فرض الوضوء، جلد 3، صفحه 335، رقم: 1055
سنن الدارمی، باب ویل للأعقاب من النار، جلد 1، صفحه 192، رقم: 706
سنن ترمذی، باب ما جاء ویل للأعقاب من النار، جلد 1، صفحه 19، رقم: 41
السنن الصغریٰ للبیهقی، باب کیفیة الوضو، جلد 1، صفحه 37، رقم: 90
سنن ابوداؤد، باب فی اسباغ الوضوء، جلد 1، صفحه 36، رقم: 97

17 - مُسْنَدُ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ

مسند اُم المؤمنین حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا

167- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ قَالَ سَمِعْتُ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا تَقُوْلُ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْتَسِلُ فِي الْقَدَحِ وَهُوَ الْفَرَقُ، وَكُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَهُوَ مِنْ اِنَاءٍ وَاحِدٍ.

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ قدح یعنی فرق سے غسل کر لیتے تھے اور میں اور رسول اللہ ﷺ ایک ہی برتن سے غسل کرتے تھے۔

168- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ: اَنَّ اُمَّ حَبِيْبَةَ بِنْتَ جَحْشٍ اسْتُحِيْضَتْ سَبْعَ سِنِيْنَ فَسَاَلَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنَّمَا ذٰلِكَ عِرْقٌ وَّلَيْسَ بِالْحَيْضَةِ . وَاَمَرَهَا اَنْ تَغْتَسِلَ وَتُصَلِّيَ، فَكَانَتْ تَغْتَسِلُ لِكُلِّ صَلَاةٍ، وَتَجْلِسُ فِي الْمِرْكَنِ فَيَعْلُو الدَّمُ.

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ام حبیبہ بن جحش کو سات سال تک استحاضہ کی شکایت رہی انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے (اس بارے) دریافت کیا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ کسی دوسری رگ کا خون ہے یہ حیض نہیں ہے' اور آپ نے اسے فرمایا کہ وہ غسل کر کے نماز پڑھ لیا کرے تو وہ ہر نماز کے لیے غسل کیا کرتی تھی اور وہ ایک بڑے برتن میں بیٹھتی تو خون غالب آ جاتا تھا۔

169- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمان سے روایت ہے کہ

167- سنن الدارمی، باب السواك مطهرة للغم، جلد 1، صفحه 184، رقم: 684
سنن ابن ماجه، باب السواك، جلد 1، صفحه 106، رقم: 289
السنن الصغریٰ للبیهقی، باب السواك وما فی معناه مما یکون تطافة، جلد 1، صفحه 26، رقم: 68
صحیح ابن حبان، باب فرض الوضوء، جلد 3، صفحه 348، رقم: 1067
مسند امام احمد بن حنبل، حدیث السیدة عائشه رضی الله عنها، جلد 6، صفحه 47، رقم: 24249
168- سنن ابوداؤد، باب الغسل من الجنابة، جلد 1، صفحه 99، رقم: 243
السنن الکبریٰ للبیهقی، باب سنة التکدر فی صب الماء علی الرأس، جلد 1، صفحه 176، رقم: 863
سنن ترمذی، باب ما جاء فی الغسل من الجنابة، جلد 1، صفحه 174، رقم: 104
مسند أبی یعلیٰ، مسند عائشة رضی الله عنها، جلد 7، صفحه 405، رقم: 4430
مسند امام احمد بن حنبل، حدیث السیدة عائشه رضی الله عنها، جلد 6، صفحه 96، رقم: 24692
169- الاحاد والمثانی لاحمد الشیبانی، حدیث أم قیس بنت محصن، جلد 6، صفحه 51، رقم: 3253

قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ: تَوَضَّأَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي بَكْرٍ عِنْدَ عَائِشَةَ فَقَالَتْ لَهُ: اَسْبِغِ الْوُضُوْءَ يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: وَيْلٌ لِلْاَعْقَابِ مِنَ النَّارِ.

حضرت عبدالرحمان بن ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی موجودگی میں وضو کیا تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے عبدالرحمان! اچھی طرح وضو کرو کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ایڑیوں کے لیے جہنم کی بربادی ہے۔

170- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ عَنِ ابْنِ اَبِي عَتِيقٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلسِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِلْفَمِ مَرْضَاةٌ لِلرَّبِّ.

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: مسواک منہ کو صاف کرتی ہے اور رب تعالیٰ کی خوشنودی کا سبب ہے۔

171- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّغْتَسِلَ مِنَ الْجَنَابَةِ بَدَاَ فَغَسَلَ يَدَهُ قَبْلَ اَنْ يُّدْخِلَهَا فِي الْاِنَاءِ، ثُمَّ يَغْسِلُ فَرْجَهُ، ثُمَّ يَتَوَضَّأُ

حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جب غسل جنابت کا ارادہ کرنا ہوتا تو آپ ﷺ برتن میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے اپنے ہاتھ دھوتے پھر آپ ﷺ اپنی شرمگاہ کو دھوتے پھر آپ نماز کی طرح وضو کرتے پھر آپ اپنے بالوں تک

السنن الکبریٰ للبیهقی' باب الرش على بول الصبى الذى لم ياكل الطعام' جلد 2' صفحه 414' رقم:4319
المنتقى لابن الجارود' باب التنزه فى الابدان والثياب' جلد 1' صفحه 44' رقم:139
سنن ابن ماجه' باب ما جاء فى بول الصبى' جلد 1' صفحه 174' رقم:524
سنن الدارمى' باب بول الغلام الذى لم يطعم' جلد 1' صفحه 206' رقم:741
170- سنن الدارمى' باب التيمم مرة' جلد 1' صفحه 208' رقم:746
السنن الكبرىٰ للبيهقى' باب من لم يجد ماء ولا ترابا' جلد 1' صفحه 214' رقم:1068
سنن ابن ماجه' باب ما جاء فى السبب' جلد 1' صفحه 188' رقم:568
صحيح ابن حبان' باب شروط الصلاة' جلد 4' صفحه 608' رقم:1709
صحيح بخارى' باب فضل عائشه رضى الله عنها' جلد 3' صفحه 137' رقم:3562
171- سنن النسائى' باب مواكلة الحائض والشرب من سؤرها والانتفاع بفضلها' جلد 1' صفحه 125' رقم:274
مصنف عبد الرزاق' باب ترجيل الحائض' جلد 1' صفحه 326' رقم:1253
صحيح مسلم' باب غسل الحائض رأس زوجها' جلد 1' صفحه 187' رقم:300

وُضُوْءَهُ لِلصَّلَاةِ، ثُمَّ يُشْرِبُ شَعْرَهُ الْمَاءَ، ثُمَّ يَحْثِي عَلَى رَاْسِهِ ثَلَاثَ حَثَيَاتٍ.

پانی پہنچاتے پھر آپ اپنے سر پر تین مرتبہ پانی ڈالتے۔

172- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤْتٰى بِالصِّبْيَانِ فَيَدْعُو لَهُمْ، فَاُتِيَ بِصَبِيٍّ فَبَالَ عَلَيْهِ، فَاَتْبَعَ بَوْلَهُ الْمَاءَ.

حضرت سیدہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس چھوٹے بچے لائے جاتے' آپ ان کے لیے دعا کیا کرتے' ایک دفعہ ایک بچہ لایا گیا تو اس نے آپ ﷺ کی گود میں پیشاب کردیا تو آپ نے اس کے پیشاب پر پانی ڈال دیا۔

173- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ: اَنَّهَا سَقَطَتْ قِلَادَتُهَا لَيْلَةَ الْاَبْوَاءِ، فَاَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ فِي طَلَبِهَا، فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ وَلَيْسَ مَعَهُمَا مَاءٌ فَلَمْ يَدْرِيَانِ كَيْفَ يَصْنَعَانِ، فَنَزَلَتْ اٰيَةُ التَّيَمُّمِ، فَقَالَ اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ: جَزَاكِ اللّٰهُ خَيْرًا، مَا نَزَلَ بِكِ اَمْرٌ قَطُّ تَكْرَهِيْنَهُ اِلَّا جَعَلَ اللّٰهُ لَكِ مَخْرَجًا، وَجَعَلَ لِلْمُسْلِمِيْنَ فِيْهِ خَيْرًا.

حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ابواء کی رات میرا ہار گر گیا' رسول اللہ ﷺ نے مسلمانوں میں سے دو آدمی اس کی تلاش میں بھیجے پس اس دوران نماز کا وقت ہوگیا ان دونوں کے پاس پانی نہیں تھا انہیں پریشانی لاحق ہوئی کہ وہ اب کیا کریں تو فوراً تیمم کے متعلق آیت نازل ہوگئی' اس پر حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کو جزائے خیر عطاء فرمائے! آپ ﷺ کے ساتھ جب بھی کوئی معاملہ پیش آیا جو آپ کو ناپسند ہو تو اللہ تعالیٰ نے آپ کے لیے اس سے نکلنے کا راستہ بنا دیا اور مسلمانوں

172- صحيح مسلم' باب دلك المرأة نفسها اذا تطهرت المحيض وكيف تغتسل' جلد 1' صفحه 180' رقم:777
سنن ابو داؤد' باب الاغتسال من الحيض' جلد 1' صفحه 124' رقم:316
السنن الصغرىٰ للبيهقى' باب حيض المرأة واستحاضتها' جلد 1' صفحه 58' رقم:152
سنن ابن ماجه' باب فى الحائض كيف تغتسل' جلد 1' صفحه 210' رقم:642
مسند امام احمد بن حنبل' حديث السيدة عائشه رضى الله عنها' جلد 6' صفحه 147' رقم: 25188
173- سنن الدارمى' باب الراجل والمرأة يغتسلان من اناء واحد' جلد 1' صفحه 209' رقم:750
سنن ابن ماجه' باب الرجل والمرأة يغتسلان من اناء واحد' جلد 1' صفحه 133' رقم:376
السنن الكبرىٰ للبيهقى' باب فى فضل الجنب' جلد 1' صفحه 187' رقم:924
سنن ابوداؤد' باب الوضوء بفضل وضوء المرأة' جلد 1' صفحه 29' رقم:77
المسند المستخرج على صحيح الامام مسلم' كتاب الطهارة' جلد 1' صفحه 371' رقم:725

کے لیے اس میں بھلائی رکھ دی۔

174- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْطِينِي الْعَظْمَ وَأَنَا حَائِضٌ فَأَتَعَرَّقُهُ، ثُمَّ يَأْخُذُهُ فَيُدِيرُهُ حَتَّى يَضَعَ فَاهُ عَلَى مَوْضِعِ فَمِي.

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ مجھے ہڈی دیتے حالانکہ میں اس وقت حائضہ ہوتی، میں اسے چوستی پھر آپ اسے لے کر اپنا منہ اسی جگہ رکھتے تھے جہاں میں نے اپنا منہ رکھا ہوتا تھا۔

175- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحَجَبِيُّ قَالَ أَخْبَرَتْنِي أُمِّي أَنَّهَا سَمِعَتْ عَائِشَةَ تَقُولُ: سَأَلَتِ امْرَأَةٌ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْغُسْلِ مِنَ الْحَيْضَةِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُذِي فِرْصَةً مِّنْ مِسْكٍ فَتَطَهَّرِي بِهَا ۔ فَقَالَتْ: كَيْفَ أَتَطَهَّرُ بِهَا؟ قَالَ: تَطَهَّرِي بِهَا ۔ قَالَتْ قُلْتُ: كَيْفَ أَتَطَهَّرُ بِهَا؟ فَقَالَ بِيَدِهِ هٰكَذَا: سُبْحَانَ اللَّهِ تَطَهَّرِي بِهَا؟ ۔ وَاسْتَتَرَ بِثَوْبِهِ ۔ قَالَتْ عَائِشَةُ: فَعَرَفْتُ الَّذِي أَرَادَ فَاجْتَذَبْتُهَا وَقُلْتُ لَهَا: تَتَبَّعِي بِهَا أَثَرَ الدَّمِ.

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک عورت نے رسول اللہ ﷺ سے حیض کے بعد غسل کرنے کے بارے میں سوال کیا تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم مشک لگی ہوئی روئی لو اور اس کے ساتھ پاکی حاصل کرو وہ کہنے لگی: میں اس کے ساتھ کیسے پاکی حاصل کروں؟ تو آپ نے فرمایا: تم اس کے ساتھ طہارت حاصل کرو، وہ کہنے لگی: میں اس کے ساتھ کیسے حاصل کروں۔ تو آپ (ﷺ) نے اپنے دست مبارک کے ساتھ اس طرح اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: سبحان اللہ! تم اس کے ساتھ پاکی حاصل کرو۔ اور آپ نے اپنے کپڑے سے پردہ کر لیا۔ حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ مجھے آپ کے مطلب سمجھ آ گئی میں نے اس عورت کو اپنی طرف کھینچا

174-سنن النسائی، باب بسط الحائض الخمرة فی المسجد، جلد 1، صفحہ 147، رقم:273
صحیح ابن حبان، باب قراۃ القرآن، جلد 3، صفحہ 78، رقم:798
175- صحیح بخاری، باب وقت العصر، جلد 1، صفحہ 114، رقم:544
صحیح مسلم، باب اوقات الصلوات الخمس، جلد 2، صفحہ 104، رقم:1413
السنن الکبریٰ للبیہقی، باب تعجیل صلاۃ العصر، جلد 1، صفحہ 441، رقم:2167
المسند المستخرج علی صحیح الامام مسلم، کتاب الصلاۃ، جلد 2، صفحہ 207، رقم:1361
مسند امام احمد بن حنبل، حدیث السیدۃ عائشہ رضی اللہ عنہا، جلد 6، صفحہ 37، رقم:24141

اور اس سے کہا تم اس کے ساتھ خون کے اثرات صاف کرو۔

176- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ عَنْ مُعَاذَةَ الْعَدَوِيَّةِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كُنْتُ أَغْتَسِلُ أَنَا وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ وَرُبَّمَا قَالَ: أَبْقِ لِي، أَبْقِ لِي.

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں اور رسول اللہ ﷺ ایک ہی برتن سے غسل کر لیتے تھے بعض اوقات آپ ﷺ مجھ سے یہ فرمایا کرتے تھے: میرے لیے (پانی) بچانا میرے لیے (پانی) بچانا۔

177- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي مَنْصُورُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ أَخْبَرَتْنِي أُمِّي صَفِيَّةُ بِنْتُ شَيْبَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ: إِنْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَضَعُ رَأْسَهُ فِي حِجْرِ إِحْدَانَا، فَيَتْلُو الْقُرْآنَ وَهِيَ حَائِضٌ.

حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اپنا سر مبارک ہم میں سے کسی ایک کی گود میں رکھ لیتے تھے اور قرآن پاک کی تلاوت کر لیتے تھے حالانکہ وہ اس وقت حائضہ ہوتی تھی۔

176- صحیح بخاری، باب السجود علی الثوب فی شدۃ الحر، جلد 1، صفحہ 150، رقم:376
صحیح مسلم، باب الاعتراض بین یدی المصلی، جلد 2، صفحہ 60، رقم:1168
السنن الصغریٰ للبیہقی، باب دفع المار بین یدی المصلی، جلد 1، صفحہ 291، رقم:922
سنن ابن ماجہ، باب من صلی وبینہ وبین القبلۃ شیء، جلد 1، صفحہ 307، رقم:956
مسند امام احمد بن حنبل، حدیث السیدۃ عائشہ رضی اللہ عنہا، جلد 6، صفحہ 37، رقم:24134
177- مسند امام احمد بن حنبل، حدیث السیدۃ عائشہ رضی اللہ عنہا، جلد 6، صفحہ 37، رقم:24133
سنن ابو داؤد، باب النظر فی الصلاۃ، جلد 1، صفحہ 373، رقم:915
السنن الکبریٰ للبیہقی، باب من نظر فی صلاتہ الی ما یلہیہ لم یسجد سجدتی السہو، جلد 2، صفحہ 349، رقم:4037
سنن ابن ماجہ، باب لباس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، جلد 2، صفحہ 117، رقم:3550
صحیح مسلم، باب کراہۃ الصلاۃ فی ثوب لہ اعلام، جلد 2، صفحہ 77، رقم:1266

أحاديث عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فِي الصَّلَاةِ

حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی نماز کے متعلق روایت کردہ احادیث

178 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ وَاَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ طَالِعَةٌ فِي حُجْرَتِي لَمْ يَظْهَرِ الْفَيْءُ عَلَيْهَا بَعْدُ.

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ عصر کی نماز (اس وقت) پڑھ لیتے تھے جبکہ سورج ابھی میرے حجرے میں بلند ہوتا تھا اور اس پر سایہ بھی ظاہر نہیں ہوتا تھا۔

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم سے پہلے امتوں میں محدث ہوا کرتے تھے اگر اس امت میں بھی ایسا ہوا تو وہ عمر بن خطاب ہوگا۔

268- الشمائل المحمدیه للترمذی' باب ما جاء فی خلق رسول الله صلی الله علیه وسلم' صفحه 391' رقم: 344

مسند ابی یعلیٰ' مسند عائشه رضی الله عنها' جلد 7' صفحه 431' رقم: 4452

جامع الاحادیث للسیوطی' مسند عائشه رضی الله عنها' جلد 27' صفحه 173' رقم: 43423

269- صحیح بخاری' باب هل یعفی الذمی اذا سحر' جلد 4' صفحه 111' رقم: 3175

صحیح مسلم' باب السحر' جلد 3' صفحه 87' رقم: 2189

السنن الکبریٰ للبیهقی' باب السحر له حقیقة' جلد 2' صفحه 444' رقم: 3373

سنن نسائی' باب السحر' جلد 4' صفحه 380' رقم: 7615

کنز العمال للهندی' للفصل الاوّل فی السحر' جلد 6' صفحه 1126' رقم: 17651

270- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ ۔ قَالَ سُفْيَانُ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ زَيْدٍ التَّيْمِيُّ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ حَبَشٌ يَلْعَبُوْنَ بِحِرَابٍ لَهُمْ، فَكُنْتُ اَنْظُرُ مِنْ بَيْنِ اُذُنَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَاتِقِهِ، حَتّٰى كُنْتُ اَنَا الَّتِيْ صَدَدْتُ ۔ زَادَ يَعْقُوْبُ بْنُ زَيْدٍ فِيْ حَدِيْثِهِ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْهُمْ اَحَدٌ اِلَّا شَيْطَانٌ اٰخِذٌ بِثَوْبِهِ يَقُوْلُ انْظُرْ، فَلَمَّا جَاءَ عُمَرُ تَفَرَّقَتِ الشَّيَاطِيْنُ . قَالَتْ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِلْعَبُوْا يَا بَنِيْ اَرْفِدَةَ، يَعْلَمِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارٰى اَنَّ فِيْ دِيْنِنَا فُسْحَةً ۔ قَالَتْ عَائِشَةُ: فَلَمْ اَحْفَظْ مِنْ قَوْلِهِمْ غَيْرَ هٰذِهِ الْكَلِمَةِ: اَبُو الْقَاسِمِ طَيِّبٌ اَبُو الْقَاسِمِ طَيِّبٌ ۔

حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حبشی لوگ اپنے چھوٹے نیزوں کے ساتھ جنگی کھیل کھیل رہے تھے تو میں رسول اللہ ﷺ کے کندھوں کے درمیان سے انہیں دیکھ رہی تھی حتیٰ کہ میں ہی پیچھے ہٹ گئی۔ یعقوب بن زید نے اپنی روایت میں ان الفاظ کا اضافہ کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ بھی ارشاد فرمایا: ''ان میں سے ہر ایک کے کپڑے کو شیطان پکڑتا ہے اور کہتا ہے تم دیکھو لیکن جب عمر رضی اللہ عنہ آئے تو شیطان ادھر ادھر منتشر ہو گئے۔'' آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے بنو ارفدہ! تم اپنے کھیل کو جاری رکھو تاکہ یہودیوں اور عیسائیوں کو پتہ چل جائے کہ ہمارے دین میں وسعت ہے۔ حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ وہ لوگ جو الفاظ کہہ رہے تھے ان میں سے مجھے صرف یہی بات یاد رہ گئی کہ حضرت ابوالقاسم مطہر وطیب ہیں' حضرت ابوالقاسم مطہر وطیب ہیں۔

271- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَجْمَعُ بَيْنَ الْبِطِّيْخِ وَالرُّطَبِ فَيَاْكُلُهُ ۔

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ککڑی اور کھجور ملا کر کھایا کرتے۔

270- صحیح بخاری' باب الانبساط الی الناس' جلد 7' صفحه 130' رقم: 6130

صحیح مسلم' باب فضل عائشه رضی الله عنها' جلد 3' صفحه 309' رقم: 2440

السنن الکبریٰ للبیهقی' باب ما جاء فی اللعب بالبنات' جلد 10' صفحه 219' رقم: 21509

المعجم الکبیر للطبرانی' ذکر ازواج رسول الله صلی الله علیه وسلم' جلد 23' صفحه 21' رقم: 19001

صحیح ابن حبان' باب اللعب واللهو' جلد 13' صفحه 123' رقم: 5863

271- السنن الکبریٰ للبیهقی' باب مسابقة الرجل زوجته' جلد 5' صفحه 290' رقم: 8942

المعجم الکبیر للطبرانی' ذکر ازواج رسول الله صلی الله علیه وسلم' جلد 23' صفحه 47' رقم: 19079

مصنف ابن ابی شیبة' باب السباق علی الاقدام' جلد 12' صفحه 508' رقم: 15435

272- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: سَاَلَ الْحَارِثُ بْنُ هِشَامٍ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ يَاْتِيكَ الْوَحْيُ؟ فَقَالَ: يَاْتِينِي اَحْيَانًا فِي مِثْلِ صَلْصَلَةِ الْجَرَسِ، فَيَفْصِمُ عَنِّي وَقَدْ وَعَيْتُ عَنْهُ، وَهُوَ اَشَدُّ مَا يَاْتِينِي، وَيَاْتِينِي اَحْيَانًا فِي مِثْلِ صُورَةِ الْفَتَى فَيَنْبُذُهُ اِلَيَّ فَاَعِيهِ وَهُوَ اَهْوَنُهُ عَلَيَّ.

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت حارث بن ہشام نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا کہ آپ پر وحی کیسے نازل ہوتی ہے؟ آپ نے فرمایا: بعض اوقات وہ مجھ پر گھنٹی کی آواز کی طرح آتی ہے جب یہ کیفیت ختم ہو جاتی ہے تو میں اس وحی کو یاد کر لیتا ہوں اور یہ مجھ پر سخت کیفیت ہوتی ہے اور کبھی فرشتہ میرے سامنے ایک نوجوان کی صورت میں آتا ہے اور وہ کلمات مجھے بتا دیتا ہے تو میں انہیں یاد کر لیتا ہوں اور یہ میرے لیے آسان ترین ہوتی ہے۔

273- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ اَحَبَّ الشَّرَابِ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحُلْوُ الْبَارِدُ.

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے نزدیک سب سے پسندیدہ مشروب میٹھا اور ٹھنڈا ہوتا تھا۔

274- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت

272- صحیح بخاری، باب لا یقل خبثت نفسی، جلد 7، صفحه 121، رقم:6179
صحیح مسلم، باب کراهة قول الانسان خبثت نفسی، جلد 3، صفحه 115، رقم:2250
سنن النسائی، باب النهی أن یقول خبثت نفسی، جلد 6، صفحه 260، رقم:10891
مسند اسحاق بن راهویه، باب ما یروی عن عروة عن عائشه، جلد 2، صفحه 286، رقم:801
مصنف عبد الرزاق، باب سوء الملكة والنفس غير ذلك، جلد 11، صفحه 455، رقم:20991
273- صحیح بخاری، باب "الذين استجابوا الله والرسول" جلد 5، صفحه 32، رقم:4077
صحیح مسلم، باب من فضائل طلحة والزبير رضى الله عنهما، جلد 3، صفحه 211، رقم:2417
المستدرك للحاكم، تفسير سورة آل عمران، جلد 3، صفحه 128، رقم:3166
السنن الكبرىٰ للبيهقى، باب اعطاء الفىء على الديوان ومن تقع به البداية، جلد 6، صفحه 368، رقم:13469
274- السنن الكبرىٰ للبيهقى، باب ما يستدل به على ان القضاء وسائر اعمال الولاة، جلد 10، صفحه 93، رقم:20692
مؤطا امام مالك، باب ما جاء ففى عذاب العامة بعمل الخاصه، جلد 2، صفحه 991، رقم:1798
سنن ابن ماجه، باب ما يكون من الفتن، جلد 2، صفحه 130، رقم:3953
صحیح ابن حبان، باب ما جاء فى الطاعات وثوابها، جلد 2، صفحه 33، رقم:327
صحیح مسلم، باب اقتراب الفتن وفتح ردم ياجوج وما جوج، جلد 8، صفحه 166، رقم:7418

بْنُ عِيَاضٍ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: مَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْتَصِرًا مِّنْ مَظْلَمَةٍ ظُلِمَهَا قَطُّ مَا لَمْ تُنْتَهَكْ مَحَارِمُ اللّٰهِ، فَاِذَا انْتُهِكَ مِنْ مَحَارِمِ اللّٰهِ شَيْءٌ كَانَ اَشَدَّهُمْ فِي ذٰلِكَ غَضَبًا، وَمَا خُيِّرَ بَيْنَ اَمْرَيْنِ اِلَّا اخْتَارَ اَيْسَرَهُمَا مَا لَمْ يَكُنْ مَاْثَمًا.

ہے کہ میں نے کبھی بھی رسول اللہ ﷺ کو نہیں دیکھا کہ آپ نے کسی ہونے والے ظلم کے خلاف مدد طلب کی ہو جب تک کہ اللہ تعالیٰ کی حرمت کو پامال نہ کیا گیا ہو پس جب اللہ تعالیٰ کی حرمت میں سے کسی چیز کو پامال کیا گیا تو آپ اس پر انتہائی غضبناک ہو جایا کرتے تھے۔ اور آپ کو جب بھی دو معاملات میں اختیار دیا گیا تو آپ نے ان میں آسان کو اختیار کیا جبکہ وہ کوئی گناہ نہ ہو۔

275- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: مَكَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذَا وَكَذَا يُخَيَّلُ اِلَيْهِ اَنَّهُ يَاْتِي اَهْلَهُ وَلَا يَاْتِيهِمْ قَالَتْ فَقَالَ ذَاتَ يَوْمٍ: يَا عَائِشَةُ اَعَلِمْتِ اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَفْتَانِي فِي اَمْرٍ اسْتَفْتَيْتُهُ فِيهِ؟ اَتَانِي رَجُلَانِ فَجَلَسَ اَحَدُهُمَا عِنْدَ رِجْلَيَّ وَالْاٰخَرُ عِنْدَ رَاْسِي، فَقَالَ الَّذِي عِنْدَ رِجْلَيَّ لِلَّذِي عِنْدَ رَاْسِي: مَا بَالُ الرَّجُلِ؟ قَالَ: مَطْبُوبٌ. قَالَ: وَمَنْ طَبَّهُ؟ قَالَ: لَبِيدُ بْنُ اَعْصَمَ. قَالَ: وَفِيمَ؟ قَالَ: فِي جُفِّ طَلْعَةٍ ذَكَرٍ فِي مُشْطٍ وَمُشَاقَةٍ تَحْتَ رَعُوفَةٍ فِي بِئْرِ ذَرْوَانَ. قَالَتْ فَجَاءَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: هٰذِهِ الْبِئْرُ الَّتِي اُرِيتُهَا كَاَنَّ رُءُوسَ نَخْلِهَا رُءُوسُ الشَّيَاطِينِ وَكَاَنَّ مَاءَهَا نُقَاعَةُ الْحِنَّاءِ. قَالَتْ: فَاَمَرَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُخْرِجَ. قَالَتْ عَائِشَةُ

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ چند دن رسول اللہ ﷺ کی یہ حالت رہی کہ آپ کو یہ لگتا تھا کہ آپ نے شاید اپنی اہلیہ کے ساتھ وظیفہ زوجیت ادا کیا ہے جبکہ ایسا نہیں تھا۔ آپ فرماتی ہیں کہ ایک دن آپ نے فرمایا: اے عائشہ! کیا تمہیں پتہ ہے کہ میں نے اللہ عزوجل سے جس چیز کے بارے میں سوال کیا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اس کے بارے میں بتا دیا ہے میرے پاس دو آدمی آئے ایک میرے پاؤں کی طرف اور دوسرا میرے سرہانے کی طرف بیٹھ گیا پاؤں کی طرف بیٹھنے والے نے دوسرے شخص سے پوچھا: ان کے ساتھ کیا معاملہ ہوا ہے؟ تو اس نے کہا کہ ان پر لبید بن اعصم نے جادو کیا ہے نر کھجور کی گٹھلی میں کنگھی کرنے والے بالوں میں جو ذروان کے کنویں میں پتھر کے نیچے ہے۔ آپ فرماتی ہیں کہ پس رسول اللہ ﷺ وہاں تشریف لے گئے اور فرمایا: یہی وہ کنواں ہے جو مجھے

275- صحيح ابن حبان، باب بدء الخلق، جلد 14، صفحه 47، رقم:6173
سنن ابن ماجه، باب فى القدر، جلد 1، صفحه 32، رقم:82
المعجم الاوسط للطبرانى، من اسمه عبدان، جلد 5، صفحه 6، رقم:4515
اطراف المسند المعتلى، عائشه بنت طلحه بن عبيد الله عن خالتها عائشه، جلد 9، صفحه 315، رقم:12363
سنن نسائى، باب الصلاة على الصبيان، جلد 1، صفحه 633، رقم:2074

فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَهَلَّا؟ قَالَ سُفْيَانُ: يَعْنِي تَنَشَّرْتَ. فَقَالَ: اَمَّا اللّٰهُ فَقَدْ شَفَانِي، وَاَمَّا اَنَا فَاَكْرَهُ اَنْ اُثِيرَ عَلَى النَّاسِ مِنْهُ شَرًّا . قَالَتْ: وَلَبِيدُ بْنُ اَعْصَمَ رَجُلٌ مِّنْ بَنِي زُرَيْقٍ حَلِيفٌ لِيَهُودَ.

خواب میں دکھایا گیا تھا تو وہاں کھجور کے درختوں کے سر ایسے تھے جیسے شیطانوں کے سر ہوتے ہیں اور اس کا پانی ایسا تھا جیسے اس میں مہندی گھولی گئی ہو۔ آپ فرماتی ہیں کہ پس رسول اللہ ﷺ کے حکم پر انہیں وہاں سے نکالا گیا۔ حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے ایسا کیوں نہیں کیا؟ سفیان کہتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ آپ ﷺ نے اس بات کو ظاہر کیوں نہیں کیا' تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جہاں تک یہ ظاہر کرنے کا معاملہ ہے تو اللہ تعالیٰ نے مجھے شفا دے دی ہے اور میں اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ میں اس کے ذریعے لوگوں میں شر پھیلاؤں۔ آپ فرماتی ہیں کہ لبیب بن اعصم بنوزریق سے تھا جو یہودیوں کا حلیف تھا۔

276- قَالَ سُفْيَانُ: وَكَانَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ جُرَيْجٍ حَدَّثَنَاهُ اَوَّلًا قَبْلَ اَنْ نَلْقَى هِشَامًا فَقَالَ: حَدَّثَنِي بَعْضُ آلِ عُرْوَةَ عَنْ عُرْوَةَ فَلَمَّا قَدِمَ هِشَامٌ حَدَّثَنَاهُ.

حضرت سفیان کہتے ہیں کہ عبدالملک بن جریج نے یہ روایت ہماری ہشام سے ملاقات سے پہلے سنائی تھی' انہوں نے یہ کہا تھا کہ آل عروہ کے ایک آدمی نے از حضرت عروہ مجھے یہ روایت بیان کی ہے لیکن جب ہشام آئے تو انہوں نے ہمیں یہ روایت بیان کی۔

277- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كُنْتُ اَلْعَبُ بِهٰذِهِ الْبَنَاتِ، فَكُنَّ جَوَارِي يَاْتِينَنِي يَلْعَبْنَ مَعِي بِهَا فَاِذَا رَاَيْنَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں گڑیوں کے ساتھ کھیلتی تھی' میری سہیلیاں بھی میرے پاس آیا کرتی تھیں اور وہ بھی میرے ساتھ ان سے کھیلتی تھیں جب وہ رسول اللہ ﷺ کو دیکھتی تو چھپ

276- اتحاف الخيره المهرة ' باب اكراه النفس على الطاعة ولو لا اهل الطاعة ' جلد 7' صفحه 134' رقم: 7125
مسند الشهاب' باب من طلب محامد الناس بمعاصى الله عاد حامده من الناس خاما' جلد 1' صفحه 299' رقم: 498
مصنف ابن شيبة ' باب ما ذكر من حديث الامراء والدخول' جلد 6' صفحه 198' رقم: 30637
الزهد لوكيع' باب كتاب اهل الخير بعضهم الى بعض' جلد 2' صفحه 92' رقم: 515
277- اتحاف الخيره المهرة ' باب مناقب زيد بن حارثة مولى رسول الله ' جلد 7' صفحه 101' رقم: 6839

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقَمَّعْنَ، فَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَرِّبُهُنَّ اِلَيَّ.

جاتی تو رسول اللہ ﷺ انہیں میری طرف بھیج دیا کرتے۔

278- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ: سَابَقْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَبَقْتُهُ، فَلَمَّا حَمَلْتُ مِنَ اللَّحْمِ سَابَقَنِي فَسَبَقَنِي فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ هٰذِهِ بِتِلْكَ .

حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک دفعہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ دوڑ لگائی تو میں آگے نکل گئی پھر جب میرا وزن زیادہ ہوگیا تو رسول اللہ ﷺ نے میرے ساتھ دوڑ لگائی تو آپ مجھ سے آگے نکل گئے' آپ ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! یہ اس دن کا بدلہ ہے۔

279- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَقُولَنَّ اَحَدُكُمْ اِنِّي خَبِيثُ النَّفْسِ، وَلٰكِنْ لِيَقُلْ: اِنِّي لَقِسُ النَّفْسِ .

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کوئی بھی شخص یہ نہ کہے کہ میرا نفس خبیث ہوگیا ہے بلکہ وہ یہ کہے کہ میں عاجز آ گیا ہوں۔

280- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ قَالَتْ لِي

حضرت ہشام بن عروہ از والد خود روایت بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے مجھے

278- مسند امام احمد بن حنبل' حديث السيدة عائشه رضى الله عنها' جلد 6' صفحه 214' رقم: 25839
السنة لابى بكر الخلال' خلافة عثمان بن عفان' جلد 1' صفحه 449' رقم: 428
سنن ابن ماجه ' باب فضل عثمان رضى الله عنه' جلد 1' صفحه 40' رقم: 113
279- الاحاد والمثانى' احاديث جد عدى بن عدى الكندى رضى الله عنه ' جلد 4' صفحه 387' رقم: 2431
اطراف المسند المعتلى' من مسند عدى بن عميرة الكندى' جلد 4' صفحه 334' رقم: 6033
المعجم الكبير للطبرانى' من اسمه عرس بن عميرة الكندى' جلد 17' صفحه 139' رقم: 14032
غاية المقصد زوائد المسند' باب فيمن قدر على نصر مظلوم او انكار منكر' جلد 4' صفحه 74' رقم: 4371
مسند امام احمد بن حنبل' حديث عدى بن عميرة الكندى' جلد 4' صفحه 192' رقم: 17756
280- الادب المفرد للبخارى' باب الدعاء عند الغيث والمطر' جلد 238' صفحه ' رقم: 686
اتحاف الخيره المهرة ' باب ما يقال عند رؤية المطر وما جاء فى طلب الاجابة' جلد 2' صفحه 105' رقم: 1624
السنن الكبرىٰ للبيهقى' باب ما كان يقول اذا راى المطر' جلد 3' صفحه 362' رقم: 6701
سنن نسائى' باب القول عند المطر' جلد 1' صفحه 561' رقم: 1829
مصنف ابن ابى شيبة ' باب ما يدعى به للريح اذا هبت' جلد 10' صفحه 218' رقم: 29833

عَائِشَةُ: يَا ابْنَ أُخْتِي إِنْ كَانَ أَبَوَاكَ لَمِنَ الَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِلَّهِ وَالرَّسُولِ مِنْ بَعْدِ مَا أَصَابَهُمُ الْقَرْحُ، أَبُو بَكْرٍ وَالزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ .

فرمایا: تمہارے دو باپ ان لوگوں میں شامل ہیں جن کا ذکر اس آیت میں ہے: "یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے مشکل حالات کا سامنا کرنے کے بعد اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو قبول کیا۔" حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ ہیں۔

281- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا جَامِعُ بْنُ أَبِي رَاشِدٍ عَنْ مُنْذِرٍ الثَّوْرِيِّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ امْرَأَةٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِذَا ظَهَرَ السُّوءُ فِي الْأَرْضِ أَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ بِأَهْلِ الْأَرْضِ بَأْسَهُ . قَالَتْ فَقُلْتُ: أَنَهْلِكُ وَفِينَا أَهْلُ طَاعَةِ اللَّهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، ثُمَّ تَصِيرُونَ إِلَى رَحْمَةِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ .

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب برائی پھیل جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ اہل زمین پر سختی نازل کرتا ہے۔ آپ فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: کیا ہم لوگ ہلاک ہو جائیں گے جبکہ ہمارے درمیان اللہ تعالیٰ کے فرمانبردار لوگ بھی موجود ہوں گے؟ تو آپ نے ارشاد فرمایا: ہاں! تم لوگ اللہ عزوجل کی رحمت کی طرف پلٹ جاؤ گے۔

282- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيَى عَنْ عَمَّتِهِ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ عَنْ خَالَتِهَا عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ قَالَتْ: أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَبِيٍّ مِنْ صِبْيَانِ الْأَنْصَارِ لِيُصَلِّيَ عَلَيْهِ فَقُلْتُ: طُوبَى لَهُ، عُصْفُورٌ مِنْ عَصَافِيرِ الْجَنَّةِ، لَمْ يَعْمَلْ سُوءًا قَطُّ، وَلَمْ يُدْرِكْهُ ذَنْبٌ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَوْ غَيْرَ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک انصاری کے بچے کو لایا گیا تاکہ آپ ﷺ اس کی نماز جنازہ ادا کریں۔ میں نے کہا یہ کتنا خوش بخت ہے یہ جنت کا پرندہ ہے جس نے کبھی کوئی برائی نہیں کی اور نہ گناہ، تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے عائشہ! اس کے علاوہ بھی ہو سکتا ہے بے شک اللہ عزوجل نے جنت کو پیدا کیا ہے

281- اتحاف الخيره المهرة' باب ما جاء في ميراث النبي' جلد 3' صفحه 427' رقم:3027
صحيح مسلم' باب ترك الوصية لمن ليس له شيء يوصى له ' جلد 2' صفحه 509' رقم:1635
دلائل النبوة للبيهقي' جلد 7' صفحه 274
مسند ابوداؤد الطيالسي' احاديث صفية بنت شية عن عائشه رضي الله عنها' جلد 1' صفحه 219' رقم:1565
282- مسند أبي يعلى الموصلي' مسند عائشه رضي الله عنها' جلد 8' صفحه 289' رقم:4880
معرفة السنن والآثار للبيهقي' باب المكاتب' جلد 16' صفحه 291' رقم:6376
جامع الصغير' باب حرف الثاء' جلد 1' صفحه 320' رقم:3529

ذَلِكَ يَا عَائِشَةُ، إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ خَلَقَ الْجَنَّةَ وَخَلَقَ لَهَا أَهْلًا، وَخَلَقَهُمْ وَهُمْ فِي أَصْلَابِ آبَائِهِمْ، وَخَلَقَ النَّارَ وَخَلَقَ لَهَا أَهْلًا، وَخَلَقَهُمْ وَهُمْ فِي أَصْلَابِ آبَائِهِمْ .

اور اس کے اہل کو بھی پیدا کیا' اس نے ان اہل جنت کو اس وقت پیدا کیا جب وہ اپنے آباء کی ذریت میں تھے اور اس نے جہنم کو پیدا کیا ہے اور اس کے اہل کو بھی پیدا کیا اور اس نے ان کو اس وقت پیدا کیا ہے جب وہ اپنے آباء کی ذریت میں تھے۔

283- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ عَنْ عَبَّاسِ بْنِ ذَرِيحٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ: كَتَبَ مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ إِلَى عَائِشَةَ: أَنِ اكْتُبِي إِلَيَّ بِشَيْءٍ سَمِعْتِيهِ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . قَالَ: فَكَتَبَتْ إِلَيْهِ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّهُ مَنْ يَعْمَلْ بِغَيْرِ طَاعَةِ اللَّهِ يَعُودُ حَامِدُهُ مِنَ النَّاسِ ذَامًّا .

امام شعبی بیان کرتے ہیں کہ حضرت امیر معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہ نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو خط لکھا کہ آپ مجھے کوئی ایسی چیز لکھیں جو آپ نے رسول اللہ ﷺ سے (بالخصوص) سنی ہو تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے انہیں جواباً لکھا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: "جو شخص اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتا ہے تو جو لوگ اس کی تعریف کرتے ہوں گے وہ اس کی ملامت کرنے والے بن جاتے ہیں۔"

284- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: مَا بَعَثَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً قَطُّ فِيهِمْ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ إِلَّا أَمَّرَهُ عَلَيْهِمْ .

حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب بھی کوئی لشکر روانہ کرتے' جس میں حضرت زید بن حارثہ بھی ہوتے تو آپ ﷺ نے انہیں ان لوگوں کا امیر مقرر کرتے۔

283- صحيح بخاري' باب وهو الالد الخصم' جلد 5' صفحه 216' رقم:4523
السنن الكبرى للبيهقي' باب القاضي اذا بان له من احد الخصمين' جلد 10' صفحه 108' رقم:20793
سنن ترمذي' باب ومن سورة البقره ' جلد 5' صفحه 214' رقم:2976
سنن نسائي' باب الالد الخصم' جلد 8' صفحه 247' رقم:5423
صحيح مسلم' باب في الالد الخصم' جلد 8' صفحه 57' رقم:6951
284- سنن ترمذي' باب ومن سورة ابراهيم' جلد 3' صفحه 160' رقم:3120
صحيح مسلم' باب في البعث والنشور وصفة الارض يوم القيامة' جلد 3' صفحه 509' رقم:2791
المستدرك للحاكم' تفسير سورة ابراهيم عليه السلام' جلد 2' صفحه 384' رقم:3344
جامع الاصول لابن اثير' تفسير سورة ابراهيم' جلد 2' صفحه 204' رقم:682

285– حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي سَهْلَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ: وَدِدْتُ أَنَّ عِنْدِي رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِي . فَقُلْتُ: أَلَا نَدْعُو لَكَ أَبَا بَكْرٍ؟ قَالَ: لَا . ثُمَّ قَالَ: وَدِدْتُ أَنَّ عِنْدِي رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِي . فَقُلْتُ: أَلَا نَدْعُو لَكَ عُمَرَ؟ قَالَ: لَا . ثُمَّ قَالَ: وَدِدْتُ أَنَّ عِنْدِي رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِي . فَقُلْتُ: أَلَا نَدْعُو لَكَ ابْنَ عَمِّكَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ؟ قَالَ: لَا . ثُمَّ قَالَ: وَدِدْتُ أَنَّ عِنْدِي رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِي . فَقُلْتُ: أَلَا نَدْعُو لَكَ عُثْمَانَ؟ فَسَكَتَ، قَالَتْ: فَأَمَرْتُ بِهِ فَدُعِيَ لَهُ فَلَمَّا جَاءَهُ خَلَا بِهِ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَهُ وَوَجْهُ عُثْمَانَ يَتَلَوَّنُ.

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میری تمنا ہے کہ میرے پاس میرے ساتھیوں میں سے کوئی ہو تو میں نے عرض کی: کیا ہم حضرت ابوبکر کو آپ ﷺ کے پاس بلا لائیں' آپ نے فرمایا: نہیں! پھر آپ نے فرمایا: میری تمنا ہے کہ میرے صحابہ میں سے کوئی میرے پاس ہو' تو میں نے عرض کی: کیا ہم حضرت عمر کو بلا لیں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! پھر آپ نے فرمایا: میری یہ تمنا ہے کہ میرے صحابہ میں سے کوئی میرے پاس ہو' تو میں نے عرض کی: کیا ہم آپ کے چچازاد حضرت علی بن ابوطالب کو بلا لیں؟ فرمایا: نہیں! پھر آپ نے فرمایا: میری تمنا ہے کہ میرے صحابہ میں سے کوئی میرے پاس ہو' تو میں نے عرض کی: کیا ہم حضرت عثمان کو بلا لیں؟ تو رسول اللہ ﷺ چپ رہے۔ آپ فرماتی ہیں کہ میں نے انہیں بلانے کی ہدایت کی جب وہ آئے تو نبی اکرم ﷺ ان کے ساتھ تنہائی میں بیٹھ گئے۔ آپ نے ان سے کچھ کہنا شروع کیا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے چہرے کا رنگ بدلنے لگا۔

286– قَالَ سُفْيَانُ وَحَدَّثُونِي عَنِ ابْنِ أَبِي خَالِدٍ عَنْ قَيْسٍ عَنْ أَبِي سَهْلَةَ فَقَالَتْ عَائِشَةُ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ: فَلَمْ أَحْفَظْ مِنْ قَوْلِهِ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ: وَإِنْ

حضرت سفیان کہتے ہیں کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس روایت میں یہ الفاظ بھی کہے تھے کہ آپ (ﷺ) نے ان سے یہ فرمایا تھا: "اگر وہ لوگ تم سے یہ مطالبہ

285- اس متن حدیث کو نقل کرنے میں امام حمیدی منفرد ہیں۔ (اللہ ورسولہ اعلم بالصواب!)

286- سنن ابن ماجه ' باب ما للمرأة من مال زوجها' جلد 2' صفحه 769' رقم:2294

صحيح مسلم' باب اجر الخازن الامين والمرأة اذا تصدقت من بيت زوجها' جلد 3' صفحه 90' رقم:2413

مسند امام احمد بن حنبل' حديث السيدة عائشه رضى الله عنها' جلد 6' صفحه 44' رقم:24217

مصنف ابن ابى شيبة ' باب المرأة تصدق من بيت زوجها' جلد 4' صفحه 455' رقم:22078

سَأَلُوكَ أَنْ تَنْخَلِعَ مِنْ قَمِيصٍ قَمَّصَكَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فَلَا تَفْعَلْ .

کریں کہ تم اس قمیص کو اتار دو جو اللہ عزوجل نے تمہیں پہنائی ہے (اے عثمان!) تو تم ایسا نہ کرنا۔"

287– حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي حَكِيمٍ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَا يُعَذِّبُ الْعَامَّةَ بِعَمَلِ الْخَاصَّةِ، فَإِذَا الْمَعَاصِي ظَهَرَتْ فَلَمْ تُغَيَّرْ أُخِذَتِ الْعَامَّةُ وَالْخَاصَّةُ .

حضرت اسماعیل بن ابوحکیم سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز یہ کہتے ہیں کہ اللہ عزوجل مخصوص لوگوں کے عمل کی وجہ سے تمام لوگوں کو عذاب نہیں دے گا لیکن جب گناہ پھیل جائیں گے اور انہیں ختم نہیں کیا جائے گا تو پھر عام اور خاص سب کی پکڑ ہوگی۔

288– حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا مُطِرْنَا قَالَ: اللّٰهُمَّ سَيْبًا نَافِعًا . قَالَ سُفْيَانُ: هٰكَذَا حَفِظْتُهُ: سَيْبًا . وَالَّذِي حَفِظُوا أَجْوَدُ: صَيِّبًا .

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب بارش ہوتی تو رسول اللہ ﷺ یہ دعا پڑھا کرتے: "اے اللہ! یہ جاری رہنے والی اور نفع دینے والی ہو"

سفیان کہتے ہیں کہ میں نے اس روایت کا یہی لفظ یاد رکھا ہے "سیبا" (نفع دینے والی آسان) لیکن دوسرے راویوں نے جو لفظ یاد رکھا ہے وہ زیادہ بہتر ہے یعنی "صیبا"۔

289– حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت زر بن جیش سے روایت ہے کہ میں نے

287- مسند امام احمد بن حنبل' حديث السيدة عائشه رضى الله عنها' جلد 6' صفحه 146' رقم:25174

الشريعة للآجرى' باب ذكر كيف كان ينزل الوحى على الانبياء' جلد 3' صفحه 88' رقم:975

288- صحيح مسلم' باب رضاعة الكبير' جلد 4' صفحه 168' رقم:3673

السنن الصغرىٰ للبيهقى' باب فى رضاعة الكبير' جلد 2' صفحه 356' رقم:3041

المسند المستخرج على صحيح الامام مسلم' كتاب النكاح' جلد 4' صفحه 127' رقم:3406

سنن ابن ماجه ' باب رضاع الكبير' جلد 1' صفحه 625' رقم:1943

مسند امام احمد بن حنبل' حديث السيدة عائشه رضى الله عنها' جلد 6' صفحه 38' رقم:24154

289- صحيح ابن حبان' باب حد السرقة ' جلد 10' صفحه 313' رقم:4462

السنن الصغرىٰ للبيهقى' باب ما يجب فيه القطع' جلد 2' صفحه 484' رقم:3524

المعجم الصغير للطبرانى' باب الالف من اسمه احمد' جلد 1' صفحه 26' رقم:6

مؤطا امام مالك' باب ما يجب فيه القطع' جلد 2' صفحه 832' رقم:1520

سنن ابوداؤد' باب ما يقطع فيه السارق' جلد 4' صفحه 236' رقم:4386

قَالَ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ مِيرَاثِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: اَعَنْ مِيرَاثِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْاَلُ؟ مَا تَرَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفْرَاءَ وَلَا بَيْضَاءَ، وَلَا شَاةً وَلَا بَعِيرًا، وَلَا عَبْدًا وَلَا اَمَةً، وَلَا ذَهَبًا وَلَا فِضَّةً

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے رسول اللہ ﷺ کی وراثت کے متعلق سوال کیا تو انہوں نے فرمایا: کیا تم رسول اللہ ﷺ کی وراثت کے متعلق سوال کر رہے ہو! تو (سنو) رسول اللہ ﷺ نے کوئی زرد' سفید چیز' کوئی بکری' کوئی اونٹ' کوئی غلام' کوئی کنیز' کوئی سونا' کوئی چاندی کچھ نہیں چھوڑا۔

290- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ قَالَ: ذُكِرَ لِعَائِشَةَ اَنَّ امْرَاَةً تَلْبَسُ النَّعْلَيْنِ، فَقَالَتْ: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلَةَ النِّسَاءِ۔

حضرت ابن ابوملیکہ سے روایت ہے کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے سامنے یہ ذکر کیا گیا کہ ایک عورت مردوں جیسی جوتی پہنتی ہے تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے مردوں کے ساتھ مشابہت رکھنے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے۔

291- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَبْغَضَ الرِّجَالِ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ الْاَلَدُّ الْخَصِمُ۔

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا: ''اللہ عزوجل کی بارگاہ میں سب سے زیادہ ناپسندیدہ شخص وہ ہے جو انتہائی درجے کا جھگڑالو ہو۔''

290- صحیح ابن حبان' باب حد السرقة' جلد 10' صفحه 313' رقم:4462
السنن الصغرىٰ للبيهقي' باب ما يجب فيه القطع' جلد 2' صفحه 484' رقم:3524
المعجم الصغير للطبراني' باب الالف من اسمه احمد' جلد 1' صفحه 26' رقم:6
مؤطا امام مالك' باب ما يجب فيه القطع' جلد 2' صفحه 832' رقم:1520
سنن ابوداؤد' باب ما يقطع فيه السارق' جلد 4' صفحه 236' رقم:4386
291- صحيح بخاري' باب لا يجوز الوضوء بالنبيذ ولا المسكر' جلد 1' صفحه 58' رقم:212
السنن الصغرىٰ للبيهقي' باب تفسير الخمر التي نزل تحريمها' جلد 3' صفحه 15' رقم:3636
المنتقى لابن الجارود' باب ما جاء في الاشربة' جلد 1' صفحه 217' رقم:855
مؤطا امام مالك' باب تحريم الخمر' جلد 2' صفحه 845' رقم:1540
سنن ابوداؤد' باب النهي عن المسكر' جلد 3' صفحه 368' رقم:3684

292- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ (يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ) فَاَيْنَ النَّاسُ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: عَلَى الصِّرَاطِ يَا بِنْتَ الصِّدِّيقِ۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں عرض کی: یارسول اللہ! ''اس دن (یعنی قیامت میں) زمین دوسری زمین میں تبدیل کر دی جائے گی''، تو لوگ کہاں جائیں گے؟ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اے صدیق کی بیٹی! وہ صراط پر ہوں گے۔''

293- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ اَنْبَاَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ: سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ (وَالَّذِينَ يُؤْتُونَ مَا اٰتَوْا وَقُلُوبُهُمْ وَجِلَةٌ) اَهُمُ الَّذِينَ يَزْنُونَ وَيَسْرِقُونَ وَيَشْرَبُونَ الْخَمْرَ؟ قَالَ: لَا يَا بِنْتَ الصِّدِّيقِ، وَلٰكِنَّهُمُ الَّذِينَ يُصَلُّونَ وَيَصُومُونَ وَيَتَصَدَّقُونَ۔

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے اللہ عزوجل کے اس فرمان کے بارے میں سوال کیا: ''اور وہ لوگ جو اس چیز کو دیتے ہیں جو انہیں دیا گیا ہے اور ان کے دل لرز رہے ہوتے ہیں'' کیا یہ وہ ہیں جو زنا کریں گے اور چوری کریں گے اور شراب پئیں گے۔ تو آپ (ﷺ) نے فرمایا: نہیں! اے صدیق کی بیٹی! یہ وہ لوگ ہیں جو نمازیں پڑھیں گے، روزے رکھیں گے اور صدقہ کیا کریں گے۔

294- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت

292- اخبار مكة للفاكهي' ذكر قول اهل مكة في السماع والغناء' جلد 4' صفحه 404' رقم:1670
الادب المفرد للبخاري' باب قول الرجل فداك ابي وامي' صفحه 280' رقم:805
المستدرك للحاكم' كتاب الادب' جلد 6' صفحه 299' رقم:7757
المعجم الكبير للطبراني' من اسمه سلمة بن قيس اشجعي' جلد 7' صفحه 39' رقم:6333
سنن ابن ماجه' باب في حسن الصوت' جلد 1' صفحه 425' رقم:1341
293- اتحاف الخيره المهرة' باب فضل الصدقة والحث عليها وان قلت وغير ذلك' جلد 3' صفحه 9' رقم:2123
(وقال رواه الحميدي ورجاله ثقات)
294- المستدرك للحاكم' كتاب التوبة والانابة' جلد 8' صفحه 248' رقم:7613
صحيح ابن حبان' باب التوبة' جلد 2' صفحه 391' رقم:624
مسند امام احمد بن حنبل' حديث السيدة عائشه رضي الله عنها' جلد 6' صفحه 194' رقم:25664
الشريعة للآجري' كتاب فضائل عائشه رضي الله عنها' جلد 2' صفحه 120' رقم:1849
المعجم الكبير للطبراني' ذكر ازواج رسول الله' جلد 23' صفحه 61' رقم:19089

قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَنْفَقَتِ الْمَرْاَةُ مِنْ بَیْتِ زَوْجِهَا غَیْرَ مُفْسِدَةٍ کَانَ لَهٗ بِمَا اکْتَسَبَ، وَکَانَ لَهَا بِمَا اَنْفَقَتْ، وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذٰلِكَ.

ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جب عورت اپنے خاوند کے گھر سے کوئی خرابی پیدا کیے بغیر خرچ کرتی ہے تو اس کے خاوند کو اس کے کمانے کا اجر ملتا ہے اور عورت کو اس کے خرچ کرنے کا اجر ملتا ہے اور خازن کی مثال بھی ایسی ہی ہے۔''

295- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنْ مُجَالِدِ بْنِ سَعِیْدٍ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ: رَاَیْتُكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاضِعًا یَدَكَ عَلٰی مَعْرَفَةِ فَرَسٍ وَاَنْتَ قَائِمٌ تُکَلِّمُ دِحْیَةَ الْکَلْبِیَّ. فَقَالَ: وَقَدْ رَاَیْتِیْهِ؟ قَالَتْ: نَعَمْ. قَالَ: فَاِنَّهٗ جِبْرِیْلُ، وَهُوَ یُقْرِئُكِ السَّلَامَ. قَالَتْ: وَعَلَیْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، وَجَزَاهُ اللّٰهُ خَیْرًا مِّنْ زَائِرٍ وَمِنْ دَخِیْلٍ، فَنِعْمَ الصَّاحِبُ وَنِعْمَ الدَّخِیْلُ.

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ نے گھوڑے کی پیشانی پر ہاتھ رکھا ہوا تھا اور آپ کھڑے ہو کر حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ کے ساتھ باتیں کر رہے تھے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم نے اسے دیکھا تھا؟ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: ہاں! تو آپ نے فرمایا: وہ جبرائیل تھے اور تمہیں سلام کہہ رہے تھے۔ آپ (رضی اللہ عنہا) نے فرمایا کہ انہیں بھی سلام ہو اور ان پر اللہ کی رحمتیں ہوں۔ اللہ عزوجل انہیں جزائے خیر دے جو کسی بھی ملاقات کرنے والے اور مہمان کو دی جاتی ہے، وہ کتنے اچھے ساتھی اور کتنے اچھے مہمان ہیں۔

296- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: جَاءَتْ سَهْلَةُ ابْنَةُ سُهَیْلٍ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: اِنِّیْ اَرٰی فِیْ وَجْهِ

حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ سہلہ بنت سہیل' نبی اکرم ﷺ کے پاس آئیں اور عرض کی: میں نے سالم کے اپنے پاس آنے کی وجہ سے اپنے خاوند حضرت ابوحذیفہ کے چہرے پر ناراضگی دیکھی

295- یہ حدیث مبارکہ روایت کرنے میں امام حمیدی منفرد ہیں۔

296- اخبار مکة للفاکهی' ذکر صفة الحبشی الذی یهدم الکعبة وذکر ما یاتی مکه' جلد 2' صفحه 310' رقم:

المعجم الکبیر للطبرانی' من اسمه عبد الله بن صفوان بن أمیة' جلد 23' صفحه 202' رقم: 19299

سنن ابن ماجه' باب جیش البیداء' جلد 2' صفحه 1350' رقم: 4063

صحیح مسلم' باب الخسف بالجیش الذی یؤم البیت' جلد 8' صفحه 167' رقم: 7423

اَبِیْ حُذَیْفَةَ مِنْ دُخُوْلِ سَالِمٍ عَلَیَّ کَرَاهِیَةً، فَقَالَ: اَرْضِعِیْهِ. فَقَالَتْ: کَیْفَ اُرْضِعُهٗ وَهُوَ رَجُلٌ کَبِیْرٌ؟ فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ: قَدْ عَلِمْتُ اَنَّهٗ رَجُلٌ کَبِیْرٌ. قَالَتْ: فَاَرْضَعْتُهٗ، ثُمَّ جَاءَتْ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: مَا رَاَیْتُ فِیْ وَجْهِ اَبِیْ حُذَیْفَةَ شَیْئًا اَکْرَهُهٗ مُنْذُ اَرْضَعْتُهٗ. قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: وَقَدْ شَهِدَ بَدْرًا.

ہے' تو آپ نے فرمایا: تم اسے اپنا دودھ پلا دو' میں نے عرض کی: میں اسے کیسے دودھ پلاؤں' وہ تو بڑی عمر کا آدمی ہے۔ پس رسول اللہ ﷺ مسکرا دیئے اور آپ نے فرمایا: میں جانتا ہوں کہ وہ بڑی عمر کا ہے' آپ فرماتی ہیں: اس عورت نے سالم کو دودھ پلا دیا' پھر وہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں تو اس نے عرض کی: جب سے میں نے سالم کو دودھ پلایا ہے اس کے بعد مجھے حضرت ابوحذیفہ کے چہرے سے ناراضگی کے آثار نظر نہیں آئے۔ حضرت عبدالرحمان بن قاسم کہتے ہیں کہ حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ غزوہ بدر میں شریک تھے۔

297- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِیُّ قَالَ اَخْبَرَتْنِیْ عَمْرَةُ ابْنَةُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّهَا سَمِعَتْ عَائِشَةَ تَقُوْلُ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلْقَطْعُ فِیْ رُبْعِ دِیْنَارٍ فَصَاعِدًا.

حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا: ایک چوتھائی دینار یا اس سے زیادہ پر ہاتھ کاٹا جائے گا۔

298- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ وَحَدَّثَنَاهُ اَرْبَعَةٌ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ لَمْ یَرْفَعُوْهُ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِیْ بَکْرٍ وَرُزَیْقُ بْنُ حَکِیْمٍ

امام حمیدی فرماتے ہیں کہ ہم سے سفیان نے حدیث بیان کی' انہوں نے کہا کہ اس حدیث کو چار لوگوں نے بیان کیا از حضرت عمرہ از حضرت عائشہ

297- صحیح مسلم' باب بیان أن القبلة فی الصوم لیست محرمة علی من لم تحرك شهوته' جلد 2' صفحه 107' رقم: 1107

مسند امام احمد بن حنبل' حدیث حفصة أم المؤمنین بنت عمر' جلد 6' صفحه 286' رقم: 26488

اطراف المسند المعتلی للعسقلانی' مسند حفصة بنت عمر بن الخطاب' جلد 8' صفحه 402' رقم: 11334

المعجم الکبیر للطبرانی' احادیث حفصة بنت عمر بن الخطاب' جلد 23' صفحه 204' رقم: 19304

298- صحیح بخاری' باب الاذان بعد الفجر' جلد 1' صفحه 283' رقم: 618

صحیح مسلم' باب استحباب رکعتی سنة الفجر' جلد 1' صفحه 411' رقم: 723

سنن ابن ماجه' باب ما جاء فی الرکعتین قبل الفجر' جلد 1' صفحه 362' رقم: 1143

سنن نسائی' باب وقت رکعتی الفجر' جلد 3' صفحه 256' رقم: 1779

الْاَيْلِيُّ وَيَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ وَعَبْدُ رَبِّهِ بْنُ سَعِيدٍ، وَالزُّهْرِيُّ اَحْفَظُهُمْ كُلُّهُمْ اِلَّا اَنَّ فِي حَدِيثِ يَحْيَى مَا دَلَّ عَلَى الرَّفْعِ، مَا نَسِيتُ وَلَا طَالَ عَلَيَّ: اَلْقَطْعُ فِي رُبْعِ دِينَارٍ فَصَاعِدًا.

صدیقہ رضی اللہ عنہا' انہوں نے اس کو مرفوع بیان کیا' وہ حضرت عبداللہ بن ابی بکر اور حضرت زریق بن حکیم الایلی اور حضرت یحییٰ بن سعید اور حضرت عبد ربہ بن سعید ہیں اور امام زہری ان سب سے زیادہ حافظ ہیں سوائے حضرت یحییٰ کی حدیث کے جو مرفوع ہونے پر دلالت کرتی ہے کہ نہ میں اس روایت کو بھولا اور مجھ پر لمبا عرصہ گزرا (وہ حدیث یہ ہے) کہ چوتھائی دینار یا اس سے زیادہ پر ہاتھ کاٹا جائے گا۔

299- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِي اَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّ شَرَابٍ اَسْكَرَ فَهُوَ حَرَامٌ.

فَقِيلَ لِسُفْيَانَ: فَاِنَّ مَالِكًا وَغَيْرَهُ يَذْكُرُونَ الْبِتْعَ. فَقَالَ: مَا قَالَ لَنَا ابْنُ شِهَابٍ الْبِتْعَ، مَا قَالَ لَنَا ابْنُ شِهَابٍ اِلَّا كَمَا قُلْتُ لَكَ.

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہر وہ شراب جو نشہ پیدا کر دے وہ حرام ہے۔

سفیان سے کہا گیا: امام مالک اور دیگر راویوں نے اس میں بتع (شراب بنانا) کا تذکرہ کیا ہے' تو سفیان نے کہا: ابن شہاب نے ہمارے سامنے بتع کا تذکرہ نہیں کیا' ابن شہاب نے ہمارے سامنے وہی الفاظ بیان کیے تھے جو میں نے تمہارے سامنے بیان کیے ہیں۔

300- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے

299- السنن الصغریٰ للبیهقی' باب المکاتب عبد ما بقی علیه درهم' جلد 3' صفحه 348' رقم: 4841
سنن ابوداؤد' باب فی المکاتب یودی بعض کتابته' جلد 4' صفحه 32' رقم: 3930
سنن ابن ماجه' باب المکاتب' جلد 2' صفحه 842' رقم: 2520
سنن ترمذی' باب ما جاء فی المکاتب اذا کان عنده ما یؤدی' جلد 3' صفحه 562' رقم: 1261
مسند امام احمد بن حنبل' حدیث اُم سلمة زوج النبی صلی الله علیه وسلم' جلد 6' صفحه 289' رقم: 26516
300- سنن ترمذی' باب فی فضل المدینة' جلد 5' صفحه 718' رقم: 3915
مؤطا امام مالک' باب ما جاء فی مسجد النبی صلی الله علیه وسلم' جلد 1' صفحه 197' رقم: 463
التاریخ الکبیر للبخاری' من اسمه جناح مولیٰ لیلی بنت سهل' جلد 2' صفحه 120' رقم: 2341
السنن الصغریٰ للبیهقی' باب اتیان المدینة' جلد 2' صفحه 31' رقم: 1822

قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ قِرَائَةَ اَبِي مُوسَى فَقَالَ: لَقَدْ اُوتِيَ هٰذَا مِنْ مَزَامِيرِ آلِ دَاوُدَ. وَكَانَ سُفْيَانُ رُبَّمَا شَكَّ فِيهِ فَقَالَ عَنْ عَمْرَةَ اَوْ عُرْوَةَ لَا يَذْكُرُ فِيهِ الْخَبَرَ، ثُمَّ ثَبَتَ عَلَى عُرْوَةَ، وَذَكَرَ الْخَبَرَ فِيهِ غَيْرَ مَرَّةٍ وَتَرَكَ الشَّكَّ.

کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی تلاوت سنی' فرمایا: اسے آل داؤد کی طرح آواز عطا کی گئی ہے۔ سفیان اس روایت کو بیان کرتے ہوئے کبھی اس میں شک کرتے اور وہ یہ کہتے کہ یہ عمرہ نامی عورت سے روایت ہے یا شاید عروہ نامی آدمی سے روایت ہے البتہ وہ اس میں روایت کے الفاظ ذکر نہیں کرتے تھے پھر اس کے بعد انہوں نے اعتماد کے ساتھ عروہ سے منقول ہونے کا ذکر کیا اور پھر کئی مرتبہ اس روایت کو بیان کیا تو انہوں نے اس میں شک کو ختم کر دیا۔

301- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَائِشَةَ: اَنَّ ذَهَبًا كَانَتْ اَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَعَارَّ مِنَ اللَّيْلِ، وَهِيَ اَكْثَرُ مِنَ السَّبْعَةِ وَاَقَلُّ مِنَ التِّسْعَةِ، فَلَمْ يُصْبِحْ حَتّٰى قَسَمَهَا ثُمَّ قَالَ: مَا ظَنُّ مُحَمَّدٍ بِرَبِّهِ لَوْ مَاتَ وَهٰذِهِ عِنْدَهُ. قَالَ سُفْيَانُ: اُرَاهَا صَدَقَةً كَانَتْ اَتَتْهُ اَوْ حَقًّا لِاِنْسَانٍ خَشِيَ اَنْ يَتْوٰى.

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں رات کے وقت سونا آیا' یہ سات سے زیادہ تھا اور نو سے کم تھا تو صبح ہونے سے پہلے آپ ﷺ نے اسے تقسیم کر دیا۔ آپ نے ارشاد فرمایا: ''محمد کا اپنے رب کے بارے میں کیا گمان ہوگا کہ اگر وہ فوت ہو جائے اور یہ سونا اس کے پاس ہو۔'' سفیان کہتے ہیں: میرا خیال ہے کہ یہ زکوٰۃ کا سونا تھا جو آپ ﷺ کی خدمت میں آیا تھا یا پھر یہ کسی انسان کا حق تھا کہ کہیں وہ ضائع نہ ہو جائے۔

302- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت

المعجم الاوسط للطبرانی' من اسمه بکر' جلد 3' صفحه 269' رقم: 3112
301- صحیح مسلم' باب البکاء علی المیت' جلد 1' صفحه 611' رقم: 922
السنن الکبریٰ للبیهقی' باب النهی عن النیاحة علی المیت' جلد 4' صفحه 63' رقم: 7360
اطراف المسند المعتلی' من اسمه عبید بن عمیر' جلد 9' صفحه 410' رقم: 19592
المسند المستخرج علی صحیح الامام مسلم' کتاب الصلاة' جلد 3' صفحه 9' رقم: 2063
المعجم الکبیر للطبرانی' احادیث عبید بن عمیر اللیثی عن اُم سلمة' جلد 23' صفحه 277' رقم: 19553
302- صحیح بخاری' باب العلم و الیقظة باللیل' جلد 1' صفحه 71' رقم: 115

عَنْ وَائِلِ بْنِ دَاوُدَ عَنِ ابْنِهِ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا: يَا عَائِشَةُ اِنْ كُنْتِ اَلْمَمْتِ بِذَنْبٍ فَاسْتَغْفِرِي اللّٰهَ، فَاِنَّ الْعَبْدَ اِذَا اَلَمَّ بِذَنْبٍ ثُمَّ تَابَ وَاسْتَغْفَرَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ.

قَالَ اَبُو بَكْرٍ وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ: اِنْ كُنْتِ بِذَنْبِ الْمَمْتِ فَاسْتَغْفِرِي اللّٰهَ، فَاِنَّ التَّوْبَةَ النَّدَمُ وَالْاِسْتِغْفَارُ. وَاَكْثَرُ ذٰلِكَ يَقُولُ عَلَى الْاَوَّلِ.

ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا: اے عائشہ اگر تم نے گناہ کیا تو تم اللہ تعالیٰ سے معافی مانگو کیونکہ جب انسان گناہ کرتا ہے اور پھر توبہ کر کے اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت فرما دیتا ہے۔

امام حمیدی فرماتے ہیں کہ سفیان نے کبھی یہ الفاظ کہے: "اگر تم نے گناہ کا ارادہ کیا تھا تو اللہ تعالیٰ سے معافی مانگو کیونکہ توبہ ندامت اور استغفار کا اظہار ہے"۔ تاہم سفیان اکثر پہلے والے الفاظ ہی بیان کرتے تھے۔

303- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَسَمِعْتُ فِيهَا قِرَاءَةً فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ فَقَالُوا: حَارِثَةُ بْنُ النُّعْمَانِ، كَذَالِكُمُ الْبِرُّ كَذَالِكُمُ الْبِرُّ.

فَقِيلَ لِسُفْيَانَ: هُوَ عَنْ عَمْرَةَ؟ قَالَ: نَعَمْ، لَا شَكَّ فِيهِ. كَذٰلِكَ قَالَهُ الزُّهْرِيُّ.

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا تو میں نے اس میں قرات کی آواز سنی میں نے پوچھا: یہ کون ہے؟ تو فرشتوں نے بتایا کہ یہ حارثہ بن نعمان ہیں تو یہی نیکی ہے یہی نیکی ہے۔

سفیان سے کہا گیا کہ یہ روایت عمرہ سے منقول ہے؟ انہوں نے کہا: ہاں! اس میں کوئی شک نہیں ہے زہری نے اسی طرح بیان کیا تھا۔

اتحاف الخیرہ المهرة، باب فی صفة رجال ونساء یکونون فی آخر الزمان، جلد 8، صفحه 88، رقم: 7543
المستدرك للحاكم، كتاب الفتن والملاحم، جلد 4، صفحه 554، رقم: 8552
المعجم الكبير للطبرانی، احادیث ام كلثوم بنت ام سلمة عن ام سلمة، جلد 23، صفحه 355، رقم: 19785
جمع الجوامع للسیوطی، حرف السین، جلد 13، صفحه 270، رقم: 12997
303- صحيح مسلم، باب نهى من دخل عشر ذى الحجة، جلد 7، صفحه 211، رقم: 6988
السنن الصغرى للبيهقى، باب الاجتهاد فى العشر الاواخر، جلد 1، صفحه 426، رقم: 1432
المسند المستخرج على صحيح الامام مسلم، كتاب الصيام، جلد 3، صفحه 261، رقم: 2681
سنن ابن ماجه، باب فى فضل العشر الاواخر من شهر رمضان، جلد 2، صفحه 62، رقم: 1768
سنن النسائى الكبرى، باب الاجتهاد فى العشر الاواخر، جلد 2، صفحه 270، رقم: 3391

18 - مُسْنَدُ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ

مسند سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا

304- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اُمَيَّةُ بْنُ صَفْوَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَفْوَانَ الْجُمَحِيُّ قَالَ سَمِعْتُ جَدِّي عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ صَفْوَانَ فِي اِمَارَةِ ابْنِ الزُّبَيْرِ فِي الْحِجْرِ يَقُولُ سَمِعْتُ حَفْصَةَ تَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَيَؤُمَّنَّ هٰذَا الْبَيْتَ جَيْشٌ يَغْزُونَهُ حَتّٰى اِذَا كَانُوا بِبَيْدَاءَ مِنَ الْاَرْضِ خُسِفَ بِاَوْسَطِهِمْ فَتَنَادَى اَوَّلُهُمْ وَآخِرُهُمْ، فَلَا يَفْلِتُ مِنْهُمْ اَحَدٌ اِلَّا الشَّرِيدُ الَّذِي يُخْبِرُ عَنْهُمْ.

فَقَالَ رَجُلٌ لِجَدِّي: فَاَشْهَدُ اَنَّكَ لَمْ تَكْذِبْ عَلٰى حَفْصَةَ وَاَنَّ حَفْصَةَ لَمْ تَكْذِبْ عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. قَالَ سُفْيَانُ: وَكَانَ عُمَيْرُ بْنُ قَيْسٍ يُحَدِّثُهُ عَنْ اُمَيَّةَ وَكُنْتُ لَا اَجْتَرِءُ اَنْ اَسْاَلَهُ عَنْهُ، كَانَ يُجَالِسُ خَالِدَ بْنَ مُحَمَّدٍ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ شَيْبَةَ وَكَانُوا مِنْ اَكْبَرِ قُرَيْشٍ يَوْمَئِذٍ، وَكَانُوا يَجْلِسُونَ فِي سُوقِ اللَّيْلِ وَهُمْ يَوْمَئِذٍ عَلٰى بَابِ الْمَسْجِدِ، وَاسْتَعَانَنِي اُمَيَّةُ اَنْظُرُ لَهُ خَالِدَ بْنَ مُحَمَّدٍ فَمَا اَدْرِي وَجَدْتُهُ لَهُ اَمْ لَا. فَلَمَّا اسْتَعَانَنِي اجْتَرَاْتُ عَلَيْهِ فَسَاَلْتُهُ فَحَدَّثَنِي بِهِ.

حضرت سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ "ایک لشکر اس گھر پر حملہ کرنے کے ارادے سے ضرور آئے گا حتیٰ کہ جب وہ چٹیل میدان میں پہنچے گا تو ان کے درمیان والے حصے کو زمین میں دھنسا دیا جائے گا تو ان کے ابتدائی حصے والے لوگ پچھلوں کو پکاریں گے پھر ان میں سے کوئی بھی باقی نہیں رہے گا' صرف وہ شخص رہے گا' جو ان سے الگ ہو کر چل رہا تھا اور وہی لوگوں کو ان کے بارے میں بتائے گا۔"

راوی کہتے ہیں کہ ایک آدمی نے میرے دادا کو یہ کہا کہ میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے از سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہ یہ بیان نہیں کیا اور سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے از رسول اللہ ﷺ غلط بیانی نہیں کی ہے۔ سفیان کہتے ہیں کہ عمیر بن قیس نے اسے امیہ کے سے بیان کیا ہے لیکن مجھے یہ جرأت نہیں ہوئی کہ میں ان سے یہ پوچھوں کہ وہ خالد بن محمد اور عبداللہ بن شعبہ کے ساتھ بیٹھتا تھا اور یہ قریش کے اکابرین میں سے تھے اور یہ لوگ رات کے وقت بازار میں بیٹھا کرتے' جو ان دنوں مسجد کے دروازے پر بازار لگا کرتا تھا تو امیہ نے مجھ سے

304- صحيح بخارى، باب الاشارة فى الصلاة، جلد 2، صفحه 123، رقم: 1233
صحيح مسلم، باب معرفة الركعتين اللتين كان يصليهما النبى بعد العصر، جلد 1، صفحه 511، رقم: 834
السنن الصغرى للبيهقى، باب كيفية غسل الجنابة، جلد 1، صفحه 52، رقم: 132
المعجم الاوسط للطبرانى، من اسمه مسعود، جلد 8، صفحه 274، رقم: 8619
سنن ابن ماجه، باب فى الغسل من الجنابة، جلد 1، صفحه 191، رقم: 578

مدد مانگی' میں خالد بن محمد سے ان کے لیے وسعت کا میں فکر مند تھا کہ کیا میں یہ حاصل کرلوں گا لیکن میں نے جرأت کی اور سوال کیا تو انہوں نے مجھے یہ حدیث بیان کی۔

305- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مَنْصُورٌ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ صُبَيْحٍ عَنْ شُتَيْرِ بْنِ شَكَلٍ عَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنَالُ مِنْ وَجْهِ بَعْضِ نِسَائِهِ وَهُوَ صَائِمٌ.

حضرت سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ روزے کی حالت میں اپنی کسی زوجہ کے چہرے سے (اپنا چہرہ) ملالیا کرتے۔

306- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي مَنْ لَا أُحْصِي مِنْ أَصْحَابِ نَافِعٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ وَأَخْبَرَتْنِي حَفْصَةُ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَضَاءَ لَهُ الْفَجْرُ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ.

حضرت سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ صبح صادق ہوتی تو دو رکعت سنت پڑھا کرتے۔

19 - مُسْنَدُ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مسند زوجۂ نبی اکرم ﷺ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا

307- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت سیدہ ام سلمٰی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے

305-المعجم الکبیر للطبرانی' احادیث عبد اللہ بن ابی لبید عن أبی عن ام سلمة' جلد 23' صفحه 239' رقم:19492

306-السنن الصغریٰ للبیهقی' باب لا یحیل حکم القاضی علی المقضی له' جلد 3' صفحه 266' رقم:4536

المعجم الکبیر للطبرانی' احادیث هشام بن عروة عن ابیه عن زینب' جلد 23' صفحه 343' رقم:19750

مؤطا امام مالك' باب الترغیب فی القضاء بالحق' جلد 2' صفحه 719' رقم:1399

سنن ابوداؤد' باب فی قضاء القاضی اذا اخطاء' جلد 3' صفحه 328' رقم:3585

سنن ابن ماجه ' باب قضیة الحاکم لا تحل حراما ولا تحرم حلالا' جلد 2' صفحه 777' رقم:2317

307- صحیح بخاری' باب غزوة الطائف فی شوال سنة ' جلد 5' صفحه 207' رقم:4324

صحیح مسلم' باب منع المخنث من الدخول علی النساء الاجانب' جلد 3' صفحه 82' رقم:2180

اتحاف الخیرة المهرة' باب ما جاء المخنثین' جلد 6' صفحه 149' رقم:5536

قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ أَخْبَرَنِي نَبْهَانُ مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا كَانَ لِإِحْدَاكُنَّ مُكَاتَبٌ فَكَانَ عِنْدَهُ مَا يُؤَدِّي فَلْتَحْتَجِبْ مِنْهُ. قَالَ سُفْيَانُ: انْتَهَى حِفْظِي مِنَ الزُّهْرِيِّ إِلَى هٰذَا فَأَخْبَرَنِي بَعْدُ مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ نَبْهَانَ قَالَ: كُنْتُ أَقُودُ بِأُمِّ سَلَمَةَ بَغْلَتَهَا فَقَالَتْ لِي: يَا نَبْهَانُ كَمْ بَقِيَ عَلَيْكَ مِنْ مُكَاتَبَتِكَ؟ فَقُلْتُ: أَلْفُ دِرْهَمٍ. قَالَ فَقَالَتْ: أَفَعِنْدَكَ مَا تُؤَدِّي؟ قُلْتُ: نَعَمْ. قَالَتْ: فَادْفَعْهَا إِلَى فُلَانٍ أَخٍ لَهَا أَوِ ابْنِ أَخٍ لَهَا وَأَلْقَتِ الْحِجَابَ فَقَالَتِ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبْهَانُ، هٰذَا آخِرُ مَا تَرَانِي، إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا كَانَ لِإِحْدَاكُنَّ مُكَاتَبٌ وَعِنْدَهُ مَا يُؤَدِّي فَلْتَحْتَجِبْ مِنْهُ. فَقُلْتُ: مَا عِنْدِي مَا أُؤَدِّي وَلَا أَنَا بِمُؤَدٍّ.

کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جب تم میں سے کسی عورت کا غلام ہو اور اس کے پاس وہ رقم موجود ہو جسے وہ ادا کرسکتا ہو تو وہ اس غلام سے پردہ کیا کرے۔''
سفیان کہتے ہیں کہ میری یادداشت کے مطابق یہاں تک ہے لیکن اس کے بعد معمر نے از زہری از نبہان یہ بات بیان کی کہ وہ آپ (سیدہ ام سلمٰی رضی اللہ عنہا) کے خچر کو لے کر چلا کرتا تھا' انہوں نے مجھ سے فرمایا: اے نبہان! تمہاری کتابت کے معاہدے کی کتنی رقم باقی رہ گئی ہے؟ میں نے کہا: ایک ہزار درہم۔ (نبہان) کہتے ہیں کہ آپ (رضی اللہ عنہا) نے پوچھا: کیا تمہارے پاس وہ رقم ہے جسے تم ادا کردو؟ تو میں نے کہا: ہاں! تو آپ (رضی اللہ عنہا) نے فرمایا: تم اسے فلاں کی طرف بھجوا دو۔ آپ نے اپنے کسی بھائی یا بھتیجے کا نام لیا اور پھر انہوں نے پردہ کرلیا' پھر انہوں نے فرمایا: تم پر سلام ہو! اے نبہان! یہ تم نے آخری مرتبہ مجھے دیکھا ہے۔ بے شک رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ جب کسی عورت کا کوئی غلام ہو اور اس غلام کے پاس وہ رقم موجود ہو جسے وہ ادا کرسکتا ہو تو وہ عورت اس غلام سے پردہ کیا کرے۔ تو میں نے کہا: نہ تو میرے پاس کوئی ایسی چیز ہے جسے میں ادا کرسکوں اور نہ ہی میں نے ادا کرنی ہے۔

308- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت سیدہ ام سلمٰی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ

السنن الکبریٰ للبیهقی' باب ما جاء فی نفی المخنثین' جلد 8' صفحه 224' رقم:17437

مؤطا امام مالك' باب ما جاء فی المؤنث من الرجال' جلد 2' صفحه 767' رقم:1457

308- صحیح بخاری' باب اذا احتلمت المراة' جلد 1' صفحه 137' رقم:282

صحیح مسلم' باب وجوب الغسل علی المراة یخرج المنی منها' جلد 1' صفحه 159' رقم:313

السنن الکبریٰ للبیهقی' باب المراة تری فی منامها' جلد 1' صفحه 167' رقم:823

قَالَ حَدَّثَنَا عَمَّارٌ الدُّهْنِيُّ - لَمْ نَجِدْهُ عِنْدَ غَيْرِهِ - أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يُحَدِّثُ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَا بَيْنَ بَيْتِي وَمِنْبَرِي رَوْضَةٌ مِّنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ، وَقَوَائِمُ مِنْبَرِي رَوَاتِبُ فِي الْجَنَّةِ .

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ”میرے گھر اور میرے منبر کے درمیان کی جگہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے اور میرے منبر کے پائے جنت میں ہیں۔“

309- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّهَا قَالَتْ: لَمَّا مَاتَ أَبُو سَلَمَةَ قُلْتُ: غَرِيبٌ وَبِأَرْضِ غُرْبَةٍ لَأَبْكِيَنَّهُ بُكَاءً يُتَحَدَّثُ عَنْهُ، قَالَتْ: فَتَهَيَّأْتُ لِلْبُكَاءِ وَجَاءَتِ امْرَأَةٌ مِّنَ الصَّعِيدِ تُرِيدُ أَنْ تُسْعِدَنِي، فَلَمَّا رَآهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَلَقَّاهَا وَقَالَ: تُرِيدِينَ أَنْ تُدْخِلِي الشَّيْطَانَ بَيْتًا قَدْ أَخْرَجَهُ اللّٰهُ مِنْهُ ؟ أَتُرِيدِينَ أَنْ تُدْخِلِي الشَّيْطَانَ بَيْتًا قَدْ أَخْرَجَهُ اللّٰهُ مِنْهُ؟ . قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: فَتَرَكْتُ الْبُكَاءَ فَلَمْ أَبْكِ .

حضرت سیدہ ام سلمٰی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا' میں نے کہا: یہ غریب الوطن تھے اور غریب الوطنی میں ہی وصال فرما گئے ہیں میں ان پر ایسا روں گی کہ انہیں یاد رکھا جائے گا۔ آپ فرماتی ہیں کہ میں نے رونے کا پکا ارادہ کر لیا تو کھلے میدان کی طرف سے ایک عورت میرے پاس آئی وہ بھی رونے میں میرا ساتھ دینا چاہتی تھی' پس جب رسول اللہ ﷺ نے اسے دیکھا تو آپ ﷺ اس سے ملے' آپ نے فرمایا: کیا تم یہ چاہتی ہو کہ شیطان کو اس گھر میں داخل کرو جس سے اللہ تعالیٰ نے اسے باہر نکالا ہے۔ کیا تم یہ چاہتی ہو کہ تم شیطان کو اس گھر میں داخل کرو جس سے اللہ تعالیٰ نے اسے باہر نکالا ہے۔ سیدہ ام سلمٰی رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: پس میں نے رونا ترک کر دیا پھر میں نہیں روئی۔

المعجم الاوسط للطبرانی' باب من اسمه ابراهیم' جلد 3' صفحه 211' رقم:2945

سنن النسائی' باب الحیاء فی العلم' جلد 3' صفحه 448' رقم:5887

309- السنن الکبریٰ للنسائی' باب الاستعاذه من علم لا ینفع' جلد 4' صفحه 396' رقم:7867

سنن ابن ماجه' باب ما یقال بعد التسلیم' جلد 1' صفحه 298' رقم:925

صحیح ابن حبان' باب الزجر عن کتبة المرء السنن' جلد 1' صفحه 283' رقم:82

مجمع الزوائد للهیثمی' باب الادعیة الماثوره' جلد 10' صفحه 290' رقم:17416

مسند امام احمد بن حنبل' حدیث ام سلمة زوج النبی صلی الله علیه وسلم' جلد 6' صفحه 294' رقم:26654

310- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ وَيَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ .

یحییٰ بن سعید نے از الزہری از حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا روایت بیان کی۔

311- وَحَدَّثَنَاهُ مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ هِنْدٍ بِنْتِ الْحَارِثِ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَاتَ لَيْلَةٍ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، مَاذَا وَقَعَ مِنَ الْفِتَنِ؟ وَمَا فُتِحَ مِنَ الْخَزَائِنِ؟ فَأَيْقِظُوا صَوَاحِبَاتِ الْحُجَرِ، فَرُبَّ كَاسِيَةٍ فِي الدُّنْيَا عَارِيَةٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ .

حضرت سیدہ ام سلمٰی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک رات رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ”سبحان اللہ کیسے فتنے نازل ہوئے ہیں اور کتنے خزانے کھول دیے گئے ہیں تو حجروں میں رہنے والی عورتوں کو جگاؤ کیونکہ دنیا میں پردے والی کچھ خواتین آخرت میں ننگی ہوں گی۔“

312- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ أَنَّهُ سَمِعَ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يُحَدِّثُ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا دَخَلَتِ الْعَشْرُ وَأَرَادَ أَحَدُكُمْ أَنْ يُضَحِّيَ فَلَا

حضرت سیدہ ام سلمٰی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب عشرہ آ جائے اور کسی شخص کا قربانی کرنے کا ارادہ ہو تو وہ اپنے بال اور اپنے جسم میں سے کوئی چیز نہ کٹوائے۔

310- سنن ترمذی' باب ما جاء فی الرجلین یکون احدهما اسفل من الاخر' جلد 3' صفحه 267' رقم:1363

السنن الکبریٰ للبیهقی' باب ترتیب سقی الزرع' جلد 6' صفحه 153' رقم:12200

المستدرک للحاکم' ذکر مناقب حواری رسول الله صلی الله علیه وسلم' جلد 3' صفحه 410' رقم:5565

المنتقی لابن الجارود' باب ما جاء فی الاحکام' جلد 1' صفحه 255' رقم:1021

سنن ابن ماجه' باب الشرب من الاودیة' جلد 2' صفحه 829' رقم:2480

311- صحیح بخاری' باب سکر الانهار' جلد 3' صفحه 201' رقم:2359

صحیح مسلم' باب وجوب اتباعه صلی الله علیه وسلم' جلد 3' صفحه 189' رقم:2357

مستدرک للحاکم' تفسیر سورة آل عمران' جلد 3' صفحه 131' رقم:3174

المعجم الکبیر للطبرانی' احادیث سلمة من ولد أم سلمة عن أم سلمة' جلد 23' صفحه 294' رقم:19603

سنن ترمذی' باب ومن سورة النساء' جلد 5' صفحه 233' رقم:3023

312- السنن الکبریٰ للبیهقی' باب غسل المستحاضة' جلد 1' صفحه 350' رقم:1709

المسند المستخرج علی صحیح الامام مسلم' کتاب الطهارة' جلد 1' صفحه 381' رقم:751

المعجم الکبیر للطبرانی' احادیث حمنة بنت جحش تکنی أم حبیبة' جلد 24' صفحه 216' رقم:20571

صحیح ابن حبان' باب الحیض والاستحاضة' جلد 4' صفحه 186' رقم:1353

يَمَسَّ مِنْ شَعَرِهِ وَلَا بَشَرِهِ شَيْئًا .

قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: قِيلَ لِسُفْيَانَ: اِنَّ بَعْضَهُمْ لَا يَرْفَعُهُ. قَالَ: لٰكِنِّي اَنَا اَرْفَعُهُ .

امام حمیدی فرماتے ہیں کہ سفیان سے کہا گیا بعض نے اس روایت کو مرفوع روایت نہیں کیا' تو انہوں نے کہا: میں تو اس کو مرفوع ہی روایت کروں گا۔

313- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ مُوسَى عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ مَوْلٰى اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ اُمَّ سَلَمَةَ قَالَتْ: سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: اِنِّي امْرَاَةٌ اَشُدُّ ضَفْرَ رَاْسِي اَفَاَنْقُضُهُ لِغُسْلِ الْجَنَابَةِ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا، اِنَّمَا يَكْفِيكِ اَنْ تَحْثِي عَلٰى رَاْسِكِ ثَلَاثَ حَثَيَاتٍ مِنْ مَاءٍ، ثُمَّ تُفِيضِي عَلَيْكِ الْمَاءَ فَتَطْهُرِي . اَوْ قَالَ: فَاِذَا اَنْتِ قَدْ طَهُرْتِ .

حضرت سیدہ ام سلمٰی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا کہ میں ایک ایسی عورت ہوں جو اپنی مینڈیاں مضبوطی سے باندھتی ہوں تو کیا میں غسل جنابت کے لیے انہیں کھولا کروں؟ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارے لیے اتنا کافی ہے کہ تم تین مرتبہ اپنے سر پر پانی کے تین لپ بہا لیا کرو پھر تم اپنے جسم پر پانی بہاؤ تو تم پاک ہو جاؤ گی' یا فرمایا: تو اس طرح تم پاک ہو جاؤ۔

314- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي لَبِيدٍ وَكَانَ مِنْ عُبَّادِ اَهْلِ الْمَدِينَةِ وَكَانَ يَرَى الْقَدَرَ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يَقُوْلُ: قَدِمَ مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِي سُفْيَانَ الْمَدِينَةَ، فَبَيْنَا هُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ اِذْ قَالَ يَا كَثِيرُ بْنَ

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمان بیان کرتے ہیں کہ حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ آئے جب منبر پر تھے تو انہوں نے کثیر بن صلت سے کہا: تم ام المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس جاؤ اور ان سے رسول اللہ ﷺ کی اس نماز کے بارے میں پوچھو

313- صحیح ابن حبان' باب الادعیة' جلد 3' صفحه 305' رقم: 1030
سنن ابوداؤد' باب ما یقول الرجل اذا خرج من بیته' جلد 4' صفحه 586' رقم: 5096
السنن الکبریٰ للبیهقی' باب ما یقول اذا خرج من بیته' جلد 5' صفحه 251' رقم: 10608
المستدرك للحاکم' کتاب الدعاء والتکبیر' جلد 2' صفحه 174' رقم: 1900
المعجم الاوسط للطبرانی' باب من اسمه ابراهیم' جلد 3' صفحه 34' رقم: 2383
314- صحیح بخاری' باب تحد المتوفی عنها اربعة اشهر وعشرا' جلد 6' صفحه 289' رقم: 5332
صحیح مسلم' باب وجوب الاحداد فی عدة الوفاة' جلد 2' صفحه 311' رقم: 1488
المعجم الکبیر للطبرانی' احادیث القاسم بن محمد عن زینب' جلد 23' صفحه 349' رقم: 19770
معرفة الصحابة لابی نعیم' من اسمه عاتکه بنت نعیم بن عبد الله' جلد 3' صفحه 368' رقم: 7125

الصَّلْتِ: اذْهَبْ اِلٰى عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِينَ فَسَلْهَا عَنْ صَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ. قَالَ اَبُوْ سَلَمَةَ: فَذَهَبْتُ مَعَهُ وَبَعَثَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْحَارِثِ مَعَنَا فَقَالَ: اذْهَبْ فَاسْمَعْ مَا تَقُوْلُ اُمُّ الْمُؤْمِنِينَ. قَالَ اَبُوْ سَلَمَةَ: فَجَائَهَا فَسَاَلَهَا فَقَالَتْ: لَا عِلْمَ لِي، وَلٰكِنِ اذْهَبْ اِلٰى اُمِّ سَلَمَةَ فَسَلْهَا . فَذَهَبْتُ مَعَهُ اِلٰى اُمِّ سَلَمَةَ فَسَاَلَهَا، فَقَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ بَعْدَ الْعَصْرِ فَصَلّٰى عِنْدِي رَكْعَتَيْنِ وَلَمْ اَكُنْ اَرَاهُ يُصَلِّيهِمَا، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَقَدْ صَلَّيْتَ صَلَاةً لَمْ اَكُنْ اَرَاكَ تُصَلِّيهَا . قَالَ: اِنِّي كُنْتُ اُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الظُّهْرِ، وَاِنَّهُ قَدِمَ عَلَيَّ وَفْدُ بَنِي تَمِيمٍ اَوْ صَدَقَةٌ فَشَغَلُوْنِي عَنْهُمَا، فَهُمَا هَاتَانِ الرَّكْعَتَانِ .

جو آپ ﷺ عصر کے بعد دو رکعت پڑھتے تھے۔
حضرت ابوسلمٰی کہتے ہیں کہ کثیر کے ساتھ میں بھی چلا گیا اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے عبداللہ بن حارث کو بھی ہمارے ساتھ بھیج دیا انہوں نے فرمایا: تم جاؤ ام المؤمنین تمہیں جو کہیں اسے سن لینا۔ حضرت ابوسلمٰی کہتے ہیں کہ وہ ان کے پاس گئے اور ان سے یہ سوال کیا تو انہوں نے فرمایا: مجھے اس بارے کوئی علم نہیں ہے کہ تم سیدہ ام سلمٰی رضی اللہ عنہا کے پاس جاؤ اور ان سے پوچھ لو تو کثیر کے ساتھ میں بھی حضرت ام سلمٰی رضی اللہ عنہا کے پاس گیا انہوں نے ان سے اس بارے میں سوال کیا تو سیدہ ام سلمٰی رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ عصر کے بعد میرے پاس تشریف لائے' آپ نے میرے پاس دو رکعات نماز ادا کی میں نے آپ ﷺ کو اس سے پہلے یہ دو رکعات پڑھتے ہوئے نہیں دیکھا تھا تو میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! آج آپ نے یہ کیسی نماز ادا کی ہے جسے میں نے پہلے آپ کو ادا کرتے ہوئے نہیں دیکھا تو آپ نے ارشاد فرمایا: میں ظہر کے بعد دو رکعات پڑھتا ہوں تو بنو تمیم کا وفد میرے پاس آ گیا تھا' زکوۃ کا مال آیا تھا اس وجہ سے میں مصروف رہا تو یہ وہی دو رکعات ہیں۔

315- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اُمِّهَا اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ وَاِنَّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ اِلَيَّ، وَلَعَلَّ بَعْضَكُمْ اَنْ يَكُوْنَ اَلْحَنَ

حضرت سیدہ زینب بنت ابوسلمٰی رضی اللہ عنہا اپنی والدہ ام سلمٰی رضی اللہ عنہا سے روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''میں بھی ایک انسان ہوں تم لوگ اپنے مقدمات لے کر میرے پاس آتے ہو' ہو سکتا ہے کہ تم میں سے کوئی اپنی دلیل پیش کرنے میں دوسرے

315- صحیح مسلم' باب استحباب دفع الضعفة من النساء وغیرهن' جلد 2' صفحه 196' رقم: 1292

بِحُجَّتِهِ مِنْ بَعْضٍ، فَأَيُّكُمْ قَضَيْتُ لَهُ مِنْ حَقِّ أَخِيهِ بِشَيْءٍ فَلَا يَأْخُذْهُ، فَإِنَّمَا أَقْطَعُ لَهُ بِهِ قِطْعَةً مِنَ النَّارِ .

کے مقابلے میں چرب زبان ہو تو میں اس کے بھائی کے حق کا فیصلہ دے دوں تو وہ اسے قبول نہ کرے کیونکہ (اس طرح) میں نے اسے آگ کا ٹکڑا کاٹ کر دیا۔"

316- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أُمِّهَا أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدِي مُخَنَّثٌ فَسَمِعَهُ يَقُولُ لِعَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي أُمَيَّةَ: يَا عَبْدَ اللَّهِ أَرَأَيْتَ إِنْ فَتَحَ اللَّهُ عَلَيْكُمُ الطَّائِفَ غَدًا فَعَلَيْكُمْ بِابْنَةِ غَيْلَانَ، فَإِنَّهَا تُقْبِلُ بِأَرْبَعٍ وَتُدْبِرُ بِثَمَانٍ . قَالَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا يَدْخُلَنَّ هَؤُلَاءِ عَلَيْكُمْ . قَالَ سُفْيَانُ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: اسْمُهُ هِيتٌ.

حضرت سیدہ زینب بنت ابوسلمٰی رضی اللہ عنہا اپنی والدہ خود ام سلمٰی رضی اللہ عنہا سے روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے اور میرے پاس ایک ہیجڑا موجود تھا' آپ نے اسے عبداللہ بن ابو امیہ کو یہ کہتے ہوئے سنا: اے عبداللہ! اگر اللہ تعالیٰ نے آئندہ تمہارے لیے طائف فتح کر دیا تو تم غیلان کی بیٹی کو ضرور حاصل کرنا کیونکہ وہ چار سلوٹوں کے ساتھ آتی ہے اور آٹھ کے ساتھ واپس جاتی ہے (یعنی اس کے جسم پر اتنے بل پڑتے ہیں)۔ راوی کہتے ہیں کہ تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ تمہارے پاس نہ آیا کرے۔ سفیان کہتے ہیں کہ ابن جریج نے یہ کہا کہ اس کا نام ہیت تھا۔

317- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أُمِّهَا أُمِّ سَلَمَةَ: أَنَّ أُمَّ سُلَيْمٍ سَأَلَتْ

حضرت سیدہ زینب بنت ابوسلمٰی رضی اللہ عنہا اپنی والدہ خود سیدہ ام سلمٰی رضی اللہ عنہا سے روایت بیان کرتی ہیں کہ حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ

316- صحیح بخاری' باب تحد المتوفی عنها اربعة اشهر وعشرا' جلد 6' صفحه 209' رقم:5337
صحیح مسلم' باب وجوب الاحداد فی عدة الوفاة' جلد 2' صفحه 317' رقم:1486
السنن الکبری للبیهقی' باب الاحداد' جلد 7' صفحه 437' رقم:15922
المعجم الاوسط للطبرانی' من اسمه محمد' جلد 5' صفحه 210' رقم:5106
المنتقی لابن الجارود' باب العدد' جلد 1' صفحه 192' رقم:765
317- صحیح بخاری' باب "وربائبکم اللاتی فی حجورکم من نسائکم اللاتی دخلتم بهن" جلد 6' صفحه 91' رقم:5106
السنن الکبری للبیهقی' باب یحرم من الرضاع ما یحرم الولادة وان لبن الفحل یحرم' جلد 7' صفحه 453' رقم:18029
السنن النسائی' باب تحریم الجمع بین الاختین' جلد 6' صفحه 54' رقم:3287
مصنف ابن ابی شیبة' باب ما قالوا فی الرضاع یحرم منه یحرم من النسب' جلد 4' صفحه 288' رقم:[illegible]22

رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ، هَلْ عَلَى الْمَرْأَةِ مِنْ غُسْلٍ إِذَا هِيَ احْتَلَمَتْ ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِذَا رَأَتْ إِحْدَاكُنَّ الْمَاءَ فَلْتَغْتَسِلْ . فَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: وَهَلْ تَحْتَلِمُ الْمَرْأَةُ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : تَرِبَتْ يَمِينُكِ، فَبِمَ يَكُونُ الشَّبَهُ؟ .

ﷺ سے یہ مسئلہ پوچھا' عرض کی: یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ حق بات سے حیا نہیں کرتا اگر عورت کو احتلام ہو جائے تو کیا اس پر غسل کرنا ضروری ہوگا؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر کوئی عورت تم میں سے پانی دیکھے تو وہ غسل کرے۔ سیدہ ام سلمٰی رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: کیا عورت کو بھی احتلام ہوتا ہے؟ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارا ہاتھ خاک آلود ہو! پھر (اولاد کی والدین سے) مشابہت کس وجہ سے ہوتی ہے۔

318- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدٍ الثَّوْرِيُّ عَنْ مُوسَى بْنِ أَبِي عَائِشَةَ عَنْ مَوْلًى لِأُمِّ سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ بَعْدَ الصُّبْحِ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَرِزْقًا طَيِّبًا وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا .

حضرت سیدہ ام سلمٰی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ صبح کے بعد یہ دعا پڑھا کرتے: "اے اللہ! میں تجھ سے نفع دینے والے علم، پاکیزہ رزق اور قبول ہونے والے عمل کا سوال کرتا ہوں۔"

319- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت سیدہ ام سلمٰی رضی اللہ عنہا کی اولاد سے ایک

318- صحیح بخاری' باب قصة یاجوج وماجوج' جلد 4' صفحه 209' رقم:3346
صحیح مسلم' باب اقتراب الفتن' جلد 3' صفحه 563' رقم:2880
سنن ابن ماجه' باب ما یکون من الفتن' جلد 2' صفحه 730' رقم:3953
سنن ترمذی' باب ما جاء فی خروج یاجوج وماجوج' جلد 4' صفحه 280' رقم:2187
صحیح ابن حبان' باب ما جاء فی الطاعات وثوابها' جلد 2' صفحه 33' رقم:327
319- صحیح مسلم' باب القدر المستحب من الماء فی غسل الجنابة وغسل الرجل والمرأة فی اناء واحد' جلد 1' صفحه 175' رقم:753
سنن النسائی' باب ذکر القدر الذی یکتفی به الرجل من الماء للغسل' جلد 1' صفحه 127' رقم:228
السنن الکبری للبیهقی' باب لا وقت فیما یتطهر به المتوضیء والمغتسل' جلد 1' صفحه 193' رقم:960
مسند ابی یعلیٰ' مسند عائشه رضی الله عنها' جلد 8' صفحه 37' رقم:4546
مسند ابی عوانة' باب الاوانی التی کان یغتسل عنها رسول الله من الجنابة غسل رأسه' جلد 1' صفحه 247' رقم:846
سنن الدارمی' باب الراجل والمرأة یغتسلان من اناء واحد' جلد 1' صفحه 209' رقم:750
سنن ابن ماجه' باب الرجل والمرأة یغتسلان من اناء واحد' جلد 1' صفحه 133' رقم:376

قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ سَلَمَةُ رَجُلٌ مِّنْ وَلَدِ اُمِّ سَلَمَةَ: اَنَّ الزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ خَاصَمَ رَجُلًا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَضَى النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلزُّبَيْرِ، فَقَالَ الرَّجُلُ: اِنَّمَا قَضٰی لَهٗ لِاَنَّهٗ ابْنُ عَمَّتِهٖ. فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰی يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِیْۤ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا).

آدمی سلمہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کا ایک آدمی کے ساتھ جھگڑا ہوگیا وہ اپنا مقدمہ لے کر رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے تو رسول اللہ ﷺ نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے حق میں فیصلہ دے دیا وہ آدمی کہنے لگا: آپ ﷺ نے ان کے حق میں اس لیے فیصلہ دیا ہے کیونکہ یہ آپ کے پھوپھی زاد ہیں تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''قسم ہے آپ کے رب کی! یہ لوگ اس وقت تک کامل مؤمن نہیں ہوسکتے جب تک آپس کے اختلافی معاملات میں آپ کو اپنا حاکم تسلیم نہ کرلیں اور پھر آپ جو فیصلہ فرمائیں اس کے بارے میں اپنے دل میں کوئی حرج محسوس نہ کریں اور اسے مکمل طور پر تسلیم کریں۔''

320- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ سَلَمَةُ رَجُلٌ مِّنْ وَلَدِ اُمِّ سَلَمَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّهَا قَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَا اَسْمَعُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ ذَكَرَ النِّسَاءَ فِی الْهِجْرَةِ بِشَیْءٍ.

فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّیْ لَا اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰی) الْاٰيَةَ.

حضرت سیدہ ام سلمٰی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں نے یہ نہیں سنا کہ اللہ تعالیٰ نے ہجرت کے بارے عورتوں کا ذکر کیا ہو تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''تو ان کے رب نے ان کی دعا کو قبول کیا کہ میں تم میں سے عمل

السنن الکبریٰ للبیهقی، باب فی فضل الجنب، جلد 1، صفحه 187، رقم: 924
سنن ابوداؤد، باب الوضوء بفضل وضوء المرأة، جلد 1، صفحه 29، رقم: 77
المسند المستخرج علی صحیح الامام مسلم، کتاب الطهارة، جلد 1، صفحه 371، رقم: 725
320- المعجم الکبیر للطبرانی، اُم منبوذ المکیة عن میمونة، جلد 24، صفحه 14، رقم: 20044
مسند أبی یعلیٰ، حدیث میمونة زوج النبی صلی الله علیه وسلم، جلد 12، صفحه 512، رقم: 7081
مسند امام احمد بن حنبل، حدیث میمونة بنت الحرث، جلد 6، صفحه 331، رقم: 26853
مصنف عبد الرزاق، باب ترجیل الحائض، جلد 1، صفحه 325، رقم: 1249
مصنف ابن ابی شیبة، باب فی الرجل ترجله الحائض، جلد 1، صفحه 184، رقم: 2115

کرنے والوں کے کسی عمل کو ضائع نہیں کروں گا چاہے وہ مرد ہو یا عورت۔''

321- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِیُّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّهَا قَالَتْ: كَانَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ اَبِیْ حُبَيْشٍ تُسْتَحَاضُ فَسَاَلَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنَّهٗ لَيْسَ بِالْحَيْضَةِ وَلٰكِنَّهٗ عِرْقٌ. وَاَمَرَهَا اَنْ تَدَعَ الصَّلَاةَ قَدْرَ اَقْرَائِهَا اَوْ قَدْرَ حَيْضَتِهَا ثُمَّ تَغْتَسِلَ، فَاِنْ غَلَبَهَا الدَّمُ اسْتَذْفَرَتْ بِثَوْبٍ وَصَلَّتْ.

حضرت سیدہ ام سلمٰی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ فاطمہ بنت ابوحبیش کو استحاضہ کی بیماری ہوگئی تو میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس بارے سوال کیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: یہ حیض نہیں ہے بلکہ یہ کوئی دوسری رگ ہے۔ اور آپ نے اس عورت کو یہ فرمایا کہ اپنے حیض کے مخصوص دنوں میں وہ نماز ترک کردے پھر غسل کرے پھر اگر وہ خون غالب آجائے تو وہ کپڑے کو مضبوطی سے باندھ کر نماز پڑھ لے۔

322- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهٖ قَالَ: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَزِلَّ اَوْ اَضِلَّ، اَوْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ، اَوْ اَجْهَلَ اَوْ يُجْهَلَ عَلَیَّ.

حضرت سیدہ ام سلمٰی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب گھر سے باہر تشریف لے جاتے تو یہ دعا پڑھا کرتے: ''اے اللہ! میں تجھ سے تیری پناہ مانگتا ہوں کہ میں پھسل جاؤں یا مجھے گمراہ کردیا جائے یا میں ظلم کروں یا مجھ پر ظلم کیا جائے یا میں جہالت کا اظہار کروں یا میرے خلاف جہالت کا اظہار کیا جائے۔''

321- سنن ابوداؤد، باب الصلاة علی الخمرة، جلد 1، صفحه 248، رقم: 656
المنتقی لابن الجارود، باب ما جاء فی المسجد، جلد 1، صفحه 53، رقم: 176
الآداب للبیهقی، باب فی الفرش والوسائد، جلد 1، صفحه 312، رقم: 525
اتحاف الخیره المهرة، باب الصلاة علی الخمر، جلد 2، صفحه 129، رقم: 1185
المعجم الاوسط للطبرانی، من اسمه العباس، جلد 4، صفحه 301، رقم: 4260
322- الاحاد والمثانی، احادیث میمونة بنت الحارث رضی الله عنها، جلد 5، صفحه 433، رقم: 3099
سنن ترمذی، باب ما جاء فی الفأرة تموت فی السمن، جلد 4، صفحه 139، رقم: 1798
المنتقی لابن الجارود، باب ما جاء فی الاطعمة، جلد 1، صفحه 221، رقم: 872
سنن الدارمی، باب الفأرة تقع فی السمن، جلد 1، صفحه 204، رقم: 738
مسند امام احمد بن حنبل، حدیث میمونة بنت الحرث، جلد 6، صفحه 330، رقم: 26846

323- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ عَنْ زَيْنَبَ ابْنَةِ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أُمِّهَا أُمِّ سَلَمَةَ: أَنَّ امْرَأَةً أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ ابْنَتِي مَاتَ عَنْهَا زَوْجُهَا وَإِنَّهَا تَشْتَكِي عَيْنَهَا، أَفَتَكْتَحِلُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ كَانَتْ إِحْدَاكُنَّ لَتَرْمِي بِالْبَعْرَةِ عَلَى رَأْسِ الْحَوْلِ، وَإِنَّمَا هِيَ الْآنَ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا. قَالَ يَحْيَى فَقُلْتُ لِحُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ: مَا قَوْلُهُ: إِنْ كَانَتْ إِحْدَاكُنَّ لَتَرْمِي بِالْبَعْرَةِ عَلَى رَأْسِ الْحَوْلِ؟ فَقَالَ: كَانَتِ الْمَرْأَةُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ تَلْبَسُ مِنْ ثِيَابِهَا أَطْمَارَهَا مِنْ أَدْنَى ثِيَابِهَا، ثُمَّ تَدْخُلُ أَدْنَى بُيُوتِهَا، فَإِذَا كَانَ عِنْدَ رَأْسِ الْحَوْلِ أَخَذَتْ بَعْرَةً فَرَمَتْ بِهَا عَلَى ظَهْرِ غَيْرِهَا كَذَا - وَرُبَّمَا قَالَ أَبُو بَكْرٍ إِلَى خَلْفٍ - وَقَالَتْ: قَدْ حَلَلْتُ.

حضرت سیدہ زینب بنت ابوسلمٰی رضی اللہ عنہا خود سیدہ ام سلمٰی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک عورت رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میری بیٹی کا شوہر انتقال کر گیا ہے اور اس کی آنکھوں میں تکلیف ہے تو کیا وہ سرمہ لگا لے؟ تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: پہلے کوئی عورت ایک سال گزرنے کے بعد مینگنی پھینکتی تھی اب تو (یہ عدت) چار ماہ دس دن ہیں۔ یحییٰ کہتے ہیں کہ میں نے حمید بن نافع سے کہا کہ آپ کی ان الفاظ سے مراد کیا ہے کہ پہلے کوئی عورت ایک سال گزرنے کے بعد ایک مینگنی پھینکتی تھی؟ تو انہوں نے کہا کہ دور جاہلیت میں عورت انتہائی برے کپڑے پہن لیتی تھی پھر وہ گھر کے دور کسی کمرے میں چلی جاتی تھی' ایک سال گزرنے کے بعد وہ مینگنی لے کر اسے اپنی پشت کے پیچھے پھینکتی تھی۔

یہاں امام ابوبکر حمیدی نے کبھی یہ الفاظ کہے ہیں کہ وہ اپنے پیچھے پھینکتی تھی اور یہ کہتی تھی کہ میں حلال ہو گئی ہوں۔

20 - مُسْنَدُ أُمِّ حَبِيبَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مسند زوجہ نبی اکرم ﷺ حضرت سیدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا

324- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت سیدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے روایت

323- مسند الشافعی' الباب الثالث فی شروط الصلاۃ ' صفحہ 211' رقم:188
سنن ابن ماجہ ' باب فی الصلاۃ فی ثوب الحائض' جلد 1' صفحہ 263' رقم:652
صحیح بخاری' باب اذا اصاب ثوب المصلی امراتہ اذا سجد' جلد 1' صفحہ 193' رقم:381
324- صحیح مسلم' باب ما یجمع صفۃ الصلاۃ ' جلد 1' صفحہ 287' رقم:496
معرفۃ السنن والآثار للبیہقی' باب التجافی فی السجود' جلد 3' صفحہ 71' رقم:900
المعجم الکبیر للطبرانی' میمونۃ بنت الحارث زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم' جلد 23' صفحہ 435' رقم:06

قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ أَخْبَرَنِي سَالِمُ بْنُ شَوَّالٍ عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهَا قَالَتْ: كُنَّا نَفْعَلُهُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُغَلِّسُ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ إِلَى مِنًى.

ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے زمانہ مبارک میں صبح اندھیرے میں ہی مزدلفہ سے منیٰ کی طرف روانہ ہو جاتے۔

قَالَ سُفْيَانُ: وَسَالِمُ بْنُ شَوَّالٍ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ، لَمْ نَسْمَعْ أَحَدًا يُحَدِّثُ عَنْهُ إِلَّا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ بِهَذَا الْحَدِيثِ.

سفیان کہتے ہیں کہ سالم بن شوال مکہ کے رہنے والے ہیں' میں نے ایسے کسی شخص کو نہیں سنا جس نے ان سے روایات بیان کی ہوں' سوائے عمرو بن دینار کہ انہوں نے ان سے یہ روایت بیان کی ہے۔

325- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ بْنُ مُوسَى قَالَ أَخْبَرَنِي حُمَيْدُ بْنُ نَافِعٍ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِي سَلَمَةَ قَالَتْ: لَمَّا جَاءَ نَعْيُ أَبِي سُفْيَانَ مِنَ الشَّامِ دَعَتْ أُمُّ حَبِيبَةَ بِصُفْرَةٍ فِي الْيَوْمِ الثَّالِثِ، فَمَسَحَتْ بِهِ عَارِضَيْهَا وَذِرَاعَيْهَا وَقَالَتْ: إِنْ كُنْتُ عَنْ هَذَا لَغَنِيَّةً لَوْلَا أَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ أَنْ تُحِدَّ عَلَى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثٍ إِلَّا عَلَى زَوْجٍ، فَإِنَّهَا تُحِدُّ عَلَيْهِ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا.

حضرت سیدہ زینب بنت ابوسلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ کی وفات کی خبر شام سے آئی تو سیدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے تیسرے دن زرد رنگ منگوایا اور اسے اپنے رخساروں اور کلائیوں پر ملا اور فرمایا کہ مجھے اس کی ضرورت نہیں تھی لیکن میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ''اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھنے والی کسی بھی عورت کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ کسی کے مرنے پر تین دن سے زیادہ سوگ کرے سوائے اپنے شوہر کے' کیونکہ وہ اس پر چار ماہ دس دن سوگ کرے گی۔''

المسند المستخرج علی صحیح الامام مسلم' کتاب الصلاۃ ' جلد 2' صفحہ 105' رقم:1097
325-السنن الصغریٰ' باب الآنیہ ' جلد 1' صفحہ 68' رقم:182
المعجم الکبیر للطبرانی' احادیث میمونۃ بنت الحارث زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم' جلد 23' صفحہ 427' رقم:19989
صحیح مسلم' باب طہارۃ جلود المیتۃ الدباغ' جلد 1' صفحہ 276' رقم:363
مسند امام احمد بن حنبل' حدیث میمونۃ بنت الحرث' جلد 6' صفحہ 329' رقم:26838
مصنف ابن ابی شیبۃ ' باب فی الفرأ من جلود المیتۃ اذا دبغت' جلد 5' صفحہ 162' رقم:24773

فَقِيلَ لِسُفْيَانَ: فَإِنَّ مَالِكًا يَقُولُ فِيهِ: عَنْ حُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ عَنْ زَيْنَبَ ابْنَةِ جَحْشٍ وَعَنْ صَفِيَّةَ وَأُمِّ حَبِيبَةَ.

سفیان سے یہ کہا گیا کہ امام مالک نے اس روایت کے بارے میں یہ کہا ہے کہ یہ از حمید بن نافع از سیدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا یا از سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا یا از سیدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا روایت کی گئی ہے۔

فَقَالَ سُفْيَانُ: مَا قَالَ لَنَا أَيُّوبُ بْنُ مُوسَى إِلَّا أُمَّ حَبِيبَةَ.

تو سفیان نے کہا: ایوب بن موسیٰ نے ہم سے یہ روایت بیان کرتے ہوئے صرف سیدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کا ذکر کیا ہے۔

326- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهَا قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ هَلْ لَكَ فِي دُرَّةَ بِنْتِ أَبِي سُفْيَانَ؟ قَالَ: فَأَفْعَلُ مَاذَا؟ . قَالَتْ قُلْتُ: تَنْكِحُهَا. قَالَ: أَوَتُحِبِّينَ ذَلِكَ؟ . قُلْتُ: لَسْتُ لَكَ بِمُخْلِيَةٍ، وَأَحَبُّ مَنْ يَشْرَكُنِي فِيكَ أُخْتِي قَالَ: فَإِنَّهَا لَا تَحِلُّ لِي. قُلْتُ: فَإِنَّهُ قَدْ بَلَغَنِي أَنَّكَ تَخْطُبُ زَيْنَبَ بِنْتَ أَبِي سَلَمَةَ. فَقَالَ: ابْنَةُ أُمِّ سَلَمَةَ . قُلْتُ: نَعَمْ. قَالَ: فَوَاللَّهِ لَوْ لَمْ تَكُنْ رَبِيبَتِي فِي حَجْرِي مَا حَلَّتْ لِي، لَقَدْ أَرْضَعَتْنِي وَأَبَاهَا ثُوَيْبَةُ، فَلَا تَعْرِضْنَ عَلَيَّ بَنَاتِكُنَّ وَلَا أَخَوَاتِكُنَّ.

حضرت سیدہ زینب بنت ابو سلمہ رضی اللہ عنہا سیدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا زوجۂ نبی اکرم ﷺ سے روایت بیان کرتی ہیں کہ انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا آپ کو ابوسفیان کی صاحبزادی درہ میں دلچسپی ہے؟ تو آپ نے فرمایا: میں کیا کروں؟ آپ فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: آپ اس کے ساتھ شادی کرلیں! آپ نے فرمایا: کیا تمہیں یہ بات پسند ہے؟ میں نے عرض کی: میں آپ کی کوئی اکلوتی بیوی تو نہیں ہوں میں یہ چاہتی ہوں کہ میری بہن بھی میری شراکت دار ہو جائے۔ آپ نے فرمایا: وہ میرے لیے حلال نہیں ہے! میں نے عرض کی: مجھے تو یہ پتہ چلا ہے کہ آپ نے زینب بنت ابوسلمہ کے لیے نکاح کا پیغام بھیجنے والے ہیں۔ فرمایا: ام سلمہ کی بیٹی کے لیے؟ میں نے عرض کی: ہاں! فرمایا: اللہ کی قسم! اگر وہ میری سوتیلی بیٹی نہ ہوتی تو بھی میرے لیے حلال نہ ہوتی کیونکہ مجھے اور اس کے والد کو ثویبہ نے دودھ پلایا ہے تو تم اپنی بیٹیوں یا بہنوں کو مجھ پر پیش نہ کرو۔

326- صحیح بخاری، باب مسح الید بالتراب، جلد 1، صفحہ 99، رقم: 260

السنن الکبریٰ للبیهقی، باب دلك الید بالارض بعده وغسلها، جلد 1، صفحہ 173، رقم: 849

المعجم الکبیر للطبرانی، احادیث میمونة بنت الحارث زوج النبی، جلد 23، صفحہ 424، رقم: 19978

جامع الاصول لابن اثیر، النوع الاوّل فی کیفیة الغسل، جلد 7، صفحہ 287، رقم: 5321

21 - مُسْنَدُ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ الْأَسَدِيَّةِ

مسند سیدہ زینب بنت جحش الاسدیہ رضی اللہ عنہا

327- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ لَا نَحْتَاجُ فِيهِ إِلَى أَحَدٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ حَبِيبَةَ بِنْتِ أُمِّ حَبِيبَةَ عَنْ أُمِّهَا أُمِّ حَبِيبَةَ عَنْ زَيْنَبَ ابْنَةِ جَحْشٍ قَالَتِ: اسْتَيْقَظَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ نَوْمٍ وَهُوَ مُحْمَرٌّ وَجْهُهُ وَهُوَ يَقُولُ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ، فُتِحَ الْيَوْمَ مِنْ رَدْمِ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ مِثْلُ هَذِهِ . وَعَقَدَ سُفْيَانُ عَشَرَةً . قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَنَهْلِكُ وَفِينَا الصَّالِحُونَ؟ قَالَ: نَعَمْ، إِذَا كَثُرَ الْخَبَثُ . قَالَ سُفْيَانُ: أَحْفَظُ فِي هَذَا الْحَدِيثِ أَرْبَعَ نِسْوَةٍ مِنَ الزُّهْرِيِّ وَقَدْ رَأَيْنَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثِنْتَيْنِ مِنْ أَزْوَاجِهِ: أُمَّ حَبِيبَةَ وَزَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ، وَثِنْتَيْنِ رَبِيبَتَيْهِ: زَيْنَبَ بِنْتَ أُمِّ سَلَمَةَ وَحَبِيبَةَ بِنْتَ أُمِّ حَبِيبَةَ، أَبُوهَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ جَحْشٍ مَاتَ بِأَرْضِ الْحَبَشَةِ.

حضرت سیدہ زینب بنت ابو سلمہ رضی اللہ عنہا، سیدہ حبیبہ بنت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا از والدہ خود سیدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا از سیدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے روایت کرتی ہیں کہ ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ نیند سے بیدار ہوئے تو آپ کا چہرہ مبارک سرخ تھا اور آپ یہ فرما رہے تھے: "اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے، اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے، عربوں کے لیے اس شر میں بربادی ہے جو قریب آچکا ہے آج یاجوج ماجوج کی رکاوٹ کا اتنا حصہ کھل گیا ہے۔" سفیان نے دس کا نشان بنا کر یہ بات بتائی۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم ہلاک ہو جائیں گے جب کہ ہم میں نیک لوگ بھی موجود ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: ہاں! جب برائی زیادہ ہو جائے گی۔ سفیان کہتے ہیں کہ میری یاداشت کے مطابق اس روایت میں چار عورتوں کا ذکر ہے اور یہ سب وہ ہیں جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کی زیارت کی ہے؛ ان میں سے دو آپ کی

327- الاحاد والمثانی، احادیث ام عطیة واسمها نسیبة، جلد 6، صفحہ 113، رقم: 3332

السنن الکبریٰ للبیهقی، باب لا تحرم علی آل محمد، جلد 7، صفحہ 32، رقم: 13629

صحیح ابن حبان، کتاب الهبة، جلد 11، صفحہ 520، رقم: 5119

صحیح البخاری، باب اذا تحولت الصدقة، جلد 2، صفحہ 543، رقم: 1423

صحیح مسلم، باب اباحة الهدیة للنبی صلی اللہ علیه وسلم، جلد 3، صفحہ 120، رقم: 2539

ازواج ہیں' سیدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا اور سیدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا اور دو آپ کی سوتیلی بیٹیاں ہیں جو سیدہ زینب بنت ام سلمہ رضی اللہ عنہا اور سیدہ حبیبہ بنت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا' ان کے والد کا نام عبید اللہ بن جحش رضی اللہ عنہ تھا جن کا وصال حبشہ میں ہوا تھا۔

22 - مُسْنَدُ مَيْمُونَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مسند زوجۂ نبی اکرم ﷺ حضرت میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنہا

328- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ اَخْبَرَنِي اَبُو الشَّعْثَاءِ: جَابِرُ بْنُ زَيْدٍ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ اَخْبَرَتْنِي مَيْمُونَةُ: اَنَّهَا كَانَتْ تَغْتَسِلُ هِيَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِنَاءٍ وَاحِدٍ. ثُمَّ قَالَ سُفْيَانُ: هٰذَا الْاِسْنَادُ كَانَ يُعْجِبُ شُعْبَةَ، سَمِعْتُ اَخْبَرَنِي سَمِعْتُ اَخْبَرَنِي، كَاَنَّهُ اشْتَهٰى تَوْصِيلَهُ.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے مجھے یہ بات بتائی کہ وہ اور رسول اللہ ﷺ ایک ہی برتن میں غسل کیا کرتے تھے۔ سفیان نے یہ بیان کیا کہ اس سند کو شعبہ بہت پسند کرتے تھے۔ ''میں نے سنا انہوں نے مجھے خبر دی کہ میں نے سنا انہوں نے مجھے خبر دی۔'' گویا کہ وہ اس روایت موصول ہونے کی تمنا رکھتے تھے۔

329- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي مَنْبُوذٌ الْمَكِّيُّ عَنْ اُمِّهِ قَالَتْ: كُنَّا عِنْدَ

حضرت منبوذ مکی اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں کہ ہم لوگ سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے پاس تھے کہ

328- سنن الکبرٰی للبیهقی' باب صدقة النافلة علی المشرك' جلد 4' صفحه 191' رقم:7633
الادب المفرد للبخاری' باب بر الوالد المشرك' جلد 1' صفحه 23' رقم:25
مسند امام احمد بن حنبل' حدیث اسما بنت ابی بکر الصدیق' جلد 6' صفحه 344' رقم:26958
مسند الشافعی' کتاب الادب' جلد 1' صفحه 100' رقم:469
سنن سعید بن منصور' باب جامع الشهادة ' جلد 2' صفحه 14' رقم:2730
329- صحیح بخاری' باب المتشبع بما لم ینل' جلد 6' صفحه 123' رقم:5219
سنن الکبرٰی للبیهقی' باب المتشبع بما لم ینل وما ینهی عنه ' جلد 7' صفحه 307' رقم:15191
المعجم الاوسط للطبرانی' من اسمه معاذ' جلد 8' صفحه 247' رقم:8537
سنن ابوداؤد' باب فی المتشبع بما لم یعط' جلد 4' صفحه 457' رقم:4999
صحیح ابن حبان' باب الکذب' جلد 13' صفحه 49' رقم:5739

مَيْمُونَةَ فَدَخَلَ عَلَيْهَا ابْنُ عَبَّاسٍ فَقَالَتْ: اَيْ بُنَيَّ مَا لِي اَرَاكَ شَعِثًا رَاْسُكَ؟ قَالَ: اِنَّ مُرَجِّلَتِي اُمَّ عَمَّارٍ حَائِضٌ، فَقَالَتْ: اَيْ بُنَيَّ وَاَيْنَ الْحَيْضَةُ مِنَ الْيَدَيْنِ؟ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَضَعُ رَاْسَهُ فِي حَجْرِ اِحْدَانَا وَهِيَ حَائِضٌ، ثُمَّ يَتْلُو الْقُرْاٰنَ، وَاِنْ كَانَتْ اِحْدَانَا لَتَقُومُ اِلَيْهِ بِخُمْرَتِهِ فَتَبْسُطُهَا لَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَيُصَلِّي عَلَيْهَا، اَيْ بُنَيَّ فَاَيْنَ الْحَيْضَةُ مِنَ الْيَدِ؟

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما ان کے پاس تشریف لائے' سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے میرے بیٹے! کیا وجہ ہے کہ تمہارے بال بکھرے ہوئے ہیں' تو انہوں نے عرض کی: میرے بال سنوارنے والی ام عمار حالتِ حیض میں ہے' تو آپ (رضی اللہ عنہا) نے فرمایا: اے میرے بیٹے! حیض ہاتھوں میں کہاں سے آ گیا۔ رسول اللہ ﷺ اپنا سر مبارک ہم میں سے کسی ایک کی گود میں رکھ دیتے تھے اور وہ اس وقت حالتِ حیض میں ہوتی پھر آپ قرآن کی تلاوت کر لیتے تھے اور ہم میں سے ایک اپنی چادر لے کر رسول اللہ ﷺ کے لیے بچھا دیتی جبکہ وہ اس وقت حالتِ حیض میں ہوتی اور رسول اللہ ﷺ اس چادر پر نماز پڑھ لیتے' اے میرے بیٹے! حیض ہاتھ میں کہاں سے آ گیا۔

330- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو اِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ اَوْ يَزِيدَ بْنِ الْاَصَمِّ سُفْيَانُ الَّذِي يَشُكُّ عَنْ مَيْمُونَةَ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي عَلَى الْخُمْرَةِ.

حضرت سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ بڑی چادر پر نماز پڑھا کرتے تھے۔

331- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' سیدہ میمونہ

330- سنن نسائی' باب دم الحیض یصیب الثوب' جلد 1' صفحه 154' رقم:292
سنن الدارمی' باب فی دم الحیض یصیب الثوب' جلد 1' صفحه 218' رقم:772
السنن الکبرٰی للبیهقی' باب ازالة النجاسات بالماء' جلد 1' صفحه 13' رقم:37
سنن ابوداؤد' باب الاعادة من النجاسة تکون فی الثوب' جلد 1' صفحه 149' رقم:388
سنن ابن ماجه' باب فی ما جاء فی دم الحیض یصیب الثوب' جلد 1' صفحه 206' رقم:628
331- صحیح ابن حبان' کتاب الزینة والتطیب' جلد 12' صفحه 323' رقم:5514
سنن ترمذی' باب مواصلة الشعر' جلد 4' صفحه 236' رقم:1759
الآدابُ للبیهقی' باب ما لا یجوز للمراة ان تتزین به ' جلد 1' صفحه 334' رقم:556

قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهٗ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يُحَدِّثُ عَنْ مَيْمُوْنَةَ اَنَّ فَارَةً وَقَعَتْ فِيْ سَمْنٍ فَمَاتَتْ، فَسُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهَا فَقَالَ: اَلْقُوْهَا وَمَا حَوْلَهَا وَكُلُوْهُ.

رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ ایک چوہا گر کر مرگیا تو رسول اللہ ﷺ سے اس کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: اسے اور اس کے آس پاس والے گھی کو پھینک دو اور اسے (باقی) کو کھالو۔

قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ فَقِيْلَ لِسُفْيَانَ: فَاِنَّ مَعْمَرًا يُحَدِّثُهٗ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ . قَالَ سُفْيَانُ: مَا سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يُحَدِّثُهٗ اِلَّا عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ مَيْمُوْنَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَقَدْ سَمِعْتُهٗ مِنْهُ مِرَارًا.

امام حمیدی بیان کرتے ہیں کہ سفیان سے یہ کہا گیا کہ معمر نے یہ روایت از زہری از سعید از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بیان کی ہے۔ تو سفیان نے کہا: میں نے تو زہری کو یہی بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ یہ روایت عبید اللہ نے از حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما از سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بیان کی ہے اور یہ روایت میں نے ان سے کئی مرتبہ سنی ہے۔

332- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادِ بْنِ الْهَادِ عَنْ مَيْمُوْنَةَ قَالَتْ: صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ثَوْبٍ مِرْطٍ، كَانَ بَعْضُهٗ عَلَيْهِ وَبَعْضُهٗ عَلَيَّ وَاَنَا حَائِضٌ.

حضرت سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک اونی چادر اوڑھ کر نماز پڑھی جس کا کچھ حصہ آپ پر تھا اور کچھ حصہ مجھ پر تھا حالانکہ میں اس وقت حالتِ حیض میں تھی۔

333- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ

المعجم الاوسط للطبرانی' من اسمه مطلب' جلد 8' صفحه 299' رقم:8693
سنن ابن ماجه' باب الواصلة والواشمة' جلد 1' صفحه 639' رقم:1988
332- صحیح بخاری' باب لحوم الخیل' جلد 6' صفحه 311' رقم:5519
السنن الصغری للبیهقی' باب تحریم لحوم الحمر الاهلیة' جلد 3' صفحه 194' رقم:4250
صحیح ابن حبان' باب ما یجوز أکله وما لا یجوز' جلد 12' صفحه 77' رقم:5271
صحیح مسلم' باب فی اکل لحوم الخیل' جلد 6' صفحه 66' رقم:5137
مسند الشافعی' کتاب الصید والذبائح' جلد 1' صفحه 380' رقم:600
333- مسند ابی یعلیٰ' مسند ابی بکر الصدیق رضی الله عنه' جلد 1' صفحه 53' رقم:53
المستدرك للحاکم' تفسیر سورة بنی اسرائیل' جلد 3' صفحه 208' رقم:3376

قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ سُلَيْمَانَ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ اَخِيْ يَزِيْدَ بْنِ الْاَصَمِّ - الْاَكْبَرُ مِنْهُمَا - عَنْ عَمِّهٖ يَزِيْدَ بْنِ الْاَصَمِّ عَنْ مَيْمُوْنَةَ اَنَّهَا قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَجَدَ لَوْ اَرَادَتْ بَهْمَةٌ اَنْ تَمُرَّ مِنْ تَحْتِهٖ لَمَرَّتْ مِمَّا يُجَافِيْ.

رسول اللہ ﷺ سجدے میں جاتے تو اگر بکری کا کوئی بچہ آپ کے نیچے سے گزرنا چاہتا تو وہ گزر سکتا تھا۔

334- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ مَيْمُوْنَةَ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِشَاةٍ لِمَوْلَاةٍ قَدْ اُعْطِيَتْهَا مِنَ الصَّدَقَةِ مَيْتَةٍ فَقَالَ: مَا عَلٰى اَهْلِ هٰذِهٖ لَوْ اَخَذُوْا اِهَابَهَا فَدَبَغُوْهُ فَانْتَفَعُوْا بِهٖ؟ . فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهَا مَيْتَةٌ، فَقَالَ: اِنَّمَا حَرُمَ اَكْلُهَا .

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا سے روایت بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ کا گزر سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کی کنیز کی بکری کے پاس سے ہوا جو مری ہوئی تھی اور وہ اس کنیز کو صدقے میں دی گئی تھی۔ تو آپ نے فرمایا: اس کے مالک کو کوئی نقصان نہیں ہوگا اگر وہ اس کی کھال کو لے کر اس کی دباغت (اس کے چمڑے کو رنگا جائے) کر کے استعمال کرلے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ تو مردہ ہے؟ تو آپ نے فرمایا: اس کا کھانا حرام ہے۔

فَقِيْلَ لِسُفْيَانَ: فَاِنَّ مَعْمَرًا لَا يَقُوْلُ فِيْهِ: فَدَبَغُوْهُ. وَيَقُوْلُ: كَانَ الزُّهْرِيُّ يُنْكِرُ الدِّبَاغَ.

سفیان سے یہ کہا گیا ہے کہ معمر اس روایت کو بیان کرتے ہوئے یہ الفاظ استعمال نہیں لاتے: ''اس کی دباغت کرلیں۔'' وہ یہ کہتے کہ زہری دباغت کے الفاظ کا انکار کرتے تھے۔

فَقَالَ سُفْيَانُ: لٰكِنِّيْ قَدْ حَفِظْتُهٗ، وَاِنَّمَا اَرَدْنَا

تو سفیان نے کہا: میں نے تو اسے اسی طرح یاد رکھا

اتحاف الخیره المهرة' سورة تبت یدا' جلد 6' صفحه 308' رقم:5909
المطالب العالیه للعسقلانی' باب سورة تبت' جلد 11' صفحه 37' رقم:3885
334- مسند ابی یعلیٰ' مسند ابی بکر الصدیق رضی الله عنه' جلد 1' صفحه 52' رقم:52
المطالب العالیه للعسقلانی' باب ما آذی المشرکون به النبی صلی الله علیه وسلم' جلد 12' صفحه 155' رقم:4342
مجمع الزوائد للهیثمی' باب تبلیغ النبی صلی الله علیه وسلم ما ارسل به وصبره علی ذلك' جلد 6' صفحه 11' رقم:9814
اتحاف الخیره المهرة' باب فی ما صبر علیه النبی صلی الله علیه وسلم فی الله' جلد 7' صفحه 18' رقم:6347

مِنهُ هٰذِهِ الْكَلِمَةَ الَّتِي لَمْ يَقُلْهَا غَيْرُهُ: إِنَّمَا حَرُمَ أَكْلُهَا۔

ہے اور ہم اس روایت کے ان الفاظ کو بطور خاص توجہ کا مرکز بناتے ہیں جو ان کے علاوہ اور کسی نے روایت نہیں کیے کہ ''اسے کھانا حرام ہے۔''

وَكَانَ سُفْيَانُ رُبَّمَا لَمْ يَذْكُرْ فِيهِ مَيْمُونَةَ، فَإِذَا وُقِّفَ عَلَيْهِ قَالَ: فِيهِ مَيْمُونَةُ۔

سفیان بعض اوقات اس میں سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کا ذکر نہیں کرتے' جب انہیں اس پر متنبہ کیا گیا تو انہوں نے کہا: اس میں سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کا ذکر ہے۔

335- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ مَيْمُونَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْتَسَلَ مِنَ الْجَنَابَةِ فَغَسَلَ فَرْجَهُ بِيَدِهِ، ثُمَّ دَلَكَ بِهَا الْحَائِطَ، ثُمَّ غَسَلَهَا، ثُمَّ تَوَضَّأَ وُضُوءَهُ لِلصَّلَاةِ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ غُسْلِهِ غَسَلَ رِجْلَيْهِ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا سے روایت بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے غسل جنابت کرتے ہوئے اپنے دست مبارک کے ساتھ اپنی شرمگاہ کو دھویا' پھر آپ نے اپنا ہاتھ دیوار پر ملا پھر آپ نے اسے دھویا پھر آپ نے نماز کے وضو کی طرح وضو کیا جب آپ غسل سے فارغ ہو گئے تو اپنے دونوں پاؤں دھوئے۔

23 - مُسْنَدُ جُوَيْرِيَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ

مسند سیدہ جویریہ بنت حارث رضی اللہ عنہا

336- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ بْنُ السَّبَّاقِ أَنَّهُ

حضرت عبید بن سباق سے روایت ہے کہ انہوں نے سیدہ جویریہ بنت حارث رضی اللہ عنہا کو یہ بیان کرتے

335- صحيح بخارى' باب التحريض على الصدقة والشفاعة فيها' جلد 2' صفحه 211' رقم:1433
المعجم الكبير للطبرانى' احاديث اسماء بنت ابى بكر الصديق' جلد 24' صفحه 93' رقم:20268
جامع الاحاديث للسيوطى' الهمزة مع العين' جلد 5' صفحه 64' رقم:3745
اطراف المسند المعتلى' من مسند اسماء بنت أبى بكر' جلد 8' صفحه 372' رقم:11256
336- التاريخ الكبير للبخارى' من اسمه يعلى بن حرملة التيمى' جلد 4' صفحه 167' رقم:3542
المستدرك للحاكم' كتاب الفتن والملاحم' جلد 4' صفحه 571' رقم:8602
اتحاف الخيره المهرة ' باب فى ثقيف وبنى حنيفة' جلد 8' صفحه 20' رقم:7520
المعجم الكبير للطبرانى' أسما بنت أبى بكر الصديق رضى الله عنها' جلد 24' صفحه 101' رقم:20293
جامع الاحاديث للسيوطى' حرف السين' جلد 13' صفحه 316' رقم:13201

سَمِعَ جُوَيْرِيَةَ بِنْتَ الْحَارِثِ تَقُولُ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فَقَالَ: هَلْ مِنْ طَعَامٍ؟ فَقُلْتُ: لَا، إِلَّا عَظْمٌ قَدْ أُعْطِيَتْهُ مَوْلَاةٌ لَنَا مِنَ الصَّدَقَةِ۔ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَرِّبِيهِ فَقَدْ بَلَغَتْ مَحِلَّهَا۔

ہوئے سنا کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے' آپ نے پوچھا: کیا کھانے کے لیے کچھ ہے؟ عرض کی: نہیں! صرف ایک ہڈی ہے جو ہماری لونڈی کو صدقہ کی گئی ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: وہی لے آؤ کیونکہ وہ اپنی جگہ تک پہنچ گیا ہے۔

قَالَ أَبُو بَكْرٍ: يَعْنِي لَيْسَ هِيَ الْآنَ صَدَقَةً۔

امام حمیدی بیان کرتے ہیں کہ یعنی اب وہ صدقہ نہیں رہی۔

24 - مُسْنَدُ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ

مسند سیدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما

337- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَاهُ يَقُولُ أَخْبَرَتْنِي أَسْمَاءُ ابْنَةُ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ قَالَتْ: أَتَتْنِي أُمِّي رَاغِبَةً فِي عَهْدِ قُرَيْشٍ، فَسَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَصِلُهَا؟ قَالَ: نَعَمْ۔ قَالَ سُفْيَانُ: وَفِيهَا نَزَلَتْ (لَا يَنْهَاكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِينَ لَمْ يُقَاتِلُوكُمْ) الْآيَةَ۔

حضرت سیدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ دور قریش میں میری والدہ میرے پاس تشریف لائیں' میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا: کیا میں ان کے ساتھ اچھا سلوک کروں؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہاں! سفیان کہتے ہیں کہ اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی: ''اللہ تعالیٰ تمہیں ان لوگوں سے منع نہیں کرتا جو تمہارے ساتھ جنگ نہیں کرتے ہیں۔''

338- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ أَنَّهُ سَمِعَ امْرَأَتَهُ الْفَاطِمَةَ

حضرت سیدہ فاطمہ بنت منذر رضی اللہ عنہا اپنی دادی سیدہ اسماء رضی اللہ عنہا سے روایت کرتی ہیں کہ

337-المعجم الكبير للطبرانى' احاديث اسماء بنت ابى بكر الصديق رضى الله عنها' جلد 24' صفحه 98' رقم:20283
سنن الكبرىٰ للبيهقى' باب ظهور العورة من اسفل الازار عند السجود' جلد 2' صفحه 241' رقم:4221
338- اتحاف الخيره المهرة' باب فى الصدقة على الرحم' جلد 3' صفحه 42' رقم:2139
الاحاد والمثانى' احاديث ام كلثوم بنت عقبة رضى الله عنها' جلد 5' صفحه 477' رقم:3173
المعجم الاوسط للطبرانى' من اسمه بكر' جلد 3' صفحه 319' رقم:3279
سنن الدارمى' باب الصدقة على القرابة' جلد 1' صفحه 487' رقم:1679
صحيح ابن خزيمه' باب فضل الصدقة على ذى الرحم' جلد 4' صفحه 78' رقم:2386

بِنْتَ الْمُنْذِرِ تُحَدِّثُ عَنْ جَدَّتِهَا اَسْمَاءَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلْمُتَشَبِّعُ بِمَا لَمْ يَنَلْ كَلَابِسِ ثَوْبَىْ زُوْرٍ ۔

رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا: ''جو آدمی اپنے پاس کچھ بھی نہ رکھتا ہو لیکن دوسروں پر بہت کچھ ہونا ظاہر کرے تو وہ ایسا ہے جیسے اُس نے جھوٹ کے دو کپڑے پہن رکھے ہیں۔''

339- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرٌ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ اَنَّهُ سَمِعَ امْرَاَتَهُ الْفَاطِمَةَ بِنْتَ الْمُنْذِرِ تُحَدِّثُ اَنَّهَا سَمِعَتْ اَسْمَاءَ ابْنَةَ اَبِىْ بَكْرٍ تَقُوْلُ: اِنَّ امْرَاَةً سَاَلَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ دَمِ الْحَيْضِ يُصِيْبُ الثَّوْبَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : حُتِّيهِ ثُمَّ اقْرُصِيهِ بِالْمَاءِ، ثُمَّ رُشِّيهِ بِالْمَاءِ وَصَلِّىْ فِيْهِ ۔

حضرت سیدہ فاطمہ بنت منذر رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے سیدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا کہ ایک عورت نے رسول اللہ ﷺ سے حیض کے خون کے بارے میں سوال کیا جو کپڑے پر لگتا ہے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم اسے کھرچ دو اور پھر پانی کے ساتھ اسے دھو دو پھر اس پر پانی چھڑکو اور اس سے نماز پڑھ لو۔

340- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ اَنَّهُ سَمِعَ فَاطِمَةَ بِنْتَ الْمُنْذِرِ تَقُوْلُ سَمِعْتُ اَسْمَاءَ تَقُوْلُ: سَاَلَتِ امْرَاَةٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ ابْنَتِى اَصَابَتْهَا الْحَصْبَةُ فَاَمَّرَقَ شَعْرُهَا، وَاِنِّى زَوَّجْتُهَا اَفَاَصِلُ فِيْهِ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاصِلَةَ وَالْمَوْصُولَةَ ۔

حضرت سیدہ اسماء رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک عورت نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا: یا رسول اللہ! میری بیٹی کو بخار ہوا جس کی وجہ سے اس کے بال گر گئے' میں نے اس کی شادی کرنی ہے تو کیا میں اس کے مصنوعی بال لگوا دوں (یعنی وِگ)؟ تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مصنوعی بال لگانے والی اور جس کے لگائے جائیں اس پر لعنت فرمائی ہے۔

339- صحیح بخاری' باب لیس الکاذب الذی یصلح بین الناس' جلد 3' صفحہ 309' رقم:2692

صحیح مسلم' باب تحریم الکذب وبیان المباح منہ' جلد 3' صفحہ 351' رقم:2605

340- الآداب للبیہقی' باب الاستغسال للعین' جلد 1' صفحہ 431' رقم:707

المعجم الکبیر للطبرانی' احادیث اسماء بنت عمیس' جلد 24' صفحہ 143' رقم:20400

سنن ابن ماجہ' باب العین' جلد 6' صفحہ 716' رقم:3510

صحیح ابن حبان' کتاب الرقی والتمائم' جلد 13' صفحہ 473' رقم:6107

صحیح مسلم' باب الطب والمرض والرقی' جلد 7' صفحہ 13' رقم:5831

341- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ عَنْ جَدَّتِهَا اَسْمَاءَ قَالَتْ: نَحَرْنَا فَرَسًا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَكَلْنَاهُ۔

حضرت سیدہ اسماء رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ مبارک میں ہم نے ایک گھوڑا ذبح کیا پس ہم نے اسے کھالیا۔

342- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ كَثِيْرٍ عَنِ ابْنِ تَدْرُسَ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِىْ بَكْرٍ قَالَتْ: لَمَّا نَزَلَتْ (تَبَّتْ يَدَا اَبِىْ لَهَبٍ) اَقْبَلَتِ الْعَوْرَاءُ اُمُّ جَمِيلٍ ابْنَةُ حَرْبٍ وَلَهَا وَلْوَلَةٌ وَّفِى يَدِهَا فِهْرٌ وَّهِىَ تَقُوْلُ: مُذَمَّمٌ اَبَيْنَا، وَدِيْنُهُ قَلَيْنَا، وَاَمْرُهُ عَصَيْنَا ۔ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فِى الْمَسْجِدِ، ثُمَّ قَرَاَ قُرْاٰنًا وَمَعَهُ اَبُوْ بَكْرٍ، فَلَمَّا رَآهَا اَبُوْ بَكْرٍ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ اَقْبَلَتْ وَاَنَا اَخَافُ اَنْ تَرَاكَ ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِنَّهَا لَنْ تَرَانِىْ ۔ وَقَرَاَ قُرْاٰنًا اعْتَصَمَ بِهٖ كَمَا قَالَ وَقَرَاَ (وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا) فَاَقْبَلَتْ حَتّٰى وَقَفَتْ عَلٰى اَبِىْ بَكْرٍ، وَلَمْ تَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: يَا اَبَا بَكْرٍ اِنِّى اُخْبِرْتُ اَنَّ صَاحِبَكَ هَجَانِىْ ۔ فَقَالَ: لَا، وَرَبِّ هٰذَا الْبَيْتِ مَا هَجَاكِ۔ قَالَ: فَوَلَّتْ وَهِىَ تَقُوْلُ: قَدْ عَلِمَتْ قُرَيْشٌ اَنِّى بِنْتُ سَيِّدِهَا قَالَ فَقَالَ الْوَلِيدُ فِىْ حَدِيْثِهٖ اَوْ قَالَ غَيْرُهُ: فَعَثَرَتْ اُمُّ جَمِيلٍ وَهِىَ تَطُوفُ

حضرت سیدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: ''ابولہب کے دونوں ہاتھ برباد ہو جائیں۔'' تو ام جمیل بنت حرب بڑے غصے میں آئی اس نے ہاتھ میں مٹھی بھر کنکریاں تھیں اور یہ کہہ رہی تھی: ''وہ قابل مذمت ہیں جس کا ہم نے انکار کر دیا ہے اور جس کے دین کو ہم نے چھوڑ دیا ہے اور اس کے معاملے کی ہم نے نافرمانی کی ہے۔'' رسول اللہ ﷺ اس وقت مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ نے قرآن کی تلاوت کی' آپ کے ساتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی تھے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جب اس عورت کو دیکھا تو انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! یہ عورت آ رہی ہے' مجھے یہ ڈر ہے کہ یہ آپ کو دیکھ لے گی۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکے گی' پھر آپ قرآن پڑھنے لگے اور آپ اس کے ذریعے مضبوطی حاصل کر رہے تھے' جس طرح آپ نے یہ بات کہی اور یہ آیت پڑھی: ''اور جب تم قرآن پڑھو تو ہم تمہارے اور ان لوگوں کے درمیان جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ہیں ایک مستور پردہ ڈال دیں گے۔'' پس وہ عورت آئی حتیٰ

341- مسند امام احمد بن حنبل' حدیث ام ھانی بنت ابی طالب' جلد 6' صفحہ 341' رقم:26936

342- المعجم الکبیر للطبرانی' احادیث فاختۃ ام ھانی بنت ابی طالب' جلد 24' صفحہ 417' رقم:21035

مصنف عبد الرزاق' باب صلاۃ الضحی' جلد 3' صفحہ 76' رقم:4861

معرفۃ الصحابۃ لابی نعیم' من اسمہ فاختۃ بنت أبی طالب' جلد 23' صفحہ 427' رقم:7159

کنز العمال للھندی' باب صلاۃ الضحی' جلد 8' صفحہ 665' رقم:23457

بِالْبَيْتِ فِيْ مِرْطِهَا فَقَالَتْ: تَعِسَ مُذَمَّمٌ. فَقَالَتْ أُمُّ حَكِيمٍ ابْنَةُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ: اِنِّى لَحَصَانٌ فَمَا أُكَلَّمُ، وَثَقَافٌ فَمَا أُعَلَّمُ وَكِلْتَانَا مِنْ بَنِى الْعَمِّ قُرَيْشٌ بَعْدُ أَعْلَمُ.

کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آ کر ٹھہر گئی رسول اللہ ﷺ نظر نہیں آئے وہ بولی: اے ابوبکر پتہ چلا ہے تمہارے صاحب نے میری ہجو بیان کی تو انہوں نے کہا: نہیں! اس ذات کے رب کی قسم! انہوں نے تیری ہجو بیان نہیں کی ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ تو وہ عورت یہ کہتی ہوئی مڑ گئی کہ قریش یہ بات جانتے ہیں کہ میں ان کے سردار کی بیٹی ہوں یہاں ولید نے اپنی روایت میں یہ الفاظ بیان کیے ہیں شائد دوسرے کسی راوی نے بیان کیے ہیں: ”ام جمیل غصے میں تھی وہ اپنی چادر اوڑھ کر بیت اللہ کا طواف کر رہی تھی‘ اس نے یہ کہا: وہ شخص برباد ہو جائے جس کی مذمت کی گئی ہے“ تو حضرت اُم حکیم بنت عبدالمطلب نے کہا: ”میں پاکدامن ہوں مجھ پر الزام نہیں لگایا جا سکتا۔ میں سمجھدار ہوں مجھے تعلیم نہیں دی جا سکتی ہم دونوں چچا زاد بہنیں ہیں اور قریش اس بات کو بخوبی جانتے ہیں۔“

343- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ كَثِيرٍ عَنِ ابْنِ تَدْرُسَ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِى بَكْرٍ اَنَّهُمْ قَالُوا لَهَا: مَا اَشَدُّ مَا رَاَيْتِ الْمُشْرِكِيْنَ بَلَغُوا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَقَالَتْ: كَانَ الْمُشْرِكُوْنَ قَعَدُوا فِى الْمَسْجِدِ يَتَذَاكَرُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ اٰلِهَتِهِمْ فَبَيْنَا هُمْ كَذٰلِكَ اِذْ دَخَلَ رَسُوْلُ

حضرت سیدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ لوگوں نے ان سے کہا: آپ نے مشرکین کی طرف سے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سب سے زیادہ سخت سلوک کیا دیکھا ہے تو انہوں نے بتایا مشرکین مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے وہ رسول اللہ ﷺ کا اور اپنے معبودوں کے بارے میں آپ کی رائے کا تذکرہ کر رہے تھے‘ وہ لوگ اسی حالت میں تھے کہ رسول اللہ ﷺ

343- جامع الاحادیث للسیوطی‘ مسند ام ھانی‘ جلد 20‘ صفحہ 293‘ رقم:43676

مسند اسحاق بن راھویہ ‘ باب ما یروی عن ام ھانی بنت أبی طالب‘ جلد 2‘ صفحہ 474‘ رقم:1898

کنز العمال للھندی‘ باب صلاۃ الضحی‘ جلد 8‘ صفحہ 664‘ رقم:23453

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامُوْا اِلَيْهِ، وَكَانُوا اِذَا سَاَلُوا عَنْ شَىْءٍ صَدَقَهُمْ، فَقَالُوا: اَلَسْتَ تَقُوْلُ كَذَا وَكَذَا؟ فَقَالَ: بَلٰى. فَتَشَبَّثُوا بِهٖ بِاَجْمَعِهِمْ، فَاَتَى الصَّرِيخُ اِلٰى اَبِىْ بَكْرٍ فَقِيلَ بَادِرْ صَاحِبَكَ. فَخَرَجَ مِنْ عِنْدِنَا وَاِنَّ لَهٗ لَغَدَائِرَ فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ وَهُوَ يَقُوْلُ: وَيْلَكُمْ (اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَقُوْلَ رَبِّىَ اللّٰهُ وَقَدْ جَائَكُمْ بِالْبَيِّنَاتِ مِنْ رَبِّكُمْ) قَالَ: فَلَهَوْا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَقْبَلُوا عَلٰى اَبِىْ بَكْرٍ، فَرَجَعَ اِلَيْنَا اَبُوْ بَكْرٍ فَجَعَلَ لَا يَمَسُّ شَيْئًا مِّنْ غَدَائِرِهٖ اِلَّا جَاءَ مَعَهٗ وَهُوَ يَقُوْلُ: تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ.

اندر تشریف لائے‘ تو وہ اٹھ کر رسول اللہ ﷺ کے پاس گئے اور جب وہ لوگ آپ سے کسی چیز کے بارے میں سوال کرتے تھے تو رسول اللہ ﷺ ان کی بات کو سچ کہہ دیتے۔ ”انہوں نے فرمایا: کیا آپ نے یہ بات، یہ بات نہیں کہی ہے۔ آپ نے فرمایا: ہاں! تو وہ سب لوگ مل کر آپ پر ٹوٹ پڑے تو کسی نے باآوازِ بلند حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو پکارا: آپ اپنے صاحب کے پاس پہنچیں‘ تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ فوراً نکلے‘ اس وقت ان کے لمبے لمبے بال تھے۔ وہ مسجد میں داخل ہوئے اور یہ کہتے جا رہے تھے: تم برباد ہو جاؤ! کیا تم ایک ایسے شخص کو قتل کرنا چاہتے ہو جن کا کہنا ہے کہ میرا رب اللہ تعالیٰ ہے اور تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے واضح نشانیاں بھی آ چکی ہیں۔“ راوی کہتے ہیں: تو وہ لوگ رسول اللہ ﷺ کو چھوڑ کر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہو گئے‘ جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہمارے پاس واپس آئے تو ان کے جس بال کو بھی ہاتھ لگایا جاتا وہ ہاتھ میں آ جاتا لیکن حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ یہی کہہ رہے تھے: ”اے جلال اور عزت والے! تو برکت والا ہے۔“

344- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِيِّ عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِىْ بَكْرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سیدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا: ”اے اسماء! تم اللہ کی راہ میں خرچ کرنے سے اپنے آپ

344- سنن ترمذی‘ باب ما جاء فی حب الولد‘ جلد 2‘ صفحہ 509‘ رقم:1911

السنن الکبری للبیھقی‘ باب من قال لا تجوز شھادۃ الوالد لولدہ‘ جلد 10‘ صفحہ 202‘ رقم:21384

المعجم الکبیر للطبرانی‘ احادیث خولۃ بنت قیس أم صبیۃ‘ جلد 24‘ صفحہ 239‘ رقم:20630

مجمع الزوائد للھیثمی‘ باب ما جاء فی اھل الحجاز‘ جلد 10‘ صفحہ 28‘ رقم:16616

قَالَ لَهَا: يَا اَسْمَاءُ لَا تُوكِي فَيُوكَى عَلَيْكِ ۔

کو نہ روکو ورنہ تم سے (رزق کو) روک لیا جائے گا۔''

345- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْمُحَيَّاةِ عَنْ اُمِّهِ اَنَّهَا قَالَتْ: لَمَّا قَتَلَ الْحَجَّاجُ بْنُ يُوسُفَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ دَخَلَ الْحَجَّاجُ عَلٰى اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِي بَكْرٍ فَقَالَ لَهَا: يَا اُمَّهْ اِنَّ اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اَوْصَانِي بِكِ فَهَلْ لَكِ مِنْ حَاجَةٍ؟ فَقَالَتْ: مَا لِي مِنْ حَاجَةٍ وَلَسْتُ لَكَ بِاُمٍّ، وَلٰكِنِّي اُمُّ الْمَصْلُوبِ عَلٰى رَاْسِ الثَّنِيَّةِ، وَلٰكِنِ انْتَظِرْ اُحَدِّثْكَ مَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَخْرُجُ مِنْ ثَقِيفٍ كَذَّابٌ وَمُبِيرٌ ۔ فَاَمَّا الْكَذَّابُ فَقَدْ رَاَيْنَاهُ تَعْنِي الْمُخْتَارَ وَاَمَّا الْمُبِيرُ فَاَنْتَ ۔ فَقَالَ الْحَجَّاجُ: مُبِيرٌ لِلْمُنَافِقِينَ ۔

حضرت ابومحیاۃ اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں کہ جب حجاج بن یوسف نے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کو شہید کیا تو حجاج سیدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا کے پاس آیا اور ان سے عرض کی: اے اماں جان! امیر المومنین نے مجھے آپ کے بارے میں تلقین کی ہے تو کیا آپ کو کوئی ضرورت ہے؟ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے کہا: مجھے کوئی ضرورت نہیں ہے اور میں تمہاری ماں نہیں ہوں' میں اس شخص کی ماں ہوں جسے گھاٹی کے سرے پر پھانسی دی گئی ہے۔ تم رکو میں تمہیں وہ بات بتاتی ہوں جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے: ''ثقیف قبیلے سے ایک (کذاب) اور ایک خون ریزی کرنے والا پیدا ہوگا۔'' جہاں تک جھوٹے کا تعلق ہے تو اسے تو ہم دیکھ چکے ہیں۔ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کی اس سے مراد مختار ثقفی تھا' اور جہاں تک خون بہانے والے کا تعلق ہے تو وہ تم ہو۔ تو حجاج نے کہا: میں منافقوں کا خون بہانے والا ہوں۔

346- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَخُو الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِي مَنْ سَمِعَ اَسْمَاءَ بِنْتَ اَبِي بَكْرٍ تَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت سیدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اے مومن عورتوں کے گروہ! کوئی بھی عورت اپنا سر امام کے اٹھنے

345- اتحاف الخيره المهرة ' باب ما جاء في فضل مسجد قباء وجبل احب' جلد 3' صفحه 264' رقم:2711

المطالب العاليه للعسقلاني' باب فضل الطائف' جلد 1' صفحه 459' رقم:1330

346- السنن الكبرىٰ للبيهقي' باب كيف يصلى في الخسوف' جلد 3' صفحه 323' رقم:6536

المسند المستخرج على صحيح الامام مسلم' كتاب الصلاة' جلد 2' صفحه 489' رقم:2035

سنن الدارمي' باب الصلاة عند الكسوف' جلد 1' صفحه 430' رقم:1527

صحيح ابن حبان' باب صلاة الكسوف' جلد 7' صفحه 81' رقم:2840

صحيح مسلم' باب ذكر عذاب القبر في صلاة الخسوف' جلد 3' صفحه 30' رقم:2136

وَسَلَّمَ: يَا مَعْشَرَ الْمُؤْمِنَاتِ لَا تَرْفَعَنَّ امْرَاَةٌ مِنْكُنَّ رَاْسَهَا قَبْلَ اَنْ يَرْفَعَ الْاِمَامُ رَاْسَهُ ۔ مِنْ ضِيقِ ثِيَابِ الرِّجَالِ۔

سے پہلے نہ اٹھائے' مردوں کے کپڑے چھوٹے کی وجہ سے۔''

25 - مُسْنَدُ اُمِّ كُلْثُومِ بِنْتِ عُقْبَةَ

مسند حضرت سیدہ ام کلثوم بنت عقبہ رضی اللہ عنہا

347- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ اَخْبَرُونِي عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ عَنْ اُمِّهِ اُمِّ كُلْثُومٍ بِنْتِ عُقْبَةَ بْنِ اَبِي مُعَيْطٍ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَفْضَلُ الصَّدَقَةِ عَلٰى ذِي الرَّحِمِ الْكَاشِحِ ۔

حضرت ام کلثوم بنت عقبہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ''سب سے بہترین صدقہ وہ ہے جو دشمن رشتے دار پر کیا جائے۔''

قَالَ سُفْيَانُ: وَلَمْ اَسْمَعْهُ مِنَ الزُّهْرِيِّ ۔ قَالَ اَبُو بَكْرٍ: الْكَاشِحُ الْعَدُوُّ۔

سفیان کہتے ہیں کہ میں نے یہ روایت زہری سے نہیں سنی۔ امام حمیدی فرماتے ہیں کہ ''الکاشح'' دشمن کو کہتے ہیں۔

348- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي صَفْوَانُ بْنُ سُلَيْمٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ

حضرت عطاء بن یسار سے روایت ہے کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا' عرض

347- المستدرك للحاكم' كتاب الهجرة الاولىٰ الى الحبشة' جلد 4' صفحه 44' رقم:4248

سنن ابوداؤد' باب فيما يدعى لمن لبس ثوبا جديدا' جلد 4' صفحه 75' رقم:4026

صحيح بخاري' باب هجرة الحبشة' جلد3' صفحه 340' رقم:3661

مسند امام احمد بن حنبل' حديث ام خالد بنت خالد' جلد 6' صفحه 364' رقم:27102

معرفة السنن والآثار للبيهقي' باب المكاتب' جلد 10' صفحه 271' رقم:6356

348- صحيح بخاري' باب القراة في المغرب' جلد 1' صفحه 391' رقم:763

معرفة الصحابة لابي نعيم' من اسمه ام الفضل بنت الحارث' جلد 24' صفحه 331' رقم:7367

سنن نسائي' باب القراة في المغرب بالمرسلات' جلد 2' صفحه 168' رقم:986

مسند امام احمد بن حنبل' حديث ام الفضل بن عباس' جلد 6' صفحه 338' رقم:26910

مسند عبد بن حميد' من حديث ام الفضل' جلد 1' صفحه 458' رقم:1585

قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ عَلَيَّ جُنَاحٌ اَنْ اَكْذِبَ اَهْلِيْ؟ قَالَ: لَا، فَلَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْكَذِبَ. قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَسْتَصْلِحُهَا وَاَسْتَطِيْبُ نَفْسَهَا. قَالَ: لَا جُنَاحَ عَلَيْكَ.

کی: یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ آپ پر رحمت نازل فرمائے اگر میں اپنی بیوی سے جھوٹ بولوں تو مجھے گناہ ہوگا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! لیکن اللہ تعالیٰ جھوٹ کو پسند نہیں کرتا۔ عرض کی: یا رسول اللہ! میں اس کے ساتھ صلح کرنے کے لیے ایسا کرتا ہوں یا اسے خوش کرنے کے لیے ایسا کرتا ہوں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: تمہیں کوئی گناہ نہیں ہوگا۔

26 - مُسْنَدُ اَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ

مسند حضرت سیدہ اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا

349- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ عَامِرٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ اَنَّهَا قَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ بَنِيْ جَعْفَرٍ تُصِيْبُهُمُ الْعَيْنُ اَفَاَسْتَرْقِيْ لَهُمْ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، لَوْ كَانَ شَيْءٌ سَابِقَ الْقَدَرِ لَسَبَقَتْهُ الْعَيْنُ.

حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کے بچوں کو نظر لگ جاتی ہے تو کیا میں انہیں پھونک دیا کروں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہاں! اگر کوئی چیز تقدیر سے مقدم کرسکتی تو نظر کا لگنا اس سے مقدم کرجاتا۔

27 - مُسْنَدُ اُمِّ هَانِئٍ بِنْتِ اَبِيْ طَالِبٍ

مسند حضرت سیدہ ام ہانی بنت ابی طالب رضی اللہ عنہا

350- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ فتح

349- صحیح ابن حبان' باب الصوم المنهی عنه' جلد 8' صفحه 341' رقم: 3374
سنن ترمذی' باب کراهیة الوصال للصائم' جلد 3' صفحه 148' رقم: 778
المنتقی لابن الجارود' باب الصیام' جلد 1' صفحه 106' رقم: 394
سنن الدارمی' باب النهی عن الوصال فی الصوم' جلد 2' صفحه 14' رقم: 1704
صحیح ابن خزیمه' باب استحباب الفطر علی الماء' جلد 3' صفحه 279' رقم: 2068
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الله بن عمر بن الخطاب' جلد 2' صفحه 23' رقم: 4752
350- صحیح مسلم' باب بیان ان القران علی سبعة احرف' جلد 2' صفحه 202' رقم: 1936

قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ مُرَّةَ مَوْلٰى عَقِيْلٍ عَنْ اُمِّ هَانِئٍ قَالَتْ: اَتَانِيْ يَوْمَ الْفَتْحِ حَمْوَانِ لِيْ فَاَجَرْتُهُمَا، فَجَاءَ عَلِيٌّ يُرِيْدُ قَتْلَهُمَا، فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِيْ قُبَّتِهِ بِالْاَبْطَحِ بِاَعْلٰى مَكَّةَ فَلَمْ اَجِدْهُ وَجَدْتُ فَاطِمَةَ - فَلَهِيَ كَانَتْ اَشَدَّ عَلَيَّ مِنْ عَلِيٍّ - فَقَالَتْ: تُؤْوِيْنَ الْكُفَّارَ وَتُجِيْرِيْنَهُمْ وَتَفْعَلِيْنَ وَتَفْعَلِيْنَ. فَلَمْ اَلْبَثْ اَنْ جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى وَجْهِهِ رَهَجَةُ الْغُبَارِ فَقَالَ: يَا فَاطِمَةُ اسْكُبِيْ لِيْ غُسْلًا.

مکہ کے موقع پر میرے دو دیور میرے پاس آئے میں نے ان دونوں کو پناہ دے دی حضرت علی رضی اللہ عنہ آئے تاکہ ان دونوں کو قتل کر دیں تو میں رسول اللہ ﷺ کے پاس گئی' آپ اس وقت مکہ کے بالائی علاقے "ابطح" میں اپنے خیمے میں تھے وہاں میں نے آپ کو نہ پایا۔ میری ملاقات سیدہ فاطمہ زہراء رضی اللہ عنہا سے ہوئی تو وہ میرے لیے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بھی زیادہ سخت تھیں' انہوں نے فرمایا: تم کافروں کو ٹھکانہ دے رہی ہو' تم انہیں پناہ دے رہی ہو' تم یہ کیا کر رہی ہو اور تم کیا کر رہی ہو۔ میں وہیں رُکی رہی۔ تھوڑی دیر بعد رسول اللہ ﷺ تشریف لے آئے' آپ کے چہرۂ مبارک سے سفر کے آثار نظر آ رہے تھے' آپ نے فرمایا: اے فاطمہ! میرے لیے پانی تیار کرو!

فَسَكَبَتْ لَهُ غُسْلًا فِيْ جَفْنَةٍ، لَكَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى اَثَرِ الْعَجِيْنِ فِيْهَا، ثُمَّ سَتَرَتْ عَلَيْهِ بِثَوْبٍ فَاغْتَسَلَ، ثُمَّ صَلّٰى فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ مُخَالِفًا بَيْنَ طَرَفَيْهِ ثَمَانَ رَكَعَاتٍ مَا رَاَيْتُهُ صَلَّاهَا قَبْلَهَا وَلَا بَعْدَهَا، فَلَمَّا انْصَرَفَ قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اَجَرْتُ حَمْوَيْنِ لِيْ وَاِنَّ ابْنَ اُمِّيْ عَلِيٌّ اَرَادَ قَتْلَهُمَا. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ ذٰلِكَ لَهُ قَدْ اَجَرْنَا مَنْ اَجَرْتِ وَاَمَّنَّا مَنْ اَمَّنْتِ.

تو انہوں نے ایک بڑے برتن میں پانی تیار کیا جس میں آٹے کے نشان نظر آ رہے تھے۔ پھر انہوں نے پردہ تان دیا۔ پس آپ نے غسل کیا پھر آپ نے ایک ہی کپڑا اوڑھ کر اس کی دو مخالف سمتوں کو دونوں کندھوں پر ڈال کر آٹھ رکعات نماز پڑھی۔ میں نے آپ (ﷺ) کو اس سے پہلے اور بعد میں کبھی یہ نماز پڑھتے ہوئے نہیں دیکھا۔ جب آپ نے نماز مکمل کر لی تو میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں نے اپنے دو دیوروں کو پناہ دی ہے۔ اور میری ماں کے بیٹے علی ان دونوں کو

سنن ابو داؤد' باب انزل القران علی سبعة احرف' جلد 1' صفحه 549' رقم: 1477
سنن ترمذی' باب ما جاء انزل القرآن علی سبعة احرف' جلد 5' صفحه 109' رقم: 2943
المستدرك للحاكم' كتاب فضائل القرآن' جلد 2' صفحه 218' رقم: 2031
المعجم الاوسط للطبرانی' من اسمه محمد' جلد 5' صفحه 257' رقم: 5250

قتل کرنا چاہتے ہیں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وہ ایسا نہیں کرسکتا جسے تم نے پناہ دی ہے اسے ہم بھی پناہ دیتے ہیں اور جس کو تم نے امن دیا ہم نے بھی اس کو امن دیا۔

351- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ اَبِىْ زِيَادٍ اَنَّهٗ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْحَارِثِ يُحَدِّثُ عَنْ اُمِّ هَانِءٍ قَالَتْ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ صَلّٰى ثَمَانَ رَكَعَاتٍ فِىْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ مُخَالِفًا بَيْنَ طَرَفَيْهِ۔

حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ فتح مکہ کے دن میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے ایک کپڑا اوڑھ کر اسے مخالف سمت میں کندھوں پر ڈال کر آٹھ رکعات نماز پڑھی۔

352- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَرِيْمِ اَبُوْ اُمَيَّةَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ - وَلَمْ يَقُلْ لَنَا فِيْهِ سَمِعْتُ - قَالَ: سَاَلْتُ عَنْ صَلَاةِ الضُّحٰى فِىْ اِمَارَةِ عُثْمَانَ وَاَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَوَافِرُوْنَ فَلَمْ اَجِدْ اَحَدًا اَثْبَتَ لِىْ صَلَاةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا اُمَّ هَانِءٍ، قَالَتْ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّاهَا مَرَّةً وَاحِدَةً يَوْمَ الْفَتْحِ ثَمَانَ رَكَعَاتٍ فِىْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ مُخَالِفًا بَيْنَ طَرَفَيْهِ۔

حضرت عبداللہ بن حارث سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں چاشت کی نماز کے متعلق سوال کیا۔ اس وقت صحابہ کرام کا جم غفیر تھا' لیکن مجھے کوئی ایسا آدمی نہیں مل سکا جو مجھے یہ بتا سکے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ نماز پڑھی ہے' سوائے حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا' انہوں نے یہ کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایک مرتبہ یہ نماز پڑھتے ہوئے دیکھا ہے۔ فتح مکہ کے دن آپ نے ایک کپڑے کو اس کے کنارے کو مخالف سمت میں اوڑھ کر آٹھ رکعتیں ادا کیں۔

353- قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ: فَحَدَّثْتُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت

351- الاحاد والمثانی' احادیث امیمه بنت رقیقة ' جلد 6' صفحه 120' رقم:3340

المطالب العالیه للعسقلانی' باب ترك ملامسة المرأة الاجنبیة ' جلد 2' صفحه 52' رقم:1586

اتحاف الخیره المهرة ' باب بیعة النساء' جلد 1' صفحه 91' رقم:49

المستدرك للحاكم' ذكر امیمة بنت رقیقة رضی اللّٰه عنها' جلد 4' صفحه 80' رقم:6946

مؤطا امام مالك' باب ما جاء فی البیعة ' جلد 2' صفحه 982' رقم:1775

352- جامع الاصول لابن اثیر' الفرع الاوّل فی فرائضه و كیفیته ' جلد 7' صفحه 163' رقم:5149

353- اس حدیث مبارکہ کو روایت کرنے میں امام حمیدی متفرد ہیں۔

بِهٖ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ: اِنْ كُنْتُ لَاَمُرُّ عَلٰى هٰذِهِ الْاٰيَةِ (يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِىِّ وَالْاِشْرَاقِ) فَاَقُوْلُ: اَىُّ صَلَاةٍ صَلَاةُ الْاِشْرَاقِ فَهٰذِهٖ صَلَاةُ الْاِشْرَاقِ۔

ہے کہ میں جب یہ آیت تلاوت کرتا ہوں: ''وہ شام کے وقت اور اشراق کے وقت تسبیح کرتے ہیں۔'' تو میں کہتا ہوں کہ اشراق کی نماز کون سی ہے تو یہ اشراق کی نماز ہے۔

28 - مُسْنَدُ خَوْلَةَ بِنْتَ حَكِيْمٍ

مسند حضرت سیدہ خولہ بنت حکیم رضی اللہ عنہا

354- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَيْسَرَةَ عَنِ ابْنِ اَبِىْ سُوَيْدٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ قَالَ: زَعَمَتِ الْمَرْاَةُ الصَّالِحَةُ خَوْلَةُ ابْنَةُ حَكِيْمٍ امْرَاَةُ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُوْنٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ وَهُوَ مُحْتَضِنٌ اَحَدَ ابْنَىِ ابْنَتِهٖ وَهُوَ يَقُوْلُ: وَاللّٰهِ اِنَّكُمْ لَتُجَهِّلُوْنَ وَتُجَبِّنُوْنَ وَتُبَخِّلُوْنَ، وَاِنَّكُمْ لَمِنْ رَيْحَانِ اللّٰهِ، وَاِنَّ اٰخِرَ وَطْاَةٍ وَطَاَهَا رَبُّ الْعَالَمِيْنَ بِوَجٍّ۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز سے روایت ہے کہ ایک صالحہ عورت حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی اہلیہ حضرت خولہ بنت حکیم فرماتی ہیں کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ تشریف لائے تو آپ نے اپنے ایک نواسے کو گود میں لیا ہوا تھا' آپ نے ارشاد فرمایا: ''اللہ کی قسم! تم لوگ آدمی کو سست بنا دیتی ہو' اسے بزدل بنا دیتی ہو' اسے کنجوس بنا دیتی ہو' بے شک تم اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا خوشبودار تحفہ ہو اور بے شک تمام جہانوں کا پروردگار کافروں پر آخری گرفت مقام وج پر کرے گا''۔

355- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ قَالَ حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ

حضرت کعب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ وج ایک مقدس مقام ہے اور یہ وہ مقام ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے

354- السنن الصغریٰ للبیهقی' باب الرش علی بول الصبی الذی لم یاكل الطعام' جلد 1' صفحه 64' رقم:171

المعجم الكبیر للطبرانی' احادیث ام قیس بنت محصن الاسدیه ' جلد 25' صفحه 178' رقم:21554

سنن ترمذی' باب ما جاء فی نفع بول الغلام قبل ان یطعم' جلد 1' صفحه 104' رقم:71

صحیح ابن حبان' باب النجاسة وتطهیرها' جلد 9' صفحه 209' رقم:1373

مسند امام احمد بن حنبل' حدیث ام قیس بنت محصن' جلد 6' صفحه 355' رقم:27041

355- صحیح بخاری' باب ذات الجنب' جلد 5' صفحه 216' رقم:5388

مصنف ابن ابی شیبة ' باب ما رخص من الادویة ' جلد 5' صفحه 33' رقم:23436

سنن النسائی' باب الدواء بالقسط لیسعط من العذرة ' جلد 4' صفحه 374' رقم:7583

سنن الكبریٰ للبیهقی' باب ما ینهی عنه من ادغار الرفیع' جلد 2' صفحه 351' رقم:16105

بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بِنِ اِنْسَانَ – يَعْنِىْ ابْنَ اِنْسَانَ بَطْنٌ مِّنَ الْعَرَبِ – عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ الْحَكَمِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ بِشْرٍ عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ كَعْبٍ اَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُوْلُ: اِنَّ وَجًّا مُقَدَّسٌ، مِنْهُ عَرَجَ الرَّبُّ اِلَى السَّمَاءِ يَوْمَ قَضٰى خَلْقَ الْاَرْضِ.

قَالَ الْحُمَيْدِىُّ: وَجٌّ بِالطَّائِفِ.

زمین کو پیدا کیا تھا تو یہاں سے اللہ تعالیٰ نے آسمان کی طرف عروج فرمایا تھا۔

امام حمیدی فرماتے ہیں کہ وج طائف میں ہے۔

29 – مُسْنَدُ اُمِّ خَالِدٍ بِنْتَ خَالِدٍ

مسند حضرت سیدہ ام خالد بنت خالد رضی اللہ عنہا

356– حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ قَالَ سَمِعْتُ اُمَّ خَالِدٍ بِنْتَ خَالِدٍ تَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَعَوَّذُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ. قَالَ مُوسَى: وَلَمْ اَسْمَعْ مِنْ اَحَدٍ سَمِعَ مِنَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَهَا.

حضرت ام خالد بنت خالد رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو قبر کے عذاب سے پناہ مانگتے ہوئے سنا ہے۔ موسیٰ بن عقبہ کہتے ہیں کہ میں نے اور کسی سے یہ نہیں سنا سوائے ان (حضرت ام خالد رضی اللہ عنہا) کے کہ کسی اور نے رسول اللہ ﷺ کو قبر کے عذاب سے پناہ مانگتے ہوئے سنا ہو۔

357– حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت ام خالد رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ

356- الاحاد والمثانی، حدیث ام کرز الخزاعیة، جلد 6، صفحه 68، رقم: 3278
السنن الصغریٰ للبیهقی، باب العقیقة، جلد 2، صفحه 50، رقم: 1902
المستدرك للحاكم، كتاب الذبائح، جلد 6، صفحه 240، رقم: 7591
المعجم الكبير للطبرانی، حدیث ام کرز الخزاعیة، جلد 25، صفحه 164، رقم: 21516
سنن ابوداؤد، باب فی العقیقة، جلد 3، صفحه 64، رقم: 2836

357- الاحاد والمثانی، حدیث ام کرز الخزاعیة، جلد 6، صفحه 68، رقم: 3278
السنن الصغریٰ للبیهقی، باب العقیقة، جلد 2، صفحه 50، رقم: 1902
المستدرك للحاكم، كتاب الذبائح، جلد 6، صفحه 240، رقم: 7591
المعجم الكبير للطبرانی، حدیث ام کرز الخزاعیة، جلد 25، صفحه 164، رقم: 21516
سنن ابوداؤد، باب فی العقیقة، جلد 3، صفحه 64، رقم: 2836

قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ سَعِيْدِ السَّعِيْدِىُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اُمِّ خَالِدٍ بِنْتِ خَالِدٍ قَالَتْ: قَدِمْتُ مِنْ اَرْضِ الْحَبَشَةِ وَاَنَا جُوَيْرِيَةٌ فَكَسَانِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمِيْصَةً لَهَا اَعْلَامٌ، فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ الْاَعْلَامَ بِيَدِهِ وَيَقُوْلُ: سَنَاهْ سَنَاهْ.

قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ يَعْنِىْ حَسَنٌ حَسَنٌ.

میں حبشہ کی سرزمین سے آئی تو میں کم سن تھی۔ رسول اللہ ﷺ نے مجھے ایک چادر اوڑھنے کے لیے عطا فرمائی جس پر نقش و نگار تھے۔ پس رسول اللہ ﷺ اپنے دست مبارک کے ساتھ ان نقش و نگار پر ہاتھ پھیرتے ہوئے فرمایا: سناہ سناہ، یہ کتنے اچھے ہیں، یہ کتنے اچھے ہیں۔

امام ابوبکر حمیدی فرماتے ہیں کہ (سناہ سناہ کا مطلب ہے:) یعنی اچھے ہیں، اچھے ہیں۔

30 – مُسْنَدُ اُمِّ الْفَضْلِ بِنْتَ الْحَارِثِ

مسند حضرت سیدہ ام فضل بنت حارث رضی اللہ عنہا

358– حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِىُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اُمِّهِ اُمِّ الْفَضْلِ قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِى الْمَغْرِبِ (وَالْمُرْسَلَاتِ عُرْفًا)

فَقِيْلَ لِسُفْيَانَ: فَاِنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ تَمَّامُ بْنُ عَبَّاسٍ. فَقَالَ: مَا سَمِعْتُ الزُّهْرِىَّ قَطُّ ذَكَرَ تَمَّامًا، مَا قَالَ لَنَا اِلَّا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اُمِّهِ.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اپنی والدہ حضرت ام فضل رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو مغرب کی نماز میں سورہ والمرسلٰتِ عُرفًا پڑھتے ہوئے سنا ہے۔

سفیان سے یہ کہا گیا: لوگ تو یہ کہتے ہیں کہ تمام بن عباس نے یہ روایت بیان کی ہے۔ تو سفیان نے کہا: میں نے تو زہری کو کبھی تمام کا ذکر کرتے ہوئے نہیں سنا۔ انہوں نے تو ہمیشہ از حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما از والدہ خود یہ روایت بیان کی ہے۔

358- الاحاد والمثانی، حدیث ام کرز الخزاعیة، جلد 6، صفحه 72، رقم: 3284
السنن الکبریٰ للبیهقی، باب اقروا الطير على مكاناتها، جلد 9، صفحه 311، رقم: 19816
المعجم الكبير للطبرانی، حدیث ام کرز الخزاعیة، جلد 25، صفحه 167، رقم: 21525
سنن ابوداؤد، باب فی العقیقة، جلد 3، صفحه 65، رقم: 2837
مسند امام احمد بن حنبل، حدیث ام کرز الکعبیة رضی اللہ عنها، جلد 6، صفحه 381، رقم: 27182

359- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا سَالِمٌ اَبُو النَّضْرِ اَنَّهُ سَمِعَ عُمَيْرًا مَوْلٰى اُمِّ الْفَضْلِ يُحَدِّثُ عَنْ اُمِّ الْفَضْلِ قَالَتْ: شَكَّ النَّاسُ فِىْ صِيَامِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ عَرَفَةَ فَاَرْسَلْتُ اِلَيْهِ بِاِنَاءٍ فِيْهِ لَبَنٌ فَشَرِبَ وَكَانَ سُفْيَانُ رُبَّمَا قَالَ فِىْ هٰذَا الْحَدِيْثِ يَشُكُّ النَّاسُ فِىْ صِيَامِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ عَرَفَةَ فَاَرْسَلَتْ اِلَيْهِ اُمُّ الْفَضْلِ فَاِذَا وُقِفَ عَلَيْهِ قَالَ هُوَ عَنْ اُمِّ الْفَضْلِ.

حضرت ام فضل رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ عرفہ کے دن رسول اللہ ﷺ کے روزہ رکھنے کے بارے میں لوگوں کو شک ہوا تو میں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں دودھ کا پیالہ بھیجا گیا جسے رسول اللہ ﷺ نے نوش فرما لیا۔ سفیان اس روایت میں کبھی یہ الفاظ بیان کرتے ہیں: لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کے عرفہ کے دن کے روزہ رکھنے میں شک کیا تو حضرت ام فضل رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں بھجوایا۔ پس جب سفیان کو اس بات پر متنبہ کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ یہ روایت حضرت ام فضل رضی اللہ عنہا سے بیان کی گئی ہے۔

31 - مُسْنَدُ اُمِّ اَيُّوْبَ

مسند حضرت ام ایوب رضی اللہ عنہا

360- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِىْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِىْ يَزِيْدَ قَالَ اَخْبَرَنِىْ اَبِىْ اَنَّ اُمَّ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيَّةَ اَخْبَرَتْهُ قَالَتْ: نَزَلَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَكَلَّفْنَا لَهُ طَعَامًا فِيْهِ مِنْ بَعْضِ هٰذِهِ الْبُقُوْلِ، فَكَرِهَهُ وَقَالَ لِاَصْحَابِهِ: كُلُوْا فَاِنِّىْ لَسْتُ كَاَحَدٍ مِنْكُمْ، اِنِّىْ اَكْرَهُ اَنْ اُوْذِىَ

حضرت ام ایوب انصاریہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف رکھتے ہم نے کھانے میں سبزی پکائی' آپ کو وہ اچھی نہ لگی تو آپ نے اپنے صحابہ سے کہا: تم اسے کھا لو کیونکہ میں تمہاری طرح نہیں ہوں' مجھے یہ بات پسند نہیں کہ میری وجہ سے میرے ساتھی کو تکلیف ہو۔

359- سنن ابن ماجه ' باب الرؤيا الصالحة يراها المسلم' جلد 2' صفحه 1283' رقم:3896
التاريخ الكبير للبخارى' من اسمه عثمان بن عبيد بن أبي الطفيل' جلد 3' صفحه 92' رقم:2278
اطراف المسند المعتلى' مسند اُم كرز الكعبية الخزاعية ' جلد 9' صفحه 466' رقم:12724
سنن الدارمى' باب ذهبت النبوة وبقيت المبشرات' جلد 2' صفحه 166' رقم:2138
مسند امام احمد بن حنبل' حديث ام كرز الكعبية رضى الله عنها' جلد 6' صفحه 381' رقم:27185
360- سنن ابوداؤد' باب فضل الغزو فى البحر' جلد 3' صفحه 309' رقم:2493
المعجم الكبير للطبرانى' حديث ام حرام بنت ملحان الانصاريه' جلد 25' صفحه 133' رقم:21442
الاحاد والمثانى' حديث ام حرام بنت ملحان' جلد 6' صفحه 100' رقم:3315
جامع الاحاديث للسيوطى' حرف اللام' جلد 17' صفحه 491' رقم:18702

صَاحِبِىْ.

361- قَالَ الْحُمَيْدِيُّ قَالَ سُفْيَانُ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى النَّوْمِ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ هٰذَا الَّذِىْ يُحَدَّثُ بِهِ عَنْكَ: اِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَاَذّٰى مِمَّا يَتَاَذّٰى مِنْهُ بَنُوْ اٰدَمَ؟ فَقَالَ: حَقٌّ.

امام حمیدی فرماتے ہیں کہ سفیان نے یہ بیان کیا ہے کہ میں نے خواب میں رسول اللہ ﷺ کی زیارت کی' میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ کیا فرماتے ہیں اس روایت کے بارے میں جو آپ سے بیان کی جاتی ہے کہ فرشتوں کو بھی اس چیز سے تکلیف ہوتی ہے جس سے انسانوں کو تکلیف ہوتی ہے؟ تو آپ نے فرمایا: یہ بالکل صحیح ہے۔

362- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِىْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِىْ يَزِيْدَ قَالَ سَمِعْتُ اَبِىْ يَقُوْلُ: نَزَلْتُ عَلٰى اُمِّ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيَّةِ فَاَخْبَرَتْنِىْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: نَزَلَ الْقُرْاٰنُ عَلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ، اَيَّهَا قَرَاْتَ اَصَبْتَ.

حضرت عبید اللہ بن ابو یزید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں حضرت ام ایوب انصاریہ رضی اللہ عنہا کے پاس ٹھہرا تو انہوں نے مجھے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ ''قرآن سات حروف پر نازل ہوا ہے تم اس میں سے جو بھی قرات کرو گے تو وہ صحیح ہوگی''۔

361- الاحاد والمثانى' حديث ام شريك' جلد 6' صفحه 107' رقم:3325
المعجم الكبير للطبرانى' حديث ام شريك القرشية العامرية ' جلد 25' صفحه 97' رقم:21367
سنن ابن ماجه ' باب قتل الوزغ' جلد 2' صفحه 1076' رقم:3228
صحيح مسلم' باب استحباب قتل الوزغ' جلد 7' صفحه 41' رقم:5979
مسند امام احمد بن حنبل' حديث ام شريك رضى الله عنها' جلد 6' صفحه 462' رقم:27660
362- الاحاد والمثانى' حديث مليكة ' جلد 6' ص248فحه ' رقم:3480
المعجم الكبير للطبرانى' من اسمها بقيرة ' جلد 24' صفحه 203' رقم:20543
مسند امام احمد بن حنبل' حديث بقيرة رضى الله عنها' جلد 6' صفحه 378' رقم:27137
اطراف المسند المعتلى' مسند بقيرة امراة القعقاع' جلد 8' صفحه 397' رقم:11322
اتحاف الخيره المهرة ' باب ما يكون فى هذه الامة من فساد وخسف' جلد 8' صفحه 92' رقم:7550

32 – مُسْنَدُ أُمَيْمَةَ بِنْتَ رُقَيْقَةَ

363– حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ قَالَ سَمِعْتُ أُمَيْمَةَ بِنْتَ رُقَيْقَةَ تَقُولُ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نِسْوَةٍ فَقَالَ: فِيمَا اسْتَطَعْتُنَّ وَاَطَقْتُنَّ. فَقُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَرْحَمُ بِنَا مِنْ اَنْفُسِنَا، يَا رَسُولَ اللّٰهِ بَايِعْنَا. فَقَالَ: اِنِّي لَا اُصَافِحُكُنَّ، اِنَّمَا قَوْلِي لِمِائَةِ امْرَاَةٍ كَقَوْلِي لِامْرَاَةٍ وَاحِدَةٍ.

قَالَ اَبُو بَكْرٍ: قِيلَ لِسُفْيَانَ فَاِنَّهُمْ يَقُولُونَ فِيهِ: اُمَيْمَةُ بِنْتُ رُقَيْقَةَ نَسِيبَةُ خَدِيجَةَ. فَقَالَ سُفْيَانُ: هِيَ نَسِيبَةُ خَدِيجَةَ، وَلَمْ يَقُلْهُ لَنَا ابْنُ الْمُنْكَدِرِ.

مسند حضرت سیدہ امیمہ بنت رقیقہ رضی اللہ عنہا

حضرت امیمہ بنت رقیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے کچھ عورتوں سمیت رسول اللہ ﷺ کی بیعت کی' آپ نے ارشاد فرمایا: ''جتنی تمہاری استطاعت ہو اور جتنی تم میں طاقت ہو''۔ میں نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول ہمارے لیے ہماری اپنی جانوں سے زیادہ رحم دل ہیں' یا رسول اللہ! آپ ہم سے بیعت لے لیجئے۔ فرمایا: میں تمہارے ساتھ مصافحہ نہیں کروں گا' تمہارا ہاتھ اپنے ہاتھ میں نہیں دوں گا' میرا ایک سو عورتوں کے ساتھ بات کرنا ایسا ہی ہے جس طرح میں ایک عورت کے ساتھ بات کرتا ہوں۔

امام ابوبکر حمیدی بیان کرتے ہیں کہ سفیان سے کہا گیا کہ بعض نے تو یہ بیان کیا ہے کہ یہ روایت حضرت امیمہ بنت رقیقہ رضی اللہ عنہا سے بیان کی گئی ہے جو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی نصیبہ تھیں۔ لیکن ابن المنکدر نے ہمیں یہ روایت سناتے ہوئے ان الفاظ کا ذکر نہیں کیا۔

363- السنن الکبریٰ للبیہقی' باب الوضوء من مس الذکر' جلد 1' صفحہ 129' رقم: 634
المستدرک للحاکم' کتاب الطہارۃ' جلد 1' صفحہ 192' رقم: 474
المنتقی لابن الجارود' باب الوضوء من مس الذکر' جلد 1' صفحہ 17' رقم: 17
سنن ابوداؤد' باب الوضوء من مس الذکر' جلد 1' صفحہ 71' رقم: 181
صحیح ابن حبان' باب نواقض الوضوء' جلد 3' صفحہ 400' رقم: 1116

33 – مُسْنَدُ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذٍ

364– حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلِ بْنِ اَبِي طَالِبٍ قَالَ: اَرْسَلَنِي عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ اِلَى الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذِ ابْنِ عَفْرَاءَ اَسْاَلُهَا عَنْ وُضُوءِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ يَتَوَضَّاُ عِنْدَهَا، فَاَتَيْتُهَا فَاَخْرَجَتْ اِلَيَّ اِنَاءً يَكُونُ مُدًّا اَوْ مُدًّا وَرُبُعًا بِمُدِّ هِشَامٍ فَقَالَتْ: بِهٰذَا كُنْتُ اُخْرِجُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَضُوءَ، فَيَبْدَاُ فَيَغْسِلُ يَدَيْهِ ثَلَاثًا قَبْلَ اَنْ يُدْخِلَهُمَا الْاِنَاءَ، ثُمَّ يَتَمَضْمَضُ وَيَسْتَنْثِرُ ثَلَاثًا ثَلَاثًا، وَيَغْسِلُ وَجْهَهُ ثَلَاثًا، ثُمَّ يَغْسِلُ يَدَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا، ثُمَّ يَمْسَحُ بِرَاْسِهِ مُقْبِلًا وَمُدْبِرًا، وَيَغْسِلُ رِجْلَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا، قَالَتْ: وَقَدْ جَائَنِي ابْنُ عَمٍّ لَكَ فَسَاَلَنِي عَنْهُ فَاَخْبَرْتُهُ فَقَالَ: مَا عَلِمْتُ فِي كِتَابِ اللّٰهِ اِلَّا غُسْلَيْنِ وَمَسْحَتَيْنِ. يَعْنِي ابْنَ عَبَّاسٍ.

مسند حضرت ربیع بنت معوذ رضی اللہ عنہا

حضرت عبداللہ بن محمد کہتے ہیں کہ امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے مجھے حضرت ربیع بنت معوذ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں بھیجا کہ میں ان سے رسول اللہ ﷺ کے وضو کے بارے میں سوال کروں' اس لیے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کے پاس وضو فرمایا تھا' میں ان کے پاس حاضر ہوا تو انہوں نے ایک برتن نکال کر مجھے دکھایا جس میں ایک مد یا شاید چوتھائی مد پانی آتا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ میں اس برتن میں رسول اللہ ﷺ کے وضو کا پانی رکھتی تھی۔ پس آپ اپنے دونوں ہاتھ برتن میں داخل کرنے سے پہلے تین مرتبہ دھوتے پھر آپ تین مرتبہ کلی کرتے اور تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالتے اور تین مرتبہ اپنا چہرہ دھوتے پھر دونوں بازو تین مرتبہ دھوتے پھر اپنے سر کا آگے سے پیچھے کی طرف اور پیچھے سے آگے کی طرف مسح کرتے۔ پھر دونوں پاؤں تین تین مرتبہ دھوتے۔ پھر انہوں نے کہا کہ تمہارے چچا زاد میرے پاس آئے' انہوں نے مجھ سے اس بارے میں پوچھا' میں نے انہیں بتایا تو وہ کہنے لگے: مجھے اللہ کی کتاب میں

364- صحیح ابن حبان' باب فی الخلافة والامارة' جلد 10' صفحہ 370' رقم: 4512
سنن ترمذی' باب ما جاء اخبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم اصحابه بما هو كائن الی یوم القیامة' جلد 4' صفحہ 483' رقم: 2191
اتحاف الخیرہ المهرة' باب فیما اخبر به النبی صلی الله علیه وسلم مما هو كائن الی یوم القیامة' جلد 8' صفحہ 66' رقم: 7492
مجمع الزوائد للهیثمی' باب الدنیا حلوة خضرة' جلد 10' صفحہ 429' رقم: 17806
مسند امام احمد بن حنبل' حدیث خولة بنت قیس' جلد 6' صفحہ 364' رقم: 27100

قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: وَوَصَفَ لَنَا سُفْيَانُ الْمَسْحَ فَوَضَعَ يَدَيْهِ عَلٰى قَرْنَيْهِ ثُمَّ مَسَحَ بِهِمَا اِلٰى جَبْهَتِهٖ، ثُمَّ رَفَعَهُمَا فَوَضَعَهُمَا عَلٰى قَرْنَيْهِ مِنْ وَّسْطِ رَاْسِهٖ، ثُمَّ مَسَحَ اِلٰى قَفَاهُ.

قَالَ سُفْيَانُ: وَكَانَ ابْنُ عَجْلَانَ حَدَّثَنَاهُ اَوَّلًا عَنِ ابْنِ عَقِيْلٍ عَنِ الرُّبَيِّعِ فَزَادَ فِي الْمَسْحِ قَالَ ثُمَّ مَسَحَ مِنْ قَرْنَيْهِ عَلٰى عَارِضَيْهِ حَتّٰى بَلَغَ اَطْرَافَ لِحْيَتِهٖ، فَلَمَّا سَاَلْنَا ابْنَ عَقِيْلٍ عَنْهُ لَمْ يَصِفْ لَنَا فِي الْمَسْحِ الْعَارِضَيْنِ، وَكَانَ فِيْ حِفْظِهٖ شَيْءٌ فَكَرِهْتُ اَنْ اُلَقِّنَهُ.

صرف دو چیزوں کو دھونے اور دو چیزوں پر مسح کرنے کا حکم ملتا ہے۔ ان کی مراد حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ تھے۔

امام ابوبکر حمیدی فرماتے ہیں کہ سفیان نے ہمارے سامنے مسح کر کے دکھایا' انہوں نے اپنے دونوں ہاتھ مانگ کے دونوں حصوں پر رکھے پھر اپنی پیشانی کا مسح کیا پھر اپنے سر کے درمیان میں مانگ کے دونوں حصوں پر اپنے دونوں ہاتھ رکھے پھر پیچھے اپنی گردن تک مسح کیا۔

سفیان کہتے ہیں کہ ابن عجلان نے پہلے یہ روایت از ابن عقیل از حضرت ربیع رضی اللہ عنہا بیان کی تھی اور انہوں نے مسح کے متعلق یہ الفاظ بیان کیے: پھر انہوں نے اپنے دونوں کناروں کا مسح کرتے ہوئے اپنے رخساروں تک آئے حتیٰ کہ اپنی داڑھی کے کنارے تک۔ پس جب ہم نے ابن عقیل سے اس بارے میں سوال کیا تو انہوں نے رخساروں پر مسح کرنا بیان نہیں کیا۔ ان کا حافظہ اتنا قوی نہیں تھا' اس لیے میں نے مناسب نہیں سمجھا کہ اسے تنبیہ کروں۔

34 - مُسْنَدُ اُمِّ قَيْسٍ بِنْتِ مِحْصَنٍ الْاَسَدِيَّةِ

مسند حضرت ام قیس بنت محصن الاسدیہ رضی اللہ عنہا

365- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ

حضرت ام قیس بنت محصن رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں اپنے ایک چھوٹے بیٹے کو ساتھ لے کر رسول

365- الاحاد والمثانی' حدیث ام کبشة' جلد 6' صفحه 138' رقم: 3365
المعجم الکبیر للطبرانی' من اسمه کبشة ویقال کبشة' جلد 25' صفحه 15' رقم: 21123
سنن ابن ماجه' باب الشرب قائما' جلد 2' صفحه 1132' رقم: 3423
اتحاف الخیره المهرة' باب فیمن کره الشرب قائما' جلد 4' صفحه 109' رقم: 3705
معرفة السنن والآثار للبیهقی' باب السنة فی الاکل والشرب' جلد 12' صفحه 89' رقم: 4605

اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ اُمَّ قَيْسٍ بِنْتَ مِحْصَنٍ الْاَسَدِيَّةَ تَقُوْلُ: دَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِابْنٍ لِّيْ لَمْ يَاْكُلِ الطَّعَامَ فَبَالَ عَلَيْهِ، فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَاءٍ فَرَشَّهٗ عَلَيْهِ.

اللہ ﷺ کے پاس گئی جو ابھی کھانا نہیں کھاتا تھا' اس نے رسول اللہ ﷺ کی گود میں پیشاب کر دیا تو آپ نے پانی منگوا کر اس (دامن) پر چھڑک دیا۔

366- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهٗ سَمِعَ اُمَّ قَيْسٍ بِنْتَ مِحْصَنٍ تَقُوْلُ: دَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِابْنٍ لِّيْ وَقَدْ اَعْلَقْتُ عَلَيْهِ مِنَ الْعُذْرَةِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلٰى مَا تَدْغَرْنَ اَوْلَادَكُنَّ بِهٰذَا الْعِلَاقِ؟ عَلَيْكُمْ بِهٰذَا الْعُوْدِ الْهِنْدِيِّ، فَاِنَّ فِيْهِ سَبْعَةَ اَشْفِيَةٍ، يُسْعَطُ مِنَ الْعُذْرَةِ وَيُلَدُّ مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ. قَالَ الزُّهْرِيُّ: فَسَّرَ لَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ اثْنَتَيْنِ وَلَمْ يُفَسِّرْ لَنَا خَمْسَةً.

قَالَ الْحُمَيْدِيُّ: الْعُوْدُ الْهِنْدِيُّ هُوَ الْقُسْطُ.

حضرت ام قیس بنت محصن رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں اپنے بیٹے کو لے کر رسول اللہ ﷺ کے پاس گئی میں نے اس کے حلق میں ورم کی وجہ سے اس کا گلا ملا ہوا تھا۔ تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم اس طرح مل کر اپنے بچوں کو کیوں تکلیف دیتی ہو' تم یہ عود ہندی (ایک قسم کی خوشبو) استعمال کرو کیونکہ اس میں سات طرح کی شفاء ہے۔ حلق میں ورم ہونے پر اسے ناک میں ڈالا جائے اور ذات الجنب کی بیماری میں اسے زبان کے نیچے ٹپکایا جائے۔ زہری کہتے ہیں کہ عبید اللہ نے دو چیزوں کا ذکر کیا لیکن باقی پانچ کا ذکر نہیں کیا۔

امام حمیدی فرماتے ہیں کہ عود ہندی سے مراد قسط ہے۔

35 - مُسْنَدُ اُمِّ كُرْزٍ الْخُزَاعِيَّةِ

مسند حضرت ام کرز رضی اللہ عنہا

367- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت ام کرز کعبیہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے

366- المعجم الکبیر للطبرانی' حدیث نساء غیر مسمیات ممن لهن صحبة' جلد 25' صفحه 183' رقم: 21568
سنن نسائی' باب طاعة المرأة زوجها' جلد 5' صفحه 310' رقم: 8962
الآداب للبیهقی' باب فی مراعاة حق الازواج' جلد 1' صفحه 27' رقم: 47
مسند امام احمد بن حنبل' حدیث عمة حصین بن محصن' جلد 6' صفحه 419' رقم: 27392
مصنف ابن ابی شیبة' باب ما حق الزوج علی امراته' جلد 4' صفحه 304' رقم: 17410
367- التاریخ الکبیر للبخاری' من اسمه ثمامة بن کلاب' جلد 2' صفحه 86' رقم: 2121
السنن الکبری للبیهقی' باب لاشی فی الثمار' جلد 4' صفحه 128' رقم: 7722

قَالَ حَدَّثَنِی عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ اَبِی یَزِیْدَ قَالَ اَخْبَرَنِی اَبِی اَنَّہٗ سَمِعَ سِبَاعَ بْنَ ثَابِتٍ یُّحَدِّثُ اَنَّہٗ سَمِعَ اُمَّ کُرْزٍ الْکَعْبِیَّۃَ تَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: عَنِ الْغُلَامِ شَاتَانِ، وَعَنِ الْجَارِیَۃِ شَاۃٌ، لَا یَضُرُّکُمْ ذُکْرَانًا کُنَّ اَمْ اِنَاثًا ۔

کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ عقیقہ کے لیے لڑکے کی طرف سے دو بکرے اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری ذبح کی جائے۔ وہ نر ہوں یا مادہ، تمہیں کوئی نقصان نہیں ہوگا۔

368- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِیْنَارٍ قَالَ اَخْبَرَنِی عَطَاءُ بْنُ اَبِی رَبَاحٍ اَنَّ حَبِیْبَۃَ بِنْتَ مَیْسَرَۃَ الْفِهْرِیَّۃَ مَوْلَاتَہٗ الْاَخْبَرَتْہُ اَنَّهَا سَمِعَتْ اُمَّ کُرْزٍ الْخُزَاعِیَّۃَ تَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: فِی الْعَقِیْقَۃِ عَنِ الْغُلَامِ شَاتَانِ مُکَافِئَتَانِ، وَعَنِ الْجَارِیَۃِ شَاۃٌ ۔

حضرت ام کرز خزاعیہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ عقیقہ میں لڑکے کی طرف سے دو برابر کی بکریاں ذبح کی جائیں اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری ذبح کی جائے۔

369- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ حَدَّثَنِی عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ اَبِی یَزِیْدَ قَالَ اَخْبَرَنِی اَبِی اَنَّہٗ سَمِعَ سِبَاعَ بْنَ ثَابِتٍ یَقُوْلُ سَمِعْتُ اُمَّ کُرْزٍ الْکَعْبِیَّۃَ

حضرت ام کرز کعبیہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں حدیبیہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں قربانی کے جانور کا گوشت لینے کے لیے حاضر ہوئی تو

المعجم الکبیر للطبرانی، حدیث ام معبد بن کعب، جلد 25، صفحہ 147، رقم: 21472

سنن ابوداؤد، باب فی الخلیطین، جلد 3، صفحہ 384، رقم: 3710

سنن ابن ماجہ، باب النہی عن الخلیطین، جلد 2، صفحہ 1125، رقم: 3395

368- سنن ابوداؤد، باب النہی عن کثیر من الارفاۃ، جلد 4، صفحہ 125، رقم: 4163

المستدرک للحاکم، کتاب الایمان، جلد 1، صفحہ 51، رقم: 18

الآداب للبیہقی، باب فی التواضع وترک الزھو، جلد 1، صفحہ 116، رقم: 200

اتحاف الخیرہ المہرۃ، باب الحیاء والبذاذۃ من الایمان، جلد 1، صفحہ 153، رقم: 152

مسند الحارث، باب فیمن ترک اللباس تواضعا، جلد 1، صفحہ 433، رقم: 559

369- سنن ابوداؤد، باب فی رمی الجمار، جلد 2، صفحہ 146، رقم: 1968

السنن الکبریٰ للبیہقی، باب من لم یستحب الایضاع، جلد 5، صفحہ 128، رقم: 9812

الاحاد والمثانی، حدیث سلیمان بن عمرو بن الاحوص، جلد 6، صفحہ 79، رقم: 3292

مسند امام احمد بن حنبل، حدیث ام سلیمان بن عمرو بن الاحوص، جلد 3، صفحہ 503، رقم: 16132

معرفۃ الصحابۃ لابی نعیم، من اسمہ ام جندب، جلد 4، صفحہ 304، رقم: 7246

تَقُوْلُ: اَتَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِالْحُدَیْبِیَۃِ اَطْلُبُ مِنْہُ مِنْ لُحُوْمِ الْهَدْیِ فَسَمِعْتُہٗ یَقُوْلُ: اَقِرُّوا الطَّیْرَ عَلٰی مَکِنَاتِهَا ۔

میں نے آپ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ''پرندوں کو ان کے گھونسلوں میں رہنے دو۔''

370- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنِی عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ اَبِی یَزِیْدَ قَالَ اَخْبَرَنِی اَبِی اَنَّہٗ سَمِعَ سِبَاعَ بْنَ ثَابِتٍ یُّحَدِّثُ اَنَّہٗ سَمِعَ اُمَّ کُرْزٍ تَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: ذَهَبَتِ النُّبُوَّۃُ وَبَقِیَتِ الْمُبَشِّرَاتُ ۔ وَکَانَ سُفْیَانُ یُحَدِّثُ بِهٰذَا عَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُرْسَلٌ زَمَانًا ثُمَّ حَدَّثَ بِہٖ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ سِبَاعٍ عَنْ اُمِّ کُرْزٍ، وَذَکَرَ اَنَّہٗ کَانَ یَتْرُکُ اِسْنَادَہٗ حَتّٰی اَثْبَتَہُ الْبَعْدُ ۔

حضرت ام کرز رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: نبوت ختم ہوگئی ہے اور اچھے خواب باقی رہ گئے ہیں۔ سفیان ایک لمبے عرصے تک اس روایت کو عبید اللہ کے حوالے سے رسول اللہ ﷺ سے مرسلاً بیان کرتے رہے۔ پھر انہوں نے یہ روایت ان کے والد سے از سباع از حضرت ام کرز رضی اللہ عنہ بیان کی۔ پھر انہوں نے یہ ذکر کیا کہ پہلے انہوں نے اس کی سند کو چھوڑ دیا تھا اور بعض میں اسے برقرار رکھا ہے۔

36 – مُسْنَدُ اُمِّ حَرَامٍ

مسند حضرت ام حرام رضی اللہ عنہا

371- اَخْبَرَنَا اَبُوْ طَاهِرٍ: عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ زَیْدِ الْمُؤَدِّبُ قِرَاءَۃً عَلَیْہِ وَاَنَا اَسْمَعُ فِی سَنَۃِ سَبْعٍ وَعِشْرِیْنَ وَاَرْبَعِمِائَۃٍ فَاَقَرَّ بِہٖ قَالَ اَنْبَاَنَا اَبُوْ عَلِیٍّ: مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ ابْنُ الصَّوَّافِ حَدَّثَنَا بِشْرٌ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِیَۃَ قَالَ حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ مَیْمُوْنِ الْجُهَنِیُّ الرَّمْلِیُّ عَنْ یَّعْلَی بْنِ شَدَّادِ اَبِی ثَابِتٍ عَنْ اُمِّ حَرَامٍ

حضرت ام حرام رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے سمندری جنگ کا تذکرہ کیا اور ارشاد فرمایا: اس میں جس شخص کا سر چکرائے گا اسے بھی شہید کا اجر ملے گا اور جو شخص ڈوب جائے گا اسے دو شہیدوں کا اجر ملے گا۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ مجھے بھی ان میں شامل کرلے تو رسول اللہ ﷺ نے دعا فرمائی: ''اے اللہ! تو

370- سنن ترمذی، باب ما جاء فی طاعۃ الامام، جلد 2، صفحہ 409، رقم: 1702

صحیح مسلم، باب وجوب طاعۃ الامراء فی غیر معصیۃ، جلد 2، صفحہ 681، رقم: 1838

سنن نسائی، باب الحض علی طاعۃ الامراء، جلد 4، صفحہ 154، رقم: 4681

سنن ابوداؤد، باب فی المحرم یظلل، جلد 2، صفحہ 507، رقم: 1834

371- صحیح بخاری، باب التیمن فی الوضوء والغسل، جلد 1، صفحہ 74، رقم: 168

صحیح مسلم، باب فی غسل المیت، جلد 1، صفحہ 611، رقم: 939

قَالَتْ: ذَكَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُزَاةَ الْبَحْرِ: لِلْمَائِدِ أَجْرُ شَهِيدٍ، وَلِلْغَرِقِ أَجْرُ شَهِيدَيْنِ. قَالَتْ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ. قَالَ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا مِنْهُمْ. فَغَزَتِ الْبَحْرَ فَلَمَّا خَرَجَتْ رَكِبَتْ دَابَّتَهَا فَسَقَطَتْ فَمَاتَتْ.

اسے بھی ان میں شامل کر دے۔'' چنانچہ وہ سمندری جنگ میں شریک ہوئیں جب وہ وہاں سے باہر نکلیں تو سواری پر سوار ہوئیں اور اس سے گر کر فوت ہو گئیں۔

37 – مُسْنَدُ أُمِّ شَرِيكٍ

372- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ شَيْبَةَ الْحَجَبِيُّ أَنَّهُ سَمِعَ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُولُ أَخْبَرَتْنِي أُمُّ شَرِيكٍ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَهَا بِقَتْلِ الْأَوْزَاغِ.

مسند حضرت ام شریک رضی اللہ عنہا

حضرت ام شریک رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے انہیں گرگٹ کو مارنے کا حکم دیا تھا۔

38 – مُسْنَدُ بُقَيْرَةَ

373- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ أَنَّهُ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ بُقَيْرَةَ امْرَأَةِ الْقَعْقَاعِ بْنِ أَبِي حَدْرَدٍ الْأَسْلَمِيِّ قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُولُ: يَا هٰؤُلَاءِ إِذَا سَمِعْتُمْ بِجَيْشٍ قَدْ خُسِفَ بِهِ قَرِيبًا فَقَدْ أَظَلَّتِ السَّاعَةُ.

مسند حضرت بقیرہ رضی اللہ عنہا

حضرت بقیرہ رضی اللہ عنہا جو حضرت قعقاع بن ابوحدرد رضی اللہ عنہ کی اہلیہ ہیں، سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو منبر پر یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ''اے لوگو! جب تم کسی لشکر کے بارے میں یہ سنو کہ اسے زمین میں دھنسا دیا گیا ہے تو پھر قیامت قریب ہو گی۔''

372- صحيح بخاری، باب التيمن فی الوضوء والغسل' جلد 1' صفحه 74' رقم:168
صحيح مسلم' باب فی غسل الميت' جلد 1' صفحه 611' رقم:939
373- المنتقى لابن الجارود' باب الحيض' جلد 1' صفحه 36' رقم:105
سنن ابن ماجه ' باب ما جاء فی خروج النساء فی العيدين' جلد 1' صفحه 415' رقم:1308
سنن نسائی' باب اعتزال الحيض مصلی الناس' جلد 1' صفحه 543' رقم:1758
المعجم الكبير للطبرانی' حديث ام عطية الانصارية' جلد 25' صفحه 57' رقم:21244

39 – مُسْنَدُ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ

374- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ قَالَ تَذَاكَرَ أَبِي وَعُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ مَا يُتَوَضَّأُ مِنْهُ، فَذَكَرَ عُرْوَةُ مَسَّ الذَّكَرِ، فَقَالَ أَبِي: إِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ مَا سَمِعْتُ بِهِ. قَالَ عُرْوَةُ: بَلَى، أَخْبَرَنِي مَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ أَنَّهُ سَمِعَ بُسْرَةَ بِنْتَ صَفْوَانَ تَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَسَّ ذَكَرَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ. فَقُلْتُ لِمَرْوَانَ: فَإِنِّي أَشْتَهِي أَنْ تُرْسِلَ إِلَيْهَا، فَأَرْسَلَ إِلَيْهَا وَأَنَا شَاهِدٌ - رَجُلًا - أَوْ قَالَ: حَرَسِيًّا - فَجَاءَ الرَّسُولُ مِنْ عِنْدِهَا فَقَالَ إِنَّهَا قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَسَّ ذَكَرَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ.

مسند حضرت بسرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہا

حضرت عبداللہ بن ابوبکر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میرے والد اور حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کے درمیان اس بات میں بحث ہو گئی کہ کون سے عمل کے بعد وضو کیا جاتا ہے۔ تو حضرت عروہ نے ان میں شرمگاہ کو چھونے کا بھی ذکر کیا تو میرے والد نے کہا کہ یہ ایک ایسی چیز ہے جس کے بارے میں، میں نے یہ سنا' حضرت عروہ نے کہا کہ ایسا ہی ہے۔ مجھے مروان بن حکم نے یہ بتایا ہے کہ اس نے حضرت بسرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہا کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ''جو شخص اپنی شرمگاہ کو چھوئے وہ وضو کرے۔'' تو میں نے مروان سے کہا: میری یہ تمنا ہے کہ تم ان عورت کو پیغام بھجواؤ' اس نے انہیں پیغام بھجوایا تو میں اس وقت وہیں موجود تھا۔ شاید اس نے ایک آدمی کو بھیجا یا کسی ملازم کو بھیجا تو اس نے کہا: انہوں نے یہ کہا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ جو شخص اپنی شرمگاہ کو چھو لے اسے وضو کرنا چاہیے۔

374- صحيح مسلم، باب المطلقة ثلاثا لانفقة لها' جلد 2' صفحه 311' رقم: 1480
السنن الكبرى للبيهقی' باب المبتوته لانفقة لها الا ان تكون حاملا' جلد 7' صفحه 473' رقم:16139
سنن الدارقطنی' كتاب الطلاق والخلع والايلاء' جلد 4' صفحه 22' رقم:4002
مسند امام احمد بن حنبل' من حديث فاطمه بنت قيس' جلد 6' صفحه 415' رقم:27381
سنن سعيد بن منصور' باب المتوفى عنها زوجها اين تعتد' جلد 2' صفحه 404' رقم:1294

40 – مُسْنَدُ خَوْلَةَ بِنْتَ قَيْسٍ

مسند حضرت خولہ بنت قیس رضی اللہ عنہا

375– حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ اَخْبَرَنِى عُمَرُ بْنُ كَثِيرِ بْنِ اَفْلَحَ عَنْ عُبَيْدٍ سَنُوطَا قَالَ سَمِعْتُ خَوْلَةَ بِنْتَ قَيْسٍ امْرَاَةَ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ تَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُذَاكِرُ حَمْزَةَ الدُّنْيَا فَقَالَ: اِنَّ الدُّنْيَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ، فَمَنْ اَخَذَهَا بِحَقِّهَا بُورِكَ لَهُ فِيْهَا، وَرُبَّ مُتَخَوِّضٍ فِىْ مَالِ اللّٰهِ وَمَالِ رَسُوْلِهٖ لَهُ النَّارُ يَوْمَ يَلْقَاهُ ۔ وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ: يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۔

حضرت خولہ بنت قیس رضی اللہ عنہا جو حضرت حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کی اہلیہ ہیں‘ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو سنا‘ آپ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ دنیا کے بارے میں بات چیت فرما رہے تھے۔ آپ نے فرمایا: ”بے شک دنیا میٹھی اور سرسبز ہے جو اس کے حق کے ساتھ اسے حاصل کرتا ہے اس کے لیے اس میں برکت عطا کی جاتی ہے اور بعض اوقات اللہ تعالیٰ کے مال اور اللہ کے رسول کے مال میں تصرف کرنے والے کے لیے اس دن آگ ہوگی جب وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوگا۔“ سفیان بعض اوقات یہ الفاظ بیان کرتے: ”قیامت کے دن“۔

41 – مُسْنَدُ كَبْشَةَ

مسند حضرت کبشہ رضی اللہ عنہا

376– حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِى عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِى عَمْرَةَ عَنْ جَدَّتِهٖ كَبْشَةَ قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فَشَرِبَ مِنْ فِىْ قِرْبَةٍ مُعَلَّقَةٍ وَهُوَ قَائِمٌ، قَالَتْ: فَقَطَعْتُ فَمَ الْقِرْبَةِ۔ وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ: كَبْشَةُ اَوْ كُبَيْشَةُ، وَاَكْثَرُ ذٰلِكَ يَقُوْلُ كُبَيْشَةُ.

حضرت کبشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے تو آپ نے لٹکے ہوئے مشکیزے کے منہ سے کھڑے ہو کر پانی پیا۔ کہتی ہیں کہ پس میں نے مشکیزے کے منہ کو کاٹ لیا۔ سفیان کبھی کبشہ ذکر کرتے اور کبھی کبیشہ ذکر کرتے۔ اور زیادہ تر انہوں نے ان کا نام کبیشہ ہی ذکر کیا ہے۔

376- صحيح مسلم‘ باب قصة الجساسة ‘ جلد 8‘ صفحه 203‘ رقم:7573
سنن ابوداؤد‘ باب خبر الجساسة ‘ جلد 5‘ صفحه 309‘ رقم:4337
سنن ابن ماجه ‘ باب فتنة الدجال‘ جلد 5‘ صفحه 231‘ رقم:4321
الاحاد والمثانى‘ حديث فاطمة بنت قيس‘ جلد 6‘ صفحه 5‘ رقم:3181
المعجم الاوسط للطبرانى‘ من اسمه عبد الوارث‘ جلد 5‘ صفحه 124‘ رقم:4859

42 – مُسْنَدُ عَمَّةِ حُصَيْنِ بْنِ مِحْصَنٍ

مسند عمۃ حصین بن محصن

377– حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ اَخْبَرَنِى بُشَيْرُ بْنُ يَسَارٍ عَنْ حُصَيْنِ بْنِ مِحْصَنٍ عَنْ عَمَّةٍ لَهُ قَالَتْ: اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ بَعْضِ الْحَاجَةِ فَقَالَ: يَا هٰذِهِ، اَذَاتُ بَعْلٍ اَنْتِ؟ ۔ قُلْتُ: نَعَمْ۔ قَالَ: فَاَيْنَ اَنْتِ مِنْهُ؟ ۔ قَالَتْ فَقُلْتُ: مَا اٰلُو اِلَّا مَا عَجَزْتُ عَنْهُ۔ قَالَ: فَاَيْنَ اَنْتِ مِنْهُ فَاِنَّهٗ جَنَّتُكِ وَنَارُكِ ۔

حضرت حصین بن محصن اپنی پھوپھی سے روایت کرتی ہیں کہ میں کسی کام کے لیے رسول اللہ ﷺ کے پاس گئی تو آپ نے ارشاد فرمایا: اے عورت! کیا تم شادی شدہ ہو؟ میں نے عرض کی: ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: پھر تم اس سے غافل کیوں ہو؟ کہتی ہیں کہ میں نے عرض کی: میں اس سے صرف اتنی کوتاہی کرتی ہوں جس سے میں عاجز آ جاؤں۔ فرمایا: تم اس کا خیال کیوں نہیں رکھتی ہو وہ تمہاری جنت بھی ہے اور وہ تمہاری جہنم بھی۔

43 – مُسْنَدُ أُمِّ مَعْبَدٍ

مسند حضرت ام معبد رضی اللہ عنہا

378– حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ قَالَ اَخْبَرَنِى مَعْبَدُ بْنُ

حضرت معبد بن کعب اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں کہ یہ وہ عورت ہے جس نے دونوں قبلوں کی

377-مسند امام احمد بن حنبل‘ من حديث اسماء ابنة يزيد رضى الله عنها‘ جلد 6‘ صفحه 453‘ رقم:27609
مجمع الزوائد للهيثمى‘ باب ما جاء فى الدجال‘ جلد 7‘ صفحه 665‘ رقم:12535
المعجم الكبير للطبرانى‘ من اسمه اسماء بنت يزيد بن السكن‘ جلد 24‘ صفحه 169‘ رقم:20451
مسند الطيالسى‘ ماروت اسماء بنت يزيد‘ جلد 1‘ صفحه 227‘ رقم:1633
مصنف ابن ابى شيبة ‘ باب ما ذكر فى فتنة الدجال‘ جلد 15‘ صفحه 132‘ رقم:38622
378- سنن ابوداؤد‘ باب فى السلام على النساء‘ جلد 6‘ صفحه 333‘ رقم:5204
سنن ابن ماجه ‘ باب السلام على الصبيان والسنوان‘ جلد 4‘ صفحه 667‘ رقم:3701
المعجم الكبير للطبرانى‘ من اسمه اسماء بنت يزيد بن السكن‘ جلد 24‘ صفحه 164‘ رقم:20349
مسند امام احمد بن حنبل‘ من حديث اسماء ابنة يزيد‘ جلد 6‘ صفحه 452‘ رقم:27602
الادب المفرد للبخارى‘ باب التسليم على النساء‘ جلد 4‘ صفحه 70‘ رقم:1088

كَعْبٍ عَنْ اُمِّهٖ – وَكَانَتْ قَدْ صَلَّتِ الْقِبْلَتَيْنِ – قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى عَنِ الْخَلِيْطَيْنِ التَّمْرِ وَالزَّبِيْبِ اَنْ يُّنْتَبَذَ قَالَ: انْتَبِذُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عَلٰى حِدَتِهٖ .

طرف رخ کر کے نماز پڑھی ہے، وہ بیان کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دو اکٹھی چیزوں کے استعمال کرنے سے منع کرتے ہوئے سنا ہے۔ یعنی کھجور اور کشمش کو ملا کر نبیذ بنائی جائے۔ آپ نے فرمایا: ان دونوں میں سے ہر ایک کی علیحدہ علیحدہ نبیذ بناؤ۔

379- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ عَنْ مَعْبَدِ بْنِ كَعْبٍ عَنْ عَمِّهٖ اَوْ عَنْ اُمِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَعَلَّمْنَ يَا هٰؤُلَاءِ، اِنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِيْمَانِ .

حضرت معبد بن کعب اپنے چچا یا اپنی والدہ سے رسول اللہ ﷺ کا یہ بیان روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ''اے عورتو! تم یہ بات جان لو۔ لباس میں میانہ روی رکھنا ایمان کا حصہ ہے۔''

44 – مُسْنَدُ اُمِّ سُلَيْمَانَ بْنِ عَمْرٍو

مسند حضرت ام سلیمان بن عمرو رضی اللہ عنہا

380- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ اَبِيْ زِيَادٍ اَنَّهٗ سَمِعَ سُلَيْمَانَ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْاَحْوَصِ يُحَدِّثُ عَنْ اُمِّهٖ قَالَتْ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْمِي الْجَمْرَةَ مِنْ بَطْنِ الْوَادِيْ وَهُوَ عَلٰى بَغْلَةٍ وَهُوَ يَقُوْلُ: اَيُّهَا النَّاسُ عَلَيْكُمُ السَّكِيْنَةَ، لَا يَقْتُلْ بَعْضُكُمْ بَعْضًا، وَعَلَيْكُمْ مِثْلَ حَصَى الْخَذْفِ .

حضرت سلیمان بن عمرو اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو بطن وادی سے جمرہ کو کنکریاں مارتے ہوئے دیکھا۔ آپ اس وقت خچر پر سوار تھے اور فرما رہے تھے اے لوگو! تم اطمینان سے رہو، تم ایک دوسرے کو تنگ نہ کرو اور تم پر لازم ہے کہ اتنی کنکریاں استعمال کرو۔

379- سنن ابن ماجه ' باب عرض الطعام' جلد 4' صفحه 409' رقم: 3298
اتحاف الخيره المهرة ' باب ما جاء في اللبن' جلد 4' صفحه 301' رقم: 3618
المعجم الكبير للطبراني' حديث اسماء بنت يزيد بن السكن' جلد 24' صفحه 171' رقم: 20455
380- جامع الاصول لابن اثير' الفرع الاوّل في فرائضه وكيفيته ' جلد 7' صفحه 163' رقم: 5149

45 – مُسْنَدُ اُمِّ حُصَيْنٍ

مسند حضرت ام حصین رضی اللہ عنہا

381- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ يُوْنُسَ بْنَ اَبِيْ اِسْحَاقَ يُحَدِّثُ عَنِ الْعَيْزَارِ بْنِ حُرَيْثٍ عَنْ اُمِّ الْحُصَيْنِ قَالَتْ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ وَهُوَ مُتَلَفِّعٌ بِبُرْدَةٍ وَعَضَلَتُهٗ تَرْتَجُّ .

حضرت ام حصین رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو خطبہ دیتے ہوئے دیکھا تو آپ نے چادر اوڑھی ہوئی تھی اور آپ کے عضلات ہل رہے تھے۔

46 – مُسْنَدُ اُمِّ عَطِيَّةَ الْاَنْصَارِيَّةِ

مسند حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا

382- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ اَبِيْ تَمِيْمَةَ السَّخْتِيَانِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نُغَسِّلُ ابْنَتَهُ فَقَالَ: اغْسِلْنَهَا ثَلَاثًا اَوْ خَمْسًا اَوْ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ، اِنْ رَاَيْتُنَّ ذٰلِكَ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ، وَاجْعَلْنَ فِي الْاٰخِرَةِ كَافُوْرًا اَوْ شَيْئًا مِنْ كَافُوْرٍ، فَاِذَا فَرَغْتُنَّ فَاٰذِنَّنِيْ . فَلَمَّا فَرَغْنَا اٰذَنَّاهُ، فَاَلْقٰى اِلَيْنَا حَقْوَهٗ فَقَالَ: اَشْعِرْنَهَا اِيَّاهُ .

حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے ہم آپ کی بیٹی کو غسل دے رہے تھے۔ آپ نے فرمایا: تم اسے تین یا پانچ اور اگر تم مناسب سمجھو تو اس سے زیادہ دفعہ پانی اور بیری کے پتوں کے ساتھ غسل دینا اور آخر میں کافور بھی ملا دینا' یا فرمایا: تھوڑا سا کافور ملا دینا۔ اور جب تم فارغ ہو جاؤ تو مجھے بتانا۔ پس جب ہم فارغ ہوئیں تو ہم نے آپ کو اطلاع دی' آپ نے اپنی چادر ہمیں دی اور فرمایا: اسے اس میں لپیٹ دو۔

383- قَالَ سُفْيَانُ وَحَدَّثَنَاهُ اَيُّوْبُ عَنْ

حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا سے یہی روایت

381- التاريخ الكبير للبخاري' من اسمه مشرس' جلد 3' صفحه 125' رقم: 2174
المعجم الكبير للطبراني' حديث معاذ بن جبل الانصاري' جلد 20' صفحه 41' رقم: 16820
صحيح ابن حبان' باب فرض الايمان' جلد 1' صفحه 429' رقم: 200
مسند امام احمد بن حنبل' حديث معاذ بن جبل' جلد 5' صفحه 236' رقم: 22113
382- المعجم الكبير للطبراني' حديث معاذ بن جبل الانصاري' جلد 20' صفحه 45' رقم: 16829
جامع الاحاديث للسيوطي' حرف الميم' جلد 19' صفحه 299' رقم: 20808
كنز العمال للهندي' الفرع الاوّل في فضل الشهادتين' جلد 1' صفحه 47' رقم: 122
383- صحيح ابن حبان' باب بدء الخلق' جلد 14' صفحه 104' رقم: 6220
سنن ترمذي' باب ومن سورة الكهف' جلد 5' صفحه 309' رقم: 3149

حَفْصَةَ بِنْتِ سِيرِينَ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ، وَزَادَ فِيهِ قَالَتْ: وَجَعَلْنَا رَأْسَهَا ثَلَاثَةَ قُرُوْنٍ.

ایک اور سند کے ساتھ بیان کی گئی البتہ اس میں یہ الفاظ زائد ہیں: فرماتی ہیں کہ ''ہم نے آپ کی بیٹی کی تین چوٹیاں بھی بنائیں۔''

384- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيرِينَ عَنِ امْرَأَةٍ عَنْ أُخْتِهَا - وَكَانَ زَوْجُهَا قَدْ غَزَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِضْعَ عَشْرَةَ غَزْوَةً وَهِيَ مَعَهُ فِي سِتِّ غَزَوَاتٍ مِنْهَا - فَقَالَتْ: كُنَّا نُدَاوِي الْكَلْمَى وَنَقُومُ عَلَى الْمَرْضَى قَالَتْ: فَسَأَلْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ عَلَى أَحَدِنَا جُنَاحٌ إِنْ لَمْ يَكُنْ لَهَا جِلْبَابٌ أَنْ لَا تَشْهَدَ الْعِيدَ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِتُلْبِسْهَا أُخْتُهَا مِنْ جِلْبَابِهَا، وَتَشْهَدُ الْعِيدَ وَدَعْوَةَ الْمُسْلِمِينَ.

حضرت حفصہ بنت سیرین رضی اللہ عنہا ایک عورت سے ان کی بہن سے یہ روایت کرتی ہیں کہ ان کے شوہر رسول اللہ ﷺ کے ساتھ دس سے زیادہ غزوات میں شریک ہوئے اور وہ خود رسول اللہ ﷺ کے ساتھ چھ غزوات میں شریک تھیں۔ وہ کہتی ہیں کہ ہم زخمیوں کو دوائی دیا کرتی اور بیماروں کا خیال رکھا کرتی۔ وہ کہتی کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے یہ سوال کیا کہ کیا ہم میں سے کسی کو کوئی گناہ ہوگا اگر اس کے پاس چادر نہ ہو تو وہ عید کی نماز میں شریک نہ ہو؟ تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس کی بہن اپنی چادر میں سے کچھ اسے بھی پہنا دے لیکن وہ عید اور مسلمانوں کی دعا میں ضرور شریک ہو۔

385- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ فَسَأَلْنَا أُمَّ عَطِيَّةَ: هَلْ سَمِعْتِ هَذَا مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَتْ: نَعَمْ بِأَبَا -- وَكَانَتْ إِذَا حَدَّثَتْ عَنْ

حضرت حفصہ بنت سیرین رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ہم نے حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہ سے سوال کیا: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ یہ سنا ہے؟ تو انہوں نے کہا: ہاں! میرے باپ کی قسم! حضرت ام عطیہ رضی اللہ

صحیح بخاری، باب الخروج فی طلب العلم ورحلة، جلد 1، صفحه 26، رقم: 78

صحیح مسلم، باب من فضائل الخضر علیه السلام، جلد 7، صفحه 103، رقم: 6313

مسند امام احمد بن حنبل، حدیث عبد الله بن عباس، جلد 5، صفحه 116، رقم: 21147

384- الزهد لابی داؤد للسجستانی، اخبار ابن عباس، صفحه 359، رقم: 332

مصنف ابن ابی شیبة، کلام الحسن البصری، جلد 7، صفحه 199، رقم: 35312

مستدرك للحاكم، تفسير سورة الكهف، جلد 3، صفحه 441، رقم: 3395

الزهد لابن المبارك، باب، صلاح اهل البيت عند استقامة الرجل، صفحه 112، رقم: 332

385- الزهد لابن المبارك، باب صلاح اهل البيت عند استقامة الرجل، صفحه 110، رقم: 330

رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: بِأَبَا - سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَخْرِجُوا الْعَوَاتِقَ وَذَوَاتِ الْخُدُورِ فَلْيَشْهَدْنَ الْعِيدَ وَدَعْوَةَ الْمُسْلِمِينَ، وَلْيَعْتَزِلِ الْحُيَّضُ مُصَلَّى الْمُسْلِمِينَ.

عنہا کا یہ معمول تھا کہ جب بھی وہ رسول اللہ ﷺ سے روایت بیان کرتی تھیں تو یہ بھی کہتی تھیں: میرے باپ کی قسم! میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ''عید کے دن جوان پردہ دار عورتوں کو بھی نکالو وہ عید اور مسلمانوں کی دعا میں شامل ہوں سوائے حیض والی عورتوں کے کہ وہ مسلمانوں کی نماز کی جگہ سے علیحدہ رہیں۔''

47 - مُسْنَدُ فَاطِمَةَ بِنْتُ قَيْسٍ الْفِهْرِيَّةِ

مسند حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا

386- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُجَالِدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ: قَدِمَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ الْكُوفَةَ عَلَى أَخِيهَا الضَّحَّاكِ بْنِ قَيْسٍ - وَكَانَ عَامِلًا عَلَيْهَا - فَأَتَيْنَاهَا فَسَأَلْنَاهَا فَقَالَتْ: كُنْتُ عِنْدَ أَبِي عَمْرِو بْنِ حَفْصِ بْنِ الْمُغِيرَةِ فَطَلَّقَنِي فَبَتَّ طَلَاقِي وَخَرَجَ إِلَى الْيَمَنِ، فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهُ وَطَلَبْتُ النَّفَقَةَ فَقَالَ بِكُمِّهِ هَكَذَا، وَاسْتَتَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَرْأَةِ، وَرَفَعَ أَبُو بَكْرٍ كُمَّهُ فَوْقَ رَأْسِهِ: اسْمَعِي مِنِّي يَا بِنْتَ آلِ قَيْسٍ، إِنَّمَا السُّكْنَى وَالنَّفَقَةُ لِلْمَرْأَةِ إِذَا كَانَ لِزَوْجِهَا عَلَيْهَا

امام شعبی سے روایت ہے کہ حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کوفہ اپنے بھائی ضحاک بن قیس کے پاس آئیں جو وہاں کے گورنر تھے تو ہم ان کے پاس حاضر ہوئے ہم نے ان سے سوال کیا تو انہوں نے بتایا میں عمرو بن حفص کی بیوی تھی اس نے مجھے طلاق دی تو طلاق قطعی دے دی اور خود یمن چلے گئے میں رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر ہوئی اور میں نے اس بات کا ذکر کیا اور خرچ کا مطالبہ کیا تو آپ نے اپنی آستین کو اس طرح کرتے ہوئے فرمایا اور نبی اکرم ﷺ نے اس سے پردہ کیا تھا۔ امام ابوبکر حمیدی نے اپنی آستین اپنے سر پر بلند کر کے یہ کر کے دکھایا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے

386- السنن الكبرى للبيهقي، باب فى المعوذتين، جلد 2، صفحه 394، رقم: 4216

غاية المقصد في زوائد للهيثمي، باب ما جاء في المعوذتين، جلد 3، صفحه 263، رقم: 3370

مسند امام احمد بن حنبل، حديث زر بن حبيش عن ابى بن كعب، جلد 5، صفحه 130، رقم: 21227

مشكل الآثار للطحاوى، باب بيان مشكل ما روى عن رسول الله صلى الله عليه وسلم فى المعوذتين، جلد 1، صفحه 118، رقم: 99

رَجْعَةٌ، فَإِذَا لَمْ يَكُنْ لَهُ عَلَيْهَا رَجْعَةٌ فَلَا سُكْنَى لَهَا وَلَا نَفَقَةَ . ثُمَّ قَالَ لِي: اعْتَدِّي عِنْدَ أُمِّ شَرِيكٍ بِنْتِ أَبِي الْعَكَرِ . ثُمَّ قَالَ: تِلْكَ امْرَأَةٌ يَتَحَدَّثُ عِنْدَهَا، اعْتَدِّي عِنْدَ ابْنِ أُمِّ مَكْتُومٍ، فَإِنَّهُ رَجُلٌ مَحْجُوبُ الْبَصَرِ فَتَضَعِينَ ثِيَابَكِ فَلَا يَرَاكِ .

قیس کی اولاد! رہائش اور نفقہ کا حق اس عورت کو ملتا ہے جب اس کے شوہر کو اس سے رجوع کرنے کا حق ہو لیکن جب شوہر کے لیے اس میں رجوع کرنے کا حق نہ ہو تو عورت کو رہائش اور نفقہ کا حق نہیں ملے گا۔ پھر آپ نے مجھے فرمایا: تم ام شریک بنت ابوالعقر رضی اللہ عنہ کے پاس عدت گزارو۔ پھر ارشاد فرمایا: وہ ایک ایسی عورت ہے جس کے پاس لوگوں کا آنا جانا لگا رہتا ہے' تم ابن ام مکتوم کے پاس عدت گزارو کیونکہ وہ نابینا آدمی ہے۔ اگر تم اپنی چادر بھی اتار دو گی تو وہ تمہیں دیکھ نہیں سکے گا۔

387- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُجَالِدُ بْنُ سَعِيدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ: قَدِمَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ الْفِهْرِيَّةُ الْكُوفَةَ عَلَى أَخِيهَا الضَّحَّاكِ بْنِ قَيْسٍ – وَكَانَ قَدِ اسْتُعْمِلَ عَلَيْهَا – فَأَتَيْنَاهَا نَسْأَلُهَا فَقَالَتْ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَحْرِ الظَّهِيرَةِ فَقَالَ: إِنِّي لَمْ أَخْطُبْكُمْ لِرَغْبَةٍ وَلَا لِرَهْبَةٍ وَلَكِنْ لِحَدِيثٍ حَدَّثَنِيهِ تَمِيمٌ الدَّارِيُّ مَنَعَنِي سُرُورُهُ الْقَائِلَةَ، حَدَّثَنِي تَمِيمٌ الدَّارِيُّ عَنْ بَنِي عَمٍّ لَهُ أَنَّهُمْ أَقْبَلُوا فِي الْبَحْرِ مِنْ نَاحِيَةِ الشَّامِ فَأَصَابَتْهُمْ فِيهِ رِيحٌ عَاصِفٌ فَأَلْجَأَتْهُمْ إِلَى جَزِيرَةٍ فِي الْبَحْرِ، فَإِذَا هُمْ فِيهَا بِدَابَّةٍ أَهْدَبِ الْقُبَالِ فَقُلْنَا: مَا أَنْتِ يَا دَابَّةُ؟ فَقَالَتْ: أَنَا الْجَسَّاسَةُ . فَقُلْنَا: أَخْبِرِينَا . فَقَالَتْ: مَا أَنَا بِمُخْبِرَتِكُمْ وَلَا مُسْتَخْبِرَتِكُمْ شَيْئًا، وَلَكِنْ فِي هَذَا الدَّيْرِ رَجُلٌ بِالْأَشْوَاقِ إِلَى أَنْ يُخْبِرَكُمْ وَتُخْبِرُونَهُ.

امام شعبی سے روایت ہے کہ حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہ کوفہ میں اپنے بھائی حضرت ضحاک بن قیس رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائیں جنہیں وہاں کا گورنر بنایا گیا تھا۔ تو ہم ان کی خدمت میں ان سے یہ پوچھنے کے لیے گئے' انہوں نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے عین دوپہر کے وقت ہمیں خطبہ دیا۔ آپ نے ارشاد فرمایا: میں نے تمہیں کسی چیز کی رغبت دلانے کے لیے یا کسی چیز سے ڈرانے کے لیے خطبہ نہیں دیا بلکہ ایک واقعہ کی وجہ سے میں تمہیں خطبہ دے رہا ہوں جو تمیم داری نے مجھے بتایا ہے۔ اور اس نے مجھے قیلولہ کرنے سے روک دیا ہے۔ تمیم داری نے اپنے چچا زاد سے یہ بیان کیا کہ وہ سمندر میں سفر کرتے ہوئے شام کی طرف جا رہے تھے کہ اسی دوران تیز ہوا چلنے لگی تو سمندر میں موجود ایک جزیرے پر پناہ لی تو وہاں ایک لمبی بھنووں والا جانور تھا ہم نے کہا: اے جانور! تم کیا چیز ہو؟ اس نے جواب دیا:

387- صحیح مسلم' باب فضل لیلة القدر والحث علیها' جلد 1' صفحه 431' رقم:726

المسند المستخرج على صحيح الامام مسلم' باب في علامة ليلة القدر' جلد 3' صفحه 257' رقم:2671

فَدَخَلْنَا الدَّيْرَ فَإِذَا نَحْنُ بِرَجُلٍ أَعْوَرَ مُوثَقٍ بِالسَّلَاسِلِ يُظْهِرُ الْحُزْنَ كَثِيرَ التَّشَكِّي، فَلَمَّا رَآنَا قَالَ: أَفَاتَّبَعْتُمْ؟ فَأَخْبَرْنَاهُ فَقَالَ: مَا فَعَلَتْ بُحَيْرَةُ الطَّبَرِيَّةِ ؟ قُلْنَا: عَلَى حَالِهَا يَسْقِي أَهْلُهَا مِنْ مَائِهَا وَنَسْقِي زَرْعَهُمْ.

قَالَ: فَمَا فَعَلَ نَخْلٌ بَيْنَ عَمَّانَ وَبَيْسَانَ؟ فَقَالُوا: يُطْعِمُ جَنَاهُ كُلَّ عَامٍ. قَالَ: فَمَا فَعَلَتْ عَيْنُ زُغَرَ؟ قَالُوا: يَشْرَبُ مِنْهَا أَهْلُهَا وَيَسْقُونَ مِنْهَا مَزَارِعَهُمْ. قَالَ: فَلَوْ يَبِسَتْ هَذِهِ انْفَلَتُّ مِنْ وَثَاقِي هَذَا، فَلَمْ أَدَعْ بِقَدَمَيَّ هَاتَيْنِ مَنْهَلًا إِلَّا وَطِئْتُهُ إِلَّا الْمَدِينَةَ . ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : فَإِلَى هَذَا انْتَهَى سُرُورِي . ثُمَّ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا مِنْهَا شُعْبَةٌ إِلَّا وَعَلَيْهَا مَلَكٌ شَاهِرٌ سَيْفَهُ يَرُدُّهُ مِنْ أَنْ يَدْخُلَهَا .

میں جساسہ ہوں' ہم نے کہا: تم ہم کو کچھ بتاؤ! اس نے کہا: نہ تو میں تمہیں کچھ بتاؤں گی اور نہ ہی میں تم سے کچھ پوچھنا چاہتی ہوں۔ البتہ اس عبادت گاہ میں ایک آدمی ہے جو اس بات کا خواہش مند ہے کہ وہ تمہیں کچھ بتائے اور تم اسے کچھ بتاؤ!

ہم اس عبادت گاہ میں داخل ہوئے تو وہاں ایک کانا آدمی موجود تھا جو بیڑیوں میں جکڑا ہوا تھا اور غم کا اظہار کر رہا تھا وہ بہت زیادہ شکایت کر رہا تھا' جب اس نے ہمیں دیکھا تو کہنے لگا: کیا تم لوگوں نے (رسول اللہ ﷺ کی) پیروی کر لی ہے؟ ہم نے اسے اس بارے میں بتایا۔ تو اس نے کہا: بحیرہ طبریہ کا کیا حال ہے؟ ہم نے کہا: وہ اپنی اصل حالت میں ہے' اس کے آس پاس کے لوگ اس کے پانی سے سیراب ہوتے ہیں اور اپنے کھیتوں کو بھی سیراب کرتے ہیں۔

اس نے کہا: عمان اور بیسان کے درمیان موجود کھجوروں کے باغ کیسے ہیں؟ تو ان لوگوں نے بتایا: وہ ہر سال اپنا پھل دیتے ہیں' اس نے پوچھا: "زرع" کا چشمہ کیسا ہے؟ لوگوں نے کہا کہ وہاں کے مکین اس کا پانی پیتے ہیں اور اپنے کھیتوں کو سیراب کرتے ہیں۔ تو وہ کہنے لگا: اگر یہ خشک ہو جائے تو میں اپنی ان زنجیروں سے آزاد ہو جاؤں گا اور پھر میں پوری زمین کو اپنے قدموں تلے روندوں گا صرف مدینہ میں نہیں جا سکوں گا۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس بات پر میں بہت خوش ہوا ہوں۔ پھر آپ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! یہاں کے

المعجم الکبیر للطبرانی' حدیث عبد اللہ بن مسعود الھذلی' جلد 9' صفحه 317' رقم:9585

ہر ایک راستے پر ایک فرشتہ تلوار تانے کھڑا ہے جو اس کو اس میں داخل ہونے سے روک دے گا۔

388- قَالَ الشَّعْبِيُّ فَلَقِيتُ الْمُحَرَّرَ بْنَ اَبِي هُرَيْرَةَ فَحَدَّثَنِي بِهِ عَنْ اَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَزَادَ فِيهِ: وَمَكَّةَ . وَقَالَ: مِنْ نَحْوِ الْمَشْرِقِ وَمَا هُوَ مِنْ نَحْوِ الْمَشْرِقِ وَمَا هُوَ مِنْ نَحْوِ الْمَشْرِقِ مَا هُوَ .

امام شعبی فرماتے ہیں کہ بعد میں میری ملاقات حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے بیٹے محرر سے ہوئی تو انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ سے یہی حدیث مجھے سنائی' البتہ انہوں نے اس میں یہ الفاظ زائد بیان کیے: اور مکہ میں' اور یہ بھی کہا کہ یہ مشرق کی سمت سے ہوگا اور وہ کیا ہے؟ جو مشرق کی سمت سے ہوگا وہ کیا ہے؟

389- قَالَ الشَّعْبِيُّ: فَلَقِيتُ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ فَحَدَّثَنِي بِهِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ ذٰلِكَ.

امام شعبی فرماتے ہیں کہ میری ملاقات حضرت قاسم بن محمد سے ہوئی تو انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی رسول اللہ ﷺ سے اسی کی مانند روایت بیان کی۔

48 - مُسْنَدُ اَسْمَاءَ بِنْتَ يَزِيْدَ الْاَشْهَلِيَّةَ

مسند حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا

390- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا سے روایت

388- صحیح مسلم' باب فضل کثرة الخطا الی المسجد' صفحه 311' رقم:663
السنن الصغرٰی للبیهقی' باب فضل الصلاة بالجماعة' جلد 1' صفحه 164' رقم:471
المستدرك للحاكم' كتاب الامامة وصلاة الجماعة' جلد 1' صفحه 289' رقم:766
المعجم الكبير للطبرانی' اسند اوس بن اوس الثقفی' جلد 1' صفحه 214' رقم:587
سنن نسائی' باب المحافظة علی الصلوات الخمس حيث ينادی بهن' جلد 11' صفحه 297' رقم:922
390- الادب المفرد للبخاری' باب هجرة المسلم' صفحه 144' رقم:398
الآداب للبیهقی' باب فی هجرة المسلم اخاه فی الدين' جلد 1' صفحه 134' رقم:228
اتحاف الخيره المهرة ' باب ما جاء فی التهاجر' جلد 6' ص56فحه ' رقم:5324
المعجم الاوسط للطبرانی' باب من اسمه محمود' جلد 8' صفحه 31' رقم:7871

قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي حُسَيْنٍ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ اَنَّهُ سَمِعَ اَسْمَاءَ بِنْتَ يَزِيدَ بْنِ سَكَنٍ تَقُولُ: حَدَّثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدَّجَّالِ، فَقَرَّبَ اَمْرَهُ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي لَاَعْجِنُ لِاَهْلِي الْعَجِينَ فَمَا اَظُنُّ اَنْ يَبْلُغَ حَتّٰى يَخْرُجَ . فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِنْ يَخْرُجْ وَاَنَا فِيكُمْ فَاَنَا حَجِيجُهُ دُونَكُمْ، وَاِنْ يَخْرُجْ بَعْدِي فَاللّٰهُ خَلِيفَتِي عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ .

ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں دجال کے متعلق بتایا تو آپ نے اس کے حال کو قریب کر کے بیان کیا۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں اپنے گھر والوں کے لیے آٹا گوندھ کے آئی ہوں اور مجھے ایسا لگ رہا ہے کہ میرے وہاں سے پہنچنے تک ہی دجال وہاں سے نکل آئے گا۔ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر وہ اس وقت وہاں سے نکلا جب میں ان کے درمیان موجود ہوا تو میں تمہاری طرف سے اس سے مقابلہ کروں گا اور اگر وہ میرے بعد نکلا تو میری جگہ اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کا محافظ ہو گا۔

391- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي حُسَيْنٍ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيدَ بْنِ سَكَنٍ اَنَّهُ سَمِعَهَا تَقُولُ: مَرَّ بِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا فِي نِسْوَةٍ فَسَلَّمَ عَلَيْنَا ثُمَّ قَالَ: اِيَّاكُنَّ وَكُفْرَ الْمُنْعَمِينَ . قُلْتُ: وَمَا كُفْرُ الْمُنْعَمِينَ؟ قَالَ: لَعَلَّ اِحْدَاكُنَّ اَنْ تَطُولَ اَيْمَتُهَا بَيْنَ اَبَوَيْهَا وَتَعْنُسَ، ثُمَّ يَرْزُقُهَا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ زَوْجًا فَيَرْزُقُهَا مِنْهُ مَالًا وَوَلَدًا فَتَغْضَبُ الْغَضْبَةَ فَتَكْفُرُهَا فَتَقُولُ: مَا رَاَيْتُ مِنْكَ كَانَ يَوْمٌ بِخَيْرٍ قَطُّ .

حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ میرے پاس سے گزرے' میرے پاس کچھ عورتیں بیٹھی ہوئی تھیں' آپ نے ہمیں سلام کیا' پھر آپ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ انعام دینے والوں کی ناشکری کرنے سے اپنے آپ کو بچاؤ۔ میں نے عرض کی: کیا مطلب ہے؟ آپ نے ارشاد فرمایا: کوئی عورت بیوہ یا مطلقہ ہونے کے بعد یا شادی سے پہلے ایک عرصے تک اپنے ماں باپ کے پاس رہتی ہے پھر اللہ تعالیٰ اسے شوہر عطا کر دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس کی طرف سے اسے مال اور اولاد عطا فرماتا ہے لیکن اس کو غصہ آ جاتا ہے اور وہ اس کی ناشکری کرتی

سنن ابوداؤد' باب فیمن یهجر اخاه المسلم' جلد 4' صفحه 430' رقم:4912
391- صحیح بخاری' باب قبلة اهل المدينة واهل الشام والمشرق' جلد 1' صفحه 187' رقم:394
صحیح مسلم' باب الاستطابة' جلد 1' صفحه 211' رقم:264
سنن ترمذی' باب فی النهی عن استقبال القبلة بغائط او بول' جلد 1' صفحه 5' رقم:8
السنن الكبرٰی للبیهقی' باب النهی عن استقبال' جلد 1' صفحه 91' رقم:436
المعجم الصغير للطبرانی' من اسمه علی' جلد 1' صفحه 333' رقم:552

ہے اور یہ کہتی ہے کہ تیری طرف سے مجھے ایک دن
بھلائی نہیں پہنچی۔

392- حدثنا الحميدي وسقط من كتاب الشيخ سفيان ولا بد منه قال حدثنا ابن ابي الحسين عن شهر بن حوشب قال: اتيت اسماء بنت يزيد فقربت الي قناعا فيه تمر او رطب فقالت: كل. فقلت: لا اشتهيه.

فصاحت بي فقالت: كل فاني انا التي قينت عائشة لرسول الله صلى الله عليه وسلم فاتيته بها فاجلستها عن يمينه، فاتي النبي صلى الله عليه وسلم باناء فيه لبن فشرب، ثم ناولها فطاطات راسها واستحيت فقلت: خذي من يد رسول الله صلى الله عليه وسلم فاخذت فشربت ثم قال لها: ناولي تربك . فقلت: بل انت، فاشرب يا رسول الله ثم ناولني. فشرب ثم ناولني فادرت الاناء لاضع فمي على موضع فيه ثم قال: اعطي صواحباتك . فقلن: لا نشتهيه . فقال النبي صلى الله عليه وسلم : لا تجمعن كذبا وجوعا . قالت: فابصر رسول الله صلى الله عليه وسلم على احداهن سوارا من ذهب فقال: اتحبين ان يسورك الله عز وجل مكانه سوارا من نار ؟ . قالت:

حضرت شہر بن حوشب سے روایت ہے کہ میں حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا کے پاس حاضر ہوا خشک اور تازہ کھجوروں سے بھرا ایک ٹوکرا میری طرف کیا اور کہا: تم کھاؤ! میں نے عرض کی: مجھے اس کی تمنا نہیں۔

تو انہوں نے بلند آواز میں مجھ سے فرمایا: تم کھاؤ! میں وہ عورت ہوں جس نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو رسول اللہ ﷺ کے لیے سنوارا تھا۔ میں ان کو سا لے کر رسول اللہ ﷺ کے پاس آئی' میں نے انہیں آپ کے دائیں طرف بٹھا دیا' پھر نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک برتن لایا گیا جس میں دودھ تھا' آپ نے اسے پیا پھر آپ نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرف بڑھایا تو انہوں نے اپنا سر جھکا لیا اور شرما گئیں۔ میں نے کہا: تم رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ سے اسے لے لو انہوں نے اسے لے کر پی لیا' پھر آپ نے ان سے فرمایا: تم اسے اپنی ہم عمر لڑکیوں کی طرف پہنچا دو۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ اسے پیجئے پھر مجھے دے دیجئے گا' تو آپ نے اسے پیا پھر آپ نے مجھے دے دیا میں نے برتن کو پھیرا اس لیے کہ میں بھی برتن کے اس

392- سنن ابوداؤد' باب المحرم يغتسل' جلد 2' صفحه 106' رقم:1842
المعجم الكبير للطبراني' حديث زيد بن كليب ابو ايوب' جلد 4' صفحه 152' رقم:3981
سنن ابن ماجه ' باب المحرم يغسل رأسه ' جلد 2' صفحه 978' رقم:2934
سنن الكبرىٰ للبيهقي' باب الاغتسال بعد الاحرام' جلد 5' صفحه 63' رقم:8914
سنن الدارمي' باب الاغتسال في الاحرام' جلد 2' صفحه 48' رقم:1793

فاعتونا عليه حتى نزعناه فرمينا به، فما ندري اين هو حتى الساعة؟ ثم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : اما يكفي احداكن ان تتخذ جمانا من فضة، ثم تاخذ شيئا من زعفران فتديفه، ثم تلطخه عليه فاذا هو كانه ذهب .

حصے سے پیوں جہاں رسول اللہ ﷺ کے لب مبارک لگے ہیں۔ پھر آپ نے ارشاد فرمایا: تم اپنی سہیلیوں کو بھی دو۔ انہوں نے کہا: ہمیں اس کی چاہت نہیں ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم غلط کہہ رہی ہو' بھوک کو جمع نہ کرو۔ وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ان لڑکیوں میں سے ایک کے ہاتھ میں سونے کے کنگن دیکھے تو ارشاد فرمایا: کیا تم اس بات کو پسند کرتی ہو کہ اللہ تعالیٰ اس کی جگہ آگ سے بنے ہوئے کنگن تمہیں پہنائے۔ وہ کہتی ہیں کہ تو ہم نے اسے اتار دیا اور ایک طرف رکھ دیا ہمیں نہیں معلوم کہ اب وہ کہاں ہو گا۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا کسی عورت کے لیے یہ کافی نہیں کہ وہ چاندی کا بنا ہوا دانہ لے لے اور پھر تھوڑا سا زعفران لے اور وہ دانہ اس میں ملا دے اور اسے اس پر پالش کر دے تو وہ سونے کی طرح ہو جائے گا۔

393- حدثنا الحميدي قال حدثنا سفيان قال حدثنا ابن ابي الحسين عن شهر بن حوشب انه سمع اسماء بنت يزيد تقول: بايعت رسول الله صلى الله عليه وسلم في نسوة فقال: فيما استطعتن واطقتن . فقلنا: يا رسول الله بايعنا . فقال: اني لا اصافحكن، انما اخذ عليكن ما اخذ الله عز وجل .

حضرت شہر بن حوشب سے روایت ہے کہ میں نے حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا کہ میں نے چند عورتوں کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی بیعت کی' آپ نے ارشاد فرمایا: جہاں تک تمہاری ہمت اور طاقت ہو۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ ہم سے بیعت لے لیں۔ فرمایا: میں تمہارے ساتھ ہاتھ نہیں ملاؤں گا۔ میں نے تم سے وہ عہد لیا ہے

393- سنن ابوداؤد' باب في صوم ستة ايام من شوال' جلد 2' صفحه 299' رقم:2435
المعجم الاوسط للطبراني' من اسمه القاسم' جلد 5' صفحه 171' رقم:4979
معرفة السنن والآثار للبيهقي' باب صوم ستة ايام من شوال' جلد 7' صفحه 305' رقم:2744
معرفة الصحابة لابي نعيم' من اسمه غنام ابو عبد الرحمٰن' جلد 4' صفحه 555' رقم:5074
مصنف ابن ابي شيبة ' باب ما قالوا في صام ستة ايام من شوال' جلد 3' صفحه 97' رقم:9816

جو اللہ عزوجل نے لینا تھا۔

احادیث رجال الانصار

49 - مُسْنَدُ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ

394- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ أَخْبَرَنِي مَنْ شَهِدَ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ حِينَ حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ يَقُولُ: اكْشِفُوا عَنِّي سِجْفَ الْقُبَّةِ حَتَّى أُحَدِّثَكُمْ حَدِيثًا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَمْنَعْنِي أَنْ أُحَدِّثَكُمْ إِلَّا أَنْ تَتَّكِلُوا عَنِ الْعَمَلِ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ قَالَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ مُخْلِصًا مِنْ قَلْبِهِ أَوْ يَقِينًا مِنْ قَلْبِهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَلَمْ تَمَسَّهُ النَّارُ.

انصاری حضرات کی روایات

مسند حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے اس آدمی نے یہ بات بتائی ہے جو حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کے وصال کے وقت ان کے پاس موجود تھا کہ حضرت معاذ نے فرمایا: تم لوگ خیمے کا پردہ ایک طرف کرو تا کہ میں تمہیں ایک حدیث سناؤں جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی تھی۔ یہ حدیث میں نے تم سے پہلے اس لیے نہیں بیان کی تھی کہ کہیں تم عمل کرنے سے لاپرواہ نہ ہو جاؤ۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ "جو شخص دل کے اخلاص کے ساتھ یا دل کے یقین کے ساتھ لا الہ الا اللہ" پڑھے گا وہ جنت میں داخل ہوگا اور اسے آگ نہیں چھوئے گی۔"

395- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ الْأَهْوَازِيُّ أَبُو هَمَّامٍ قَالَ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "جو شخص اس ما

394- سنن ابوداؤد، باب صوم ستة ایام من شوال، جلد 3، صفحه 273، رقم: 2433
صحیح مسلم، باب استحباب صوم ستة ایام من شوال اتباعا لرمضان، جلد 2، صفحه 147، رقم: 1167
المعجم الاوسط للطبرانی، من اسمه القاسم، جلد 5، صفحه 171، رقم: 4979
سنن ابوداؤد، باب فی صوم ستة ایام من شوال، جلد 2، صفحه 299، رقم: 2435
سنن نسائی، باب صیام ستة ایام من شوال، جلد 2، صفحه 163، رقم: 2863
395- سنن ابوداؤد، باب صوم ستة ایام من شوال، جلد 3، صفحه 273، رقم: 2433
صحیح مسلم، باب استحباب صوم ستة ایام من شوال اتباعا لرمضان، جلد 2، صفحه 147، رقم: 1167

عُبَيْدٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ هَصَّانَ بْنِ كَاهِلٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ نَفْسٍ تَمُوتُ تَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنِّي رَسُولُ اللَّهِ يَرْجِعُ ذَلِكَ إِلَى قَلْبٍ مُوقِنٍ إِلَّا غَفَرَ اللَّهُ لَهُ.

میں فوت ہو کہ وہ اس بات کی گواہی دیتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کے سوا معبود نہیں ہے اور میں اللہ کا رسول ﷺ ہوں اور وہ قلبی یقین کے ساتھ واپس جائے تو اللہ تعالیٰ اس کی بخشش فرما دے گا۔"

50 - مُسْنَدُ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ

396- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: إِنَّ نَوْفًا الْبِكَالِيَّ يَزْعُمُ أَنَّ مُوسَى صَاحِبَ الْخَضِرِ لَيْسَ مُوسَى بَنِي إِسْرَائِيلَ، إِنَّمَا هُوَ مُوسَى آخَرُ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: كَذَبَ عَدُوُّ اللَّهِ، حَدَّثَنَا أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: قَامَ مُوسَى خَطِيبًا فِي بَنِي إِسْرَائِيلَ فَسُئِلَ أَيُّ النَّاسِ أَعْلَمُ؟ فَقَالَ: أَنَا أَعْلَمُ. فَعَتَبَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَيْهِ إِذْ لَمْ يَرُدَّ الْعِلْمَ إِلَيْهِ. فَقَالَ: إِنَّ لِي عَبْدًا بِمَجْمَعِ الْبَحْرَيْنِ هُوَ أَعْلَمُ مِنْكَ. قَالَ مُوسَى: أَيْ رَبِّ فَكَيْفَ لِي بِهِ؟ قَالَ: تَأْخُذُ حُوتًا فَتَجْعَلُهُ فِي مِكْتَلٍ ثُمَّ تَنْطَلِقُ، فَحَيْثُمَا فَقَدْتَ الْحُوتَ فَهُوَ ثَمَّ. فَأَخَذَ حُوتًا فَجَعَلَهُ فِي مِكْتَلٍ ثُمَّ انْطَلَقَ، وَانْطَلَقَ مَعَهُ بِفَتَاهُ يُوشَعَ بْنِ نُونٍ

مسند حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ

حضرت سعید بن جبیر سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے کہا: نوف بکالی کا یہ گمان ہے کہ جن حضرت موسیٰ علیہ السلام کی حضرت خضر علیہ السلام کے ساتھ ملاقات ہوئی تھی۔ وہ بنی اسرائیل والے حضرت موسیٰ علیہ السلام نہیں ہیں بلکہ یہ کوئی دوسرے حضرت موسیٰ ہیں' تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اللہ کے دشمن نے جھوٹ کہا ہے۔ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے مجھ سے یہ حدیث بیان کی ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ ایک مرتبہ حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل میں کھڑے خطبہ دے رہے تھے' ان سے سوال کیا گیا کہ لوگوں میں اس وقت سب سے زیادہ عالم کون ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: میں سب سے بڑا عالم ہوں' تو اس بات پر اللہ عزوجل نے ان پر عتاب

المعجم الاوسط للطبرانی، من اسمه القاسم، جلد 5، صفحه 171، رقم: 4979
سنن ابوداؤد، باب فی صوم ستة ایام من شوال، جلد 2، صفحه 299، رقم: 2435
سنن نسائی، باب صیام ستة ایام من شوال، جلد 2، صفحه 163، رقم: 2863
396- صحیح بخاری، باب من جمع بینهما ولم یتطوع، جلد 2، صفحه 439، رقم: 1674

حَتّٰی اِذَا انْتَهٰی اِلَی الصَّخْرَةِ وَضَعَا رُءُ وْسَهُمَا فَنَامَا فَاضْطَرَبَ الْحُوتُ فِی الْمِكْتَلِ فَخَرَجَ مِنْهُ فَسَقَطَ فِی الْبَحْرِ (فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِی الْبَحْرِ سَرَبًا) وَاَمْسَكَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَنِ الْحُوتِ جِرْيَةَ الْمَاءِ فَصَارَ عَلَيْهِ مِثْلُ الطَّاقِ، فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ مُوسَى نَسِیَ صَاحِبُهٗ اَنْ يُّخْبِرَهٗ بِالْحُوتِ، فَانْطَلَقَا بَقِيَّةَ يَوْمِهِمَا وَلَيْلَتِهِمَا حَتّٰی اِذَا كَانَ مِنَ الْغَدِ قَالَ مُوسَى لِفَتَاهُ (آتِنَا غَدَائَنَا لَقَدْ لَقِينَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا) قَالَ: وَلَمْ يَجِدْ مُوسَى النَّصَبَ حَتّٰی جَاوَزَ الْمَكَانَ الَّذِی اَمَرَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهٖ، فَقَالَ لَهٗ فَتَاهُ (اَرَاَيْتَ اِذْ اَوَيْنَا اِلَی الصَّخْرَةِ فَاِنِّی نَسِيْتُ الْحُوتَ وَمَا اَنْسَانِيهُ اِلَّا الشَّيْطَانُ اَنْ اَذْكُرَهٗ وَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِی الْبَحْرِ عَجَبًا) قَالَ: وَكَانَ لِلْحُوتِ سَرَبًا وَلِمُوسَى وَفَتَاهُ عَجَبًا . فَقَالَ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ (ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ فَارْتَدَّا عَلٰی اٰثَارِهِمَا قَصَصًا) قَالَ: رَجَعَا يَقُصَّانِ اٰثَارَهُمَا حَتّٰی انْتَهَيَا اِلَی الصَّخْرَةِ فَاِذَا رَجُلٌ مُّسَجًّى ثَوْبًا فَسَلَّمَ عَلَيْهِ مُوسَى، فَقَالَ الْخَضِرُ: وَاَنّٰی بِاَرْضِكَ السَّلَامُ؟ قَالَ: اَنَا مُوسَى . قَالَ: مُوسَى بَنِی اِسْرَائِيلَ ؟ قَالَ: نَعَمْ، اَتَيْتُكَ لِتُعَلِّمَنِی مِمَّا عُلِّمْتَ رَشَدًا. قَالَ الْخَضِرُ (اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِیَ صَبْرًا) يَا مُوسَى اِنِّی عَلٰی عِلْمٍ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ عَلَّمَنِيهِ لَا تَعْلَمُهٗ، وَاَنْتَ عَلٰی عِلْمٍ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ عَلَّمَكَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَا اَعْلَمُهٗ. فَقَالَ لَهٗ مُوسَى (سَتَجِدُنِی اِنْ شَاءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَلَا اَعْصِی لَكَ اَمْرًا) قَالَ الْخَضِرُ (فَاِنِ اتَّبَعْتَنِی فَلَا تَسْاَلْنِی عَنْ شَیْءٍ حَتّٰی اُحْدِثَ لَكَ

فرمایا کہ انہوں نے علم کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کیوں نہیں کی۔ (اللہ تعالیٰ نے) فرمایا: دوسمندروں کی جگہ پر میرا ایک بندہ ہے جو تم سے زیادہ عالم ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: اے میرے رب! میں اس تک کیسے پہنچ سکتا ہوں۔ فرمایا: تم ایک مچھلی لو اسے ایک برتن میں رکھو اور پھر چل پڑو جہاں تم مچھلی کو گم کر بیٹھو گے وہی جگہ ہو گی۔ پس انہوں نے مچھلی لی اور اسے ایک برتن میں رکھا اور چل پڑے۔ ان کے ساتھ ان کے نوجوان ساتھی یوشع بن نون بھی تھے۔ حتیٰ کہ جب وہ چٹان کے پاس پہنچے تو ان دونوں نے اپنا سر رکھا اور سو گئے' وہ مچھلی اس برتن میں تڑپی اور اس سے نکل کر سمندر میں چلی گئی۔ ''تو اس نے سمندر میں اپنا راستہ بنا لیا۔'' اللہ عزوجل نے اس مچھلی کے لیے پانی کے بہاؤ کو روک دیا اور وہ سمندر اس کے لیے طاق کی مثل ہو گیا۔ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام بیدار ہوئے تو ان کے ساتھی انہیں مچھلی کے بارے میں بتانا بھول گئے' پس یہ دونوں اس دن کا باقی حصہ اور آگے آنے والی رات بھر مسلسل چلتے رہے حتیٰ کہ جب اگلا دن آیا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے ساتھی سے کہا: ''تم ہمارا کھانا لے کر آؤ' ہمیں اپنے اس سفر سے بڑی تکلیف کا سامنا کرنا پڑا ہے''۔ آپ فرماتے ہیں کہ حالانکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے تھکاوٹ اس وقت تک محسوس نہیں کی جب تک وہ اس مقام سے آگے نہیں گزر گئے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے انہیں حکم دیا تھا۔ تو ان کے ساتھی نے ان سے عرض کی: ''آپ نے دیکھا نہیں کہ جب ہم چٹان کے پاس آئے

مِنْهُ ذِكْرًا) فَانْطَلَقَا يَمْشِيَانِ عَلٰی سَاحِلِ الْبَحْرِ فَمَرَّتْ بِهِمْ سَفِينَةٌ فَكَلَّمُوهُمْ اَنْ يَّحْمِلُوهُمْ، فَعَرَفُوا الْخَضِرَ فَحَمَلُوهُمْ بِغَيْرِ نَوْلٍ، فَلَمَّا رَكِبَا السَّفِينَةَ لَمْ يَفْجَاْ مُوسَى اِلَّا وَالْخَضِرُ قَدْ قَلَعَ لَوْحًا مِّنْ اَلْوَاحِ السَّفِينَةِ بِالْقَدُومِ، فَقَالَ مُوسَى: قَوْمٌ حَمَلُونَا بِغَيْرِ نَوْلٍ عَمَدْتَ اِلٰی سَفِينَتِهِمْ فَخَرَقْتَهَا لِيَغْرَقَ اَهْلُهَا (لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا اِمْرًا) قَالَ الْخَضِرُ (اَلَمْ اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِیَ صَبْرًا) قَالَ لَهٗ مُوسَى: لَا تُؤَاخِذْنِی بِمَا نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِی مِنْ اَمْرِی عُسْرًا . قَالَ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : فَكَانَتِ الْاُولٰی مِنْ مُوسَى نِسْيَانًا – قَالَ – وَجَاءَ عُصْفُورٌ فَوَقَعَ عَلٰی حَرْفِ السَّفِينَةِ فَنَقَرَ فِی الْبَحْرِ نَقْرَةً، فَقَالَ لَهُ الْخَضِرُ: مَا نَقَصَ عِلْمِی وَعِلْمُكَ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ اِلَّا مِثْلَ مَا نَقَصَ هٰذَا الْعُصْفُورُ مِنْ هٰذَا الْبَحْرِ . ثُمَّ خَرَجَا مِنَ السَّفِينَةِ فَبَيْنَا هُمَا يَمْشِيَانِ عَلَى السَّاحِلِ اِذْ اَبْصَرَ الْخَضِرُ غُلَامًا يَلْعَبُ فِی الْغِلْمَانِ، فَاَخَذَ الْخَضِرُ بِرَاْسِهٖ فَاقْتَلَعَهٗ بِيَدِهٖ فَقَتَلَهٗ، قَالَ لَهٗ مُوسَى: اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَاكِيَةً بِغَيْرِ نَفْسٍ، لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُكْرًا ؟ قَالَ: اَلَمْ اَقُلْ لَكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِیَ صَبْرًا؟ قَالَ وَهٰذِهٖ اَشَدُّ مِنَ الْاُولٰی . قَالَ: اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَیْءٍ بَعْدَهَا فَلَا تُصَاحِبْنِی قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّی عُذْرًا . قَالَ: فَانْطَلَقَا حَتّٰی اِذَا اَتَيَا اَهْلَ قَرْيَةٍ اسْتَطْعَمَا اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوهُمَا، فَوَجَدَا فِيهَا جِدَارًا يُرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ – قَالَ: مَائِلٌ – فَقَالَ الْخَضِرُ بِيَدِهٖ هٰكَذَا فَاَقَامَهٗ، فَقَالَ مُوسَى: قَوْمٌ اَتَيْنَاهُمْ وَلَمْ يُطْعِمُونَا وَلَمْ

تھے تو وہاں میں مچھلی بھول گیا تھا اور یہ بات شیطان نے مجھے بھلائی تھی کہ میں اس کا آپ سے ذکر کرتا۔ اس نے عجیب طریقے سے سمندر میں راستہ بنا لیا تھا۔'' آپ فرماتے ہیں کہ مچھلی کے لیے یہ سرنگ تھا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لیے اور ان کے ساتھی کے لیے یہ عجیب بات تھی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: ''ہم وہی تو چاہتے تھے پس یہ دونوں حضرات الٹے پاؤں وہاں سے واپس آئے۔'' آپ (رسول اللہ) فرماتے ہیں: یہ دونوں حضرات اپنے پاؤں کے نشانات دیکھتے ہوئے واپس آئے اور اس چٹان تک آ گئے تو وہاں ایک شخص موجود تھا جس نے اپنے اوپر چادر تان رکھی تھی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اسے سلام کیا تو حضرت خضر علیہ السلام بولے: تمہاری اس جگہ یہ سلام کہاں سے آ گیا۔ فرمایا کہ میں موسیٰ ہوں۔ انہوں نے کہا: بنی اسرائیل حضرت موسیٰ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا: جی ہاں! میں آپ کے پاس اس لیے آیا ہوں تا کہ آپ مجھے اس چیز کی تعلیم دیں جس بھلائی کی آپ کو تعلیم دی گئی ہے تو حضرت خضر علیہ السلام نے کہا: ''آپ میرے ساتھ رہ کر صبر نہیں کر سکیں گے۔'' اے موسیٰ! مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک ایسا علم عطا کیا گیا ہے جو اللہ عزوجل نے مجھے عطا کیا ہے۔ آپ اس سے واقف نہیں ہیں اور جو آپ کو اللہ عزوجل کی طرف سے علم عطا کیا گیا ہے وہ اللہ عزوجل نے آپ کو عطا کیا ہے' اس سے میں واقف نہیں ہوں' تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان سے کہا: ''اگر اللہ نے چاہا تو آپ مجھے صبر کرنے والا پائیں

يُصَيِّفُوْنَا (لَوْ شِئْتَ لَتَخِذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا) قَالَ (هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِي وَبَيْنِكَ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَلَيْهِ صَبْرًا) . قَالَ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : وَدِدْنَا اَنَّ مُوسَى عليه السلام كَانَ صَبَرَ حَتّٰى يُقَصَّ عَلَيْنَا مِنْ خَبَرِهِمَا . قَالَ سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ: وَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقْرَاُ: وَكَانَ اَمَامَهُمْ مَلِكٌ يَاْخُذُ كُلَّ سَفِينَةٍ صَالِحَةٍ غَصْبًا . وَكَانَ يَقْرَاُ: وَاَمَّا الْغُلَامُ فَكَانَ كَافِرًا وَكَانَ اَبَوَاهُ مُؤْمِنَيْنِ .

گے اور میں کسی بات میں آپ کی نافرمانی نہیں کروں گا۔'' تو حضرت خضر علیہ السلام نے کہا: ''اگر آپ نے میرے ساتھ رہنا ہے تو پھر آپ نے کسی چیز کے بارے میں مجھ سے پوچھنا نہیں جب تک کہ میں خود اس کے بارے میں آپ کو بتا نہیں دیتا۔'' پس یہ دونوں سمندر کے کنارے چلتے ہوئے روانہ ہوئے۔ ان کے پاس سے ایک کشتی گزری' انہوں نے کشتی والوں سے بات چیت کی کہ یہ انہیں بھی سوار کر لیں تو وہ حضرت خضر علیہ السلام کو پہچان گئے اور بغیر کسی عوض کے ان کو سوار کر لیا۔ جب یہ دونوں سوار ہوئے تو اس کے تھوڑی دیر بعد حضرت خضر علیہ السلام نے ایک کلہاڑی کے ذریعے کشتی کی ایک تختی کو اکھیڑ دیا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: ان لوگوں نے بغیر کسی عوض کے ہمیں سوار کیا ہے اور آپ نے ان کی کشتی کو توڑ دیا ہے۔ ''تا کہ آپ ان کشتی والوں کو ڈبو دیں۔ آپ نے یہ غلط کیا ہے۔'' حضرت خضر علیہ السلام نے کہا: ''کیا میں نے یہ نہیں کہا تھا کہ آپ میرے ساتھ رہ کر صبر نہیں کر سکیں گے۔'' تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: ''میں جو بات بھول گیا تھا آپ اس پر میرا مواخذہ نہ کریں اور مجھ پر میرے معاملے کو تنگ نہ کریں۔'' راوی بیان کرتے ہیں کہ تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف سے پہلی بھول تھی۔ ارشاد فرمایا: اسی دوران ایک چڑیا آئی اور کشتی کے کنارے پر آ کر بیٹھ گئی اس نے سمندر میں سے ایک چونچ پانی لیا تو حضرت خضر علیہ السلام نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا: میرا علم اور آپ کا علم اللہ تعالیٰ

السنن الکبریٰ للبیھقی' باب الاذان والاقامة للجمع بین الصلاتین' جلد 1' صفحه 400' رقم: 1950

کے علم میں وہ کمی بھی نہیں کرتا جو اس چڑیا نے اس سمندر میں کی ہے۔ پھر یہ دونوں حضرات کشتی سے باہر آئے اور یہ ساحل پر چلتے ہوئے جا رہے تھے کہ اسی دوران حضرت خضر علیہ السلام نے ایک لڑکے کو دیکھا جو دوسرے لڑکوں کے ساتھ کھیل رہا تھا۔ حضرت خضر علیہ السلام نے اس کا سر پکڑا اور اپنے ہاتھوں سے اس کا سر مروڑ کر اسے قتل کر دیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان سے کہا: ''آپ نے ایک بے گناہ جان کو کسی جان کے بدلے کے بغیر قتل کر دیا ہے آپ نے ایک ناپسندیدہ کام کیا ہے۔'' تو حضرت خضر علیہ السلام نے کہا: ''کیا میں نے آپ سے نہیں کہا تھا کہ آپ میرے ساتھ رہ کر صبر نہیں کر سکیں گے۔'' آپ (ﷺ) نے فرمایا: یہ تنبیہ پہلی کے مقابلے میں زیادہ سخت تھی تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: ''اگر میں نے اس کے بعد آپ سے کسی چیز کے بارے میں سوال کیا تو آپ میرے ساتھ نہ رہیے گا۔ میری طرف سے آپ کو عذر پہنچ گیا ہے۔'' ''پس یہ دونوں چلتے ہوئے ایک بستی میں آئے اور انہوں نے ان سے کھانے کے لیے کچھ مانگا تو انہوں نے انہیں مہمان بنانے سے انکار کر دیا ان دونوں نے اس میں ایک دیوار پائی جو گرنے کے قریب تھی' تو خضر علیہ السلام نے اپنے ہاتھ کے ساتھ اس طرح کیا اور اسے کھڑا کر دیا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: یہ ایسے لوگ ہیں کہ ہم ان کے پاس آئے اور انہوں نے ہمیں کھانا نہیں کھلایا اور ہمیں مہمان نہیں بنایا۔'' ''اگر آپ چاہیں تو اس پر ان سے معاوضہ لے سکتے ہیں۔'' تو حضرت خضر علیہ السلام نے

سنن ابو داؤد' باب صفة حجة النبی صلی اللہ علیہ وسلم' جلد 2' صفحه 137' رقم: 1936

کہا: "اب میرے اور آپ کے درمیان جدائی ہے، جن کاموں پر آپ صبر نہیں کر سکے میں ان کی حقیقت آپ کو بتاتا ہوں۔" راوی کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہم یہ چاہتے تھے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام صبر سے کام لیتے تاکہ ان دونوں کے واقعے کی مزید وضاحت ہمارے سامنے آجاتی۔ حضرت سعید بن جبیر کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما یہ تلاوت کیا کرتے تھے: "اس سے پرے ایک بادشاہ تھا جو ہر ٹھیک کشتی کو غصب کر لیا کرتا تھا۔" اور انہوں نے یہ بھی پڑھا: "تو جہاں تک لڑکے کی بات ہے تو وہ کافر تھا اور اس کے والدین مومن تھے۔"

397- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ الزَّرَّادِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ (وَكَانَ اَبُوهُمَا صَالِحًا) قَالَ: حَفِظَهُمَا بِصَلَاحِ اَبِيهِمَا، مَا ذَكَرَ مِنْهُمَا صَلَاحًا.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کے متعلق بیان کرتے ہیں: "ان دونوں کا باپ نیک آدمی تھا۔" فرماتے ہیں کہ حضرت خضر علیہ السلام نے ان دونوں بچوں کے باپ کی نیکی کی وجہ سے ان دونوں کی حفاظت کی تھی اور انہوں نے ان دونوں بچوں کے نیک ہونے کا ذکر نہیں کیا۔

398- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت محمد بن منکدر سے روایت ہے کہ اللہ عزوجل

397- مسند امام احمد بن حنبل' حدیث عقبة بن عمار الجهنی' جلد 4' صفحه 159' رقم:17490
مسند الرویانی' حدیث ابوالهیثم عن عبد الله بن عطا' جلد 1' صفحه 295' رقم:251
اتحاف الخیره المهرة' باب ما جاء فی الرحلة فی طلب العلم' جلد 1' صفحه 212' رقم:295
غاية المقصد فی زوائد المسند' باب الرحلة فی طلب العلم' جلد 1' صفحه 69' رقم:211
جامع الاحادیث للسیوطی' جلد 20' صفحه 374' رقم:22384
398- السنن الکبریٰ للبیهقی' باب من اجاز ان یصلی اربعا لا یسلم الا فی اخرهن' جلد 2' صفحه 489' رقم:4763
اتحاف الخیره المهرة للبوصیری' باب الصلاة قبل الظهر' جلد 2' صفحه 360' رقم:1663
سنن ابن ماجه' باب فی الاربع الرکعات قبل الظهر' جلد 1' صفحه 365' رقم:1157
مسند امام احمد بن حنبل' حدیث ابی ایوب الانصاری' جلد 5' صفحه 419' رقم:23611

قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُوقَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَيَحْفَظُ بِحِفْظِ الرَّجُلِ الصَّالِحِ وَلَدَهُ وَوَلَدَ وَلَدِهِ وَدُوَيْرَتَهُ الَّتِي فِيهَا وَالدُّوَيْرَاتِ حَوْلَهُ، فَمَا يَزَالُونَ فِي حِفْظٍ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ. قَالَ سُفْيَانُ: وَزَادَنِي فِيهِ وَسِتْرٍ.

نیک آدمی کی وجہ سے اس کی اولاد اور اس کی اولاد کی اولاد اور اس کے گھر کو اور اس کے آس پاس کے گھروں کو محفوظ رکھتا ہے۔ اور وہ سب لوگ اللہ تعالیٰ کی طرف سے حفاظت میں ہوتے ہیں۔ سفیان کہتے ہیں کہ میرے استاد نے میرے سامنے ان الفاظ کا اضافہ کیا ہے: "اور وہ پردے میں ہوتے ہیں۔"

399- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ اَبِي لُبَابَةَ وَعَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ اَنَّهُمَا سَمِعَا زِرَّ بْنَ حُبَيْشٍ يَقُولُ: سَاَلْتُ اُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ عَنِ الْمُعَوِّذَتَيْنِ فَقُلْتُ: يَا اَبَا الْمُنْذِرِ اِنَّ اَخَاكَ ابْنَ مَسْعُودٍ يَحُكُّهُمَا مِنَ الْمُصْحَفِ. قَالَ: اِنِّي سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قِيلَ لِي: قُلْ. فَقُلْتُ. فَنَحْنُ نَقُولُ كَمَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

حضرت زر بن جیش بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے معوذتین (یعنی سورۂ فلق اور الناس) کے بارے میں سوال کیا' میں نے کہا: اے ابوالمنذر! آپ کے بھائی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ان دونوں سورتوں کو قرآن سے نکال دیا تو حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے یہ سوال کیا تھا تو آپ نے ارشاد فرمایا: مجھے یہ کہا گیا ہے کہ تم پڑھو تو میں نے پڑھ لیا۔ پس ہم ویسا ہی کہیں گے جو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے۔

400- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت زر بن جیش بیان کرتے ہیں کہ میں نے

جامع الاحادیث للسیوطی' مسند علی بن ابی طالب' جلد 23' صفحه 373' رقم:33377
399- صحیح بخاری' باب وجوب القراة' جلد 1' صفحه 413' رقم:756
صحیح مسلم' باب وجوب قراة الفاتحة فی کل رکعة' جلد 1' صفحه 213' رقم:394
صحیح ترمذی' باب ما جاء انه لا صلاة الا بفاتحة الکتاب' جلد 2' صفحه 5' رقم:247
السنن الصغریٰ' باب تعیین القراة بفاتحة الکتاب' جلد 1' صفحه 121' رقم:359
المنتقی لابن الجارود' باب صفة صلاة رسول الله' جلد 1' صفحه 56' رقم:185
400- سنن ترمذی' باب ما جاء ان الحد کفارة لاهلها' جلد 4' صفحه 22' رقم:1439
السنن الکبریٰ للبیهقی' باب الحدود کفارات' جلد 3' صفحه 34' رقم:3723
السنن الکبریٰ للنسائی' باب البیعة علی ترک عصیان الامام' جلد 6' ص497فحه' رقم:11733
المنتقی لابن الجارود' باب فی الحدود' جلد 1' صفحه 204' رقم:803
صحیح بخاری' باب بیعة النساء' جلد 6' صفحه 236' رقم:6787

قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ اَبِیْ لُبَابَةَ وَعَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ اَنَّهُمَا سَمِعَا زِرَّ بْنَ حُبَيْشٍ يَقُوْلُ قُلْتُ لِاُبَيٍّ: اِنَّ اَخَاكَ ابْنَ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ: مَنْ يَّقُمِ الْحَوْلَ يُصِبْ لَيْلَةَ الْقَدْرِ. فَقَالَ: يَرْحَمُ اللّٰهُ اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اِنَّمَا اَرَادَ اَنْ لَّايَتَّكِلَ النَّاسُ، وَلَقَدْ عَلِمَ اَنَّهَا فِی الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ، وَاَنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ. ثُمَّ حَلَفَ اُبَیٌّ لَا يَسْتَثْنِیْ اِنَّهَا لَلَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ. فَقُلْنَا لَهٗ: يَا اَبَا الْمُنْذِرِ بِاَیِّ شَیْءٍ عَلِمْتَهُ ال؟ قَالَ: بِالْاٰيَةِ اَوْ بِالْعَلَامَةِ الَّتِیْ اَخْبَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَنَا: اَنَّ الشَّمْسَ تَطْلُعُ صَبِيحَةَ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَا شُعَاعَ لَهَا.

حضرت ابی رضی اللہ عنہ سے یہ کہا: آپ کے بھائی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ یہ فرماتے ہیں کہ جو شخص سال بھر نوافل پڑھتا ہے وہی شب قدر کو پا سکتا ہے تو حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ تعالیٰ ابو عبدالرحمٰن پر رحم کرے! ان کا مقصد یہ ہے کہ لوگ اس پر بھروسہ کر کے نہ بیٹھ جائیں ورنہ وہ بھی یہ جانتے ہیں کہ یہ رمضان کے آخری عشرے میں ہے اور یہ ستائیسویں رات ہے۔ پھر حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے کسی چھوٹ کے بغیر قسم اٹھا کر یہ کہا کہ یہ ستائیسویں کی رات ہے۔ ہم نے ان سے عرض کی: اے ابوالمنذر! آپ کو اس بات کا کیسے پتہ چلا؟ تو انہوں نے فرمایا: اس نشانی یا علامت کی وجہ سے جس کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں خبر دی ہے۔ آپ نے ہمیں بتایا ہے کہ اس کی صبح کو سورج بغیر شعاعوں کے نکلتا ہے۔

401- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ الْاَحْوَلُ عَنْ اَبِیْ عُثْمَانَ النَّهْدِیِّ عَنْ اُبَیِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ كَانَ لِیْ ابْنُ عَمٍّ شَاسِعُ الدَّارِ فَقُلْتُ: لَوِ اتَّخَذْتَ بَيْتًا قَرِيبًا مِّنَ الْمَسْجِدِ اَوْ حِمَارًا. قَالَ: مَا اُحِبُّ اَنَّ بَيْتِیْ مُطَنَّبًا بِبَيْتِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَمَا سَمِعْتُ مِنْهُ كَلِمَةً مُنْذُ اَسْلَمَ كَانَتْ اَشَدَّ عَلَیَّ مِنْهَا، فَاِذَا هُوَ يَذْكُرُ الْخُطَا،

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میرا ایک چچازاد بھائی تھا جس کا گھر بہت دور تھا' میں نے اس سے کہا: اگر تم مسجد کے قریب کوئی گھر لے لو یا کوئی گدھا لے لو تو یہ مناسب ہوگا' تو وہ کہنے لگا: مجھے یہ بات پسند نہیں ہے کہ میرا گھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھروں کے درمیان میں ہو۔ حضرت ابی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جب سے اس نے اسلام قبول کیا تھا اس

401- السنن الکبریٰ للبیهقی' باب ما فی صلاته الوتر علی الراحلة من الدلالة.....الخ' جلد 2' صفحه 8' رقم: 2316
سنن ابوداؤد' باب فیمن لم یوتر' جلد 1' صفحه 534' رقم: 1422
سنن الدارمی' باب فی الوتر' جلد 1' صفحه 446' رقم: 1577
سنن نسائی' باب المحافظة علی الصلوات الخمس' جلد 1' صفحه 142' رقم: 322
مصنف ابن ابی شیبة' من قال الوتر واجب' جلد 2' صفحه 296' رقم: 6923

فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ: اِنَّ لَهٗ بِكُلِّ خَطْوَةٍ يَخْطُوهَا اِلَى الْمَسْجِدِ دَرَجَةً.

سے میں نے ایسی کوئی بات نہیں سنی جو مجھے اس سے زیادہ بری لگی ہو۔ اور اب وہ پیدل چل کے آنے کا ذکر کر رہا تھا۔ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے آپ سے اس بات کا ذکر کیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: مسجد کی طرف چل کر آتے ہوئے وہ جتنے قدم اٹھائے گا اس کے ہر ایک قدم کے بدلے اسے ایک درجہ ملے گا۔

51 - مُسْنَدُ أَبِی أَيُّوبَ الْأَنْصَارِیِّ

مسند حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ

402- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِیُّ قَالَ وَاَخْبَرَنِیْ عَطَاءُ بْنُ يَزِيْدَ اللَّيْثِیُّ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِیَّ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ يَّهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثٍ يَلْتَقِيَانِ فَيَصُدُّ هٰذَا وَيَصُدُّ هٰذَا وَخَيْرُهُمَا الَّذِیْ يَبْدَاُ بِالسَّلَامِ.

قَالَ سُفْيَانُ: كَانَ الزُّهْرِیُّ حَدَّثَنَا قَبْلَهٗ حَدِيْثَ اَنَسٍ ثُمَّ اَتْبَعَهٗ هٰذَا فَقَالَ: وَاَخْبَرَنِیْ عَطَاءُ بْنُ يَزِيْدَ.

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''کسی بھی مسلمان کے لیے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے بھائی کو تین دن سے زیادہ چھوڑے رکھے' اس طرح کہ جب وہ دونوں ملیں تو یہ ادھر منہ کر لے اور وہ ادھر منہ کر لے' ان دونوں میں زیادہ بہتر وہ ہوگا جو سلام میں پہل کرے۔''

سفیان کہتے ہیں کہ زہری پہلے یہ روایت حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بیان کرتے تھے' لیکن پھر انہوں نے اسے عطاء بن یزید کے حوالے سے بیان کرنا شروع کر دیا۔

403- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ روایت

402- صحیح بخاری' باب کیف یبایع الامام' جلد 8' صفحه 109' رقم: 7199
السنن الکبریٰ للبیهقی' باب ما یجب علی المرء من القیام' جلد 10' صفحه 158' رقم: 21101
سنن ابن ماجه' باب البیعة' جلد 2' صفحه 957' رقم: 2866
صحیح مسلم' باب وجوب طاعة الامراء فی غیر معصیة' جلد 6' صفحه 16' رقم: 4874
مسند امام احمد بن حنبل' حدیث عبادة بن الصامت' جلد 5' صفحه 319' رقم: 22777
403- صحیح مسلم' باب الصرف وبیع الذهب بالورق نقدًا' جلد 2' صفحه 279' رقم: 1587

قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَطَاءُ بْنُ يَزِيْدَ اللَّيْثِيُّ عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا تَسْتَقْبِلُوا الْقِبْلَةَ بِغَائِطٍ وَلَا بَوْلٍ وَلَا تَسْتَدْبِرُوْهَا، وَلٰكِنْ شَرِّقُوْا وَغَرِّبُوْا . قَالَ اَبُوْ اَيُّوْبَ: فَقَدِمْنَا الشَّامَ فَوَجَدْنَا مَرَاحِيضَ بُنِيَتْ قِبَلَ الْقِبْلَةِ، فَنَنْحَرِفُ وَنَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ.

فَقِيْلَ لِسُفْيَانَ: فَاِنَّ نَافِعَ بْنَ عُمَرَ الْجُمَحِيَّ لَا يُسْنِدُهُ. فَقَالَ: لٰكِنِّيْ اَحْفَظُهُ وَاُسْنِدُهُ كَمَا قُلْتُ لَكَ. ثُمَّ قَالَ: اِنَّ الْمَكِّيِّيْنَ اِنَّمَا اَخَذُوْا كِتَابًا جَاءَ بِهٖ حُمَيْدٌ الْاَعْرَجُ مِنَ الشَّامِ قَدْ كُتِبَ عَنِ الزُّهْرِيِّ فَوَقَعَ اِلٰى ابْنِ جُرَيْجٍ فَكَانَ الْمَكِّيُّوْنَ يَعْرِضُوْنَ ذٰلِكَ الْكِتَابَ عَلَى ابْنِ شِهَابٍ، فَاَمَّا نَحْنُ فَاِنَّمَا كُنَّا نَسْمَعُ مِنْ فِيْهِ.

کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "پاخانہ یا پیشاب کرتے وقت قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ نہ کرو۔ بلکہ مشرق یا مغرب کی طرف رخ کرو۔" حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ہم ملک شام میں آئے تو وہاں ہم نے ایسے بیت الخلاء دیکھے۔ جو قبلہ کی سمت میں بنائے گئے۔ تو ہم ذرا ٹیڑھے ہو کر بیٹھا کرتے اور اللہ تعالیٰ سے مغفرت مانگا کرتے تھے۔

سفیان سے کہا گیا کہ نافع بن عمر اس کی سند بیان نہیں کرتے ہیں۔ تو سفیان نے کہا: مجھے تو یہ روایت یاد ہے اور میں اس کی سند وہی بیان کرتا ہوں جو میں نے تمہارے سامنے بیان کی ہے۔ پھر انہوں نے یہ بتایا کہ مکہ کے جو راوی ہیں انہوں نے ایک تحریر حاصل کی تھی۔ جو حمید الاعرج شام سے لے کر آئے تھے۔ اور یہ روایات انہوں نے زہری کے حوالے سے نوٹ کی تھی۔ تو وہ تحریر ابن جریجہ تک پہنچی تو اہل مکہ نے اس تحریر کی وجہ سے ابن شہاب سے منہ پھیرنا شروع کر دیا' لیکن ہم نے تو ابن شہاب سے ہی یہ روایت سنی ہے۔

404- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُنَيْنٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ: امْتَرٰى ابْنُ عَبَّاسٍ وَالْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ بِالْعَرْجِ فِي الْمُحْرِمِ يَغْسِلُ رَاْسَهٗ، فَاَرْسَلُوْنِيْ اِلٰى اَبِيْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ، فَذَهَبْتُ

حضرت ابراہیم بن عبداللہ از والد خود روایت کرتے ہیں کہ عرج کے مقام پر حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اور حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ کے درمیان اس بات پر بحث ہوگئی کہ مُحرم شخص اپنا سر دھو سکتا ہے یا نہیں۔ ان حضرات نے مجھے حضرت ابو ایوب انصاری

404- مسند امام احمد بن حنبل' بقية حديث أبي الدرداء' جلد 6' صفحه 446' رقم:27560
اتحاف الخيره المهرة ' باب فى الرؤيا الحسنة ' جلد 6' صفحه 153' رقم:7988
اطراف المسند المعتلى' رجل من اهل مصر عن ابو الدرداء' جلد 6' صفحه 153' رقم:7988
مسند ابوداؤد الطيالسى' مسند ابى الدرداء رضى الله عنه ' جلد 1' صفحه 131' رقم:976

اِلَيْهِ فَوَجَدْتُهٗ بَيْنَ قَرْنَيِ الْبِئْرِ يَغْتَسِلُ، فَلَمَّا رَآنِيْ مُقْبِلًا جَمَعَ ثِيَابَهٗ اِلٰى صَدْرِهٖ حَتّٰى نَظَرْتُ اِلَيْهِ فَقُلْتُ: اَرْسَلَنِيْ اِلَيْكَ ابْنُ اَخِيْكَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَسْاَلُكَ كَيْفَ رَاَيْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْسِلُ رَاْسَهٗ وَهُوَ مُحْرِمٌ ؟ فَقَالَ بِيَدَيْهِ فِيْ رَاْسِهٖ فَاَقْبَلَ بِهِمَا وَاَدْبَرَ وَقَالَ هٰكَذَا هٰكَذَا فَرَجَعْتُ اِلَيْهِمَا فَاَخْبَرْتُهُمَا . فَقَالَ الْمِسْوَرُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: لَا اُمَارِيْكَ اَبَدًا.

رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بھیجا' میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے انہیں کنوئیں کے کنارے پڑے ہوئے لکڑی کے تختوں کے درمیان غسل کرتے ہوئے دیکھا۔ جب انہوں نے مجھے آتے ہوئے دیکھا تو انہوں نے سینے تک اپنے کپڑے اکٹھے کر لیے۔ جب میں ان کے پاس پہنچا تو میں نے عرض کی: آپ کے بھتیجے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے مجھے آپ کے پاس بھیجا ہے تا کہ میں آپ سے یہ پوچھوں کہ رسول اللہ ﷺ کو احرام کے دوران اپنا سر دھوتے ہوئے آپ نے کیسے دیکھا ہے؟ تو انہوں نے اپنے دونوں ہاتھ اپنے سر پر رکھے' انہیں آگے سے پیچھے کی طرف لے گئے پھر پیچھے سے آگے کی طرف لے کر آئے اور فرمایا کہ اس طرح اور اس طرح۔ میں ان دونوں حضرات کے پاس واپس آیا اور ان دونوں کو اس بارے میں بتایا تو حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا: میں آپ کے ساتھ کبھی بحث نہیں کروں گا۔

405- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ قَالَ: مَنْ صَامَ رَمَضَانَ وَاَتْبَعَهٗ سِتًّا مِّنْ شَوَّالٍ فَكَاَنَّمَا صَامَ الدَّهْرَ. قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ فَقُلْتُ لِسُفْيَانَ اَوْ قِيْلَ لَهٗ: اِنَّهُمْ يَرْفَعُوْنَهٗ. قَالَ: اسْكُتْ عَنْهُ قَدْ عَرَفْتُ ذٰلِكَ.

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جو شخص رمضان کے روزے رکھے اور اس کے بعد شوال کے چھ روزہ بھی رکھے تو گویا اس نے ہمیشہ روزے رکھے۔

امام ابوبکر حمیدی بیان کرتے ہیں کہ میں نے سفیان سے کہا یا سفیان سے یہ کہا گیا کہ دوسرے لوگ تو

405- مسند امام احمد بن حنبل' بقية حديث أبي الدرداء' جلد 6' صفحه 446' رقم:27560
اتحاف الخيره المهرة ' باب فى الرؤيا الحسنة ' جلد 6' صفحه 153' رقم:7988
اطراف المسند المعتلى' رجل من اهل مصر عن ابو الدرداء' جلد 6' صفحه 153' رقم:7988
مسند ابوداؤد الطيالسى' مسند ابى الدرداء رضى الله عنه ' جلد 1' صفحه 131' رقم:976

اس حدیث کو مرفوع بیان کرتے ہیں' تو انہوں نے کہا: تم اس حوالے سے خاموش رہو' میں یہ بات جانتا ہوں۔

406- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِیُّ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ وَسَعْدِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَبِی اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَامَ رَمَضَانَ وَاَتْبَعَهُ سِتًّا مِّنْ شَوَّالٍ فَكَاَنَّمَا صَامَ الدَّهْرَ۔

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: "جو شخص رمضان کے روزے رکھے۔ اس کے بعد شوال کے چھ روزے رکھے تو گویا اس نے ہمیشہ روزے رکھے۔"

407- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الصَّائِغُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَبِی اَيُّوْبَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ ذٰلِكَ۔

(ایک اور سند کے ساتھ) حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ سے روایت بیان کرتے ہیں اسی کی مثل۔

408- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ عَدِیِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْاَنْصَارِیِّ عَنْ اَبِی اَيُّوْبَ قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِجَمْعٍ جَمِيعًا۔

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے مزدلفہ میں رسول اللہ ﷺ کی اقتداء میں مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک ساتھ ادا کیں۔

406- الآداب للبيهقی' باب فی حسن الخلق' جلد 1' صفحه 92' رقم: 155

الادب المفرد للبخاری' باب الرفق' جلد 1' صفحه 164' رقم: 464

سنن ترمذی' باب ما جاء فی الرفق' جلد 4' صفحه 196' رقم: 2013

الفتح الكبير للسيوطی' حرف الميم' جلد 3' صفحه 156' رقم: 11452

408- مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الله بن عمرو' جلد 2' صفحه 162' رقم: 6514

المعجم الكبير للطبرانی' وما أسند اسامة بن زيد رضی الله عنه' جلد 1' صفحه 166' رقم: 408

الآداب للبيهقی' باب فی حسن الخلق' جلد 1' صفحه 91' رقم: 152

مصنف عبد الرزاق' باب حسن الخلق' جلد 11' صفحه 146' رقم: 20157

جامع معمر بن راشد' باب حسن الخلق' جلد 2' صفحه 241' رقم: 765

409- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا سَعْدٍ الْاَعْمَى يُحَدِّثُ عَطَاءَ بْنَ اَبِی رَبَاحٍ يَقُوْلُ: خَرَجَ اَبُوْ اَيُّوْبَ اِلٰى عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ وَهُوَ بِمِصْرَ يَسْاَلُهُ عَنْ حَدِيْثٍ سَمِعَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَبْقَ اَحَدٌ سَمِعَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرُهُ وَغَيْرُ عُقْبَةَ، فَلَمَّا قَدِمَ اَتٰى مَنْزِلَ مَسْلَمَةَ بْنِ مَخْلَدٍ الْاَنْصَارِیِّ وَهُوَ اَمِيْرُ مِصْرَ فَاُخْبِرَ بِهٖ، فَعَجَّلَ فَخَرَجَ اِلَيْهِ فَعَانَقَهُ ثُمَّ قَالَ: مَا جَاءَ بِكَ يَا اَبَا اَيُّوْبَ؟ قَالَ: حَدِيْثٌ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَبْقَ اَحَدٌ سَمِعَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرِی وَغَيْرُ عُقْبَةَ فَابْعَثْ مَنْ يَّدُلُّنِی عَلٰى مَنْزِلِهٖ۔ قَالَ: فَبَعَثَ مَعَهُ مَنْ يَّدُلُّهُ عَلٰى مَنْزِلِ عُقْبَةَ، فَاُخْبِرَ عُقْبَةُ بِهٖ فَعَجَّلَ فَخَرَجَ اِلَيْهِ فَعَانَقَهُ، وَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ يَا اَبَا اَيُّوْبَ؟ فَقَالَ: حَدِيْثٌ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَبْقَ اَحَدٌ سَمِعَهُ غَيْرِی وَغَيْرُكَ فِی سَتْرِ الْمُؤْمِنِ۔ قَالَ عُقْبَةُ: نَعَمْ، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ سَتَرَ مُؤْمِنًا فِی الدُّنْيَا عَلٰى خِزْيَةٍ سَتَرَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔ فَقَالَ لَهُ اَبُوْ اَيُّوْبَ: صَدَقْتَ، ثُمَّ انْصَرَفَ اَبُوْ اَيُّوْبَ اِلٰى رَاحِلَتِهٖ فَرَكِبَهَا رَاجِعًا اِلَى

حضرت عطاء بن ابی رباح سے روایت ہے کہ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ' حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کے پاس گئے۔ وہ اس وقت مصر میں تھے' انہوں نے ان سے اس حدیث کے متعلق پوچھا جو انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی تھی اور اب کوئی ایسا نہیں رہا تھا جس نے رسول اللہ ﷺ سے وہ حدیث سنی ہو سوائے حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے اور حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ نے وہ حدیث سنی ہوئی تھی۔

جب حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ مصر آئے تو وہ مسلمہ بن مخلد انصاری کے گھر ٹھہرے' جو مصر کا امیر تھا۔ اسے اس بارے میں بتایا گیا۔ تو وہ تیزی سے نکل کر ان کے پاس آیا' اس نے ان کے ساتھ معانقہ کیا۔ پھر کہا: اے ابو ایوب انصاری! آپ کیوں تشریف لائے ہیں؟ تو حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے ایک حدیث سنی تھی' اب میرے اور عقبہ بن عامر کے سوا ایسا کوئی نہیں رہا جس نے رسول اللہ ﷺ سے وہ حدیث سنی ہو' تو تم کسی ایسے آدمی کو میرے ساتھ بھیجو جو مجھے ان کے گھر تک پہنچا دے۔

راوی کہتے ہیں: جب حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ کو ان کے متعلق خبر ہوئی تو وہ ان سے گلے ملے اور پوچھا: اے ابو ایوب! آپ کیسے آئے؟ تو انہوں نے فرمایا: میں نے

409- سنن ترمذی' باب ما جاء فی بر الوالدين' جلد 4' صفحه 167' رقم: 1900

المستدرك للحاكم' كتاب الطلاق' جلد 2' صفحه 499' رقم: 2799

سنن ابن ماجه' باب الرجل يأمره ابوه بطلاق امرأته' جلد 1' صفحه 675' رقم: 2089

صحيح ابن حبان' باب حق الوالدين' جلد 2' صفحه 167' رقم: 425

مسند امام احمد بن حنبل' من حديث أبی الدرداء' جلد 6' صفحه 445' رقم: 27551

الْمَدِيْنَةِ، فَمَا أَدْرَكَتْهُ جَائِزَةُ مَسْلَمَةَ بْنِ مَخْلَدٍ إِلَّا بِعَرِيْشِ مِصْرَ.

المعجم الاوسط للطبرانى، باب من اسمه ابراهيم، جلد 3، صفحه 194، رقم:2905

المنتقى لابن الجارود، باب صفة وضوء رسول الله صلى الله عليه وسلم، جلد 1، صفحه 28، رقم:67

اللّٰهِ بْنِ اَبِی قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ فَلَا تَقُوْمُوْا حَتّٰى تَرَوْنِی.

نماز کے لیے اقامت کہی جائے تو تم لوگ اس وقت تک کھڑے نہ ہو جب تک مجھے نہ دیکھ لو۔''

453- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِی كَثِيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْهِ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يَمَسَّ الرَّجُلُ ذَكَرَهُ بِيَمِيْنِهِ. قَالَ سُفْيَانُ: يَعْنِی فِی الْاِسْتِنْجَاءِ.

حضرت عبداللہ بن ابوقتادہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے کہ کوئی آدمی اپنی شرمگاہ کو اپنے دائیں ہاتھ سے پکڑے۔ سفیان کہتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ استنجاء کے دوران (ایسا نہ کرے)۔

454- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ شَابُوْرٍ عَنْ اَبِی قَزْعَةَ عَنْ اَبِی الْخَلِيْلِ عَنْ اَبِی حَرْمَلَةَ عَنْ اَبِی قَتَادَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صِيَامُ يَوْمِ عَرَفَةَ يُكَفِّرُ هٰذِهِ السَّنَةَ وَالسَّنَةَ الَّتِی تَلِيْهَا، وَصِيَامُ عَاشُوْرَاءَ يُكَفِّرُ سَنَةً. قَالَ سُفْيَانُ قَالَ دَاوُدُ: وَكَانَ عَطَاءٌ لَا يَصُوْمُهُ حَتّٰى بَلَغَهُ هٰذَا الْحَدِيْثُ.

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''عرفہ کے دن روزہ رکھنا اس سال کے اور آنے والے سال کے گناہوں کا کفارہ بن جاتا ہے اور عاشورہ کے دن روزہ رکھنا ایک سال کے گناہوں کا کفارہ ہو جاتا ہے۔'' سفیان کہتے ہیں: داؤد راوی نے یہ بیان کیا ہے کہ عطاء یہ روزہ نہیں رکھا کرتے تھے حتیٰ کہ انہیں یہ حدیث پہنچی۔

455- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عبداللہ بن ابوقتادہ کی اہلیہ سے روایت ہے

453- سنن ابوداؤد، باب التجارات يخالطها الحلف واللغو، جلد 4، صفحه 509، رقم:3327

سنن نسائى، باب فى الحلف والكذب لمن لم يعتقد اليمين بقلبه، جلد 7، صفحه 8، رقم:3797

المستدرك للحاكم، كتاب البيوع، جلد 2، صفحه 253، رقم:2141

الاحاد والمثانى، ذكر قيس بن ابى غزرة الغفارى، جلد 2، صفحه 260، رقم:1014

اطراف المسند المعتلى، مسند قيس بن ابى غرزة الغفارى، جلد 5، صفحه 212، رقم:6972

454- سنن ترمذى، باب الزهد، باب من امنافى سربه، جلد 3، صفحه 417، رقم:2347

سنن ابن ماجه، باب فى القناعة، جلد 5، صفحه 209، رقم:4141

الاحاد والمثانى، من اسمه عبد الله بن محصن الانصارى، جلد 4، صفحه 146، رقم:2126

السنن الكبرىٰ للبيهقى، باب فضل من اصبح صائما وتبع جنازة، جلد 4، صفحه 189، رقم:8082

جامع الاحاديث للسيوطى، حرف الميم، جلد 19، صفحه 477، رقم:21269

455- صحيح مسلم، باب تحريم اناء الذهب والفضة، جلد 3، صفحه 61، رقم:2068

اتحاف الخيره المهرة للبوصيرى، باب ما جاء فى اخبث الطعام والبركه، جلد 4، صفحه 279، رقم:3563

قَالَ حَدَّثَنِی اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ قَالَ سَمِعْتُ امْرَاَةً اَظُنُّهَا امْرَاَةَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ قَتَادَةَ - یَشُكُّ سُفْیَانُ - اَنَّ اَبَا قَتَادَةَ كَانَ یَاْتِیْهِمْ فَیَتَوَضَّاُ عِنْدَهُمْ، فَیُصْغِی الْاِنَاءَ لِلْهِرِّ فَیَشْرَبُ، فَسَاَلْنَاهُ عَنْ سُؤْرِهَا؟ فَقَالَ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَنَا اَنَّهَا لَیْسَتْ بِنَجَسٍ، فَقَالَ: اِنَّهَا مِنَ الطَّوَّافِیْنَ وَالطَّوَّافَاتِ عَلَیْكُمْ.

کہ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ ان کے ہاں تشریف لائے پس وہ وضو کرنا چاہ رہے تھے (پاس بلی موجود تھی) انہوں نے وہ پانی کا برتن بلی کی طرف کیا تو بلی نے اس سے پانی پیا۔ ہم نے ان سے بلی کے جوٹھے کے متعلق پوچھا تو انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں یہ بتایا ہے کہ یہ نجس نہیں ہے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''یہ تمہارے ہاں گھر میں آنے جانے والے جانوروں میں سے ایک ہے۔''

60 - مُسْنَدُ اَبِیْ طَلْحَةَ الْاَنْصَارِیِّ

مسند حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ

456- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِیُّ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اَبِیْ طَلْحَةَ الْاَنْصَارِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا یَدْخُلُ الْمَلَكُ بَیْتًا فِیْهِ كَلْبٌ وَّلَا صُوْرَةٌ.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''فرشتہ ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتا جس میں کتا یا تصویر موجود ہو۔''

الادب المفرد للبخاری' باب ما یقول اذا عطس' صفحہ 318' رقم: 924
السنن الصغریٰ' باب الآنیة ' جلد 1' صفحہ 70' رقم: 196
المستدرك للحاکم' ومن مناقب امیر المؤمنین عمر' جلد 3' صفحہ 88' رقم: 4482
456- صحیح مسلم' باب تحریم اناء الذھب والفضة ' جلد 3' صفحہ 61' رقم: 2068
اتحاف الخیرہ المھرة للبوصیری' باب ما جاء فی اخبث الطعام والبرکه' جلد 4' صفحہ 279' رقم: 3563
الادب المفرد للبخاری' باب ما یقول اذا عطس' صفحہ 318' رقم: 924
السنن الصغریٰ' باب الآنیة ' جلد 1' صفحہ 70' رقم: 196
المستدرك للحاکم' ومن مناقب امیر المؤمنین عمر' جلد 3' صفحہ 88' رقم: 4482

61 - مُسْنَدُ خُزَیْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِیِّ

مسند حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ

457- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِی الرَّجُلِ یَاْتِی الْغَائِطَ قَالَ: اَوَلَا یَجِدُ اَحَدُكُمْ ثَلَاثَةَ اَحْجَارٍ.

حضرت ہشام بن عروہ از والد خود از نبی اکرم ﷺ روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو آدمی قضائے حاجت کے لیے آتا ہے' فرمایا: ''کیا کوئی تین پتھر نہیں پاتا۔''

458- قَالَ هِشَامٌ وَّاَخْبَرَنِیْ اَبُوْ وَجْزَةَ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَیْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَبِیْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَیْسَ فِیْهَا رَجِیْعٌ.

ہشام کہتے ہیں کہ ابو وجزہ نے از عمارہ بن خزیمہ بن ثابت از والد خود رسول اللہ ﷺ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا: اس میں مینگنی نہیں ہونی چاہیے۔

459- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِیْعٌ بِمِثْلِهَا عَنْ هِشَامٍ، اِلَّا اَنَّهٗ قَالَ عَنْ اَبِیْ خُزَیْمَةَ عَنْ عُمَارَةَ.

وکیع نے از حضرت ہشام اسی کی مثل روایت بیان کی' مگر اس میں یہ کہا کہ از ابی خزیمہ از عمارہ۔

460- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ التَّیْمِیِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَیْمُوْنِ الْاَوْدِیِّ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِیِّ عَنْ خُزَیْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِیِّ قَالَ: رَخَّصَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْمَسْحِ عَلَى

حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں موزوں پر مسح کرنے کی رخصت عطا فرمائی' مسافر کے لیے تین دن اور تین راتوں تک اور مقیم کے لیے ایک دن اور ایک رات۔ اگر ہم آپ ﷺ سے اس سے زیادہ کی درخواست

457- السنن الکبریٰ للبیہقی' باب تاکید السواك عند الاستیقاظ عن النوم' جلد 1' صفحہ 38' رقم: 166
المعجم الاوسط للطبرانی' باب من اسمه ابراهیم' جلد 3' صفحہ 203' رقم: 2927
سنن ابوداؤد' باب السواك لمن قام من اللیل' جلد 1' صفحہ 21' رقم: 55
سنن ابن ماجه ' باب السواك' جلد 1' صفحہ 105' رقم: 286
سنن الدارمی' باب السواك عند التهجد' جلد 1' صفحہ 185' رقم: 685
458- صحیح بخاری' باب البول قائما وقاعدًا' جلد 1' صفحہ 129' رقم: 225
صحیح مسلم' باب المسح علی الخفین' جلد 1' صفحہ 117' رقم: 273
460- صحیح بخاری' باب ما یکره من النمیمة ' جلد 7' صفحہ 17' رقم: 6056
صحیح مسلم' باب بیان غلظ تحریم النمیمة ' جلد 1' 77صفحہ ' رقم: 105

الْخُفَّيْنِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ لِلْمُسَافِرِ، وَيَوْمًا وَلَيْلَةً لِلْمُقِيمِ، وَلَوِ اسْتَزَدْنَاهُ لَزَادَنَا.

کرتے تو آپ ہمیں مزید رخصت عطا فرماتے۔

461- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ الْأَوْدِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ الْجَدَلِيِّ عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ: وَلَوْ أَطْنَبَ السَّائِلُ فِي مَسْأَلَتِهِ لَزَادَهُ.

حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ، نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت بیان کرتے ہیں تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: ''سوال کرنے والا اگر مزید سوال کرتا تو آپ ﷺ اسے مزید رخصت عنایت فرما دیتے۔''

462- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ أُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللهَ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ، لَا تَأْتُوا النِّسَاءَ فِي أَدْبَارِهِنَّ.

حضرت عمارہ بن خزیمہ بن ثابت از والد خود از رسول اللہ ﷺ یہ روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ''بے شک اللہ تعالیٰ حق بات سے حیا نہیں فرماتا، تم لوگ عورتوں کے دُبر میں صحبت نہ کرو۔''

62 - مُسْنَدُ سُوَيْدِ بْنِ النُّعْمَانِ

مسند حضرت سوید بن نعمان رضی اللہ عنہ

463- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت سوید بن نعمان انصاری رضی اللہ عنہ روایت

461- سنن ترمذی، باب ما جاء فی الدعاء اذا أوی الی فراشه، جلد 5، صفحه 297، رقم: 297

مسند امام احمد بن حنبل، حدیث البراء بن عازب رضی اللہ عنه، جلد 4، صفحه 304، رقم: 18733

مسند الرویانی، حدیث بنو البراء عن ابیهم، جلد 1، صفحه 391، رقم: 334

مشكوة المصابيح، باب ما يقول عند الصباح والمساء، جلد 2، صفحه 40، رقم: 2400

462- اتحاف الخيره المهرة، باب ما جاء فی جر الازار، جلد 4، صفحه 509، رقم: 4039

الآداب للبيهقی، باب فی اسبال الازار، جلد 1، صفحه 300، رقم: 504

المعجم الاوسط للطبرانی، من اسمه محمد، جلد 5، صفحه 241، رقم: 5204

سنن ابوداؤد، باب ما يلبس المحرم، جلد 2، صفحه 102، رقم: 1825

سنن ابن ماجه، باب السراويل والخفين، جلد 2، صفحه 978، رقم: 2932

463- اطراف المسند المعتلی، ومن مسند حذيفة بن اليمان، جلد 2، صفحه 246، رقم: 2187

قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيُّ قَالَ أَخْبَرَنِي بُشَيْرُ بْنُ يَسَارٍ قَالَ سَمِعْتُ سُوَيْدَ بْنَ النُّعْمَانِ الْأَنْصَارِيَّ يَقُولُ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى خَيْبَرَ حَتَّى إِذَا كُنَّا بِالصَّهْبَاءِ وَبَيْنَنَا وَبَيْنَهَا رَوْحَةٌ دَعَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالزَّادِ، فَلَمْ يُؤْتَ إِلَّا بِسَوِيقٍ فَلَاكَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلُكْنَاهُ مَعَهُ، ثُمَّ مَضْمَضَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَضْمَضْنَا مَعَهُ، ثُمَّ صَلَّى بِنَا الْمَغْرِبَ وَصَلَّيْنَا مَعَهُ وَلَمْ يَتَوَضَّأْ.

کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ خیبر کی طرف روانہ ہوئے جب ہم مقام صہباء پر پہنچے اور ہمارے اور ان کے درمیان ایک منزل کا فاصلہ رہ گیا تو رسول اللہ ﷺ نے زاد راہ طلب فرمایا' تو آپ کی خدمت میں ستو پیش کیے گئے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے وہی چبا لیے' آپ ﷺ کے ساتھ ہم نے بھی وہ چبا لیے۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے کلی کی' اور ہم نے بھی آپ کے ساتھ کلی کی' پھر آپ نے ہمیں مغرب کی نماز پڑھائی تو ہم نے آپ کی اقتداء میں نماز پڑھی اور آپ نے نیا وضو نہیں فرمایا۔

63 - مُسْنَدُ قَيْسِ بْنِ أَبِي غَرَزَةَ

مسند حضرت قیس بن غرزہ رضی اللہ عنہ

464- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا جَامِعُ بْنُ أَبِي رَاشِدٍ وَعَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَعْيَنَ وَعَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ أَنَّهُمْ سَمِعُوهُ مِنْ أَبِي وَائِلٍ يَقُولُ سَمِعْتُ قَيْسَ بْنَ أَبِي غَرَزَةَ يَقُولُ: كُنَّا نُسَمَّى السَّمَاسِرَةَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَانَا وَنَحْنُ بِالْبَقِيعِ وَمَعَنَا الْعِصِيُّ، فَسَمَّانَا

حضرت قیس بن ابوغرزہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ مبارک میں ہمیں بیوپاری کہا جاتا تھا۔ آپ ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے' ہم اس وقت بقیع میں تھے اور ہمارے ساتھ گھوڑے بھی تھے۔ تو آپ نے ہمیں وہ نام دیا جو پہلے نام سے بہتر تھا۔ آپ نے فرمایا: ''اے تاجروں کے گروہ!'' پس ہم آپ ﷺ

السنن الكبرى للبيهقی، باب سألة القاضی عن احوال الشهود، جلد 10، صفحه 122، رقم: 20886

سنن ابن ماجه، باب ذهاب القرآن والعلم، جلد 2، صفحه 1346، رقم: 4053

صحيح بخاری، باب رفع الامامة، جلد 5، صفحه 238، رقم: 6132

صحيح مسلم، باب رفع الامانة والايمان، جلد 1، صفحه 88، رقم: 384

464- صحيح بخاری، باب الصلاة كفارة، جلد 1، صفحه 337، رقم: 525

صحيح مسلم، باب بيان ان الاسلام بدا غريبًا وسيعود غريبا، جلد 1، صفحه 87، رقم: 744

مسند ابوداؤد الطيالسی، احاديث حذيفه بن اليمان، جلد 1، صفحه 55، رقم: 408

الشريعة للآجری، باب ما روی ان عمر بن الخطاب، جلد 2، صفحه 229، رقم: 1352

بِاسْمٍ هُوَ اَحْسَنُ مِنْهُ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ التُّجَّارِ. فَاجْتَمَعْنَا اِلَيْهِ فَقَالَ: اِنَّ هٰذَا الْبَيْعَ يَحْضُرُهُ الْحَلِفُ وَالْكَذِبُ فَشُوبُوهُ بِالصَّدَقَةِ.

کے پاس اکٹھے ہوگئے تو آپ نے ارشاد فرمایا: ”بے شک اس بیع میں قسم اور جھوٹ شامل ہو جاتا ہے تو تم اس میں صدقہ ملا دیا کرو۔“

64 - مُسْنَدُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مِحْصَنٍ

مسند حضرت عبید اللہ بن محصن انصاری رضی اللہ عنہ

465- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي شُمَيْلَةَ الْاَنْصَارِيُّ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مِحْصَنٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَصْبَحَ مِنْكُمْ اٰمِنًا فِي سِرْبِهِ مُعَافًى فِي جِسْمِهِ، عِنْدَهُ طَعَامُ يَوْمِهِ فَكَاَنَّمَا حِيزَتْ لَهُ الدُّنْيَا.

حضرت سلمہ بن عبید اللہ بن محصن انصاری از والد خود از رسول اللہ ﷺ روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ”جو شخص اس حالت میں صبح کرے کہ وہ خوشحال ہو، صحت مند ہو، اس کے پاس اس دن کا رزق موجود ہو تو اس کے لیے دنیا سمٹ گئی ہے۔“

65 - مُسْنَدُ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ

مسند حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ

466- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو فَرْوَةَ الْجُهَنِيُّ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُكَيْمٍ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ حُذَيْفَةَ بِالْمَدَائِنِ فَاسْتَسْقٰى دِهْقَانًا فَجَاءَهُ بِمَاءٍ فِي اِنَاءٍ مِنْ فِضَّةٍ فَحَذَفَهُ حُذَيْفَةُ

حضرت عبد اللہ بن عکیم سے روایت ہے کہ ہم حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس مدائن میں تھے انہوں نے ایک دیہاتی سے پانی مانگا۔ وہ چاندی کے برتن میں پانی لے کر آیا۔ تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے اسے پھینک

465- سنن ترمذی، باب ومن سورة بنی اسرائیل، جلد 5، صفحه 190، رقم: 3147
جامع الاصول فی احادیث الرسول، الباب الرابع فی الاسراء، جلد 11، صفحه 309، رقم: 8870
مسند امام احمد بن حنبل، حدیث حذیفة بن الیمان، جلد 5، صفحه 387، رقم: 23333
466- المعجم الاوسط للطبرانی، من اسمه علی، جلد 4، صفحه 140، رقم: 3816
مجمع الزوائد للهیثمی، باب فضل عمار بن یاسر، جلد 9، صفحه 484، رقم: 15606
الارشاد فی معرفة علماء الحدیث، من اسمه ابوبکر عنبسة بن سعید قاضی، جلد 2، صفحه 115، رقم: 177
الاوسط لابن المنذر، ذکر الوقت الذی یستحب به لابس الخفین، جلد 2، صفحه 96، رقم: 448

- وَكَانَ رَجُلًا فِيهِ حِدَّةٌ - فَكَرِهُوا اَنْ يُكَلِّمُوهُ، ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَى الْقَوْمِ فَقَالَ: اَعْتَذِرُ اِلَيْكُمْ مِنْ هٰذَا، اِنِّي كُنْتُ تَقَدَّمْتُ اِلَيْهِ اَنْ لَا يَسْقِيَنِي فِي هٰذَا ثُمَّ قَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فِينَا فَقَالَ: لَا تَشْرَبُوا فِي اٰنِيَةِ الْفِضَّةِ وَالذَّهَبِ، وَلَا تَلْبَسُوا الدِّيبَاجَ وَالْحَرِيرَ، فَاِنَّهُ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا وَلَكُمْ فِي الْاٰخِرَةِ.

دیا۔ وہ سخت مزاج کا آدمی تھا۔ لوگوں نے یہ بات ناپسند کی کہ وہ ان سے اس بارے میں بات چیت کریں۔ پھر حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: میں اس بارے میں تمہارے سامنے عذر بیان کرتا ہوں مجھے پہلے یہ بات بتا دینی چاہئے تھی کہ اس طرح کے برتن میں مجھے (پانی) پینے کے لیے نہ دیا جائے۔ پھر انہوں نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے درمیان کھڑے ہوئے آپ نے ارشاد فرمایا: ”چاندی یا سونے سے بنے ہوئے برتنوں میں نہ پیو، دیباج اور حریر استعمال نہ کرو۔ کیونکہ یہ ان (کافروں) کے لیے دنیا میں ہیں اور تمہارے لیے آخرت میں ہوں گے۔“

467- قَالَ سُفْيَانُ وَحَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى قَالَ: كُنَّا مَعَ حُذَيْفَةَ.

فَذَكَرَ مِثْلَهُ سَوَاءً.

حضرت عبد الرحمٰن بن ابو لیلیٰ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ہم حضرت حذیفہ کے ساتھ تھے۔

اور اسی کی مثل بیان کی۔

468- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مَنْصُورٌ عَنْ اَبِي وَائِلٍ عَنْ حُذَيْفَةَ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ يَشُوصُ فَاهُ بِالسِّوَاكِ.

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ رات کے وقت جب بیدار ہوتے تو آپ ﷺ مسواک کیا کرتے۔

467- صحیح بخاری، باب ثمن الکلب، جلد 3، صفحه 161، رقم: 2282
صحیح مسلم، باب تحریم ثمن الکلب وحلوان الکاهن، جلد 2، صفحه 312، رقم: 1567
سنن ترمذی، باب ما جاء فی کراهیة مهر البغی، جلد 3، صفحه 181، رقم: 1133
السنن الصغریٰ للبیهقی، باب النهی عن ثمن الکلب، جلد 2، صفحه 94، رقم: 2070
المستدرك للحاکم، کتاب البیوع، جلد 2، صفحه 288، رقم: 2242
468- صحیح بخاری، باب مواقیت الصلاة وفضلها، جلد 4، صفحه 167، رقم: 3221
صحیح مسلم، باب اوقات الصلوات الخمس، جلد 1، صفحه 409، رقم: 610

469- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا وَائِلٍ يَقُولُ سَمِعْتُ حُذَيْفَةَ يَقُولُ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَى سُبَاطَةَ قَوْمٍ فَبَالَ قَائِمًا، فَذَهَبْتُ اَتَنَحَّى عَنْهُ فَجَبَذَنِي اِلَيْهِ حَتّٰى كُنْتُ عِنْدَ عَقِبِهِ، فَلَمَّا فَرَغَ تَوَضَّاَ وَمَسَحَ عَلٰى خُفَّيْهِ.

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ کوڑا کرکٹ کے ڈھیر پر تشریف لائے اور وہاں آپ ﷺ نے کھڑے ہو کر پیشاب کیا۔ میں آپ سے پیچھے ہٹنے لگا تو آپ نے مجھے اپنی طرف کھینچ لیا حتیٰ کہ میں آپ کے پیچھے کھڑا ہو گیا۔ جب آپ فارغ ہوئے تو آپ نے وضو کیا اور اپنے دونوں موزوں پر مسح کیا۔

470- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مَنْصُورٌ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ يَزِيدَ النَّخَعِيِّ عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ حُذَيْفَةَ فَمَرَّ بِنَا رَجُلٌ فَقِيلَ لِحُذَيْفَةَ: اِنَّ هٰذَا رَجُلٌ يُبَلِّغُ الْاُمَرَاءَ الْحَدِيثَ. فَقَالَ حُذَيْفَةُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ. قَالَ سُفْيَانُ: وَالْقَتَّاتُ النَّمَّامُ.

حضرت حمام بن عازب سے روایت ہے کہ ہم حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھے کہ ایک آدمی ہمارے پاس سے گزرا تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے کہا گیا کہ یہ وہ آدمی ہے جو حکمرانوں کے آگے لوگوں کی چغلی کرتا ہے۔ تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ''چغل خور جنت میں داخل نہیں ہوگا۔'' سفیان کہتے ہیں کہ ''القتات'' چغل خور کو کہتے ہیں۔

471- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت

469- اخبار مكة للفاكهى، ذكر من حدث من اهل العلم المتقدمين وهو يطوف بالبيت، جلد 2، صفحه 609، رقم:635
سنن ترمذى، باب ما جاء فى آخر سورة البقره، جلد 5، صفحه 89، رقم:2881
السنن الكبرىٰ للبيهقى، باب كم يكفى الرجل من قرأة، جلد 3، صفحه 20، رقم:4950
المعجم الكبير للطبرانى، حديث عقبة بن عمرو ابو مسعود، جلد 17، صفحه 202، رقم:14229
سنن ابوداؤد، باب تحزيب القرآن، جلد 1، صفحه 528، رقم:1399
470- اتحاف الخيره المهرة، باب فى الامام يطول فى الصلاة فيفارقه المأموم، جلد 2، صفحه 86، رقم:1086
السنن الصغرىٰ للبيهقى، باب صفة صلاة الائمة، جلد 1، صفحه 175، رقم:510
المعجم الاوسط للطبرانى، من اسمه محمد، جلد 5، صفحه 291، رقم:5348
سنن ابن ماجه، باب من أم قوم فليخفف، جلد 1، صفحه 315، رقم:984
سنن الدارمى، باب ما امر الامام من التخفيف فى الصلاة، جلد 1، صفحه 322، رقم:1259
471- الاحاد والمثانى، من اسمه على بن شيبان الحنفى رضى الله عنه، جلد 3، صفحه 297، رقم:1678

قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَنَامَ وَضَعَ يَدَهُ تَحْتَ رَاْسِهِ ثُمَّ قَالَ: اَللّٰهُمَّ قِنِي عَذَابَكَ يَوْمَ تَجْمَعُ -اَوْ تَبْعَثُ- عِبَادَكَ.

ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب سونے کا ارادہ کرتے تو آپ ﷺ اپنا دست مبارک اپنے سر کے نیچے رکھتے، پھر یہ دعا پڑھتے: ''اے اللہ! تو اس دن مجھے اپنے عذاب سے بچا جس دن تو اپنے بندوں کو جمع کرے گا'، یا فرماتے: دوبارہ زندہ کرے گا۔''

472- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ نُذَيْرٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: اَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَسْفَلِ مِنْ عَضَلَةِ سَاقِي اَوْ سَاقِهِ فَقَالَ: هٰذَا مَوْضِعُ الْاِزَارِ، فَاِنْ اَبَيْتَ فَاَسْفَلَ، فَاِنْ اَبَيْتَ فَاَسْفَلَ، فَاِنْ اَبَيْتَ فَلَا حَقَّ لِلْاِزَارِ فِيمَا اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ.

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے میری پنڈلی' یا فرمایا: اپنی پنڈلی کا نیچے والا حصہ پکڑا اور فرمایا: ''یہ تہبند رکھنے کی جگہ ہے' اگر تم نہیں مانتے تو اس سے تھوڑا سا نیچے کر لو اگر نہیں مانتے تو اس سے بھی نیچے کر لو اور اگر نہیں مانتے تو ٹخنوں سے نیچے تہبند کا کوئی حق نہیں ہے۔''

473- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ وَاَثْبَتَهُ الْفِيَّ هٰذَا الْحَدِيثَ قَالَ اَخْبَرَنِي زَيْدُ بْنُ وَهْبٍ قَالَ سَمِعْتُ حُذَيْفَةَ بْنَ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہم سے دو احادیث بیان کیں' ان میں سے ایک تو پوری ہو چکی دوسری کے پوری

التاريخ الكبير للبخارى، من اسمه على بن شيبان الحنفى، جلد 3، صفحه 98، رقم:2344
سنن ترمذى، باب ما جاء فيمن لا يقيم ملبة فى الركوع والسجود، جلد 2، صفحه 12، رقم:265
المعجم الكبير للطبرانى، حديث عقبة بن عمرو ابو مسعود، جلد 17، صفحه 212، رقم:14266
المنتقى لابن الجارود، باب صفة صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم، جلد 1، صفحه 159، رقم:195
472- صحيح مسلم، باب ذكر النداء لصلاة الكسوف، جلد 1، صفحه 627، رقم:911
صحيح بخارى، باب لا تكسف الشمس لموت احد ولا محياته، جلد 2، صفحه 71، رقم:1057
السنن الكبرىٰ للبيهقى، باب الامر بالفزع الى ذكر الله والى الصلاة، جلد 3، صفحه 320، رقم:6523
المستدرك للحاكم، كتاب الكسوف، جلد 1، صفحه 444، رقم:1231
المعجم الكبير للطبرانى، حديث عقبة بن عمرو ابو مسعود، جلد 17، صفحه 210، رقم:14280
473- السنن الكبرىٰ للبيهقى، باب فضل الصف الاوّل، جلد 3، صفحه 103، رقم:5401
المستدرك للحاكم، كتاب فضائل القرآن، جلد 2، صفحه 245، رقم:2113
المعجم الكبير للطبرانى، من اسمه عبد الله بن مسعود الهذلى، جلد 10، صفحه 145، رقم:10283
سنن ابوداؤد، باب تسوية الصفوف، جلد 1، صفحه 250، رقم:664
صحيح ابن حبان، باب فرض متابعة الامام، جلد 5، صفحه 551، رقم:2178

الْيَمَانِ يَقُولُ: حَدَّثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَدِيثَيْنِ، رَأَيْتُ اَحَدَهُمَا وَاَنَا اَنْتَظِرُ الْاٰخَرَ حَدَّثَنَا: اَنَّ الْاَمَانَةَ نَزَلَتْ فِيْ جَذْرِ قُلُوبِ الرِّجَالِ فَنَزَلَ الْقُرْاٰنُ فَقَرَءُ وْا مِنَ الْقُرْاٰنِ وَعَلِمُوْا مِنَ السُّنَّةِ . ثُمَّ حَدَّثَنَا عَنْ رَفْعِهَا فَقَالَ: يَنَامُ الرَّجُلُ النَّوْمَةَ فَتُقْبَضُ الْاَمَانَةُ مِنْ قَلْبِهِ فَيَبْقٰى اَثَرُهَا مِثْلَ اَثَرِ الْوَكْتِ ثُمَّ يَنَامُ فَتُقْبَضُ الْاَمَانَةُ مِنْ قَلْبِهِ فَيَظَلُّ اَثَرُهَا مِثْلَ اَثَرِ الْمَجْلِ . ثُمَّ اَخَذَ حَصَيَاتٍ فَقَالَ بِهِنَّ عَلٰى رِجْلِهِ فَدَحْرَجَهُنَّ فَقَالَ: دَحْرَجْتَهُ الْفَنِفَطَ فَتَرَاهُ مُنْتَبِرًا وَلَيْسَ فِيهِ شَيْءٌ، وَيَظَلُّ النَّاسُ يَتَبَايَعُوْنَ لَيْسَ فِيْهِمْ رَجُلٌ يُؤَدِّي الْاَمَانَةَ حَتّٰى يُقَالَ اِنَّ فِيْ بَنِيْ فُلَانٍ لَرَجُلًا يُؤَدِّي الْاَمَانَةَ، وَحَتّٰى يُقَالَ لِلرَّجُلِ مَا اَجْلَدَهُ وَمَا اَظْرَفَهُ وَمَا اَعْقَلَهُ، وَمَا فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ اِيْمَانٍ، وَلَقَدْ رَاَيْتُنِيْ وَمَا اُبَالِيْ اَيَّكُمْ بَايَعْتُ، لَئِنْ كَانَ مُسْلِمًا لَيَرُدَّنَّهُ عَلَيَّ اِسْلَامُهُ، وَلَئِنْ كَانَ يَهُوْدِيًّا اَوْ نَصْرَانِيًّا لَيَرُدَّنَّهُ عَلَيَّ سَاعِيهِ، وَمَا اُبَايِعُ الْيَوْمَ اِلَّا فُلَانًا وَفُلَانًا .

ہونے کا انتظار ہے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ''امانت لوگوں کے دلوں کے اندر نازل ہوئی پھر قرآن نازل ہوا تو لوگوں نے قرآن کا علم حاصل کیا اور سنت کا بھی علم حاصل کیا۔'' پھر آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے اس امانت کے اٹھائے جانے کے بارے میں ارشاد فرمایا: ''آدمی سوئے گا تو اس کے دل سے امانت کو اٹھا لیا جائے گا۔ پھر سوئے گا تو اس کے دل سے امانت کو اٹھا لیا جائے گا۔ حتیٰ کہ اس کا اس طرح نشان باقی رہ جائے گا جس طرح آبلے کا نشان ہوتا ہے۔'' پھر حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کچھ کنکریاں اپنے پاؤں پر ڈال کر دکھایا اور کہا: جس طرح ایک انگارہ اپنے پاؤں پر ڈالو تو اس جگہ آبلہ بن جاتا ہے اور جلن محسوس ہوگی۔ لیکن اس کے اندر کچھ نہیں ہوگا اور ایسے ہی لوگ لین دین کریں گے لیکن ان میں کوئی ایسا آدمی نہیں ہوگا جو امانت کو ادا کرے۔ حتیٰ کہ کسی آدمی کے بارے میں یہ کہا جائے کہ یہ کتنا تیز اور کتنا چالاک اور کتنا عقلمند ہے حالانکہ اس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی ایمان نہیں ہوگا۔ مجھے اپنے بارے میں یہ بات یاد ہے کہ میں پہلے اس بات کی پرواہ نہیں کرتا تھا کہ میں کس کے ساتھ سودا کر رہا ہوں۔ کیونکہ اگر وہ ایماندار ہوتا تو اس کا اسلام اسے میرے ساتھ ٹھیک رکھتا اور اگر وہ یہودی یا عیسائی ہوتا تو اس کا حکمران اسے میرے ساتھ ٹھیک رہنے دیتا۔ لیکن اب میں صرف فلاں اور فلاں آدمی کے ساتھ ہی لین دین کرتا ہوں۔

474- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت

474-السنن الصغرىٰ للبيهقي' باب صفة الائمة في الصلاة ' جلد 1' صفحه 172' رقم:499

المستدرك للحاكم' باب التأمين' جلد 1' صفحه 331' رقم:886

قَالَ حَدَّثَنَا جَامِعُ بْنُ اَبِيْ رَاشِدٍ وَسُلَيْمَانُ الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: مَنْ يُحَدِّثُنَا عَنِ الْفِتْنَةِ؟ فَقُلْتُ: اَنَا سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِيْ اَهْلِهِ وَمَالِهِ وَجَارِهِ يُكَفِّرُهَا الصَّلَاةُ وَالصَّدَقَةُ وَالصَّوْمُ . فَقَالَ عُمَرُ: لَسْتُ عَنْ تِلْكَ اَسْاَلُكَ، اِنَّمَا اَسْاَلُكَ عَنِ الَّتِيْ تَمُوْجُ مَوْجَ الْبَحْرِ . فَقُلْتُ: اِنَّ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ بَابًا مُغْلَقًا، قَتْلَ رَجُلٍ اَوْ مَوْتَهُ.

ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''فتنے کے بارے میں کون ہمیں حدیث سنائے گا'' تو میں نے کہا کہ میں نے آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو یہ فرماتے ہوئے سنا: ''آدمی کے لیے آزمائش اس کی بیوی اس کے مال اور اس کے ہمسایہ میں ہوتی ہے' نماز پڑھنا' صدقہ دینا اور روزہ رکھنا اس کا کفارہ ہو جاتے ہیں۔'' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے اس کے متعلق تم سے نہیں کہا' میں تم سے اس فتنے کے بارے میں پوچھ رہا ہوں جو سمندر کی لہروں کی طرح آئے گا۔ میں نے کہا: آپ کے اور اس کے درمیان ایک بند دروازہ ہے جو ایک آدمی کے قتل ہونے یا فوت ہونے کی صورت میں ہے۔

قَالَ: اَيُكْسَرُ ذٰلِكَ الْبَابُ اَوْ يُفْتَحُ؟ فَقُلْتُ: لَا، بَلْ يُكْسَرُ . فَقَالَ عُمَرُ: ذٰلِكَ اَجْدَرُ اَنْ لَّا يُغْلَقَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ.

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: کیا اس دروازے کو توڑ دیا جائے گا یا اسے کھولا جائے گا؟ تو میں نے کہا: نہیں! بلکہ اسے توڑ دیا جائے گا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: پھر تو وہ اس لائق ہو گا کہ قیامت کے دن تک بند نہ ہو۔

حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ فَهِبْنَا حُذَيْفَةَ اَنْ نَسْاَلَهُ اَكَانَ عُمَرُ يَعْلَمُ اَنَّهُ هُوَ الْبَابُ فَاَمَرْنَا مَسْرُوْقًا فَسَاَلَهُ فَقَالَ: نَعَمْ، كَمَا يَعْلَمُ اَنَّ دُوْنَ غَدٍ اللَّيْلَةَ، فَذَاكَ اَنِّيْ حَدَّثْتُهُ حَدِيْثًا لَيْسَ بِالْاَغَالِيطِ.

حضرت اعمش کہتے ہیں کہ ہم ہیبت کی وجہ سے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے یہ نہیں پوچھ سکے کہ کیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ یہ بات جانتے تھے کہ دروازے سے مراد وہ خود ہی ہیں؟ تو ہم نے مسروق سے یہ کہا' انہوں نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے یہ سوال کیا تو انہوں نے کہا: ہاں! جس طرح تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ کل سے پہلے آج کی رات آئے گی' اس کی وجہ یہ

المعجم الكبير للطبراني' حديث عقبة بن عمرو ابو مسعود' جلد 17' صفحه 218' رقم:14288

المنتقى لابن الجارود' باب الجماعة والامامة ' جلد 1' صفحه 85' رقم:308

سنن ابوداؤد' باب من احق بالامامة ' جلد 1' صفحه 228' رقم:584

ہے کہ میں نے انہیں ایک ایسی حدیث سنائی تھی جس میں غلطی نہیں تھی۔

475- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ قُلْتُ لِحُذَيْفَةَ: هَلْ صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَيْتِ الْمَقْدِسِ ؟ فَقَالَ حُذَيْفَةُ: اَنْتَ تَقُوْلُ صَلّٰى فِيْهِ يَا اَصْلَعُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ الْقُرْاٰنُ ـ قَالَ حُذَيْفَةُ: هَاتِ مَنِ احْتَجَّ بِالْقُرْاٰنِ فَقَدْ فَلَجَ۔

حضرت زر بن حبیش سے روایت ہے کہ میں نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا رسول اللہ ﷺ نے بیت المقدس میں نماز پڑھی تھی؟ تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اے کم بالوں والے! کیا تم یہ کہہ رہے ہو کہ آپ ﷺ نے اس میں نماز پڑھی تھی۔ میں نے جواب دیا: ہاں! میرے اور آپ کے درمیان فیصلہ قرآن کرے گا۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہنے لگے: ''لے آؤ۔'' جو شخص قرآن سے دلیل لیتا ہے وہ کامیاب ہو جاتا ہے۔

فَقَرَاْتُ عَلَيْهِ (سُبْحَانَ الَّذِىْ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلاً مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَى) فَقَالَ لِيْ حُذَيْفَةُ: اَيْنَ تَجِدُ صَلّٰى فِيْهِ؟ لَوْ صَلّٰى فِيْهِ لَكُتِبَتْ عَلَيْكُمُ الصَّلَاةُ فِيْهِ كَمَا كُتِبَتْ عَلَيْكُمُ الصَّلَاةُ فِى الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ۔

تو میں نے ان کے سامنے یہ آیت پڑھی: ''پاک ہے وہ ذات جو لے گئی اپنے بندے کو رات کے وقت مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک۔'' تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: تم نے اس میں یہ کہاں پایا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے وہاں نماز پڑھی تھی؟ اگر رسول اللہ ﷺ نے وہاں نماز پڑھی ہوتی تو تمہارے لیے وہاں نماز پڑھنا لازم ہو جاتا۔ جس طرح تم پر مسجد الحرام میں نماز پڑھنا لازم کیا گیا ہے۔

ثُمَّ قَالَ حُذَيْفَةُ: اُتِىَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِدَابَّةٍ طَوِيْلِ الظَّهْرِ مَمْدُوْدٍ يُّقَالُ لَهَا الْبُرَاقُ خَطْوُهَا مَدُّ الْبَصَرِ، فَمَا زَايَلَا ظَهْرَ الْبُرَاقِ حَتّٰى رَاَيَا الْجَنَّةَ وَالنَّارَ وَوَعْدَ الْاٰخِرَةِ اَجْمَعَ قَالَ وَيَتَحَدَّثُوْنَ اَنَّهٗ رَبَطَهٗ ثَمَّ اَيَفِرُّ لِمَ اَيَفِرُّ مِنْهُ؟ وَاِنَّمَا سَخَّرَهٗ لَهٗ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ۔

پھر حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک جانور لایا گیا جس کی پشت لمبی تھی جسے براق کہا جاتا تھا۔ جہاں اُس کی نظر ہوتی تھی وہاں اس کا قدم ہوتا تھا' تو آپ مسلسل براق کی پشت پر سوار رہے حتیٰ کہ آپ نے جنت اور جہنم کو دیکھ

475- صحیح بخاری' باب فی بدء الخلق' جلد 4' صفحه 300' رقم: 3302

صحیح مسلم' باب تفاضل اهل الایمان فیه ورجحان اهل الیمن فیه' جلد 1' صفحه 36' رقم: 51

اور آخرت کا وعدہ تو زیادہ جمع کرنے والا ہے۔ (حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے) فرمایا کہ لوگ یہ کہتے ہیں کہ آپ (ﷺ) نے اسے باندھ دیا تھا' بھلا کس لیے؟ کیا اس نے آپ کو چھوڑ کر بھاگ جانا تھا حالانکہ غیب اور شہادت کا علم رکھنے والی ذات نے اسے آپ کے لیے مسخر کر دیا تھا۔

476- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ بْنُ قُدَامَةَ الثَّقَفِيُّ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ حُذَيْفَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اقْتَدُوْا بِاللَّذَيْنِ بَعْدِى اَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ، وَاهْتَدُوْا بِهَدْىِ عَمَّارٍ، وَتَمَسَّكُوْا بِعَهْدِ ابْنِ اُمِّ عَبْدٍ ـ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میرے بعد ان دو کی پیروی کرنا، ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما کی اور عمار کی ہدایت پر عمل کرنا اور میرے بعد ابن ام عبد کے عہد کو مضبوطی سے پکڑ کر رکھنا۔

66 – مُسْنَدُ أَبِىْ مَسْعُوْدِ الْأَنْصَارِىِّ

مسند حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ

477- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا بَكْرِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ يُّحَدِّثُ عَنْ اَبِىْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيِّ: عُقْبَةَ بْنِ عَمْرٍو: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے کتے کی قیمت، فاحشہ عورت کی کمائی اور کاہن کی اُجرت سے منع فرمایا ہے۔

476- اطراف المسند المعتلی' من مسند العباس بن عبد المطلب' جلد 2' صفحه 675' رقم: 3049

الاحاد والمثانی' حدیث عقبة بن فرقد السلمی' جلد 3' صفحه 71' رقم: 1386

المعجم الاوسط للطبرانی' باب من اسمه ابراهیم' جلد 3' صفحه 148' رقم: 2758

مسند امام احمد بن حنبل' حدیث العباس بن عبد المطلب' جلد 1' صفحه 207' رقم: 1776

مسند البزار' مسند العباس بن عبد المطلب رضی الله عنه' جلد 1' صفحه 226' رقم: 1301

477- المستدرك للحاكم' كتاب الاهوال' جلد 4' صفحه 625' رقم: 8735

صحیح مسلم' باب شفاعة النبی لابی طالب' جلد 1' صفحه 135' رقم: 532

البعث والنشور للبیهقی' باب قوله عزوجل "ولا یشفعون الا لمن ارتضی" جلد 1' صفحه 14' رقم: 12

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ، وَمَهْرِ الْبَغِيِّ، وَحُلْوَانِ الْكَاهِنِ.

478- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ: اَخَّرَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ يَوْمًا الصَّلَاةَ، فَقَالَ لَهُ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: نَزَلَ جِبْرِيلُ فَاَمَّنِي فَصَلَّيْتُ مَعَهُ، ثُمَّ نَزَلَ فَاَمَّنِي فَصَلَّيْتُ مَعَهُ، ثُمَّ نَزَلَ فَاَمَّنِي فَصَلَّيْتُ مَعَهُ . حَتّٰى عَدَّ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ . فَقَالَ لَهُ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ: اتَّقِ اللّٰهَ يَا عُرْوَةُ، وَانْظُرْ مَا تَقُوْلُ. قَالَ عُرْوَةُ: اَخْبَرَنِيهِ بَشِيرُ بْنُ اَبِي مَسْعُوْدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

حضرت زہری بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے نماز پڑھنے میں دیر کردی تو حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا: جبرئیل علیہ السلام آئے انہوں نے میری امامت کی' میں نے ان کی اقتداء میں نماز ادا کی۔ پھر وہ آئے انہوں نے میری امامت کی' میں نے ان کی اقتداء میں نماز ادا کی۔ پھر وہ آئے انہوں نے میری امامت کی تو میں نے ان کی اقتداء میں نماز ادا کی' حتیٰ کہ راوی نے پانچ نمازوں کا تذکرہ کیا تو حضرت عمر بن عبدالعزیز نے ان سے کہا: ''اللہ سے ڈرو! اے عروہ! اور یہ دیکھو کہ تم کیا کہہ رہے ہو''، تو حضرت عروہ نے کہا: بشر بن ابومسعود نے اپنے والد سے رسول اللہ ﷺ سے یہ روایت مجھ سے بیان کی ہے۔

479- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ اَبِي مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ ''جو شخص رات کے وقت سورۃ بقرہ کی آخری دو آیات کی تلاوت کرے تو یہ

478- التاريخ الكبير للبخارى' من اسمه محمد بن على بن عبد الله بن جعفر' جلد 1' صفحه 100' رقم:560
المستدرك للحاكم' ذكر عبد الله بن عباس' جلد 5' صفحه 325' رقم:6417
صحيح ابن حبان' باب الادعية' جلد 3' صفحه 231' رقم:951
مسند امام احمد بن حنبل' حديث العباس بن عبد المطلب' جلد 1' صفحه 209' رقم:1783
مسند البزار' مسند العباس بن عبد المطلب' جلد 1' صفحه 228' رقم:1312
479- صحيح بخارى' باب النزول بين عرفة وجمع' جلد 2' صفحه 409' رقم:1670
صحيح مسلم' باب استحباب ادامة الحاج التلبية متى يشرع فى جمرة العقبة' جلد 2' صفحه 101 رقم:1281
سنن ابن ماجه' باب متى يقطع الحاج التلبية' جلد 3' صفحه 91' رقم:3040

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَرَاَ بِالْاٰيَتَيْنِ مِنْ اٰخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ فِي لَيْلَةٍ كَفَتَاهُ .

دونوں اس کے لیے کفایت کرجائیں گی''۔

480- قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيدَ: ثُمَّ لَقِيتُ اَبَا مَسْعُوْدٍ فِي الطَّوَافِ فَسَاَلْتُهُ عَنْهُ فَحَدَّثَنِي اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَرَاَ بِالْاٰيَتَيْنِ مِنْ اٰخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ فِي لَيْلَةٍ كَفَتَاهُ .

عبدالرحمٰن بن یزید کہتے ہیں کہ بعد میں میری ملاقات طواف کرتے ہوئے حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے ہوئی تو میں نے ان سے اس روایت کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے مجھ سے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو آدمی رات کے وقت سورۃ بقرہ کی آخری دو آیات پڑھ لے گا تو یہ دونوں اس کے لیے کفایت کریں گی''۔

481- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ قَيْسَ بْنَ اَبِي حَازِمٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَا مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّي لَاَتَخَلَّفُ عَنْ صَلَاةِ الصُّبْحِ مِمَّا يُطَوِّلُ بِنَا فُلَانٌ . قَالَ: فَمَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَضِبَ فِي مَوْعِظَةٍ قَطُّ غَضَبَهُ يَوْمَئِذٍ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ مِنْكُمْ مُنَفِّرِيْنَ، اِنَّ مِنْكُمْ مُنَفِّرِيْنَ،

حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں صبح کی نماز باجماعت میں اس لیے نہیں شریک ہوسکا کیونکہ فلاں آدمی ہمیں لمبی نماز پڑھاتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں کہ وعظ و نصیحت کرتے ہوئے میں نے رسول اللہ ﷺ کو اس دن جس قدر غصے میں دیکھا' اتنا کبھی نہیں دیکھا۔ پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تم میں سے بعض لوگ تنفر کرتے ہیں' تم میں سے بعض

480- السنن الكبرى للبيهقى' باب من خرج من المزدلفة بعد نصف الليل' جلد 5' صفحه 123' رقم:9780
المعجم الكبير للطبرانى' احاديث عبد الله بن العباس' جلد 11' صفحه 387' رقم:12107
صحيح ابن حبان' باب الوقوف بعرفة والمزدلفة' جلد 9' صفحه 51' رقم:3867
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الله بن العباس' جلد 1' صفحه 326' رقم:3008
مسند أبى يعلى' مسند ابن عباس' جلد 4' صفحه 274' رقم:2386
481- السنن الكبرى للبيهقى' باب من خرج من المزدلفة بعد نصف الليل' جلد 5' صفحه 123' رقم:9780
المعجم الكبير للطبرانى' احاديث عبد الله بن العباس' جلد 11' صفحه 387' رقم:12107
صحيح ابن حبان' باب الوقوف بعرفة والمزدلفة' جلد 9' صفحه 51' رقم:3867
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الله بن العباس' جلد 1' صفحه 326' رقم:3008
مسند أبى يعلى' مسند ابن عباس' جلد 4' صفحه 274' رقم:2386

فَأَيُّكُمْ أَمَّ النَّاسَ فَلْيُخَفِّفْ، فَإِنَّ فِيهِمُ الْكَبِيرَ وَالسَّقِيمَ وَالضَّعِيفَ وَذَا الْحَاجَةِ.

لوگ تنفر کرتے ہیں' جس آدمی نے لوگوں کو نماز پڑھانی ہو وہ مختصر پڑھائے کیونکہ لوگوں میں بڑی عمر والا' بیمار' کمزور اور کام کاج کرنے والا آدمی بھی ہوتا ہے۔"

482- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الْأَعْمَشُ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُرْجَى صَلَاةٌ لَا يُقِيمُ الرَّجُلُ فِيهَا صُلْبَهُ فِي الرُّكُوعِ وَالسُّجُودِ. قَالَ سُفْيَانُ: هٰكَذَا قَالَ الْأَعْمَشُ لَا تُرْجَى لَا تُجْزِءُ.

حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "ایسی نماز مکمل نہیں ہوتی جس میں آدمی رکوع اور سجدہ کرتے ہوئے اپنی پشت کو سیدھا نہیں رکھتا۔" سفیان کہتے ہیں کہ اعمش نے یہ روایت اسی طرح بیان کی ہے۔ اس کی امید نہیں کی جاسکتی یعنی وہ درست نہیں ہوسکتی۔

483- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ قَيْسًا يَقُولُ سَمِعْتُ أَبَا مَسْعُودٍ يَقُولُ: انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ يَوْمَ تُوُفِّيَ إِبْرَاهِيمُ ابْنُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّاسُ: انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ لِمَوْتِ إِبْرَاهِيمَ. فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللَّهِ، لَا يَنْكَسِفَانِ لِمَوْتٍ وَلَا حَيَاةٍ، فَإِذَا رَأَيْتُمْ ذٰلِكَ فَافْزَعُوا إِلَى ذِكْرِ اللَّهِ وَإِلَى الصَّلَاةِ.

حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جس دن رسول اللہ ﷺ کے صاحبزادے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا' اس دن سورج کو گرہن لگ گیا۔ لوگوں نے کہا: حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کے فوت ہونے کی وجہ سے سورج کو گرہن لگا ہے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "بے شک سورج اور چاند اللہ تعالیٰ کی دو نشانیاں ہیں' انہیں کسی کے زندہ یا فوت ہونے کی وجہ سے گرہن نہیں لگتے' جب تم انہیں دیکھو تو اللہ کے ذکر اور نماز کی طرف تیزی سے جاؤ۔" یعنی نماز کسوف ادا کرو۔

482- السنن الکبری للنسائی' باب النھی عن رمی جمرۃ العقبۃ قبل طلوع الشمس' جلد 5' صفحہ 87' رقم: 229
المعجم الکبیر للطبرانی' احادیث عبد اللہ بن العباس' جلد 12' صفحہ 139' رقم: 12733
جامع الاحادیث للسیوطی' الھمزۃ مع الیاء' جلد 1' صفحہ 154' رقم: 249
کنز العمال للھندی' الفصل السادس فی رمی الجمار' جلد 5' صفحہ 134' رقم: 12134
483- المنتقی لابن الجارود' باب المناسک' جلد 1' صفحہ 134' رقم: 506
سنن ابوداؤد' باب المحرم یموت کیف یصنع بہ' جلد 3' صفحہ 213' رقم: 3240
السنن الصغری للبیھقی' باب المحرم یموت' جلد 1' صفحہ 467' رقم: 1585
المعجم الصغیر للطبرانی' باب من اسمہ ابراھیم' جلد 1' صفحہ 142' رقم: 215

484- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقِيمُ مَنَاكِبَنَا فِي الصَّلَاةِ وَيَقُولُ: لَا تَخْتَلِفُوا فَتَخْتَلِفَ قُلُوبُكُمْ، وَلْيَلِيَنِّي مِنْكُمْ أُولُو الْأَحْلَامِ وَالنُّهَى، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ. قَالَ سُفْيَانُ: حَفِظْنَاهُ مِنَ الْأَعْمَشِ وَلَمْ نَجِدْهُ هَا هُنَا بِمَكَّةَ.

حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نماز شروع ہونے سے پہلے ہمارے کندھے سیدھے کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کرتے کہ "تم لوگ آپس میں اختلاف نہ کرو ورنہ تمہارے دلوں میں بھی اختلاف پیدا ہو جائے گا اور تم میں سے عقلمند اور ذی شعور لوگ میرے نزدیک کھڑے ہوں' پھر اس کے بعد وہ لوگ ہوں جو ان کے مرتبہ کے قریب ہوں پھر وہ لوگ ہوں جو ان کے مرتبہ کے قریب۔"

485- قَالَ سَمِعْتُ إِسْمَاعِيلَ بْنَ رَجَاءٍ يُحَدِّثُ عَنْ أَوْسِ بْنِ ضَمْعَجٍ الْحَضْرَمِيِّ عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَؤُمُّ الْقَوْمَ أَقْرَؤُهُمْ لِكِتَابِ اللَّهِ، فَإِنْ كَانُوا فِي الْقِرَاءَةِ سَوَاءً فَأَعْلَمُهُمْ بِالسُّنَّةِ، فَإِنْ كَانُوا فِي السُّنَّةِ سَوَاءً فَأَقْدَمُهُمْ هِجْرَةً، فَإِنْ كَانُوا فِي الْهِجْرَةِ سَوَاءً فَأَكْبَرُهُمْ سِنًّا، وَلَا يَؤُمُّ رَجُلٌ فِي سُلْطَانِهِ، وَلَا يُجْلَسُ عَلَى تَكْرِمَتِهِ فِي بَيْتِهِ إِلَّا بِإِذْنِهِ.

حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "لوگوں کی امامت وہ آدمی کرائے جو اللہ کی کتاب زیادہ اچھے طریقے سے پڑھ سکتا ہو' اگر وہ لوگ قرأت میں برابر ہوں تو وہ آدمی کرائے جو سنت کا زیادہ علم رکھتا ہو' اگر وہ سنت کے علم میں بھی برابر ہوں تو وہ آدمی امامت کرائے جس نے ہجرت پہلے کی ہو' اگر ہجرت میں بھی برابر ہوں تو وہ آدمی امامت کرائے جس کی عمر زیادہ ہو اور کوئی بھی آدمی کسی دوسرے کی ولایت میں امامت نہ کرائے اور نہ ہی اس

484- المنتقی لابن الجارود' باب المناسک' جلد 1' صفحہ 134' رقم: 506
سنن ابوداؤد' باب المحرم یموت کیف یصنع بہ' جلد 3' صفحہ 213' رقم: 3240
السنن الصغری للبیھقی' باب المحرم یموت' جلد 1' صفحہ 467' رقم: 1585
المعجم الصغیر للطبرانی' باب من اسمہ ابراھیم' جلد 1' صفحہ 142' رقم: 215
485- مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ' جلد 2' صفحہ 506' رقم: 10583
مسند الشافعی' الباب الاول فیما جاء فی فرض الحج' جلد 1' صفحہ 171' رقم: 748
معرفۃ السنن والآثار للبیھقی' باب من قال لیس لہ منھا المسجد الحرام لفریضۃ الحج' جلد 9' صفحہ 73' رقم: 3337
الاوسط لابن المنذر' ذکر الاخبار التی خصت بالنھی عن اکل کل ذی ناب من السباع' جلد 3' صفحہ 199' رقم: 878

کے گھر میں اس کے بیٹھنے کی مخصوص جگہ پر بیٹھے۔ لیکن جب اس کی اجازت ہوتو ایسا کرسکتا ہے۔"

486- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْجَفَاءُ وَالْقَسْوَةُ وَغِلَظُ الْقُلُوبِ فِي الْفَدَّادِينَ أَهْلِ الْوَبَرِ، عِنْدَ أُصُولِ أَذْنَابِ الْإِبِلِ مِنْ رَبِيعَةَ وَمُضَرَ.

حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "ربیعہ اور مضر قبیلے کے وہ لوگ جو اونٹوں کو ان کی دم کی طرف سے ہانک کر لے جاتے ہیں ان میں جفا، سختی اور شدت پسندی پائی جاتی ہے۔"

67 - مُسْنَدُ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

مسند حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ

487- أَخْبَرَنَا أَبُو طَاهِرٍ: عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ زَيْدٍ الْمُؤَدِّبُ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ مِنْ سَنَةِ تِسْعٍ وَعِشْرِينَ وَأَرْبَعِمِائَةٍ فَأَقَرَّ بِهِ قَالَ أَخْبَرَنَا أَبُو عَلِيٍّ: مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ ابْنُ الصَّوَّافِ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ فَأَقَرَّ بِهِ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو عَلِيٍّ: بِشْرُ بْنُ مُوسَى قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت کثیر بن عباس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ غزوۂ حنین کے دن میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھا۔ آپ ﷺ جذامی کے دیئے ہوئے خچر پر سوار تھے' جب مسلمان پیچھے ہٹنے لگے تو رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: "اے عباس! تم بلند آواز میں پکارو اور کہو: اے درخت اور اے سورۃ بقرہ والو!"

486- صحیح بخاری' باب السراویل' جلد 6' صفحہ 517' رقم: 5804

صحیح مسلم' باب ما یباح للمحرم بحج او عمرۃ وما لا یباح' جلد 2' صفحہ 87' رقم: 1178

المعجم الکبیر للطبرانی' احادیث عبد اللہ بن العباس' جلد 12' صفحہ 39' رقم: 12437

المنتقی لابن الجارود' باب المناسك' جلد 1' صفحہ 111' رقم: 416

سنن ابن ماجہ' باب السراویل والخفین للمحرم' جلد 2' صفحہ 977' رقم: 2931

487- صحیح بخاری' باب من لم یتطوع بعد المکتوبۃ' جلد 2' صفحہ 58' رقم: 1174

صحیح مسلم' باب الجمع بین الصلاتین فی الحضر' جلد 2' صفحہ 152' رقم: 1668

مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد اللہ بن العباس' جلد 1' صفحہ 221' رقم: 1918

مصنف ابن ابی شیبۃ' باب من قال یجمع المسافر بین الصلاتین' جلد 2' صفحہ 456' رقم: 8312

جامع الاصول لابن اثیر' الفرع الثالث فی جمع المقیم' جلد 5' صفحہ 724' رقم: 4045

الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي كَثِيرُ بْنُ عَبَّاسٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَغْلَتِهِ الَّتِي أَهْدَاهَا لَهُ الْجُذَامِيُّ، فَلَمَّا وَلَّى الْمُسْلِمُونَ قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَبَّاسُ نَادِ قُلْ يَا أَصْحَابَ السَّمُرَةِ يَا أَصْحَابَ سُورَةِ الْبَقَرَةِ. وَكُنْتُ رَجُلًا صَيِّتًا فَقُلْتُ: يَا أَصْحَابَ السَّمُرَةِ يَا أَصْحَابَ سُورَةِ الْبَقَرَةِ، فَرَجَعُوا عَطْفَةً كَعَطْفَةِ الْبَقَرِ عَلَى أَوْلَادِهَا، وَارْتَفَعَتِ الْأَصْوَاتُ وَهُمْ يَقُولُونَ يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ قَصَرْتُ الدَّعْوَةَ عَلَى بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ: يَا بَنِي الْحَارِثِ قَالَ: وَتَطَاوَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى بَغْلَتِهِ فَقَالَ: هٰذَا حِينَ حَمِيَ الْوَطِيسُ. وَهُوَ يَقُولُ: قُدُمًا يَا عَبَّاسُ. ثُمَّ أَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَصَيَاتٍ فَرَمَى بِهِنَّ ثُمَّ قَالَ: انْهَزَمُوا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ. وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ: وَرَبِّ مُحَمَّدٍ. قَالَ سُفْيَانُ: حَدَّثَنَاهُ الزُّهْرِيُّ بِطُولِهِ فَهٰذَا الَّذِي حَفِظْتُ مِنْهُ.

حضرت عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میری آواز بلند تھی' تو میں نے پکارا: اے درخت اور اے سورۃ بقرہ والو! تو وہ لوگ یک دم ایسے پلٹے جس طرح گائے اپنی اولاد کی طرف پلٹتی ہے۔ آوازیں بلند ہوئیں اور وہ لوگ یہ کہہ رہے تھے: اے انصار کے گروہ! اے انصار کے گروہ! پھر میں نے دعوت کو بنو حارث بن حزرج کی طرف مختصر کیا اور کہا: اے بنو حارث! (حضرت عباس رضی اللہ عنہ) کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اپنے خچر پر سوار جنگ کا جائزہ لیتے رہے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "اب جنگ اچھی طرح بھڑکی ہے۔" اور آپ نے یہ بھی ارشاد فرمایا: اے عباس! آپ آگے بڑھو! پھر رسول اللہ ﷺ نے چند کنکریاں پکڑیں اور انہیں پھینکا اور یہ فرمایا: "رب کعبہ کی قسم! ان کے پاؤں اکھڑ جائیں گے۔" سفیان بعض اوقات یہ لفظ بیان کرتے ہیں: ربِ محمد کی قسم! سفیان کہتے ہیں کہ زہری نے یہ طویل حدیث ہمیں سنائی تھی۔ لیکن اس کا یہ ہی حصہ مجھے یاد رہ سکا ہے۔

488- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ

حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! جناب

488- سنن ترمذی' باب ما جاء فی الجمع بین الصلاتین فی الحضر' جلد 1' صفحہ 80' رقم: 187

السنن الکبرٰی للبیھقی' باب الجمع فی المطر بین الصلاتین' جلد 3' صفحہ 167' رقم: 5759

المعجم الاوسط للطبرانی' من اسمہ عبد الملك' جلد 5' صفحہ 113' رقم: 4830

سنن ابوداؤد' باب الجمع بین الصلاتین' جلد 1' صفحہ 469' رقم: 1213

صحیح ابن حبان' باب الجمع بین الصلاتین' جلد 4' صفحہ 462' رقم: 1591

اللّٰهِ بْنَ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ الْعَبَّاسَ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ يَقُوْلُ قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبَا طَالِبٍ كَانَ يَحُوطُكَ وَيَنْصُرُكَ فَهَلْ نَفَعَهُ ذٰلِكَ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، وَجَدْتُهُ فِيْ غَمَرَاتٍ مِنَ النَّارِ فَاَخْرَجْتُهُ اِلٰى ضَحْضَاحٍ.

ابوطالب آپ کا خیال رکھا کرتے تھے آپ کی مدد کیا کرتے تھے تو کیا اس کا انہیں کوئی فائدہ ہوگا؟ تو آپ نے فرمایا: ہاں! میں نے انہیں جہنم کے بڑے حصے میں پایا تو انہیں نکال کر اس کے ادنیٰ سے حصے میں لے آیا۔

489- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ اَبِيْ زِيَادٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اَنَّهٗ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِيْ دُعَاءً اَدْعُوْ بِهٖ. فَقَالَ: يَا عَبَّاسُ سَلِ اللّٰهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ. فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِيْ دُعَاءً اَدْعُوْ بِهٖ. فَقَالَ: يَا عَبَّاسُ يَا عَمَّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلِ اللّٰهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ. فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِيْ دُعَاءً اَدْعُوْ بِهٖ. فَقَالَ: يَا عَبَّاسُ يَا عَمَّ رَسُوْلِ اللّٰهِ سَلِ اللّٰهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ.

حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے کوئی دعا سکھایئے جو میں مانگا کروں‘ تو آپ نے فرمایا: اے عباس! اللہ تعالیٰ سے معافی اور عافیت کا سوال کرو۔ انہوں نے کہا: یارسول اللہ! مجھے کوئی دعا سکھایئے جو میں مانگا کروں‘ تو آپ نے فرمایا: اے عباس! اے رسول اللہ ﷺ کے چچا! اللہ تعالیٰ سے معافی اور عافیت کا سوال کرو۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے کوئی دعا سکھایئے جو میں مانگا کروں‘ تو آپ نے فرمایا: اے عباس! اے رسول اللہ ﷺ کے چچا! اللہ تعالیٰ سے درگزر اور دنیا اور آخرت کی عافیت مانگو۔

قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ الْحُمَيْدِيُّ: وَكَانَ سُفْيَانُ رُبَّمَا قَالَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ اَنَّ الْعَبَّاسَ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ. وَاَكْثَرُ ذٰلِكَ يَقُوْلُ عَنِ الْعَبَّاسِ اَنَّهٗ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ.

امام ابوبکر حمیدی فرماتے ہیں کہ کبھی سفیان یہ حدیث از عبداللہ بن حارث روایت کرتے ہیں کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: یارسول اللہ! اور زیادہ تر وہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا: یارسول اللہ!

489- اتحاف الخیرہ المهرة ‘ باب ما جاء فی الوضوء من النوم‘ جلد 1‘ صفحه 352‘ رقم:606
السنن الکبرٰی للبیهقی‘ باب کان ینام ولا یتوضاء‘ جلد 7‘ صفحه 62‘ رقم:13768
صحیح مسلم‘ باب الدعاء فی صلاۃ الیل‘ جلد 2‘ صفحه 179‘ رقم:1827
صحیح بخاری‘ باب اذا قام الرجل عن یسار ......الخ‘ جلد 1‘ صفحه 247‘ رقم:666
مسند الشافعی‘ الباب التاسع عشر فی التهجد‘ جلد 1‘ صفحه 223‘ رقم:538

68 - مُسْنَدُ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ

مسند حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما

490- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ حَرْمَلَةَ قَالَ حَدَّثَنَا كُرَيْبٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ - وَكَانَ رِدْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ حَتّٰى رَمَى الْجَمْرَةَ قَالَ: لَمْ اَزَلْ اَسْمَعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلَبِّيْ حَتّٰى رَمَى الْجَمْرَةَ.

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں مزدلفہ سے رسول اللہ ﷺ کی سواری پر آپ کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا‘ حتیٰ کہ آپ نے جمرہ کو کنکریاں ماریں۔ فرماتے ہیں کہ میں ہمیشہ سے رسول اللہ ﷺ سے یہی سنتا چلا آ رہا ہوں کہ تلبیہ پڑھتے حتیٰ کہ جمرہ کو کنکریاں مارتے۔

69 - مُسْنَدُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ

مسند حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما

491- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ يَزِيْدَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: كُنْتُ فِيْمَنْ قَدَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ضَعَفَةِ اَهْلِهٖ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ اِلٰى مِنًى.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں ان لوگوں میں شامل تھا۔ جنہیں رسول اللہ ﷺ نے اپنے گھر کے کمزور افراد کے ساتھ مزدلفہ سے منیٰ جلدی بھیج دیا تھا۔

492- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرٌو قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما (ایک اور سند کے ساتھ) نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مثل روایت

490- اتحاف الخیرہ المهرة ‘ باب ما جاء فی الوضوء من النوم‘ جلد 1‘ صفحه 352‘ رقم:606
السنن الکبرٰی للبیهقی‘ باب کان ینام ولا یتوضاء‘ جلد 7‘ صفحه 62‘ رقم:13768
صحیح مسلم‘ باب الدعاء فی صلاۃ الیل‘ جلد 2‘ صفحه 179‘ رقم:1827
صحیح بخاری‘ باب اذا قام الرجل عن یسار ......الخ‘ جلد 1‘ صفحه 247‘ رقم:666
مسند الشافعی‘ الباب التاسع عشر فی التهجد‘ جلد 1‘ صفحه 223‘ رقم:538
491- امام سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ کے اس قول مبارک کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خاصہ ہے کہ آپ کی آنکھیں سوتی ہیں اور دل جاگتا ہے‘ کی تائید بخاری شریف کی حدیث سے ہوتی ہے‘ ملاحظہ ہو! (صحیح بخاری‘ باب وضوء الصبیان‘ جلد 1‘ صفحه 523‘ رقم:859)

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

بیان کرتے ہیں۔

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَكَحَ وَهُوَ مُحْرِمٌ.

تھا)؟ تو میں نے کہا: لوگ یہ کہتے ہیں کہ وہ حضرت میمونہ تھیں۔ تو حضرت ابو شعثاء رضی اللہ عنہ کہنے لگے: مجھے تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ بات بتائی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے جب نکاح کیا تھا تو اس وقت آپ مُحرم تھے۔

532- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عُقْبَةَ اَخُو مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ قَالَ سَمِعْتُ كُرَيْبًا يُحَدِّثُ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: قَفَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا كَانَ بِالرَّوْحَاءِ لَقِيَ رَكْبًا فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ، فَرَدُّوْا عَلَيْهِ فَقَالَ: مَنِ الْقَوْمُ؟ قَالُوْا: الْمُسْلِمُوْنَ، فَمَنِ الْقَوْمُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ. فَفَزِعَتْ اِلَيْهِ امْرَاَةٌ فَرَفَعَتْ اِلَيْهِ صَبِيًّا لَهَا مِنْ مِحَفَّةٍ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلِهٰذَا حَجٌّ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ وَلَكِ اَجْرٌ.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ واپس تشریف لا رہے تھے جب آپ ﷺ روحا کے مقام پر پہنچے تو آپ کچھ سواروں سے ملے۔ آپ نے انہیں سلام کیا انہوں نے آپ کو سلام کا جواب دیا۔ آپ نے ان سے پوچھا: تم کون ہو؟ انہوں نے بتایا کہ ہم مسلمان ہیں' انہوں نے پوچھا کہ آپ کون ہیں؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں اللہ کا رسول ہوں' تو ایک عورت بڑی جلدی سے آپ کے پاس آئی' اس نے اپنے بچے کو اپنے ہودج میں سے رسول اللہ ﷺ کے سامنے بلند کیا اور عرض کرنے لگی: یا رسول اللہ! کیا اس کا حج ہوگا؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہاں! اور تمہیں بھی اس کا اجر ملے گا۔

قَالَ سُفْيَانُ: وَكَانَ ابْنُ الْمُنْكَدِرِ حَدَّثَنَاهُ اَوَّلًا مُرْسَلًا، فَقِيْلَ لِي اِنَّمَا سَمِعَهُ مِنْ اِبْرَاهِيْمَ فَاَتَيْتُ اِبْرَاهِيْمَ فَسَاَلْتُهُ عَنْهُ فَحَدَّثَنِي بِهِ وَقَالَ: حَدَّثْتُ بِهِ ابْنَ الْمُنْكَدِرِ فَحَجَّ بِاَهْلِهِ كُلِّهِمْ.

سفیان کہتے ہیں کہ ابن منکدر نے یہ روایت پہلے ہمیں بطور مرسل سنائی تھی تو مجھے یہ بتایا گیا کہ انہوں نے یہ روایت ابراہیم سے سنی ہے' تو میں ابراہیم کے پاس آیا' میں نے ان سے اس کے متعلق پوچھا تو انہوں نے مجھے یہ حدیث بیان کی' انہوں نے کہا: میں نے یہ روایت ابن

532- صحیح بخاری، باب بیع الطعام قبل ان یقبض وبیع ما لیس عندك، جلد 3، صفحه 111، رقم: 2135

صحیح مسلم، باب بطلان بیع المبیع قبل القبض، جلد 2، صفحه 431، رقم: 1525

السنن النسائی، باب بیع الطعام قبل ان یستوفی، جلد 4، صفحه 36، رقم: 6191

اختلاف الحدیث للشافعی، باب بیع الطعام، جلد 1، صفحه 223، رقم: 206

منکدر کو سنائی تو انہوں نے اپنے تمام گھر والوں کے ساتھ حج کیا تھا۔

533- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُوقَةَ قَالَ قِيلَ لِابْنِ الْمُنْكَدِرِ اَتَحُجُّ وَعَلَيْكَ دَيْنٌ ؟ فَقَالَ: اَلْحَجُّ اَقْضٰى لِلدَّيْنِ.

حضرت محمد بن سوقہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابن منکدر سے کہا گیا: اگر آپ کے ذمے قرض ہو تو کیا آپ حج کر لیں گے؟ تو انہوں نے فرمایا کہ حج زیادہ بہتر طور پر قرض ادا کروا دے گا۔

534- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ وَاَخْبَرَنِي الْمُنْكَدِرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ اَبِيهِ اَنَّهُ قِيلَ لَهُ: اَتَحُجُّ بِالصِّبْيَانِ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، اَعْرِضُهُمْ عَلَى اللّٰهِ.

حضرت منکدر بن محمد بن منکدر اپنے والد سے روایت بیان کرتے ہیں کہ ان سے پوچھا گیا کہ کیا آپ بچوں کو حج کروائیں گے؟ تو انہوں نے کہا: ہاں! میں انہیں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں لے جاؤں گا۔

535- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ سَمِعْتُ سُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ يَقُولُ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ: اِنَّ امْرَاَةً مِّنْ خَثْعَمٍ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ قبیلہ خثعم کی ایک عورت نے رسول اللہ ﷺ سے قربانی کے دن صبح کے وقت سوال کیا، اس وقت حضرت

533- السنن الكبرىٰ للبيهقي، باب من اباح المزارعة بجز معلوم مشاع، جلد 6، صفحه 134، رقم: 12072
المعجم الكبير للطبراني، احاديث عبد الله بن العباس، جلد 11، صفحه 13، رقم: 10880
سننِ ابوداؤد، باب فى المزارعة، جلد 3، صفحه 267، رقم: 3391
سنن ابن ماجه، باب الرخصة فى المزارعة بالثلث والربع، جلد 2، صفحه 832، رقم: 2464
صحيح مسلم، باب الارض تمنح، جلد 5، صفحه 25، رقم: 4042

534- سنن ابوداؤد، باب فى السلف، جلد 3، صفحه 292، رقم: 3465
سنن ابن ماجه، باب السلف فى كيل معلوم ووزن معلوم الى اجل معلوم، جلد 2، صفحه 765، رقم: 2280
سنن الدارقطني، كتاب البيوع، جلد 3، صفحه 40، رقم: 3211
سنن النسائي، باب السلف فى الثمار، جلد 7، صفحه 290، رقم: 4616
مسند امام احمد بن حنبل، مسند عبد الله بن العباس، جلد 1، صفحه 217، رقم: 1868

535- صحيح بخاري، باب كيف بدء الرمل، جلد 5، صفحه 97، رقم: 4256
صحيح مسلم، باب استحباب الرمل فى الطواف والعمرة، جلد 2، صفحه 112، رقم: 266
السنن الكبرىٰ للبيهقي، باب ما جاء فى بدء الرمي، جلد 5، صفحه 153، رقم: 9977
المعجم الكبير للطبراني، احاديث عبد الله بن العباس، جلد 10، صفحه 268، رقم: 10627
مسند امام احمد بن حنبل، مسند عبد الله بن العباس، جلد 1، صفحه 297، رقم: 2707

سَاَلَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَدَاةَ النَّحْرِ وَالْفَضْلُ رِدْفُهُ فَقَالَتْ: اِنَّ فَرِيضَةَ اللّٰهِ فِي الْحَجِّ عَلٰى عِبَادِهِ اَدْرَكَتْ اَبِي وَهُوَ شَيْخٌ كَبِيرٌ لَا يَسْتَطِيعُ اَنْ يَسْتَمْسِكَ عَلَى الرَّاحِلَةِ، فَهَلْ تَرٰى اَنْ نَحُجَّ عَنْهُ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ سُفْيَانُ: وَكَانَ عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ حَدَّثَنَاهُ اَوَّلًا عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَزَادَ فِيهِ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَوَيَنْفَعُهُ ذٰلِكَ؟ قَالَ: نَعَمْ كَمَا لَوْ كَانَ عَلٰى اَحَدِكُمْ دَيْنٌ فَقَضَاهُ. فَلَمَّا جَائَنَا الزُّهْرِيُّ تَفَقَّدْتُهُ فَلَمْ يَقُلْهُ.

فضل رضی اللہ عنہ، رسول اللہ ﷺ کے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے، عرض کی کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر جو حج فرض فرمایا ہے وہ میرے والد پر بھی لازم ہو گیا ہے لیکن وہ بوڑھے ہیں، وہ سواری پر جم کر نہیں بیٹھ سکتے۔ آپ ﷺ کیا حکم ہے کہ کیا میں ان کی طرف سے حج کر لوں؟ تو آپ نے فرمایا: ہاں! سفیان کہتے ہیں کہ عمرو بن دینار نے یہ روایت پہلے زہری سے، انہوں نے سلیمان بن یسار سے، انہوں نے از حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما ہمیں بیان کی اور انہوں نے اس میں ان الفاظ کا اضافہ کیا کہ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا اس چیز کا انہیں فائدہ ہو گا؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہاں! جس طرح اگر کسی شخص کے ذمے قرض ہو اور وہ اسے ادا کر دے۔ پس جب زہری ہمارے پاس آئے تو میں نے ان الفاظ کو گم پایا، انہوں نے یہ الفاظ بیان نہیں کیے۔

536- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرٌو قَالَ اَخْبَرَنِي طَاوُسٌ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ: اَمَّا الَّذِي نَهٰى عَنْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهُوَ الطَّعَامُ اَنْ يُبَاعَ حَتّٰى يُسْتَوْفٰى. وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ: حَتّٰى يُكَالَ. قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ بِرَاْيِهِ: وَلَا اَحْسَبُ كُلَّ شَيْءٍ اِلَّا مِثْلَهُ.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جس چیز سے رسول اللہ ﷺ نے منع کیا ہے وہ ایسا اناج ہے جسے پورا کرنے سے پہلے بیچ دیا جائے۔ یہاں سفیان نے بعض دفعہ یہ الفاظ بیان کیے ہیں: ''یہاں تک کہ اسے ماپ لیا جائے۔'' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے اپنی رائے یہ بیان کی ہے کہ میں یہ سمجھتا

536- السنن الكبرىٰ للبيهقي، باب الاختيار للحاج فى ترك، جلد 4، صفحه 283، رقم: 8647
سنن نسائي، باب افطار يوم عرفة بعرفة، جلد 2، صفحه 153، رقم: 2814
مسند امام احمد بن حنبل، مسند عبد الله بن العباس، جلد 1، صفحه 217، رقم: 1870
مصنف عبد الرزاق، باب صيام يوم عرفة، جلد 4، صفحه 283، رقم: 7816
مصنف ابن ابى شيبة، باب فى صوم يوم عرفة بمكة، جلد 3، صفحه 195، رقم: 13384

ہوں کہ ہر چیز کا حکم اسی کی طرح ہے۔

537- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرٌو قَالَ قُلْتُ لِطَاوُسٍ: يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ لَوْ تَرَكْتَ الْمُخَابَرَةَ فَإِنَّهُمْ يَزْعُمُونَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْهَا. فَقَالَ: اَىْ عَمْرُو اَخْبَرَنِي اَعْلَمُهُمْ بِذٰلِكَ يَعْنِي ابْنَ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَنْهَ عَنْهَا وَلٰكِنْ قَالَ: لَاَنْ يَمْنَحَ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ اَرْضَهُ خَيْرٌ لَهُ مِنْ اَنْ يَأْخُذَ عَلَيْهَا خَرْجًا مَعْلُومًا . وَاِنَّ مُعَاذًا حِيْنَ قَدِمَ الْيَمَنَ اَقَرَّهُمْ عَلَيْهَا، وَاِنِّي اَىْ عَمْرُو اُعِيْنُهُمْ وَاُعْطِيهِمْ فَاِنْ رَبِحُوا فَلِي وَلَهُمْ وَاِنْ نَقَصُوا فَعَلَيَّ وَعَلَيْهِمْ، وَاِنَّ الْحَقْلَةَ فِي الْاَنْصَارِ فَسَلْ عَنْهَا. فَسَأَلْتُ عَلِيَّ بْنَ رِفَاعَةَ فَقَالَ: هِيَ الْمُخَابَرَةُ.

حضرت عمرو کہتے ہیں کہ میں نے طاؤس سے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! کاش کہ آپ ٹھیکے پر دینا چھوڑ دیں کیونکہ لوگوں نے یہ بیان کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اس سے منع فرمایا ہے۔ تو طاؤس نے کہا: اے عمرو! جو ان سب لوگوں سے زیادہ علم رکھتے ہیں، ان کی مراد حضرت عبداللہ بن عباس تھے، انہوں نے مجھے یہ بتایا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے اس سے منع نہیں کیا' آپ نے یہ ارشاد فرمایا تھا: ''کہ کوئی آدمی اپنے کسی بھائی کو اپنی زمین دے دے' یہ اس کے لیے اس سے زیادہ بہتر ہے کہ وہ اس سے اس کی معقول اُجرت وصول کرے۔'' اور جب حضرت معاذ رضی اللہ عنہ یمن تشریف لائے تو انہوں نے وہاں کے لوگوں کو اس طرح معاملات کرنے پر باقی رہنے دیا۔ اور اے عمرو! میں ان لوگوں کی مدد کرتا ہوں اور انہیں عطیہ دیتا ہوں اگر انہیں فائدہ ہو تو وہ مجھے بھی ملتا ہے اور انہیں بھی ملتا ہے اور اگر پیداوار میں کمی ہو جائے تو اس کا نقصان میں بھی برداشت کرتا ہوں اور وہ لوگ بھی کرتے ہیں۔ حقلہ (پھل کا یا کھیت کا پکنے سے پہلے بیچنا' خریدنا) کا رواج انصار میں تھا۔ تم اس کے متعلق پوچھو۔ میں نے حضرت علی بن رفاعہ سے اس کے متعلق پوچھا تو انہوں نے کہا کہ یہ مخابرہ (کھیت کا

537- السنن الکبریٰ للبیهقی' باب من رای الهلال وحده عمل علی رؤیته' جلد 4' صفحه 247' رقم:8441
سنن الدارمی' باب الصوم لرؤیة الهلال' جلد 2' صفحه 7' رقم:1686
صحیح ابن حبان' باب رؤیة الهلال' جلد 8' صفحه 226' رقم:3441
صحیح البخاری' باب هل یقال رمضان او شهر رمضان' جلد 2' صفحه 672' رقم:1801
صحیح مسلم' باب وجوب صوم رمضان لرؤیة الهلال والفطر لرؤیة الهلال' جلد 3' صفحه 122' رقم:2556

بٹائی پر دینا) ہے۔

538- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي نَجِيحٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَثِيرٍ الدَّارِيِّ عَنْ اَبِي الْمِنْهَالِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ وَهُمْ يُسْلِفُونَ فِي الثَّمَرِ السَّنَتَيْنِ وَالثَّلَاثَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَلَّفَ فَلْيُسْلِفْ فِي ثَمَنٍ مَعْلُومٍ وَوَزْنٍ مَعْلُومٍ وَكَيْلٍ مَعْلُومٍ اِلٰى اَجَلٍ مَعْلُومٍ .

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ جب نبی اکرم ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے تو وہاں کے لوگ کھجوروں میں دو یا تین سال کے لیے بیع سلف کر لیتے تھے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے قرض کا لین دین کرنا ہو وہ قرض کی چیز کی قیمت معلوم ہو' وزن معلوم ہو اور وقت معلوم ہو' بیع سلف کرے۔

539- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي حُسَيْنٍ وَفِطْرٌ اَنَّهُمَا سَمِعَا اَبَا الطُّفَيْلِ يَقُولُ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: اِنَّ قَوْمَكَ يَزْعُمُونَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَمَلَ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَاَنَّهُمَا سُنَّةٌ. فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: صَدَقُوا وَكَذَبُوا. زَادَ فِطْرٌ صَدَقُوا قَدْ رَمَلَ، وَكَذَبُوا لَيْسَتْ بِسُنَّةٍ.

ابوطفیل سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا: آپ کی قوم کے لوگ یہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے بیت اللہ کا رمل کیا تھا اور صفا اور مروہ کا بھی رمل کیا تھا اور یہ دونوں سنت ہیں' تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ان لوگوں نے سچ بھی کہا ہے اور جھوٹ بھی کہا ہے۔ راوی فطر کی مراد یہ تھی کہ انہوں نے یہ بات سچ کہی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے رمل کیا تھا۔ اور انہوں نے یہ بات غلط کہی ہے کہ یہ سنت نہیں ہے۔

540- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

538- السنن الکبریٰ للبیهقی' باب المسافر بصوم بعض الشهر' جلد 4' صفحه 245' رقم:8432
المنتقی لابن الجارود' باب الصیام' جلد 1' صفحه 106' رقم:398
المسند المستخرج صحیح الامام مسلم' کتاب الصیام' جلد 3' صفحه 192' رقم:2520
539- صحیح بخاری' باب صیام یوم عاشوراء' جلد 3' صفحه 2' رقم:2004
صحیح مسلم' باب صوم یوم عاشوراء' جلد 1' صفحه 116' رقم:1130
المعجم الکبیر للطبرانی' احادیث عبد الله بن العباس' جلد 12' صفحه 24' رقم:12362
المسند المستخرج علی صحیح الامام مسلم' کتاب الصیام' جلد 3' صفحه 211' رقم:2573
فضائل الاوقات للبیهقی' باب تخصیص یوم عاشوراء بالذکر' جلد 1' صفحه 434' رقم:233
540- صحیح بخاری' باب التسمیة علی کل حال وعند الوقاع' جلد 4' صفحه 189' رقم:3271

قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِيُّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ: اَتَيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ بِعَرَفَةَ فَوَجَدْتُهُ يَاْكُلُ رُمَّانًا، فَقَالَ: اُدْنُ فَكُلْ لَعَلَّكَ صَائِمٌ، اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَصُمْ هٰذَا الْيَوْمَ.

کہ میں عرفہ میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس حاضر ہوا تو میں نے انہیں انار کھاتے ہوئے دیکھا۔ انہوں نے کہا: آگے آؤ اور تم بھی کھاؤ شاید تم نے روزہ رکھا ہوا ہے۔ بے شک رسول اللہ ﷺ نے اس دن روزہ نہیں رکھا۔

541- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرٌو قَالَ اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حُنَيْنٍ مَوْلَى آلِ الْعَبَّاسِ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ يَتَعَجَّبُ مِمَّنْ يَتَقَدَّمُ الشَّهْرَ بِالصِّيَامِ وَيَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا رَاَيْتُمُوْهُ فَصُوْمُوْا، وَاِذَا رَاَيْتُمُوْهُ فَاَفْطِرُوْا، فَاِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاَكْمِلُوا الْعِدَّةَ ثَلَاثِيْنَ.

حضرت محمد بن حنین سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو فرماتے سنا وہ اس شخص پر حیرانگی کا اظہار کر رہے تھے جس نے ماہ رمضان کے شروع ہونے سے قبل ہی روزہ رکھ لیا۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جب تم اسے (یعنی چاند) دیکھ لو تو روزے رکھنا شروع کرو اور جب تم اسے (یعنی چاند) دیکھو تو روزے رکھنا چھوڑ دو اور اگر موسم ابر آلود ہو تو تم تیس کی گنتی پوری کرلو۔''

542- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت

صحیح مسلم، باب ما یستحب ان یقوله عند الجماع، جلد 2، صفحه 219، رقم:1434
المعجم الکبیر للطبرانی، احادیث عبد الله بن العباس، جلد 11، صفحه 422، رقم:12195
سنن ابوداؤد، باب ما جاء فی جامع النکاح، جلد 2، صفحه 214، رقم:2163
سنن الدارمی، باب القول عند الجماع، جلد 2، صفحه 195، رقم:2212
541- صحیح مسلم، باب استیذان الثیب فی النکاح بالنطق، جلد 2، صفحه 187، رقم:1421
السنن الکبریٰ للبیهقی، باب ما جاء فی النکاح الآباء الابکار، جلد 7، صفحه 115، رقم:14034
المعجم الکبیر للطبرانی، احادیث عبد الله بن العباس، جلد 10، صفحه 307، رقم:10743
سنن ابوداؤد، باب فی الثیب، جلد 2، صفحه 196، رقم:2101
صحیح ابن حبان، باب الولی، جلد 9، صفحه 398، رقم:4088
مسند امام احمد بن حنبل، مسند عبد الله بن العباس، جلد 1، صفحه 219، رقم:1897
542- سنن ابوداؤد، باب اللعان، جلد 3، صفحه 181، رقم:2255
السنن الصغریٰ للبیهقی، باب الظهار، جلد 2، صفحه 318، رقم:2907
السنن الکبریٰ للنسائی، باب التفریق بین المتلاعنین، جلد 3، صفحه 294، رقم:5668

قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ سَمِعْتُ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ عَامَ الْفَتْحِ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ فَصَامَ حَتّٰى اِذَا بَلَغَ الْكَدِيْدَ اَفْطَرَ. قَالَ: وَاِنَّمَا يُؤْخَذُ بِالْآخِرِ مِنْ فِعْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. قَالَ سُفْيَانُ: لَا اَدْرِي قَالَهُ الزُّهْرِيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ اَوْ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

ہے کہ فتح مکہ کے سال رسول اللہ ﷺ رمضان کے مہینے میں مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے، آپ حالت روزہ میں تھے، حتیٰ کہ جب آپ کدید کے مقام پر پہنچے تو آپ نے روزہ افطار کرلیا۔ راوی کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے آخری عمل کو اختیار کیا جاتا تھا۔ سفیان کہتے ہیں کہ مجھے یہ نہیں معلوم کہ زہری نے یہ الفاظ عبیداللہ سے بیان کیے ہیں یا حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے۔

543- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ وَالْيَهُوْدُ تَصُوْمُ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ فَقَالَ: مَا هٰذَا الْيَوْمُ الَّذِي تَصُوْمُوْنَهُ؟ قَالُوْا: هٰذَا يَوْمٌ عَظِيْمٌ اَنْجَى اللّٰهُ فِيْهِ مُوْسٰى وَاَغْرَقَ آلَ فِرْعَوْنَ فِيْهِ فَصَامَهُ مُوْسٰى شُكْرًا. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَنَحْنُ اَحَقُّ بِمُوْسٰى مِنْكُمْ. فَصَامَهُ وَاَمَرَ بِصِيَامِهِ.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے تو یہودی یوم عاشورہ کا روزہ رکھتے تھے۔ آپ نے فرمایا: یہ لوگ اس دن کیوں روزہ رکھتے ہیں؟ تو عرض کی گئی کہ یہ وہ عظیم دن ہے جس دن اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو نجات عطا فرمائی تھی اور فرعونیوں کو پانی میں غرق کیا تھا، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بطور شکر اس دن روزہ رکھا تھا۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم لوگوں سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زیادہ حق دار ہم ہیں، پس آپ نے خود بھی اس دن روزہ رکھا اور اس دن روزہ رکھنے کا حکم بھی دیا۔

544- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت

المعجم الکبیر للطبرانی، من اسمه سهل بن سعد الساعدی، جلد 6، صفحه 116، رقم:5693
المنتقی لابن الجارود، باب اللعان، جلد 1، صفحه 189، رقم:753
543- صحیح بخاری، باب ما یجوز من اللو، جلد 8، صفحه 131، رقم:7238
صحیح مسلم، باب اللعان، جلد 4، صفحه 210، رقم:3833
مسند امام احمد بن حنبل، مسند عبد الله بن العباس، جلد 1، صفحه 335، رقم:3106
مسند الشافعی، الباب الثالث فی اللعان، جلد 1، صفحه 258، رقم:1275
مصنف عبد الرزاق، باب لا یجتمع المتلاعنان ابدا، جلد 7، صفحه 117، رقم:12452
544- السنن الکبریٰ للبیهقی، باب ما یحرم فیه من الثیاب، جلد 5، صفحه 33، رقم:9217

قَالَ حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ اَنَّ اَحَدَكُمْ اِذَا اَتٰى اَهْلَهُ قَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا، فَاِنْ قُدِّرَ بَيْنَهُمَا وَلَدٌ لَمْ يَضُرَّهُ الشَّيْطَانُ شَيْئًا ۔

ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر کوئی آدمی اپنی بیوی سے وظیفۂ زوجیت ادا کرنے سے پہلے یہ دعا پڑھ لے: ''اللہ تعالیٰ کے نام سے' اے اللہ! تو ہم سے شیطان کو دور رکھ اور جو رزق تو ہمیں عطا کرے اسے بھی شیطان سے دور رکھ۔'' اگر ان کی تقدیر میں اولاد ہوئی تو شیطان اسے ذرا بھی نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

545- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلثَّيِّبُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا، وَالْبِكْرُ تُسْتَاْمَرُ فِي نَفْسِهَا، فَصَمْتُهَا اِقْرَارُهَا ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ثیبہ (شوہر دیدہ) اپنے ولی کے مقابلے میں اپنی ذات کی زیادہ حقدار ہے اور کنواری سے اس کی ذات کے بارے میں اس کی مرضی معلوم کی جائے اور اس کی خاموشی اس کا اقرار ہے۔''

546- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ كُلَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ رَجُلًا حِيْنَ لَاعَنَ بَيْنَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ اَنْ يَضَعَ يَدَهُ عَلٰى فِيْهِ عِنْدَ الْخَامِسَةِ.

وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ فِيْهِ: فَاِنَّهَا مُوْجِبَةٌ ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب نبی اکرم ﷺ نے دو لعان کرنے والوں کے درمیان لعان کروایا تو جب وہ آدمی پانچویں مرتبہ جملہ کہنے لگا تو رسول اللہ ﷺ نے ایک آدمی کو یہ حکم فرمایا کہ وہ اس کے منہ پر ہاتھ رکھ دے۔

سفیان نے اس روایت میں بعض دفعہ یہ الفاظ بیان کیے ہیں: ''بے شک یہ واجب کر دے گا۔''

المستدرك للحاكم' كتاب الجنائز' جلد 1' صفحه 506' رقم: 1308
المعجم الاوسط للطبراني' من اسمه الحسين' جلد 4' صفحه 7' رقم: 3471
سنن ابن ماجه' باب ما جاء فيما يستحب من الكفن' جلد 1' صفحه 473' رقم: 1472
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الله بن العباس' جلد 1' صفحه 355' رقم: 3342
545- صحيح البخاري' باب الوصية بالثلث' جلد 3' صفحه 107' رقم: 2592
سنن النسائي الكبرى' باب الوصية بالثلث' جلد 6' صفحه 244' رقم: 3634
تحفة الاشراف للمزي' عروة بن الزبير بن العوام الاسدي عن ابن عباس' جلد 5' صفحه 77' رقم: 5876
546- صحيح بخاري' باب ما يستحب لمن توفي فجاة ان يتعد قواعنه' جلد 3' صفحه 481' رقم: 2721
صحيح مسلم' باب الامر بقضاء النذر' جلد 2' صفحه 287' رقم: 1637

547- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ اَنَّهُ سَمِعَ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ يَقُوْلُ: ذُكِرَ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ الْمُتَلَاعِنَيْنِ فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَدَّادٍ: اَهِيَ الَّتِي قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كُنْتُ رَاجِمًا اَحَدًا بِغَيْرِ بَيِّنَةٍ لَرَجَمْتُهَا . قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لَا، تِلْكَ امْرَاَةٌ اَعْلَنَتْ ۔

حضرت قاسم بن محمد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے لعان کرنے والے خاوند بیوی کا ذکر کیا تو عبداللہ بن شداد نے ان سے کہا: کیا یہی وہ عورت تھی جس کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے یہ فرمایا تھا: ''کہ اگر میں نے کسی گواہی کے بغیر سنگسار کرنا ہوتا تو اس عورت کو سنگسار کروا دیتا۔'' تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بولے: ''نہیں! وہ تو اعلانیہ گناہ کیا کرتی تھی''۔

548- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَيْرُ ثِيَابِكُمُ الْبَيَاضُ، لِيَلْبَسْهَا اَحْيَاؤُكُمْ، وَكَفِّنُوْا فِيْهَا مَوْتَاكُمْ، وَخَيْرُ اَكْحَالِكُمُ الْاِثْمِدُ فَاِنَّهُ يَجْلُو الْبَصَرَ وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ''تمہارے کپڑوں میں سب سے بہتر سفید کپڑے ہیں' تمہارے زندہ لوگوں کو وہی پہننے چاہئیں اور اسی میں تم اپنے مردوں کو کفن دو اور تمہارے سرموں میں سب سے بہتر سرمہ اثمد ہے کیونکہ وہ بینائی کو تیز کرتا ہے اور بالوں کو اگاتا ہے۔''

549- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اگر لوگ وصیت کے بارے میں ایک چوتھائی حصے

547- السنن الكبرى للبيهقي' باب ما جاء في المولى من اسفل' جلد 6' صفحه 242' رقم: 12768
سنن ترمذي' باب في ميراث المولى الاسفل' جلد 4' صفحه 225' رقم: 2106
سنن نسائي' باب اذا مات العتيق وبقي المعتق' جلد 4' صفحه 88' رقم: 6409
مصنف ابن ابي شيبة' باب رجل مات وترك خالة وابنة اخيه' جلد 11' صفحه 266' رقم: 31781
548- السنن الكبرى للبيهقي' باب ما جاء في قول الله "وان امراة..........الخ" جلد 7' صفحه 296' رقم: 15129
المستدرك للحاكم' ذكر عبد الله بن عباس' جلد 5' صفحه 468' رقم: 6802
المعجم الكبير للطبراني' احاديث عبد الله بن العباس' جلد 11' صفحه 180' رقم: 11450
سنن نسائي' ذكر امر رسول الله صلى الله عليه وسلم' جلد 6' صفحه 53' رقم: 3196
صحيح مسلم' باب جواز هبتها نوبتها لضرتها' جلد 4' صفحه 175' رقم: 3706
549- معرفة السنن والآثار للبيهقي' باب السنة في الاكل والشرب من كتاب حرملة' جلد 12' صفحه 83' رقم: 4599

قَالَ: لَوْ غَضَّ النَّاسُ فِي الْوَصِيَّةِ إِلَى الرُّبُعِ لَكَانَ أَحَبَّ إِلَيَّ لِقَوْلِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الثُّلُثُ، وَالثُّلُثُ كَثِيرٌ.

تک پر بھی اکتفاء کریں تو یہ میرے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ ہوگا۔ کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ”ایک تہائی‘ اور ایک تہائی بھی بہت زیادہ ہے۔“

550- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ اسْتَفْتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَذْرٍ كَانَ عَلَى أُمِّهِ تُوُفِّيَتْ قَبْلَ أَنْ تَقْضِيَهُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْضِهِ عَنْهَا.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے منت کے متعلق رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا جو ان کی والدہ کے ذمے لازم تھی اور ان کی والدہ اس منت کو پورا کرنے سے پہلے انتقال کر گئی تھیں۔ تو نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا: ”تم ان کی طرف سے اسے ادا کر دو۔“

551- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرٌو عَنْ عَوْسَجَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَجُلًا مَاتَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَدَعْ وَارِثًا إِلَّا عَبْدًا هُوَ أَعْتَقَهُ، فَأَعْطَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِيرَاثَهُ.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ مبارک میں ایک آدمی فوت ہو گیا‘ اس نے ورثاء میں صرف ایک غلام چھوڑا جسے اس نے آزاد کر دیا تھا۔ تو نبی اکرم ﷺ نے اس کی وراثت اس غلام کو دے دی۔

552- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت

550- صحیح البخاری' باب مرض النبی صلی اللہ علیہ وسلم' جلد 4' صفحہ 161' رقم: 4168
مشکوۃ المصابیح' باب فضائل سیّد المرسلین' جلد 3' صفحہ 298' رقم: 5965
جامع الاصول فی احادیث الرسول' الفصل الاوّل فی مرضہ وموتہ' جلد 11' صفحہ 69' رقم: 8533
551- صحیح بخاری' باب لا تحرک بہ لسانک' جلد 8' صفحہ 311' رقم: 7523
صحیح مسلم' باب الاستماع للقرأۃ' جلد 1' صفحہ 286' رقم: 448
المعجم الکبیر للطبرانی' احادیث عبد اللہ بن العباس' جلد 11' صفحہ 458' رقم: 12326
سنن ترمذی' باب ومن سورۃ القیامۃ' جلد 5' صفحہ 430' رقم: 3329
سنن النسائی' سورۃ القیامۃ' جلد 6' صفحہ 603' رقم: 11636
552- صحیح بخاری' باب لا تحرک بہ لسانک' جلد 8' صفحہ 311' رقم: 7523
صحیح مسلم' باب الاستماع للقرأۃ' جلد 1' صفحہ 286' رقم: 448
المعجم الکبیر للطبرانی' احادیث عبد اللہ بن العباس' جلد 11' صفحہ 458' رقم: 12326
سنن ترمذی' باب ومن سورۃ القیامۃ' جلد 5' صفحہ 430' رقم: 3329
سنن النسائی' سورۃ القیامۃ' جلد 6' صفحہ 603' رقم: 11636

قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُبِضَ عَنْ تِسْعٍ، وَكَانَ يَقْسِمُ لِثَمَانٍ.

ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ کا (ظاہری) وصال ہوا تو اس وقت آپ کی نو ازواج تھیں جن میں سے آپ آٹھ ازواج کے لیے وقت کو تقسیم کیا کرتے تھے۔

553- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيَّ قَالَ سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ يَقُولُ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يُحَدِّثُ: أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يُنْفَخَ فِي الْإِنَاءِ أَوْ يُتَنَفَّسَ فِيهِ.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے برتن میں (پانی پیتے وقت) پھونک مارنے یا اس میں سانس لینے سے منع فرمایا ہے۔

554- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ أَبِي مُسْلِمٍ الْأَحْوَلُ - وَكَانَ ثِقَةً - قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ يَقُولُ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ: يَوْمُ الْخَمِيسِ وَمَا يَوْمُ الْخَمِيسِ؟ ثُمَّ بَكَى حَتَّى بَلَّ دَمْعُهُ الْحَصَى فَقِيلَ لَهُ: يَا أَبَا عَبَّاسٍ وَمَا يَوْمُ الْخَمِيسِ؟ قَالَ: اشْتَدَّ بِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَعُهُ يَوْمَ الْخَمِيسِ فَقَالَ: ائْتُونِي أَكْتُبْ لَكُمْ كِتَابًا لَنْ تَضِلُّوا بَعْدَهُ أَبَدًا. فَتَنَازَعُوا وَلَا يَنْبَغِي عِنْدَ نَبِيٍّ تَنَازُعٌ فَقَالَ: مَا شَأْنُهُ؟ أَهَجَرَ اسْتَفْهِمُوهُ، فَرَدُّوا عَلَيْهِ فَقَالَ: دَعُونِي فَالَّذِي أَنَا فِيهِ خَيْرٌ مِمَّا تَدْعُونِي إِلَيْهِ. قَالَ: وَأَوْصَاهُمْ بِثَلَاثٍ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جمعرات کا دن بھی کیا دن ہے۔ پھر وہ رونے لگے حتیٰ کہ ان کے آنسو زمین پر گرنے لگے لوگوں نے عرض کی: کیوں کیا ہوا تھا جمعرات کو؟ اے ابوعباس! تو انہوں نے فرمایا کہ جمعرات کے دن رسول اللہ ﷺ کی تکلیف میں اضافہ ہوا تھا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میرے پاس کوئی چیز لے کر آؤ تاکہ میں تمہیں ایک تحریر لکھ دوں‘ اس کے بعد تم کبھی گمراہ نہیں ہو گے۔ تو وہاں موجود لوگوں میں میں اختلاف ہو گیا‘ نبی ﷺ کی موجودگی میں اس طرح کا اختلاف ٹھیک نہیں تھا۔ کسی نے کہا کہ آپ کا کیا معاملہ ہے؟ کیا آپ کی بات واضح

553- المستدرک للحاکم' کتاب الاطعمۃ' جلد 6' صفحہ 83' رقم: 7118
مسند البزار' مسند ابن عباس رضی اللہ عنہما' جلد 2' صفحہ 190' رقم: 5063
سنن ترمذی' باب ما جاء فی کراھیۃ الاکل من وسط الطعام' جلد 3' صفحہ 168' رقم: 1865
جامع الاحادیث للسیوطی' ان المشدۃ مع الھمزہ' جلد 7' صفحہ 227' رقم: 6185
554- صحیح بخاری' باب لا یحل ان یرجع فی ھبتہ وصدقتہ' جلد 3' صفحہ 211' رقم: 2622
صحیح مسلم' باب تحریم الرجوع فی الصدقۃ والھبۃ بعد القبض الا ما وھبۃ لولدہ' جلد 2' صفحہ 309' رقم: 1626
اتحاف الخیرہ المھرۃ للبوصیری' باب ما یجوز من الرجوع فی الھبۃ وما لا یجوز' جلد 3 صفحہ 400' رقم: 2977
اطراف المسند المعتلی' حدیث عکرمۃ مولی ابن عباس عن ابن عباس' جلد 3' صفحہ 181' رقم: 3604

فَقَالَ: اَخْرِجُوا الْمُشْرِكِيْنَ مِنْ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ، وَاَجِيْزُوا الْوَفْدَ بِنَحْوِ مَا كُنْتُ اُجِيْزُهُمْ ۔ قَالَ سُفْيَانُ قَالَ سُلَيْمَانُ: لَا اَدْرِي اَذَكَرَ سَعِيْدٌ الثَّالِثَةَ فَنَسِيْتُهَا اَوْ سَكَتَ عَنْهَا۔

نہیں ہے' آپ ﷺ سے پوچھ لو' تو لوگوں نے آپ سے دوبارہ اسی کا سوال کیا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تم مجھے جس حالت میں' میں ہوں ایسے ہی رہنے دو' یہ اس سے زیادہ بہتر ہے جس کی طرف تم مجھے بلا رہے ہو۔'' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کو تین باتوں کی تلقین کی۔ آپ نے فرمایا: ''جزیرۂ عرب سے مشرکین کو نکال دو اور وفود کی اسی طرح مہمان نوازی کرنا جس طرح میں ان کی مہمان نوازی کیا کرتا ہوں۔'' سفیان کہتے ہیں کہ سلیمان نے یہ بیان کیا ہے کہ مجھے یہ نہیں معلوم کہ سعید نے تیسری بات ذکر کی تھی' اور میں اسے بھول گیا ہوں یا انہوں نے تیسری بات کا ذکر ہی نہیں کیا۔

555- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ اَبِي عَائِشَةَ وَكَانَ مِنَ الثِّقَاتِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اُنْزِلَ عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ يُحَرِّكُ بِهٖ لِسَانَهٗ يُرِيْدُ اَنْ يَحْفَظَهٗ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ (لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ پر جب قرآن نازل ہوتا تو آپ اسے یاد رکھنے کے لیے اپنی زبان کو اس کے ساتھ حرکت دیتے تھے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: ''(اے نبی!) آپ ساتھ ساتھ دُہرایا نہ کرو' پس آپ اسے حاصل کرو' اس کی قراءت اور جمع کرنا ہمارے ذمہ ہے۔''

556- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

555- صحیح بخاری' باب من صور صورة کلف یوم القیامة ان ینفخ فیها الروح وما هو بنافخ' جلد 6' صفحه 511' رقم:5963
صحیح مسلم' باب تصویر صورة الحیوان' جلد 3' صفحه 87' رقم:2110
اطراف المسند المعتلی' حدیث عکرمة مولی ابن عباس عن ابن عباس' جلد 3' صفحه 400' رقم:2982
الآداب للبیهقی' باب النهی عن تزیین البیوت بالتماثیل والصور' جلد 1' صفحه 317' رقم:531
556- صحیح مسلم' باب النساء الغازیات یرفخ لهن ولا یسهم والنهی عن قتل صبیان اهل الحرب' جلد 2' صفحه 516' رقم:1812

قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرٌو عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ - وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ ابْنَ عَبَّاسٍ - قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُنْزِلَ عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ يَعْجَلُ بِهٖ يُرِيْدُ اَنْ يَحْفَظَهٗ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ (لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ) الْاٰيَةَ قَالَ: وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَعْلَمُ خَتْمَ السُّوْرَةِ حَتّٰى يُنَزَّلَ عَلَيْهِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ)

کہ رسول اللہ ﷺ پر جب قرآن نازل ہوتا تو آپ اسے یاد رکھنے کے لیے جلدی جلدی دُہرایا کرتے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: ''اے محبوب! آپ ساتھ ساتھ دُہرایا نہ کرو' پس آپ جلدی اسے یاد کرلو بے شک اس کا جمع کرنا اور اس کی تلاوت ہمارے ذمے ہے۔'' (سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ) کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو سورۃ کے ختم ہونے کا اس وقت علم ہوتا جب آپ پر یہ آیت نازل ہوتی: ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم''۔

557- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ وَسَمِعْتُهٗ يَذْكُرُ مَشْهَدًا شَهِدَهٗ ثُمَّ يَتَنَفَّسُ وَيَبْكِيْ فِيْهِ فُلَانٌ وَفُلَانٌ وَفُلَانٌ وَمِقْسَمٌ فَقَالَ لَهٗ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ: اَكُلُّكُمْ سَمِعَ مَا يُقَالُ فِي الطَّعَامِ؟ فَقَالَ مِقْسَمٌ: حَدِّثِ الْقَوْمَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ ۔ فَقَالَ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْبَرَكَةَ تَنْزِلُ فِيْ وَسَطِ الطَّعَامِ فَكُلُوْا مِنْ نَوَاحِيْهِ، وَلَا تَاْكُلُوْا مِنْ وَسَطِهٖ ۔

حضرت سفیان کہتے ہیں کہ عطاء بن ساعد ایک دفعہ ہمارے ساتھ محو گفتگو تھے کہ میں نے انہیں ایک جنگ کا ذکر کرتے ہوئے سنا' جس میں وہ شریک ہوئے تھے' پھر انہوں نے لمبا سانس لیا اور رونے لگے کہ اس میں فلاں بھی تھے اور فلاں بھی تھے۔ فلاں بھی تھے اور مقسم بھی تھے۔ تو سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا تم میں سے ہر ایک نے وہ بات سنی ہے جو کھانے کے متعلق کہی گئی ہے؟ تو مقسم نے کہا: اے ابوعبداللہ! حاضرین کو وہ بات بتا دو! تو حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''بے شک برکت کھانے کے درمیان میں نازل

السنن الکبریٰ للبیهقی' باب سهم ذی القربی من الخمس' جلد 6' صفحه 345' رقم:13348
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الله بن العباس' جلد 1' صفحه 349' رقم:3264
557- سنن ترمذی' باب ما جاء فی المرتد' جلد 2' صفحه 216' رقم:1458
السنن الصغریٰ للبیهقی' باب قتل من ارتد عن الاسلام رجلا کان او امراة' جلد 2' صفحه 453' رقم:3409
المستدرك للحاکم' ذکر عبد الله بن عباس' جلد 5' صفحه 282' رقم:6295
المعجم الاوسط للطبرانی' باب من اسمه مسعود' جلد 8' صفحه 275' رقم:8623
المنتقی لابن الجارود' باب جراح العمد' جلد 1' صفحه 214' رقم:843

ہوتی ہے تو تم اس کے کناروں سے کھایا کرو اور اس کے درمیان میں سے نہ کھایا کرو۔"

558- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ قَالَ سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَيْسَ لَنَا مَثَلُ السَّوْءِ، اَلْعَائِدُ فِيْ هِبَتِهٖ كَالْكَلْبِ يَعُوْدُ فِيْ قَيْئِهٖ .

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "ہمارے لیے بری مثال بیان کرنا مناسب نہیں ہے' اپنے صدقہ کی ہوئی چیز کو دوبارہ لینے والا اس کتے کی طرح ہے جو اپنی قے کو دوبارہ چاٹ لیتا ہے۔"

559- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ صَوَّرَ صُوْرَةً عُذِّبَ وَكُلِّفَ اَنْ يَّنْفُخَ فِيْهَا وَلَيْسَ بِفَاعِلٍ، وَمَنْ تَحَلَّمَ كَاذِبًا عُذِّبَ وَكُلِّفَ اَنْ يَّعْقِدَ بَيْنَ شَعِيْرَتَيْنِ وَلَيْسَ بِعَاقِدٍ، وَمَنِ اسْتَمَعَ اِلٰى حَدِيْثِ قَوْمٍ وَهُمْ لَهٗ كَارِهُوْنَ صُبَّ فِيْ اُذُنَيْهِ الْاٰنُكُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ . قَالَ سُفْيَانُ الْاٰنُكُ: الرَّصَاصُ .

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "جو آدمی تصویر بناتا ہے اسے عذاب دیا جائے گا اور اسے اس بات کا پابند کیا جائے گا کہ وہ اس میں روح پھونکے حالانکہ وہ ایسا نہیں کر سکے گا۔ اور جو آدمی جھوٹا خواب بیان کرے گا اسے عذاب دیا جائے گا اور اس بات کا پابند کیا جائے گا کہ وہ جو کے دو دانوں کے درمیان گرہ لگائے اور وہ گرہ نہیں لگا سکے گا اور جو آدمی چھپ کر کچھ لوگوں کی باتیں سنے جسے وہ پسند نہ کرتے ہوں تو قیامت کے دن اس آدمی کے کانوں میں سیسہ ڈالا جائے گا۔" سفیان کہتے ہیں کہ لفظ "انک" کا مطلب سیسہ ہے۔

560- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت یزید بن ہرمز سے روایت ہے کہ نجدہ نے

558- سنن نسائی' باب ذکر الاخبار التی اعتل بها من اباح شراب السکر' جلد 8' صفحہ 198' رقم: 5687

صحیح بخاری' باب الباذق' جلد 6' صفحہ 309' رقم: 5598

559- السنن الکبری للبیهقی' باب جواز الاجارة' جلد 6' صفحہ 117' رقم: 11973

تفسیر ابن ابی حاتم' قولہ "فلما قضی موسی الاجل" جلد 5' صفحہ 500' رقم: 15785

560- صحیح بخاری' باب رؤیا اللیل' جلد 6' صفحہ 611' رقم: 7000

صحیح مسلم' باب تأویل الرؤیا' جلد 3' صفحہ 211' رقم: 2629

اتحاف الخیرہ المهرة' باب اعبر الامة للرؤیا بعد النبی صلی اللہ علیہ وسلم' جلد 6' صفحہ 369' رقم: 6038

سنن ابن ماجہ' باب تعبیر الرؤیا' جلد 2' صفحہ 128' رقم: 3918

قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اُمَيَّةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ هُرْمُزَ قَالَ: كَتَبَ نَجْدَةُ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْاَلُهٗ عَنِ الْمَرْاَةِ وَالْعَبْدِ يَحْضُرَانِ الْفَتْحَ يُسْهَمُ لَهُمَا، وَعَنْ قَتْلِ الْوِلْدَانِ، وَعَنِ الْيَتِيْمِ مَتٰى يَنْقَطِعُ عَنْهُ اسْمُ الْيُتْمِ؟ وَعَنْ ذِي الْقُرْبٰى مَنْ هُمْ؟ فَقَالَ: اكْتُبْ يَا يَزِيْدُ فَلَوْلَا اَنْ يَّقَعَ فِيْ اُحْمُوْقَةٍ مَا كَتَبْتُ اِلَيْهِ، اكْتُبْ كَتَبْتَ اِلَيَّ تَسْاَلُنِيْ عَنْ ذِي الْقُرْبٰى مَنْ هُمْ وَاِنَّا كُنَّا نَزْعُمُ اَنَّا هُمْ، وَاَبٰى ذٰلِكَ عَلَيْنَا قَوْمُنَا، وَكَتَبْتَ تَسْاَلُنِيْ عَنِ الْمَرْاَةِ وَالْعَبْدِ يَحْضُرَانِ الْفَتْحَ هَلْ يُسْهَمُ لَهُمَا بِشَيْءٍ، وَاِنَّهٗ لَا يُسْهَمُ لَهُمَا وَلٰكِنْ يُّحْذَيَانِ، وَكَتَبْتَ تَسْاَلُنِيْ عَنِ الْيَتِيْمِ مَتٰى يَنْقَطِعُ عَنْهُ اسْمُ الْيُتْمِ، وَاِنَّهٗ لَا يَنْقَطِعُ عَنْهُ اسْمُ الْيُتْمِ حَتّٰى يَبْلُغَ وَيُوْنَسَ مِنْهُ رُشْدًا، وَكَتَبْتَ تَسْاَلُنِيْ عَنْ قَتْلِ الصِّبْيَانِ وَاَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَقْتُلْهُمْ، وَاَنْتَ لَا تَقْتُلْهُمْ اِلَّا اَنْ تَعْلَمَ مِنْهُمْ مَا عَلِمَ صَاحِبُ مُوْسٰى مِنَ الْغُلَامِ الَّذِيْ قَتَلَهٗ .

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو خط لکھ کر ان سے اس عورت اور غلام کے متعلق سوال کیا جو فتح میں شریک ہوتے ہیں' کیا ان دونوں کو حصہ ملے گا اور بچوں کو قتل کرنے اور یتیم کے متعلق پوچھا کہ اس سے یتیم کا نام کب ختم ہوگا اور ذوی القربیٰ کے بارے میں سوال کیا کہ اس سے مراد کون لوگ ہیں؟ تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: "اے یزید تم لکھو' اگر مجھے یہ ڈر نہ ہوتا کہ وہ مزید بے وقوفی کا شکار ہو جائے گا تو میں اسے خط نہ لکھتا' تم یہ لکھو! "تم نے مجھے خط لکھ کر مجھ سے یہ پوچھا ہے کہ ذوی القربیٰ سے مراد کون ہیں؟ تو ہم لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اس سے مراد ہم ہی ہیں لیکن ہماری قوم ہماری اس بات کو نہیں مانتی اور تم نے مجھ سے اس عورت اور غلام کے متعلق پوچھا ہے جو فتح میں شریک ہوتے ہیں' کیا انہیں کچھ ملے گا تو ان دونوں کو کچھ نہیں ملے گا۔ لیکن بطور عطیہ انہیں کچھ دے دیا جائے گا اور تم نے مجھ سے یتیم کے بارے میں پوچھا ہے کہ اس پر یتیم کا نام کب ختم ہوگا؟ تو اس سے یتیم کا نام اس وقت تک ختم نہیں ہوگا جب تک وہ بالغ نہیں ہو جاتا اور تم نے مجھ سے بچوں کو قتل کے متعلق سوال کیا ہے تو رسول اللہ ﷺ نے بچوں کو قتل نہیں کیا اور تم بھی انہیں قتل نہیں کر سکتے سوائے اس صورت کے کہ تمہیں ان کے بارے میں ویسا ہی علم ہو جیسا علم حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھی حضرت خضر علیہ السلام کو اس لڑکے کے بارے میں تھا جسے انہوں نے قتل کر دیا تھا۔"

سنن نسائی' باب السمن والعسل' جلد 4' صفحہ 387' رقم: 7640

561- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ: لَمَّا بَلَغَ ابْنَ عَبَّاسٍ أَنَّ عَلِيًّا أَحْرَقَ الْمُرْتَدِّينَ - يَعْنِي الزَّنَادِقَةَ - قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لَوْ كُنْتُ أَنَا لَقَتَلْتُهُمْ لِقَوْلِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَدَّلَ دِينَهُ فَاقْتُلُوهُ. وَلَمْ أُحْرِقْهُمْ لِقَوْلِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَنْبَغِي لِأَحَدٍ أَنْ يُعَذِّبَ بِعَذَابِ اللَّهِ. قَالَ سُفْيَانُ: فَقَالَ عَمَّارٌ الدُّهْنِيُّ وَهُوَ فِي الْمَجْلِسِ مَجْلِسِ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ وَأَيُّوبُ يُحَدِّثُ بِهَذَا الْحَدِيثِ: أَنَّ عَلِيًّا لَمْ يُحَرِّقْهُمْ إِنَّمَا حَفَرَ لَهُمْ أَسْرَابًا، وَكَانَ يُدَخِّنُ عَلَيْهِمْ مِنْهَا حَتَّى قَتَلَهُمْ. فَقَالَ عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ: أَمَا سَمِعْتَ قَائِلَهُمْ وَهُوَ يَقُولُ: لِتَرْمِ بِيَ الْمَنَايَا حَيْثُ شَاءَتْ إِذَا لَمْ تَرْمِ بِي فِي الْحُفْرَتَيْنِ إِذَا مَا قَرَّبُوا حَطَبًا وَنَارًا هُنَاكَ الْمَوْتُ نَقْدًا غَيْرَ دَيْنٍ.

حضرت عکرمہ روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو اس بات کا پتہ چلا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کچھ مرتدین کو یعنی زندیقوں کو جلا دیا ہے تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اگر میں انہیں قتل کرتا تو اس کی بنیاد پر کرتا کہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے: ”جو شخص اپنا دین تبدیل کرے تم اسے قتل کر دو۔“ لیکن میں ان لوگوں کو جلاتا نہیں کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا: ”کسی کے لیے یہ مناسب نہیں ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے عذاب جیسا کسی کو عذاب دے۔“ سفیان کہتے ہیں کہ عمار دہنی اس وقت اس مجلس میں یعنی حضرت عمرو بن دینار کی مجلس میں موجود تھے اور حضرت ایوب یہ حدیث بیان کر رہے تھے تو حضرت عمار بولے: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کو جلایا نہیں تھا' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان کے لیے گڑھے کھدوائے تھے اور انہیں دھواں دے کر قتل کروایا تھا' تو حضرت عمرو بن دینار نے کہا: کیا تم نے ان کے قائل کو یہ کہتے نہیں سنا کہ ”آرزوئیں مجھے جہاں چاہیں پھینک دیں جب وہ مجھے ان دو گڑھوں میں نہیں پھینکیں گی جن کے قریب لکڑیوں اور آگ کو کر دیا گیا تھا تو وہاں موت نقد مل رہی تھی' کوئی ادھار نہیں تھا۔“

562- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا الْجُوَيْرِيَةِ الْجَرْمِيَّ يَقُولُ: سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ وَهُوَ مُسْنِدٌ ظَهْرَهُ إِلَى الْكَعْبَةِ عَنِ الْبَاذَقِ وَأَنَا وَاللَّهِ أَوَّلُ الْعَرَبِ سَأَلَهُ، فَقَالَ: سَبَقَ مُحَمَّدٌ الْبَاذَقَ، وَمَا أَسْكَرَ فَهُوَ حَرَامٌ.

حضرت ابو جویریہ جرمی سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے اس وقت جب وہ خانہ کعبہ کے ساتھ پشت لگا کر بیٹھے ہوئے تھے باذق کے بارے میں سوال کیا: اللہ کی قسم! میں وہ پہلا شخص ہوں جس نے ان سے یہ سوال کیا تو انہوں نے فرمایا: حضرت محمد ﷺ باذق کے متعلق فیصلہ دے چکے ہیں کہ جو چیز نشہ دلائے وہ حرام ہے۔

561- المستدرك للحاكم، كتاب الجنائز، جلد 1، صفحه 493، رقم: 1377
السنن الصغرى للبيهقى، باب التعزية، جلد 1، صفحه 353، رقم: 1163
سنن ابوداؤد، باب صنعة الطعام لاهل الميت، جلد 3، صفحه 164، رقم: 3134
سنن ابن ماجه، باب ما جاء فى الطعام، جلد 1، صفحه 514، رقم: 1610
مسند امام احمد بن حنبل، حديث عبد الله بن جعفر، جلد 1، صفحه 205، رقم: 1751
562- اتحاف الخيره المهرة، باب الارداف وما جاء فى ركوب الثلاثة على الدابة، جلد 6، صفحه 121، رقم: 5471

563- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَحْيَى بْنِ أَبِي يَعْقُوبَ - وَكَانَ مِنْ أَسْنَانِي أَوْ أَصْغَرَ مِنِّي - عَنِ الْحَكَمِ بْنِ أَبَانَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَأَلَ جِبْرِيلَ: أَيَّ الْأَجَلَيْنِ قَضَى مُوسَى؟ فَقَالَ: أَتَمَّهُمَا وَأَكْمَلَهُمَا.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے پوچھا کہ ”حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دو مدتوں میں سے کون سی مدت مکمل کی تھی؟ تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے فرمایا: جو پوری اور مکمل تھی۔“

564- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ فَلَمَّا كَانَ فِي آخِرِ زَمَانِ سُفْيَانَ أَثْبَتَ فِيهِ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ: أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ مُنْصَرَفَهُ مِنْ أُحُدٍ فَقَالَ:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ جب غزوہ احد سے واپس تشریف لا رہے تھے تو ایک آدمی آپ ﷺ کی خدمت میں آیا اور اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں نے ایک بادل

جامع الاصول فى احاديث الرسول، الفصل الثالث عشر فى الركوب والارتداف، جلد 6، صفحه 632، رقم: 4906
دلائل النبوة لابى نعيم، ذكر ما كان فى غزوة تبوك، جلد 2، صفحه 41، رقم: 433
جامع الاحاديث للسيوطى، مسند عبد الله بن جعفر، جلد 25، صفحه 410، رقم: 38422
563- الآداب للبيهقى، باب فى اكل اللحم والثريد، جلد 1، صفحه 252، رقم: 416
المستدرك للحاكم، كتاب الاطعمة، جلد 6، صفحه 76، رقم: 7097
المعجم الاوسط للطبرانى، من اسمه يعقوب، جلد 9، صفحه 181، رقم: 9480
سنن ابن ماجه، باب اطايب اللحمد، جلد 2، صفحه 1099، رقم: 3308
سنن النسائى الكبرى، باب لحم الظهر، جلد 4، صفحه 154، رقم: 6657
564- صحيح بخارى، باب القثاء بالرطب، جلد 6، صفحه 197، رقم: 5440
صحيح مسلم، باب اكل القثاء بالرطب، جلد 3، صفحه 46، رقم: 2043
مشكوة المصابيح، كتاب الاطعمة، الفصل الاول، جلد 2، صفحه 451، رقم: 4185

يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي رَأَيْتُ ظُلَّةً تَنْطِفُ سَمْنًا وَعَسَلًا، وَرَأَيْتُ النَّاسَ يَتَكَفَّفُونَ مِنْهُ فَالْمُسْتَكْثِرُ مِنْهُ وَالْمُسْتَقِلُّ، وَرَأَيْتُ سَبَبًا وَاصِلًا إِلَى السَّمَاءِ أَخَذْتَ بِهِ فَأَعْلَاكَ اللّٰهُ، ثُمَّ أَخَذَ بِهِ رَجُلٌ مِنْ بَعْدِكَ فَعَلَا، ثُمَّ آخَرُ مِنْ بَعْدِهِ فَعَلَا، ثُمَّ آخَرُ مِنْ بَعْدِهِ فَقُطِعَ بِهِ، ثُمَّ وُصِلَ لَهُ فَعَلَا. فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ دَعْنِي أَعْبُرْهَا. قَالَ: اعْبُرْهَا. قَالَ: أَمَّا الظُّلَّةُ فَالْإِسْلَامُ، وَأَمَّا يَنْطِفُ سَمْنًا وَعَسَلًا وَالنَّاسُ يَتَكَفَّفُونَ مِنْهُ فَهُوَ الْقُرْآنُ حَلَاوَتُهُ وَلِينُهُ، فَالْمُسْتَكْثِرُ مِنْهُ وَالْمُسْتَقِلُّ، وَأَمَّا السَّبَبُ الْوَاصِلُ إِلَى السَّمَاءِ فَهُوَ مَا أَنْتَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَقِّ أَخَذْتَ بِهِ فَأَعْلَاكَ اللّٰهُ، ثُمَّ يَأْخُذُ بِهِ رَجُلٌ مِنْ بَعْدِكَ فَيَعْلُو بِهِ ثُمَّ آخَرُ مِنْ بَعْدِهِ فَيَعْلُو، ثُمَّ آخَرُ مِنْ بَعْدِهِ فَيُقْطَعُ بِهِ، ثُمَّ يُوصَلُ لَهُ فَيَعْلُو، يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَصَبْتُ؟ قَالَ: أَصَبْتَ بَعْضًا وَأَخْطَأْتَ بَعْضًا. قَالَ: أَقْسَمْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ. قَالَ: لَا تُقْسِمْ يَا أَبَا بَكْرٍ

دیکھا ہے جس میں سے گھی اور شہد کی بارش ہو رہی ہے لوگ اسے ہتھیلیوں میں لے رہے تھے' ان میں سے کچھ لوگ زیادہ لے رہے تھے اور کچھ کم لے رہے تھے۔ پھر میں نے آسمان کی طرف جاتی ہوئی ایک رسی دیکھی' آپ ﷺ نے اسے پکڑا اور اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کو اوپر لے گیا' پھر آپ کے بعد ایک آدمی نے اسے پکڑا تو وہ بھی اوپر چلا گیا۔ پھر ان کے بعد ایک اور آدمی نے پکڑا تو وہ بھی اوپر چلا گیا' پھر اس کے بعد ایک اور آدمی نے پکڑا لیکن وہ رسی ٹوٹ گئی پھر اسے ملا لیا گیا تو وہ بھی اوپر چلا گیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس کی تعبیر بیان کروں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم اس کی تعبیر بیان کرو۔ انہوں نے عرض کی: بادل سے مراد اسلام ہے اور اس سے جو گھی اور شہد برس رہا ہے اور لوگ اسے ہتھیلیوں میں لے رہے ہیں' اس سے مراد قرآن اور اس کی تلاوت اور اس کی نرمی ہے تو کوئی اسے زیادہ حاصل کر رہا ہے اور کوئی کم حاصل کر رہا ہے اور جہاں تک آسمان پر جانے والی رسی کا تعلق ہے تو اس سے مراد وہ حق ہے جس پر آپ ﷺ کار بند ہیں' آپ نے اسے اختیار کیا تو اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو بلندی عطا فرمائی' پھر آپ ﷺ کے بعد ایک اور آدمی اسے پکڑ لے گا تو وہ اس کے ذریعے بھی بلندی حاصل کر لے گا' پھر اس کے بعد ایک اور آدمی اسے پکڑے گا تو وہ بھی بلندی حاصل کر لے گا' پھر اس کے بعد ایک اور آدمی اسے پکڑے گا تو یہ ٹوٹ جائے گی لیکن پھر یہ اس کے لیے جوڑی جائے گی

مصنف ابن ابی شیبة' باب الشيئين يو كل اجدهما بالاخر' جلد 8' صفحه 135' رقم:25043

تو وہ بھی بلندی پر چلا جائے گا۔ یا رسول اللہ! کیا میں نے صحیح تعبیر بیان کی ہے؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم نے کچھ صحیح بیان کی ہے اور کچھ صحیح نہیں' انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں آپ کو قسم دیتا ہوں! آپ بتائیے! آپ نے فرمایا: اے ابوبکر! ''تم قسم نہ دو۔''

70 - مُسْنَدُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ

مسند حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ

565- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ خَالِدٍ الْمَخْزُومِيُّ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبِي أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جَعْفَرٍ يَقُولُ لَمَّا جَاءَ نَعْيُ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اصْنَعُوا لِآلِ جَعْفَرٍ طَعَامًا فَقَدْ جَاءَهُمْ مَا يَشْغَلُهُمْ.

حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب حضرت جعفر بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے انتقال کی اطلاع آئی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم آلِ جعفر کے لیے کھانا تیار کرو کیونکہ انہیں ایسی مصیبت کا سامنا کرنا پڑا ہے' جس نے انہیں مصروف کیا ہوا ہے۔''

566- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبِي أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جَعْفَرٍ يَقُولُ: مَرَّ بِي رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ میرے پاس سے گزرے میں اور بنو عبدالمطلب کا ایک لڑکا (دونوں) وہاں موجود تھے تو

565- سنن ابن ماجه' باب ميراث اهل الاسلام' جلد 2' صفحه 911' رقم:2729
سنن ابوداؤد' باب هل يرث المسلم الكافر' جلد 3' صفحه 84' رقم:2911
سنن ترمذی' باب ما جاء فی ابطال الميراث بين المسلم والكافر' جلد 4' صفحه 225' رقم:2107
المستدرك للحاكم' كتاب الفرائض' جلد 6' صفحه 377' رقم:8007
المعجم الاوسط للطبرانی' من اسمه محمد' جلد 5' صفحه 182' رقم:5013
566- صحیح بخاری' باب الغرفة والعلية المشرفة فی السطوع' جلد 2' صفحه 871' رقم:2335
صحیح مسلم' باب نزول الفتن كمواقع القطر' جلد 8' صفحه 168' رقم:7427
المستدرك للحاكم' كتاب الفتن والملاحم' جلد 4' صفحه 553' رقم:8549
مسند امام احمد بن حنبل' حديث اسامة بن زيد' جلد 5' صفحه 200' رقم:21796
مصنف ابن ابی شيبة' باب ما رواه أسامة بن زيد رضی الله عنه عن النبی' جلد 1' صفحه 549' رقم:144

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا وَغُلَامٌ مِّنْ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَحَمَلَنَا عَلٰى دَابَّةٍ فَكُنَّا ثَلَاثَةً.

آپ ﷺ نے سواری پر ہمیں بٹھا لیا تو ہم تین ہو گئے۔

567- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ قَالَ أَخْبَرَنِي رَجُلٌ مِّنْ فَهْمٍ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ بِالْمُزْدَلِفَةِ فَنَحَرَ لَنَا جَزُورًا، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُلْقَى اللَّحْمَ، قَالَ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَطْيَبُ اللَّحْمِ لَحْمُ الظَّهْرِ.

حضرت مسعر بن کدام سے روایت ہے کہ فہم قبیلے کے ایک آدمی نے یہ بیان کیا کہ ہم لوگ مزدلفہ میں حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھے انہوں نے ہمارے لیے ایک اونٹ کو نحر کروایا' تو حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ نے کہا: رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں گوشت پیش کیا جاتا' اور یہ بھی بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''گوشت میں سب سے زیادہ پاکیزہ پیٹھ کا گوشت ہے۔''

568- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبِي أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جَعْفَرٍ يَقُوْلُ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ الرُّطَبَ بِالْقِثَّاءِ.

حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ککڑی کے ساتھ کھجور کھاتے ہوئے دیکھا ہے۔

71 - مُسْنَدُ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ

مسند حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ

569- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

567- السنن الکبریٰ للبیهقی' باب ما یفعل من دفع من عرفة ' جلد 5' صفحه 119' رقم: 9758
سنن ابوداؤد' باب الدفعة من عرفة ' جلد 2' صفحه 135' رقم: 1925
سنن ابن ماجه ' باب الدفعة من عرفة ' جلد 1' صفحه 594' رقم: 1923
سنن الدارمی' باب کیف السیرفی الافاضة من عرفة ' جلد 2' صفحه 80' رقم: 1880
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عثمان بن عفان رضی اللّٰه عنه' جلد 1' صفحه 72' رقم: 525
568- صحیح بخاری' باب ما یذکر فی الطاعون' جلد 6' صفحه 338' رقم: 5728
صحیح مسلم' باب الطاعون والطیرة والکهانة ونحوها' جلد 3' صفحه 181' رقم: 2218
569- صحیح بخاری' باب بیع الدینار بالدینار نساء' جلد 3' صفحه 71' رقم: 2179
صحیح مسلم' باب بیع الطعام مثلًا بمثل' جلد 2' صفحه 309' رقم: 1596

قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ أَخْبَرَنِي عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَرِثُ الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ، وَلَا الْكَافِرُ الْمُسْلِمَ.

کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا: ''مسلمان کسی کافر کا وارث نہیں بن سکتا اور کافر مسلمان کا وارث نہیں بن سکتا۔''

570- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ يَقُوْلُ: أَشْرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى أُطُمٍ مِنْ آطَامِ الْمَدِيْنَةِ فَقَالَ: هَلْ تَرَوْنَ مَا أَرَى؟ إِنِّي لَأَرَى الْفِتَنَ تَقَعُ خِلَالَ بُيُوْتِكُمْ كَمَوَاقِعِ الْقَطْرِ.

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مدینہ کے ایک گھر کے اندر دیکھا' ارشاد فرمایا: ''کیا تم لوگ وہ دیکھ رہے ہو جو میں دیکھ رہا ہوں' میں فتنوں کو دیکھ رہا ہوں جو تمہارے گھروں میں یوں گر رہے ہیں جس طرح بارش کے قطرے گرتے ہیں۔''

571- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ كَمْ مَرَّةٍ لَّا أُحْصِيهِ لَا عَدُّهُ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبِي قَالَ: سُئِلَ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ – وَأَنَا إِلٰى جَنْبِهِ وَكَانَ رِدْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَرَفَةَ حَتّٰى أَتَى الْمُزْدَلِفَةَ – كَيْفَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسِيرُ حِيْنَ دَفَعَ؟ قَالَ: كَانَ يَسِيرُ الْعَنَقَ، فَإِذَا وَجَدَ فَجْوَةً نَصَّ.

حضرت ہشام بن عروہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا اور میں اس وقت ان کے پہلو میں موجود تھا اور وہ عرفہ سے مزدلفہ آتے ہوئے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سواری پر بیٹھے رہے کہ جب رسول اللہ ﷺ روانہ ہوتے تو کس رفتار سے چلتے؟ تو انہوں نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ درمیانی رفتار سے چلتے تھے

روایت ہے کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کی: یا رسول اللہ! میں نے رمی سے پہلے قربانی کی ہے' آپ نے فرمایا: تم اب رمی کر لو کوئی مضائقہ نہیں۔ ایک اور آدمی آیا اور اس نے عرض کی: میں نے قربانی کرنے سے پہلے سر منڈوا لیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم اب قربانی کر لو کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

سفیان سے یہ کہا گیا کہ آپ نے زہری سے یہ روایت یاد کی ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: ہاں! وہ اس وقت بھی اسے سن رہے تھے۔ البتہ یہ طویل روایت ہے۔ میں نے اس میں سے صرف اس حصے کو ہی یاد رکھا ہے۔ تو بلیل نے ان سے کہا' ایک قول کے مطابق اس کا نام بلیل بن حرب ہے کہ عبدالرحمٰن بن مہدی کو آپ سے یہ حدیث سنائی گئی ہے کہ آپ نے یہ بات بیان کی ہے کہ مجھے یہ روایت یاد نہیں ہے۔ تو انہوں نے کہا: اس نے صحیح کہا ہے مجھے یہ روایت مکمل یاد نہیں' البتہ یہ حصہ مجھے یقینی طور پر یاد ہے۔

609- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبِي قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَا يَقْبِضُ الْعِلْمَ انْتِزَاعًا يَنْزِعُهُ مِنْ قُلُوبِ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''بے شک اللہ عزوجل علم کو ایسے نہیں اُٹھائے گا کہ اسے لوگوں کے دلوں میں سے نکال لے بلکہ وہ علماء کو اُٹھائے گا' پھر وہ کسی عالم کو باقی نہیں رہنے دے گا تو لوگ جاہلوں کو امام

609- الادب المفرد للبخاری' باب جزاء الوالدین' جلد 19' صفحه' رقم: 13
السنن الکبریٰ للبیهقی' باب الرجل یکون له ابوان مسلمان' جلد 9' صفحه 26' رقم: 18286
المستدرك للحاکم' کتاب البر والصلة' جلد 4' صفحه 169' رقم: 7255
سنن ابوداؤد' باب فی الرجل یغزو وابواه کارهان' جلد 2' صفحه 324' رقم: 2530
سنن ابن ماجه' باب الرجل یغزو وله ابواق' جلد 2' صفحه 930' رقم: 2782

الرِّجَالِ، وَلٰكِنْ يَقْبِضُهُ بِقَبْضِ الْعُلَمَاءِ، فَإِذَا لَمْ يَتْرُكْ عَالِمًا اتَّخَذَ النَّاسُ رُءُوسًا جُهَّالًا فَسَأَلُوهُمْ فَأَفْتَوْهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ، فَضَلُّوا وَأَضَلُّوا . قَالَ عُرْوَةُ: ثُمَّ لَبِثْتُ سَنَةً ثُمَّ لَقِيتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ فِي الطَّوَافِ فَسَأَلْتُهُ عَنْهُ فَأَخْبَرَنِي بِهِ.

بنائیں گے' وہ ان سے مسائل پوچھیں گے تو وہ لوگ علم نہ ہونے کے باوجود انہیں جواب دیں گے۔ وہ خود بھی گمراہ ہوں گے اور دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے۔ عروہ کہتے ہیں کہ پھر کئی سال گزرنے کے بعد طواف کے دوران میری ملاقات حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے ہوئی۔ میں نے ان سے اس روایت کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے مجھے اس کے بارے میں بتایا۔

610- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الْأَحْوَلُ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ أَبِي الْعَاصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: لَمَّا نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْأَوْعِيَةِ قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَيْسَ كُلُّ النَّاسِ يَجِدُ سِقَاءً . فَرَخَّصَ لَهُمْ فِي الْجَرِّ غَيْرِ الْمُزَفَّتِ.

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے مخصوص برتنوں کے استعمال سے منع کر دیا۔ تو عرض کی گئی: یا رسول اللہ! ہر آدمی کے پاس تو مشکیزہ نہیں ہوتا۔ تو رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کو مزفت کے علاوہ مٹکا استعمال کرنے کی اجازت دے دی۔

611- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبِي سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَصْلَتَانِ هُمَا يَسِيرٌ وَمَنْ يَعْمَلُ بِهِمَا قَلِيلٌ وَلَا يُحَافِظُ عَلَيْهِمَا مُسْلِمٌ إِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ . قَالُوا: وَمَا هُمَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: تُسَبِّحُ دُبُرَ كُلِّ صَلَاةٍ عَشْرًا، وَتُكَبِّرُ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا: ”دو عادتیں ایسی ہیں جو آسان ہیں لیکن ان پر عمل کرنے والے تھوڑے ہیں' جو بھی مسلمان ان پر باقاعدگی سے عمل کرے وہ جنت میں داخل ہو جائے گا۔ لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! وہ دونوں کون سی ہیں؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”ہر نماز کے بعد دس مرتبہ سبحان

610- صحيح بخاری' باب الجهاد باذن الابوين' جلد 3' صفحه 587' رقم: 3004
صحيح مسلم' باب بر الوالدين' جلد 3' صفحه 611' رقم: 2549
611- الآداب للبيهقی' باب فی رحمة الصغير وتوقير الكبير' جلد 1' صفحه 23' رقم: 36
المستدرك للحاكم' كتاب الايمان' جلد 1' صفحه 86' رقم: 209
سنن ابوداؤد' باب فی الرحمة' جلد 4' صفحه 441' رقم: 4945
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الله بن عمرو' جلد 2' صفحه 185' رقم: 6733
مصنف ابن ابی شيبة' باب ما ذكر فی الرحمة من التواب' جلد 5' صفحه 214' رقم: 25359

عَشْرًا، وَتَحْمَدُ عَشْرًا، وَتُسَبِّحُ عِنْدَ مَنَامِكَ ثَلَاثَةً وَثَلَاثِينَ، وَتَحْمَدُ ثَلَاثَةً وَثَلَاثِينَ، وَتُكَبِّرُ أَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ .

ثُمَّ قَالَ سُفْيَانُ: إِحْدَاهُنَّ أَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ . فَذٰلِكَ مِائَتَيْنِ وَخَمْسِينَ بِاللِّسَانِ، وَأَلْفَانِ وَخَمْسُمِائَةٍ فِي الْمِيزَانِ . قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو: فَأَنَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْقِدُهَا بِيَدِهِ، ثُمَّ قَالَ: فَأَيُّكُمْ يَعْمَلُ فِي يَوْمِهِ وَلَيْلَتِهِ أَلْفَي سَيِّئَةٍ وَخَمْسَمِائَةِ سَيِّئَةٍ؟ . قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَكَيْفَ لَا يُحَافِظُ عَلَيْهَا؟ قَالَ: يَأْتِي الشَّيْطَانُ أَحَدَكُمْ فَيَقُولُ لَهُ: اذْكُرْ كَذَا اذْكُرْ كَذَا حَتّٰى يَقُومَ وَلَمْ يَقُلْهَا . قَالَ سُفْيَانُ: هٰذَا أَوَّلُ شَيْءٍ سَأَلْنَا عَطَاءً عَنْهُ. وَكَانَ أَيُّوبُ أَمَرَ النَّاسَ حِينَ قَدِمَ عَطَاءٌ الْبَصْرَةَ أَنْ يَأْتُوهُ فَيَسْأَلُوهُ عَنْ هٰذَا الْحَدِيثِ .

اللہ کہنا، دس مرتبہ اللہ اکبر کہنا، دس مرتبہ الحمد للہ کہنا اور سوتے وقت تینتیس مرتبہ سبحان اللہ کہنا' تینتیس مرتبہ الحمد للہ کہنا اور چونتیس مرتبہ اللہ اکبر کہنا“۔

پھر سفیان نے یہ بیان کیا کہ ان میں سے کوئی ایک کلمہ چونتیس دفعہ ہے۔ تو اس طرح یہ روزانہ زبان پر دو سو پچاس کلمات ہو جائیں گے اور نامۂ اعمال میں دو ہزار پانچ سو کلمات ہوں گے۔ پھر (حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ) بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے اپنے دست مبارک کے ذریعے گنتی کر کے یہ بتایا' پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کون ہے جو روزانہ دو ہزار پانچ سو گناہ کرتا ہے۔ لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! انہیں باقاعدگی سے پڑھا کیوں نہیں جا سکتا؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: شیطان کسی شخص کے پاس آتا ہے اور اسے کہتا ہے کہ فلاں چیز یاد کرو' فلاں چیز یاد کرو۔ حتیٰ کہ آدمی اٹھ جاتا ہے' یہ وہ پہلی روایت ہے جس کے بارے میں ہم نے عطاء سے سوال کیا تھا۔ جب عطاء بصرہ آئے تو ایوب نے لوگوں کو یہ حکم دیا کہ وہ ان کے پاس جائیں اور ان سے اس روایت کے بارے میں پوچھیں۔

612- أَخْبَرَنَا أَبُو طَاهِرٍ: عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ زَيْدٍ الْمُؤَدِّبُ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ فِي سَنَةِ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ وَأَرْبَعِمِائَةٍ فَأَقَرَّ بِهِ قَالَ أَخْبَرَنَا أَبُو عَلِيٍّ: مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ ابْنُ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں آپ کے پاس آیا ہوں تاکہ میں ہجرت پر آپ ﷺ سے بیعت کروں اور

612- المستدرك للحاكم' كتاب الذبائح' جلد 6' صفحه 235' رقم: 7574
سنن نسائی' باب اباحة اكل العصافير' جلد 3' صفحه 129' رقم: 4860
مسند الشافعی' كتاب الصيد والذبائح' جلد 1' صفحه 315' رقم: 1510

الصَّوَّافِ قِرَائَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ فَاَقَرَّ بِهٖ حَدَّثَنَا بِشْرٌ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ جِئْتُ اُبَايِعُكَ عَلَى الْهِجْرَةِ وَتَرَكْتُ اَبَوَيَّ يَبْكِيَانِ . قَالَ: فَارْجِعْ اِلَيْهِمَا وَاَضْحِكْهُمَا كَمَا اَبْكَيْتَهُمَا .

میں اپنے ماں، باپ کو روتا ہوا چھوڑ کر آیا ہوں۔ آپ نے فرمایا: ''تم ان کے پاس واپس جاؤ اور جس طرح تم نے ان دونوں کو رلایا ہے اسی طرح ان دونوں کو ہنساؤ بھی۔''

613- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ عَنْ اَبِي الْعَبَّاسِ: السَّائِبِ بْنِ فَرُّوْخَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ، اِلَّا اَنَّهُ قَالَ: فَفِيْهِمَا فَجَاهِدْ .

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت کرتے ہیں' البتہ اس میں یہ الفاظ ہیں کہ ''تم ان دونوں کی اچھی طرح خدمت کرو۔''

614- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ نَجِيْحٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرٍ اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيْرَنَا وَيَعْرِفْ حَقَّ كَبِيْرِنَا .

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص ہمارے چھوٹوں پر رحم نہیں کرتا اور ہمارے بڑوں کے حق کو نہیں پہچانتا وہ ہم میں سے نہیں ہے۔''

615- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے

613- السنن الصغرىٰ للبيهقي' باب احب القاضي وفضله' جلد 3' صفحه 250' رقم: 4480
صحيح مسلم' باب فضيلة الامام العادل وعقوبة الجائر' جلد 2' صفحه 316' رقم: 1827
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الله بن عمرو' جلد 2' صفحه 160' رقم: 6492
الاموال لابن زنجويه' باب فضل أئمة العدل' صفحه 14' رقم: 11
614- سنن ابن ماجه' باب ما جاء في صيام داود عليه السلام' جلد 1' صفحه 546' رقم: 1712
سنن ابوداؤد' باب في صوم يوم وفطر يوم' جلد 2' صفحه 303' رقم: 2450
اتحاف الخيره المهرة' باب افضل الصيام صيام داؤد' جلد 3' صفحه 76' رقم: 2215
السنن الصغرىٰ للبيهقي' باب اى الليل اسمع' جلد 1' صفحه 260' رقم: 818
سنن الدارمي' باب في صوم داؤد' جلد 2' صفحه 33' رقم: 1752
615- صحيح بخاري' باب حق الجسم في صوم' جلد 3' صفحه 39' رقم: 1975

قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ صُهَيْبٌ مَوْلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَ عُصْفُوْرَةً فَمَا فَوْقَهَا بِغَيْرِ حَقِّهَا سَاَلَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَنْ قَتْلِهَا . قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا حَقُّهَا؟ قَالَ يَذْبَحُهَا فَيَاْكُلُهَا، وَلَا يَقْطَعُ رَاْسَهَا فَيَرْمِيْ بِهَا .

روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص چڑیا یا اس سے چھوٹے کسی جانور کو ناحق مار دیتا ہے تو اللہ عزوجل اس سے حساب لے گا۔ لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! اس کا حق کیا ہے؟ تو آپ نے فرمایا: ''یہ کہ اسے ذبح کر کے اسے کھالے اور یہ کہ اس کا سر مکمل طور پر الگ کر کے اسے پھینک نہ دے۔''

فَقِيْلَ لِسُفْيَانَ: فَاِنَّ حَمَّادَ بْنَ زَيْدٍ يَقُوْلُ فِيْهِ اَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو عَنْ صُهَيْبٍ الْحَذَّاءِ . فَقَالَ سُفْيَانُ: مَا سَمِعْتُ عَمْرًا قَطُّ قَالَ صُهَيْبٌ الْحَذَّاءُ مَا قَالَ اِلَّا صُهَيْبٌ مَوْلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ .

سفیان سے کہا گیا کہ حماد بن زید اس روایت میں یہ کہتے ہیں کہ حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے یہ روایت از صہیب الحذاء بیان کی ہے۔ تو سفیان نے کہا: میں نے حضرت عمرو کو کبھی بھی صہیب الحذاء کا ذکر کرتے ہوئے نہیں سنا! بلکہ وہ یہ کہتے تھے: صہیب جو عبداللہ بن عامر کے غلام ہیں۔

616- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ اَوْسٍ الثَّقَفِيُّ اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْمُقْسِطُوْنَ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى مَنَابِرَ مِنْ نُوْرٍ عَنْ يَمِيْنِ الرَّحْمٰنِ، وَكِلْتَا يَدَيْهِ يَمِيْنٌ، الَّذِيْنَ يَعْدِلُوْنَ فِيْ حُكْمِهِمْ وَاَهْلِيْهِمْ وَمَا وَلُوْا .

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''انصاف کرنے والے لوگ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی خدمت میں نور کے منبروں پر رحمان کے دائیں طرف ہوں گے جبکہ اس کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جو حاکم نہیں بنائے گئے لیکن وہ اپنے فیصلوں اور اپنے گھر والوں میں انصاف کرتے رہے ہیں۔''

السنن الكبرىٰ للبيهقي' باب من كره صوم الدهر واستحب القصد في العبادة' جلد 4' صفحه 299' رقم: 8737
صحيح مسلم' باب النهي عن صوم الدهر' جلد 3' صفحه 162' رقم: 2787
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الله بن عمرو' جلد 2' صفحه 198' رقم: 6867
616- مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الله بن عمرو' جلد 2' صفحه 160' رقم: 6494
المستدرك للحاكم' كتاب البر والصلة' جلد 4' صفحه 175' رقم: 7274
البر والصلة للمروزي' باب صلة وقطعيتها وما جاء في ذلك' جلد 1' صفحه 67' رقم: 128
اطراف المسند المعتلي' حديث ابو قابوس مولى عبد الله بن عمرو بن العاص' جلد 4' صفحه 109' رقم: 5405

617- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ أَنَّهُ سَمِعَ عَمْرَو بْنَ أَوْسٍ الثَّقَفِيَّ يَقُولُ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ يَقُولُ قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَحَبُّ الصِّيَامِ إِلَى اللّٰهِ صِيَامُ دَاوُدَ كَانَ يَصُومُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمًا، وَأَحَبُّ الصَّلَاةِ إِلَى اللّٰهِ صَلَاةُ دَاوُدَ، كَانَ يَنَامُ نِصْفَ اللَّيْلِ وَيَقُومُ ثُلُثَهُ، وَيَنَامُ سُدُسَهُ .

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: "اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ روزہ حضرت داؤد علیہ السلام کا روزہ ہے، وہ ایک دن روزہ رکھتے تھے اور ایک دن روزہ افطار کرتے تھے اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے پسندیدہ نماز حضرت داؤد علیہ السلام کی نماز ہے، وہ آدھی رات سوتے تھے اور ایک تہائی رات قیام کرتے رہتے تھے اور رات کا چھٹا حصہ سوتے تھے۔"

618- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا الْعَبَّاسِ الْأَعْمَى يَقُولُ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو يَقُولُ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتِي فَقَالَ: أَلَمْ أُخْبَرْ أَنَّكَ تَقُومُ اللَّيْلَ وَتَصُومُ النَّهَارَ؟ . قُلْتُ: إِنِّي لَأَفْعَلُ ذَلِكَ . قَالَ: فَلَا تَفْعَلْ فَإِنَّ لِعَيْنَيْكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَلِنَفْسِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَلِأَهْلِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَإِنَّكَ إِذَا فَعَلْتَ ذَلِكَ هَجَمَتْ عَيْنُكَ، وَنَفِهَتْ نَفْسُكَ، فَقُمْ وَنَمْ، وَصُمْ وَأَفْطِرْ .

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ میرے گھر تشریف لائے آپ نے ارشاد فرمایا: "مجھے یہ بتایا گیا ہے کہ تم رات بھر قیام میں رہتے ہو دن کو روزہ رکھتے۔ میں نے عرض کی: میں ایسا ہی کرتا ہوں۔ تو آپ نے فرمایا: "تم ایسا نہ کرو کیونکہ تمہاری دونوں آنکھوں کا تم پر حق ہے اور تمہاری جان کا تم پر حق ہے اور تمہاری بیوی کا بھی تم پر حق ہے، اگر تم ایسا کرو گے تو تمہاری نظر کمزور ہو جائے گی، تم خود کمزور ہو جاؤ گے، تم قیام کرو اور سویا بھی کرو، روزہ بھی رکھا کرو اور

617- الادب المفرد للبخاری، باب فضل صلة الرحم، صفحه 33، رقم: 54
المستدرك للحاكم، كتاب البر والصلة، جلد 6، صفحه 135، رقم: 7266
المعجم الاوسط للطبرانی، من اسمه بكر، جلد 3، صفحه 282، رقم: 3152
صحيح ابن حبان، باب صلة الرحم وقطعهما، جلد 2، صفحه 185، رقم: 442
مسند امام احمد بن حنبل، مسند ابی هريره رضی الله عنه، جلد 2، صفحه 295، رقم: 7918
618- الآداب للبيهقی، باب فی احسان الی الجيران، جلد 1، صفحه 35، رقم: 64
الادب المفرد للبخاری، باب الوصاة بالجار، جلد 1، صفحه 49، رقم: 101
المعجم الاوسط للطبرانی، باب من اسمه ابراهيم، جلد 3، صفحه 38، رقم: 2403
سنن ابوداؤد، باب فی حق الجوار، جلد 4، صفحه 504، رقم: 5154
سنن ابن ماجه، باب حق الجوار، جلد 2، صفحه 121، رقم: 3674

افطار بھی کیا کرو۔"

619- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرٌو قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو قَابُوسٍ مَوْلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الرَّاحِمُونَ يَرْحَمُهُمُ الرَّحْمٰنُ، ارْحَمُوا أَهْلَ الْأَرْضِ يَرْحَمْكُمْ أَهْلُ السَّمَاءِ .

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا: "رحم کرنے والوں پر رحمٰن بھی رحم کرتا ہے، تم زمین والوں پر رحم کرو، آسمان والے تم پر رحم کریں گے۔"

620- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو قَابُوسٍ أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الرَّحِمُ شُجْنَةٌ مِنَ الرَّحْمٰنِ، فَمَنْ وَصَلَهَا وَصَلَهُ اللّٰهُ، وَمَنْ قَطَعَهَا قَطَعَهُ اللّٰهُ .

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "رحم رحمٰن سے ماخوذ ہے، جو شخص اسے ملاتا ہے اللہ تعالیٰ اسے ملاتا ہے۔ جو شخص اسے کاٹ دیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو کاٹ دیتا ہے۔"

621- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت قیس بن سائب سے روایت ہے کہ حضرت

619- الآداب للبيهقی، باب فی صلة الرحم، جلد 1، صفحه 9، رقم: 8
سنن ابوداؤد، باب فی صلة الرحم، جلد 2، صفحه 60، رقم: 1699
صحيح بخاری، باب ليس الواصل بالمكافی، جلد 5، صفحه 223، رقم: 5645
مسند امام احمد بن حنبل، مسند عبد الله بن عمرو رضی الله عنه، جلد 2، صفحه 190، رقم: 6785
مسند البزار، مسند عبد الله بن عمرو بن العاص، جلد 1، صفحه 369، رقم: 2371
620- الآداب للبيهقی، باب فضيلة الصمت وحفظ اللسان، جلد 1، صفحه 177، رقم: 298
المستدرك للحاكم، كتاب الايمان، جلد 1، صفحه 11، رقم: 25
المعجم الاوسط للطبرانی، باب من اسمه ابراهيم، جلد 3، صفحه 78، رقم: 2543
سنن الدارمی، باب فی حفظ اللسان، جلد 2، صفحه 387، رقم: 2712
سنن نسائی، باب صفة المسلم، جلد 8، صفحه 105، رقم: 4996
621- الآداب للبيهقی، باب فضيلة الصمت وحفظ اللسان، جلد 1، صفحه 177، رقم: 298
المستدرك للحاكم، كتاب الايمان، جلد 1، صفحه 11، رقم: 25
المعجم الاوسط للطبرانی، باب من اسمه ابراهيم، جلد 3، صفحه 78، رقم: 2543
سنن الدارمی، باب فی حفظ اللسان، جلد 2، صفحه 387، رقم: 2712
سنن نسائی، باب صفة المسلم، جلد 8، صفحه 105، رقم: 4996

قَالَ حَدَّثَنَا بَشِيرُ بْنُ سَلْمَانَ اَبُوْ اِسْمَاعِيلَ عَنْ مُجَاهِدِ بْنِ جَبْرٍ عَنْ مُحْرِزِ بْنِ قَيْسِ بْنِ السَّائِبِ: اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو اَمَرَ بِشَاةٍ فَذُبِحَتْ فَقَالَ لِقَيِّمِهٖ: هَلْ اَهْدَيْتَ لِجَارِنَا الْيَهُوْدِيِّ شَيْئًا؟ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا زَالَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ يُوْصِيْنِيْ بِالْجَارِ حَتّٰى ظَنَنْتُ اَنَّهٗ سَيُوَرِّثُهٗ.

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کے حکم پر ایک بکری ذبح کی گئی' انہوں نے اپنے غلام سے یہ کہا کہ تم ہمارے ہمسائے جو یہودی ہے اس کو بطور تحفہ دو کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: ''جبرئیل علیہ السلام پڑوسی کے متعلق مجھے مسلسل تلقین کرتے رہے حتیٰ کہ میں نے یہ گمان کیا کہ کہیں یہ اسے وارث ہی نہ بنادیں۔''

622- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا بَشِيرُ بْنُ سَلْمَانَ اَبُوْ اِسْمَاعِيلَ وَفِطْرُ بْنُ خَلِيفَةَ الْحَنَّاطُ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ الْوَاصِلُ بِالْمُكَافِءِ، وَلٰكِنِ الْوَاصِلُ الَّذِيْ اِذَا قُطِعَتْ رَحِمُهٗ وَصَلَهَا.

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''بدلہ دینے والا صلہ رحمی کرنے والا نہیں ہوتا' صلہ رحمی کرنے والا وہ ہوتا ہے کہ جب اس کے رشتے کو کاٹ دیا جائے تو وہ اس وقت اسے جوڑے۔''

623- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِيْ هِنْدٍ قَالَ سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ يَقُوْلُ: جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَاَنَا عِنْدَهٗ جَالِسٌ فَجَعَلَ يَتَخَطّٰى رِقَابَ النَّاسِ حَتّٰى جَلَسَ بَيْنَ يَدَيْهِ ثُمَّ قَالَ حَدِّثْنِيْ بِشَيْءٍ سَمِعْتَهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا تُحَدِّثْنِيْ عَنِ الْعَدْلَيْنِ.

امام شعبی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کے پاس لوگوں کی گردنیں پھلانگتا ہوا آیا' اور آ کر سامنے بیٹھ گیا' میں بھی وہاں موجود تھا۔ کہنے لگا: آپ مجھے کوئی ایسی حدیث سنایئے۔ جو آپ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہو۔ دو عادل راویوں کے بارے نہ سنانا' تو حضرت

622- اتحاف الخيره المهرة' باب ما جاء في كثير اللقطة وقليلها' جلد 3' صفحه 402' رقم:2986
سنن البيهقي' باب زكاة الركاز' جلد 2' صفحه 15' رقم:7898
مصنف عبد الرزاق' كتاب اللقطه' جلد 10' صفحه 127' رقم:18597
الكنى والاسماء للدولابي' من كنيته ابو محارض' جلد 5' صفحه 383' رقم:1292
623- الادب المفرد للبخاري' باب الكبر' صفحه 196' رقم:557
مجمع الزوائد للهيثمي' باب كيف يحشر الناس' جلد 10' صفحه 604' رقم:18328
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الله بن عمرو' جلد 2' صفحه 179' رقم:6677
مشكوة المصابيح' باب السلام' الفصل الاوّل' جلد 3' صفحه 108' رقم:5112

فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهٖ وَيَدِهٖ، وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ السُّوْءَ. اَوْ قَالَ: مَا نَهَى اللّٰهُ عَنْهُ.

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ''مسلمان وہ ہے کہ جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں اور مہاجر وہ ہے جو برائی سے علیحدہ رہے' یا فرمایا: جس چیز سے اللہ تعالیٰ نے منع کیا ہے' اس سے علیحدہ رہے۔''

624- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ وَحَدَّثَنَاهُ ابْنُ اَبِيْ خَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَذْكُرِ الْعَدْلَيْنِ.

امام شعبی رضی اللہ عنہ نے از حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت بیان کی' البتہ اس میں دو عادل راویوں کو ذکر نہیں کیا۔

625- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْنَاهُ مِنْ دَاوُدَ بْنِ شَابُوْرٍ وَيَعْقُوْبَ بْنِ عَطَاءٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ كَنْزٍ وَجَدَهٗ رَجُلٌ: اِنْ كُنْتَ وَجَدْتَهُ فِيْ قَرْيَةٍ مَسْكُوْنَةٍ اَوْ فِيْ سَبِيْلٍ مِيْتَاءٍ فَعَرِّفْهُ، وَاِنْ كُنْتَ وَجَدْتَهُ فِيْ خَرِبَةٍ جَاهِلِيَّةٍ اَوْ فِيْ قَرْيَةٍ غَيْرِ مَسْكُوْنَةٍ اَوْ غَيْرِ سَبِيْلٍ مِيْتَاءٍ فَفِيْهِ وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ.

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی کو خزانہ ملا تو اس کے متعلق رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اگر تمہیں یہ کسی رہائشی آبادی سے ملا ہے یا کسی عام راستے سے ملا ہے تو تم اس کا اعلان کرواور اگر تمہیں یہ دورِ جاہلیت کے کسی کھنڈر سے ملا ہے یا غیر رہائشی جگہ سے ملا ہے یا عام راستے سے ہٹ کر کسی راستے سے ملا ہے تو پھر اس ملے ہوئے خزانے سے پانچواں حصہ ادا کرنا ہے۔''

626- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ شَابُوْرٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ -

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''قیامت کے دن

625- المستدرك للحاكم' كتاب الفتن والملاحم' جلد 4' صفحه 545' رقم:8526
سنن نسائي' باب اثم من ضيع عياله' جلد 5' صفحه 374' رقم:9176
مسند الشهاب' باب كفى بالمرء اثما ان يضيع من يقوت' جلد 2' صفحه 304' رقم:1413
626- سنن ترمذي' باب ما جاء في كراهية اتخاذ القصة' جلد 5' صفحه 58' رقم:2781
سنن الكبرىٰ للبيهقي' باب لا تصل المراة شعرها بشعر غيرها' جلد 2' صفحه 426' رقم:4401
سنن ابوداؤد' باب في صلة الشعر' جلد 4' صفحه 126' رقم:4169
سنن ابن ماجه' باب اتباع سنة رسول الله صلى الله عليه وسلم' جلد 1' صفحه 5' رقم:9

وَاَنَا لِحَدِيْثِ ابْنِ عَجْلَانَ اَحْفَظُ - عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : يُحْشَرُ الْمُتَكَبِّرُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَمْثَالَ الذَّرِّ فِيْ صُوَرِ النَّاسِ، يَعْلُوْهُمْ كُلُّ شَيْءٍ مِنَ الصَّغَارِ، يُسَاقُوْنَ اِلٰى سِجْنٍ فِي النَّارِ يُقَالُ لَهٗ بُوْلَسُ تَعْلُوْهُمْ نَارُ الْاَنْيَارِ، يُسْقَوْنَ مِنْ طِيْنَةِ الْخَبَالِ عُصَارَةِ اَهْلِ النَّارِ .

تکبر کرنے والوں کو انسانوں کی صورت میں چھوٹی چیونٹیوں کی شکل میں زندہ کیا جائے گا' ہر چھوٹی چیز بھی ان سے بڑی ہوگی پھر انہیں ہانک کر جہنم کے قید خانے کی طرف لے جایا جائے گا' جس کا نام بولس ہے ان پر لکڑیوں کی آگ غالب آ جائے گی اور انہیں طینت الحبال (اہل جہنم کی بڑی آنتوں کی غلاظت) اور اہل جہنم کا پیپ پلایا جائے گا۔"

627- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ وَهْبِ بْنِ جَابِرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : كَفٰى بِالْمَرْءِ اِثْمًا اَنْ يُّضَيِّعَ مَنْ يَّقُوْتُ .

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "آدمی کے گنہگار ہونے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ جن لوگوں کو رزق پہنچانا اس کی ذمہ داری ہے' وہ انہیں ضائع کردے۔"

90 - مُسْنَدُ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِيْ سُفْيَانَ

مسند حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ

628- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ سَمِعْتُ حُمَيْدَ بْنَ عَبْدِ

حضرت حمید بن عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں کہ میں نے یوم عاشورہ کو حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی

627- السنن الکبریٰ للبیہقی' باب ما یستدل به علی انه لم یکن واجبا قط' جلد 4' صفحه 290' رقم: 8679

سنن ابن ماجه ' باب صیام یوم عاشوراء' جلد 1' صفحه 553' رقم: 1737

سنن الدارمی' باب فی صیام یوم عاشوراء' جلد 2' صفحه 36' رقم: 1762

صحیح ابن حبان' باب صوم التطوع' جلد 8' صفحه 387' رقم: 3623

صحیح مسلم' باب صوم یوم عاشوراء' جلد 3' صفحه 147' رقم: 2700

628- المعجم الکبیر للطبرانی' من اسمه معاویه ' جلد 19' صفحه 267' رقم: 16533

المنتقی لابن الجارود' باب القراۃ وراء الامام' جلد 1' صفحه 89' رقم: 324

سنن ابن ماجه ' باب النهی ان یسبق الامام بالرکوع والسجود' جلد 1' صفحه 309' رقم: 963

صحیح ابن حبا' باب فرض متابعة الامام' جلد 5' صفحه 607' رقم: 2229

التاریخ الکبیر للبخاری' من اسمه هشام بن اسماعیل' جلد 2' صفحه 75' رقم: 2670

الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ يَقُوْلُ : سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ اَبِيْ سُفْيَانَ فِيْ يَوْمِ عَاشُوْرَاءَ، وَهُوَ عَلٰى مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ اَخْرَجَ مِنْ كُمِّهٖ قُصَّةً مِّنْ شَعْرٍ فَقَالَ: اَيْنَ عُلَمَاؤُكُمْ يَا اَهْلَ الْمَدِيْنَةِ ؟ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى عَنْ مِثْلِ هٰذِهٖ، وَقَالَ: اِنَّمَا هَلَكَتْ بَنُوْ اِسْرَائِيْلَ حِيْنَ اتَّخَذَهَا نِسَاؤُهُمْ .

اللہ عنہ کو رسول اللہ ﷺ کے منبر پر سنا' انہوں نے اپنی آستین سے بالوں کی "وگ" نکالی۔ اور کہا: اے اہل مدینہ! تمہارے علماء کہاں ہیں؟ میں نے رسول اللہ ﷺ کو اسے استعمال کرنے سے منع کرتے ہوئے سنا ہے' آپ نے ارشاد فرمایا: "بنی اسرائیل کی عورتوں نے جبگ کو استعمال کرنا شروع کیا' اسی سبب سے وہ ہلاک ہوئے۔"

629- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ سَمِعْتُ حُمَيْدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ اَبِيْ سُفْيَانَ فِيْ يَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَهُوَ عَلٰى مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنِّيْ صَائِمٌ فَمَنْ شَاءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّصُوْمَهٗ فَلْيَصُمْهُ .

حضرت حمید بن عبدالرحمٰن سے روایت ہے کہ میں نے یوم عاشورہ حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ ﷺ کے منبر پر یہ کہتے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ "میں نے روزہ رکھا ہوا ہے سو جو شخص تم میں سے اس دن روزہ رکھنا چاہے' وہ روزہ رکھ لے۔"

630- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ اَنَّهٗ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَيْرِيْزٍ

حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "تم لوگ مجھ سے پہلے رکوع یا سجدے میں جانے میں جلدی نہ کرو

629- صحیح بخاری' باب قول النبی صلی اللہ علیه وسلم یعذب المیت ببعض بکاء اهله' جلد 1' صفحه 386' رقم: 1284

صحیح مسلم' باب اثم من سن القتل' جلد 5' صفحه 106' رقم: 4473

سنن الکبریٰ للبیہقی' باب اصل تحریم القتل فی القرآن' جلد 8' صفحه 5' رقم: 16242

مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد اللہ بن مسعود' جلد 1' صفحه 383' رقم: 3630

مسند الرویانی' من اسمه شقیق بن عقبة ' جلد 1' صفحه 499' رقم: 421

630- صحیح مسلم' باب من سن سنة حسنة او سیئة وممن دعا الی هدی او ضلالة ' جلد 4' صفحه 62' رقم: 6980

سنن ابوداؤد' باب لزوم السنة ' جلد 4' صفحه 331' رقم: 4611

سنن الدارمی' باب من سنة حسنة او سیئة ' جلد 1' صفحه 141' رقم: 513

مسند ابی یعلیٰ' مسند ابی هریرة رضی اللہ عنه ' جلد 6' صفحه 59' رقم: 6489

اطراف المسند المعتلی' من اسمه عبد الرحمٰن بن یعقوب' جلد 7' صفحه 384' رقم: 9932

قَالَ سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ اَبِىْ سُفْيَانَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا تُبَادِرُوْنِىْ بِالرُّكُوعِ وَلَا بِالسُّجُوْدِ فَاِنِّىْ قَدْ بَدَّنْتُ، فَمَهْمَا اَسْبِقْكُمْ بِهٖ اِذَا رَكَعْتُ فَاِنَّكُمْ تُدْرِكُوْنِىْ بِهٖ اِذَا رَفَعْتُ، وَمَهْمَا اَسْبِقْكُمْ بِهٖ اِذَا سَجَدْتُ فَاِنَّكُمْ تُدْرِكُوْنِىْ بِهٖ اِذَا رَفَعْتُ .

کیونکہ میرا جسم بھاری ہوگیا ہے‘ رکوع میں جاتے وقت جب میں تم سے پہلے جاؤں گا تو تم مجھے اس وقت پالو گے جب میں اٹھ رہا ہوں گا اور سجدے میں جاتے وقت میں جتنا بھی تم سے آگے جا چکا ہوں گا‘ تم مجھے اس وقت پالو گے جب میں اٹھ رہا ہوں گا۔“

631- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنِ ابْنِ مُحَيْرِيزٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ اِلَّا اَنَّهٗ قَالَ: فَاِنِّىْ قَدْ بَدَّنْتُ .

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت بیان کرتے‘ سوائے ان الفاظ کے کہ ”اب میرا جسم وزنی ہوگیا ہے۔“

632- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرٌو قَالَ سَمِعْتُ وَهْبَ بْنَ مُنَبِّهٍ فِىْ دَارِهٖ بِصَنْعَاءَ – قَالَ وَاَطْعَمَنِىْ مِنْ جَوْزَةٍ فِىْ دَارِهٖ – يُحَدِّثُ عَنْ اَخِيْهِ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِىْ سُفْيَانَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُلْحِفُوْا فِى الْمَسْاَلَةِ، فَوَاللّٰهِ لَا يَسْاَلُنِىْ اَحَدٌ مِّنْكُمْ شَيْئًا فَتُخْرِجَهٗ لَهٗ مِنِّى الْمَسْاَلَةُ، فَاُعْطِيَهٗ اِيَّاهُ وَاَنَا لَهٗ كَارِهٌ فَيُبَارَكَ لَهٗ فِى الَّذِىْ اَعْطَيْتُهٗ .

حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ فرمایا: ”کسی سے کچھ مانگتے ہوئے آنسو نہ بہایا کرو‘ اللہ کی قسم! تم میں سے جو شخص مجھ سے مانگے گا اور اس کا مانگنا میری طرف سے اس چیز کو اس کے لیے نکالے گا اور میں وہ چیز اسے دے دوں گا۔ حالانکہ یہ بات مجھے پسند نہیں ہوگی تو میں نے جو چیز اسے دی ہوگی‘ اس میں اسے برکت نہیں ملے گی۔“

631- صحیح بخاری‘ باب اجر الخادم اذا تصدق بامر صاحبه غیر مفسد‘ جلد 1‘ صفحه 612‘ رقم:1438

صحیح مسلم‘ باب اجر الخازن الامین والمرأة اذا تصدقت من بیت زوجها‘ جلد 2‘ صفحه 190‘ رقم:2410

صحیح ابن حبان‘ باب صدقة التطوع‘ جلد 2‘ صفحه 459‘ رقم:11967

جمع الجوامع‘ حرف الخاء‘ جلد 7‘ صفحه 710‘ رقم:11967

جامع الاصول لابن اثیر‘ الکتاب الثالث فی الامانة‘ جلد 1‘ صفحه 216‘ رقم:106

632- صحیح مسلم‘ باب وجوب الاذکار علی الامراء فیما یخالف الشرع وترك قتالهم‘ جلد 3‘ صفحه 223‘ رقم:4907

مسند ابو عوانة‘ ذکر خطر قتال الوالی الفاجر بفجوره وتعدیه‘ جلد 6‘ صفحه 218‘ رقم:5754

جامع الاصول لابن اثیر‘ الفصل الخامس فی وجوب طاعة الامام‘ جلد 2‘ صفحه 208‘ رقم:2031

مسند ابوداؤد الطیالسی‘ باب ماروت ام سلمة عن النبی صلی الله علیه وسلم‘ جلد 1‘ صفحه 223‘ رقم:1595

633- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حُجَيْرٍ عَنْ طَاوُسٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: هٰذِهٖ حُجَّةٌ عَلٰى مُعَاوِيَةَ قَوْلُهٗ: قَصَّرْتُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِشْقَصِ اَعْرَابِىٍّ عِنْدَ الْمَرْوَةِ، يَقُوْلُ ابْنُ عَبَّاسٍ حِيْنَ نَهٰى عَنِ الْمُتْعَةِ .

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ یہ چیز حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے خلاف حجت ہے جس میں انہوں نے یہ کہا کہ میں نے ایک دیہاتی کی قینچی سے رسول اللہ ﷺ کے بال مروہ پہاڑ کے قریب تراشے تھے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ یہ اس وقت ہوا تھا جب آپ نے حج تمتع سے منع فرمایا تھا۔

634- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيَى عَنْ عَمِّهٖ عِيْسَى بْنِ طَلْحَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ مُعَاوِيَةَ بْنَ اَبِىْ سُفْيَانَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِذَا قَالَ الْمُؤَذِّنُ اللّٰهُ اَكْبَرُ، اللّٰهُ اَكْبَرُ قَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، اللّٰهُ اَكْبَرُ . فَاِذَا قَالَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَقُوْلُ: وَاَنَا اَشْهَدُ . وَاِذَا قَالَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ . قَالَ: وَاَنَا اَشْهَدُ . ثُمَّ يَسْكُتُ .

حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جب مؤذن نے اللہ اکبر‘ اللہ اکبر کہا تو رسول اللہ ﷺ نے بھی اللہ اکبر‘ اللہ اکبر کہا۔ جب مؤذن نے اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں بھی اس بات کی گواہی دیتا ہوں۔ جب مؤذن نے اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ کہا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں بھی اس کی گواہی دیتا ہوں‘ پھر آپ ﷺ خاموش ہوگئے۔

635- قَالَ سُفْيَانُ وَحَدَّثَنَا مُجَمِّعُ بْنُ يَحْيَى الْاَنْصَارِىُّ عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهٖ .

(ایک اور سند کے ساتھ) حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت بیان کرتے ہیں۔

633- صحیح بخاری‘ باب قول النبی صلی الله علیه وسلم ویل للعرب من شر قد اقترب‘ جلد 4‘ صفحه 48‘ رقم:7059

صحیح مسلم‘ باب اقتراب الفتن وفتح روم یاجوج وماجوج‘ جلد 4‘ صفحه 165‘ رقم:7416

مؤطا امام مالك‘ باب ما جاء فی عذاب العامة‘ جلد 1‘ صفحه 991‘ رقم:1798

سنن ابن ماجه‘ باب ما یکون من الفتن‘ جلد 3‘ صفحه 1305‘ رقم:3953

سنن ترمذی‘ باب ما جاء فی الخسف‘ جلد 2‘ صفحه 98‘ رقم:2185

634- سنن ترمذی‘ باب ما جاء فی الامر بالمعروف والنهی عن المنکر‘ جلد 2‘ صفحه 168‘ رقم:2169

سنن الکبری للبیهقی‘ باب ما یستدل به علی ان القضاء وسائر الاعمال الولاة‘ جلد 10‘ صفحه 93‘ رقم:20694

مسند امام احمد بن حنبل‘ حدیث حذیفه بن الیمان‘ جلد 5‘ صفحه 388‘ رقم:23349

91 - مُسْنَدُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ

مسند حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما

636- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ غَيْرَ مَرَّةٍ اَشْهَدُ لَكَ عَلَيْهِ قَالَ اَخْبَرَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيهِ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ يَمْشُوْنَ اَمَامَ الْجَنَازَةِ.

حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کو جنازے کے آگے آگے چلتے ہوئے دیکھا ہے۔

637- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيهِ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُوْلُ: مَنْ جَاءَ مِنْكُمُ الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ.

حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو منبر پر یہ فرماتے ہوئے سنا: ”تم میں سے جو شخص جمعہ کے لیے آئے اسے غسل کر لینا چاہیے۔“

638- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ.

حضرت عبداللہ بن دینار از حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت بیان کرتے ہیں۔

639- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اُمَيَّةَ وَاَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِيُّ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

حضرت نافع از حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت بیان کرتے ہیں۔

636- سنن ابوداؤد، باب الامر والنهى، جلد 4، صفحه 217، رقم:4346

مسند عبد بن حميد، مسند ابى سعيد الخدرى، صفحه 273، رقم:864

مسند الشهاب، باب افضل الجهاد كلمة حق عند امير جائر، جلد 2، صفحه 247، رقم:1287

637- سنن الكبرىٰ للنسائى، باب فضل من تكلم بالحق عند امام جائر، جلد 4، صفحه 435، رقم:7834

المستدرك، كتاب الفتن والملاحم، جلد 4، صفحه 551، رقم:8543

المعجم الصغير للطبرانى، من اسمه احمد، صفحه 107، رقم:151

مسند ابى يعلىٰ، من مسند ابى سعيد الخدرى، جلد 1، صفحه 352، رقم:1101

مسند امام احمد بن حنبل، مسند ابى سعيد الخدرى، جلد 5، صفحه 19، رقم:11159

639- صحيح بخارى، باب صفة النار وانها مخلوقة، جلد 4، صفحه 121، رقم:3267

صحيح مسلم، باب عقوبة من يامر بالمعروف ولا ينهى عن المنكر، جلد 8، صفحه 224، رقم:7674

مسند امام احمد بن حنبل، حديث اسامة بن زيد، جلد 5، صفحه 202، رقم:21848

640- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ بِلَالًا يُؤَذِّنُ بِلَيْلٍ فَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى تَسْمَعُوْا اَذَانَ ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ.

حضرت سالم از والد خود از رسول اللہ ﷺ روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ ”بلال رات کے وقت ہی اذان دے دیتا ہے (یعنی حضرت بلال رضی اللہ عنہ تہجد کی اذان دیتے تھے) تو تم اس وقت تک کھاتے پیتے رہو جب تک تم ابن ام مکتوم کی اذان نہیں سنتے۔“

641- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اسْتَاْذَنَتْ اَحَدَكُمُ امْرَاَتُهُ اِلَى الْمَسْجِدِ فَلَا يَمْنَعْهَا.

قَالَ سُفْيَانُ: يَرَوْنَ اَنَّهُ بِاللَّيْلِ.

حضرت سالم از والد خود از رسول اللہ ﷺ روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: ”جب کسی آدمی کی بیوی اس سے مسجد میں جانے کی اجازت مانگے تو وہ اسے منع نہ کرے۔“

سفیان کہتے ہیں کہ علماء کا یہ خیال ہے یہ حکم رات کے بارے میں ہے۔

642- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ وَحْدِي وَلَيْسَ مَعِي وَلَا مَعَهُ

حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہ از والد خود از رسول اللہ ﷺ روایت کرتے ہیں کہ ”جو شخص کسی غلام

مصنف ابن ابى شيبة، باب ما رواه اسامة بن زيد رضى الله عنه عن النبى صلى الله عليه وسلم، جلد 1، صفحه 553، رقم:152

640- سنن الكبرىٰ للبيهقى، باب تحريم الغصب واخذ اموال الناس، جلد 6، صفحه 93، رقم:11839

سنن ترمذى، باب ما جاء فى شان الحساب والقصاص، جلد 4، صفحه 614، رقم:2420

الادب المفرد للبخارى، باب قصاص العبد، صفحه 74، رقم:183

641- مسند امام احمد بن حنبل، مسند عبد الله بن عمر، جلد 2، صفحه 135، رقم:6185

مسند ابى يعلىٰ، مسند عبد الله بن مسعود، جلد 9، صفحه 434، رقم:5586

صحيح بخارى، باب حجة الوداع، جلد 5، صفحه 176، رقم:4402

صحيح مسلم، باب ذكر ابن صياد، جلد 8، صفحه 193، رقم:7540

642- صحيح مسلم، باب الدعاء الى الشهادتين وشرائع الاسلام، جلد 1، صفحه 37، رقم:130

سنن الكبرىٰ للبيهقى، باب من قال لا يخرج صدقة قوم منهم من بلدهم، جلد 7، صفحه 8، رقم:1384

سنن ابوداؤد، باب فى زكاة السائمة، جلد 2، صفحه 16، رقم:1586

سنن ترمذى، باب ما جاء فى كراهية اخذ خيار المال فى الصدقة، جلد 1، صفحه 212، رقم:625

احد قال اخبرني سالم بن عبد الله عن ابيه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: من باع عبدا وله مال فماله للذي باعه الا ان يشترطه المبتاع، ومن باع نخلا بعد ان تؤبر فثمرها للبائع الا ان يشترطه المبتاع .

کو فروخت کرے اور اس غلام کے پاس مال موجود ہو تو اس غلام کا مال اس شخص کی ملکیت ہوگا جس نے اسے بیچا ہے۔ لیکن اگر خریدار خریدتے وقت طے کرلے تو پھر معاملہ الگ ہے اور جو شخص پیوند کاری کے بعد کھجور کا باغ بیچے تو اس کا پھل بیچنے والے کی ملکیت ہوگا۔ سوائے اس کے کہ اگر خریدار نے خریدتے وقت طے کرلیا ہو۔“

643- حدثنا الحميدي قال حدثنا سفيان حدثنا الزهري قال اخبرني سالم بن عبد الله عن ابيه قال: رايت رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا افتتح الصلاة رفع يديه حذو منكبيه، واذا اراد ان يركع، وبعد ما يرفع راسه من الركوع ولا يرفع بين السجدتين.

حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا جب آپ نے نماز کا آغاز کیا تو آپ نے کندھوں تک دونوں ہاتھ بلند کیے اور جب رکوع کیا اور رکوع سے اُٹھے اور دونوں سجدوں کے درمیان آپ نے ہاتھ نہیں اُٹھائے اور رکوع سے سر اٹھایا تو آپ نے ” سجدوں کے درمیان اپنے ہاتھ نہیں اُٹھائے۔

644- حدثنا الحميدي قال حدثنا الوليد بن مسلم قال سمعت زيد بن واقد يحدث عن نافع: ان عبد الله بن عمر كان اذا ابصر رجلا يصلي لا يرفع يديه كلما خفض ورفع حصبه حتى يرفع يديه.

حضرت نافع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما جب کسی شخص کو دیکھتے کہ وہ نماز کے دوران ہر مرتبہ جھکتے اور اٹھتے ہوئے ہاتھ نہیں اُٹھا رہا تو وہ اسے کنکریاں مارتے تھے۔ حتیٰ کہ وہ ہاتھ اُٹھانے لگتا۔

643- صحیح بخاری، باب احتیال العامل لیهدی له، جلد 6، صفحه 255، رقم: 6578
صحیح مسلم، باب تحریم هدایا العمال، جلد 6، صفحه 11، رقم: 4845
صحیح ابن خزیمه، باب صفة اتیان الساعی یوم القیامة، جلد 2، صفحه 54، رقم: 2340
جامع الاصول لابن اثیر، الباب الرابع فی عامل الزكاة، جلد 2، صفحه 646، رقم: 2736
644- صحیح مسلم، باب وعید من اقتطع حق مسلم، جلد 1، صفحه 85، رقم: 370
المعجم الاوسط للطبرانی، من اسمه مفضل، جلد 9، صفحه 90، رقم: 9219
سنن الدارمی، باب فیمن اقتطع مال امری مسلم بیمینه، جلد 2، صفحه 345، رقم: 2603
سنن الكبرى للنسائی، باب القضاء فی قلیل الماء وكثیره، جلد 3، صفحه 481، رقم: 5980

645- حدثنا الحميدي قال حدثنا سفيان قال حدثنا الزهري قال حدثني سالم عن ابيه قال: رايت رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا جد به السير جمع بين المغرب والعشاء.

حضرت سالم رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ جب آپ نے جلدی سے سفر کرنا ہوتا تو آپ مغرب اور عشاء کی نماز اکٹھی پڑھتے تھے۔

646- حدثنا الحميدي قال حدثنا سفيان قال حدثنا الزهري عن سالم عن ابيه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: لا حسد الا في اثنتين: رجل آتاه الله القرآن فهو يقوم به آناء الليل وآناء النهار، ورجل آتاه الله مالا فهو ينفق منه آناء الليل وآناء النهار .

حضرت سالم رضی اللہ عنہ اپنے والد سے، وہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ”رشک صرف دوطرح کے آدمیوں پر کیا جا سکتا ہے ایک وہ آدمی جسے اللہ تعالیٰ نے قرآن کا علم عطا کیا ہو اور وہ رات دن اس کے ساتھ قائم رہتا ہو اور ایک وہ آدمی جسے اللہ تعالیٰ نے مال عطا کیا ہو اور وہ رات، دن اس میں سے خرچ کرتا رہتا ہو۔“

647- حدثنا الحميدي قال حدثنا سفيان قال حدثنا الزهري عن سالم بن عبد الله عن ابيه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تتركوا النار في بيوتكم حين تنامون .

حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والد سے، وہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ”تم لوگ سوتے وقت اپنے گھروں میں آگ کو جلتا ہوا نہ چھوڑا کرو۔“

645- صحیح مسلم، باب تحریم هدایا العمال، جلد 6، صفحه 12، رقم: 4848
الاحاد والمثانی، من اسمه عدی بن عمیرة الكندی، جلد 4، صفحه 384، رقم: 2427
السنن الكبرى للبیهقی، باب غلول الصدقة، جلد 4، صفحه 158، رقم: 7912
المعجم الكبیر للطبرانی، من اسمه عدی بن عمیرة الكندی، جلد 12، صفحه 107، رقم: 13948
646- صحیح بخاری، باب موعظة الامام للخصوم، جلد 6، صفحه 69، رقم: 7169
صحیح مسلم، باب الحكم بالظاهر واللحن بالحجة، جلد 5، صفحه 128، رقم: 4570
سنن الكبرى للبیهقی، باب من حال لیس للقاضی ان یقضی بعلمه، جلد 10، صفحه 143، رقم: 21006
سنن ابوداؤد، باب فی قضاء القاضی اذا اخطاء، جلد 3، صفحه 328، رقم: 3585
647- صحیح بخاری، كتاب الدیات، جلد 5، صفحه 2، رقم: 6862
سنن الكبرى للبیهقی، باب تحریم القتل من السنة، جلد 8، صفحه 21، رقم: 16277
مستدرك للحاكم، كتاب الحدود، جلد 6، صفحه 384، رقم: 8029
سنن ابوداؤد، باب فی تعظیم قتل المؤمن، جلد 4، صفحه 167، رقم: 4272
مسند امام احمد بن حنبل، مسند عبد الله بن عمر، جلد 2، صفحه 94، رقم: 5681

648- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا وَاللّٰهِ الزُّهْرِيُّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَمْسٌ مِّنَ الدَّوَابِّ لَا جُنَاحَ فِيْ قَتْلِهِنَّ عَلٰى مَنْ قَتَلَهُنَّ فِي الْحِلِّ وَالْحَرَمِ: الْغُرَابُ، وَالْحِدَاةُ، وَالْعَقْرَبُ، وَالْفَارَةُ، وَالْكَلْبُ الْعَقُوْرُ ۔

حضرت سالم رضی اللہ عنہ اپنے والد سے‘ وہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ’’پانچ قسم کے جانور ایسے ہیں کہ حل میں یا حرم میں انہیں قتل کرنے والے پر کوئی گناہ نہیں ہوگا: کوا، چیل، بچھو، چوہا اور باؤلہ کتا۔‘‘

فَقِيْلَ لِسُفْيَانَ: اِنَّ مَعْمَرًا يَرْوِيْهِ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ ۔ فَقَالَ: حَدَّثَنَا وَاللّٰهِ الزُّهْرِيُّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ مَا ذَكَرَ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ ۔

سفیان سے کہا گیا کہ معمر نے یہ روایت زہری سے‘ انہوں نے عروہ سے‘ انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بیان کی ہے تو انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! زہری نے یہ روایت سالم سے‘ ان کے والد سے بیان کی ہے۔ انہوں نے از عروہ سے‘ وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اسے بیان نہیں کیا۔

649- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اُقْتُلُوا الْحَيَّاتِ وَذَا الطُّفْيَتَيْنِ وَالْاَبْتَرَ، فَاِنَّهُمَا يَلْتَمِسَانِ الْبَصَرَ وَيَسْتَسْقِطَانِ الْحَبَلَ ۔

حضرت سالم رضی اللہ عنہ اپنے والد سے‘ وہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: ’’دو دھاریوں والے اور دم کٹے ہوئے سانپوں کو مار دو‘ کیونکہ یہ بینائی زائل کر دیتے ہیں اور حمل گرا دیتے ہیں۔‘‘

648- صحیح بخاری‘ باب تشبیك الاصابع فی المسجد وغیرہ‘ جلد 1‘ صفحہ 103‘ رقم: 481
صحیح مسلم‘ باب تراحم المؤمنین وتعاطفهم وتعاضدهم‘ جلد 4‘ صفحہ 20‘ رقم: 6750
الآداب للبیهقی‘ باب فی التعاون علی البر والتعاون‘ جلد 1‘ صفحہ 49‘ رقم: 88
سنن ترمذی‘ باب ما جاء فی شفقة المسلم علی المسلم‘ جلد 2‘ صفحہ 325‘ رقم: 1928
سنن نسائی‘ باب اجر الخازن اذا تصدق باذن مولاہ‘ جلد 2‘ صفحہ 179‘ رقم: 2560
649- صحیح بخاری‘ باب قول النبی صلی الله علیه وسلم من حمل علینا السلاح فلیس منا‘ جلد 6‘ صفحہ 49‘ رقم: 7075
صحیح مسلم‘ باب امر من مر بسلاح فی مسجد او سوق او غیرهما‘ جلد 4‘ صفحہ 33‘ رقم: 6831
سنن ابوداؤد‘ باب فی النبل یدخل فی المسجد‘ جلد 2‘ صفحہ 336‘ رقم: 2589
مسند ابی یعلی‘ حدیث ابی موسی الاشعری‘ جلد 6‘ صفحہ 369‘ رقم: 729

650- قَالَ: وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَقْتُلُ كُلَّ حَيَّةٍ وَجَدَهَا فَاَبْصَرَهُ اَبُوْ لُبَابَةَ اَوْ زَيْدُ بْنُ الْخَطَّابِ وَهُوَ يُطَارِدُ حَيَّةً فَقَالَ: اِنَّهُ قَدْ نُهِيَ عَنْ ذَوَاتِ الْبُيُوْتِ ۔ قَالَ سُفْيَانُ: كَانَ الزُّهْرِيُّ اَبَدًا يَقُوْلُ فِيْهِ زَيْدٌ اَوْ اَبُوْ لُبَابَةَ.

(راوی بیان کرتے ہیں کہ) حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو جو بھی سانپ ملتا تھا وہ اسے مار دیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ یا حضرت زید بن خطاب رضی اللہ عنہ نے انہیں دیکھا کہ وہ ایک سانپ کو ڈھونڈ رہے تھے‘ تو انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے گھر میں رہنے والے سانپوں کو مارنے سے منع فرمایا ہے۔ سفیان کہتے ہیں کہ زہری ہمیشہ یہی کہتے تھے کہ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے یا حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ (نے انہیں دیکھا)۔

651- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الشُّؤْمُ فِيْ ثَلَاثٍ: فِي الْفَرَسِ، وَالْمَرْاَةِ، وَالدَّارِ ۔

حضرت سالم رضی اللہ عنہ اپنے والد سے‘ وہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: ’’نحوست تین چیزوں میں ہے: گھوڑے، عورت اور گھر میں۔‘‘

فَقِيْلَ لِسُفْيَانَ: فَاِنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ فِيْهِ عَنْ حَمْزَةَ.

سفیان سے یہ کہا گیا کہ دوسرے لوگوں نے اس روایت میں یہ بات ذکر کی ہے کہ یہ روایت حمزہ سے بیان کی گئی ہے۔

قَالَ سُفْيَانُ: مَا سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ ذَكَرَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ حَمْزَةَ قَطُّ.

تو سفیان نے کہا: میں نے زہری کو اس روایت میں کبھی بھی حمزہ کا ذکر کرتے ہوئے نہیں سنا۔

650- صحیح بخاری‘ باب رحمة الناس والبهائم‘ جلد 4‘ صفحہ 10‘ رقم: 6013
صحیح مسلم‘ باب رحمته صلی الله علیه وسلم الصبیان والعیال وتواضعه‘ جلد 7‘ صفحہ 77‘ رقم: 6170
الآداب للبیهقی‘ باب فی رحمة الاولاد وتقبیلهم والاحسان الیهم‘ صفحہ 11‘ رقم: 13
المستدرك للحاکم‘ ذکر عبد الله بن عباس‘ جلد 5‘ صفحہ 478‘ رقم: 6825
المعجم الصغیر للطبرانی‘ من اسمه محمود‘ جلد 2‘ صفحہ 224‘ رقم: 1068
651- صحیح بخاری‘ باب رحمة الولد وتقبیله ومعانقته‘ جلد 5‘ صفحہ 235‘ رقم: 5652
صحیح مسلم‘ باب رحمته صلی الله علیه وسلم الصبیان والعیال وتواضعه‘ جلد 7‘ صفحہ 77‘ رقم: 6169
مسند عائشه لابی داؤد السجستانی‘ صفحہ 72‘ رقم: 50

652- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِیُّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِیْهِ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی عَنْ بَیْعِ الثَّمَرِ حَتّٰی یَبْدُوَ صَلَاحُهٗ، وَنَهٰی عَنْ بَیْعِ الثَّمَرِ بِالتَّمْرِ.

حضرت سالم رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے پھل کو پکنے سے پہلے اسے بیچنے سے منع فرمایا ہے اور آپ نے کھجور کے بدلے میں پھل کو بیچنے سے منع فرمایا ہے۔

653- قَالَ ابْنُ عُمَرَ وَاَخْبَرَنِیْ زَیْدُ بْنُ ثَابِتٍ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِیْ بَیْعِ الْعَرَایَا.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے مجھے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے جانچ پڑتال کے سوا کرنے کے بارے میں رخصت دی۔

654- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِیُّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِیْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: یُهِلُّ اَهْلُ الْمَدِیْنَةِ مِنْ ذِی الْحُلَیْفَةِ، وَیُهِلُّ اَهْلُ الشَّامِ مِنَ الْجُحْفَةِ وَیُهِلُّ اَهْلُ نَجْدٍ مِنْ قَرْنٍ . قَالَ ابْنُ عُمَرَ وَذُکِرَ لِیْ وَلَمْ اَسْمَعْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَیُهِلُّ اَهْلُ الْیَمَنِ مِنْ یَلَمْلَمَ .

حضرت سالم اپنے والد سے' وہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: ''اہل مدینہ ذوالحلیفہ سے' اہل شام جحفہ سے اور اہل نجد قرن سے احرام باندھیں۔'' اور مجھے یہ بھی بتایا گیا ہے ویسے میں نے خود یہ روایت نہیں سنی کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ اہل یمن یلملم سے احرام باندھیں۔

652- صحیح بخاری' باب اعن اخاك ظالما او مظلوما' جلد 3' صفحه 128' رقم: 2443
صحیح ابن حبان' کتاب الغصب' جلد 11' صفحه 570' رقم: 5166
الآداب للبیهقی' باب فی التعاون علی البر' صفحه 54' رقم: 97
اتحاف الخیره المهرة للبوصیری' کتاب الفتن' جلد 8' صفحه 30' رقم: 7411
653- صحیح بخاری' باب الامر باتباع الجنائز' جلد 2' صفحه 71' رقم: 1240
صحیح مسلم' باب من حق المسلم للمسلم' جلد 7' صفحه 3' رقم: 5776
سنن نسائی' باب ما یقول اذا عطس' جلد 6' صفحه 64' رقم: 10049
مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی هریرة ' جلد 2' صفحه 540' رقم: 10979
654- المستدرك للحاكم' كتاب الحدود' جلد 6' صفحه 427' رقم: 8160
مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی هریرة رضی الله عنه' جلد 2' صفحه 388' رقم: 9033
مسند الشهاب' باب لا یستر عبد عبد افی الدنیا الا ستره الله یوم القیامة ' صفحه 416' رقم: 405
صحیح مسلم' باب بشارة من ستر الله عیبه فی الدنیا' جلد 8' صفحه 21' رقم: 6760

655- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِیُّ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ: سَمِعَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عُمَرَ وَهُوَ یَحْلِفُ بِاَبِیْهِ فَقَالَ: اَلَا اِنَّ اللّٰهَ یَنْهَاکُمْ اَنْ تَحْلِفُوْا بِاٰبَائِکُمْ .

حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اپنے باپ کی قسمکھاتے ہوئے سنا تو ارشاد فرمایا: خبردار! اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں کو اس بات سے منع فرمایا ہے کہ تم لوگ اپنے آباء کی قسم اٹھاؤ۔

فَقَالَ عُمَرُ: فَوَاللّٰهِ مَا حَلَفْتُ بِهَا بَعْدُ ذَاکِرًا وَلَا اٰثِرًا.

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم! اس کے بعد میں نے جان بوجھ کر یا بھول کر بھی کبھی قسم نہیں کھائی۔

قَالَ الْحُمَیْدِیُّ قَالَ سُفْیَانُ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَوْلٰی اٰلِ طَلْحَةَ - وَکَانَ بَصِیْرًا بِالْعَرَبِیَّةِ - یَقُوْلُ: وَلَا اٰثِرًا: اٰثُرُهٗ عَنْ غَیْرِیْ اُخْبِرُ عَنْهُ اَنَّهٗ حَلَفَ بِهَا.

امام حمیدی فرماتے ہیں کہ سفیان نے یہ بیان کیا ہے کہ محمد بن عبدالرحمٰن کو میں نے یہ کہتے ہوئے سنا جنہیں عربی زبان پر بڑی گرفت تھی' وہ یہ کہتے ہیں کہ روایت کے الفاظ ''ولا آثرا'' کا مطلب یہ ہے کہ میں نے کسی دوسرے کو بھی ایسا نہیں کرنے دیا جس کے متعلق یہ بتایا گیا کہ اس نے یہ قسم کھائی ہے۔

656- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِیُّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِیْهِ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ یَعِظُ اَخَاهُ فِی الْحَیَاءِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْحَیَاءَ مِنَ الْاِیْمَانِ .

حضرت سالم رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ایک انصاری کو اپنے بھائی کو حیا کے بارے میں نصیحت کرتے ہوئے سنا تو آپ نے ارشاد فرمایا: حیا ایمان کا حصہ ہے۔

655- صحیح بخاری' باب بیع المدبر' جلد 3' صفحه 83' رقم: 2234
صحیح مسلم' باب رجم الیهود اهل الذمة فی الزنا' جلد 5' صفحه 123' رقم: 4542
مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی هریرة رضی الله عنه ' جلد 2' صفحه 494' رقم: 10410
مصنف عبد الرزاق' باب زنا الامة ' جلد 7' صفحه 393' رقم: 13599
656- صحیح بخاری' باب شفاعة النبی صلی الله علیه وسلم علی زوج بریره ' جلد 5' صفحه 202' رقم: 4979
سنن ابن ماجه ' باب خیار الامة اذا اعتقت' جلد 1' صفحه 871' رقم: 2075
سنن الدارمی' باب تخییر الامة تکون تحت العبد فتعتق' جلد 2' صفحه 223' رقم: 2292

657- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ: اَنَّ رَجُلًا قَامَ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهُ مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ؟ فَقَالَ: لَا يَلْبَسُ الْقَمِيْصَ وَلَا الْعِمَامَةَ وَلَا السَّرَاوِيلَ وَلَا الْبُرْنُسَ، وَلَا ثَوْبًا مَسَّهُ زَعْفَرَانٌ وَّلَا وَرْسٌ وَّلَا خُفَّيْنِ، اِلَّا لِمَنْ لَمْ يَجِدْ نَعْلَيْنِ، فَمَنْ لَمْ يَجِدْ نَعْلَيْنِ فَلْيَقْطَعْهُمَا حَتّٰى يَكُوْنَا اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ.

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے سامنے کھڑا ہوا' اس نے آپ ﷺ سے پوچھا: کیا محرم کپڑے پہن سکتا ہے؟ تو آپ نے فرمایا: وہ قمیص، عمامہ، شلوار، ٹوپی اور ایسا کپڑا نہیں پہنے گا جس پر زعفران یا ورس (ایک خاص قسم کا رنگ) لگا ہوا ہو' وہ موزے نہیں پہنے گا مگر جب کہ اسے جوتے نہیں ملتے؛ پس جس شخص کو جوتے نہیں ملتے وہ موزوں کو اتنا کاٹ لے گا کہ وہ اس کے ٹخنوں سے نیچے ہو جائیں۔

658- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اُمَيَّةَ وَاَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِيُّ وَاَيُّوْبُ بْنُ مُوْسٰى وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ اِلَّا اَنَّهُمْ قَالُوْا: وَلَا ثَوْبٌ مَسَّهُ زَعْفَرَانٌ وَّلَا وَرْسٌ. فِيْ اٰخِرِ الْحَدِيْثِ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت بیان کرتے ہیں' البتہ اس میں یہ الفاظ ہیں: ''وہ ایسا کپڑا نہیں پہنے گا جس پر زعفران یا ورس لگا ہوا ہو' آخر حدیث تک۔''

659- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ وَحَدَّثَنَا عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: صَلَاةُ اللَّيْلِ مَثْنٰى مَثْنٰى، فَاِذَا خَشِيْتَ الصُّبْحَ فَاَوْتِرْ بِوَاحِدَةٍ.

حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والد سے یہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: ''رات کی نماز دو دو کر کے ادا کی جائے گی جب تمہیں صبح صادق کے قریب ہونے کا خوف ہو تو ایک رکعت وتر پڑھ لیا کرو۔''

657- صحیح بخاری' باب ھل یشیر الامام بالصلح' جلد 3' صفحہ 187' رقم:2705

صحیح مسلم' باب استحباب الوضع من الدین' جلد 5' صفحہ 30' رقم:4066

سنن الکبریٰ للبیھقی' باب من قال لا تواضع الجائحۃ ' جلد 5' صفحہ 305' رقم:10934

مسند ابو عوانۃ' بیان الاباحۃ للمدیون ان یستوضع صاحب المال' جلد 3' صفحہ 337' رقم:5214

658- صحیح بخاری' باب الاقتداء لسنن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم' جلد 2' صفحہ 987' رقم:7286

مسند الشامیین للطبرانی' احادیث شعیب عن الزھری' صفحہ 619' رقم:3122

سنن الکبریٰ للبیھقی' باب ما علی السلطان من القیام' جلد 8' صفحہ 161' رقم:17089

تفسیر ابن ابی حاتم' قولہ تعالیٰ ''واعرض عن الجاھلین'' جلد 3' صفحہ 172' رقم:9454

جامع الاصول لابن اثیر' الکتاب الثانی فی التعوذ المغفرۃ ' جلد 4' صفحہ 46' رقم:5884

659- صحیح البخاری' باب علامات النبوۃ فی الاسلام' جلد 1' صفحہ 909' رقم:3408

صحیح مسلم' باب الوفاء سبعۃ الخلفاء الاوّل فالاوّل' جلد 2' صفحہ 171' رقم:4881

صحیح ابن حبان' باب طاعۃ الائمۃ ' جلد 2' صفحہ 311' رقم:4587

660- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

حضرت طاؤس از حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

661- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ لَبِيْدٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

حضرت ابوسلمہ از حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

662- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَجُلًا يَسْاَلُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ: كَيْفَ يُصَلِّيْ اَحَدُنَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ میں نے ایک شخص کو سنا' اس نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا اور آپ اس وقت منبر پر جلوہ فرما تھے کہ کوئی آدمی رات کے وقت کس طرح نوافل پڑھے' تو رسول

مسند ابی یعلیٰ' مسند عبد اللہ بن مسعود' جلد 3' صفحہ 88' رقم:5156

مجمع الزوائد للھیثمی' باب فی ایام الصبر' جلد 7' صفحہ 556' رقم:12224

661- صحیح البخاری' باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم للانصار اصبروا' جلد 2' صفحہ 109' رقم:3792

صحیح مسلم' باب اعطاء المؤلفۃ قلوبھم علی الاسلام' جلد 1' صفحہ 711' رقم:2493

الاحاد والمثانی' ذکر قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم الانصار' صفحہ 343' رقم:1733

سنن ترمذی' باب فی الاثرۃ وما جاء فیہ' جلد 1' صفحہ 782' رقم:2189

سنن الکبریٰ للبیھقی' باب الصبر علی اذی یصیبہ' جلد 8' صفحہ 159' رقم:16404

662- صحیح البخاری باب لا تمنوا لقاء العدو' جلد 1' صفحہ 711' رقم:2863

صحیح مسلم' باب کراھیۃ تمنی لقاء العدو' جلد 2' صفحہ 443' رقم:4639

سنن ابوداؤد' باب فی کراھیۃ تمنی لقاء العدو' جلد 1' صفحہ 846' رقم:2633

مصنف ابن ابی شیبۃ ' باب ما ذکر فی فضل الجھاد' جلد 5' صفحہ 340' رقم:19856

اتحاف الخیرہ المھرۃ للبوصیری' کتاب الامارۃ' جلد 5' صفحہ 129' رقم:4379

بِاللَّيْلِ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَثْنَى مَثْنَى، فَإِذَا خَشِيتَ الصُّبْحَ فَأَوْتِرْ بِوَاحِدَةٍ تُوتِرُ لَكَ مَا مَضَى مِنْ صَلَاتِكَ. قَالَ سُفْيَانُ: وَهَذَا أَجْوَدُهَا.

اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: دو دو کر کے۔ اور جب تمہیں صبح صادق کے قریب ہونے کا خوف ہو تو ایک رکعت وتر پڑھ لو یہ تمہاری پچھلی تمام نماز کو طاق بنا دے گی۔ سفیان کہتے ہیں: یہ روایت اس سے زیادہ بہتر ہے۔

663- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اقْتَنَى كَلْبًا إِلَّا كَلْبَ صَيْدٍ أَوْ مَاشِيَةٍ فَإِنَّهُ يَنْقُصُ مِنْ أَجْرِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيرَاطَانِ.

حضرت سالم اپنے والد سے، وہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: ”جو شخص کتا پالے سوائے شکار کے کتے کے یا جانوروں کے تو اس کے اجر وثواب میں سے روزانہ دو قیراط کم ہو جاتے ہیں۔“

664- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دِينَارٍ قَالَ: ذَهَبْتُ مَعَ ابْنِ عُمَرَ إِلَى بَنِي مُعَاوِيَةَ فَنَبَحَتْ عَلَيْنَا كِلَابُهُمْ، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنِ اقْتَنَى كَلْبًا إِلَّا كَلْبَ صَيْدٍ أَوْ كَلْبَ مَاشِيَةٍ نَقَصَ مِنْ أَجْرِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيرَاطَانِ.

حضرت عبداللہ بن دینار رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ بنو معاویہ کی طرف گیا تو ہم پر ان کے کتے بھونکنے لگے تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو آدمی کوئی ایسا کتا پالے جو شکار کرنے یا جانوروں کی حفاظت کے لیے نہ ہو تو اس شخص کے اجر میں سے روزانہ دو قیراط کم ہو جاتے ہیں۔

663- صحیح البخاری، باب دعا النبی صلی اللہ علیہ وسلم الناس الی الاسلام، جلد 1، صفحہ 745، رقم: 2940
صحیح مسلم، باب کتاب النبی صلی اللہ علیہ و سلم الی ہرقل یدعوہ الی الاسلام، جلد 2، صفحہ 263، رقم: 4707
سنن الکبریٰ للبیہقی، باب اطہارین النبی صلی اللہ علیہ وسلم، جلد 9، صفحہ 177، رقم: 19078
مسند امام احمد بن حنبل، مسند عبد اللہ بن عباس، جلد 1، صفحہ 262، رقم: 2370
جامع الاصول لابن اثیر، الفصل الثانی فما کان منہا بعد مبعثہ، جلد 2، صفحہ 265، رقم: 8842
664- صحیح مسلم، باب استحباب طلب الشہادۃ فی سبیل اللہ، جلد 2، صفحہ 648، رقم: 5039
مستدرك للحاكم، كتاب الجهاد، جلد 2، صفحہ 344، رقم: 2412
سنن ابوداؤد، باب فی الاستغفار، جلد 1، صفحہ 475، رقم: 1520
سنن ابن ماجہ، باب القتال فی سبیل اللہ سبحانہ تعالیٰ، جلد 1، صفحہ 935، رقم: 2797
سنن الکبریٰ للبیہقی، باب تمنی اشارۃ ومسالتہا، جلد 9، صفحہ 169، رقم: 18336

665- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنِّي رَأَيْتُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ لَيْلَةَ كَذَا وَكَذَا. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي أَرَى رُؤْيَاكُمْ قَدْ تَوَاطَأَتْ فَالْتَمِسُوهَا فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ فِي الْوِتْرِ مِنْهَا، أَوْ فِي السَّبْعِ الْبَوَاقِي. قَالَ سُفْيَانُ: الشَّكُّ مِنِّي لَا مِنَ الزُّهْرِيِّ.

حضرت سالم رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور اس نے عرض کی: میں نے شب قدر کو خواب میں دیکھا ہے کہ وہ فلاں فلاں رات ہے۔ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں یہ دیکھ رہا ہوں کہ تم لوگوں کے خواب ایک جیسے ہیں تو تم آخری عشرے کی طاق راتوں میں اسے تلاش کرو یا فرمایا: باقی رہ جانے والی سات راتوں میں تلاش کرو۔ سفیان کہتے ہیں کہ روایت میں شک میری طرف سے ہے، زہری کی طرف سے نہیں ہے۔

666- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّهُ سَمِعَ جَدَّهُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ فَلْيَأْكُلْ بِيَمِينِهِ، وَإِذَا شَرِبَ فَلْيَشْرَبْ بِيَمِينِهِ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَأْكُلُ بِشِمَالِهِ وَيَشْرَبُ بِشِمَالِهِ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب کوئی آدمی کھائے تو اپنے دائیں ہاتھ سے کھائے اور جب پیئے تو اپنے دائیں ہاتھ سے پیئے کیونکہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا اور پیتا ہے۔

667- قَالَ سُفْيَانُ وَسَمِعْتُ مَعْمَرًا يُحَدِّثُهُ

حضرت سفیان کہتے ہیں کہ میں نے معمر سے سنا،

665- صحیح بخاری، باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم احلت لکم الغنائم، جلد 1، صفحہ 836، رقم: 3124
صحیح مسلم، باب تحلیل الغنائم ہذہ الامۃ خاصۃ، جلد 2، صفحہ 345، رقم: 4653
صحیح ابن حبان، باب الغنائم ومستمتحا، جلد 2، صفحہ 436، رقم: 4808
مصنف عبد الرزاق، باب الغلول، جلد 4، صفحہ 241، رقم: 9492
جامع الاصول، لفراغ الخامس فی الغلول، جلد 1، صفحہ 714، رقم: 1210
666- صحیح البخاری، باب ما یمحق الکذب والکتان فی البیع، جلد 1، صفحہ 717، رقم: 2082
صحیح مسلم، باب الصدق فی البیع والبیان، جلد 2، صفحہ 110، رقم: 3937
المعجم الکبیر للطبرانی، من اسما حاطب بن الحارث بن معمر، جلد 1، صفحہ 897، رقم: 3115
سنن ابوداؤد، باب فی خیار المتبایعین، جلد 2، صفحہ 289، رقم: 3461
سنن ترمذی، باب ما جاء فی البیعین بالخیار ما لم یتفرقا، جلد 1، صفحہ 548، رقم: 1246
667- صحیح مسلم، باب معرفۃ الایمان والاسلام، جلد 1، صفحہ 28، رقم: 102

بَعْدَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ فَقُلْتُ لَهُ: يَا أَبَا عُرْوَةَ إِنَّمَا هُوَ عَنْ أَبِي بَكْرٍ. فَقَالَ مَعْمَرٌ: إِنَّا عَرَضْنَاهُ. وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ: هٰذَا مِمَّا عَرَضْنَاهُ.

انہوں نے یہ روایت از زہری از سالم' ان کے والد کے بیان کی تو میں نے ان سے کہا: اے ابوعروہ! یہ روایت تو ابوبکر بن عبید اللہ کے حوالے سے بیان کی گئی ہے۔ تو معمر کہنے لگے: ہم نے یہ روایت ان کے سامنے پیش کی تھی بعض دفعہ سفیان یہ کہتے ہیں کہ یہ ان روایات میں سے ایک ہے جو ہم نے ان کے سامنے پیش کی ہے۔

668- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ قَالَ: بَعَثَنِي أَبِي إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ بِغَيْرِ إِذْنٍ فَعَلَّمَنِي فَقَالَ: إِذَا جِئْتَ فَاسْتَأْذِنْ، فَإِذَا أُذِنَ لَكَ فَسَلِّمْ إِذَا دَخَلْتَ. وَمَرَّ ابْنُ ابْنِهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَاقِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَعَلَيْهِ ثَوْبٌ جَدِيدٌ يَجُرُّهُ فَقَالَ لَهُ: أَيْ بُنَيَّ ارْفَعْ إِزَارَكَ، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ إِلَى مَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ خُيَلَاءَ.

حضرت زید بن اسلم رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس بھیجا تو بغیر اجازت ہی چلا گیا انہوں نے مجھے سکھایا اور فرمایا کہ جب تم کسی کے ہاں آؤ تو پہلے اندر آنے کی اجازت لو اگر تمہیں اجازت مل جائے تو اندر داخل ہو کے سلام کرو۔ اسی دوران حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا پوتا عبداللہ بن واقد وہاں سے گزرا اس نے نئے کپڑے پہنے ہوئے تھے اور وہ دامن لٹکا کر چل رہا تھا' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اس سے فرمایا: اے میرے بیٹے! تم اپنے تہبند کو اوپر کرو کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ اس شخص کی طرف نظر رحمت نہیں کرتا جو

صحیح ابن خزیمہ' باب فرض الحج علی من استطاع الیہ سبیلا' جلد 1' صفحہ 827' رقم: 2504
سنن الکبریٰ للبیہقی' باب اثبات فرض الحج' جلد 4' صفحہ 324' رقم: 8872
سنن ابوداؤد' باب فی القدر' جلد 2' صفحہ 659' رقم: 4697
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عمر بن الخطاب' جلد 1' صفحہ 51' رقم: 367
668- سنن ترمذی' باب ما جاء فی معاشرۃ الناس' جلد 1' صفحہ 755' رقم: 1987
سنن الدارمی' باب فی حسن الخلق' جلد 1' صفحہ 815' رقم: 2791
مسند امام احمد بن حنبل' حدیث معاذ بن جبل' جلد 5' صفحہ 236' رقم: 22112
المعجم الصغیر للطبرانی' باب من اسمہ علی' صفحہ 320' رقم: 530
مسند ابی الجعد' صفحہ 334' رقم: 285

اپنے کپڑے کو بطور تکبر لٹکاتا ہے۔

669- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا صَاحِبُ هٰذِهِ الدَّارِ الَّتِي فِي الْحَرِّ أُمَيَّةُ بْنُ حُفَيْصِ بْنِ مُخَلِّفًا مَوْلٰى آلِ مَاجِدَةَ قَالَ سَمِعْتُ مُسْلِمَ بْنَ يَنَّاقٍ قَالَ: كُنْتُ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَلٰى بَابِ دَارِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ أَسِيدٍ فَمَرَّ شَابٌّ قَدْ أَسْبَلَ إِزَارَهُ، فَقَالَ لَهُ ابْنُ عُمَرَ: ارْفَعْ إِزَارَكَ، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ إِلٰى مَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ خُيَلَاءَ.

حضرت مسلم بن یناق رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ عبداللہ بن خالد بن اسید کے گھر کے دروازے کے پاس موجود تھا' وہاں سے ایک نوجوان گزرا جس نے اپنا تہبند لٹکایا ہوا تھا تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اس سے فرمایا: تم اپنے تہبند کو اوپر کرلو کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ''اللہ تعالیٰ اس شخص کی طرف نظر رحمت نہیں فرماتا جو اپنے کپڑے کو بطور تکبر لٹکاتا ہے۔''

670- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي لَبِيدٍ - وَكَانَ مِنْ عُبَّادِ أَهْلِ الْمَدِينَةِ - قَالَ سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يَقُولُ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَغْلِبَنَّكُمُ الْأَعْرَابُ عَلٰى اسْمِ صَلَاتِكُمْ، فَإِنَّمَا هِيَ الْعِشَاءُ وَإِنَّمَا يُسَمُّونَهَا الْعَتَمَةَ لِأَنَّهُمْ يُعْتِمُونَ عَنِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ''دیہاتی لوگ تمہاری نماز کے نام پر تم پر غالب نہ آ جائیں' یہ عشاء ہے وہ اسے عتمہ کہتے ہیں کیونکہ وہ اس وقت اونٹوں کے کام کاج سے فارغ ہوتے ہیں۔''

669- سنن ترمذی' باب ما جاء فی وصیۃ صلی اللہ علیہ وسلم فی القتال' جلد 1' صفحہ 562' رقم: 1617
مستدرک للحاکم' ذکر عبد اللہ بن عباس' جلد 5' صفحہ 287' رقم: 6303
اتحاف الخیرہ المہرۃ للبوصیری' کتاب علامات النبوۃ' باب تعرف الی التافی الرخا' جلد 2' صفحہ 682' رقم: 7132
مسند ابی یعلی' مسند ابن عباس' جلد 1' صفحہ 830' رقم: 2556
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد اللہ بن عباس' جلد 1' صفحہ 293' رقم: 2669
670- صحیح بخاری' باب ما یتقی من محقرات الذنوب' جلد 2' صفحہ 603' رقم: 6492
مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی سعید الخدری' جلد 3' رقم: 11008
الآداب للبیہقی' باب من ابتدأ علی ارتکاب الذنوب' صفحہ 538' رقم: 838
مجمع الزوائد للہیثمی' باب فی الکبائر' جلد 1' صفحہ 297' رقم: 401

الْإِبِلِ . أَوْ قَالَ: بِالْإِبِلِ .

قَالَ سُفْيَانُ: هٰكَذَا قَالَ ابْنُ أَبِي لَبِيدٍ بِالشَّكِّ .

سفیان کہتے ہیں کہ ابن ابولبید نے اسی طرح شک کے ساتھ روایت بیان کی ہے۔

671- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِينَارٍ سَمِعْنَاهُ مِنْهُ يُعِيدُهُ وَيُبْدِيهِ قَالَ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْوَلَاءِ وَعَنْ هِبَتِهِ . فَقِيلَ لَهُ: إِنَّ شُعْبَةَ اسْتَحْلَفَ عَبْدَ اللّٰهِ عَلَيْهِ . قَالَ: لٰكِنَّا لَمْ نَسْتَحْلِفْهُ سَمِعْنَا مِنْهُ مِرَارًا، ثُمَّ ضَحِكَ سُفْيَانُ .

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ولاء کو بیچنے اور ہبہ کرنے سے منع فرمایا ہے۔ شعبہ نے اس کے متعلق حضرت عبداللہ سے قسم لی تھی، تو انہوں نے کہا: ہم اس پر قسم نہیں لیتے، ہم نے ان سے کئی مرتبہ یہ روایت سنی ہے۔ پھر سفیان مسکرا دیئے۔

672- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ دِينَارٍ – يَعْنِي عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ دِينَارٍ – أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ: بَايَعْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، فَكُنَّا إِذَا بَايَعْنَاهُ يُلَقِّنُنَا فَيَقُولُ: فِيمَا اسْتَطَعْتُمْ .

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دست اقدس پر اطاعت وفرمانبرداری کی بیعت کی جب ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیعت کر لی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں تلقین فرمائی کہ جتنی تمہاری طاقت ہو۔

673- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں

671- صحیح بخاری، باب الغیرۃ، جلد 2، صفحہ 209، رقم: 4925

صحیح مسلم، باب غیرۃ اللہ تعالٰی وتحریم الفواحش، جلد 2، صفحہ 801، رقم: 7171

سنن الکبریٰ للبیھقی، باب الرجل یتخذ الغلام والجاریۃ، جلد 10، صفحہ 225، رقم: 21552

سنن ترمذی، باب ما جاء فی الغیرۃ، جلد 1، صفحہ 671، رقم: 1168

جامع الاصول لابن اثیر، الکتاب الثانی، الغیرۃ، جلد 3، صفحہ 430، رقم: 6190

672- صحیح بخاری، حدیث البرص واعمی واقرع فی بنی اسرائیل، جلد 1، صفحہ 301، رقم: 3464

صحیح مسلم، باب الزھد والرقائق، جلد 2، صفحہ 813، رقم: 7620

سنن الکبریٰ للبیھقی، باب لا یورر ممرض علی مصح، جلد 7، صفحہ 219، رقم: 14640

صحیح ابن حبان، باب ما جاء فی الطاعات، جلد 10، صفحہ 179، رقم: 316

جامع الاصول لابن اثیر، قصہ الابرص ولا اعمی، جلد 4، صفحہ 321، رقم: 7810

673- سنن ترمذی، باب ما جاء فی صفۃ أوانی الحواص، جلد 1، صفحہ 738، رقم: 2459

الأداب للبیھقی، باب من قصر الأمل وبادر بالعمل قبل بلوغ الاجل، صفحہ 497، رقم: 812

وَصَالِحُ بْنُ قُدَامَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الضَّبِّ فَقَالَ: لَا آكُلُهُ وَلَا أُحَرِّمُهُ .

کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے گوہ کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں اسے کھاتا بھی نہیں ہوں اور اسے حرام بھی نہیں کہتا۔

674- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ .

حضرت ہشام بن عروہ نے از حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما از نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسی کی مثل روایت بیان کی ہے۔

675- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِيهِ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا قَفَلَ مِنْ حَجٍّ أَوْ عُمْرَةٍ أَوْ غَزْوَةٍ فَأَوْفَى عَلَى فَدْفَدٍ مِنَ الْأَرْضِ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، آيِبُونَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَائِبُونَ عَابِدُونَ لِرَبِّنَا حَامِدُونَ، صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ، وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ .

حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب حج یا عمرے یا کسی جنگ سے واپس تشریف لا رہے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک سخت اور بلندی والی جگہ پر پہنچے تو آپ نے یہ دعا پڑھی: ''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں ہے، بادشاہی اسی کے لیے ہے، اسی کے لیے حمد ہے اور وہ ہر شے پر قادر ہے، اگر اللہ نے چاہا تو ہم رجوع کرنے والے ہیں، توبہ کرنے والے ہیں، عبادت کرنے والے ہیں، اپنے رب کی حمد بیان کرنے والے ہیں، اللہ نے اپنے وعدے کو سچ ثابت کر دیا اور اس نے اپنے بندے کی مدد کی اور اس نے اکیلے ہی لشکروں کو شکست دی۔''

مستدرک للحاکم، کتاب الایمان، جلد 1، صفحہ 125، رقم: 191

مسند امام احمد بن حنبل، مسند شداد بن اوس رضی اللہ عنہ، جلد 4، صفحہ 124، رقم: 17164

مسند البزار، مسند شداد بن اوس رضی اللہ عنہ، جلد 2، صفحہ 18، رقم: 3489

675- سنن ابو داؤد، باب فی ضرب النساء، جلد 1، صفحہ 652، رقم: 2147

سنن الکبریٰ للبیھقی، باب لا یسال الرجل فیما ضرب امرأتہ، جلد 7، صفحہ 305، رقم: 15175

سنن ابن ماجہ، باب ضرب النساء، جلد 1، صفحہ 639، رقم: 1986

سنن الکبریٰ للنسائی، باب ضرب الرجل زوجتہ، جلد 5، صفحہ 372، رقم: 9168

مسند امام احمد بن حنبل، مسند عمر بن الخطاب، جلد 1، صفحہ 200، رقم: 122

676 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ، وَلَمْ يَقُلْ: اِنْ شَاءَ اللّٰهُ.

قِيلَ لِسُفْيَانَ فِيهِ: سَاجِدُونَ. فَقَالَ: مَا اَحْلَقَهُ وَلَا اَحْفَظُهُ.

حضرت نافع از حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت بیان کرتے ہیں اور انہوں نے اس میں یہ الفاظ نہیں کہے: ان شاء اللہ!

سفیان سے کہا گیا کہ اس میں یہ الفاظ ہیں: سجدہ کرنے والے ہیں' تو انہوں نے کہا: نہ تو یہ الفاظ اس کے مناسب ہیں اور نہ ہی مجھے یہ الفاظ یاد ہیں۔

677 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ وَصَالِحُ بْنُ قُدَامَةَ الْجُمَحِيُّ الْمَدَنِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِينَارٍ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُونَ الثَّالِثِ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: دو آدمی تیسرے کو چھوڑ کر سرگوشی نہ کریں۔

678 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' رسول اللہ ﷺ

676- صحیح مسلم' باب المؤمن امره كله خير' جلد 2' صفحه 827' رقم: 7692
المعجم الاوسط للطبرانی' من اسمه علی' جلد 2' صفحه 753' رقم: 3849
سنن الدارمی' باب فی اسماء النبی' جلد 1' صفحه 718' رقم: 2833
مسند امام احمد بن حنبل' حديث محصيب بن سنان' جلد 4' صفحه 332' رقم: 18954
حديث أبی الفصل الزهری' صفحه 211' رقم: 344
677- صحیح بخاری' باب مرض النبی صلی الله علیه وسلم ووفاته' جلد 2' صفحه 715' رقم: 4462
مستدرك للحاكم' كتاب الجنائز' جلد 1' صفحه 537' رقم: 1408
سنن الكبرىٰ للبيهقی' باب اهالة التراب فی القبر بالمساحی' جلد 3' صفحه 409' رقم: 6975
مسند عبد بن حميد' مسند انس بن مالك' صفحه 402' رقم: 1364
سنن ابن ماجه' باب ذكر وفاته صلی الله علیه وسلم' جلد 1' صفحه 522' رقم: 1630
678- صحیح البخاری' باب قول الله تبارك وتعالىٰ قل ادعوا الله او ادعوا الرحمٰن' جلد 2' صفحه 815' رقم: 7377
صحیح مسلم' باب البكاء على الميت' جلد 1' صفحه 639' رقم: 2174
الآداب للبيهقی' باب الصبر والاسترجا مع الرخصة فی البكاء' صفحه 456' رقم: 752
مسند امام احمد بن حنبل' حديث اسامه بن زيد' جلد 5' صفحه 205' رقم: 21837
مصنف ابن ابی شيبة' باب ما رواه اسامة زيد عن النبی' صفحه 137' رقم: 156

قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بِاَحْسَنَ مِنْهُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُونَ الثَّالِثِ.

قَالَ: فَكَانَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَتَنَاجَى وَهُمْ ثَلَاثَةٌ دَعَا رَابِعًا.

سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: دو آدمی تیسرے کو چھوڑ کر آپس میں سرگوشی نہ کریں۔

(راوی کہتے ہیں کہ) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے جب کسی سے سرگوشی کرنی ہوتی اور وہاں تین آدمی موجود ہوتے تو وہ چوتھے کو بلا لیا کرتے۔

679 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ قَالَ لِيَحْيَى بْنِ حَبَّانَ: اَمَا تَرَوْنَ الْقَتْلَ شَيْئًا، وَقَدْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُونَ الثَّالِثِ.

حضرت قاسم بن محمد کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے حضرت یحییٰ بن حبان سے کہا: تم لوگ تو قتل کرنے کو بھی کچھ نہیں سمجھتے جب کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ دو آدمی تیسرے کو چھوڑ کر آپس میں سرگوشی بھی نہ کریں۔

680 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ وَعَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ اَخْبَرَنِي عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُعَاوِيُّ قَالَ: صَلَّيْتُ اِلَى جَنْبِ ابْنِ عُمَرَ فَقَلَّبْتُ الْحَصَى، فَلَمَّا انْصَرَفْتُ قَالَ لَا تُقَلِّبِ الْحَصَى، فَاِنَّ تَقْلِيبَ الْحَصَى مِنَ الشَّيْطَانِ، وَافْعَلْ كَمَا رَاَيْتُ رَسُولَ

حضرت علی بن عبدالرحمٰن معاوی روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پہلو میں نماز پڑھی تو میں نے کنکریوں کو الٹ پلٹ کیا۔ جب میں نے نماز مکمل کر لی تو انہوں نے مجھ سے فرمایا: تم کنکریاں نہ الٹایا کرو کیونکہ کنکریاں الٹانا شیطانی کام ہے۔ تم اس طرح کیا کرو جس طرح میں نے رسول اللہ ﷺ کو

679- صحیح مسلم' باب قصة اصحاب الاخدود والساحر والراهب' جلد 2' صفحه 729' رقم: 7703
مسند امام احمد بن حنبل' حديث مهيب رضی الله عنه' جلد 6' صفحه 16' رقم: 23976
الاحاد والمثانی' ومن ذكر مهيب بن سنان' صفحه 219' رقم: 287
صحیح ابن حبان' باب الادعية' جلد 1' صفحه 554' رقم: 873
جامع الاصول لابن اثير' باب اصحاب الاخدود' جلد 5' صفحه 304' رقم: 7820
680- صحیح بخاری' باب ما جاء فی كفارة المرض' جلد 2' صفحه 314' رقم: 5642
صحیح مسلم' باب ثواب المؤمن فيما يصيبه من مرض' جلد 2' صفحه 715' رقم: 6731
شعب الايمان' فصل فی ذكر ما فی الاوجاع والامراض' جلد 7' صفحه 157' رقم: 9829
سنن الكبرىٰ للنسائی' باب كفارة المريض' جلد 4' صفحه 353' رقم: 7487
اطراف المسند المعتلی' من اسمه طلحة بن نافع' جلد 2' صفحه 36' رقم: 1532

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ. قُلْتُ: وَكَيْفَ رَاَيْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ؟ فَوَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰى عَلٰى فَخِذِهِ الْيُمْنٰى وَضَمَّ اَبُوْ بَكْرٍ ثَلَاثَ اَصَابِعَ وَنَصَبَ السَّبَّابَةَ، وَوَضَعَ يَدَهُ الْيُسْرٰى عَلٰى فَخِذِهِ الْيُسْرٰى وَبَسَطَهَا.

کرتے ہوئے دیکھا ہے میں نے عرض کی: آپ نے رسول اللہ ﷺ کو کیا کرتے دیکھا ہے؟ تو انہوں نے اپنا دایاں ہاتھ اپنے دائیں زانو پر رکھا۔ پھر امام ابوبکر حمیدی نے اپنی تین انگلیاں ملائیں اور اپنی شہادت کی انگلی کو کھڑا کیا اور انہوں نے اپنا بایاں ہاتھ اپنے بائیں زانو پر رکھا اور اسے پھیلایا۔

قَالَ سُفْيَانُ: وَكَانَ يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَاهُ عَنْ مُسْلِمٍ، فَلَمَّا لَقِيتُ مُسْلِمًا حَدَّثَنِيهِ وَزَادَ فِيهِ: وَهِيَ مِذَبَّةُ الشَّيْطَانِ لَا يَسْهُو اَحَدٌ وَهُوَ يَقُوْلُ هٰكَذَا، وَنَصَبَ الْحُمَيْدِيُّ اِصْبَعَهُ. قَالَ مُسْلِمٌ وَحَدَّثَنِي رَجُلٌ: اَنَّهُ رَاَى الْاَنْبِيَاءَ مُمَثَّلِينَ فِي كَنِيسَةٍ بِالشَّامِ فِي صَلَاتِهِمْ قَائِلِينَ هٰكَذَا، وَنَصَبَ الْحُمَيْدِيُّ اِصْبَعَهُ.

سفیان کہتے ہیں کہ یحییٰ بن سعید نے ہم سے از حضرت مسلم یہ حدیث بیان کی، پس جب میں حضرت مسلم سے ملا تو انہوں نے مجھے یہ حدیث بیان کی اور اس میں اضافہ کیا: یہ شیطان کو پرے کرنے کے لیے ہے تاکہ کسی کو سہو نہ ہو۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اس طرح حمیدی نے اپنی ایک انگلی کو کھڑا کیا۔ مسلم کہتے ہیں کہ ایک آدمی نے مجھے یہ بتایا کہ انہوں نے شام کے ایک عبادت خانہ میں کچھ انبیاء کی نماز پڑھتے ہوئے تصویر دیکھی تو انہوں نے بھی اسی طرح کیا ہوا تھا اور امام حمیدی نے انگلی کھڑی کی ہوئی تھی۔

681- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ قَالَ سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيهِ قَالَ: لَمَّا ذَكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْاِزَارِ مَا ذَكَرَ قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اِزَارِي يَسْقُطُ مِنْ اَحَدِ شِقَّيَّ. فَقَالَ: اِنَّكَ لَسْتَ مِنْهُمْ.

حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ نے تہبند کا ذکر کیا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! میرا تہبند تو ایک طرف سے نیچے ہو جاتا ہے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم ان لوگوں میں سے نہیں ہو۔ (جو تکبر کے ساتھ تہبند کو لٹکاتے ہیں)

681- صحیح بخاری، باب وضع الید علی المریض، جلد 2، صفحه 319، رقم: 5660
صحیح مسلم، باب ثواب المؤمن فیما یصیبه من مرض، جلد 2، صفحه 714، رقم: 672
سنن الکبری للبیهقی، باب ما بنی لکل مسلم أن یشقره من الصبر، جلد 3، صفحه 372، رقم: 6223
مسند ابو یعلی، مسند عبد الله بن مسعود، جلد 2، صفحه 413، رقم: 5164
مسند امام احمد بن حنبل، مسند عبد الله بن مسعود، جلد 1، صفحه 455، رقم: 4346

682- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ وَحَدَّثَنَا عَمْرٌو عَنْ طَاوُسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

حضرت طاؤس از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت بیان کرتے ہیں۔

683- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ عَنْ رَجُلٍ يُقَالُ لَهُ عُبَيْدُ بْنُ جُرَيْجٍ كَانَ يَصْحَبُ ابْنَ عُمَرَ اَنَّهُ سَاَلَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ فَقَالَ: رَاَيْتُكَ تَصْنَعُ شَيْئًا لَمْ اَرَ اَحَدًا مِنْ اَصْحَابِكَ يَصْنَعُهُ، رَاَيْتُكَ لَا تُهِلُّ حَتّٰى تَنْبَعِثَ بِكَ رَاحِلَتُكَ، وَرَاَيْتُكَ تَلْبَسُ هٰذِهِ النِّعَالَ السِّبْتِيَّةَ وَتَوَضَّاُ فِيهَا، وَرَاَيْتُكَ لَا تَسْتَلِمُ مِنَ الْبَيْتِ اِلَّا هٰذَيْنِ الرُّكْنَيْنِ، وَرَاَيْتُكَ تُصَفِّرُ لِحْيَتَكَ. فَاَجَابَهُ ابْنُ عُمَرَ فَقَالَ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُهِلُّ حَتّٰى تَنْبَعِثَ بِهِ رَاحِلَتُهُ، وَرَاَيْتُهُ يَلْبَسُ هٰذِهِ النِّعَالَ السِّبْتِيَّةَ وَيَتَوَضَّاُ فِيهَا، وَرَاَيْتُهُ لَا يَسْتَلِمُ مِنْ هٰذَا الْبَيْتِ اِلَّا هٰذَيْنِ الرُّكْنَيْنِ، وَرَاَيْتُهُ يُصَفِّرُ لِحْيَتَهُ.

حضرت عبید بن جریج جو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے شاگرد ہیں، روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا کہ میں نے آپ کو اس طرح کرتے دیکھا ہے اور میں نے آپ کے اصحاب میں سے کسی کو اس طرح کرتے ہوئے نہیں دیکھا، میں نے آپ کو دیکھا ہے کہ آپ اس وقت تلبیہ پڑھنا شروع کرتے ہیں جب آپ کی سواری کھڑی ہوتی ہے میں نے آپ کو دیکھا ہے کہ آپ سبتی جوتا پہنتے ہیں اور انہی میں وضو بھی کر لیتے ہیں اور میں نے آپ کو دیکھا ہے کہ آپ بیت اللہ کے صرف دو ارکان کا استلام کرتے ہیں اور میں نے آپ کو دیکھا ہے کہ آپ اپنی داڑھی پر زرد رنگ کا خضاب لگاتے ہیں۔ تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے انہیں جواب دیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے اس وقت تلبیہ پڑھنا شروع کیا جب آپ کی سواری کھڑی ہوئی تھی اور میں نے آپ (ﷺ) کو دیکھا کہ آپ سبتی جوتا پہنے ہوئے ہیں اور آپ انہیں پہن کر ہی وضو فرماتے تھے اور میں نے آپ (ﷺ) کو دیکھا ہے کہ آپ ﷺ بیت اللہ

683- صحیح بخاری، باب ما جاء فی کفارة المرض، جلد 2، صفحه 318، رقم: 5645
صحیح ابن حبان، باب ما جاء فی الصبر، جلد 1، صفحه 819، رقم: 2907
السنن الکبری للنسائی، کتاب الطب، جلد 5، صفحه 394، رقم: 7478
مسند البزار، مسند أبی هریرة رضی الله عنه، جلد 2، صفحه 418، رقم: 8215
مسند الشهاب، باب من یرد القابه خیر الصیب منه، صفحه 224، رقم: 344

کے دو ارکان کا ہی استلام کرتے تھے اور میں نے آپ ﷺ کو دیکھا ہے کہ آپ ﷺ اپنی داڑھی پر زرد رنگ کا خضاب لگاتے تھے۔

684- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ مُنْذُ أَكْثَرَ مِنْ سَبْعِينَ سَنَةً عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: جَاءَ عُمَرُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي أَصَبْتُ مَالًا لَمْ أُصِبْ قَطُّ مِثْلَهُ، تَخَلَّصَتِ الْمِائَةَ سَهْمِ الَّتِي بِخَيْبَرَ، وَإِنِّي قَدْ أَرَدْتُ أَنْ أَتَقَرَّبَ بِهَا إِلَى اللَّهِ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عُمَرُ احْبِسِ الْأَصْلَ وَسَبِّلِ الثَّمَرَةَ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ، نبی اکرم ﷺ کے پاس حاضر ہوئے، اور عرض کی: یا رسول اللہ! مجھے ایسی زمین ملی ہے کہ اس کی طرح مجھے کبھی نہیں ملی۔ مجھے خیبر میں ایک سو حصے ملے ہیں، میری چاہت ہے کہ میں ان کے ذریعے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کروں تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے عمر! یہ زمین اپنے پاس رہنے دو اور اس کے پھل کو (اللہ کی) راہ میں دے دو۔

685- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَصْحَابِ الْحِجْرِ: لَا تَدْخُلُوا عَلَى هَؤُلَاءِ الَّذِينَ عُذِّبُوا إِلَّا وَأَنْتُمْ بَاكُونَ، فَإِنْ لَمْ تَكُونُوا بَاكِينَ فَلَا تَدْخُلُوا عَلَيْهِمْ، فَإِنِّي أَخَافُ أَنْ يُصِيبَكُمْ مَا أَصَابَهُمْ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے وادی حجر کے باشندوں کے متعلق ارشاد فرمایا: تم ان لوگوں کے پاس جنہیں عذاب دیا گیا ہے، یہاں سے روتے ہوئے داخل ہوا گر رو نہیں سکتے تو وہاں نہ جاؤ کیونکہ مجھے یہ ڈر ہے کہ کہیں تم پر بھی وہی عذاب نہ آ جائے جو ان پر آیا تھا۔

684- صحیح بخاری، باب تمنی المریض الموت، جلد 2، صفحہ 329، رقم:5671
صحیح مسلم، باب کراھة تمنی الموت، جلد 2، صفحہ 819، رقم:6990
الآداب للبیھقی، باب کراھیة تمنی الموت، صفحہ 453، رقم:746
مسند البزار، مسند ابی ھریرہ رضی اللہ عنہ، جلد 2، صفحہ 418، رقم:8215
السنن الکبری للنسائی، کتاب الطب، جلد 5، صفحہ 374، رقم:8215
685- صحیح بخاری، باب تمنی المریض الموت، جلد 2، صفحہ 309، رقم:5671
صحیح مسلم، باب کراھة تمنی الموت، جلد 2، صفحہ 819، رقم:6990
الآداب للبیھقی، باب کراھیه تمنی الموت، صفحہ 453، رقم:476
مسند امام احمد بن حنبل، مسند انس بن مالک، جلد 3، صفحہ 101، رقم:11998
مسند البزار، مسند ابی ھریرہ رضی اللہ عنہ، جلد 2، صفحہ 417، رقم:8207

686- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ: أَتَيْتُ نَافِعًا وَطَرَحَ لِي خَفِيفَةً فَجَلَسْتُ عَلَيْهَا فَأَمْلَى عَلَيَّ فِي الْأَلْوَاحِ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا تَبَايَعَ الْمُتَبَايِعَانِ الْبَيْعَ فَكُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَفْتَرِقَا، أَوْ يَكُونُ بَيْعُهُمَا عَلَى خِيَارٍ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ”جب دو خرید و فروخت کرنے والے کوئی سودا کر لیں تو ان دونوں میں سے ہر ایک کو اختیار ہو گا جب تک وہ ایک دوسرے سے جدا نہیں ہو جاتے یا ان دونوں نے اختیار دینے پر سودا کیا ہو۔“

قَالَ: وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ إِذَا ابْتَاعَ الْبَيْعَ فَأَرَادَ أَنْ يَجِبَ لَهُ مَشَى قَلِيلًا ثُمَّ رَجَعَ.

راوی نے کہا کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما جب کوئی چیز خریدتے اور وہ یہ چاہتے کہ یہ سودا طے ہو جائے تو وہ تھوڑا دور تک چلے جاتے پھر واپس آ جاتے۔

687- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دِينَارٍ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْبَائِعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَفْتَرِقَا أَوْ يَكُونُ بَيْعُهُمَا عَنْ خِيَارٍ، فَإِذَا كَانَ عَنْ خِيَارٍ فَقَدْ وَجَبَ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: خرید و فروخت کرنے والوں کو بیع ختم کرنے کا اختیار ہوتا ہے جب تک وہ ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں یا ان دونوں نے سودا ہی اختیار کی شرط پر کیا ہو۔ اگر وہ اختیار کی شرط پر بیع کی گئی ہے تو وہ ہو جائے گی۔

688- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے

686- صحیح البخاری، باب ما لقی النبی صلی اللہ علیه وسلم، جلد 2، صفحہ 294، رقم:3852
مسند امام احمد بن حنبل، مسند خباب بن الارت، جلد 5، صفحہ 109، رقم:18176
سنن ابوداؤد، باب فی الاسیر یکرہ علی الکفر، جلد 1، صفحہ 919، رقم:2651
مسند الحمیدی، احادیث خباب بن الارت، صفحہ 85، رقم:157
687- صحیح بخاری، باب قول اللہ تعالیٰ "وصل علیهم" جلد 2، صفحہ 711، رقم:6336
صحیح مسلم، باب اعطاء المؤلفة قلوبهم علی الاسلام، جلد 1، صفحہ 609، رقم:2494
صحیح ابن یعلی، مسند عبد اللہ بن مسعود، جلد 2، صفحہ 466، رقم:5133
مسند امام احمد بن حنبل، مسند عبد اللہ بن مسعود، جلد 1، صفحہ 411، رقم:3902
صحیح ابن حبان، باب ما جاء فی الصبر، جلد 1، صفحہ 480، رقم:2917
688- صحیح البخاری، باب من لم یظهر حرفه عند المصیبة، جلد 1، صفحہ 689، رقم:1301

قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا سَلَّمَ عَلَيْكَ الْيَهُوْدِيُّ فَاِنَّمَا يَقُوْلُ السَّامُ عَلَيْكَ فَقُلْ عَلَيْكَ.

ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "جب کوئی یہودی تمہیں سلام کرتے ہوئے "السام علیک" کہے تو تم کہو علیک (یعنی تجھ پر بھی آئے)۔"

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ فَكَانَ رَجُلٌ يَهُوْدِيٌّ ثُمَّ اَسْلَمَ، وَكَانَ يُسَلِّمُ عَلَى ابْنِ عُمَرَ، فَكَانَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا سَلَّمَ عَلَيْهِ لَا يَزِيْدُ اِذَا رَدَّ عَلَيْهِ اَنْ يَقُوْلَ عَلَيْكَ. فَيَقُوْلُ: يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اِنِّي قَدْ اَسْلَمْتُ. فَلَا يَزِيْدُهُ عَلَى اَنْ يَقُوْلَ عَلَيْكَ.

حضرت عبداللہ بن دینار کہتے ہیں کہ ایک آدمی جو پہلے یہودی تھا پھر اس نے اسلام قبول کرلیا' وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو سلام کرتا تھا تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اسے جب بھی سلام کا جواب دیتے تھے تو ہمیشہ علیک ہی کہا کرتے تھے۔ اس نے عرض کی: اے ابو عبدالرحمٰن! میں مسلمان ہو چکا ہوں' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما پھر بھی اسے علیک ہی کہا کرتے تھے۔

689- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: سَاَلَ عُمَرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيَنَامُ اَحَدُنَا وَهُوَ جُنُبٌ ؟ فَقَالَ: نَعَمْ اِذَا تَوَضَّاَ وَيَطْعَمُ اِنْ شَاءَ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا: کیا کوئی آدمی جنابت کی حالت میں سو سکتا ہے؟ تو آپ نے فرمایا: ہاں! جب وہ وضو کرلے تو وہ سو سکتا ہے اور اگر وہ چاہے تو کچھ کھا پی بھی سکتا ہے۔

صحیح مسلم، باب استحباب تحنیك المولود عند ولادته، جلد 2، صفحه 516، رقم: 5737

صحیح ابن حبان، ذكر دعا المصطفى صلى الله عليه وسلم لام سليم، جلد 3، صفحه 455، رقم: 7187

اطراف المسند المعتلى، من اسمه محمد بن سيرين انس، جلد 1، صفحه 509، رقم: 940

مسند ابی یعلیٰ، مسند انس بن مالك، جلد 2، صفحه 441، رقم: 3882

689- صحیح بخاری، باب الحذر من الغضب، جلد 2، صفحه 812، رقم: 6114

صحیح مسلم، باب فضل من يملك نفسه عند الغضب، جلد 2، صفحه 730، رقم: 6810

الآداب للبیهقی، باب كظم الغيظ وترك الغضب، صفحه 77، رقم: 133

سنن الكبرىٰ للنسائی، باب الشاعر يكثر الوقيعة فی الناس، جلد 2، صفحه 860، رقم: 2168

مسند امام احمد بن حنبل، مسند ابی هريرة رضی الله عنه، جلد 2، صفحه 236، رقم: 7218

690- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِي قُبَاءً مَاشِيًا وَرَاكِبًا كُلَّ سَبْتٍ. وَرَاَيْتُ ابْنَ عُمَرَ يَاْتِي قُبَاءً رَاكِبًا وَمَاشِيًا كُلَّ سَبْتٍ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ پیدل یا سواری پر ہر ہفتے قبا جایا کرتے۔ راوی نے کہا کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھا ہے کہ وہ بھی ہر ہفتے سواری پر یا پیدل چل کر قبا جایا کرتے تھے۔

691- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ قَالَ سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: هٰذِهِ الْبَيْدَاءُ الَّتِي تَكْذِبُوْنَ فِيْهَا عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ مَا اَهَلَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا مِنْ عِنْدِ الْمَسْجِدِ مَسْجِدِ ذِي الْحُلَيْفَةِ.

حضرت سالم بن عبداللہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ یہ بیضاء وہ جگہ ہے جس کے بارے میں تم لوگ رسول اللہ ﷺ کی طرف غلط بات منسوب کرتے ہو' اللہ کی قسم! رسول اللہ ﷺ نے مسجد ذوالحلیفہ کے پاس سے تلبیہ پڑھنا شروع کیا تھا۔

692- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِيُّ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے:

690- صحیح بخاری، باب ما نهی من السباب واللعن، جلد 2، صفحه 709، رقم: 6813

صحیح مسلم، باب فضل من يملك نفسه عند الغضب، جلد 2، صفحه 737، رقم: 6813

مسند امام احمد بن حنبل، حديث معاذ بن جبل، جلد 5، صفحه 244، رقم: 22164

الآداب للبیهقی، باب كظم الغيظ وترك الغضب، صفحه 79، رقم: 134

مستدرك للحاكم، تفسير سورة حم السجدة، جلد 3، صفحه 309، رقم: 3649

691- سنن ابوداؤد، باب من كظم غيظا، جلد 2، صفحه 662، رقم: 4777

سنن ترمذی، باب فی كظم الغيظ، جلد 2، صفحه 156، رقم: 2493

سنن الكبرىٰ للبیهقی، باب ما على السلطان من القيام، جلد 8، صفحه 161، رقم: 17088

سنن ابن ماجه، باب الحلم، جلد 2، صفحه 237، رقم: 4186

مسند ابی یعلیٰ، مسند معاذ بن انس، جلد 1، صفحه 688، رقم: 1497

692- صحیح البخاری، باب الحذر من الغضب، جلد 2، صفحه 814، رقم: 6116

مسند امام احمد بن حنبل، مسند ابی هريرة رضی الله عنه، جلد 2، صفحه 466، رقم: 10012

اتحاف الخيره المهرة للبوصيری، كتاب الادب، جلد 3، صفحه 59، رقم: 5322

الاحاد والمثانی، من اسمه جارية بن قدامه رضی الله عنه، صفحه 380، رقم: 1167

سنن ترمذی، باب ما جاء فی كثرة الغضب، جلد 1، صفحه 555، رقم: 2020

قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ . قَالَ: وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَزِيدُ فَيَقُولُ: لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ، لَبَّيْكَ وَالْخَيْرُ بِيَدَيْكَ، أَوْ فِي يَدَيْكَ، كَذَا كَانَ يَقُولُ سُفْيَانُ: لَبَّيْكَ وَالرَّغْبَاءُ إِلَيْكَ وَالْعَمَلُ.

''میں حاضر ہوں اے اللہ! میں حاضر ہوں' تیرا کوئی شریک نہیں ہے' میں حاضر ہوں' بے شک حمد اور نعمت تیرے ہی لیے ہے اور بادشاہی میں بھی تیرا کوئی شریک نہیں ہے۔'' (راوی کہتے ہیں کہ) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ان الفاظ کے ساتھ ان الفاظ کا بھی اضافہ کرتے: ''میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں، سعادت تیری ہی طرف سے نصیب ہوتی ہے' میں حاضر ہوں' بھلائی تیرے قبضۂ قدرت میں ہے' میں حاضر ہوں۔' یا فرمایا: تیرے دونوں ہاتھوں میں ہے۔ سفیان بھی اسی طرح کہا کرتے: ''میں حاضر ہوں' رغبت تیری ہی طرف کی جا سکتی ہے اور عمل بھی تیری ہی توفیق سے کیا جا سکتا ہے۔''

693- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِي قَالَ: لَوْ يَعْلَمُ النَّاسُ مِنَ الْوَحْدَةِ مَا أَعْلَمُ مَا سَرَى رَاكِبٌ بِلَيْلٍ وَحْدَهُ أَبَدًا.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تنہائی کے متعلق جو کچھ مجھے پتہ ہے اگر لوگوں کو پتہ چل جائے تو کوئی بھی آدمی تنہا رات کے وقت سفر نہ کرے۔''

694- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں

693- صحیح بخاری' باب ای الرقاب افضل' جلد 2' صفحہ 144' رقم: 2518
صحیح مسلم' باب بیان کون الایمان باللہ تعالی اهل الاعمال' جلد 1' صفحہ 62' رقم: 260
صحیح ابن حبان' کتاب العتق' جلد 4' صفحہ 148' رقم: 4310
سنن الکبرٰی للبیهقی' باب فضل النسایه عمن لا یهدی' جلد 6' صفحہ 81' رقم: 11771
کتاب الورع لابن ابی الدنیا' صفحہ 39' رقم: 20
694- صحیح مسلم' باب استحباب صلاۃ الضحی وان امتها رکعتان واکمها ثمان رکعات' جلد 1' صفحہ 458' رقم: 1704
مسند امام احمد' مسند ابی ذر' جلد 5' صفحہ 167' رقم: 21513
مسند ابوعوانه ' بیان ثواب صلاۃ الضحی' جلد 2' صفحہ 9' رقم: 2121
معجم لابن عساکر' صفحہ 511' رقم: 1076
اطراف المسند المعتلی' من اسمه ابو الاسود الدهلی' جلد 2' صفحہ 798' رقم: 8105

قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ مُنْقِذًا سُفِعَ فِي رَأْسِهِ فِي الْجَاهِلِيَّةِ مَأْمُومَةً فَخَبَلَتْ لِسَانَهُ فَكَانَ إِذَا بَايَعَ يُخْدَعُ فِي الْبَيْعِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَايِعْ وَقُلْ لَا خِلَابَةَ، ثُمَّ أَنْتَ بِالْخِيَارِ ثَلَاثًا . قَالَ ابْنُ عُمَرَ فَسَمِعْتُهُ يُبَايِعُ وَيَقُولُ: لَا خِذَابَةَ.

کہ حضرت منقذ رضی اللہ عنہ کو دورِ جاہلیت میں سر میں زخم آیا تھا جس کی وجہ سے ان کی زبان میں لکنت پیدا ہوگئی تھی جب وہ کوئی سودا کرتے تھے تو سودا کرنے پر ان کے ساتھ دھوکہ ہو جاتا تھا' تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم سودا کرتے وقت یہ کہا کرو کہ دھوکہ نہیں ہوگا۔ پھر تمہیں تین دن تک اختیار ہوگا۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ میں نے انہیں سودا کرتے ہوئے سنا' وہ یہ کہہ رہے تھے: ''لا خذابة''۔

695- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَجِدُونَ النَّاسَ كَإِبِلٍ مِائَةٍ لَيْسَ فِيهَا رَاحِلَةٌ.

حضرت سالم رضی اللہ عنہ اپنے والد سے' وہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تم لوگوں کو ایسے سو اونٹوں کی طرح پاؤ گے جن میں سے کوئی ایک بھی سواری کے لائق نہیں ہو گا''

696- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُقِيمَنَّ أَحَدُكُمُ الرَّجُلَ مِنْ مَجْلِسِهِ ثُمَّ يَجْلِسُ فِيهِ،

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''کوئی بھی آدمی کسی دوسرے کو اس کی جگہ سے اٹھا کر وہاں نہ بیٹھے بلکہ تم کشادگی اور وسعت اختیار کیا کرو''۔

695- صحیح مسلم' باب النهی عن البصاق فی المجد فی اللاۃ' جلد 1' صفحہ 377' رقم: 1261
الادب المفرد للبخاری' باب اماطة الاذی' صفحہ 90' رقم: 230
الآداب للبیهقی' باب النهی عن البصاق فی المسجد' صفحہ 226' رقم: 372
مسند البزار' مسند ابی ذر الغفاری' جلد 2' صفحہ 82' رقم: 3916
مسند امام احمد' مسند ابی ذر الغفاری' جلد 5' صفحہ 180' رقم: 21607
696- صحیح مسلم' باب استحباب صلاۃ الضحی وان امتها رکعتان واکمها ثمان' جلد 1' صفحہ 418' رقم: 1704
صحیح ابن حبان' باب الاذکار' جلد 1' صفحہ 319' رقم: 838
سنن الکبرٰی للبیهقی' باب ذکر من راوها رکعتین' جلد 3' صفحہ 47' رقم: 5095
مسند البزار' مسند ابی ذر الغفاری' جلد 2' صفحہ 82' رقم: 3917
جامع الاصول لابن اثیر' الفرع السابع فی صلاۃ الضحی' جلد 3' صفحہ 235' رقم: 7114

وَلٰكِنْ تَفَسَّحُوا وَتَوَسَّعُوا .

697- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ يَسَارٍ عَنْ نَافِعٍ: اَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يَمُرُّ بِشَجَرَةٍ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ - كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَظِلُّ فِيْهَا - فَيَحْمِلُ لَهَا الْمَاءَ مِنَ الْمَكَانِ الْبَعِيدِ حَتّٰى يَصُبَّهُ تَحْتَهَا.

حضرت نافع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان ایک درخت کے پاس سے جب بھی گزرتے تو اس کے لیے دور سے پانی لا کر اس کو پانی دیا کرتے تھے کہ یہ وہ درخت ہے جس کے سائے کے نیچے رسول اللہ ﷺ آرام فرمایا کرتے تھے۔

698- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ كَمْ مَرَّةٍ قَالَ سَمِعْتُ نَافِعًا يَقُولُ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ يَقُولُ: لَسْتُ اَنْهٰى اَحَدًا صَلّٰى اَىَّ سَاعَةٍ شَاءَ مِنْ لَيْلٍ اَوْ نَهَارٍ، وَلٰكِنِّى اِنَّمَا اَفْعَلُ كَمَا رَاَيْتُ اَصْحَابِى يَفْعَلُوْنَ، وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا تَحَرَّوْا بِصَلَاتِكُمْ طُلُوعَ الشَّمْسِ وَلَا غُرُوبَهَا .

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ میں کسی بھی آدمی کو رات یا دن کے کسی بھی وقت میں نماز پڑھنے سے منع نہیں کرتا اور میں ویسا ہی کرتا ہوں جیسا میں نے اپنے ساتھیوں کو کرتے ہوئے دیکھا ہے جب کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے: ”تم لوگ خاص کر سورج طلوع ہونے کے قریب یا غروب ہونے کے قریب نماز پڑھنے کی کوشش نہ کیا کرو۔“

قِيلَ لِسُفْيَانَ: هٰذَا يُرْوٰى عَنْ هِشَامٍ. قَالَ: مَا

سفیان سے کہا گیا کہ یہ روایت تو ہشام سے بیان

697- صحیح مسلم' باب استحباب طلاقة الوجه عند القاء' جلد 2' صفحه 638' رقم:6857

صحیح ابن حبان' باب حسن الخلق' جلد 1' صفحه 214' رقم:468

سنن الکبریٰ للبیهقی' باب وجوب الصدقة' جلد 4' صفحه 188' رقم:7613

الاحاد والمثانی' من اسمه الوجری الهجیمی' صفحه 391' رقم:1181

مسند امام احمد بن حنبل' حدیث أبی تمیمة' جلد 3' صفحه 482' رقم:15997

698- صحیح بخاری' باب فضل الاصلاح بین الناس والعدل بینهم' جلد 2' صفحه 387' رقم:2707

صحیح مسلم' باب بیان ان سم الصدقة یقع علی کل نوع من المعروف' جلد 2' صفحه 182' رقم:2382

صحیح ابن خزیمه' باب ذکر کتابة الصدقة' صفحه 374' رقم:1493

مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی هریرة رضی الله عنه' جلد 2' صفحه 316' رقم:8168

تقریب الاسانید وترتیب المسانید للعرامی' باب صلاة الجماعة والمشی الیهما الضحٰی' رقم:5169

مستخرج ابو عوانة' باب بیان ثواب' جلد 1' صفحه 311' رقم:872

مصنف ابن ابی شیبه' باب ما جاء فی الزوم المساجد' جلد 7' صفحه 115' رقم:3411

سَمِعْتُ هِشَامًا ذَكَرَهُ قَطُّ.

کی گئی ہے تو انہوں نے کہا کہ میں نے ہشام کو اس حدیث کا ذکر کرتے ہوئے کبھی نہیں سنا۔

699- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ نَافِعٍ قَالَ: رَاَيْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْمُ عَلَى الصَّفَا فِى مَكَانٍ اَظُنُّ ذٰلِكَ وَاللّٰهِ اَنَّهُ رَاٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْمُ فِيْهِ.

حضرت نافع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو صفا پر ایک خاص جگہ کھڑے ہوئے دیکھا' میرا گمان یہ ہے کہ اللہ کی قسم! انہوں نے ضرور رسول اللہ ﷺ کو اس جگہ کھڑے ہوئے دیکھا ہوگا۔

700- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ: سَاَلْنَا ابْنَ عُمَرَ عَنْ رَجُلٍ اعْتَمَرَ وَطَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا وَلَمْ يَطُفْ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ اَيَقَعُ بِامْرَاَتِهِ؟ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَطَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا وَصَلّٰى خَلْفَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ، وَطَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَقَالَ اللّٰهُ (لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِى رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ)

حضرت عمرو بن دینار رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے ایسے آدمی کے متعلق سوال کیا گیا جو عمرہ کرتے ہوئے بیت اللہ کا سات مرتبہ طواف کرتا ہے لیکن صفا و مروہ کی سعی نہیں کرتا تو کیا وہ اپنی بیوی کے ساتھ وظیفۂ زوجیت ادا کر سکتا ہے؟ تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور آپ نے بیت اللہ کا سات مرتبہ طواف کیا' پھر آپ نے مقام ابراہیم کے پاس نماز ادا کی' پھر آپ نے صفا اور مروہ کی سعی کی جبکہ اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ ”تمہارے لیے اللہ کے رسول ﷺ کے طریقے میں بہترین نمونہ ہے۔“

699- صحیح بخاری' کتاب الهبة وفضلها وتحریض علیها' جلد 2' صفحه 153' رقم:2566

صحیح مسلم' باب الحث علی الصدقة ولو بالقیل' جلد 2' صفحه 293' رقم:2426

مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی هریرة رضی الله عنه' جلد 2' صفحه 264' رقم:7581

الاحاد والمثانی' من اسمه أم الضحاك بنت مسعود' صفحه 1140' رقم:3476

700- صحیح بخاری' باب امور الایمان' جلد 1' صفحه 11' رقم:9

صحیح مسلم' باب شعب الایمان' جلد 1' صفحه 46' رقم:161

سنن ابوداؤد' باب فی رد الارجاء' جلد 2' صفحه 454' رقم:4678

سنن ابن ماجه' باب فی رد الارجاء' جلد 2' صفحه 630' رقم:4676

صحیح ابن حبان' باب فرض الایمان' جلد 1' صفحه 72' رقم:166

701- قَالَ عَمْرٌو: سَأَلْنَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ: لَا يَقْرَبُهَا حَتّٰى يَطُوفَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ.

حضرت عمرو بن دینار کہتے ہیں کہ ہم نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے یہ سوال کیا تو انہوں نے فرمایا: تم اپنی زوجہ کے پاس اس وقت تک نہیں جاسکتے جب تک تم صفا و مروہ کی سعی نہیں کر لیتے۔

702- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ قِيلَ لِابْنِ عُمَرَ: إِنَّ أَبَا نَهِيكٍ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ يَأْكُلُ أَكْلًا كَثِيرًا. فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ، وَالْكَافِرُ يَأْكُلُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ. قَالَ فَقَالَ الرَّجُلُ لَنَا: أَمَّا أَنَا فَأُومِنُ بِاللّٰهِ وَرَسُولِهِ.

حضرت عمرو بن دینار رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا گیا کہ مکہ مکرمہ کا ایک باشندہ ابونہیک بہت زیادہ کھانا کھانے والا ہے' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ مومن ایک آنت میں کھاتا ہے اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے۔ راوی نے کہا: تو وہ آدمی کہنے لگا: بہرحال میں تو اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان رکھتا ہوں۔

703- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَيُّمَا عَبْدٍ كَانَ بَيْنَ اثْنَيْنِ فَأَعْتَقَ أَحَدُهُمَا نَصِيبَهُ، فَإِنْ كَانَ

حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے وہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو غلام دو آدمیوں کی ملکیت ہو' ان دونوں میں سے کوئی ایک آدمی اپنے حصے کو آزاد کر دے تو

702- صحیح بخاری' باب فضل سقی الماء' جلد 2' صفحه 213' رقم:2234
صحیح مسلم' باب فضل ساقی البهائم المتحرمة واطعامها' جلد 2' صفحه 544' رقم:5996
مسند الشهاب' باب فی کل کبد مرء رطبة أجر' صفحه 99' رقم:113
سنن الکبری للبیهقی' باب نفقه الدواب' جلد 8' صفحه 14' رقم:16236
سنن ابوداؤد' باب ما یومر به من القیام علی الدواب والبهائم' جلد 2' صفحه 329' رقم:2552
703- صحیح مسلم' باب فضل ازلة الاذی عن الطریق' جلد 2' صفحه 712' رقم:6837
الآداب للبیهقی' باب ما یحسب علی المسلم من حق اخیه فی الاسلام' صفحه 112' رقم:193
جامع الاصول لابن اثیر' الباب الربع فی اماطة الاذی عن الطریق' جلد 1' صفحه 118' رقم:224
مشکوة المصابیح' باب فضل الصدقة' جلد 1' صفحه 429' رقم:1905
مکارم الاخلاق للخرائطی' باب ما یستحب للمرء الصالح من ازالة الاذی عن الطریق' صفحه 261' رقم:433

مُوسِرًا فَإِنَّهُ يُقَوَّمُ عَلَيْهِ بِأَعْلَى الْقِيمَةِ. أَوْ قَالَ: قِيمَةً لَا وَكْسَ وَلَا شَطَطَ، ثُمَّ يَغْرَمُ لِصَاحِبِهِ حِصَّتَهُ، ثُمَّ يُعْتَقُ. قَالَ سُفْيَانُ: كَانَ عَمْرٌو يَشُكُّ فِيهِ هٰكَذَا.

اگر وہ شخص خوشحال ہو تو اس غلام کی اچھے طریقے سے' یا فرمایا: کسی کمی زیادتی کے بغیر اچھی قیمت لگائی جائے اور پھر وہ آدمی اپنے ساتھی کو اس کے حصے کی بطور تاوان رقم ادا کرے گا اور اس غلام کو آزاد کر دے گا۔'' سفیان کہتے ہیں کہ عمرو کو اس روایت میں شک ہے۔

704- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ يَقُولُ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِلْمُتَلَاعِنَيْنِ: حِسَابُكُمَا عَلَى اللّٰهِ، أَحَدُكُمَا كَاذِبٌ، لَا سَبِيلَ لَكَ عَلَيْهَا. فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَالِي مَالِي. قَالَ: لَا مَالَ لَكَ، إِنْ كُنْتَ صَدَقْتَ عَلَيْهَا فَهُوَ بِمَا اسْتَحْلَلْتَ مِنْ فَرْجِهَا، وَإِنْ كُنْتَ كَذَبْتَ عَلَيْهَا فَذٰلِكَ أَبْعَدُ لَكَ مِنْهُ. أَوْ قَالَ: مِنْهَا.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دو لعان کرنے والوں سے یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ ''تم دونوں کا حساب اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے' تم دونوں میں سے کوئی ایک جھوٹا ہے لیکن اب تیرا اس عورت پر کوئی حق نہیں ہے۔'' انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میرا مال، میرا مال۔ تو آپ نے فرمایا: تیرا کوئی مال نہیں' اگر تو نے اس عورت کے بارے میں سچ کہا ہے تو یہ مال اس چیز کا بدلہ بن جائے گا جس کے ساتھ تو نے اس کی شرمگاہ کو حلال کیا تھا اور اگر تو نے اس پر جھوٹا الزام لگایا ہے تو پھر وہ تجھ سے اور بھی زیادہ دور ہو جائے گا۔ یا فرمایا: تو اس (عورت) سے (دور ہو جائے گا)۔

705- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں

704- صحیح مسلم' باب فضل من استمع وانصت فی الخطبة' جلد 2' صفحه 8' رقم:2021
سنن ابوداؤد' باب فضل الجمعة' جلد 1' صفحه 406' رقم:1052
المسند المستخرج علی صحیح مسلم لابی نعیم' کتاب الصلاة' جلد 2' صفحه 448' رقم:1933
تلخیص الحبیر للعسقلانی' کتاب الجمعه' جلد 2' صفحه 67' رقم:655
تحفة الاشراف للمزی' من اسمه ابو معاویة الضریر' جلد 9' صفحه 376' رقم:12504
705- صحیح مسلم' باب خروج الخطایا مع ماء الوضوء' جلد 1' صفحه 148' رقم:600
سنن الکبری للبیهقی' باب فضیلة الوضو' جلد 1' صفحه 81' رقم:385
سنن ترمذی' باب ما جاء فی فضل الطهور' جلد 1' صفحه 197' رقم:718

قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ اَنَّهُ سَمِعَ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ يَقُولُ: سَاَلْتُ ابْنَ عُمَرَ فَقُلْتُ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ رَجُلٌ لَاعَنَ امْرَاَتَهُ. فَقَالَ لِي ابْنُ عُمَرَ بِيَدِهِ هٰكَذَا بِاِصْبَعِهِ السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰى: فَرَّقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ اَخَوَيْ بَنِي عَجْلَانَ وَقَالَ: اللّٰهُ تَعَالٰى يَعْلَمُ اَنَّ اَحَدَكُمَا كَاذِبٌ، فَهَلْ مِنْكُمَا تَائِبٌ؟ . قَالَ سُفْيَانُ: وَكَانَ اَيُّوبُ حَدَّثَنَاهُ اَوَّلًا فِي مَجْلِسِ عَمْرٍو، ثُمَّ حَدَّثَ عَمْرٌو بِحَدِيثِهِ هٰذَا، فَقَالَ لَهُ اَيُّوبُ: اَنْتَ يَا اَبَا مُحَمَّدٍ اَحْسَنُ لَهُ حَدِيثًا مِنِّي.

کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا میں نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! ایک آدمی اپنی بیوی کے ساتھ لعان کرسکتا ہے؟ تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے مجھے اپنے ہاتھ کے ساتھ انہوں نے اپنی شہادت کی انگلی اور درمیانی انگلی کے ذریعے اشارہ کرتے ہوئے کہا: رسول اللہ ﷺ نے بنو عجلان کے دو مرد و عورت کے درمیان علیحدگی کروا دی تھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا تھا: اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ تم دونوں میں سے کوئی ایک جھوٹا ہے تو کیا تم میں کوئی توبہ کرے گا! سفیان کہتے ہیں کہ پہلے ایوب نے ہمیں یہ روایت عمرو کی مجلس میں سنائی تھی پھر عمرو نے ان کی حدیث اس طرح بیان کی تو ایوب نے ان سے کہا: اے ابومحمد! آپ اس روایت کو مجھ سے زیادہ بہتر طریقے سے بیان کرسکتے ہیں۔

706- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ سَمِعْتُ اِسْمَاعِيلَ الشَّيْبَانِيَّ يَقُولُ: بِعْتُ مَا فِي رُءُوسِ نَخْلِي بِمِائَةِ وَسْقٍ تَمْرٍ ثُمَّ اِنْ زَادَ فَلَهُمْ، وَاِنْ نَقَصَ فَعَلَيْهِمْ. فَسَاَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ: نَهٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ، اِلَّا اَنَّهُ رَخَّصَ فِي

حضرت اسماعیل شیبانی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے کھجور کے درختوں پر لگے ہوئے پھل کو ایک سو وسق (سو اونٹوں کا بوجھ) کھجوروں کے بدلے بیچ دیا کہ اگر زیادہ ہوا تو ان لوگوں کو مل جائے گا اور اگر کم ہوا تو ان کا نقصان بھی ان کو ہوگا۔ میں نے اس بارے جب حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا تو انہوں نے بتایا

صحیح ابن حبان' باب فضل الوضوء' جلد 1' صفحه 315' رقم:1040

706- صحیح مسلم' باب الصلوات الخمس والجمعة الى الجمعة مكفرات' جلد 1' صفحه 144' رقم:573

التاریخ الکبیر للبخاری' من اسمه عمر بن اسحاق' جلد 6' صفحه 52' رقم:1956

اتحاف الخیره المهرة للبوصیری' کتاب الایمان' جلد 1' صفحه 411' رقم:754

سنن الكبرى للبيهقي' باب ذكر البيان ان لا فرض في اليوم والسنية من الصلوات اكثر من خمس' جلد 2 صفحه 486' رقم:4623

سنن ترمذی' باب ما جاء فی فضل الصلوات الخمس' جلد 1' صفحه 118' رقم:214

الْعَرَايَا.

کہ رسول اللہ ﷺ نے اس سے منع فرمایا ہے لیکن آپ ﷺ نے عرایا میں اس کی اجازت دی ہے۔

707- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرٌو قَبْلَ اَنْ نَلْقَى الزُّهْرِيَّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي بَعْدَ الْجُمُعَةِ رَكْعَتَيْنِ، وَرَاَيْتُهُ يُصَلِّي قَبْلَ الظُّهْرِ رَكْعَتَيْنِ وَبَعْدَهَا رَكْعَتَيْنِ، وَبَعْدَ الْمَغْرِبِ رَكْعَتَيْنِ، وَبَعْدَ الْعِشَاءِ رَكْعَتَيْنِ. قَالَ ابْنُ عُمَرَ: وَذَكَرَ لِي وَلَمْ اَرَهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي حِينَ يُضِيءُ لَهُ الْفَجْرُ رَكْعَتَيْنِ.

حضرت سالم رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو جمعہ کے بعد دو رکعات پڑھتے ہوئے دیکھا ہے اور میں نے آپ ﷺ کو ظہر سے پہلے اور ظہر کے بعد دو رکعت پڑھتے ہوئے دیکھا ہے اور مغرب کے بعد بھی دو رکعت پڑھتے اور عشاء کے بعد دو رکعت پڑھتے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان فرماتے ہیں کہ مجھے یہ بتایا گیا ہے' ویسے میں نے آپ ﷺ کو دیکھا نہیں لیکن نبی اکرم ﷺ صبح صادق کے بعد بھی دو رکعات پڑھا کرتے تھے۔

708- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَكُنْتُ عَلٰى بَكْرٍ صَعْبٍ لِعُمَرَ، فَكَانَ يَغْلِبُنِي فَيَتَقَدَّمُ اَمَامَ الْقَوْمِ فَيَزْجُرُهُ عُمَرُ وَيَرُدُّهُ، ثُمَّ يَتَقَدَّمُ فَيَزْجُرُهُ عُمَرُ وَيَرُدُّهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعُمَرَ:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے اور میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ایک ایسے اونٹ پر سوار تھا جو سخت مزاج تھا' وہ مجھ پر غالب آ جاتا تھا اور لوگوں سے آگے نکل جاتا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اسے جھڑکتے تھے اور پھر اسے واپس کرتے تھے' وہ پھر آگے ہو جاتا تھا'

707- صحیح مسلم 'باب استحباب اطالة الضرة والتحجيل فى الوضوء' جلد 1' صفحه 149' رقم:602

مستدرك للحاكم' كتاب الطهارة' جلد 1' صفحه 185' رقم:456

سنن ابن ماجه' باب ما جاء فى اسباغ الوضوء' جلد 1' صفحه 148' رقم:427

سنن ترمذی' باب ما جاء فى اسباغ الوضوء' جلد 1' صفحه 38' رقم:51

708- صحيح بخاری' باب فضل صلاة الفجر' جلد 1' صفحه 119' رقم:574

سنن الكبرى للبيهقي' باب من قال هي الصبح' جلد 1' صفحه 466' رقم:2274

سنن الدارمي' باب فضل صلاة الغداة' جلد 1' صفحه 391' رقم:1425

صحيح ابن حبان' باب فضل الصلوات الخمس' جلد 1' صفحه 832' رقم:1739

صحيح مسلم' باب فضل صلاتی الصبح والعصر والمحافظة عليها' جلد 1' صفحه 611' رقم:1470

بِعْنِيهِ . قَالَ: هُوَ لَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ . قَالَ: بِعْنِيهِ . فَبَاعَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : هُوَ لَكَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، فَاصْنَعْ بِهِ مَا شِئْتَ .

حضرت عمر رضی اللہ عنہ پھر اسے جھڑکتے تھے اور واپس کرتے تھے تو رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: یہ مجھے بیچ دو! انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ آپ کا ہوا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ مجھے بیچ دو۔ پس رسول اللہ ﷺ نے وہ اونٹ ان سے خرید لیا پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے عبداللہ بن عمر! یہ تمہارا ہوا' تم اس کے ساتھ جو چاہو کرو۔

709- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوبُ بْنُ مُوسَى عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: اتَّخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ ثُمَّ اَلْقَاهُ، وَاتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ فِضَّةٍ فَصُّهُ مِنْهُ، وَجَعَلَ فَصَّهُ مِنْ بَاطِنِ كَفِّهِ، وَنَقَشَ فِيهِ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ، وَنَهَى اَنْ يَنْقُشَ اَحَدٌ عَلَيْهِ، فَهُوَ الَّذِي سَقَطَ مِنْ مُعَيْقِيبٍ فِي بِئْرِ اَرِيسَ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے سونے کی انگوٹھی پہنی پھر آپ نے اسے اتار دیا پھر آپ نے چاندی کی انگوٹھی پہنی جس کا نگینہ بھی چاندی کا تھا' آپ اس کے نگینے کو ہتھیلی کی طرف رکھتے تھے اور آپ نے اس میں "محمد رسول اللہ" نقش کروایا تھا اور آپ ﷺ نے اس بات سے منع فرمایا تھا کہ کوئی آدمی اسی طرح کا نقش بنوائے۔ اور یہ وہی انگوٹھی ہے جو حضرت معقیب رضی اللہ عنہ سے اریس کے کنویں میں گر گئی تھی۔

710- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت مجاہد رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں

709- صحیح بخاری' باب یکتب للمسافر مثل ما کان یعمل فی الاقامة' جلد 1' صفحه 957' رقم:2996
سنن الکبری للبیهقی' باب ما ینبغی لکل مسلم ان یستفسره من الصبر' جلد 3' صفحه 374' رقم:6785
مسند امام احمد' مسند ابی موسی الاشعری' جلد 4' صفحه 410' رقم:19694
الزهد لابی داؤد' صفحه 395' رقم:447
نصب الرایة للزیلعی' باب النوافل' جلد 2' صفحه 96

710- صحیح مسلم' باب النار یدخلها الجبارون والجنة یدخلها الضعفاء' جلد 8' صفحه 154' رقم:7366
سنن الکبری للبیهقی' باب بیان مکارم الاخلاق ومعالیها' جلد 10' صفحه 194' رقم:20594
سنن ترمذی' باب ما جاء ان اکثر اهل النار النساء' جلد 2' صفحه 717' رقم:2605
سنن الکبری للنسائی' من سورة القلم' جلد 6' صفحه 497' رقم:11615

قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ: صَحِبْتُ ابْنَ عُمَرَ اِلَى الثَّنِيَّةِ فَمَا سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا حَدِيثًا وَاحِدًا، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُتِيَ بِجُمَّارٍ فَقَالَ: اِنِّي لَاَعْلَمُ شَجَرَةً مَثَلُهَا كَمَثَلِ الرَّجُلِ الْمُسْلِمِ . فَوَقَعَ فِي نَفْسِي اَنَّهَا النَّخْلَةُ، فَاَرَدْتُ اَنْ اَتَكَلَّمَ، ثُمَّ نَظَرْتُ فَاِذَا اَنَا اَصْغَرُ الْقَوْمِ فَسَكَتُّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : هِيَ النَّخْلَةُ .

ثنیہ تک حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ گیا تو میں نے انہیں رسول اللہ ﷺ سے کوئی حدیث بیان کرتے ہوئے نہیں سنا' انہوں نے صرف ایک حدیث بیان کی' کہنے لگے کہ ایک دفعہ ہم نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں موجود تھے' پس آپ کے پاس جمار لایا گیا تو آپ نے فرمایا کہ مجھے ایک ایسے درخت کے بارے میں پتہ ہے جس کی مثال مسلمان آدمی کی طرح ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ میرے ذہن میں یہ بات آئی کہ وہ کھجور کا درخت ہو گا' پہلے میں بات کرنے لگا لیکن میں نے دیکھا کہ میں حاضرین میں سب سے چھوٹا تھا' پس میں خاموش رہا۔ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ کھجور کا درخت ہے۔

711- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ فَقَالَ لِي عُمَرُ: لَاَنْ تَكُونَ قُلْتَهَا اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ كَذَا وَكَذَا، اَوْ قَالَ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: اگر تم یہ بات کہہ دیتے تو میرے نزدیک یہ اس اس چیز سے زیادہ محبوب تھا۔ یا فرمایا: سرخ اونٹوں سے زیادہ محبوب تھا۔

712- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوبُ بْنُ مُوسَى وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ

حضرت نافع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اس وقت جب وہ

711- مسند الرویانی' من اسمه سهل بن سعد الساعدی' جلد 1' صفحه 469' رقم:998
المعجم الکبیر للطبرانی' باب من اسمه سهل بن سعد الساعدی' جلد 6' صفحه 169' رقم:5893
سنن ابن ماجه' باب فضل الفقراء' جلد 2' صفحه 1379' رقم:4120
مشکوة المصابیح' کتاب الرقاق' جلد 3' صفحه 134' رقم:5236

712- مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی سعید الخدری' جلد 3' صفحه 79' رقم:11771
مسند أبی یعلی' مسند ابی سعید الخدری' جلد 2' صفحه 397' رقم:1172
سنن ترمذی' باب ما جاء فی احتجاج الجنة والنار' جلد 2' صفحه 694' رقم:2561
صحیح مسلم' باب النار یدخلها الجبارون والجنة یدخلها الضعفاء' جلد 8' صفحه 150' رقم:7351

وَاَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ سَمِعُوا نَافِعًا يَقُوْلُ: اَهَلَّ ابْنُ عُمَرَ بِالْعُمْرَةِ حِيْنَ خَرَجَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ وَقَالَ: اِنْ صُدِدْتُ فَعَلْتُ مِثْلَ الَّذِي فَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا اَنْ جَاءَ الْبَيْدَاءَ قَالَ: مَا شَانُهُمَا اِلَّا وَاحِدٌ، اُشْهِدُكُمْ اَنِّي قَدْ اَوْجَبْتُ حَجًّا مَعَ عُمْرَتِي. قَالَ: ثُمَّ قَدِمَ مَكَّةَ فَطَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا وَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ خَلْفَ الْمَقَامِ، وَطَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، ثُمَّ قَالَ: هٰكَذَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ . زَادَ اَيُّوْبُ بْنُ مُوسَى فِي الْحَدِيْثِ: فَلَمَّا بَلَغَ قُدَيْدًا اشْتَرٰى بِهٖ هَدْيًا فَسَاقَهٗ.

مدینہ سے روانہ ہوئے عمرے کا احرام باندھا' پھر فرمایا کہ اگر مجھے روک لیا گیا تو میں ویسا ہی کروں گا جیسا رسول اللہ ﷺ نے کیا تھا' جب وہ مقام بیضاء پر آئے تو فرمایا کہ حج اور عمرے کی حیثیت ایک ہی ہے' میں تم لوگوں کو گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ میں نے اپنے عمرے کے ساتھ حج بھی لازم کرلیا ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما مکہ مکرمہ آئے اور انہوں نے بیت اللہ کا سات دفعہ طواف کیا اور مقام ابراہیم کے پاس دو رکعات نماز پڑھی' پھر صفا و مروہ کا طواف کیا' پھر فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو بھی ایسا ہی کرتے دیکھا ہے۔ حضرت ایوب بن موسیٰ نے اپنی روایت میں ان الفاظ کا اضافہ کیا ہے کہ جب حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما قدید کے مقام پر پہنچے تو وہاں سے انہوں نے قربانی کا جانور لیا اور اسے ساتھ لے کر آئے۔

713- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ مُوسَى عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: اَبْصَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةً سِيَرَاءَ عَلٰى عُطَارِدٍ وَكَرِهَهَا لَهٗ وَنَهَاهُ عَنْهَا، ثُمَّ اِنَّهٗ كَسَا عُمَرَ مِثْلَهَا، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قُلْتَ فِي حُلَّةِ عُطَارِدٍ مَا قُلْتَ وَتَكْسُوْنِيْ هٰذِهٖ . قَالَ: اِنِّي لَمْ اَكْسُكَهَا لِتَلْبَسَهَا، اِنَّمَا اَعْطَيْتُكَهَا لِتَكْسُوَهَا النِّسَاءَ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے عطارد کو ایک سیرانی حلہ پہنے ہوئے دیکھا تو آپ نے اس پر ناپسندیدگی کا اظہار فرمایا اور اسے استعمال کرنے سے منع کر دیا۔ پھر آپ نے اسی کی مثل ایک حلہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بھجوایا تو انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ نے عطارد کے حلے کے متعلق تو یہ ارشاد فرمایا تھا اور اب آپ یہ مجھے پہننے کے

713- مستدرك للحاكم' كتاب الرقاق' جلد 6' صفحه 356' رقم:7932

صحيح ابن حبان' باب المعجزات' جلد 14' صفحه 403' رقم:6483

صحيح مسلم' باب فضل الضعفاء والحاملين' جلد 8' صفحه 36' رقم:6848

مسند البزار' مسند ابى حمزه عن انس بن مالك' جلد 2' صفحه 288' رقم:6459

مسند عبد بن حميد' مسند انس بن مالك' صفحه 370' رقم:1236

لیے دے رہے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ میں نے تمہیں اس لیے نہیں دیا کہ تم اسے پہن لو' میں نے تمہیں یہ اس لیے دیا ہے تاکہ تم اسے اپنی عورتوں کو پہنا دو۔

714- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي نَجِيحٍ قَالَ سَمِعْتُ اِسْمَاعِيْلَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي ذُؤَيْبٍ الْاَسَدِيَّ يَقُوْلُ: خَرَجْنَا مَعَ ابْنِ عُمَرَ اِلَى الْحِمَى، فَلَمَّا غَرَبَتِ الشَّمْسُ هِبْنَا اَنْ نَقُوْلَ لَهُ انْزِلْ فَصَلِّ، فَلَمَّا غَابَ الشَّفَقُ نَزَلَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ بِنَا ثَلَاثًا ثُمَّ سَلَّمَ، وَصَلَّى الْعِشَاءَ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَيْنَا فَقَالَ: هٰكَذَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ. قَالَ سُفْيَانُ: وَكَانَ ابْنُ اَبِي نَجِيحٍ كَثِيْرًا اِذَا حَدَّثَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ لَا يَقُوْلُ فِيْهِ: فَلَمَّا غَابَ الشَّفَقُ، يَقُوْلُ فَلَمَّا ذَهَبَ بَيَاضُ الْاُفُقِ وَفَحْمَةُ الْعِشَاءِ نَزَلَ فَصَلَّى . فَقُلْتُ لَهٗ: فَقَالَ: اِنَّمَا قَالَ اِسْمَاعِيْلُ: غَابَ الشَّفَقُ . وَلٰكِنِّي اَكْرَهُهٗ فَاِذَا اَقُوْلُ هٰكَذَا لِاَنَّ مُجَاهِدًا حَدَّثَنَا اَنَّ الشَّفَقَ النَّهَارُ. قَالَ سُفْيَانُ: فَاَنَا اُحَدِّثُ بِهٖ هٰكَذَا مَرَّةً وَهٰكَذَا مَرَّةً.

حضرت اسماعیل بن عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ ایک چراگاہ کی طرف گئے جب سورج ڈوب گیا تو ہمیں یہ ڈر ہوا' ہم نے ان سے کہا: آپ سواری سے نیچے اتریئے اور نماز پڑھ لیجئے' پس جب شفق غائب ہوگئی تو آپ سواری سے نیچے اترے اور انہوں نے ہمیں مغرب کی نماز میں تین رکعات پڑھائیں' پھر سلام پھیرا' پھر انہوں نے عشاء کی نماز کی دو رکعات ادا کیں پھر ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو اسی طرح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ سفیان کہتے ہیں کہ ابن ابونجیح اکثر جب یہ حدیث بیان کرتے تھے تو اس میں یہ الفاظ بیان نہیں کرتے تھے: ''جب شفق غائب ہوگئی۔'' بلکہ وہ یہ الفاظ استعمال کرتے تھے ''جب افق کی سفیدی اور رات کی سیاہی چلی گئی تو وہ اپنی سواری سے اترے اور انہوں نے نماز پڑھی۔'' سفیان کہتے ہیں کہ میں نے ابن ابونجیح سے اس کے متعلق بات کی تو انہوں نے بتایا کہ اسماعیل نے یہ الفاظ بیان کیے ہیں: ''جب شفق غائب ہو گئی۔'' میں ان الفاظ کے بیان کرنے کو اس لیے پسند نہیں کرتا کیونکہ حضرت مجاہد رضی اللہ عنہ نے ہمیں یہ بتایا ہے کہ شفق سے مراد دن ہوتا ہے۔ سفیان کہتے ہیں کہ تو

714- المعجم الكبير للطبرانى' من اسمه اسامة بن زيد بن حارثة' جلد 1' صفحه 170' رقم:424

صحيح ابن حبان' باب الفقر والزهد' جلد 1' صفحه 450' رقم:650

مسند امام احمد بن حنبل' حديث اسامة بن زيد' جلد 5' صفحه 205' رقم:21830

میں بعض دفعہ یہ روایت ان الفاظ میں بیان کرتا ہوں اور بعض دفعہ ان الفاظ میں بیان کر دیتا ہوں۔

715- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي نَجِيحٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ رَجُلٍ: اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ ابْنَ عُمَرَ عَنْ صِيَامِ يَوْمِ عَرَفَةَ، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: حَجَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَصُمْهُ، وَحَجَجْتُ مَعَ اَبِي بَكْرٍ فَلَمْ يَصُمْهُ، وَحَجَجْتُ مَعَ عُمَرَ فَلَمْ يَصُمْهُ، وَحَجَجْتُ مَعَ عُثْمَانَ فَلَمْ يَصُمْهُ، وَاَنَا لَا اَصُومُهُ، وَلَا آمُرُ بِهِ وَلَا اَنْهَى عَنْهُ۔

حضرت ابن ابو نجیح اپنے والد سے‘ وہ ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے عرفہ کے دن روزہ رکھنے کے متعلق سوال کیا تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حج کیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس دن روزہ نہیں رکھا تھا اور میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ حج ادا کیا تو انہوں نے بھی اس دن روزہ نہیں رکھا اور میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ حج ادا کیا تو انہوں نے بھی اس دن روزہ نہیں رکھا اور میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ حج ادا کیا تو انہوں نے بھی اس دن روزہ نہیں رکھا تو میں اس دن روزہ نہیں رکھوں گا اور اس کا حکم بھی نہیں دوں گا اور اس سے منع بھی نہیں کروں گا۔

716- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرٌو عَنْ اَبِي الثَّوْرَيْنِ الْجُمَحِيِّ قَالَ: سَاَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنْ صِيَامِ يَوْمِ عَرَفَةَ فَنَهَانِي۔

حضرت ابو ثورین جمحی روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے عرفہ کے دن روزہ رکھنے کے متعلق سوال کیا تو انہوں نے مجھے اس سے

715- صحیح بخاری‘ باب فضل من یعول یتیما‘ جلد 8‘ صفحہ 9‘ رقم:6005
صحیح ابن حبان‘ باب الرحمۃ‘ جلد 1‘ صفحہ 207‘ رقم:460
سنن ترمذی‘ باب ما جاء فی رحمۃ الیتیم وکفالتہ‘ جلد 2‘ صفحہ 321‘ رقم:1918
مسند الحارث‘ باب ما جاء فی الایتام‘ صفحہ 449‘ رقم:895
716- مسند امام احمد بن حنبل‘ مسند ابی ہریرۃ‘ جلد 2‘ صفحہ 375‘ رقم:8868
المعجم الکبیر للطبرانی‘ من اسمہ مرۃ الفہری‘ جلد 14‘ صفحہ 320‘ رقم:17515
مجمع الزوائد للہیثمی‘ باب ما جاء فی الایتام والارمل والمساکین‘ جلد 8‘ صفحہ 297‘ رقم:13526
مسند الرویانی‘ من اسمہ مرۃ بن عمرو بن حبیب الفہری‘ صفحہ 605‘ رقم:1471

منع کر دیا۔

717- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اُمَيَّةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَحْلُبَنَّ اَحَدٌ مَاشِيَةَ امْرِءٍ بِغَيْرِ اِذْنِهِ، اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يُؤْتَى اِلَى بَابِ مَشْرُبَتِهِ فَيُكْسَرَ بَابُهَا فَيُنْتَثَلَ طَعَامُهُ؟ اَلَا اِنَّمَا اَطْعِمَتُهُمْ فِي ضُرُوعِ مَوَاشِيهِمْ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کوئی آدمی کسی دوسرے کے جانور کا دودھ اس کی اجازت کے بغیر ہرگز نہ دوہے۔ کیا کوئی آدمی یہ بات پسند کرتا ہے کہ اس کے گھر کے دروازے پر کوئی آدمی آئے اور اس کا دروازہ توڑ کر اس کے غلے کو نکال لے؟ خبردار! جو ان کے جانوروں کے تھنوں میں ہے‘ یہ ان لوگوں کا رزق ہے۔

718- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اُمَيَّةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سَبَّقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْخَيْلِ فَاَرْسَلَ مَا اُضْمِرَ مِنْهَا مِنَ الْحَفْيَاءِ اِلَى مَسْجِدِ بَنِي زُرَيْقٍ، وَاَرْسَلَ مَا لَمْ يُضَمَّرْ مِنْهَا مِنْ ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ اِلَى مَسْجِدِ بَنِي زُرَيْقٍ۔ قَالَ ابْنُ عُمَرَ: لَكُنْتُ فِيمَنْ سَابَقَ فَاقْتَحَمَ بِي فَرَسِي فِي جُرُفٍ فَصَرَعَنِي۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے گھوڑ دوڑ کروائی اور آپ نے ان میں سے سدھائے ہوئے گھوڑوں کی دوڑ حفیاء سے مسجد بنو زریق تک اور غیر سدھائے ہوئے گھوڑوں کی دوڑ ثنیۃ الوداع سے لے کر مسجد زریق تک کروائی۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں بھی دوڑ میں حصہ لینے والوں میں شامل تھا پس میرا گھوڑا مجھے جرف کی طرف لے گیا اور اس نے مجھے گرا دیا۔

719- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں

717- مسند البزار‘ مسند ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ‘ جلد 2‘ صفحہ 392‘ رقم:7875
مسند امام احمد بن حنبل‘ مسند ابی ہریرۃ‘ جلد 2‘ صفحہ 260‘ رقم:7530
سنن الکبریٰ للبیہقی‘ باب فضل الاستعفاف والاستغناء‘ جلد 4‘ صفحہ 195‘ رقم:8120
718- صحیح بخاری‘ باب فضل النفقۃ علی الاہل‘ جلد 7‘ صفحہ 62‘ رقم:5353
صحیح مسلم‘ باب الاحسان الی الارملۃ والمسکین والیتیم‘ جلد 8‘ صفحہ 221‘ رقم:7659
مسند امام احمد بن حنبل‘ مسند ابی ہریرۃ‘ جلد 2‘ صفحہ 361‘ رقم:8717
مسند اسحاق بن راہویہ‘ زیادات الکوفیین والبصریین وغیرہم‘ صفحہ 365‘ رقم:374
مصنف عبد الرزاق‘ باب کفالۃ الیتیم‘ جلد 11‘ صفحہ 299‘ رقم:20592
719- صحیح مسلم‘ باب فضل الاحسان الی البنات‘ جلد 8‘ صفحہ 38‘ رقم:6864

عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطَّعَ فِي اَمْوَالِ بَنِي النَّضِيرِ وَحَرَّقَ. قَالَ سُفْيَانُ: لَمْ اَسْمَعْهُ مِنْهُ.

کہ نبی اکرم ﷺ نے بنونضیر کی زمینیں کٹوا دی تھیں اور انہیں آگ لگوائی تھی۔ سفیان کہتے ہیں کہ میں نے یہ روایت ان سے نہیں سنی ہے۔

720- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اُمَيَّةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: اَدْرَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُمَرَ وَهُوَ فِي سَفَرٍ وَهُوَ يَقُولُ: وَاَبِي وَاَبِي، فَقَالَ: اَلَا اِنَّ اللّٰهَ يَنْهَاكُمْ اَنْ تَحْلِفُوا بِآبَائِكُمْ، فَمَنْ كَانَ حَالِفًا فَلْيَحْلِفْ بِاللّٰهِ اَوْ لِيَصْمُتْ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے سفر کے دوران حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ میرے باپ کی قسم! میرے باپ کی قسم! تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: خبردار! اللہ تعالیٰ نے تمہیں اس بات سے منع فرما دیا ہے کہ تم اپنے باپوں کے نام کی قسم کھاؤ۔ جس آدمی نے قسم کھانی ہو تو وہ اللہ کے نام کی قسم کھائے یا پھر خاموش رہے۔

721- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ اَبِي زِيَادٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً فَلَقُوا الْعَدُوَّ، فَحَاصَ النَّاسُ حَيْصَةً، فَاَتَيْنَا الْمَدِينَةَ فَتَخَبَّاْنَا بِهَا، وَقُلْنَا: يَا رَسُولَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک لشکر روانہ کیا' جب ان لوگوں کا دشمن سے سامنا ہوا تو وہ وہاں سے بھاگ گئے جب ہم لوگ مدینہ منورہ آئے تو ہمیں اس سے بڑی الجھن ہوئی' ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم لوگ بھاگ

الادب المفرد للبخاری' باب من عال جاريتين أو واحدة ' صفحه 308' رقم:894

المستدرك للحاكم' كتاب البر والصلة ' جلد 6' صفحه 163' رقم:7350

سنن ترمذی' باب النفقة على النبات' جلد 2' صفحه 319' رقم:1914

720- صحیح البخاری' باب من استعان بالضعفاء والصالحين فى الحرب' جلد 3' صفحه 1061' رقم:2739

مسند امام احمد بن حنبل' مسند سعيد بن ابى وقاص' جلد 1' صفحه 173' رقم:1493

مصنف عبد الرزاق' باب لمن الغنيمة ' جلد 5' صفحه 303' رقم:9691

كتاب الزهد' للمعانى بن عمران الموصلى' صفحه 120' رقم:120

721- سنن الكبرىٰ للبيهقی' باب حق المرأة على الرجل' جلد 7' صفحه 295' رقم:15119

سنن ابن ماجه ' باب حق المرأة على زوجها' جلد 1' صفحه 594' رقم:1851

مصنف ابن ابى شيبة ' باب فى مدارة النساء' جلد 4' صفحه 197' رقم:19272

صحیح مسلم' باب الوصية بالنساء' جلد 4' صفحه 178' رقم:3720

اللّٰهِ نَحْنُ الْفَرَّارُونَ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلْ اَنْتُمُ الْعَكَّارُونَ، وَاَنَا فِئَتُكُمْ.

آئے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نہیں ایسا نہیں' بلکہ تم پلٹ کر حملہ کرنے والے ہو اور میں تمہارے ساتھ ہوں۔

722- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُوقَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ اَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُولُ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا سَمِعَ شَيْئًا لَمْ يَزِدْ بِهِ وَلَمْ يَنْقُصْ مِنْهُ، وَلَمْ يُجَاوِزْهُ اِلٰى غَيْرِهٖ وَلَمْ يُقْصِرْ عَنْهُ. فَحَدَّثَ عُبَيْدُ بْنُ عُمَيْرٍ وَابْنُ عُمَرَ جَالِسٌ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَثَلُ الْمُنَافِقِ كَمَثَلِ الشَّاةِ بَيْنَ الْغَنَمَيْنِ تَنْطَحُهَا هٰذِهٖ مَرَّةً وَهٰذِهٖ مَرَّةً. فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: بَيْنَ الرَّبِيضَتَيْنِ. فَقِيلَ لَهُ: يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ سَوَاءٌ بَيْنَ الرَّبِيضَتَيْنِ وَبَيْنَ الْغَنَمَيْنِ. فَاَبٰى ابْنُ عُمَرَ اِلَّا الرَّبِيضَتَيْنِ.

حضرت محمد بن علی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما جب کوئی بات سنتے تھے تو اس میں کسی لفظ کا اضافہ یا کمی نہیں کرتے نہ تو وہ کسی دوسری طرف جاتے اور نہ ہی اس میں کوئی کمی کرتے تھے۔ حضرت عبید بن عمیر نے ایک حدیث بیان کی کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما وہاں بیٹھے ہوئے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''منافق کی مثال اس بکری کی طرح ہے جو دو ریوڑوں کے درمیان ہوتی ہے کبھی وہ اس میں سینگ مارتی ہے اور کبھی اس میں سینگ مارتی ہے۔'' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ حدیث کے الفاظ ''بَيْنَ الرَّبِيضَتَيْنِ'' ہیں۔ ان سے کہا گیا: اے ابوعبدالرحمٰن! مطلب تو ایک ہی ہے رَبِيضَتَيْنِ کے درمیان ہو یا غَنَمَيْنِ کے درمیان ہو' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے رَبِيضَتَيْنِ کے علاوہ کا انکار کر دیا۔

723- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں

722- سنن ابوداؤد' باب فى الانتفار برذل الخيل والضعفه ' جلد 2' صفحه 337' رقم:2596

سنن الكبرىٰ للبيهقی' باب استحباب الخروج بالضعفاء والصبيان' جلد 3' صفحه 345' رقم:6181

سنن النسائى الكبرىٰ' باب الاستنصار بالضعيف' جلد 3' صفحه 30' رقم:4388

تحفة الاشراف للمزى' من اسمه جبير بن نضير الحضرمى' جلد 8' صفحه 218' رقم:10923

723- سنن ابوداؤد' باب فى ضرب النساء' جلد 2' صفحه 211' رقم:2148

سنن الصغرىٰ للبيهقی' باب نشوز المرأة على الرجل' جلد 2' صفحه 282' رقم:2754

المستدرك للحاكم' كتاب النكاح' جلد 2' صفحه 488' رقم:2765

قَالَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ حَبَلِ الْحَبَلَةِ.

کہ رسول اللہ ﷺ نے "حبل الحبلہ" کی بیع کرنے سے منع فرمایا ہے۔

724- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَلَفَ فَقَالَ إِنْ شَاءَ اللَّهُ تَعَالَى فَقَدِ اسْتَثْنَى.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو آدمی قسم اٹھاتے ہوئے انشاء اللہ کہہ دے تو وہ آدمی استثناء کر لیتا ہے۔

725- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ قَالَ سَمِعْتُ نَافِعًا يَقُولُ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ: كَانَ عَلَى عُمَرَ نَذْرُ اعْتِكَافِ لَيْلَةٍ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَسَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَهُ أَنْ يَعْتَكِفَ وَيَفِيَ بِنَذْرِهِ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ذمے دور جاہلیت میں مسجد حرام میں ایک رات اعتکاف کرنے کی نذر تھی' انہوں نے اس کے متعلق رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا تو آپ ﷺ نے انہیں یہ حکم دیا کہ وہ ایک رات اعتکاف کر کے اپنی نذر کو پورا کر لو۔

726- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں

المعجم الکبیر للطبرانی' من اسمه ایاس بن عبد الله ' جلد 1' صفحه 270' رقم: 788

سنن الدارمی' باب فی النهی عن ضرب النساء' جلد 2' صفحه 198' رقم: 2219

724- صحیح مسلم' باب تحریم امتناعها من فراش زوجها' جلد 4' صفحه 156' رقم: 3611

صحیح ابن حبان' باب معاشر الزوجین' جلد 9' صفحه 480' رقم: 4172

الآداب للبیهقی' باب فی مراعاة حق الازواج' جلد 1' صفحه 27' رقم: 46

سنن ابوداؤد' باب فی حق الزوج علی المرأة ' جلد 2' صفحه 210' رقم: 2143

725- المستدرك للحاکم' باب التأمین' جلد 1' صفحه 389' رقم: 948

سنن ترمذی' باب ما جاء متی یؤمر الصبی بالصلاة ' جلد 2' صفحه 459' رقم: 407

سنن ابوداؤد' باب متی یؤمر الغلام بالصلاة ' جلد 1' صفحه 185' رقم: 495

مشکوة المصابیح ' کتاب الصلاة ' جلد 1' صفحه 126' رقم: 272

726- الادب المفرد للبخاری' باب یکثر ماء المرق فیقسم فی الجیران' صفحه 53' رقم: 114

سنن الدارمی' باب فی اکثار الماء فی القدر' جلد 2' صفحه 147' رقم: 2079

جامع الاصول لابن اثیر' الفصل الرابع عشر فی حفظ الجار' جلد 6' صفحه 640' رقم: 4922

قَالَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ يَوْمَ الْفَتْحِ عَلَى نَاقَةٍ لِأُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ حَتَّى أَنَاخَ بِفِنَاءِ الْكَعْبَةِ، ثُمَّ دَعَا عُثْمَانَ بْنَ طَلْحَةَ بِالْمِفْتَاحِ فَذَهَبَ إِلَى أُمِّهِ، فَأَبَتْ أَنْ تُعْطِيَهُ إِيَّاهُ، فَقَالَ: لَتُعْطِيِنِّي أَوْ لَيَخْرُجَنَّ السَّيْفُ مِنْ صُلْبِي. فَأَعْطَتْهُ الْمِفْتَاحَ، فَفَتَحَ الْبَابَ، فَدَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَبِلَالٌ وَعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ وَأَجَافُوا عَلَيْهِمُ الْبَابَ مَلِيًّا، وَكُنْتُ شَابًّا قَوِيًّا فَبَادَرْتُ الْبَابَ حِينَ فُتِحَ فَاسْتَقْبَلَنِي بِلَالٌ فَقُلْتُ: يَا بِلَالُ أَيْنَ صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: بَيْنَ الْعَمُودَيْنِ الْمُقَدَّمَيْنِ. وَنَسِيتُ أَنْ أَسْأَلَهُ كَمْ صَلَّى؟

کہ فتح مکہ کے دن رسول اللہ ﷺ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کی اونٹنی پر سوار ہو کر مکہ میں داخل ہوئے آپ ﷺ نے خانہ کعبہ کی دیوار کے پاس ہی اپنی اونٹنی کو بٹھایا' پھر آپ ﷺ نے حضرت عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ سے (بیت اللہ کے دروازے کی) چابی منگوائی' وہ اپنی والدہ کے پاس گئے تو ان کی والدہ نے انہیں چابی دینے سے انکار کر دیا تو انہوں نے کہا: یا تو آپ مجھے چابی دیں گی یا پھر میری پیٹھ سے تلوار باہر آ جائے گی' تو اس کے بعد اُن کی والدہ نے انہیں چابی دے دی۔ انہوں نے دروازہ کھولا تو رسول اللہ ﷺ، حضرت اسامہ بن زید، حضرت بلال اور حضرت عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہم کعبہ کے اندر داخل ہو گئے' انہوں نے تھوڑی دیر کے لیے دروازہ بند کر دیا' میں اس وقت نوجوان طاقتور آدمی تھا' میں تیزی سے دروازے کے پاس پہنچا اس وقت جب دروازہ کھلا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ میرے سامنے آئے تو میں نے ان سے پوچھا: اے بلال! رسول اللہ ﷺ نے کہاں نماز پڑھی؟ تو انہوں نے بتایا کہ آپ نے سامنے والے دوستونوں کے درمیان نماز پڑھی تھی۔ مجھے ان سے یہ پوچھنا یاد نہیں رہا کہ آپ نے کتنی رکعتیں پڑھیں۔

727- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت سماک حنفی روایت کرتے ہیں کہ میں نے

صحیح مسلم' باب الوصیة بالجار والاحسان الیه ' جلد 8' صفحه 37' رقم: 6855

727- مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی هریرة ' جلد 2' صفحه 336' رقم: 8413

المعجم الکبیر للطبرانی' من اسمه هانی بن عمرو بن شریح ' جلد 22' صفحه 132' رقم: 18339

الآداب للبیهقی' باب فی الاحسان الی الجیران' جلد 1' صفحه 36' رقم: 66

صحیح بخاری' باب اثم من لا یؤمن جاره بوائقه ' جلد 5' صفحه 224' رقم: 5670

قَالَ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ قَالَ سَمِعْتُ سِمَاكًا الْحَنَفِيَّ يَقُولُ: سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنِ الصَّلَاةِ فِي الْبَيْتِ، فَقَالَ: صَلِّ فِيهِ فَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ صَلَّى فِيهِ، وَسَتَأْتِي آخَرَ فَيَنْهَاكَ فَلَا تُطِعْهُ. فَأَتَيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ: أَتِمَّ بِهِ كُلِّهِ وَلَا تَجْعَلْ مِنْهُ شَيْئًا خَلْفَكَ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے کعبہ کے اندر نماز پڑھنے کے متعلق سوال کیا تو انہوں نے فرمایا: تم اس میں نماز پڑھ لو کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے اس میں نماز پڑھی ہے' عنقریب کوئی ایسا آدمی آئے گا جو تمہیں اس سے منع کرے گا تو تم اس کی بات نہ ماننا۔ میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس گیا اور ان سے یہ مسئلہ پوچھا تو کہنے لگے: تم اس کے مکمل حصے کی پیروی کرنا اور تم اس کے کسی بھی حصے کو اپنے پیچھے نہ رکھنا۔

728- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: بَعَثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً قِبَلَ نَجْدٍ، فَبَلَغَتْ سُهْمَانُنَا اثْنَيْ عَشَرَ بَعِيرًا اثْنَيْ عَشَرَ بَعِيرًا وَنَفَّلَنَا بَعِيرًا بَعِيرًا.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں نجد کی طرف ایک لشکر کے ساتھ روانہ کیا تو ہمارے حصے میں بارہ اونٹ آئے تو رسول اللہ ﷺ نے (اُس وقت) ایک ایک اونٹ ہمیں مزید بطور عطیہ عطا فرمایا۔

729- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ نَافِعٍ قَالَ: أَصَابَ ابْنَ عُمَرَ بَرْدٌ وَهُوَ مُحْرِمٌ فَقَالَ لِنَافِعٍ: اطْرَحْ عَلَيَّ شَيْئًا. فَأَلْقَيْتُ عَلَيْهِ بُرْنُسًا فَغَضِبَ وَقَالَ: أَطْرَحْتَهُ عَلَيَّ وَقَدْ

حضرت نافع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو حالت احرام میں سردی لگ گئی تو انہوں نے حضرت نافع رضی اللہ عنہ سے کہا: تم میرے اوپر کوئی چیز ڈال دو' تو میں نے ان پر ٹوپی

728- سنن ترمذی' باب ما یقول اذا ودع انسانا' جلد 5' صفحہ 500' رقم:3444
جامع الاصول لابن اثیر' الفصل السابع فی ادعیۃ السفر والقفول' جلد 4' صفحہ 280' رقم:2282
الدعوات الکبیر للبیہقی' باب ما یقول عند الوداع' صفحہ 441' رقم:382
کتاب الزہد لاحمد بن حنبل' صفحہ 137' رقم:136
729- صحیح بخاری' باب من این یخرج من مکۃ ' جلد 2' صفحہ 145' رقم:1576
صحیح مسلم' باب استحباب دخول مکۃ ' جلد 4' صفحہ 62' رقم:3093
السنن الصغری للبیہقی' باب دخول مکۃ ' جلد 1' صفحہ 481' رقم:1648
سنن ابوداؤد' باب دخول مکۃ ' جلد 2' صفحہ 112' رقم:1868
سنن ابن ماجہ ' باب دخول مکۃ ' جلد 2' صفحہ 981' رقم:2940

أَخْبَرْتُكَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْهُ؟

ڈال دی تو وہ غصے میں آ گئے اور کہنے لگے: تم نے یہ کیا میرے اوپر ڈال دی ہے جبکہ میں نے تمہیں بتایا بھی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اس سے منع فرمایا ہے۔

730- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَمَ يَهُودِيًّا وَيَهُودِيَّةً قَالَ ابْنُ عُمَرَ: وَلَقَدْ رَأَيْتُهُ يُجَانِئُ عَنْهَا بِيَدِهِ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک یہودی مرد اور عورت کو سنگسار کروایا تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے اس آدمی کو دیکھا کہ وہ اپنے ہاتھ کے ساتھ اس عورت کو بچانے کی کوشش کر رہا تھا۔

731- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ قَالَ سَمِعْتُ نَافِعًا يَقُولُ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا حَقُّ امْرِئٍ مُسْلِمٍ لَهُ مَالٌ يُوصِي فِيهِ، ثُمَّ يَأْتِي عَلَيْهِ لَيْلَتَانِ إِلَّا وَوَصِيَّتُهُ مَكْتُوبَةٌ عِنْدَهُ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''کسی بھی مسلمان کو اس بات کا حق نہیں ہے کہ اس کے پاس مال موجود ہو جس کے متعلق وصیت کی جاتی ہو اور پھر اس پر دو راتیں گزر جائیں اور وہ وصیت اس کے پاس لکھی ہوئی موجود نہ ہو۔

732- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں

730- صحیح بخاری' باب الانصات للعماء' جلد 1' صفحہ 35' رقم:121
صحیح مسلم' باب لا ترجعوا بعدی کفارا یضرب بعضکم رقاب بعض' جلد 1' صفحہ 58' رقم:232
سنن ابن ماجہ ' باب لا ترجعوا بعدی کفارا یضرب بعضکم رقاب بعض' جلد 2' صفحہ 130' رقم:3942
سنن الدارمی' باب فی حرمۃ المسلم' جلد 2' صفحہ 75' رقم:1921
731- صحیح بخاری' باب من جعل لاهل العلم ایاما معلومۃ ' جلد 1' 25صفحہ ' رقم:70
صحیح مسلم' باب الاقتصاد فی الموعظۃ ' جلد 8' صفحہ 142' رقم:7305
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد اللّٰہ بن مسعود' جلد 1' صفحہ 425' رقم:4041
مسند ابی یعلیٰ مسند عبد اللّٰہ بن مسعود' جلد 9' صفحہ 70' رقم:5137
732- صحیح مسلم' تخفیف الصلاۃ والخطبۃ ' جلد 3' صفحہ 12' رقم:2046
الآداب للبیہقی' باب ما یستحب من ایجاز الکلام' جلد 1' صفحہ 184' رقم:313
مسند امام احمد بن حنبل' بقیۃ حدیث عمار بن یاسر' جلد 4' صفحہ 263' رقم:18343
مجمع الزوائد للهیثمی' باب قصر الخطبۃ ' جلد 2' صفحہ 417' رقم:3158

قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِذَا كَفَّرَ الرَّجُلُ اَخَاهُ فَقَدْ بَاءَ بِهَا اَحَدُهُمَا ۔

کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جب کوئی آدمی اپنے کسی بھائی کو کافر قرار دے تو وہ ان دونوں میں سے کسی ایک کی طرف لوٹ آتا ہے۔''

733- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُسَافَرُ بِالْقُرْاٰنِ اِلٰى اَرْضِ الْعَدُوِّ، لَا يَنَالُهُ الْعَدُوُّ ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''قرآن لے کر دشمن کے علاقہ کی طرف سفر نہ کیا جائے تاکہ دشمن اس تک پہنچ پائے۔''

734- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ نَافِعٍ: اَنَّ ابْنَ عُمَرَ اَقَامَ الصَّلَاةَ بِضَجْنَانَ فِي لَيْلَةٍ مَطِيرَةٍ ثُمَّ قَالَ: صَلُّوْا فِي رِحَالِكُمْ، كَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُ مُنَادِيَهُ فِي اللَّيْلَةِ الْمَطِيرَةِ اَوِ اللَّيْلَةِ الْبَارِدَةِ ذَاتِ الرِّيحِ فَيُنَادِي: اَلَا صَلُّوْا فِي رِحَالِكُمْ ۔

حضرت نافع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے مقام زجنان پر ایک بارش والی رات میں نماز کے لیے اقامت کہی پھر یہ کہا کہ تم لوگ اپنے گھر پر ہی نماز پڑھ لو۔ رسول اللہ ﷺ بارش والی رات یا انتہائی سرد رات جس میں تیز ہوا چل رہی ہو اپنے موذن کو یہ حکم فرماتے تھے کہ وہ یہ اعلان کر دے کہ خبردار! اپنے گھر پر ہی نماز ادا کرلو۔

735- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں

733- صحیح مسلم' باب تحریم الکلام فی الصلاۃ ونسخ ما کان من اباحته ' جلد 2' صفحه 70' رقم:1227

السنن الصغریٰ للبیهقی' باب سجود السهو' جلد 1' صفحه 284' رقم:904

المنتقی لابن الجارود' باب الافعال الجائزۃ فی الصلاۃ ' صفحه 63' رقم:212

سنن الدارمی' باب النهی عن الکلام فی الصلاۃ ' جلد 1' صفحه 422' رقم:1502

734- صحیح بخاری' باب امر النبی صلی الله علیه وسلم بالسکینة عند الافاضة ' جلد 2' صفحه 164' رقم:1671

السنن الکبریٰ للبیهقی' باب ما یفعل من دفع من عرضة ' جلد 5' صفحه 119' رقم:9755

مسند امام احمد بن حنبل' حدیث اسامة بن زید' جلد 5' صفحه 202' رقم:21809

الاحاد والمثانی' باب وقالوا عبد الله بن عبد الله بن عمر' جلد 2' صفحه 62' رقم:757

735- صحیح بخاری' باب من کان یؤمن بالله والیوم الاخر یؤذ جاره ' جلد 8' 11صفحه ' رقم:6019

صحیح مسلم' باب الضیافة ونحوتها' جلد 5' صفحه 137' رقم:4610

الآداب للبیهقی' باب فی إکرام الضیف' جلد 1' صفحه 38' رقم:3750

سنن ترمذی' باب ما جاء فی الضیافة لم هو' جلد 4' صفحه 345' رقم:1967

قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : صَدَقَةُ الْفِطْرِ صَاعٌ مِنْ شَعِيرٍ اَوْ صَاعٌ مِنْ تَمْرٍ ۔ قَالَ ابْنُ عُمَرَ: فَلَمَّا كَانَ مُعَاوِيَةُ عَدَلَ النَّاسُ نِصْفَ صَاعِ بُرٍّ بِصَاعٍ مِنْ شَعِيرٍ ۔ قَالَ نَافِعٌ: وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُخْرِجُ صَدَقَةَ الْفِطْرِ عَنِ الصَّغِيرِ مِنْ اَهْلِهِ وَالْكَبِيرِ وَالْحُرِّ وَالْعَبْدِ ۔

کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''صدقہ فطر جو کا ایک صاع ہوگا یا کھجور کا ایک صاع ہوگا۔'' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ حکومت میں گندم کے نصف صاع کو جو کے ایک صاع کے برابر قرار دیا۔ حضرت نافع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اپنے گھر کے ہر چھوٹے بڑے آزاد اور غلام کی طرف سے صدقہ فطر ادا کرتے تھے۔

736- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ اَنَّهُ سَمِعَ الْقَاسِمَ بْنَ رَبِيعَةَ يُخْبِرُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ عَلٰى دَرَجِ الْكَعْبَةِ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي صَدَقَ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ، وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهُ، اَلَا اِنَّ قَتِيلَ الْعَمْدِ وَالْخَطَاِ بِالسَّوْطِ اَوِ الْعَصَا فِيهِ مِائَةٌ مِنَ الْاِبِلِ مُغَلَّظَةً، فِيهَا اَرْبَعُونَ خَلِفَةً فِي بُطُونِهَا اَوْلَادُهَا، اَلَا اِنَّ كُلَّ مَاْثُرَةٍ فِي الْجَاهِلِيَّةِ اَوْ دَمًا اَوْ مَالٍ فَهُوَ تَحْتَ قَدَمَيَّ هَاتَيْنِ اِلَّا مَا كَانَ مِنْ سِدَانَةِ الْبَيْتِ اَوْ سِقَايَةِ الْحَاجِّ، فَاِنِّي قَدْ اَمْضَيْتُهَا لِاَهْلِهَا كَمَا كَانَتْ ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ فتح مکہ کے دن رسول اللہ ﷺ نے خانہ کعبہ کی چوکھٹ پر یہ ارشاد فرمایا تھا: ''اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہر طرح کی حمد ہے۔ جس نے اپنے وعدے کو پورا کیا اس نے اپنے بندے کی مدد کی اور اس نے اکیلے دشمن کے لشکروں کو شکست دی۔ سنو! قتل عمد وخطا کے طور پر قتل ہونے والا آدمی وہ ہے، جس کو لاٹھی یا ڈنڈے کے ساتھ قتل کیا جائے، اس میں ایک سو اونٹوں کی دیت مغلظہ ہوگی، جس میں چالیس خلفہ ہوں گے جس کے پیٹ میں اولاد ہوگی، سنو! زمانہ جاہلیت کا ہر رواج اور ہر خون اور ہر مال میرے ان دو قدموں کے نیچے ہے سوائے خانہ کعبہ کی خدمت کے اور حاجیوں کو پانی پلانے کی رسم کے کیونکہ میں ان دونوں کو ان کے متعلقہ افراد ہی کے لیے اسی طرح باقی

736- صحیح بخاری' باب تزویج النبی صلی الله علیه وسلم خدیجة وفضلها رضی الله عنها' جلد 3' صفحه 39' رقم:3819

صحیح مسلم' باب فضائل خدیجة اُم المؤمنین رضی الله عنها' جلد 7' صفحه 133' رقم:6426

المعجم الصغیر' باب الالف من اسمه احمد' جلد 1' صفحه 34' رقم:19

سنن ترمذی' باب فضل خدیجة رضی الله عنها' جلد 5' صفحه 702' رقم:3876

رکھوں گا جس طرح یہ پہلے تھیں۔

737- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا سُعَيْرُ بْنُ الْخِمْسِ التَّمِيمِيُّ عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : بُنِيَ الْإِسْلَامُ عَلٰى خَمْسٍ: شَهَادَةُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُولُ اللّٰهِ، وَاِقَامُ الصَّلَاةِ، وَاِيْتَاءُ الزَّكَاةِ، وَصَوْمُ شَهْرِ رَمَضَانَ، وَحَجُّ الْبَيْتِ .

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے' اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور حضرت محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں اور نماز قائم کرنا اور زکوۃ دینا اور رمضان کے روزے رکھنا اور بیت اللہ کا حج کرنا۔

738- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ مَرَّةً وَاحِدَةً عَنْ سُعَيْرٍ وَمِسْعَرٍ ثُمَّ لَمْ اَسْمَعْ سُفْيَانَ يَذْكُرُ مِسْعَرًا بَعْدَ ذٰلِكَ.

امام حمیدی فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ سفیان نے ہم سے از سعیر از مسعر حدیث بیان کی' پھر اس کے بعد میں نے سفیان کو مسعر کا ذکر کرتے ہوئے کبھی نہیں سنا۔

739- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ: اشْتَرَى ابْنُ عُمَرَ مِنْ شَرِيكٍ لِنَوَّاسٍ اِبِلًا هِيمًا، فَلَمَّا جَاءَ نَوَّاسٌ قَالَ لِشَرِيكِهِ مِمَّنْ بِعْتَهَا؟ فَوَصَفَ لَهُ صِفَةَ ابْنِ عُمَرَ

حضرت عمرو بن دینار رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے حضرت نواس رضی اللہ عنہ کے شراکت دار سے ایک ایسا اونٹ خریدا جسے سخت پیاس کی بیماری تھی۔ جب حضرت نواس رضی

737- صحیح بخاری' باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم لو کنت متخذا خلیلا' جلد 5' صفحہ 8' رقم:3674
صحیح مسلم' باب من فضائل عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ ' جلد 7' صفحہ 118' رقم:6367
مسند امام احمد بن حنبل' حدیث ابی موسی الاشعری' جلد 4' صفحہ 393' رقم:19527
سنن ترمذی' باب فی مناقب عثمان بن عفان' جلد 5' صفحہ 631' رقم:3710
738- سنن ابوداؤد' باب الدعاء' جلد 1' صفحہ 555' رقم:1500
سنن ترمذی'باب فی دعاء النبی صلی اللہ علیہ وسلم' جلد 5' صفحہ 559' رقم:3562
السنن الکبری للبیہقی' باب التوریع' جلد 5' صفحہ 251' رقم:10614
جامع الاصول لابن اثیر' ذکر عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ ' جلد 8' صفحہ 614' رقم:6444
739- سنن ترمذی' باب ما یقول اذا اورع انسانا' جلد 5' صفحہ 499' رقم:3443
السنن الکبری للبیہقی' باب التودیع' جلد 5' صفحہ 251' رقم:10610
سنن ابوداؤد' باب فی الدعاء عند الوداع' جلد 2' صفحہ 330' رقم:2602
سنن ابی ماجہ ' باب تشییع الغزاۃ وودا عہم' جلد 2' صفحہ 943' رقم:2826

قَالَ: وَيْحَكَ، ذٰلِكَ ابْنُ عُمَرَ . فَاَتٰى نَوَّاسٌ اِلَى ابْنِ عُمَرَ قَالَ: اِنَّ شَرِيكِي بَاعَكَ اِبِلًا هِيمًا وَاِنَّهُ لَمْ يَعْرِفْكَ. قَالَ: خُذْهَا اِذًا. فَلَمَّا ذَهَبْتُ لِآخُذَهَا قَالَ: دَعْهَا رَضِينَا بِقَضَاءِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا عَدْوٰى .

اللہ عنہ آئے تو انہوں نے اپنے شراکت دار سے کہا: تم نے اسے کیسے فروخت کیا ہے؟ تو اس نے ان کے سامنے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا حلیہ بیان کیا' تو حضرت نواس کہنے لگے: تیرا بھلا نہ ہو! وہ تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما تھے۔ پس حضرت نواس' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس آئے اور کہا کہ میرے شریک نے آپ کو ایک ایسا اونٹ فروخت کیا ہے جسے سخت پیاس کی بیماری ہے وہ آپ کو پہچانتا نہیں تھا۔ تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ تم اسے لے جاؤ۔ جب میں اسے لے کر جانے لگا تو انہوں نے فرمایا: تم اسے رہنے دو ہم اللہ کے رسول ﷺ کے فیصلے پر راضی ہیں کوئی مطالبہ نہیں ہے۔

قَالَ سُفْيَانُ قَالَ عَمْرٌو: وَكَانَ نَوَّاسٌ يُجَالِسُ ابْنَ عُمَرَ، وَكَانَ يُضْحِكُهُ فَقَالَ يَوْمًا: وَدِدْتُ اَنَّ لِي اَبَا قُبَيْسٍ ذَهَبًا . فَقَالَ لَهُ ابْنُ عُمَرَ: مَا تَصْنَعُ بِهِ؟ قَالَ: اَمُوتُ عَلَيْهِ . فَضَحِكَ ابْنُ عُمَرَ.

حضرت سفیان کہتے ہیں کہ حضرت عمرو بن دینار نے یہ بیان کیا ہے کہ حضرت نواس' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی مجلس میں بیٹھا کرتے تھے اور انہیں ہنسایا کرتے تھے۔ ایک دن انہوں نے کہا: میری یہ تمنا ہے کہ میرے پاس کوہ ابوقبیس جتنا سونا ہو' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تم اس کے ساتھ کیا کرتے؟ تو حضرت نواس نے کہا: میں اس پر مرتا' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ہنسنے لگے۔

740- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں

740- سنن ابو داؤد' باب کراهیة مس الذکر بالیمین فی الاستبراء' جلد 1' صفحہ 12' رقم:32
مسند ابی یعلی' حدیث حفصة ام المؤمنین' جلد 12' صفحہ 484' رقم:7060
السنن الکبری للبیہقی' باب النهی عن الاستنجاء بالیمین' جلد 1' صفحہ 112' رقم:559
المستدرك للحاكم' كتاب الاطعمة ' جلد 6' صفحہ 73' رقم:7091
صحیح ابن حبان' باب آداب الاکل' جلد 12' صفحہ 31' رقم:5227

قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرٌو سَمِعْتُ اَبَا الْعَبَّاسِ الْاَعْمٰی قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ یَقُوْلُ: لَمَّا حَاصَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَهْلَ الطَّائِفِ قَالَ: اِنَّا قَافِلُوْنَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ غَدًا ۔ قَالُوْا: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَقْفُلُ قَبْلَ اَنْ تَفْتَحَهَا؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: فَاغْدُوْا عَلَی الْقِتَالِ غَدًا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰی ۔ قَالَ: فَغَدَوْا عَلَی الْقِتَالِ فَاَصَابَتْهُمْ جِرَاحَةٌ شَدِیْدَةٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّا قَافِلُوْنَ غَدًا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ ۔ فَکَاَنَّهُمْ اشْتَهَوْا ذٰلِكَ وَسَکَنُوْا اِلَیْهِ قَالَ فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ۔

کہ جب رسول اللہ ﷺ نے اہل طائف کا محاصرہ کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اگر اللہ نے چاہا تو ہم کل واپس چلے جائیں گے؛ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ اسے فتح کرنے سے پہلے ہی واپس چلے جائیں گے؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو تم لوگ کل جنگ کرنا۔ (راوی کہتے ہیں کہ) اگلے دن لوگوں نے جنگ کی تو انہیں شدید زخم آئے' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ نے چاہا تو کل ہم واپسی کے لیے روانہ ہو جائیں گے' تو لوگوں کی بھی گویا یہی تمنا تھی وہ بات پر چپ رہے تو رسول اللہ ﷺ مسکرا دیے۔

741- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ مَیْسَرَةَ عَنْ طَاوُسٍ قَالَ: کُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، فَجَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ: اَنَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نَبِیْذِ الْجَرِّ وَالدُّبَّاءِ ؟ فَقَالَ: نَعَمْ۔

حضرت طاؤس روایت کرتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھا ہوا تھا ایک آدمی آیا اور کہنے لگا: کیا رسول اللہ ﷺ نے مٹکے اور کدو کے بنے ہوئے برتن میں نبیذ تیار کرنے سے منع فرمایا ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: ہاں!

742- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو منبر پر دیکھا پس میں آپ

741- مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی ہریرة رضی اللہ عنہ' جلد 2' صفحہ 354' رقم: 8637
السنن الکبری للبیہقی' باب السنة فی البدایة بالیمین' جلد 1' صفحہ 86' رقم: 412
صحیح ابن خزیمہ' باب الامر بالتیامن فی الوضوء امر استحباب' جلد 1' صفحہ 90' رقم: 178
سنن ابوداؤد' باب فی الانتعال' جلد 4' صفحہ 119' رقم: 4143
742- سنن ابوداؤد' باب التسمیة علی الطعام' جلد 3' صفحہ 407' رقم: 3769
سنن ترمذی' باب ما جاء فی التسمیة علی الطعام' جلد 4' صفحہ 288' رقم: 1858
سنن الدارمی' باب فی التسمیة علی الطعام' جلد 2' 129صفحہ' رقم: 2020
السنن الکبری للنسائی' باب ما یقول اذا نسی التسمیة ثم ذکر' جلد 6' صفحہ 78' رقم: 10112

قَالَ: رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَی الْمِنْبَرِ، فَعَجِلْتُ اِلَیْهِ لِاَسْمَعَ مَا یَقُوْلُ، فَلَمْ اَنْتَهِ اِلَیْهِ حَتّٰی نَزَلَ فَسَاَلْتُ النَّاسَ: اَیَّ شَیْءٍ قَالَ؟ فَقَالُوْا: نَهٰی عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ۔

کے قریب ہوا تا کہ آپ کے ارشاد کو سن سکوں' تو میرے آپ تک پہنچنے سے پہلے ہی آپ منبر سے اتر آئے۔ میں نے لوگوں سے پوچھا کہ آپ نے کیا ارشاد فرمایا ہے؟ تو انہوں نے کہا کہ آپ نے کدو کے بندے ہوئے برتن اور تارکول سے مزین کیے گئے برتن سے منع فرمایا ہے۔

92 - مُسْنَدُ کَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ

مسند حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ

743- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَیُّوْبُ السَّخْتِیَانِیُّ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَیْلٰی عَنْ کَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ: مَرَّ بِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالْحُدَیْبِیَةِ وَاَنَا اُوْقِدُ تَحْتَ قِدْرٍ اَوْ بُرْمَةٍ، وَالْقَمْلُ یَتَهَافَتُ مِنْ رَاْسِیْ فَقَالَ: اَیُؤْذِیْكَ هَوَامُّكَ یَا کَعْبُ؟ ۔ قُلْتُ: نَعَمْ ۔ قَالَ: فَاحْلِقْ رَاْسَكَ، وَانْسُكْ نَسِیْکَةً، اَوْ صُمْ ثَلَاثَةَ اَیَّامٍ، اَوْ اَطْعِمْ فَرَقًا بَیْنَ سِتَّةِ مَسَاکِیْنَ ۔

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ حدیبیہ میں میرے پاس سے گزرے میں اس وقت ہانڈی کے نیچے آگ جلا رہا تھا اور جوئیں میرے سر سے گر رہی تھیں۔ تو آپ نے فرمایا: اے کعب! کیا تمہاری جوئیں تمہیں تکلیف دے رہی ہیں؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! تو آپ نے فرمایا: تم اپنا سر منڈوا دو اور ایک قربانی کرلو یا تین دن روزے رکھو یا چھ مسکینوں کو ایک فرق (ایک پیمانہ ہے تین صاع کے برابر اور ایک صاع دو سیر چودہ چھٹانک چار تولے) کھانا کھلا دو۔

744- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ نَجِیْحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَیْلٰی عَنْ کَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت بیان کرتے ہیں' البتہ اس میں یہ الفاظ ہیں کہ میں ہانڈی کے نیچے آگ جلا رہا تھا اور آپ نے

743- صحیح مسلم' باب استحباب لعتق الامابع والقصة' جلد 6' صفحہ 114' رقم: 5423
شعب الایمان للبیہقی' باب رفع اللقمة اذا سقطت وانقا القصة والتمسح بالمندیل' جلد 5' صفحہ 80' رقم: 3656
جامع الاصول لابن اثیر' النوع الثامن فی لعق الاصابع والصفحة' جلد 7' صفحہ 400' رقم: 5461
744- صحیح بخاری' باب اختناث الاسقیة' جلد 7' صفحہ 112' رقم: 5625
صحیح مسلم' باب آداب الطعام' جلد 6' صفحہ 110' رقم: 5390
الآداب للبیہقی' باب کراهیة الشرب من فم السقی لما فیه خشیة الاذی' جلد 1' صفحہ 268' رقم: 449
سنن ابوداؤد' باب فی اختناث الاسقیة' جلد 3' صفحہ 390' رقم: 3722
مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی سعید الخدری' جلد 3' صفحہ 93' رقم: 11906

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ، اِلَّا اَنَّهُ قَالَ: اُوقِدْ تَحْتَ قِدْرٍ، وَقَالَ: وَاذْبَحْ شَاةً .

فرمایا: ایک بکری ذبح کردو۔

745- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ اَبِيْ زِيَادٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ: عَلَّمَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ عَلَيْهِ فَقَالَ: قُوْلُوْا: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ، اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ، اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ .

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں اپنی ذات پر درود بھیجنے کا طریقہ سکھایا' آپ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ یہ پڑھا کرو: ''اے اللہ! تو حضرت محمد ﷺ اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر درود نازل فرما' جس طرح تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر درود نازل فرمایا۔ بے شک تو ہی حمد کے لائق اور بزرگی کا مالک ہے۔ اے اللہ! تو حضرت محمد ﷺ اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر برکت نازل فرما' جس طرح تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر برکت نازل فرمائی۔ بے شک تو ہی حمد کے لائق اور بزرگی کا مالک ہے۔''

746- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ وَحَدَّثَنِيْ عَبْدُ الْكَرِيْمِ اَبُوْ اُمَيَّةَ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ

حضرت عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ از حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت

745- صحیح بخاری' باب الثوب الاحمر' جلد 7' صفحہ 153' رقم: 5848
صحیح مسلم' باب فی صفة النبی صلی اللہ علیہ وسلم وانہ کان احسن الناس وجھا' جلد 7' صفحہ 83' رقم: 6210
سنن الکبریٰ للبیھقی' باب اتخاذ الشعر واختلاف الفاظ الناقلین منہ' جلد 5' صفحہ 412' رقم: 9328
سنن ابوداؤد' باب فی الرخصة فی ذلک' جلد 4' صفحہ 94' رقم: 4074
مسند امام احمد بن حنبل' مسند البراء بن عازب رضی اللہ عنہ' جلد 4' صفحہ 281' رقم: 18496
746- سنن ترمذی' باب ما جاء فی الثوب الاخضر' جلد 5' صفحہ 119' رقم: 2812
سنن الکبریٰ للنسائی' باب لبس الخضر من الثیاب' جلد 8' صفحہ 591' رقم: 5334
سنن الکبریٰ للبیھقی' باب ایجاب القصاص علی القاتل' جلد 8' صفحہ 27' رقم: 16321
سنن الدارمی' باب لا یواخذ احد بجناحیہ' جلد 2' صفحہ 260' رقم: 2388

عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ.

بیان کرتے ہیں۔

93 - مُسْنَدُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى

مسند حضرت عبداللہ بن ابواوفیٰ رضی اللہ عنہ

747- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ يَعْفُوْرٍ الْعَبْدِيُّ قَالَ: اَتَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِيْ اَوْفٰى فَسَاَلْتُهُ عَنْ اَكْلِ الْجَرَادِ، فَقَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّ غَزَوَاتٍ اَوْ سَبْعًا فَكُنَّا نَاْكُلُ الْجَرَادَ.

حضرت ابو یعفور عبدی روایت کرتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ بن ابواوفیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس گیا' میں نے ان سے ٹڈی دل کھانے کے متعلق سوال کیا تو انہوں نے بتایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ چھ یا سات غزوات میں حصہ لیا ہے اور ہم ٹڈی دل کھا لیا کرتے تھے۔

748- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيُّ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِيْ اَوْفٰى يَقُوْلُ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ، فَقَالَ لِرَجُلٍ: اِنْزِلْ فَاجْدَحْ لِيْ . قَالَ: الشَّمْسُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ . قَالَ: اِنْزِلْ فَاجْدَحْ لِيْ . قَالَ: الشَّمْسُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ . قَالَ: اِنْزِلْ

حضرت ابواسحاق شیبانی روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن ابو اوفیٰ رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا کہ میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھا' آپ نے ایک آدمی سے فرمایا: تم اترو اور ہمارے لیے پانی میں ستو گھولو اس نے عرض کی: یارسول اللہ! ابھی سورج ہے۔ آپ نے فرمایا: تم اترو اور میرے

747- مصنف ابن ابی شیبة' باب فی ارفاء العمامة بین الکتفین' جلد 8' صفحہ 239' رقم: 25481
سنن ابن ماجہ' باب لبس العمائم' جلد 2' صفحہ 942' رقم: 2821
سنن ابوداؤد' باب فی العمائم' جلد 4' صفحہ 95' رقم: 4079
الآداب للبیھقی' باب فی العمامة' جلد 1' صفحہ 306' رقم: 512
صحیح مسلم' باب جواز دخول مکة بغیر احرام' جلد 4' صفحہ 112' رقم: 3378
748- صحیح مسلم' باب بیان غلظ تحریم اسبال الازار' جلد 1' صفحہ 71' رقم: 306
السنن الکبریٰ للبیھقی' باب کراھیة الیمین فی البیع' جلد 5' صفحہ 265' رقم: 10714
سنن ابوداؤد' باب ما جاء فی اسبال الازار' جلد 4' صفحہ 100' رقم: 4089
سنن ابن ماجہ' باب ما جاء فی کراھیة الایمان فی الشراء والبیع' جلد 2' صفحہ 744' رقم: 2208
سنن الدارمی' باب فی الیمین الکاذبة' جلد 2' صفحہ 345' رقم: 2605

فَاجْدَحْ . فَنَزَلَ فَجَدَحَ لَهُ، قَالَ فَشَرِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ رَمَى بِيَدِهِ قِبَلَ الْمَشْرِقِ، فَقَالَ: إِذَا رَأَيْتُمُ اللَّيْلَ قَدْ أَقْبَلَ مِنْ هَا هُنَا فَقَدْ أَفْطَرَ الصَّائِمُ.

لیے ستو گھولو! پھر آپ نے فرمایا: اترو اور میرے لیے ستو گھولو! تو اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! ابھی سورج ہے' آپ نے فرمایا: اترو اور میرے لیے ستو گھولو! پس اس نے آپ کے لیے پانی میں ستو گھول دیے تو نبی اکرم ﷺ نے انہیں پی لیا پھر آپ نے مشرق کی سمت اپنے دست مبارک کے ذریعے اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: جب تم رات کو اس طرف سے آتے ہوئے دیکھو تو روزہ دار افطار کرلو۔

749- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيُّ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِي أَوْفَى يَقُولُ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الشُّرْبِ فِي الْجَرِّ الْأَخْضَرِ وَالْأَبْيَضِ. قَالَ سُفْيَانُ: وَثَالِثًا قَدْ نَسِيتُهُ.

حضرت ابو اسحاق شیبانی روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن ابو اوفیٰ رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے سبز اور سفید مٹکے میں پانی پینے سے منع فرمایا ہے۔ سفیان کہتے ہیں کہ تیسری چیز کو میں بھول گیا ہوں۔

750- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيُّ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِي أَوْفَى يَقُولُ: أَصَبْنَا حُمُرًا يَوْمَ خَيْبَرَ خَارِجًا مِنَ الْقَرْيَةِ فَنَحَرْنَاهَا، فَإِنَّ الْقُدُورَ لَتَغْلِي بِهَا، إِذْ نَادَى مُنَادِي النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَنْ

حضرت ابو اسحاق شیبانی روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن ابو اوفیٰ رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا کہ غزوہ خیبر کے دن ہمیں بستی سے باہر کچھ گدھے ملے تو ہم نے انہیں ذبح کر لیا تو ہانڈیوں میں ان کا گوشت پک رہا تھا کہ اسی دوران نبی اکرم ﷺ

749- صحيح مسلم' باب فضل صلاة الصبح والعصر والمحافظ عليهما' جلد 2' صفحه 114' رقم:1468
مسند امام احمد بن حنبل' حديث عمارة بن روية رضى الله عنها' جلد 4' صفحه 136' رقم:17259
مسند الحميدى' حديث عمارة بن روية ' جلد 2' صفحه 380' رقم:861
صحيح ابن خزيمه ' باب فضل الصبح وصلاة العصر' جلد 1' صفحه 164' رقم:320
750- صحيح مسلم' باب فضل العشاء والصبح فى جماعة ' جلد 2' صفحه 125' رقم:1525
السنن الكبرى للبيهقى' باب من قال هى الصبح ' جلد 1' صفحه 464' رقم:2268
اتحاف الخيره المهرة للبوصيرى' باب من صلى الصبح فهو فى ذمة التا ' جلد 8' صفحه 43' رقم:7445
مسند البزار' مسند مكرة بن جندب رضى الله عنه' جلد 2' صفحه 156' رقم:4597

اكْفِئُوا الْقُدُورَ بِمَا فِيهَا، فَأَكْفَأْنَاهَا وَإِنَّهَا لَتَفُورُ. قَالَ أَبُو إِسْحَاقَ: فَلَقِيتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهُ فَقَالَ: إِنَّمَا كَانَتْ تِلْكَ حَمِيرًا تَأْكُلُ الْعَذِرَةَ، فَنَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهَا.

کے منادی نے یہ اعلان کیا کہ تم اپنی ہانڈیوں کو ان میں موجود گوشت سمیت الٹا دو! تو ہم نے انہیں الٹا دیا جبکہ وہ پک رہی تھیں۔ ابو اسحاق کہتے ہیں کہ میری ملاقات حضرت سعید بن جبیر سے ہوئی تو میں نے ان سے اس بات کا ذکر کیا تو وہ کہنے لگے: یہ وہ گدھے تھے جو گندگی کھایا کرتے تھے تو نبی اکرم ﷺ نے ان سے منع فرما دیا۔

751- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ أَبُو خَالِدٍ الدَّالَانِيُّ وَمِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ السَّكْسَكِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي أَوْفَى: أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : عَلِّمْنِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ شَيْئًا أَقُولُهُ يُجْزِئُنِي مِنَ الْقُرْآنِ . فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : قُلْ سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ . قَالَ سُفْيَانُ: لَا أَعْلَمُ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ: وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ .

حضرت عبداللہ بن ابو اوفیٰ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے کسی ایسی چیز کی تعلیم دیں جسے میں پڑھ لیا کروں' تو میرے لیے قرآن کی تلاوت کی جگہ کفایت کرجائے' تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم یہ پڑھو کہ ''سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ''۔ سفیان کہتے ہیں کہ مجھے علم تو نہیں ہے لیکن (میرا گمان غالب ہے کہ) انہوں نے یہ الفاظ بھی کہے ہوں گے: ''وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ''

752- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُسْلِمٍ الْهَجَرِيُّ: أَنَّهُ رَأَى عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِي أَوْفَى فِي جَنَازَةِ ابْنَةٍ لَهُ عَلَى بَغْلَةٍ

حضرت ابراہیم بن مسلم ہجری روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عبداللہ بن اوفیٰ رضی اللہ عنہ کو اپنی بیٹی کے جنازے میں دیکھا کہ وہ ایک خچر پر سوار تھے جسے

751- صحيح بخارى' باب فضل صلاة العصر' جلد 1' صفحه 115' رقم:554
صحيح مسلم' باب فضل صلاة الصبح والعصر والمحافة عليهما' جلد 2' صفحه 113' رقم:1466
السنن الكبرى للبيهقى' باب اوّل فرض الصلاة ' جلد 1' صفحه 359' رقم:1751
سنن ابن ماجه ' باب فيما انكرت الحمية ' جلد 1' صفحه 63' رقم:177
752- صحيح بخارى' باب من ترك العصر' جلد 1' صفحه 155' رقم:553
سنن النسائى' باب من ترك صلاة العصر' جلد 1' صفحه 236' رقم:474
السنن الكبرى للبيهقى' باب كراهية تاخير العصر' جلد 1' صفحه 444' رقم:2177
مصنف عبد الرزاق' باب من ترك الصلاة ' جلد 3' صفحه 124' رقم:5005

تُقَادُ بِهِ فَيَقُولُ لِلْقَائِدِ: اَيْنَ اَنَا مِنْهَا ؟ فَإِذَا قِيلَ لَهُ: اَمَامَهَا. قَالَ: احْبِسْ . قَالَ: وَرَاَيْتُهُ حِينَ صَلّٰى عَلَيْهَا كَبَّرَ اَرْبَعًا، ثُمَّ قَامَ سَاعَةً فَسَبَّحَ بِهِ الْقَوْمُ فَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ: اَكُنْتُمْ تَرَوْنَ اَنِّي اَزِيدُ عَلٰى اَرْبَعٍ؟ وَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَبَّرَ اَرْبَعًا، وَسَمِعَ نِسَاءً يَرْثِينَ فَنَهَاهُنَّ، وَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى عَنِ الْمَرَاثِي.

ساتھ لے کر جایا جا رہا تھا تو انہوں نے خچر کو لے جانے والے سے کہا: میں کہاں ہوں تو جب انہیں یہ بتایا گیا کہ آپ ان سے آگے ہیں۔ تو انہوں نے فرمایا: تم اس کو روک دو۔ (راوی کہتے ہیں کہ) میں نے انہیں دیکھا کہ انہوں نے اس عورت کی نماز جنازہ میں چار تکبیریں کہیں پھر وہ تھوڑی دیر کے لیے کھڑے رہے تو حاضرین نے ''سبحان اللہ'' کہنا شروع کر دیا۔ پس انہوں نے سلام پھیر دیا اور کہا: کیا تم لوگ یہ سوچ رہے تھے کہ میں چار تکبیروں سے زیادہ کہوں گا' میں نے رسول اللہ ﷺ کو چار تکبیریں کہتے ہوئے ہی دیکھا ہے۔ پھر انہوں نے کچھ عورتوں کو اشعار پڑھتے ہوئے سنا تو انہیں اس سے منع کیا اور کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو اشعار پڑھنے سے منع فرماتے ہوئے سنا ہے۔

753- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِي اَوْفٰى قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْاَحْزَابِ وَهُوَ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ، سَرِيعَ الْحِسَابِ، مُجْرِيَ السَّحَابِ اهْزِمِ الْاَحْزَابَ، اَللّٰهُمَّ اهْزِمْهُمْ وَزَلْزِلْهُمْ.

حضرت عبداللہ بن ابواوفی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ غزوہ احزاب کے دن میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ پڑھتے ہوئے سنا: ''اے اللہ! اے کتاب کو نازل کرنے والے! اے جلدی حساب لینے والے! اے بادلوں کو چلانے والے! تو لشکروں کو شکست دے۔ اے اللہ! انہیں شکست دے اور ان کے پاؤں لڑکھڑا دے۔''

754- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت ابن ابو خالد روایت کرتے ہیں کہ میں نے

753- صحیح مسلم' باب المشی الی الصلاة تمی به الخطایا' جلد 2' صفحه 131' رقم:1553
السنن الکبری للبیهقی' باب ما جاء فی فضل المشی الی المسجد للصلاة' جلد 3' صفحه 62' رقم:5166
صحیح ابن حبان' باب الامامة والجماعة' جلد 5' صفحه 392' رقم:2044
مسند ابی یعلی' مسند ابی هریرة رضی الله عنه' جلد 11' صفحه 65' رقم:6201
754- صحیح بخاری' باب فضل صلاة الفجر فی جماعة' جلد 1' صفحه 132' رقم:651
صحیح مسلم' باب فضل کثرة الخطاء الی المساجد' جلد 2' صفحه 130' رقم:1545

قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي خَالِدٍ قَالَ قُلْتُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي اَوْفٰى: اَبَشَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَدِيجَةَ بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ لَا سَخَبَ فِيهِ وَلَا نَصَبَ؟ قَالَ: نَعَمْ.

حضرت عبداللہ بن ابواوفی رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا رسول اللہ ﷺ نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہ کو جنت میں کھوکھلے موتی سے بنے ہوئے گھر کی بشارت دی تھی جس میں کوئی شور اور کوئی تھکاوٹ نہ ہو گی' تو انہوں نے کہا: ہاں۔

755- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِي اَوْفٰى يَقُوْلُ: اعْتَمَرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكُنَّا نَسْتُرُهُ حِينَ طَافَ مِنْ صِبْيَانِ اَهْلِ مَكَّةَ لَا يُؤْذُونَهُ قَالَ سُفْيَانُ: اُرَاهُ فِي عُمْرَةِ الْقَضَاءِ، قَالَ اِسْمَاعِيلُ: وَاَرَانَا ابْنُ اَبِي اَوْفٰى ضَرْبَةً اَصَابَتْهُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ.

حضرت اسماعیل بن ابو خالد روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن ابواوفی رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ عمرہ کیا تو ہم طواف کے دوران آپ کو اہل مکہ کے بچوں سے بچانے کی کوشش کر رہے تھے کہ کہیں وہ آپ کو کوئی تکلیف نہ پہنچا دیں۔ سفیان کہتے ہیں کہ میرا خیال ہے یہ عمرہ قضا تھا۔ اسماعیل کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن ابواوفی رضی اللہ عنہ نے ہمیں وہ چوٹ دکھائی جو انہیں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ غزوہ حنین کے دن لگی تھی۔

756- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ

حضرت طلحہ بن مصرف روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن ابواوفی رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا

السنن الکبری للبیهقی' باب فضل بعد المشی الی السمجد' جلد 3' صفحه 64' رقم:5177
صحیح ابن خزیمه' باب فضل المشی الی المساجد' جلد 2' صفحه 378' رقم:1501
755- سنن ترمذی' باب ما جاء فی حرمة الصلاة' جلد 5' صفحه 12' رقم:2617
السنن الکبری للبیهقی' باب فضل المساجد وفضل عمارتها بالصلاة' جلد 3' صفحه 66' رقم:5187
المستدرک للحاکم' کتاب الامامة والصلاة' جلد 1' صفحه 291' رقم:770
سنن ابن ماجه باب لزوم المساجد وانتظار الصلاة' جلد 1' صفحه 262' رقم:802
756- صحیح بخاری' باب من جلس فی المسجد تنظر الصلاة وفضل المساجد' جلد 1' صفحه 132' رقم:659
صحیح مسلم' باب فضل الصلاة الجماعة وانتظار الصلاة' جلد 2' صفحه 129' رقم:1542
سنن ابوداؤد' باب فی فضل القعود فی المسجد' جلد 1' صفحه 761' رقم:470
سنن ترمذی' باب ما جاء فی القعود فی المسجد وانتظار الصلاة من الفصل' جلد 2' صفحه 150' رقم:330

قَالَ: سَأَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِي اَوْفٰى: هَلْ اَوْصَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؟ فَقَالَ: لَمْ يَتْرُكْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا يُوْصِي فِيهِ. قُلْتُ: وَكَيْفَ اَمَرَ النَّاسَ بِالْوَصِيَّةِ وَلَمْ يُوْصِ؟ قَالَ: اَوْصٰى بِكِتَابِ اللّٰهِ. قَالَ طَلْحَةُ قَالَ الْهُزَيْلُ بْنُ شُرَحْبِيْلَ: اَبُوْ بَكْرٍ يَتَقَدَّمُ عَلٰى وَصِيِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؟ وَدَّ اَبُوْ بَكْرٍ اَنَّهُ وَجَدَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ عَهْدًا فَخَزَمَ لَهُ اَنْفَهُ.

رسول اللہ ﷺ نے کوئی وصیت فرمائی تھی؟ تو انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے کوئی ایسی چیز چھوڑی ہی نہیں جس کے بارے میں آپ ﷺ وصیت فرماتے۔ میں نے پوچھا: پھر آپ ﷺ نے لوگوں کے متعلق وصیت کرنے کے بارے میں کیوں حکم دیا جبکہ آپ نے خود وصیت نہیں فرمائی؟ تو انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی کتاب کے مطابق وصیت فرمائی تھی۔ حضرت طلحہ کہتے ہیں کہ ہذیل بن شرحبیل فرماتے ہیں کہ کیا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کسی ایسے شخص سے آگے نکل سکتے تھے جس کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے وصیت کی ہو' حالانکہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اس بات کی تمنا کرتے تھے کہ انہیں اللہ کے رسول کے کسی حکم کا علم ہو اور وہ اسے مکمل طور پر بجالائیں۔

94 - مُسْنَدُ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ

مسند حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ

757- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ يَقُوْلُ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ عِنْدَ مَضْجَعِهِ اَوْ اَمَرَ اَنْ يُقَالَ عِنْدَ الْمَضْجَعِ اَوْ اَمَرَنِي اَنْ اَقُوْلَ عِنْدَ مَضْجَعِي شَكَّ سُفْيَانُ لَا يَدْرِي اَيَّتُهُنَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اِلَيْكَ وَجَّهْتُ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سوتے وقت یہ پڑھا کرتے' یا رسول اللہ ﷺ نے یہ حکم فرمایا کہ سوتے وقت یہ دعا پڑھی جائے' یا رسول اللہ ﷺ نے مجھے یہ حکم فرمایا کہ میں سوتے وقت یہ کلمات پڑھا کروں۔ یہ شک سفیان کو ہے کہ وہ نہیں جانتے کہ ان میں سے کون سے الفاظ ہیں'

757- صحیح بخاری' باب الحدث فی المسجد' جلد 1' صفحہ 96' رقم:445
السنن الکبریٰ للبیهقی' باب الترغیب فی مکث المصلی فی مصلاة ' جلد 2' صفحہ 185' رقم:3139
سنن ابوداؤد' باب فی فضل القعود فی المسجد' جلد 1' صفحہ 1760' رقم:469
سنن ترمذی' باب ما جاء فی القعود فی المسجد وانتظار الصلاة ' جلد 2' صفحہ 151' رقم:331

وَجْهِي، وَاِلَيْكَ اَسْلَمْتُ نَفْسِي، وَاِلَيْكَ فَوَّضْتُ اَمْرِي، وَاِلَيْكَ اَلْجَاْتُ ظَهْرِي، رَغْبَةً وَرَهْبَةً اِلَيْكَ، لَا مَلْجَا وَلَا مَنْجٰى مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ، اٰمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِي اَنْزَلْتَ وَبِنَبِيِّكَ الَّذِي اَرْسَلْتَ. فَقَالُوْا لَهُ: وَبِرَسُوْلِكَ الَّذِي اَرْسَلْتَ، فَاَبٰى اِلَّا وَنَبِيِّكَ.

فرمایا: ''اے اللہ! میں اپنا رخ تیری طرف کرتا ہوں' میں نے اپنا آپ تیرے حوالے کر دیا ہے' میں نے اپنا معاملہ تیرے حوالے کر دیا ہے' میری پشت کو تیرا سہارا ہے' تیری طرف رغبت کرتے ہوئے بھی اور تجھ سے ڈرتے ہوئے بھی' تیرے مقابلے میں صرف تو ہی میری پناہ گاہ اور جائے نجات ہے' میں تیری اس کتاب پر ایمان لایا جسے تو نے نازل کیا ہے اور تیرے اس نبی ﷺ پر ایمان لایا جسے تو نے (حق کے ساتھ) مبعوث کیا ہے۔'' تو لوگوں نے ان سے کہا کہ روایت میں تو یہ الفاظ ہیں: ''اور تیرے اس رسول پر ایمان لایا جسے تو نے مبعوث فرمایا'' تو انہوں نے اس کا انکار کر دیا' ان الفاظ کے علاوہ کہ ''میں تیرے نبی پر ایمان لایا''۔

758- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ اَبِي زِيَادٍ بِمَكَّةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ رَفَعَ يَدَيْهِ. قَالَ سُفْيَانُ: وَقَدِمْتُ الْكُوْفَةَ فَسَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ بِهِ فَزَادَ فِيهِ: ثُمَّ لَا يَعُوْدُ فَظَنَنْتُ اَنَّهُمْ لَقَّنُوْهُ، وَكَانَ بِمَكَّةَ يَوْمَئِذٍ اَحْفَظَ مِنْهُ يَوْمَ رَاَيْتُهُ بِالْكُوْفَةِ، وَقَالُوْا لِي: اِنَّهُ قَدْ تَغَيَّرَ حِفْظُهُ، اَوْ سَاءَ حِفْظُهُ.

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا جب آپ ﷺ نے نماز کی ابتداء کی تو آپ ﷺ نے اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے۔ سفیان کہتے ہیں کہ میں کوفہ آیا تو میں نے انہیں (یعنی اپنے استاد کو) یہ حدیث بیان کرتے ہوئے سنا' اس میں انہوں نے یہ الفاظ مزید بیان کیے' پھر رسول اللہ ﷺ نے دوبارہ ایسا نہیں کیا۔ تو اس سے میں نے یہ اندازہ لگایا کہ لوگوں نے انہیں ان الفاظ کی تلقین کی ہو گی۔ حالانکہ جب میں نے انہیں کوفہ میں دیکھا تھا تو اس دن کے مقابلے میں جب وہ مکہ میں تھے اس وقت روایات کو زیادہ اچھے طریقے سے یاد رکھے ہوئے تھے۔ لوگوں نے مجھ سے کہا

758- صحیح مسلم' باب فضل صلاة الجماعة وبیان التشدید فی التخلف عنها' جلد 2' صفحہ 122' رقم:1509
السنن الکبریٰ للبیهقی' باب ما جاء فی فضل صلاة الجماعة ' جلد 3' صفحہ 59' رقم:5153
صحیح ابن حبان' باب الامامة والجماعة ' جلد 5' صفحہ 404' رقم:2054

کہ ان کے حافظے میں کمزوری آ گئی تھی یا ان کا حافظہ قوی نہیں رہا۔

759 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبَانُ بْنُ تَغْلِبَ – وَكَانَ فَصِيحًا – عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَيْلٰى عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: لَمْ يَكُنْ مِنَّا اَحَدٌ يَحْنُو حَتّٰى يَرٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ خَرَّ سَاجِدًا۔

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ہم میں سے کوئی بھی آدمی اس وقت تک نہ جھکتا تھا جب تک وہ رسول اللہ ﷺ کو سجدے میں جاتے ہوئے نہ دیکھ لیتا تھا۔

760 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ وَمِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ اَنَّهُمَا سَمِعَا عَدِيَّ بْنَ ثَابِتٍ يُحَدِّثُ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقْرَاُ فِي الْمَغْرِبِ بِالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۔ قَالَ سُفْيَانُ زَادَ مِسْعَرٌ: فَمَا سَمِعْنَا اِنْسِيًّا اَحْسَنَ قِرَاءَةً مِنْهُ۔

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو مغرب کی نماز میں سورۃ تین پڑھتے ہوئے سنا ہے۔ سفیان کہتے ہیں کہ مسعر نے یہ الفاظ زائد بیان کیے ہیں کہ میں نے کسی بھی آدمی کو آپ ﷺ سے زیادہ اچھی قرأت کرتے ہوئے نہیں سنا۔

761 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت ابو منہال روایت کرتے ہیں کہ میرے

759- صحیح بخاری' باب فضل صلاۃ الجماعۃ ' جلد 1' صفحہ 131' رقم: 647
جامع الاصول لابن اثیر' النوع الثانی المشی الی المساجد' جلد 9' صفحہ 413' رقم: 7085
مشکوۃ المصابیح ' باب المساجد ومواضع الصلاۃ ' الفصل الاول' جلد 1' صفحہ 155' رقم: 702
760- صحیح مسلم' باب عجب اتیان المسجد علی من سمع النداء ' جلد 2' صفحہ 124' رقم: 1518
السنن الکبری للبیھقی' باب ما جاء من التشدید فی ترک الجماعۃ ' جلد 3' صفحہ 57' رقم: 5143
سنن النسائی الکبری' باب المحافظۃ علی الصلوات الخمس حیث ینادی بھن' جلد 1' صفحہ 299' رقم: 923
المحرر فی الحدیث لابن عبد الھادی' باب صلاۃ الجماعۃ ' صفحہ 244' رقم: 374
761- سنن ابوداؤد' باب فی التشدید فی ترک الجماعۃ ' جلد 1' صفحہ 217' رقم: 553
السنن الکبری للبیھقی' باب ما جاء فی ترک الجماعۃ من غیر عند' جلد 3' صفحہ 58' رقم: 5147
سنن النسائی' باب المحافظ علی الصلوات حیث ینادی بھن' جلد 2' صفحہ 109' رقم: 851
صحیح ابن خزیمہ ' باب امر العمیان بشھود صلاۃ الجماعۃ ' جلد 2' صفحہ 367' رقم: 1478

قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا الْمِنْهَالِ يَقُوْلُ: بَاعَ شَرِيْكٌ لِّيْ بِالْكُوْفَةِ دَرَاهِمَ بِدَرَاهِمَ بَيْنَهُمَا فَضْلٌ، فَقُلْتُ: مَا اَرٰى هٰذَا يَصْلُحُ ۔ فَقَالَ: لَقَدْ بِعْتُهَا فِي السُّوْقِ فَمَا عَابَ ذٰلِكَ عَلَيَّ اَحَدٌ۔ فَاَتَيْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ فَسَاَلْتُهُ، قَالَ: قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ وَتِجَارَتُنَا هٰكَذَا، فَقَالَ: مَا كَانَ يَدًا بِيَدٍ فَلَا بَاْسَ بِهِ، وَمَا كَانَ نَسِيْئَةً فَلَا خَيْرَ فِيْهِ ۔

شریک نے کوفہ میں چند درہموں کے بدلے میں درہم بیچ دیئے جن میں زیادہ دے دیئے گئے تھے' تو میں نے کہا: میرے خیال میں یہ صحیح نہیں ہے تو وہ کہنے لگا کہ میں نے یہ بازار میں بیچے ہیں اور کسی نے مجھ پر کوئی اعتراض نہیں کیا تو میں حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' میں نے ان سے اس کے متعلق پوچھا تو انہوں نے کہا کہ جب رسول اللہ ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے تو ہمارا تجارت کا طریقہ یہی تھا۔ آپ نے ارشاد فرمایا: جو چیز نقد لین دین ہو اس میں کوئی حرج نہیں ہے اور جو ادھار ہو تو اس میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔

وَائْتِ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ فَاِنَّهُ كَانَ اَعْظَمَ تِجَارَةً مِّنِّيْ. فَاَتَيْتُهُ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ: صَدَقَ الْبَرَاءُ۔

تم زید بن ارقم کے پاس جاؤ کیونکہ ان کا تجارت کا کام مجھ سے زیادہ تھا۔ پس میں ان کے پاس آیا اور ان سے اس بارے میں ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا کہ براء نے سچ کہا ہے۔

قَالَ الْحُمَيْدِيُّ: هٰذَا مَنْسُوْخٌ وَّلَا يُؤْخَذُ بِهٰذَا۔

امام حمیدی کہتے ہیں کہ یہ منسوخ ہے اور اس سے دلیل نہیں لائی جا سکتی۔

95 - مُسْنَدُ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ

مسند حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ

762 - اَخْبَرَنَا اَبُوْ طَاهِرٍ: عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ زَيْدِ الْمُؤَدِّبُ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ فِيْ سَنَةِ سَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ وَاَرْبَعِمِائَةٍ فَاَقَرَّ بِهِ قَالَ اَخْبَرَنَا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مسجد کے قبلہ کی جانب تھوک لگا ہوا دیکھا تو آپ نے کنکری لے کر اسے کھرچ دیا اور

762- صحیح بخاری' باب وجوب صلاۃ الجماعۃ ' جلد 1' صفحہ 131' رقم: 644
صحیح مسلم' باب فضل صلاۃ الجماعۃ بیان التشدید فی التخلف عنھا' جلد 2' صفحہ 123' رقم: 1514
السنن الکبری للبیھقی' باب ما جاء من التشدید فی ترک الجماعۃ غیر عذر' جلد 3' صفحہ 55' رقم: 5127
سنن ابوداؤد' باب فی التشدید فی ترک الجماعۃ ' جلد 1' صفحہ 214' رقم: 548
سنن ابن ماجہ ' باب التغلظ فی التخلف عن الجماعۃ ' جلد 1' صفحہ 254' رقم: 791

اَبُوْ عَلِيّ: مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ الصَّوَّافِ قِرَائَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ بِشْرُ بْنُ مُوسَى قَالَ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ سَعِيدٍ الْخُدْرِيّ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَى نُخَامَةً فِيْ قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ فَاَخَذَ حَصَاةً فَحَكَّهَا، وَنَهٰى اَنْ يَّبْزُقَ الرَّجُلُ بَيْنَ يَدَيْهِ اَوْ عَنْ يَّمِيْنِهِ، وَقَالَ: لِيَبْزُقْ عَنْ يَّسَارِهٖ اَوْ تَحْتَ قَدَمِهِ الْيُسْرٰى.

آپ نے اس بات سے منع کیا کہ آدمی اپنے سامنے یا اپنے دائیں طرف تھوکے۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''نمازی کو اپنے بائیں طرف یا اپنے بائیں پاؤں کے نیچے تھوکنا چاہیے۔''

763- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنِيْ سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ اَنَّهٗ سَمِعَ عِيَاضَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ سَرْحٍ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُوْلُ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْجِبُهُ هٰذِهِ الْعَرَاجِيْنُ يُمْسِكُهَا فِيْ يَدِهٖ وَيَدْخُلُ الْمَسْجِدَ وَهِيَ فِيْ يَدِهٖ، فَرَاَى نُخَامَةً فِيْ قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ فَحَكَّهَا، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ مُغْضَبًا فَقَالَ: اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يُّبْزَقَ فِيْ وَجْهِهٖ. ثُمَّ قَالَ: اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا قَامَ اِلَى الصَّلَاةِ فَاِنَّمَا يُوَاجِهُ رَبَّهٗ، فَلَا يَبْزُقْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلَا عَنْ يَّمِيْنِهٖ، وَلْيَبْزُقْ عَنْ يَّسَارِهٖ اَوْ تَحْتَ قَدَمِهِ الْيُسْرٰى، فَاِنْ عَجِلَتْ بِهٖ بَادِرَةٌ وَّهُوَ يُصَلِّيْ فَلْيَتْفُلْ فِيْ ثَوْبِهٖ، وَلْيَقُلْ هٰكَذَا.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ اراجین پسند تھی۔آپ اسے اپنے ہاتھ میں رکھتے تھے' ایک مرتبہ آپ مسجد میں تشریف لائے تو وہ آپ کے ہاتھ میں تھی۔ پس آپ نے مسجد کے قبلہ کی جانب تھوک لگا ہوا دیکھا۔ تو آپ نے اسے کھرچ دیا۔ پھر آپ غصے کی حالت میں لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور ارشاد فرمایا: ''کیا کوئی شخص اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اس کے چہرے کے سامنے کی طرف سے تھوک دیا جائے۔'' پھر ارشاد فرمایا کہ ''جب بندہ نماز کے لیے کھڑا ہوتا ہے تو وہ اپنے رب کی طرف متوجہ ہوتا ہے تو اسے اپنے سامنے کی جانب یا اپنے دائیں جانب نہیں تھوکنا چاہیے' بلکہ اپنے بائیں جانب یا اپنے بائیں پاؤں کے نیچے تھوکنا چاہیے اور اگر نماز کے دوران آدمی کو زیادہ

763- صحیح مسلم' باب صلاة الجماعة من سنن الهدى' جلد 2' صفحه 124' رقم:1520
السنن الكبرىٰ للبيهقى' باب ما جاء من التشديد فى ترك الجماعة من غير عذر' جلد 3' صفحه 58' رقم:5150
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الله بن مسعود' جلد 1' صفحه 382' رقم:3623
مصنف عبد الرزاق' باب شهود الجماعة' جلد 1' صفحه 516' رقم:1979

وَذَلِكَ سُفْيَانُ بِكُمِّهِ.

شدت کے ساتھ تھوکنے کی حاجت پیش آجائے تو وہ اپنے کپڑے پر تھوک کر اسے اس طرح مل دے۔''

اور سفیان نے اپنے کپڑے کے ساتھ اسے مل کے دکھایا۔

764- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَطَاءُ بْنُ يَزِيْدَ اللَّيْثِيُّ عَنْ اَبِيْ سَعِيدٍ قَالَ: نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعَتَيْنِ، وَعَنْ لِبْسَتَيْنِ، فَاَمَّا الْبَيْعَتَانِ: فَالْمُلَامَسَةُ وَالْمُنَابَذَةُ، وَاَمَّا اللِّبْسَتَانِ: فَاشْتِمَالُ الصَّمَّاءِ وَاحْتِبَاءُ الرَّجُلِ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ، لَيْسَ عَلٰى فَرْجِهٖ مِنْهُ شَيْءٌ.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دو طرح کے سودے کرنے اور دو طرح کے لباس سے منع فرمایا ہے' دو سودے یہ ہیں: بیع ملامسہ اور منانده' اور دو لباس تو وہ استعمال صماء اور آدمی کا ایک کپڑے کو بطور احتباء اس طرح لپیٹنا ہے کہ اس کی شرمگاہ پر کپڑا نہ ہو۔

765- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِيْ ضَمْرَةُ بْنُ سَعِيدٍ الْمَازِنِيُّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُوْلُ: نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَلَاةٍ بَعْدَ صَلَاةِ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ، وَعَنْ صَلَاةٍ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عصر کی نماز کے بعد سورج غروب ہونے تک اور صبح کی نماز کے بعد سورج نکلنے تک نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے۔

764-سنن ابوداؤد' باب فى التشديد فى ترك الجماعة' جلد 1' صفحه 214' رقم:547
سنن نسائى' باب التشديد فى ترك الجماعة' جلد 2' صفحه 106' رقم:847
مسند ابن ابى شيبة' ما رواه ابو الدرداء رضى الله عنه عن النبى صلى الله عليه وسلم' صفحه 35' رقم:31
السنن الكبرىٰ للبيهقى' باب فرض الجماعة فى غير الجمعة على الكفاية' جلد 3' صفحه 54' رقم:5126
765-صحيح مسلم' باب فضل صلاة العشاء والصبح فى جماعة' جلد 2' صفحه 125' رقم:1523
السنن الكبرىٰ' باب ما جاء فى فضل صلاة الجماعة' جلد 3' صفحه 60' رقم:5162
سنن الدارمى' باب المحافظة على الصلوات' جلد 1' صفحه 303' رقم:1224
سنن ترمذى' باب ما جاء فى فضل العشاء والفجر فى الجماعة' جلد 1' صفحه 433' رقم:221

766- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي صَعْصَعَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبِي – وَكَانَ يَتِيمًا فِي حِجْرِ اَبِي سَعِيدٍ – قَالَ قَالَ لِي اَبُوْ سَعِيدٍ: اَيْ بُنَيَّ اِذَا كُنْتَ فِي هٰذِهِ الْبَوَادِي فَارْفَعْ صَوْتَكَ بِالْاَذَانِ فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَا يَسْمَعُهُ اِنْسٌ وَّلَا جِنٌّ وَّلَا حَجَرٌ وَّلَا شَجَرٌ وَّلَا شَيْءٌ اِلَّا شَهِدَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۔

حضرت عبداللہ بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں جو کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے زیر کفالت تھے وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: اے میرے بیٹے! جب تم آبادی سے باہر ہو تو تم بلند آواز میں اذان دو کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جو بھی انسان، جن، پتھر، درخت یا جو بھی چیز اس کو سنتی ہے وہ قیامت کے دن اس آدمی کے حق میں گواہی دے گی۔

767- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي صَعْصَعَةَ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَاهُ يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُوْشِكُ اَنْ يَكُوْنَ خَيْرَ مَالِ الرَّجُلِ الْمُسْلِمِ غَنَمٌ يَتْبَعُ بِهَا شَعَفَ الْجِبَالِ وَمَوَاقِعَ الْقَطْرِ، يَفِرُّ بِدِيْنِهِ مِنَ الْفِتَنِ ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''عنقریب ایسا وقت آئے گا کہ جب کسی مسلمان آدمی کا سب سے بہتر مال بکریاں ہوں گی جنہیں لے کر وہ پہاڑوں کی چوٹیوں پر اور بارش برسنے کی جگہ چلا جائے گا اور وہ اپنے دین کو فتنوں سے بچانے کے لیے دوڑے گا۔''

768- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے

766- صحیح بخاری، باب فضل العشاء فی الجماعة، جلد 1، صفحه 132، رقم: 657

صحیح مسلم، باب فضل صلاة الجماعة وبیان التشدید فی التخلف عنها، جلد 2، صفحه 123، رقم: 1514

السنن الکبری للبیهقی، باب فضل الصف الاول، جلد 3، صفحه 102، رقم: 5398

سنن الدارمی، باب ای الصلاة علی المنافقین اثقل، جلد 1، صفحه 326، رقم: 1273

767- صحیح مسلم، باب بیان اطلاق الکفر علی من ترك الصلاة، جلد 1، صفحه 61، رقم: 256

السنن الکبری للبیهقی، باب ما جاء فی تکفیر من ترك الصلاة عمدًا من غیر عذر، جلد 3، صفحه 365، رقم: 6730

مسند ابی عوانة، باب بیان افضل الاعمال، جلد 1، صفحه 64، رقم: 177

768- سنن ترمذی، باب ما جاء فی ترك الصلاة، جلد 5، صفحه 13، رقم: 2621

سنن النسائی، باب الحکم فی تارك الصلاة، جلد 1، صفحه 231، رقم: 463

قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ خُصَيْفَةَ قَالَ سَمِعْتُ بُسْرَ بْنَ سَعِيدٍ يَقُوْلُ حَدَّثَنِي اَبُوْ سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ قَالَ: اِنِّي لَفِي حَلْقَةٍ فِيهَا اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ جَالِسًا اِذْ جَاءَ اَبُوْ مُوسَى الْاَشْعَرِيُّ مَذْعُوْرًا اَوْ قَالَ فَزِعًا فَقُلْنَا: مَا شَاْنُكَ؟ قَالَ: اِنَّ عُمَرَ بَعَثَ اِلَيَّ فِي بَعْضِ الْحَاجَةِ فَاَتَيْتُهُ فَاسْتَاْذَنْتُ ثَلَاثًا فَلَمْ يُؤْذَنْ لِي فَرَجَعْتُ فَرَآنِي بَعْدَ ذٰلِكَ فَقَالَ مَا لَكَ لَمْ تَاْتِنِي فَقُلْتُ قَدْ جِئْتُ فَاسْتَاْذَنْتُ ثَلَاثًا فَلَمْ يُؤْذَنْ لِي فَرَجَعْتُ وَقُلْتُ لَهُ اِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِذَا اسْتَاْذَنَ اَحَدُكُمْ ثَلَاثًا فَلَمْ يُؤْذَنْ لَهُ فَلْيَرْجِعْ ۔ فَقَالَ عُمَرُ: لَتَاْتِيَنِّي عَلٰى مَا قُلْتَ بِبَيِّنَةٍ اَوْ لَاَفْعَلَنَّ بِكَ وَلَاَفْعَلَنَّ ۔ فَقَالَ لِي اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ: لَا يَقُوْمُ مَعَكَ اِلَّا اَصْغَرُ الْقَوْمِ ۔ قَالَ اَبُوْ سَعِيدٍ: فَكُنْتُ اَنَا اَصْغَرَ الْقَوْمِ فَاَتَيْتُ عُمَرَ فَحَدَّثْتُهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اسْتَاْذَنَ اَحَدُكُمْ ثَلَاثًا فَلَمْ يُؤْذَنْ لَهُ فَلْيَرْجِعْ ۔

ہیں کہ ایک دفعہ میں ایک مجلس میں شریک تھا۔ جس میں حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بھی تشریف رکھتے تھے تو حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ گھبرائے ہوئے آئے۔ ہم نے ان سے پوچھا: آپ کو کیا ہوا ہے؟ تو وہ کہنے لگے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھے کسی کام کے لیے بلوایا۔ جب میں ان کے پاس آیا تو میں نے تین دفعہ اندر آنے کی اجازت مانگی جب مجھے اجازت نہیں ملی تو میں واپس آ گیا۔ میں نے انہیں بتایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ ''جب کوئی آدمی تین مرتبہ اجازت مانگے اور اسے اجازت نہ دی جائے تو وہ واپس چلا جائے۔'' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے جو بات بیان کی ہے یا تو اس کا کوئی ثبوت لے کر آؤ ورنہ پھر میں تمہیں سخت سزا دوں گا۔ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: تمہارے ساتھ وہ شخص جائے گا جو لوگوں میں سب سے چھوٹا ہے۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں چونکہ وہاں سب سے چھوٹا تھا۔ تو میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور انہیں یہ بات بتائی کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ فرمایا ہے کہ ''جب کوئی آدمی تین دفعہ اجازت مانگے اور اسے اجازت نہ ملے تو وہ واپس چلا جائے۔''

769- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ بْنِ اَبِي حَسَنٍ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''پانچ اونٹوں

سنن ابن ماجه، باب ما جاء فیمن ترك الصلاة، جلد 1، صفحه 342، رقم: 1079

مسند امام احمد بن حنبل، حدیث بریدة الاسلمی رضی الله عنه، جلد 5، صفحه 346، رقم: 22987

769- سنن ترمذی، باب ما جاء فی ترك الصلاة، جلد 5، صفحه 14، رقم: 2622

المستدرك للحاکم، کتاب الایمان، جلد 1، صفحه 48، رقم: 12

الْمَازِنِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبِيْ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ، وَلَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ صَدَقَةٌ، وَلَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ اَوَاقٍ صَدَقَةٌ .

سے کم میں زکوۃ نہیں ہوتی اور پانچ وسق سے کم غلے میں زکوۃ نہیں اور پانچ اوقیہ سے کم میں صدقہ نہیں۔''

قَالَ سُفْيَانُ: وَكَانَ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ وَيَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ يَرْوِيَانِ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى .

سفیان کہتے ہیں کہ حضرت عمرو بن دینار اور یحییٰ بن سعید نے یہ روایت ازعمرو بن یحییٰ بیان کی ہے۔

770- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ سُلَيْمٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْغُسْلُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَاجِبٌ عَلٰى كُلِّ مُحْتَلِمٍ .

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جمعہ کے دن غسل کرنا ہر بالغ پر لازم ہے۔''

771- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي الْعَلَاءُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَعْقُوْبَ مَوْلَى الْحُرَقَةِ قَالَ سَمِعْتُ اَبِيْ يَقُوْلُ: اَتَيْتُ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ فَسَاَلْتُهُ هَلْ سَمِعْتَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْاِزَارِ شَيْئًا؟ فَقَالَ: نَعَمْ هَلُمَّ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت علاء بن عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں کہ میں نے اپنے والد کو بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور میں نے ان سے پوچھا: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ کو تہبند کے بارے میں کچھ فرماتے ہوئے سنا ہے؟ تو انہوں نے کہا: ہاں! میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے

770- سنن ترمذی، باب ما جاء ان اوّل ما يحاسب به العبد يوم القيامة الصلاة، جلد 2، صفحه 269، رقم: 413

السنن الكبرىٰ للبيهقى، باب ما روى فى اتمام الفريضة من التطوع فى الآخرة، جلد 2، صفحه 387، رقم: 4171

سنن الدارمى، باب اوّل ما يحاسب به العبد يوم القيامة، جلد 1، صفحه 361، رقم: 1355

سنن النسائى، باب المحاسبة على الصلاة، جلد 1، صفحه 232، رقم: 465

771- صحيح مسلم، باب الامر بالسكون فى الصلاة والنهى عن الاشارة باليد، جلد 2، صفحه 29، رقم: 996

سنن ابوداؤد، باب تسوية الصفوف المقدمه، جلد 3، صفحه 101، رقم: 5394

سنن ابوداؤد، باب تسوية الصفوف، جلد 1، صفحه 249، رقم: 661

سنن ابن ماجه، باب اقامة الصفوف، جلد 1، صفحه 317، رقم: 992

يَقُوْلُ: اِزْرَةُ الْمُؤْمِنِ اِلٰى اَنْصَافِ سَاقَيْهِ، لَا جُنَاحَ عَلَيْهِ فِيْمَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْكَعْبَيْنِ، مَا اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ فِي النَّارِ، لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِلٰى مَنْ جَرَّ اِزَارَهُ بَطَرًا .

سنا ہے کہ ''مومن کا تہہ بند اس کی نصف پنڈلی تک ہے اور اس پر کوئی گناہ نہیں ہوگا جو اس کی آدھی پنڈلی اور ٹخنوں کے درمیان ہو۔ البتہ جو ٹخنوں سے نیچے ہوگا وہ جہنم میں ہوگا اور اللہ تعالیٰ اس آدمی کی طرف نظر رحمت نہیں فرمائے گا جو بطور تکبر اپنے تہہ بند کو لٹکائے گا۔''

772- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا سُهَيْلُ بْنُ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ بَشِيْرٍ عَنْ سَعِيْدٍ الْاَعْشَى عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ كَانَ لَهُ ثَلَاثُ بَنَاتٍ اَوْ ثَلَاثُ اَخَوَاتٍ اَوِ ابْنَتَانِ اَوْ اُخْتَانِ فَاَحْسَنَ صُحْبَتَهُمْ، وَصَبَرَ عَلَيْهِنَّ وَاتَّقَى اللّٰهَ فِيْهِنَّ دَخَلَ الْجَنَّةَ .

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جس آدمی کی تین بیٹیاں ہوں یا تین بہنیں ہوں، یا دو بیٹیاں ہوں یا دو بہنیں ہوں اور وہ ان کے ساتھ اچھا سلوک کرے اور صبر سے کام لے اور ان کے متعلق اللہ تعالیٰ سے ڈرے تو وہ آدمی جنت میں داخل ہوگا۔''

773- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ وَاَبُوْ عُمَيْرٍ: الْحَارِثُ بْنُ عُمَيْرٍ اَنَّهُمَا سَمِعَا مِنْ اَبِيْ طُوَالَةَ يُحَدِّثُ عَنْ نَهَارٍ الْعَبْدِيِّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَيَسْاَلُ الْعَبْدَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى يَقُوْلَ مَا مَنَعَكَ اِذْ رَاَيْتَ الْمُنْكَرَ فِي الدُّنْيَا اَنْ تُنْكِرَهُ، فَاِذَا لَقَّنَ اللّٰهُ عَزَّ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''بے شک اللہ عزوجل بروز قیامت بندے سے پوچھے گا: تم کیوں نہیں رکے جن چیزوں سے میں نے تمہیں روکا؟ پھر جب اللہ عزوجل بندے کو اس کی دلیل کی تلقین کرے گا تو وہ بندہ عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! میں نے تجھ سے امید رکھی اور میں لوگوں سے ڈر گیا تھا۔''

772- سنن ابوداؤد، باب من يستحب ان يلى الامام فى الصف وكراهية التاخر، جلد 1، صفحه 253، رقم: 676

السنن الكبرىٰ للبيهقى، باب ما جاء فى فضل ميمنة الصف، جلد 3، صفحه 103، رقم: 5404

صحيح ابن حبان، باب فرض متابعة الامام، جلد 5، صفحه 533، رقم: 2160

773- صحيح مسلم، باب تسوية الصفوف واقامتها وفضل الاوّل، جلد 2، صفحه 32، رقم: 1013

سنن ابوداؤد، باب صف النساء كراهية التاخر عن الصف الاوّل، جلد 1، صفحه 253، رقم: 678

السنن الكبرىٰ للبيهقى، باب لا ياتم الرجل بامراة، جلد 1، صفحه 435، رقم: 224

سنن النسائى، ذكر خير صفوف النساء وشر صفوف الرجال، جلد 1، صفحه 289، رقم: 894

وَجَلَّ عَبْدَهُ حُجَّتَهُ الْقَالَ يَا رَبِّ رَجَوْتُكَ وَخِفْتُ النَّاسَ.

774- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ أَنَّهُ سَمِعَ عِيَاضَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي سَرْحٍ الْعَامِرِيَّ يَقُولُ سَمِعْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ: إِنَّ أَخْوَفَ مَا أَخَافُ عَلَيْكُمْ مَا يُخْرِجُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ نَبَاتِ الْأَرْضِ وَزَهْرَةِ الدُّنْيَا. قَالَ فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ وَهَلْ يَأْتِي الْخَيْرُ بِالشَّرِّ؟ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ. قَالَ: فَسَكَتَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى رَأَيْنَا أَنَّهُ يُنْزَلُ عَلَيْهِ - وَكَانَ إِذَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ غَشِيَهُ بُهْرٌ أَوْ عَرَقٌ - فَلَمَّا سُرِّيَ عَنْهُ قَالَ: أَيْنَ السَّائِلُ؟ فَقَالَ: هَا أَنَا ذَا يَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ أُرِدْ إِلَّا خَيْرًا. فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْخَيْرَ لَا يَأْتِي إِلَّا بِالْخَيْرِ، إِنَّ الْخَيْرَ لَا يَأْتِي إِلَّا بِالْخَيْرِ، إِنَّ الْخَيْرَ لَا يَأْتِي إِلَّا بِالْخَيْرِ، وَلَكِنَّ الدُّنْيَا خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ وَكُلُّ مَا يُنْبِتُ الرَّبِيعُ يَقْتُلُ حَبَطًا أَوْ يُلِمُّ إِلَّا آكِلَةَ الْخَضِرِ تَأْكُلُ حَتَّى إِذَا امْتَدَّتْ خَاصِرَتَاهَا اسْتَقْبَلَتِ الشَّمْسَ فَثَلَطَتْ أَوْ بَالَتْ، ثُمَّ عَادَتْ فَأَكَلَتْ ثُمَّ أَفَاضَتْ فَاجْتَرَّتْ، مَنْ أَخَذَ مَالًا بِحَقِّهِ بُورِكَ لَهُ فِيهِ، وَمَنْ أَخَذَ مَالًا بِغَيْرِ حَقِّهِ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيهِ، وَكَانَ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے منبر پر یہ ارشاد فرمایا: "مجھے تمہارے متعلق سب سے زیادہ ڈر اس بات کا ہے کہ اللہ عزوجل تمہارے لیے زمین کے نباتات اور دنیاوی زیب و زینت کو ظاہر کردے گا۔" آپ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک آدمی نے کھڑے ہو کر عرض کی: یا رسول اللہ! کیا بھلائی برائی کو لے کر آئے گی؟ انہوں نے تین مرتبہ یہ بات عرض کی۔ راوی کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ خاموش رہے، حتیٰ کہ ہمیں یہ محسوس ہوا کہ آپ پر وحی نازل ہو رہی ہے۔ کیونکہ آپ پر جب وحی نازل ہوتی تو آپ کا سانس پھول جاتا تھا اور آپ کو پسینہ آجاتا۔ جب آپ کی یہ کیفیت ختم ہوئی تو آپ نے فرمایا: سائل کہاں ہے؟ اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں یہاں ہوں، میں نے صرف بھلائی کا ارادہ کیا تھا۔ تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "بھلائی صرف بھلائی کو لے کر آتی ہے بے شک بھلائی صرف بھلائی ہی کو لے کر آتی ہے بے شک بھلائی صرف بھلائی ہی کو لے کر آتی ہے لیکن دنیا سرسبز اور میٹھی ہے، موسم بہار جو کچھ اگاتا ہے اس کے نتیجے میں بعض جانور زیادہ کھانے کی وجہ سے مر جاتے ہیں اور بعض موت کے قریب پہنچ جاتے ہیں۔ سوائے سبزہ کھانے والے کے' کیونکہ وہ اسے کھاتا ہے تو اس کے

774- صحیح مسلم' باب تسویة الصفوف واقامتها وفضل الاوّل' جلد 2' صفحه 31' رقم:1010

السنن الکبریٰ للبیهقی' باب کراهیة التاخر عن الصفوف المقدمه' جلد 4' صفحه 103' رقم:5402

سنن ابن ماجه' باب من یستحب أن یلی الامام' جلد 1' صفحه 313' رقم:978

كَالَّذِي يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ، وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى. قَالَ سُفْيَانُ: كَثِيرًا مَا كَانَ الْأَعْمَشُ يَسْتَعِيدُنِي هَذَا الْحَدِيثَ كُلَّمَا جِئْتُهُ.

پہلو پھول جاتے ہیں' وہ دھوپ میں آتا ہے وہاں مینگنیاں کرتا ہے' پیشاب کرتا ہے' پھر واپس جاتا ہے پھر کھاتا ہے' پھر روانہ ہوتا ہے اور جگالی کرتا ہے' تو جو شخص مال کو اس کے حق کے ساتھ حاصل کرتا ہے' اس کے لیے اس مال میں برکت رکھ دی جاتی ہے اور جو شخص مال کو ناحق لیتا ہے تو اس کے لیے اس مال میں برکت نہیں رکھی جاتی اور اس کی مثال اس آدمی کی ہے جو کھانے کے باوجود سیر نہیں ہوتا اور اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہوتا ہے۔" سفیان کہتے ہیں کہ میں جب بھی اعمش کے پاس گیا انہوں نے مجھ سے بار بار یہی روایت سنانے کی درخواست کی۔

775- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ قَالَ حَدَّثَنَا عِيَاضُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي سَرْحٍ قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ جَاءَ وَمَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَقَامَ يُصَلِّي الرَّكْعَتَيْنِ فَجَاءَ إِلَيْهِ الْأَحْرَاسُ لِيُجْلِسُوهُ فَأَبَى أَنْ يَجْلِسَ حَتَّى صَلَّى الرَّكْعَتَيْنِ، فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ أَتَيْنَاهُ فَقُلْنَا لَهُ: يَا أَبَا سَعِيدٍ كَادَ هَؤُلَاءِ أَنْ يَفْعَلُوا بِكَ. فَقَالَ أَبُو سَعِيدٍ: مَا كُنْتُ لِأَدَعَهُمَا لِشَيْءٍ بَعْدَ شَيْءٍ رَأَيْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَاءَ رَجُلٌ وَهُوَ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ بِهَيْئَةٍ بَذَّةٍ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَصَلَّيْتَ؟

حضرت عیاض بن عبداللہ بن سعد بن ابی سرح روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کو آتے دیکھا' مروان اس وقت جمعہ کے دن کا خطبہ دے رہا تھا' وہ کھڑا ہوا۔ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ دو رکعت پڑھنے کے لیے کھڑے ہوئے' سپاہی ان کے پاس آئے تاکہ انہیں زبردستی بٹھا دیں تو انہوں نے بیٹھنے سے انکار کر دیا اور دو رکعت پڑھیں' جب انہوں نے نماز مکمل کر لی تو میں ان کے پاس آیا' میں نے ان سے کہا: اے حضرت ابوسعید! قریب تھا کہ یہ لوگ آپ سے کوئی بدتمیزی کرتے۔ تو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بولے: میں نے ان کے متعلق رسول اللہ ﷺ سے جو کچھ دیکھا ہے اس کے بعد میں کسی اور وجہ سے ان دو رکعت کو نہیں چھوڑوں گا' مجھے رسول اللہ ﷺ کے

775- صحیح بخاری' باب اقامة الصف من تمام الصلاة' جلد 1' صفحه 145' رقم:723

صحیح مسلم' باب تسویة الصفوف واقامتها' جلد 2' صفحه 30' رقم:1003

قَالَ: لَا. قَالَ: فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ . ثُمَّ حَثَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ عَلَى الصَّدَقَةِ، فَأَلْقَى النَّاسُ ثِيَابًا فَأَعْطَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّجُلَ مِنْهَا ثَوْبَيْنِ، فَلَمَّا جَاءَتِ الْجُمُعَةُ الْأُخْرَى جَاءَ الرَّجُلُ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : هَلْ صَلَّيْتَ رَكْعَتَيْنِ . قَالَ: لَا. قَالَ: فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ . ثُمَّ حَثَّ النَّاسَ عَلَى الصَّدَقَةِ، فَأَلْقَوْا ثِيَابًا فَلَمَّا جَاءَتِ الْجُمُعَةُ الْأُخْرَى جَاءَ الرَّجُلُ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : هَلْ صَلَّيْتَ رَكْعَتَيْنِ؟ . قَالَ: لَا. قَالَ: فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ . ثُمَّ حَثَّ النَّاسَ عَلَى الصَّدَقَةِ فَأَلْقَوْا ثِيَابًا فَطَرَحَ الرَّجُلُ أَحَدَ ثَوْبَيْهِ فَصَاحَ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: خُذْهُ . فَأَخَذَهُ ثُمَّ قَالَ: انْظُرُوا إِلَى هٰذَا جَاءَ تِلْكَ الْجُمُعَةَ بِهَيْئَةٍ بَذَّةٍ فَأَمَرْتُ النَّاسَ بِالصَّدَقَةِ، فَأَلْقَوْا ثِيَابًا فَأَعْطَيْتُهُ مِنْهَا ثَوْبَيْنِ، فَلَمَّا جَاءَتْ هٰذِهِ الْجُمُعَةُ أَمَرْتُ النَّاسَ بِالصَّدَقَةِ فَأَلْقَى أَحَدَ ثَوْبَيْهِ . قَالَ سُفْيَانُ يَقُولُ: لَا صَدَقَةَ إِلَّا عَنْ ظَهْرِ غِنًى، وَلَا غِنًى بِهٰذَا عَنْ ثَوْبَيْهِ.

بارے میں یاد ہے کہ ایک شخص آیا اور آپ اس وقت جمعہ کے دن خطبہ دے رہے تھے تو وہ اس وقت عام سی حالت میں مسجد میں داخل ہوا تو نبی اکرم ﷺ نے اس سے پوچھا: کیا تم نے نماز پڑھ لی ہے؟

تو اس نے عرض کی: نہیں! تو آپ نے فرمایا: ”تم دو رکعات پڑھو۔“ پھر رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کو صدقہ دینے کی ترغیب دی تو لوگوں نے اپنے کپڑے ڈال دیئے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس آدمی کو ان کپڑوں میں سے دو کپڑے عطا فرمائے۔ جب اگلا جمعہ آیا تو ایک آدمی آیا۔ نبی اکرم ﷺ اس وقت خطبہ دے رہے تھے تو نبی اکرم ﷺ نے پوچھا: کیا تم نے دو رکعات پڑھ لی ہیں؟ اس نے عرض کی: ”نہیں!“ تو آپ نے فرمایا: تم دو رکعات پڑھ لو۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کو صدقہ کرنے کی ترغیب دی۔ لوگوں نے اپنے کپڑے پیش کیے تو اس آدمی نے اپنے دو کپڑوں میں سے ایک کپڑا بھی وہاں رکھ دیا۔ تو آپ نے بلند آواز میں اسے پکارا اور فرمایا: تم اسے واپس لے لو پس اس نے اسے لے لیا۔ پھر ارشاد فرمایا: ”اس آدمی کو دیکھو۔ یہ اس دن برے حال میں جمعہ کے دن آیا تھا۔ میں نے لوگوں کو صدقہ کی ترغیب دی۔ لوگوں نے اپنے کپڑے پیش کیے تو میں نے اس میں سے دو کپڑے اسے دے دیئے۔ اب جب یہ اس جمعہ کو آیا ہے تو میں نے لوگوں کو صدقہ کرنے کا حکم دیا ہے۔ تو اس نے دو میں سے ایک کپڑا دے دیا ہے۔“ سفیان کہا کرتے تھے کہ صدقہ وہ ہوتا ہے جو

سنن ابوداؤد، باب تسوية الصفوف، جلد 1، صفحه 251، رقم:668

مسند امام احمد، مسند انس بن مالك، جلد 3، صفحه 279، رقم:14001

دینے کے بعد بھی آدمی خوشحال رہے اور وہ شخص اگر کپڑا دے دیتا تو پھر اس کے پاس خوشحالی نہ رہتی۔

776- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ أَنَّهُ سَمِعَ عِيَاضَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ سَمِعْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُ: مَا كُنَّا نُخْرِجُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي زَكَاةِ الْفِطْرِ إِلَّا صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ، أَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيرٍ، أَوْ صَاعًا مِّنْ أَقِطٍ.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے دورِ اقدس میں ہم صدقۂ فطر میں کھجور کا ایک صاع (دو سیر چودہ چھٹانک چار تولہ۔ المنجد) یا پنیر کا ایک صاع دیا کرتے تھے۔

777- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ حَدَّثَنِي أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ فَيَغْزُو فِيهِ فِئَامٌ مِّنَ النَّاسِ فَيُقَالُ: هَلْ فِيكُمْ مَنْ صَحِبَ رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَيُقَالُ: نَعَمْ، فَيُفْتَحُ لَهُمْ، ثُمَّ يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ فَيَغْزُو فِيهِ فِئَامٌ مِّنَ النَّاسِ فَيُقَالُ لَهُمْ: هَلْ فِيكُمْ مَنْ صَحِبَ أَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ؟ فَيُقَالُ لَهُمْ: نَعَمْ، فَيُفْتَحُ لَهُمْ، ثُمَّ يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ فَيَغْزُو فِيهِ فِئَامٌ مِّنَ النَّاسِ فَيُقَالُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے مجھ سے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا: ”لوگوں پر ایک ایسا زمانہ بھی آئے گا جس میں بہت سے لوگ جنگ میں حصہ لیں گے تو یہ کہا جائے گا کیا تمہارے درمیان کوئی ایسا آدمی موجود ہے جو رسول اللہ ﷺ کا صحابی ہو؟ تو کہا جائے گا: ہاں! تو ان لوگوں کو فتح نصیب ہوگی۔ پھر لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا جب بہت سے لوگ جنگ میں حصہ لینے کے لیے جائیں گے، تو ان سے کہا جائے گا: کیا تم میں کوئی ایسا شخص ہے جو رسول اللہ کے صحابہ کرام کے

776- صحيح بخاری، باب اقبال الامام على الناس عند تسوية الصفوف، جلد 1، صفحه 145، رقم:719

صحيح مسلم، باب تسوية الصفوف واقامتها، جلد 2، صفحه 31، رقم:1006

السنن الكبرىٰ للبيهقي، باب لا يكبر الامام حتى يامر بتسوية الصفوف، جلد 2، صفحه 21، رقم:2381

سنن النسائی، باب حث الامام على رص الصفوف والمقاربة بينهما، جلد 2، صفحه 92، رقم:814

777- سنن ابوداؤد، باب تسوية الصفوف، جلد 1، صفحه 250، رقم:664

السنن الكبرىٰ للبيهقي، باب فضل الصف الاوّل، جلد 3، صفحه 103، رقم:5401

سنن النسائی، باب كيف يقوم الامام الصفوف، جلد 1، صفحه 287، رقم:885

مصنف عبد الرزاق، باب الصفوف، جلد 2، صفحه 45، رقم:2431

لَهُمْ: هَلْ فِيكُمْ مَنْ صَحِبَ مَنْ صَاحَبَ اَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ؟ فَيُقَالُ: نَعَمْ، فَيُفْتَحُ لَهُمْ.

ساتھ رہا ہو؟ تو انہیں کہا جائے گا: ہاں! تو انہیں بھی فتح نصیب ہوگی، پھر لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا جس میں بہت سے لوگ جنگ کرنے کے لیے جائیں گے تو پوچھا جائے گا: کیا تمہارے درمیان کوئی ایسا شخص ہے جس نے رسول اللہ ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہ کے ساتھیوں کو پایا ہو تو کہا جائے گا: ہاں! تو انہیں بھی فتح نصیب ہوگی۔"

778- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ صَالِحٍ السَّمَّانُ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ يُحَدِّثُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلدِّرْهَمُ بِالدِّرْهَمِ وَالدِّيْنَارُ بِالدِّيْنَارِ مِثْلًا بِمِثْلٍ لَيْسَ بَيْنَهُمَا فَضْلٌ.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: درہم کے بدلے درہم اور دینار کے بدلے دینار کا برابر لین دین کیا جائے گا اور اس میں کوئی اضافہ نہیں ہوگا۔

779- فَقُلْتُ لِاَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ فَاِنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ لَا يَرٰى بِهٖ بَاْسًا. فَقَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ: قَدْ لَقِيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقُلْتُ لَهٗ اَخْبِرْنِيْ عَنْ هٰذَا الَّذِيْ تَقُوْلُهٗ اَشَيْءٌ وَّجَدْتَهٗ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ؟ اَوْ شَيْءٌ سَمِعْتَهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: مَا وَجَدْتُهٗ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ وَلَا سَمِعْتُهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ

راوی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے عرض کی کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما تو اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے ہیں۔ پھر حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ملا ہوں' میں نے ان سے کہا: آپ مجھے اس کے بارے میں بتائیے جو آپ کہتے ہیں'

778- سنن ابوداؤد' باب تسوية الصفوف' جلد 1' صفحه 251' رقم:666

السنن الكبرىٰ للبيهقي' باب اقامة الصفوف وتسويتها' جلد 3' صفحه 101' رقم:5391

سنن النسائي' باب من وصل صفا' جلد 2' صفحه 93' رقم:819

مسند امام احمد' مسند عبد الله بن عمر' جلد 2' صفحه 97' رقم:5724

779- سنن ابوداؤد' باب تسوية الصفوف' جلد 1' صفحه 251' رقم:667

السنن الكبرىٰ للبيهقي' باب اقامة الصفوف وتسويتها' جلد 3' صفحه 100' رقم:5384

سنن النسائي' باب حث الامام على رص الصفوف والمقاربة بينها' جلد 2' صفحه 92' رقم:815

مسند امام احمد بن حنبل' مسند انس بن مالك رضي الله عنه ' جلد 3' صفحه 260' رقم:1376

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَاَنْتُمْ اَعْلَمُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنِّيْ، وَلٰكِنْ اَخْبَرَنِيْ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلرِّبَا فِي النَّسِيْئَةِ.

کیا آپ نے اس کے متعلق اللہ کی کتاب میں کوئی حکم پایا ہے یا پھر رسول اللہ ﷺ سے اس بارے کچھ سنا ہے۔ تو انہوں نے کہا کہ میں نے اللہ کی کتاب میں اس کے متعلق کوئی حکم نہیں پایا ہے اور نہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس بارے کچھ سنا ہے اور آپ رسول اللہ ﷺ کے متعلق مجھ سے زیادہ جانتے ہیں لیکن حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بتایا تھا کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا: "سود، ادھار میں ہے۔"

780- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ضَمْرَةُ بْنُ سَعِيْدٍ الْمَازِنِيُّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ عُمَرَ بِحَدِيْثِ الصَّرْفِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَاءَ ابْنُ عُمَرَ فَسَاَلَهٗ عَنْهُ وَاَنَا حَاضِرٌ. قَالَ سُفْيَانُ: لَا اَحْفَظُ شَيْئًا فِيْهِ اِلَّا اَنَّهٗ نَحْوٌ مِّمَّا يُحَدِّثُ النَّاسُ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الذَّهَبِ بِالذَّهَبِ مِثْلًا بِمِثْلٍ وَالْوَرِقِ بِالْوَرِقِ مِثْلًا بِمِثْلٍ.

حضرت ضمرہ بن سعید مازنی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بیع صرف کے متعلق رسول اللہ ﷺ کی حدیث بیان کرتے ہوئے سنا اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ آئے اور انہوں نے ان سے اس کے متعلق سوال کیا اور میں اس وقت موجود تھا۔ سفیان کہتے ہیں کہ اس کے متعلق مجھے تو صرف یہی بات یاد ہے کہ یہ اسی کی مثل حدیث تھی۔ جو لوگوں نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے اور انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے بیان کی ہے کہ سونے کے بدلے میں سونے کا لین دین برابر ہوگا اور چاندی کے بدلے میں چاندی کا لین دین برابر ہوگا۔

781- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے

780- سنن ابوداؤد' باب في كراهية انشار الغالة في المسجد' جلد 1' صفحه 177' رقم:473

صحيح مسلم' باب النهي عن نشد الغالة في المسجد وما يقوله من سمع الناشد' جلد 2' صفحه 82' رقم:1288

السنن الصغرىٰ' باب اللقيط' جلد 2' صفحه 168' رقم:2362

صحيح ابن حبان' باب المساجد' جلد 4' صفحه 529' رقم:1651

781- سنن ترمذي' باب ما جاء في كراهية الحلف بغير الله' جلد 3' صفحه 46' رقم:1535

قَالَ حَدَّثَنِيهِ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: أَوْقَفْتُ جَارِيَةً لِي أَبِيعُهَا فِي سُوقِ بَنِي قَيْنُقَاعٍ فَجَاءَنِي رَجُلٌ مِنَ الْيَهُودِ فَقَالَ: يَا أَبَا سَعِيدٍ مَا هَذِهِ الْجَارِيَةُ؟ قُلْتُ: جَارِيَةٌ لِي أَبِيعُهَا قَالَ فَلَعَلَّكَ أَنْ تَبِيعَهَا وَفِي بَطْنِهَا مِنْكَ سَخْلَةٌ. قُلْتُ: إِنِّي كُنْتُ أَعْزِلُ عَنْهَا. قَالَ: فَإِنَّ تِلْكَ الْمَوْءُودَةُ الصُّغْرَى. فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهُ. فَقَالَ: كَذَبَتْ يَهُودُ، وَلَا عَلَيْكُمْ أَلَّا تَفْعَلُوا.

ہیں کہ میں اپنی ایک لونڈی کو لے کر بنو قینقاع کے بازار میں آ گیا تا کہ میں اس کو بیچ دوں تو ایک یہودی میرے پاس آیا اور کہنے لگا: اے ابوسعید! یہ لڑکی یہاں کس لیے ہے؟ میں نے کہا: یہ میری لونڈی ہے میں اسے بیچنا چاہتا ہوں۔ تو وہ کہنے لگا: تم اسے ایسی حالت میں بیچ رہے ہو کہ جب اس کے پیٹ میں تمہاری اولاد ہے۔ تو میں نے کہا: میں تو اس سے عزل کیا کرتا تھا' تو وہ کہنے لگا: یہ زندہ قبر میں گاڑنے والے کی جھوٹی قسم ہے۔ پس میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا میں نے اس کا تذکرہ آپ سے کیا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہودیوں نے غلط کہا ہے لیکن اگر تم ایسا نہ کرو تو تم پر کوئی حرج بھی نہیں۔

782- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ قَزَعَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ: أَنَّ الْعَزْلَ ذُكِرَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَلِمَ يَفْعَلُ ذَلِكَ أَحَدُكُمْ. وَلَمْ يَقُلْ: فَلَا يَفْعَلْ ذَلِكَ أَحَدُكُمْ: فَإِنَّهَا لَيْسَتْ نَفْسٌ مَخْلُوقَةٌ إِلَّا اللَّهُ خَالِقُهَا.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کے سامنے عزل کا ذکر کیا گیا۔ تو آپ نے فرمایا: تم میں سے کوئی ایسا کیوں کرتا ہے؟ اور آپ نے یہ ارشاد نہیں فرمایا کہ کوئی شخص ایسا نہ کرے۔ ''کیونکہ جس جان نے بھی پیدا ہونا ہوتا ہے' اس کا پیدا کرنے والا اللہ تعالیٰ ہی ہے۔''

783- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت جبیر بن نوف از حضرت ابوسعید خدری رضی

السنن الکبریٰ للبیهقی' باب کراهیة الحلف بغیر الله عزوجل' جلد 10' صفحه 29' رقم:20324
المستدرك للحاكم' كتاب الایمان والنذور' جلد 6' صفحه 38' رقم:7814
صحیح ابن حبان' كتاب الایمان' جلد 10' صفحه 199' رقم:4358
782- صحيح بخاري' كتاب الهبة وفضلهما والتحريض عليها' جلد 3' صفحه 153' رقم:2566
صحیح مسلم' باب الحث على الصدقة ولو بالقليل ولا تمتع من القليل' جلد 3' صفحه 93' رقم:2426
مسند امام احمد' مسند ابی هريرة رضى الله عنه ' جلد 2' صفحه 307' رقم:8052
مسند الحارث' باب ما بذل ما ينتفع به وان قل' صفحه 138' رقم:297
مسند البزار' مسند ابی هريرة رضى الله عنه ' جلد 2' صفحه 435' رقم:8436
783- صحيح بخاري' باب ما يمنع جار جاره ان يغرز خشبه في جداره ' جلد 3' صفحه 132' رقم:2463

قَالَ حَدَّثَنَا مُجَالِدٌ عَنْ أَبِي الْوَدَّاكِ: جَبْرِ بْنِ نَوْفٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ.

اللہ عنہ از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

784- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى تَقْتَتِلَ فِئَتَانِ عَظِيمَتَانِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ دَعْوَاهُمَا وَاحِدَةٌ، أَوْلَاهُمَا بِالْحَقِّ الَّتِي تَغْلِبُ، فَبَيْنَمَا هُمْ كَذَلِكَ إِذْ مَرَقَتْ مِنْهُمْ مَارِقَةٌ يَمْرُقُونَ مِنَ الدِّينِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: قیامت اس وقت تک نہیں آئے گی جب تک مسلمانوں کے دو بڑے گروہ آپس میں لڑیں گے نہیں اور ان دونوں کا دعویٰ ایک ہوگا اور ان میں حق کے سب سے زیادہ قریب وہ ہوگا جو غالب آ جائے گا' ابھی وہ لوگ اسی حالت میں ہوں گے کہ ان میں سے ایک جماعت نکل جائے گی اور وہ لوگ دین سے یوں نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے۔

785- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں

صحیح مسلم' باب غرر الخشب في جدار الجار' جلد 5' صفحه 57' رقم:4215
سنن الکبریٰ للبیهقی' باب من قضی فیما بین الناس بما فیه صلاحهم' جلد 6' صفحه 137' رقم:11228
مسند امام احمد بن حنبل' حديث مجمع بن يزيد رضى الله عنه ' جلد 3' صفحه 479' رقم:15980
معرفة الصحابة ' من اسمه مجمع بن يزيد' جلد 6' صفحه 479' رقم:5567
784- صحيح بخاري' باب اى الجور اقرب' جلد 3' صفحه 88' رقم:2259
مستدرك للحاكم' كتاب البر والصلة ' جلد 6' صفحه 149' رقم:7309
الآداب للبيهقي' باب في الاحسان الى الجيران' جلد 1' صفحه 36' رقم:67
المعجم الكبير للطبراني' من اسمه معاوية بن الحكم السلمي' جلد 1' صفحه 421' رقم:16689
مسند امام احمد بن حنبل' حديث السيدة عائشه رضى الله عنها' جلد 6' صفحه 239' رقم:26068
785- صحيح بخاري' باب من وصل وصله الله ' جلد 5' صفحه 2232' رقم:5641
صحيح مسلم' باب صلة الرحم وتحريم قطعيتها' جلد 8' صفحه 7' رقم:6682
سنن الکبریٰ للنسائی' سورة محمد' جلد 6' صفحه 461' رقم:11497
مستدرك للحاكم' باب قرأت النبی صلى الله عليه وسلم' جلد 3' صفحه 74' رقم:3005

قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ قَزَعَةُ عَنْ اَبِى سَعِيدٍ الْخُدْرِىّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ اِلَّا اِلٰى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَسْجِدِى هٰذَا وَمَسْجِدِ اِيْلِيَا . وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا تُسَافِرُ امْرَاَةٌ فَوْقَ ثَلَاثٍ اِلَّا وَمَعَهَا ذُو مَحْرَمٍ . وَنَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَلَاةٍ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ، وَعَنْ صَلَاةٍ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، وَنَهٰى عَنْ صِيَامِ يَوْمَيْنِ يَوْمِ الْاَضْحٰى وَيَوْمِ الْفِطْرِ .

کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: سفر صرف تین مسجدوں کی طرف کیا جائے' مسجد الحرام، میری یہ مسجد (یعنی مسجد نبوی شریف) اور مسجد (اقصیٰ) ایلیا' اور رسول اللہ ﷺ نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ عورت تین دن سے زیادہ کا سفر اپنے محرم کے بغیر نہ کرے اور رسول اللہ ﷺ نے عصر کی نماز کے بعد سورج غروب ہونے تک اور صبح کی نماز کے بعد سورج طلوع ہونے تک نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے اور آپ نے دو دن کے روزے رکھنے سے بھی منع فرمایا ہے' عیدالاضحیٰ اور عیدالفطر (ان دونوں دنوں میں روزہ رکھنا جائز نہیں ہے)۔

786- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عَتَّابُ بْنُ حُنَيْنٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِىَّ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَوْ حَبَسَ اللّٰهُ الْقَطْرَ عَنِ النَّاسِ سَبْعَ سِنِينَ ثُمَّ اَرْسَلَهُ لَاَصْبَحَتْ طَائِفَةٌ مِّنْهُمْ بِهٖ كَافِرِيْنَ يَقُوْلُوْنَ: مُطِرْنَا بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا مُطِرْنَا بِنَوْءِ الْمِجْدَحِ .

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ لوگوں پر سات سال تک بارش نازل نہ فرمائے اور پھر بارش نازل فرما دے تو لوگوں میں سے ایک گروہ پھر بھی اللہ تعالیٰ کا انکار کرتے ہوئے یہ کہے گا کہ فلاں، فلاں ستارے کی وجہ سے ہم پر بارش ہوئی ہے اور مجدع ستارے کی وجہ سے ہم پر بارش نازل ہوئی ہے۔

787- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ عَنْ اَبِىْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِىْ سَعِيدٍ الْخُدْرِىّ قَالَ: خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ الْعَصْرِ اِلٰى مُغَيْرِبَانِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے عصر کے بعد سے سورج غروب ہونے کے قریب تک ہمیں خطبہ ارشاد فرمایا اور آپ نے قیامت قائم ہونے والی ہر بڑی چیز کے بارے میں ہمیں

786- مسند البزار' مسند ابی حمزه عن انس بن مالك' جلد 3' صفحه 274' رقم:6252

مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی هريرة رضی الله عنه' جلد 2' صفحه 350' رقم:7979

كنز العمال' حرف الباء' جلد 12' صفحه 143' رقم:6924

787- صحيح مسلم' باب تسوية الصفوف واقامتها' جلد 2' صفحه 30' رقم:1000

المعجم الكبير للطبرانى' من اسمه عبد الله بن مسعود' جلد 10' صفحه 88' رقم:10061

الشَّمْسِ فَلَمْ يَبْقَ شَىْءٌ يَكُوْنُ اِلٰى قِيَامِ السَّاعَةِ اِلَّا اَخْبَرَنَا بِهٖ، عَلِمَهُ مَنْ عَلِمَهُ وَجَهِلَهُ مَنْ جَهِلَهُ، فَقَالَ: اِنَّ الدُّنْيَا خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ وَّاِنَّ اللّٰهَ مُسْتَخْلِفُكُمْ فِيهَا فَنَاظِرٌ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ، اَلَا فَاتَّقُوا الدُّنْيَا وَاتَّقُوا النِّسَاءَ اَلَا وَاِنَّ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءً يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِقَدْرِ غَدْرَتِهٖ وَلِوَاؤُهُ عِنْدَ اسْتِهٖ، اَلَا وَاِنَّ اَفْضَلَ الْجِهَادِ كَلِمَةُ حَقٍّ . وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ: كَلِمَةُ عَدْلٍ عِنْدَ ذِى سُلْطَانٍ جَائِرٍ . قَالَ: ثُمَّ بَكٰى اَبُوْ سَعِيدٍ وَقَالَ: فَكَمْ رَاَيْنَا مِنْ مُنْكَرٍ فَلَمْ نُنْكِرْهُ: اَلَا وَاِنَّ بَنِىْ اٰدَمَ خُلِقُوا عَلٰى طَبَقَاتٍ: فَمِنْهُمْ مَنْ يُّوْلَدُ مُؤْمِنًا وَيَحْيَى مُؤْمِنًا وَيَمُوْتُ مُؤْمِنًا، وَمِنْهُمْ مَنْ يُّوْلَدُ كَافِرًا وَيَحْيَى كَافِرًا وَيَمُوْتُ كَافِرًا، وَمِنْهُمْ مَنْ يُّوْلَدُ مُؤْمِنًا وَيَحْيَى مُؤْمِنًا وَيَمُوْتُ كَافِرًا، وَمِنْهُمْ مَنْ يُّوْلَدُ كَافِرًا وَيَحْيَى كَافِرًا وَيَمُوْتُ مُؤْمِنًا، وَمِنْهُمْ سَرِيعُ الْغَضَبِ سَرِيعُ الْفَيْءِ فَهٰذِهٖ بِتِلْكَ، وَمِنْهُمْ بَطِىءُ الْغَضَبِ بَطِىءُ الْفَيْءِ فَهٰذِهٖ بِتِلْكَ، اَلَا وَاِنَّ الْغَضَبَ جَمْرَةٌ مِّنَ النَّارِ، لِمَنْ وَجَدَهُ مِنْكُمْ وَكَانَ قَائِمًا فَلْيَجْلِسْ، وَاِنْ كَانَ جَالِسًا فَلْيَضْطَجِعْ .

بتا دیا۔ سو جس شخص کو اس کا علم ہے اُسے علم ہے اور جو شخص لاعلم رہا وہ لاعلم۔ آپ نے فرمایا: یہ دنیا بڑی رنگین ہے اور بے شک اللہ تعالیٰ نے اس میں تمہیں اپنا خلیفہ مقرر کیا ہے تاکہ وہ اس بات کو ظاہر کرے کہ تم کیسے عمل کرتے ہو؟ خبردار! دنیا سے بچنا اور عورتوں سے احتیاط کرنا' یاد رکھو! قیامت کے دن ہر غدار کے ایک ہاتھ میں جھنڈا ہوگا جو اس کی غداری کے مطابق ہوگا اور یہ جھنڈا اس کی سرین کے پاس ہوگا۔ یاد رکھو! سب سے افضل جہاد حق بات کہنا ہے اور کبھی فرمایا: ظالم حکمران کے سامنے انصاف کی بات کہنا ہے۔ (راوی بیان کرتے ہیں کہ) پھر حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ رونے لگے اور کہنے لگے کہ ہم نے کتنے ہی منہیات دیکھے لیکن ہم نے ان کا انکار نہیں کیا۔ ''سنو! اولادِ آدم کو مختلف گروہوں میں تقسیم کیا گیا ہے' ان میں سے کچھ لوگوں کو مومن پیدا کیا گیا ہے' وہ ایمان کی حالت میں ہی زندہ رہتے ہیں اور ایمان کی حالت میں ہی مرتے ہیں اور کچھ لوگوں کو کافر پیدا کیا گیا ہے' جو کفر پر ہی زندہ رہتے ہیں اور کفر پر ہی مرتے ہیں' کچھ لوگوں کو ایمان کی حالت میں پیدا کیا جاتا ہے وہ ایمان کی حالت میں زندہ رہتے ہیں اور کفر پر مرتے ہیں' کچھ لوگوں کو کافر پیدا کیا جاتا ہے وہ کفر پر زندہ رہتے ہیں لیکن مرتے ایمان پر ہیں' ان میں سے کچھ لوگ وہ ہیں جن کو غصہ جلدی آتا ہے اور ختم بھی جلدی ہو جاتا ہے' تو یہ برابر ہے' ان میں سے کچھ لوگ وہ ہیں جنہیں غصہ دیر سے آتا ہے اور ختم بھی دیر سے ہوتا ہے' یہ بھی برابر ہیں'

سنن الكبرى للبيهقى' باب الرجال يائمتون بالرجل ومعهم صبيان ونساء' جلد 3' صفحه 97' رقم:4942

المحرر فى الحديث لابن دقيق العيد' باب صلاة الجماعة' جلد 1' صفحه 249' رقم:385

یاد رکھو! غصہ کرنا آگ کا ایک انگارہ ہے' تو تم میں سے جو شخص اس کیفیت کو محسوس کرے اگر وہ کھڑا ہوا ہو تو بیٹھ جائے اور اگر بیٹھا ہوا ہو تو لیٹ جائے۔

788- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ الْاَحْوَلُ عَنْ اَبِى الْمُتَوَكِّلِ النَّاجِيِّ عَنْ اَبِىْ سَعِيدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِذَا اَتٰى اَحَدُكُمْ اَهْلَهُ فَاِنْ اَرَادَ اَنْ يَّعُوْدَ فَلْيَتَوَضَّاْ وُضُوْءَهُ لِلصَّلَاةِ ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب کوئی اپنی اہلیہ سے وظیفۂ زوجیت ادا کرے اور پھر اگر وہ دوبارہ ایسا کرنا چاہے تو نماز کے وضو کی طرح وضو کرلے۔

789- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُطَرِّفٌ عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ عَنْ اَبِىْ سَعِيدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : كَيْفَ اَنْعَمُ وَقَدِ الْتَقَمَ صَاحِبُ الْقَرْنِ الْقَرْنَ وَحَنَا جَبْهَتَهُ الْوَاصْغَى سَمْعَهُ، يَنْتَظِرُ مَتٰى يُؤْمَرُ . قَالُوْا : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَمَا تَاْمُرُنَا ؟ قَالَ : قُوْلُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ، عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں نعمتوں سے کیسے لطف اُٹھا سکتا ہوں جبکہ صور پھونکنے والے فرشتے نے صور کو اپنے منہ کے ساتھ لگایا ہوا ہے' اس کی پیشانی جھکی ہوئی ہے اور اس نے اپنی سماعت کو متوجہ کر رکھا ہے اور وہ اس بات کا انتظار کر رہا ہے کہ اسے کب حکم ہوتا ہے۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے لیے آپ کا کیا حکم ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: تم یہ پڑھا کرو کہ ”ہمارے لیے اللہ تعالیٰ ہی کافی ہے اور وہی بہترین کارساز

788- صحیح بخاری' باب کتاب الحاکم الی عماله والقاضی الی امنائه ' جلد 9' صفحه 75' رقم:7192

مسند امام احمد بن حنبل' مسند المدنیین' جلد 4' صفحه 3' رقم:16141

صحیح مسلم' باب القسامة ' جلد 5' صفحه 100' رقم:4441

سنن ابوداؤد' باب القسامة ' جلد 4' صفحه 300' رقم:4523

789- صحیح بخاری' باب الصلاة علی الشهید' جلد 2' صفحه 91' رقم:1343

السنن الکبری للبیهقی' باب المسلمون یقتلهم المشرکون فی المعترك' جلد 4' صفحه 10' رقم:7043

المنتقی لابن الجارود' کتاب الجنائز' صفحه 143' رقم:552

سنن ابوداؤد' باب فی الشهید یغسل' جلد 3' صفحه 165' رقم:3140

سنن ابن ماجه ' باب ما جاء فی الصلاة علی الشهداء' جلد 1' صفحه 485' رقم:1514

ہے، ہم اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کرتے ہیں۔“

790- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِىْ سَعِيدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِنَّ اَهْلَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى لَيَرَوْنَ اَهْلَ عِلِّيِّيْنَ كَمَا تَرَوْنَ الْكَوْكَبَ الدُّرِّيَّ فِى الْاُفُقِ، وَاِنَّ اَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ لَمِنْهُمْ وَاَنْعَمَا ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بلند درجوں والے مقام علیین کو یوں دیکھیں گے جس طرح تم افق پر چمکتے ہوئے ستارے کو دیکھتے ہو اور بے شک ابوبکر و عمر' ان ہی میں سے ہیں اور یہ دونوں کتنے اچھے ہیں۔

791- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِىْ سَعِيدِ الْخُدْرِيِّ ۔

حضرت ابوسلمہ از حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔

792- قَالَ سُفْيَانُ وَحَدَّثَنَاهُ ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِىْ مُسْلِمٍ الْاَحْوَلِ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ سَعِيدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ: اعْتَكَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَشْرَ الْوُسْطٰى مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ وَاعْتَكَفْنَا مَعَهُ، فَلَمَّا كَانَتْ صَبِيحَةُ عِشْرِيْنَ نَقَلْنَا مَتَاعَنَا فَاَبْصَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَنْ كَانَ مِنْكُمْ مُعْتَكِفًا فَلْيَرْجِعْ اِلٰى مُعْتَكَفِهِ، فَاِنِّىْ اُرِيْتُهَا فِى الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ، وَرَاَيْتُنِىْ اَسْجُدُ فِىْ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ماہِ رمضان کے مہینے کے درمیانی عشرے میں اعتکاف کیا تو آپ کے ساتھ ہم نے بھی اعتکاف کیا۔ پس جب بیسویں رات کی صبح ہوئی تو ہم نے اپنا سامان اُٹھانا شروع کیا تو رسول اللہ ﷺ نے ہمیں دیکھا' تو فرمایا: تم میں سے جو اعتکاف کرنا چاہتا ہو' وہ اپنے اعتکاف کی جگہ پر واپس چلا جائے' کیونکہ مجھے یہ رات آخری عشرے میں دکھائی گئی ہے۔ میں نے اپنے آپ کو

790- صحیح بخاری' باب دفع السواك الی الاکبر' جلد 1' صفحه 58' رقم:246

صحیح مسلم' باب رؤیا النبی صلی الله علیه وسلم' جلد 3' صفحه 243' رقم:2271

السنن الکبری للبیهقی' باب دفع السواك الی الاکبر' جلد 1' صفحه 39' رقم:174

792- سنن ابوداؤد' باب فی تنزیل الناس منازلهم' جلد 4' صفحه 411' رقم:4845

الآداب للبیهقی' باب فی رحمة الصغیر وتوقیر الکبیر' جلد 1' صفحه 23' رقم:36

الادب المفرد للبخاری' باب اجلال الکبیر' صفحه 130' رقم:357

مسند الحارث' باب فی اهل القرآن' جلد 2' صفحه 739' رقم:734

مصنف ابن ابی شیبة ' باب فی الامام العادل' جلد 4' صفحه 440' رقم:21922

صَبِيحَتِهَا فِي مَاءٍ وَطِينٍ . فَهَاجَتِ السَّمَاءُ مِنْ اٰخِرِ ذٰلِكَ الْيَوْمِ فَامْطَرَتْ، وَكَانَ الْمَسْجِدُ عَرِيشًا فَوَكَفَ فِي مُصَلّٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَقَدْ رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْصَرَفَ مِنْ صَلَاةِ الصُّبْحِ، وَاَنَّ عَلٰى جَبْهَتِهٖ وَاَرْنَبَتِهٖ اَثَرَ الْمَاءِ وَالطِّينِ.

دیکھا ہے کہ میں اس رات کی صبح پانی اور مٹی میں سجدہ کر رہا ہوں۔ پس اسی دن کے آخری وقت میں بارش ہوگئی اور مسجد کی چھت سے رسول اللہ ﷺ کی نماز کی جگہ پر پانی اکٹھا ہوگیا' میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ جب آپ صبح کی نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو آپ کی پیشانی مبارک اور ناک پر پانی اور مٹی کا نشان تھا۔

96 - مُسْنَدُ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ

مسند حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ

793- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ اِسْمَاعِيلَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ يَقُولُ اَخْبَرَنِي حَمْزَةُ بْنُ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبِي يَقُولُ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَقَالَ لِي: تَخَلَّفْ يَا مُغِيرَةُ وَامْضُوا اَيُّهَا النَّاسُ . قَالَ: فَمَضَى النَّاسُ وَتَخَلَّفْتُ، فَذَهَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَاجَتِهٖ، ثُمَّ جَاءَ فَسَكَبْتُ عَلَيْهِ مِنْ اِدَاوَةٍ وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ رُومِيَّةٌ، فَذَهَبَ يُخْرِجُ يَدَهُ فَضَاقَتْ عَلَيْهِ الْجُبَّةُ فَاَخْرَجَهَا مِنْ تَحْتِهَا، فَغَسَلَ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ وَمَسَحَ بِرَاْسِهٖ، ثُمَّ مَسَحَ عَلٰى خُفَّيْهِ.

حضرت حمزہ بن مغیرہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے اپنے والد کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا کہ میں ایک سفر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا۔ آپ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: اے مغیرہ! تم پیچھے رہو! اے لوگو! تم لوگ چلتے رہو۔ کہنے لگے کہ لوگ چلتے رہے اور میں پیچھے رہ گیا۔ پس رسول اللہ ﷺ قضائے حاجت کے لیے تشریف لے گئے' جب آپ واپس آئے تو میں نے برتن سے آپ کے لیے پانی ڈالا۔ آپ نے رومی جبہ پہنا ہوا تھا۔ آپ نے اپنا ہاتھ اس سے نکالنے کی کوشش کی لیکن وہ تنگ تھا۔ تو آپ نے اس کے نیچے سے ہاتھ نکالا۔ پس آپ نے اپنا چہرہ اور دونوں بازو دھوئے' اپنے سر کا مسح کیا' پھر آپ نے اپنے دونوں موزوں پر مسح کیا۔

قَالَ سُفْيَانُ قَالَ لِي اِسْمَاعِيلُ: فَحَدَّثْتُ بِهِ الزُّهْرِيَّ فَحَدَّثَ يَوْمًا بِاَحَادِيثِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَلَمَّا فَرَغَ مِمَّا عِنْدَهُ مِنَ الْحَدِيثِ الْتَفَتَ

حضرت سفیان کہتے ہیں کہ اسماعیل بن محمد نے مجھ سے یہ کہا کہ میں نے یہ روایت زہری کو سنائی تو ایک دن وہ موزوں پر مسح کے متعلق روایات بیان کر رہے تھے۔

793- المستدرك للحاكم' كتاب الايمان' جلد 1' صفحه 86' رقم: 209
سنن ابوداؤد' باب في الرحمة ' جلد 4' صفحه 441' رقم: 4945
الادب المفرد' باب فضل الكبير' صفحه 129' رقم: 353
سنن ترمذي' باب ما جاء في رحمة الصبيان' جلد 4' صفحه 322' رقم: 1920

اِلَيَّ فَقَالَ: وَحَدَّثَنِي عَنْ حَمْزَةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ ثُمَّ مَضَى فِي حَدِيثِي حَتّٰى فَرَغَ مِنْهُ.

جب وہ ان روایات کو بیان کر کے فارغ ہو گئے جو ان کے پاس تھیں تو میری طرف متوجہ ہوئے اور کہنے لگے: انہوں نے حضرت حمزہ بن مغیرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے' پھر انہوں نے میری بیان کردہ روایت بیان کی اور اسے مکمل بیان کیا۔

794- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ اَبِي زَائِدَةَ وَحُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيُّ وَيُونُسُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَيَمْسَحُ اَحَدُنَا عَلَى الْخُفَّيْنِ؟ قَالَ: نَعَمْ اِذَا اَدْخَلَهُمَا وَهُمَا طَاهِرَتَانِ.

حضرت عروہ بن مغیرہ بن شعبہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا ہم میں سے کوئی اپنے موزوں پر مسح کر سکتا ہے؟ تو آپ نے فرمایا: ہاں! جب اس نے اس وقت داخل کیے ہوں جب وہ دونوں پاک ہوں۔

795- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي زِيَادُ بْنُ عِلَاقَةَ قَالَ سَمِعْتُ الْمُغِيرَةَ بْنَ شُعْبَةَ يَقُولُ: قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى تَوَرَّمَتْ قَدَمَاهُ . فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَلَيْسَ قَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَفَلَا اَكُونُ عَبْدًا

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ قیام کیا کرتے تھے' حتیٰ کہ آپ کے پاؤں پر ورم آنے لگے تو عرض کی گئی: یا رسول اللہ! کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کے سبب آپ کی اُمت کے اگلے اور پچھلے گناہوں کی مغفرت نہیں فرما دی ہے' تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''کیا میں اُس کا شکر گزار بندہ نہ بنوں۔''

794- سنن ابوداؤد' باب في تنزيل الناس منازلهم' جلد 4' صفحه 44' رقم: 4844
الآداب للبيهقي' باب في رحمة الصغير' جلد 1' صفحه 23' رقم: 39
مسند ابي يعلى' مسند عائشه رضي الله عنها' جلد 8' صفحه 246' رقم: 4826
معرفة علوم الحديث للحاكم' ذكر النوع السابع عشر من علوم الحديث' رقم: 94
795- مسند الشاميين للطبراني' احاديث شعيب عن الزهري عن عبيد الله ' جلد 4' صفحه 211' رقم: 3122
صحيح بخاري' كتاب التفسير' تفسير سورة الاعراف' جلد 6' صفحه 60' رقم: 4642
تفسير ابن ابي حاتم' تفسير سورة الاعراف' جلد 4' صفحه 172' رقم: 9454
سنن الكبرى للبيهقي' باب ما على السلطان من القيام' جلد 8' صفحه 161' رقم: 17089
فضائل الصحابة لاحمد بن حنبل' جلد 1' صفحه 351' رقم: 506

شُكُورًا ۔

796- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ قَالَ حَدَّثَنَا طُعْمَةُ بْنُ عَمْرٍو الْجَعْفَرِيُّ عَنْ عُمَرَ بْنِ بَيَانٍ التَّغْلِبِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ بَاعَ الْخَمْرَ فَلْيُشَقِّصِ الْخَنَازِيرَ ۔

حضرت عروہ بن مغیرہ بن شعبہ اپنے والد سے وہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو شخص شراب بیچتا ہے وہ گویا کہ خنزیروں کا گوشت پہاتا ہے۔

797- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُطَرِّفُ بْنُ طَرِيفٍ وَعَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ سَعِيدِ ابْنِ اَبْجَرَ جَمِيعًا سَمِعَا الشَّعْبِيَّ يَقُولُ سَمِعْتُ الْمُغِيرَةَ بْنَ شُعْبَةَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَرْفَعُهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ مُوسَى سَاَلَ رَبَّهُ عَزَّ وَجَلَّ فَقَالَ: اَىْ رَبِّ اَىُّ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَدْنَى مَنْزِلَةً؟ فَقَالَ: رَجُلٌ يَجِىءُ بَعْدَ مَا دَخَلَ اَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ فَيُقَالُ لَهُ ادْخُلِ الْجَنَّةَ فَيَقُولُ كَيْفَ اَدْخُلُ وَقَدْ نَزَلُوا مَنَازِلَهُمْ وَاَخَذُوا اَخَذَاتِهِمْ، قَالَ فَيُقَالُ لَهُ: اَتَرْضَى اَنْ يَكُونَ لَكَ مِثْلُ مَا كَانَ لِمَلِكٍ مِنْ مُلُوكِ الدُّنْيَا ؟ قَالَ فَيَقُولُ: نَعَمْ اَىْ رَبِّ قَدْ رَضِيتُ ۔ قَالَ فَيُقَالُ لَهُ: فَاِنَّ لَكَ هٰذَا وَمِثْلَهُ وَمِثْلَهُ وَمِثْلَهُ وَمِثْلَهُ ۔ قَالَ فَيَقُولُ: رَضِيتُ اَىْ رَبِّ ۔ فَيُقَالُ لَهُ فَاِنَّ لَكَ هٰذَا وَعَشَرَةَ اَمْثَالِهِ مَعَهُ ۔ فَيَقُولُ: رَضِيتُ اَىْ رَبِّ ۔ قَالَ فَيُقَالُ لَهُ: فَاِنَّ لَكَ مَعَ هٰذَا مَا اشْتَهَتْ نَفْسُكَ وَلَذَّتْ عَيْنُكَ ۔ قَالَ فَقَالَ مُوسَى: اَىْ رَبِّ فَاَىُّ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَرْفَعُ مَنْزِلَةً؟ قَالَ: اِيَّاهَا اَرَدْتَ وَسَاُحَدِّثُكَ عَنْهُمْ، اِنِّى غَرَسْتُ كَرَامَتَهُمْ بِيَدِى وَخَتَمْتُ عَلَيْهَا فَلَا عَيْنٌ رَاَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ ۔ قَالَ: وَمِصْدَاقُ ذٰلِكَ فِى كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ (فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا اُخْفِىَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ) الْاٰيَةَ ۔

امام شعبی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کو منبر پر نبی اکرم ﷺ سے مرفوع حدیث بیان کرتے ہوئے سنا کہ آپ فرماتے ہیں: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے رب سے سوال کیا' عرض کی: "اے میرے رب! جنت میں ادنیٰ مرتبے والا آدمی کون ہوگا؟ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وہ ایک ایسا آدمی ہوگا جو اس کے بعد آئے گا جب اہلِ جنت' جنت میں داخل ہو جائیں گے تو اسے کہا جائے گا: جنت میں داخل ہو جا! حالانکہ جنتی جنت میں اپنی اپنی جگہ پر پہنچ چکے ہوں گے تو اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا: تو تم اس بات سے راضی نہیں کہ تجھے اتنی جگہ مل جائے جو دنیا میں کسی بادشاہ کے پاس ہوتی تھی۔ آپ (ﷺ) فرماتے ہیں کہ وہ شخص عرض کرے گا کہ اے میرے رب! ہاں! میں اس پر راضی ہوں۔ آپ فرماتے ہیں: تو اس سے کہا جائے گا کہ تمہیں یہ اور اس کی مثل اور اس کی مثل اور اس کی مثل جگہ دی جاتی ہے۔ آپ (ﷺ) فرماتے ہیں: وہ عرض کرے گا کہ اے میرے رب! میں راضی ہوں۔ آپ فرماتے ہیں: تو اس آدمی سے کہا جائے گا کہ "تجھے یہ بھی ملتی ہے اور اس کے ساتھ اور بھی دس گنا ملتی ہے' تو وہ عرض کرے گا کہ اے میرے رب! میں راضی ہوں۔ آپ فرماتے ہیں: اس سے کہا جائے گا کہ اس کے ساتھ ساتھ تجھے وہ بھی سب کچھ ملے گا جس کی تیرے نفس کو خواہش ہے اور جس سے تیری آنکھوں کو راحت حاصل ہوتی ہے۔ آپ (ﷺ) فرماتے ہیں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: اے میرے رب! جنت میں سب سے بلند مرتبہ کس کا ہوگا؟ تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تم اس کا ارادہ رکھتے ہو' میں تمہیں ان لوگوں کے بارے میں بتاتا ہوں۔" میں نے اپنے دست قدرت سے ان کی کرامت کا پودا لگایا ہے اور میں نے اس پر مہر لگا دی ہے' تو کسی آنکھ نے اسے دیکھا نہیں نہ کسی کان نے اس کے بارے میں سنا ہے اور نہ کسی انسان کے ذہن میں اس کا خیال تک آیا ہوگا۔" آپ فرماتے ہیں: کتاب اللہ میں اس کا ذکر موجود ہے: "کہ کوئی شخص یہ نہیں جانتا کہ اس کی آنکھوں کی ٹھنڈک کے لیے کیا کچھ چھپا کر رکھا گیا ہے۔"

798- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت وراد جو حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ

796- سنن ترمذی' باب ما جاء فی اجلال الکبیر' جلد 4' صفحہ 372' رقم: 2022

الآداب للبیہقی' باب فی رحمۃ الصغیر وتوقیر الکبیر' جلد 1' صفحہ 23' رقم: 38

جامع الاصول لابن اثیر' الفصل السابع فی الاحترام والتوقیر' جلد 6' صفحہ 513' رقم: 4810

مسند الشہاب' باب ما اکرم شاب شیخنا لسنہ الاقبض' صفحہ 756' رقم: 801

797- صحیح مسلم' باب فی فضل الحب فی اللہ' جلد 8' صفحہ 12' رقم: 6714

صحیح ابن حبان' باب الصحبۃ والمجالسۃ' جلد 2' صفحہ 337' رقم: 576

مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ' جلد 2' صفحہ 462' رقم: 9957

معجم لابن عساکر' ذکر من اسمہ علی' جلد 1' صفحہ 417' رقم: 853

798- سنن ترمذی' باب ما جاء فی زیارۃ الاخوان' جلد 4' صفحہ 365' رقم: 2008

شعب الایمان للبیہقی' باب قصۃ ابراہیم فی المعانقۃ' جلد 6' صفحہ 493' رقم: 9026

جامع الاصول لابن اثیر' الفصل الثانی عشر فی فضل عیادۃ المریض' جلد 9' صفحہ 531' رقم: 7169

قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ اَبِی لُبَابَةَ وَعَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ اَنَّهُمَا سَمِعَا وَرَّادًا كَاتِبَ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ يَقُوْلُ: كَتَبَ مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِی سُفْيَانَ اِلَى الْمُغِيرَةِ: اكْتُبْ اِلَیَّ بِشَیْءٍ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَكَتَبَ اِلَيْهِ الْمُغِيرَةُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِذَا قَضٰى صَلَاتَهُ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيرٌ، اللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ، وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ.

کے کاتب تھے وہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کو خط لکھا۔ کہ آپ مجھے کوئی ایسی حدیث لکھ کر بھیجیں جو آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہو تو حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے انہیں لکھا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو جب آپ نماز مکمل کر لیتے تو یہ پڑھتے سنا ہے: "اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے اسی کے لیے بادشاہی ہے اور وہ ہر چاہت پر قادر ہے اے اللہ! جسے تو عطا کر دے اسے کوئی روکنے والا نہیں ہے اور جسے تو نہ دے اسے کوئی دینے والا نہیں ہے تیری رضا کے آگے کسی کوشش کرنے والے کی کوشش اس کے کسی کام نہیں آسکتی۔"

799- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِی نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ الْعَقَّارِ بْنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَمْ يَتَوَكَّلْ مَنِ اسْتَرْقٰى وَاكْتَوٰى.

حضرت عقار بن مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے وہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: "وہ توکل نہیں کرتا جو دم، جھاڑ کرتا ہے یا داغ لگواتا ہے۔"

800- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِی خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ قَيْسَ بْنَ اَبِی حَازِمٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ الْمُغِيرَةَ بْنَ شُعْبَةَ يَقُوْلُ: مَا سَاَلَ

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے دجال کے متعلق کسی نے اتنے سوالات نہیں کیے جتنے میں نے کیے ہیں۔ آپ نے

799- صحیح مسلم، باب من لعنه النبی صلی اللہ علیہ وسلم اوسبه او دعا علیه، جلد 8، صفحه 26، رقم: 6792

سنن ابن ماجه، باب ذکر وفاته صلی اللہ علیہ وسلم، جلد 1، صفحه 523، رقم: 1635

مشکوة المصابیح، باب هجرة اصحابه صلی اللہ علیہ وسلم من مکة ووفاته، جلد 3، صفحه 298، رقم: 5867

800- سنن ترمذی، باب فی انتظار الفرج وغیر ذلك، جلد 5، صفحه 566، رقم: 3573

جامع الاصول لابن اثیر، الفصل الثامن فی فضل الذکر، جلد 9، صفحه 512، رقم: 7240

مستدرك للحاكم، كتاب الدعاء والتكبير والتهليل، جلد 1، صفحه 670، رقم: 1816

شعب الایمان للبیهقی، باب ذکر فصول فی الدعاء یحتاج الی معرفتها، جلد 2، صفحه 47، رقم: 1128

اَحَدٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدَّجَّالِ مَا سَاَلْتُهُ قَالَ: وَمَا مَسْاَلَتُكَ عَنْهُ، اِنَّكَ لَنْ تُدْرِكَهُ.

فرمایا: "تمہیں اس کے متعلق پوچھنے کی کیا ضرورت ہے؟ تم اس تک نہیں پہنچ سکو گے۔"

97 - مُسْنَدُ اَبِی مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ

مسند حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ

801- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِيُّ عَنْ اَبِی قِلَابَةَ عَنْ زَهْدَمٍ الْجَرْمِيِّ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ اَبِی مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ فَاُتِیَ بِلَحْمِ دَجَاجٍ فَتَنَحّٰى رَجُلٌ لَمْ يَاْكُلْ، فَدَعَاهُ اَبُوْ مُوْسَى فَقَالَ: اِنِّی رَاَيْتُهُ يَاْكُلُ شَيْئًا فَقَذِرْتُهُ. فَقَالَ اَبُوْ مُوْسَى: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْكُلُهُ.

حضرت زہدم جرمی روایت کرتے ہیں کہ ہم حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے تھے کہ وہاں مرغی کا گوشت لایا گیا تو ایک آدمی پیچھے ہٹ گیا اور اس نے نہ کھایا' تو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے اسے دعوت دی تو وہ کہنے لگا: میں نے اسے گندگی کھاتے ہوئے دیکھا ہے' اس لیے میں اسے اچھا نہیں سمجھتا ہوں۔ تو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو اسے کھاتے ہوئے دیکھا ہے۔

802- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ اَبِی قِلَابَةَ عَنْ زَهْدَمٍ الْجَرْمِيِّ عَنْ اَبِی مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ: اَتَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں گئے' تاکہ آپ سے سواری کا جانور مانگیں۔ رسول اللہ ﷺ کی

801- صحیح بخاری، باب شوب اللبن بالماء، جلد 7، صفحه 110، رقم: 1613

سنن ابوداؤد، باب فی الکرع، جلد 3، صفحه 391، رقم: 3726

الآداب للبیهقی، باب فی الکرع فی الماء، جلد 1، صفحه 260، رقم: 445

صحیح ابن حبان، باب آداب الشرب، جلد 12، صفحه 134، رقم: 5314

مسند امام احمد، مسند جابر بن عبد الله، جلد 3، صفحه 328، رقم: 14559

802- صحیح بخاری، باب الشرب فی آنیة الذهب، جلد 7، صفحه 112، رقم: 5632

صحیح مسلم، باب تحریم استعمال اناء الذهب والفضة علی الرجال والنساء، جلد 6، صفحه 137، رقم: 5521

الآداب للبیهقی، باب ما ینهی عنه الرجل من لبس الحریر، جلد 1، صفحه 283، رقم: 474

سنن ابوداؤد، باب فی الشرب فی آنیة الذهب والفضة، جلد 3، صفحه 390، رقم: 3725

سنن ابن ماجه، باب الشرب فی آنیة الفضة، جلد 2، صفحه 1130، رقم: 3414

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَسْتَحْمِلُہُ فَاُتِیَ بِذَوْدٍ غُرِّ الذُّرٰی فَقُلْنَا: یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ احْمِلْنَا۔ فَحَلَفَ اَنْ لَّا یَحْمِلَنَا ثُمَّ اُتِیَ بِذَوْدٍ اُخْرٰی فَقُلْنَا: یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ احْمِلْنَا۔ فَحَمَلَنَا فَلَمَّا اَدْبَرْنَا قُلْنَا: مَاذَا صَنَعْنَا تَغَفَّلْنَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَمِیْنَہٗ۔ فَاَتَیْنَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَذَکَرْنَا ذٰلِكَ لَہٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: اِنِّی لَا اَحْلِفُ عَلٰی یَمِیْنٍ فَاَرٰی غَیْرَھَا خَیْرًا مِّنْھَا اِلَّا اَتَیْتُ الَّذِی ھُوَ خَیْرٌ، وَکَفَّرْتُ عَنْ یَّمِیْنِیْ۔

خدمت میں سفید کوہان والے کچھ اونٹ پیش کیے گئے تھے۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمیں سواری دیجئے۔ تو آپ نے یہ قسم اٹھائی کہ آپ ہمیں سواری نہیں دیں گے' پھر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں کچھ اور اونٹ پیش کیے گئے۔ تو ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ ہمیں سواری دیجئے' تو آپ ﷺ نے ہمیں سواری دے دی' جب ہم واپس ہوئے تو ہم نے سوچا کہ یہ ہم نے کیا کیا ہے' ہم نے رسول اللہ ﷺ کو آپ کی قسم کی طرف سے بے توجہ کر دیا ہے' پھر ہم رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے پس ہم نے آپ ﷺ سے اس بات کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: میں جب بھی قسم اٹھاؤں پھر اس کے متضاد کام کو اس سے بہتر سمجھوں تو وہ کام کروں گا جو زیادہ بہتر ہو اور اپنی قسم کا کفارہ ادا کروں گا۔

803- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا شَیْخٌ مِّنْ اَھْلِ الْکُوْفَۃِ یُقَالُ لَہٗ شُعْبَۃُ – وَکَانَ ثِقَۃً – قَالَ: کُنْتُ مَعَ اَبِیْ بُرْدَۃَ بْنِ اَبِیْ مُوْسٰی فِیْ دَارِہٖ عَلٰی ظَھْرِ بَیْتِہٖ فَدَعَا بَنِیْہِ فَقَالَ: یَا بَنِیَّ تَعَالَوْا حَتّٰی اُحَدِّثَکُمْ حَدِیْثًا سَمِعْتُہٗ مِنْ اَبِیْ یُحَدِّثُہٗ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُ اَبِیْ یَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

حضرت شعبہ کہتے ہیں کہ میں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے بیٹے حضرت ابوبردہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ ان کے گھر کی پچھلی طرف کے کمرے میں تھا۔ انہوں نے اپنے بچوں کو بلوایا اور کہا: اے میرے بچو! آگے آؤ تاکہ میں تمہیں وہ حدیث سناؤں جو میں نے اپنے والد کو رسول اللہ ﷺ سے بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ ''جو آدمی ایک گردن کو آزاد کرتا ہے (یعنی غلام کو

803- صحیح بخاری' باب آنیۃ الفضۃ' جلد 5' صفحہ 2133' رقم:5311

صحیح مسلم' باب تحریم اوانی الذھب والفضۃ فی الشرب' جلد 6' صفحہ 134' رقم:5506

مسند امام احمد' حدیث ام سلمۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم' جلد 6' صفحہ 306' رقم:26653

السنن الکبریٰ للبیھقی' باب المنع من الشرب فی آنیۃ الذھب' جلد 1' صفحہ 27' رقم:98

السنن الکبریٰ للنسائی' باب التشدید فی الشرب فی آنیۃ الذھب والفضۃ' جلد 4' صفحہ 195' رقم:6872

یَقُوْلُ: مَنْ اَعْتَقَ رَقَبَۃً اَعْتَقَ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ بِکُلِّ عُضْوٍ مِنْھَا عُضْوًا مِّنْہُ مِنَ النَّارِ۔

804- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ صَالِحِ بْنِ حَیٍّ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَی الشَّعْبِیِّ وَاَنَا عِنْدَہٗ فَقَالَ: یَا اَبَا عَمْرٍو اِنَّ نَاسًا عِنْدَنَا بِخُرَاسَانَ یَقُوْلُوْنَ اِذَا اَعْتَقَ الرَّجُلُ اَمَتَہٗ ثُمَّ تَزَوَّجَھَا فَھُوَ کَالرَّاکِبِ بَدَنَتَہٗ۔ قَالَ الشَّعْبِیُّ حَدَّثَنِیْ اَبُوْ بُرْدَۃَ بْنُ اَبِیْ مُوْسٰی عَنْ اَبِیْہِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثَۃٌ یُؤْتَوْنَ اَجْرَھُمْ مَرَّتَیْنِ: الرَّجُلُ مِنْ اَھْلِ الْکِتَابِ کَانَ مُؤْمِنًا قَبْلَ اَنْ یُّبْعَثَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثُمَّ اٰمَنَ بِالنَّبِیِّ فَلَہٗ اَجْرَانِ، وَرَجُلٌ کَانَتْ لَہٗ جَارِیَۃٌ فَعَلَّمَھَا فَاَحْسَنَ تَعْلِیْمَھَا، وَاَدَّبَھَا فَاَحْسَنَ اَدَبَھَا ثُمَّ اَعْتَقَھَا وَتَزَوَّجَھَا فَلَہٗ اَجْرَانِ، وَعَبْدٌ اَطَاعَ اللّٰہَ وَاَدّٰی حَقَّ سَیِّدِہٖ فَلَہٗ اَجْرَانِ۔ خُذْھَا بِغَیْرِ شَیْءٍ فَلَقَدْ کَانَ الرَّجُلُ یَرْحَلُ فِیْ اَدْنٰی مِنْھَا اِلَی الْمَدِیْنَۃِ۔

آزاد کرتا ہے) تو اللہ عزوجل اس کے ہر ایک عضو کے بدلے اس کے ہر ایک عضو کو جہنم سے آزاد کر دیتا ہے۔''

حضرت صالح بن حیی کے بیٹے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی امام شعبی کے پاس آیا۔ میں بھی ان کے پاس موجود تھا۔ وہ کہنے لگا: اے ابوعمرو! خراسان میں ہمارے پاس کچھ ایسے لوگ ہیں جو اس بات کے قائل ہیں کہ اگر کوئی اپنی لونڈی کو آزاد کرنے کے بعد پھر اس سے شادی کر لے تو وہ اپنے قربانی کے جانور پر سوار ہونے والے آدمی کی طرح ہے' تو امام شعبی نے فرمایا: حضرت ابوبردہ بن ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے اپنے ولد سے' انہوں نے رسول اللہ ﷺ کا یہ ارشاد بیان کیا ہے کہ ''تین لوگوں کو دگنا اجر ملے گا' اہل کتاب کا وہ شخص جو نبی اکرم ﷺ کی بعثت سے پہلے بھی مومن تھا اور پھر وہ نبی اکرم ﷺ پر بھی ایمان لے آیا تو اسے دگنا اجر ملے گا اور ایک وہ جو اپنی لونڈی کی اچھی تربیت کرے اور اسے ادب سکھائے پھر اسے آزاد کر کے اس کے ساتھ شادی کر لے۔ تو اس کے لیے دُگنا اجر ہے اور ایک وہ غلام جو اللہ تعالیٰ کا حق بھی ادا کرے اور اپنے مالک کا حق کو بھی ادا کرے تو اسے بھی دگنا اجر ملے گا۔'' ''تم کسی اُجرت کے بغیر اسے لے لو' حالانکہ پہلے آدمی اس سے ادنیٰ روایت کے لیے مدینہ منورہ تک کا سفر کیا کرتا تھا۔''

804- سنن ابوداؤد' باب فی البیاض' جلد 4' صفحہ 90' رقم:4063

سنن ترمذی' باب ما یستحب من الاکفان' جلد 3' صفحہ 319' رقم:994

الآداب للبیھقی' باب البیاض من الثیاب' جلد 1' صفحہ 299' رقم:500

صحیح ابن حبان' کتاب اللباس وآدابہ' جلد 12' صفحہ 242' رقم:5423

مسند امام احمد' مسند عبد اللہ بن العباس' جلد 1' صفحہ 363' رقم:3426

805- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا بُرَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ جَدِّهٖ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِیْ مُوسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلْخَازِنُ الْاَمِيْنُ الَّذِیْ يُعْطِیْ مَا اُمِرَ بِهٖ مُؤْتَجِرًا اَحَدُ الْمُتَصَدِّقِيْنَ ۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ”وہ امانت دار خزانچی جو اجر کی امید رکھتے ہوئے وہ چیز دیتا ہے جس کا اسے حکم دیا گیا ہے تو وہ بھی صدقہ کرنے والوں میں سے ہے۔“

806- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا بُرَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ جَدِّهٖ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِیْ مُوسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَثَلُ الْجَلِيْسِ الصَّالِحِ كَمَثَلِ الْعَطَّارِ اِنْ لَمْ يُحْذِكَ مِنْ عِطْرِهٖ عَلِقَ بِكَ مِنْ رِيْحِهٖ، وَمَثَلُ الْجَلِيْسِ السُّوْءِ كَمَثَلِ الْقَيْنِ اِنْ لَمْ يَحْرِقْكَ بِشَرَرِهٖ عَلِقَ بِكَ مِنْ رِيْحِهٖ ۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: نیک ہم مجلس کی مثال عطار کی مثل ہے اگر وہ تمہیں اپنا عطر نہیں بھی دے گا تو اس کی خوشبو تم تک پہنچ جائے گی اور برے ہم مجلس کی مثال دھونکنی والے کی مثل ہے کہ اگر وہ اپنے انگاروں سے تمہیں نہیں جلائے گا تو بھی اس کی بو تم تک پہنچ جائے گی۔

807- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے

805- السنن الکبریٰ للنسائی، باب ای الکفن خیر، جلد 1، صفحہ 441، رقم: 2023

المعجم الکبیر للطبرانی، من اسمہ سمرۃ بن جندب الفزاری، جلد 7، صفحہ 180، رقم: 6775

الشمائل المحمدیۃ للترمذی، باب ما جاء فی لباس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، صفحہ 77، رقم: 69

المعجم الکبیر للطبرانی، من اسمہ عمران بن حصین، جلد 18، صفحہ 225، رقم: 15270

مجمع الزوائد، باب فی البیاض، جلد 5، صفحہ 224، رقم: 8552

806- صحیح بخاری، باب الثوب الاحمر، جلد 7، صفحہ 153، رقم: 5848

صحیح مسلم، باب فی صفۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم وانہ کان احسن الناس وجھا، جلد 7، صفحہ 83، رقم: 6210

سنن الکبریٰ للنسائی، باب اتخاذ الشعر واختلاف الفاظ الناقلین منہ، جلد 5، صفحہ 412، رقم: 9328

سنن ابوداؤد، باب فی الرخصۃ فی ذلک، جلد 4، صفحہ 94، رقم: 4074

مسند امام احمد، مسند البراء بن عازب رضی اللہ عنہ، جلد 4، صفحہ 281، رقم: 18496

807- صحیح بخاری، باب صفۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم، جلد 4، صفحہ 190، رقم: 3566

صحیح مسلم، باب سترۃ المصلی، جلد 2، صفحہ 56، رقم: 1147

سنن الکبریٰ للبیھقی، باب الاجتماع للصلاۃ فی السفر، جلد 3، صفحہ 150، رقم: 5285

قَالَ حَدَّثَنَا بُرَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ جَدِّهٖ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِیْ مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِشْفَعُوْا اِلَيَّ فَلْتُؤْجَرُوْا، وَلْيَقْضِ اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّهٖ مَا شَاءَ ۔

ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میرے سامنے اپنے معاملات کو رکھا کرو، تمہیں فائدہ ہوگا اور اللہ تعالیٰ اپنے نبی ﷺ کی زبان سے جو چاہے فیصلہ فرماتا ہے۔

808- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا بُرَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ جَدِّهٖ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِیْ مُوسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعْضُهٗ بَعْضًا ۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مومن، مومن کے لیے ایک عمارت کی طرح ہے جس کا ایک حصہ دوسرے کو مضبوط کرتا ہے۔

809- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ خُصَيْفَةَ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ عَنْ اَبِیْ مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِذَا اسْتَاْذَنَ اَحَدُكُمْ ثَلَاثًا فَلَمْ يُؤْذَنْ لَهٗ فَلْيَرْجِعْ ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ، حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے، وہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ”جب تم میں سے کوئی ایک تین دفعہ اجازت مانگے اور اسے اجازت نہ ملے تو وہ واپس چلا جائے گا۔“

مصنف عبد الرزاق، باب استقبال القبلۃ ووضعہ اصبعیہ فی اذنیہ، جلد 1، صفحہ 487، رقم: 1806

المستدرک للحاکم، کتاب الطب، جلد 6، صفحہ 213، رقم: 7500

808- سنن ابوداؤد، باب فی الخضاب، جلد 4، صفحہ 137، رقم: 4208

سنن ترمذی، باب ما جاء فی الثوب الاخضر، جلد 5، صفحہ 119، رقم: 2812

سنن الکبریٰ للنسائی، باب لبس الخضر من الثیاب، جلد 8، صفحہ 591، رقم: 5334

سنن الکبریٰ للبیھقی، باب ایجاب القصاص علی القاتل، جلد 8، صفحہ 27، رقم: 16321

سنن الدارمی، باب لا یواخذ احد بجناحیہ غیرہ، جلد 2، صفحہ 260، رقم: 2388

809- صحیح مسلم، باب جواز دخول مکۃ بغیر احرام، جلد 4، صفحہ 111، رقم: 3375

السنن الکبریٰ للبیھقی، باب الرخصۃ لمن دخلھا خائفًا لحرب، جلد 5، صفحہ 179، رقم: 10126

الشمائل المحمدیۃ للترمذی، باب ما جاء فی عمامۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، صفحہ 130، رقم: 115

المعجم الاوسط، من اسمہ عبد اللہ، جلد 4، صفحہ 371، رقم: 4463

سنن ابوداؤد، باب فی العمائم، جلد 4، صفحہ 95، رقم: 4078

810- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ سَعِيدٍ الثَّوْرِيُّ عَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ يَقُوْلُ: لَيْسَ اَحَدٌ اَصْبَرَ عَلٰى اَذًى يَسْمَعُهُ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، يَدْعُوْنَ لَهُ نِدًّا ثُمَّ هُوَ يَرْزُقُهُمْ وَيُعَافِيْهِمْ . قَالَ الْاَعْمَشُ فَقِيْلَ لَهُ: مِمَّنْ سَمِعْتَ هٰذَا يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَمَا اِنِّيْ لَمْ اَكْذِبْ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيُّ عَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ تکلیف والی بات کو سن کر اللہ عزوجل سے زیادہ صبر کرنے والا اور کوئی نہیں ہے' لوگ اس کے ساتھ شرک کرتے ہیں لیکن وہ پھر بھی ان لوگوں کو رزق دیتا ہے اور انہیں عافیت عطا فرماتا ہے۔ امام اعمش کہتے ہیں کہ حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے کہا گیا: اے ابو عبداللہ! آپ نے یہ روایت کس سے سنی ہے؟ تو انہوں نے کہا: میں جھوٹ نہیں بولوں گا' ہم سے حضرت ابو عبدالرحمٰن سلمی رضی اللہ عنہ نے از حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ از نبی اکرم ﷺ سے یہ روایت بیان کی ہے۔

98 - مُسْنَدُ جُنْدُبَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ

مسند حضرت جندب بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ

811- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ قَيْسٍ - وَهُوَ يَتَفَلّٰى فِي

سفیان روایت کرتے ہیں کہ ہم سے حضرت اسود بن قیس رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی اور وہ سرد موسم

810- صحیح مسلم' باب جواز دخول مكة بغير احرام' جلد 4' صفحه 112' رقم:3378

الآداب للبيهقي' باب في العمامة' جلد 1' صفحه 306' رقم:512

سنن ابوداؤد' باب في العمائم' جلد 4' صفحه 95' رقم:4079

سنن ابن ماجه' باب لبس العمائم' جلد 2' صفحه 942' رقم:2821

مصنف ابن ابي شيبة' باب في ارخاء العمامة بين الكتفين' جلد 8' صفحه 239' رقم:25481

811- صحیح بخاری' باب الكفن بغير قميص' جلد 2' صفحه 77' رقم:1271

صحیح مسلم' باب في كفن الميت' جلد 3' صفحه 49' رقم:2222

السنن الصغرىٰ' باب التكفين والتحنيط' جلد 1' صفحه 334' رقم:1058

المنتقى لابن الجارود' كتاب الجنائز' صفحه 137' رقم:521

سنن ابوداؤد' باب في الكفن' جلد 3' صفحه 168' رقم:3153

الشَّمْسِ فِي الشِّتَاءِ - يَقُوْلُ سَمِعْتُ جُنْدُبَ الْبَجَلِيَّ يَقُوْلُ: شَهِدْتُ الْعِيْدَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلِمَ اَنَّ نَاسًا ذَبَحُوْا قَبْلَ الصَّلَاةِ فَقَالَ: مَنْ كَانَ مِنْكُمْ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلَاةِ فَلْيُعِدْ ذَبِيْحَتَهُ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ ذَبَحَ فَلْيَذْبَحْ عَلَى اسْمِ اللّٰهِ .

میں دھوپ میں اپنی جوئیں نکال رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے حضرت جندب بجلی رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' وہ کہتے ہیں کہ میں عید الاضحیٰ کے دن میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ شریک ہوا تو آپ کو معلوم ہوا کہ بعض لوگوں نے نماز عید سے پہلے قربانی کر لی ہے۔ تو آپ نے فرمایا: ''جس نے نماز سے پہلے جانور ذبح کرلیا ہے وہ دوبارہ قربانی کرے اور جس نے پہلے ذبح نہیں کیا ہے' وہ اب اللہ کا نام لے کر ذبح کر لے''۔

812- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ قَيْسٍ قَالَ سَمِعْتُ جُنْدُبَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيَّ قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَارٍ فَنُكِبَتْ اُصْبُعُهُ فَقَالَ: هَلْ اَنْتِ اِلَّا اُصْبُعٌ دَمِيْتِ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَا لَقِيْتِ .

حضرت جندب بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں غار میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھا تو آپ کی انگلی مبارک زخمی ہوگئی' آپ نے یہ شعر پڑھا: ''تو صرف ایک انگلی ہے جو خون آلود ہوئی اور تجھے اللہ کی راہ میں یہ صورت حال پیش آئی ہے۔''

813- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ قَيْسٍ قَالَ حَدَّثَنَا جُنْدُبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيُّ قَالَ: اَبْطَاَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

حضرت جندب بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک دفعہ حضرت جبرائیل علیہ السلام کچھ عرصے تک نبی اکرم ﷺ کے پاس وحی لے کر نہیں

812- صحیح مسلم' باب التواضع في اللباس والاقتصار على الغليظ منه' جلد 6' صفحه 145' رقم:5566

الآداب للبيهقي' باب من اختار التواضع في اللباس' جلد 1' صفحه 294' رقم:491

سنن ابوداؤد' باب في لبس الصفوف' جلد 4' صفحه 78' رقم:4034

مصنف ابن ابي شيبة' فضائل على بن ابى طالب' جلد 12' صفحه 72' رقم:32765

813- صحیح بخاری' باب اذا ادخل رجليه وهما طاهرتان' جلد 1' صفحه 52' رقم:206

صحیح مسلم' باب المسح على الخفين' جلد 1' صفحه 158' رقم:654

مسند امام احمد' حديث المغيرة بن شعبة' جلد 4' صفحه 251' رقم:18221

سنن الدارمي' باب في المسح على الخفين' جلد 1' صفحه 194' رقم:713

سنن الكبرىٰ للبيهقي' باب رخصة المسح لمن لبس الخفين على الطهارة' جلد 1' صفحه 281' رقم:1248

عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْوَحْيِ فَقَالَ الْمُشْرِكُوْنَ: قَدْ وُدِّعَ مُحَمَّدٌ . فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (وَالضُّحٰى وَاللَّيْلِ اِذَا سَجٰى مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى)

آئے تو مشرکین کہنے لگے کہ حضرت محمد ﷺ کو (اس کے رب نے) چھوڑ دیا ہے' تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''چاشت کی (اے محبوب! تیرے روشن چہرے کی) قسم ہے اور رات کی (اے محبوب! تیری عنبریں زلفوں کی) قسم ہے جب وہ چھا جائے' تیرے رب نے تجھے نہ چھوڑا ہے اور نہ مکروہ جانا۔''

814- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ حَرْبِ الصَّدُوْقُ الْاَمِيْنُ قَالَ سَمِعْتُ سَلَمَةَ بْنَ كُهَيْلٍ يَقُوْلُ مَا سَمِعْتُ مِنْ اَحَدٍ سَمِعَ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا جُنْدُبَ الْبَجَلِيَّ سَمِعْتُ جُنْدُبًا يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ يُسَمِّعْ يُسَمِّعِ اللّٰهُ بِهٖ، وَمَنْ يُرَاءِ يُرَاءِ اللّٰهُ بِهٖ .

حضرت سفیان کہتے ہیں کہ ہم سے حضرت ولید بن حرب نے حدیث بیان کی جو سچے اور امانت دار ہیں انہوں نے کہا کہ میں نے حضرت سلمہ بن کہیل کو فرماتے سنا کہ میں نے کسی ایک کو نبی اکرم ﷺ سے یہ سنتے ہوئے نہیں سنا سوائے حضرت جندب بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ کے' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ ''جو آدمی شہرت چاہتا ہے اللہ تعالیٰ اسے شہرت دیتا ہے اور جو آدمی دکھاوا ظاہر کرنا چاہتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کا دکھاوا ظاہر کر دیتا ہے۔''

815- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ جُنْدُبًا الْبَجَلِيَّ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا اِنِّيْ فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ . قَالَ سُفْيَانُ: وَذُكِرَ فِيْهِ شَيْءٌ اٰخَرُ .

حضرت جندب بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: سنو! میں حوض کوثر پر تمہارا پیش رو ہوں گا۔ سفیان کہتے ہیں کہ اس روایت میں ایک اور چیز کا بھی ذکر ہے۔

814- سنن ابوداؤد' باب ما جاء في القميص' جلد 4' صفحه 76' رقم: 4027

سنن ترمذی' باب ما جاء في القميص' جلد 4' صفحه 237' رقم: 1762

سنن النسائي الكبرى' باب لبس القميص' جلد 5' صفحه 482' رقم: 9668

815- سنن ابوداؤد' باب ما جاء في القميص' جلد 4' صفحه 76' رقم: 4029

سنن ترمذی' باب ما جاء في القميص' جلد 4' صفحه 238' رقم: 1765

سنن النسائي الكبرى' باب لبس القميص' جلد 5' صفحه 481' رقم: 9666

816- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ خَالِدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ قَالَ سَمِعْتُ الصُّنَابِحِيَّ الْاَحْمَسِيَّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اَلَا اِنِّيْ فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ وَاِنِّيْ مُكَاثِرٌ بِكُمُ الْاُمَمَ، فَلَا تَقْتَتِلُنَّ بَعْدِيْ .

حضرت صنابحی احمسی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: خبردار! میں حوض کوثر پر تمہارا پیش رو ہوں گا اور میں دوسری امتوں کے سامنے تمہاری کثرت پر فخر کروں گا' تو تم میرے بعد آپس میں لڑائی جھگڑا نہ شروع کر دینا۔

حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ: الصُّنَابِحِيُّ هُوَ اَبُو الْاَعْسَرِ لَمْ يَقُلْهُ لَنَا سُفْيَانُ فَعَلِمْنَاهُ مِنْ وَجْهٍ اٰخَرَ .

امام حمیدی بیان کرتے ہیں کہ صنابحی کا نام ابواعسر ہے' یہ بات ہمیں سفیان نے نہیں بتائی ہے' ہمیں یہ کسی دوسرے حوالے سے معلوم ہوا ہے۔

99 - مُسْنَدُ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ

مسند حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ

817- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ اَخْبَرَنِي الصَّعْبُ بْنُ جَثَّامَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: وَسُئِلَ عَنْ اَهْلِ الدَّارِ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ يُبَيَّتُوْنَ، فَيُصَابُ مِنْ نِسَائِهِمْ وَذَرَارِيِّهِمْ،

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بتایا ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے' آپ ﷺ سے کسی علاقے کے مشرکین کے متعلق سوال کیا گیا جن پر رات کے وقت حملہ کیا جاتا ہے تو اس میں ان کی عورتیں اور بچے مارے جاتے ہیں' تو رسول اللہ

816- صحيح بخاری' باب من جر ازاره غير خيلاء' جلد 7' صفحه 141' رقم: 5784

صحيح مسلم' باب تحريم جر الثوب خيلاء' جلد 6' صفحه 147' رقم: 5578

الآداب للبيهقي' باب في اسبال الازار' جلد 1' صفحه 302' رقم: 508

سنن ابوداؤد' باب ما جاء في اسبال الازار' جلد 4' صفحه 99' رقم: 4087

سنن ترمذی' باب ما جاء في جر ذيول النساء' جلد 4' صفحه 223' رقم: 1731

817- سنن ترمذی' باب ما جاء في الامر بالمعروف والنهي عن المنكر' جلد 2' صفحه 168' رقم: 2169

سنن الكبرىٰ للبيهقي' باب ما يستدل به على ان القضاء وسائر الاعمال الولاة' جلد 10' صفحه 93' رقم: 20694

مسند امام احمد بن حنبل' حديث حذيفه بن اليمان' جلد 5' صفحه 388' رقم: 23349

فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : هُمْ مِنْهُمْ . قَالَ سُفْيَانُ: وَكَانَ عَمْرٌو حَدَّثَنَاهُ اَوَّلًا عَنِ الزُّهْرِيِّ فَقَالَ فِيهِ: هُمْ مِنْ اٰبَائِهِمْ . فَلَمَّا جَاءَنَا الزُّهْرِيُّ تَفَقَّدْتُهُ فَلَمْ يَقُلْ اِلَّا هُمْ مِنْهُمْ.

ﷺ نے فرمایا: ''وہ لوگ انہی میں سے ہیں۔'' سفیان کہتے ہیں کہ عمرو نے پہلے یہ روایت از زہری سنائی تھی اور اس میں یہ الفاظ بیان کیے تھے کہ ''وہ اپنے آباء میں سے ہیں۔'' لیکن جب ہمارے پاس زہری تشریف لائے تو یہ الفاظ میں نے ان سے نہیں سنے' انہوں نے صرف یہی الفاظ بیان کیے: ''وہ انہی میں سے ہیں۔''

818- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ اَخْبَرَنِي الصَّعْبُ بْنُ جَثَّامَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا حِمَى اِلَّا لِلّٰهِ وَرَسُولِهِ .

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ سے' وہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: ''چراگاہ صرف اللہ اور اس کے رسول کی ہے۔''

819- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ اَخْبَرَنِي الصَّعْبُ بْنُ جَثَّامَةَ قَالَ: اَهْدَيْتُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَحْمَ حِمَارِ وَحْشٍ وَهُوَ بِالْاَبْوَاءِ اَوْ بِوَدَّانَ فَرَدَّهُ عَلَيَّ، فَلَمَّا رَاَى الْكَرَاهِيَةَ فِي وَجْهِي قَالَ: اِنَّهُ لَيْسَ بِنَا رَدٌّ عَلَيْكَ وَلٰكِنَّا حُرُمٌ .

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ مجھ سے حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں نیل گائے کا گوشت پیش کیا اور آپ اس وقت ابواء یا ودان کے مقام پر تھے تو آپ نے وہ مجھے واپس کر دیا۔ پس جب آپ نے میرے چہرے سے خفگی کا اثر دیکھا تو ارشاد فرمایا: ''ہم نے یہ تمہیں واپس نہیں کرنا تھا لیکن ہم

818- صحیح بخاری' باب ما اسفل من الکعبین فهو فی النار' جلد 7' صفحه 141' رقم: 5787
مسند امام احمد' مسند ابی هریرة رضی الله عنه ' جلد 2' صفحه 461' رقم: 9936
مصنف ابن ابی شیبة ' باب موضع الازار این هو' جلد 5' صفحه 167' رقم: 24824
819- صحیح مسلم' باب بیان غلظ تحریم اسبال الازار' جلد 1' صفحه 71' رقم: 306
السنن الکبرٰی للبیهقی' باب کراهیة الیمین فی البیع' جلد 5' صفحه 265' رقم: 10714
سنن ابوداؤد' باب ما جاء فی اسبال الازار' جلد 4' صفحه 100' رقم: 4089
سنن ابن ماجه ' باب ما جاء فی کراهیة الایمان فی الشراء والبیع' جلد 2' صفحه 744' رقم: 2208
سنن الدارمی' باب فی الیمین الکاذبة' جلد 2' صفحه 345' رقم: 2605

اس وقت حالت احرام میں ہیں۔''

قَالَ الْحُمَيْدِيُّ: وَكَانَ سُفْيَانُ رُبَّمَا جَمَعَهُمَا مَرَّةً فِي حَدِيثٍ وَاحِدٍ وَرُبَّمَا فَرَّقَهُمَا وَكَانَ سُفْيَانُ يَقُولُ: حِمَارَ وَحْشٍ ثُمَّ صَارَ اِلَى لَحْمِ حِمَارِ وَحْشٍ.

امام حمیدی روایت کرتے ہیں کہ سفیان بعض دفعہ ان دونوں روایات کو ایک ہی حدیث میں ایک ساتھ جمع کر کے بیان کر دیتے تھے اور بعض دفعہ انہیں الگ الگ کر کے بیان کرتے تھے اور سفیان پہلے صرف ''نیل گائے'' کے الفاظ بیان کرتے تھے پھر بعد میں انہوں نے ''نیل گائے کے گوشت'' کے الفاظ بیان کرنا شروع کر دیئے۔

100 - مُسْنَدُ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

مسند حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ

820- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ يَنَّاقٍ عَنْ طَاوُسٍ قَالَ: رَاَيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ لَقِيَ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ فَجَعَلَ يَسْتَذْكِرُهُ حَدِيثًا فَقَالَ: كَيْفَ حَدَّثْتَنِي عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي لَحْمِ الصَّيْدِ فَذَكَرَ زَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ حَدِيثِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ.

حضرت طاؤس روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو دیکھا' ان کی ملاقات حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے ہوئی تو انہوں نے حضرت زید رضی اللہ عنہ کو ایک حدیث یاد دلائی اور کہا کہ آپ نے رسول اللہ ﷺ کی حدیث جو شکار کے گوشت کے متعلق ہے' کیسے سنائی تھی؟ تو حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے ان کے سامنے رسول اللہ ﷺ سے ان کی مثل روایت بیان کی' جیسی حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی گئی ہے۔

821- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں

820- سنن ابوداؤد' باب فی قدر موضع الازار' جلد 4' صفحه 103' رقم: 4096
سنن الکبرٰی للنسائی' باب ذکر اختلاف الفاظ الناقلین لخبر عبد الرحمٰن بن یعقوب' جلد 5' صفحه 491' رقم: 9720
سنن ابن ماجه ' باب طول القمیص کم هو' جلد 2' صفحه 1184' رقم: 3576
مصنف ابن ابی شیبة ' باب فی طول القمیص کم هو' جلد 8' صفحه 208' رقم: 25336
821- سنن ابوداؤد' باب کراهیة ان یقول علیك السلام' جلد 4' صفحه 520' رقم: 5211
سنن ترمذی' باب ما جاء فی کراهیة ان یقول علیك اللام مبتداً' جلد 5' صفحه 72' رقم: 2722
الآداب للبیهقی' باب الاعراض عن الوقوع فی اعراض المسلمین' جلد 1' صفحه 70' رقم: 124

قَالَ حَدَّثَنَا الْاَجْلَحُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُجَيَّةَ الْكِنْدِيُّ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِى الْخَلِيلِ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ: اُتِىَ عَلِيُّ بْنُ اَبِى طَالِبٍ بِالْيَمَنِ فِى ثَلَاثَةِ نَفَرٍ وَقَعُوا عَلٰى جَارِيَةٍ لَهُمْ فِى طُهْرٍ وَاحِدٍ فَجَائَتْ بِوَلَدٍ، فَقَالَ عَلِيٌّ لِاثْنَيْنِ مِنْهُمْ: اَتَطِيْبَانِ بِهٖ نَفْسًا لِصَاحِبِكُمَا؟ قَالَا: لَا . ثُمَّ قَالَ لِلْآخَرَيْنِ: اَتَطِيْبَانِ بِهٖ نَفْسًا لِصَاحِبِكُمَا؟ قَالَا: لَا . ثُمَّ قَالَ لِآخَرَيْنِ: اَتَطِيْبَانِ بِهٖ نَفْسًا لِصَاحِبِكُمَا؟ قَالَا: لَا . فَقَالَ عَلِيٌّ: اَنْتُمْ شُرَكَاءُ مُتَشَاكِسُوْنَ اِنِّى مُقْرِعٌ بَيْنَكُمْ، فَاَيُّكُمْ اَصَابَتْهُ الْقُرْعَةُ اَلْزَمْتُهُ الْوَلَدَ وَاَغْرَمْتُهُ ثُلُثَىْ قِيمَةِ الْجَارِيَةِ لِصَاحِبَيْهِ. فَلَمَّا قَدِمْنَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرْنَا ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ: مَا اَعْلَمُ فِيهَا اِلَّا مَا قَالَ عَلِيٌّ.

کہ یمن میں حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے پاس تین آدمی لائے گئے۔ جنہوں نے اپنی لونڈی کے ساتھ ایک ہی طہر میں صحبت کی تھی اور اس لونڈی کے ہاں بچہ پیدا ہو گیا تھا۔ تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان میں سے دو سے کہا: کیا تم دونوں اپنے تیسرے ساتھی کے حق میں دستبردار ہونا چاہو گے؟ انہوں نے کہا کہ نہیں! پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دوسرے دو سے پوچھا: کیا تم دونوں اپنے ساتھی کے حق میں دستبردار ہو گے؟ ان دونوں نے بھی انکار کر دیا' پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دوسرے دو سے پوچھا: کیا تم دو اپنے ساتھی کے حق میں دستبردار ہو گے؟ ان دونوں نے بھی نہیں کہا' تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''تم آپس میں اختلاف رکھنے والے شریک ہو' میں تمہارے درمیان قرعہ ڈلواتا ہوں جس کے نام قرعہ نکل آیا میں بچے کو اس کے ساتھ ملا دوں گا اور اسے اپنے باقی دو ساتھیوں کو لونڈی کی دو تہائی قیمت بطور تاوان دینا ہو گی۔'' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جب ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور آپ کے سامنے اس بات کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا: ''اس بارے میں میری بھی وہی رائے ہے جو علی رضی اللہ عنہ کی ہے۔''

822- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ ذُرَيْحٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهٖ.

حضرت علی بن زریح از حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت بیان کی گئی ہے۔

مسند ابن ابی شیبة ' حدیث الحسن بن علی رضی اللّٰہ عنہما' صفحه 820' رقم: 792

الاحاد والمثانی' من اسمه ابو جری الهجیمی' جلد 2' صفحه 392' رقم: 1183

101 - مُسْنَدُ يَعْلَى بْنِ اُمَيَّةَ

مسند حضرت یعلیٰ بن امیہ رضی اللہ عنہ

823- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عَطَاءُ بْنُ اَبِىْ رَبَاحٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلٰى عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ عَلَى الْمِنْبَرِ (وَنَادَوْا يَا مَالِكُ)

حضرت صفوان بن یعلیٰ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو منبر پر یہ آیت تلاوت کرتے ہوئے سنا ہے: ''اے مالک! اور وہ ندا دیں گے''۔

824- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلٰى عَنْ اَبِيْهِ قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةَ تَبُوْكٍ، فَحَمَلْتُ فِيْهَا عَلٰى بَكْرٍ - وَكَانَ اَوْثَقَ عَمَلِىْ فِىْ نَفْسِىْ - فَاسْتَاْجَرْتُ اَجِيْرًا فَقَاتَلَ رَجُلًا فَعَضَّ عَلٰى يَدِهٖ فَانْتَزَعَهَا مِنْ فِيْهِ، فَاَنْدَرَ ثَنِيَّتَهٗ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اَيَدَعُهَا فِىْ فِيْكَ تَقْضَمُهَا قَضْمَ الْفَحْلِ . وَهَدَرَهَا.

حضرت صفوان بن یعلیٰ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوۂ تبوک میں شریک ہوا' میں نے اس جنگ میں اللہ کی راہ میں ایک جوان اونٹ دیا تھا جو میرے نزدیک میرا سب سے بہترین عمل ہے۔ میں نے اس آدمی کو ملازم رکھا جس کی کسی دوسرے آدمی کے ساتھ لڑائی ہو گئی' اس نے اس کے ہاتھ پر کاٹا تو دوسرے نے اس کے منہ سے اپنے ہاتھ کو کھینچا تو پہلے آدمی کے سامنے کے دانت گر گئے۔ وہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آیا تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''کیا وہ اپنے ہاتھ کو تمہارے منہ میں رہنے دیتا تاکہ تم

823- سنن ابو داؤد' باب الاسبال فی الصلاة ' جلد 1' صفحه 243' رقم: 638

السنن الکبرٰی للبیهقی' باب کراهیة اسبال الازار فی الصلاة ' جلد 2' صفحه 241' رقم: 3431

مجمع الزوائد للهیثمی' باب فی الازار وموضعه ' جلد 5' صفحه 218' رقم: 8531

مسند امام احمد' مسند حیة التمیمی رضی اللّٰه عنه ' جلد 4' صفحه 67' رقم: 16679

مسند البزار' مسند ابی هریرة رضی اللّٰه عنه ' جلد 2' صفحه 461' رقم: 8762

824- سنن ابو داؤد' باب ما جاء فی اسبال الازار' جلد 4' صفحه 101' رقم: 4091

شعب الایمان' فصل فیمن کان متوسعا ثوبا حسنا لیری اثر نعمة اللّٰه علیه ' جلد 5' صفحه 163' رقم: 6204

مسند امام احمد' حدیث سهل بن الحنظلیة ' جلد 4' صفحه 179' رقم: 17659

مصنف ابن ابی شیبة ' باب الاکتناء فی الحرب' جلد 12' صفحه 506' رقم: 34266

معرفة الصحابة لابی نعیم' من اسمه سعید' جلد 3' صفحه 209' رقم: 2902

اسے ایسے چباتے جیسے اونٹ چباتا ہے' تو رسول اللہ ﷺ نے اس کے نقصان کو ضائع قرار دیا۔"

825- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرٌو عَنْ عَطَاءٍ اَنَّ اَجِيرًا لِيَعْلَى وَلَمْ يُسْنِدْهُ وَكَانَ سُفْيَانُ رُبَّمَا ضَمَّهُمَا فَاَدْرَجَ فِيهِ الْاِسْنَادَ فَاِذَا فَصَلَهُمَا جَعَلَ حَدِيثَ ابْنِ جُرَيْجٍ مُسْنَدًا وَحَدِيثَ عَمْرٍو مُرْسَلًا.

حضرت عطاء سے روایت ہے اور انہوں نے اس کی سند بیان نہیں کی اور سفیان بعض دفعہ ان دونوں روایات کو ایک ساتھ ذکر کر دیتے ہیں اور اس کی سند میں ادرج کرتے ہیں لیکن جب وہ ان دونوں روایات کو الگ الگ کرتے ہیں تو وہ ابن جریج سے منقول روایت کو مسند روایت کرتے ہیں اور عمرو والی روایت کو مرسل روایت کرتے ہیں۔

826- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي عَمْرٌو قَالَ اَخْبَرَنِي عَطَاءٌ قَالَ اَخْبَرَنِي صَفْوَانُ بْنُ يَعْلَى عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْجِعْرَانَةِ فَاَتَاهُ رَجُلٌ وَّعَلَيْهِ مُقَطَّعَةٌ - يَعْنِي جُبَّةً - وَهُوَ مُتَضَمِّخٌ بِالْخَلُوقِ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي اَحْرَمْتُ بِالْعُمْرَةِ وَهٰذِهِ عَلَيَّ. فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا كُنْتَ تَصْنَعُ فِي حَجِّكَ؟ قَالَ: كُنْتُ اَغْسِلُ هٰذَا الْخَلُوقَ وَاَنْزِعُ هٰذِهِ الْمُقَطَّعَةَ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا كُنْتَ صَانِعًا فِي حَجِّكَ فَاصْنَعْهُ فِي

حضرت صفوان بن یعلی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جعرانہ کے مقام پر تھے کہ ایک شخص آپ کی خدمت میں آیا' اس نے جبہ پہنا ہوا تھا اور وہ خوشبو میں معطر تھا۔ اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں نے عمرے کا احرام باندھ لیا ہے' تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "تم نے حج کرنا ہوتا تو تم کیا کرتے۔" اس نے عرض کی: پھر میں اس خوشبو کو دھو لیتا اور اس جبے کو اتار دیتا' تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "جو تم نے اپنے حج میں کرنا ہوتا تھا وہی اپنے عمرے میں بھی کرو۔"

825- سنن ابوداؤد' باب فی قدر موضع الازار' جلد 4' صفحہ 103' رقم:4095

مسند امام احمد' مسند ابی سعید الخدری' جلد 3' صفحہ 5' رقم:11023

الآداب للبیهقی' باب فی اسبال الازار' جلد 1' صفحہ 300' رقم:504

سنن ابن ماجہ' باب موضع الازار این هو' جلد 2' صفحہ 1183' رقم:3573

826- صحیح مسلم' باب تحریم جر الثوب خیلاء وبیان حد ما یجوز ارخاؤہ الیه' جلد 6' صفحہ 148' رقم:5583

مستخرج ابی عوانة' بیان الخبر الموجب رفع الرجل ازارہ الی انصاف الساقین' جلد 5' صفحہ 250' رقم:8601

مشکوۃ المصابیح' کتاب اللباس' الفصل الثالث' جلد 2' صفحہ 491' رقم:4368

عُمْرَتِكَ.

827- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلَى عَنْ اَبِيهِ قَالَ قُلْتُ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ: اِنِّي اَشْتَهِي اَنْ اَرَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُنْزِلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ - قَالَ - فَبَيْنَا اَنَا بِالْجِعْرَانَةِ اِذْ دَعَانِي عُمَرُ فَاَتَيْتُ فَاِذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسَجًّى ثَوْبًا، فَكَشَفَ لِي عُمَرُ وَجْهَهُ فَاِذَا هُوَ مُحْمَرٌّ وَجْهُهُ فَلَمَّا سُرِّيَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَيْنَ السَّائِلُ؟ وَقَدْ كَانَ جَاءَهُ رَجُلٌ قَبْلَ ذٰلِكَ وَاِذَا هُوَ مُتَضَمِّخٌ بِالْخَلُوقِ وَعَلَيْهِ مُقَطَّعَةٌ فَقَالَ: اِنِّي اَحْرَمْتُ وَعَلَيَّ هٰذِهِ. فَقَالَ السَّائِلُ: هَا اَنَا ذَا. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا كُنْتَ تَصْنَعُ فِي حَجِّكَ. قَالَ: كُنْتُ اَغْسِلُ هٰذَا الْخَلُوقَ وَاَنْزِعُ هٰذِهِ الْمُقَطَّعَةَ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا كُنْتَ صَانِعًا فِي حَجِّكَ فَاصْنَعْهُ فِي عُمْرَتِكَ.

حضرت صفوان بن یعلی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے یہ کہا: میری یہ تمنا ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کو اس وقت دیکھوں جب آپ پر وحی نازل ہو رہی ہو۔ حضرت یعلی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پس ہم مقام جعرانہ میں تھے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھے بلوایا' میں ان کے پاس آیا تو رسول اللہ ﷺ کو اس وقت کپڑے کے ذریعے ڈھانپ دیا گیا تھا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ کے چہرے سے کپڑا ہٹا کر مجھے دکھایا۔ تو آپ کا چہرہ سرخ ہو رہا تھا' جب رسول اللہ ﷺ کی یہ کیفیت ختم ہوئی تو آپ ﷺ نے یہ فرمایا: سائل کہاں ہے؟ اس سے پہلے ایک آدمی آپ کے پاس آیا تھا' وہ خوشبو سے معطر تھا اور اس نے جبہ پہنا ہوا تھا اور اس نے یہ عرض کی تھی کہ میں نے یہ جبہ پہن کر احرام باندھا ہے۔ اس نے عرض کی: میں یہاں ہوں' تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم اپنے حج میں کیا کرتے ہو؟ وہ کہنے لگا: میں اس خوشبو کو دھو لیتا ہوں اور جبے کو اتار دیتا ہوں۔ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: "تو جو تم اپنے حج میں کرتے ہو وہی اپنے عمرے میں بھی کرو۔"

102 - مُسْنَدُ اَبِي بَكْرَةَ

مسند حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ

828- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکرہ رضی اللہ عنہ روایت

827- سنن ابوداؤد' باب فی قدر موضع الازار' جلد 4' صفحہ 103' رقم:4096

سنن ابن ماجہ' باب طویل القمیص کم ھو' جلد 4' صفحہ 1184' رقم:3576

مصنف ابن ابی شیبۃ' باب فی طول المقیص کم ھو' جلد 4' صفحہ 208' رقم:25336

828- سنن ترمذی' باب ما جاء فی صفة اوانی الحوض' جلد 4' صفحہ 650' رقم:2481

قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ قَالَ اَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي بَكْرَةَ قَالَ: اَمْلٰى عَلَيَّ اَبِي كِتَابًا اِلٰى اَخٍ لِي كَانَ عَامِلًا لَا تَقْضِ بَيْنَ اثْنَيْنِ وَاَنْتَ غَضْبَانُ . فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَا يَنْبَغِي لِلْحَاكِمِ اَنْ يَحْكُمَ بَيْنَ اثْنَيْنِ وَهُوَ غَضْبَانُ .

کرتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے ایک خط لکھوایا جو انہوں نے میرے بھائی کو لکھا تھا جو کسی علاقے کا گورنر تھا کہ تم غصے کی حالت میں دو آدمیوں کے درمیان فیصلہ نہ کرنا کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: ”حاکم کے لیے یہ مناسب نہیں ہے کہ وہ دو آدمیوں کے درمیان غصے کی حالت میں فیصلہ دے۔“

829- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيلُ اَبُوْ مُوسٰى عَنِ الْحَسَنِ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا بَكْرَةَ يَقُوْلُ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ مَعَهُ اِلٰى جَنْبِهِ وَهُوَ يَلْتَفِتُ اِلَى النَّاسِ مَرَّةً وَاِلَيْهِ مَرَّةً وَهُوَ يَقُوْلُ: اِنَّ ابْنِي هٰذَا سَيِّدٌ، وَلَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يُصْلِحَ بِهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ .

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو منبر پر دیکھا اور حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما آپ ﷺ کے ساتھ آپ ﷺ کے پہلو میں تھے۔ آپ ﷺ ایک دفعہ لوگوں کی طرف متوجہ ہوتے تھے اور ایک دفعہ ان (حسن بن علی) کی طرف متوجہ ہوتے اور آپ نے یہ ارشاد فرمایا: ”میرا یہ بیٹا سردار ہے اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے مسلمانوں کے دو بڑے گروہوں میں صلح کروائے گا۔“

103 - مُسْنَدُ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ

مسند حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ

830- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ روایت کرتے

جامع الاصول' النوع التاسع فی ترک الزینة ' جلد 10' صفحه 656' رقم:8285
829- سنن ترمذی' باب ما جاء ان اللّٰه تعالٰی یحب ان یری اثر نعمته علی عبده ' جلد 5' صفحه 123' رقم:2819
المستدرك للحاكم' كتاب الاطعمة ' جلد 6' صفحه 106' رقم:7188
مسند امام احمد' مسند ابی هريرة رضی اللّٰه عنه ' جلد 2' صفحه 311' رقم:8092
الآداب للبيهقی' باب من احب ان يكون ثوبه حسنا' جلد 1' صفحه 292' رقم:488
830- صحيح بخاری' باب لبس الحرير وافتراشه للرجال وقدر ما يجوز منه ' جلد 7' صفحه 150' رقم:5834
صحيح مسلم' باب تحريم استعمال اناء الذهب والفضة علی الرجال والنساء' جلد 6' صفحه 140' رقم:5531
السنن الكبرٰی للبيهقی' باب نهی الرجال عن ثياب الحرير' جلد 2' صفحه 422' رقم:4374
سنن الكبرٰی للنسائی' باب النهی عن الشراب فی آنية الذهب والفضة ' جلد 4' صفحه 195' رقم:6869

قَالَ حَدَّثَنِي زِيَادُ بْنُ عِلَاقَةَ قَالَ سَمِعْتُ جَرِيرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيَّ يَقُوْلُ: بَايَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى النُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ . قَالَ سُفْيَانُ وَزَادَ فِيْهِ (مِسْعَرٌ) عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ عَنْ جَرِيرٍ اَنَّهُ قَالَ: وَاِنِّي لَكُمْ لَنَاصِحٌ .

ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے دست مبارک پر اس بات کی بیعت کی کہ میں ہر مسلمان کے لیے خیر خواہ رہوں گا۔ سفیان نے ایک اور سند کے ساتھ اس میں حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے یہ الفاظ بھی بیان کیے ہیں کہ انہوں نے کہا: ”میں تم لوگوں کا خیر خواہ ہوں۔“

831- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ قَيْسًا يُحَدِّثُ عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: بَايَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اِقَامِ الصَّلَاةِ وَاِيْتَاءِ الزَّكَاةِ، وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ.

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے دست اقدس پر نماز قائم کرنے' زکوٰۃ ادا کرنے اور ہر مسلمان کے لیے خیر خواہی کی بیعت کی تھی۔

832- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدٍ وَمُجَالِدٌ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَرِيرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِذَا اَتَاكُمُ الْمُصَدِّقُ فَلَا يُفَارِقَنَّكُمْ اِلَّا عَنْ رِضًا .

حضرت جریر رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب زکوٰۃ وصول کرنے والا تمہارے پاس آئے تو اسے راضی ہو کر تم سے الگ ہونا چاہیے۔

مسند امام احمد' مسند عمر بن الخطاب رضی اللّٰه عنه ' جلد 1' صفحه 26' رقم:181
831- صحيح بخاری' باب يلبس احسن ما يجد' جلد 2' صفحه 4' رقم:886
صحيح مسلم' باب تحريم استعمال اناء الذهب والفضة علی الرجال والنساء' جلد 6' صفحه 137' رقم:5522
الآداب للبيهقی' باب ما ينهی عنه الرجل من لبس الحرير وافتراشه ' جلد 1' صفحه 281' رقم:471
سنن ابوداؤد' باب ما جاء فی لبس الحرير' جلد 4' صفحه 81' رقم:4041
مسند امام احمد ' مسند عبد اللّٰه بن عمر' جلد 2' صفحه 127' رقم:6105
832- صحيح بخاری' باب لبس الحرير وافتراشه للرجال' جلد 7' صفحه 149' رقم:5827
صحيح مسلم' باب تحريم استعمال اناء الذهب والفضة علی الرجال والنساء' جلد 6' صفحه 140' رقم:5531
سنن ابن ماجه ' باب كراهية لبس الحرير' جلد 2' صفحه 1187' رقم:3588
السنن الكبرٰی للبيهقی' باب نهی الرجال عن ثياب الحرير' جلد 2' صفحه 219' رقم:4370
صحيح ابن حبان' كتاب اللباس وآدابه ' جلد 12' صفحه 245' رقم:5429
مسند البزار' مسند انس بن مالك' جلد 2' صفحه 284' رقم:6403

833- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ: رَاَيْتُ جَرِيرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَتَوَضَّاُ مِنْ مِطْهَرَةِ الْمَسْجِدِ الَّذِي يَتَوَضَّاُ مِنْهَا الْعَامَّةُ، ثُمَّ يَمْسَحُ عَلٰى خُفَّيْهِ، فَقِيلَ لَهُ: اَتَفْعَلُ هٰذَا ؟ قَالَ: وَمَا يَمْنَعُنِي وَقَدْ رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلٰى خُفَّيْهِ . قَالَ اِبْرَاهِيمُ: فَكَانَ هٰذَا الْحَدِيثُ يُعْجِبُ اَصْحَابَ عَبْدِ اللّٰهِ، لِاَنَّ اِسْلَامَ جَرِيرٍ كَانَ بَعْدَ نُزُولِ الْمَائِدَةِ.

حضرت ہمام بن حارث روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کو مسجد کے وضو خانے سے وضو کرتے ہوئے دیکھا جہاں عام لوگ وضو کرتے ہیں۔ پھر انہوں نے اپنے موزوں پر مسح کیا تو ان سے پوچھا گیا کہ کیا آپ ایسا کرتے ہیں؟ تو انہوں نے فرمایا: میں ایسا کیوں نہ کروں جبکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو اپنے موزوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ حضرت ابراہیم نخعی بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے اصحاب کو یہ روایت بہت پسند تھی کیونکہ حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے سورۃ مائدہ نازل ہونے کے بعد اسلام قبول کیا تھا۔

834- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُجَالِدٌ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَرِيرٍ قَالَ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، وَاِقَامِ الصَّلَاةِ وَاِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ .

حضرت جریر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ مبارک پر اطاعت کرنے، نماز قائم کرنے، زکوٰۃ ادا کرنے اور ہر مسلمان کی خیر خواہی کرنے کی بیعت کی تھی۔

833- سنن ابوداؤد' باب فی الحرير النساء' جلد 4' صفحه 89' رقم:4059
سنن ابن ماجه ' باب لبس الحرير والذهب للنساء' جلد 2' صفحه 1189' رقم:3595
السنن الكبرىٰ للبيهقى' باب الرخصة فى الحرير والذهب للنساء' جلد 2' صفحه 425' رقم:4390
السنن الكبرىٰ للنسائى' باب تحريم الذهب على الرجال' جلد 8' صفحه 160' رقم:5144
مسند امام احمد' مسند على بن ابى طالب' جلد 1' صفحه 115' رقم:935
834- سنن ترمذى' باب ما جاء فى الحرير والذهب' جلد 4' صفحه 217' رقم:1720
السنن الكبرىٰ للبيهقى' باب الرخصة فى الحرير والذهب للنساء' جلد 2' صفحه 425' رقم:4391
السنن الكبرىٰ للنسائى' باب الرخصة للنساء فى لبس الحرير والديباج' جلد 2' صفحه 65' رقم:6330
المعجم الاوسط للطبرانى' من اسمه مقدام' جلد 8' صفحه 376' رقم:8924
مسند امام احمد' حديث ابى موسى الاشعرى' جلد 4' صفحه 392' رقم:19520

835- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ قَيْسًا يَقُولُ سَمِعْتُ جَرِيرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ اَرْبَعَ عَشْرَةَ مِنَ الشَّهْرِ فَقَالَ: هَلْ تَرَوْنَ هٰذَا الْقَمَرَ؟ فَاِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ كَمَا تَرَوْنَ هٰذَا الْقَمَرَ لَا تُضَامُونَ فِي رُؤْيَتِهِ، فَمَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ اَنْ لَّا يُغْلَبَ عَلٰى صَلَاةٍ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَلَا قَبْلَ غُرُوبِهَا فَلْيَفْعَلْ .

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ مہینے کی چودھویں رات کو ہم رسول اللہ ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں حاضر تھے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ''کیا تم اس چاند کو دیکھ رہے ہو؟ بے شک تم اپنے رب کا اسی طرح دیدار کرو گے جس طرح تم اس چاند کو دیکھ رہے ہو کہ تمہیں اس کے دیکھنے میں کوئی دقت نہیں آ رہی؛ تو تم میں سے جس شخص کے لیے یہ ممکن ہو تو وہ سورج نکلنے سے پہلے والی اور سورج غروب ہونے سے پہلے والی نماز سے غافل نہ ہو۔''

836- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ قَيْسًا يَقُولُ سَمِعْتُ جَرِيرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيَّ يَقُولُ: مَا رَآنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطُّ اِلَّا تَبَسَّمَ فِي وَجْهِي قَالَ وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : يَطْلُعُ عَلَيْكُمْ مِنْ هٰذَا الْبَابِ رَجُلٌ مِنْ خَيْرِ ذِي يَمَنٍ عَلٰى وَجْهِهِ مَسْحَةُ مَلَكٍ . فَطَلَعَ جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ.

حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب بھی میرے چہرے کی طرف دیکھتے تو مسکرا دیتے تھے۔ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اس دروازے سے تمہارے سامنے ایک ایسا شخص آئے گا جو برکتوں والوں میں سب سے بہتر ہے اور اس کے چہرے پر فرشتے نے ہاتھ پھیرا ہے۔'' پس حضرت جرید بن عبداللہ رضی اللہ عنہ وہاں سے نمودار ہوئے۔

835- صحيح بخارى' باب افتراش الحرير' جلد 7' صفحه 150' رقم:5837
الآداب للبيهقى' باب ما ينهى عنه الرجل من لبس الحرير وافتراشه ' جلد 1' صفحه 283' رقم:474
سنن الدارقطنى' باب الصيد والذبائح ' جلد 4' صفحه 293' رقم:4856
مسند امام احمد' حديث حذيفه بن اليمان رضى الله عنه ' جلد 5' صفحه 408' رقم:23511
مسند البزار' مسند حذيفه بن اليمان' جلد 1' صفحه 449' رقم:2952
836- صحيح بخارى' باب ما يرخص للرجال من الحرير للحكة ' جلد 7' صفحه 151' رقم:5839
صحيح مسلم' باب اباحة لبس الحرير للرجل اذا كان به حكة او نحوها' جلد 6' صفحه 143' رقم:5552
السنن الكبرىٰ للبيهقى' باب ما يرخص للرجال من الحرير للحكة ' جلد 3' صفحه 268' رقم:6292
مسند امام احمد' مسند انس بن مالك' جلد 3' صفحه 180' رقم:12886

837- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ قَالَ سَمِعْتُ قَيْسًا يَقُوْلُ سَمِعْتُ جَرِيرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلَا تَكْفِينِى هٰذِهِ الْخَلَصَةَ الْيَمَانِيَّةَ ـ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّى رَجُلٌ لَا اَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ ـ قَالَ: فَضَرَبَ فِى صَدْرِى وَقَالَ: اللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا ـ قَالَ: فَخَرَجْتُ - قَالَ سُفْيَانُ - فِى اَرْبَعِينَ اَوْ قَالَ خَمْسِينَ رَاكِبًا مِّنْ قَوْمِى فَحَرَّقْتُهَا، ثُمَّ جِئْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: مَا جِئْتُكَ حَتّٰى تَرَكْتُهَا مِثْلَ الْجَمَلِ الْاَجْرَبِ اَوْ قَالَ الْاَجْرَدِ، قَالَ: فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاحْمَسَ خَيْلِهَا وَرِجَالِهَا ثَلَاثًا۔

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''کیا تم یمن کے خلصہ کو تباہ نہیں کرو گے۔'' میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں وہ آدمی ہوں جو گھوڑے پر جم کر نہیں بیٹھ سکتا۔ (راوی کہتے ہیں:) تو رسول اللہ ﷺ نے میرے سینے پر ہاتھ مارا اور دعا کی: ''اے اللہ! اسے جما کے رکھ اور اسے ہدایت دینے والا اور ہدایت کا منبع بنا دے۔'' (راوی کہتے ہیں:) پس میں روانہ ہوا۔ سفیان کہتے ہیں: اپنی قوم کے چالیس یا پچاس لوگوں کے ساتھ نکلا' میں نے اس بت خانے کو جلا دیا۔ پھر میں رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ میں نے عرض کی: میں اس وقت آپ ﷺ کی طرف آیا ہوں جب میں نے اسے خارش زدہ اونٹ کی طرح کر کے چھوڑا تھا۔ اور کہا: پس رسول اللہ ﷺ نے احمس قبیلے کے گھوڑ سواروں اور پیدل لوگوں کے لیے تین مرتبہ دعا کی۔

838- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ وَمَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ قَالَا حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ عَنْ قَيْسٍ عَنْ جَرِيرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ لَّايَرْحَمِ النَّاسَ لَا يَرْحَمْهُ اللّٰهُ ـ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص لوگوں پر رحم نہیں کرتا' اللہ تعالیٰ اس پر رحم نہیں کرتا۔''

837- سنن ابوداؤد' باب فی جلود النمور والسباع' جلد 4' صفحه 114' رقم:4131

سنن الکبریٰ للبیهقی' باب المنع من الانتفاع بشعر المیتة ' جلد 1' صفحه 22' رقم:76

مسند امام احمد' حدیث معاویة بن ابی سفیان' جلد 4' صفحه 93' رقم:16886

التاریخ الکبیر للبخاری' باب معاویه من اسمه معاویة بن ابی سفیان' جلد 7' صفحه 140

838- سنن ابوداؤد' باب فی جلود النمور والسباع' جلد 4' صفحه 116' رقم:4134

سنن الکبریٰ للبیهقی' باب المنع من الانتفاع بجلد الکلب والخنزیر' جلد 1' صفحه 18' رقم:60

سنن الدارمی' باب النهی عن جلود السباع' جلد 2' صفحه 117' رقم:1983

سنن النسائی' باب النهی عن الانتفاع بجلود السباع' جلد 7' صفحه 176' رقم:4253

مسند امام احمد' حدیث اسامة الهذلی رضی الله عنه ' جلد 5' صفحه 74' رقم:20725

839- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ: اسْتَعْمَلَ مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِى سُفْيَانَ جَرِيرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ عَلٰى سَرِيَّةٍ فَاَصَابَهُمْ بَرْدٌ شَدِيدٌ، فَاَقْفَلَهُمْ جَرِيرٌ فَقَالَ لَهُ مُعَاوِيَةُ: لِمَ اَقْفَلْتَهُمْ ؟ قَالَ جَرِيرٌ اِنِّى سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ لَّايَرْحَمِ النَّاسَ لَا يَرْحَمْهُ اللّٰهُ ـ فَقَالَ لَهُ مُعَاوِيَةُ: اَنْتَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؟ قَالَ: نَعَمْ ـ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ: يُرِيدُ مُعَاوِيَةُ اَنْ يُّرِىَ النَّاسَ اِنَّمَا تَرَكَهُ لِاَنَّهُ حَدَّثَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَنْ لَّايَجْتَرِءَ عَلَيْهِ غَيْرُهُ فَيَقْفُلَ بِغَيْرِ اِذْنِهِ۔

حضرت نافع بن جبیر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کو ایک مہم کا کمانڈر مقرر کیا' راستے میں انہیں سخت سردی لگ گئی تو حضرت جریر رضی اللہ عنہ انہیں لے کر واپس آ گئے۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا: آپ انہیں لے کر واپس کیوں آئے ہیں؟ تو حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص لوگوں پر رحم نہیں کرتا اللہ تعالیٰ اس پر رحم نہیں کرتا۔'' تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا کہ آپ نے رسول اللہ ﷺ سے خود سنا ہے؟ تو انہوں نے کہا: ہاں! (میں نے خود سنا ہے)۔ سفیان کہتے ہیں کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ لوگوں کے سامنے یہ وضاحت کرنا چاہ رہے تھے کہ انہوں نے حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کو اس لیے چھوڑ دیا کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے حدیث بیان کر دی ہے ورنہ کسی اور کی اتنی ہمت نہیں ہو سکتی کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے اجازت لیے بغیر کسی مہم سے واپس آ جائے۔

839- سنن ابوداؤد' باب ما یقول اذا لبس ثوبا جدیدا' جلد 4' صفحه 74' رقم:4022

سنن ترمذی' باب ما یقول اذا لبس ثوبا جدیدا' جلد 4' صفحه 239' رقم:1767

الآداب للبیهقی' باب ما یقول اذا لبس ثوبا او اکل طعاما' جلد 1' صفحه 311' رقم:522

المستدرک للحاکم' کتاب اللباس' جلد 6' صفحه 182' رقم:7408

مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی سعید الخدری' جلد 3' صفحه 30' رقم:11266

840- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ جَرِيرٍ قَالَ: جَاءَ قَوْمٌ مُتَجَبِّبُو النِّمَارِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلُوهُ فَحَثَّ النَّاسَ عَلَى الصَّدَقَةِ فَأَبْطَءُوا حَتَّى عُرِفَ ذَلِكَ فِي وَجْهِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ إِنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ جَاءَ بِقِطْعَةِ ذَهَبٍ - أَوْ قَالَ تِبْرٍ - فَأَلْقَاهَا فَتَتَابَعُوا النَّاسُ حَتَّى عُرِفَ ذَلِكَ فِي وَجْهِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَنَّ سُنَّةً حَسَنَةً فَعُمِلَ بِهَا كَانَ لَهُ مِنَ الْأَجْرِ مِثْلُ أَجْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا، لَا يَنْقُصُ ذَلِكَ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْئًا، وَمَنْ سَنَّ سُنَّةً سَيِّئَةً فَعُمِلَ بِهَا كَانَ عَلَيْهِ مِثْلُ وِزْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا، لَا يَنْقُصُ ذَلِكَ مِنْ أَوْزَارِهِمْ شَيْئًا.

حضرت جریر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ چند لوگ پھٹے پرانے کپڑوں میں رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ اقدس میں حاضر ہوئے اور آپ ﷺ سے مدد چاہی' پس آپ نے لوگوں کو صدقہ کی ترغیب دی تو لوگوں نے عطیات دیئے' اس کا اثر رسول اللہ ﷺ کے چہرۂ مبارک سے ظاہر ہوا' پھر انصار کا ایک شخص لوہے کا ایک ٹکڑا لے کر آیا تو پھر اور لوگ بھی آگے پیچھے چیزیں لانے لگے۔ حتیٰ کہ اس چیز کا اثر رسول اللہ ﷺ کے چہرۂ پر محسوس ہوا۔ پس رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "جو آدمی کسی اچھے کام کی ابتداء کرتا ہے اور اس پر عمل کیا جاتا ہے تو اس شخص کو ان تمام لوگوں جتنا اجر ملے گا' جو اس اچھے کام پر عمل کرتے ہیں اور ان لوگوں کے اجر میں کوئی کمی نہیں ہوگی اور جو شخص کسی برے کام کی ابتداء کرتا ہے جس پر عمل کیا جاتا ہے تو اس شخص کو ان تمام لوگوں جتنا گناہ ہوگا جو اس پر عمل کرتے ہیں اور ان لوگوں کے گناہ میں بھی کوئی کمی نہیں ہوگی۔"

841- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ عَنْ جَرِيرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَبَقَ الْعَبْدُ إِلَى أَرْضِ الْعَدُوِّ فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ ذِمَّةُ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ.

حضرت جریر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب کوئی غلام بھاگ کر دشمن کے علاقے میں چلا جائے تو اس سے اللہ عزوجل کا ذمہ ختم ہوجاتا ہے۔

840- الآداب للبیهقی' باب کیف ینام وما یقول عند النوم' صفحه 406' رقم:671

سنن ابن ماجه ' باب ما یدعو به اذا أوى الى فراشه ' جلد 2' صفحه 1275' رقم:3876

مسند امام احمد بن حنبل' مسند البراء بن عازب' جلد 4' صفحه 300' رقم: 18677

841- صحیح بخاری' باب فضل من بات علی الوضوء' جلد 1' صفحه 58' رقم: 247

صحیح مسلم' باب ما یقول عند النوم واخذ المضجع' جلد 2' صفحه 777' رقم: 7057

842- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا بَعْضُ أَصْحَابِنَا عَنْ حَبِيبٍ عَنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ جَرِيرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ از حضرت جریر رضی اللہ عنہ از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت بیان کرتے ہیں۔

843- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ ثَابِتِ بْنِ أَبِي صَفِيَّةَ أَبِي حَمْزَةَ عَنْ زَاذَانَ عَنْ جَرِيرٍ قَالَ قَالَ لَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللَّحْدُ لَنَا، وَالشَّقُّ لِغَيْرِنَا.

حضرت جریر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہم سے فرمایا: "لحد ہمارے لیے ہے اور شق ہمارے غیروں کے لیے ہے۔"

104 - مُسْنَدُ الشَّرِيدِ بْنِ سُوَيْدٍ

مسند حضرت شرید بن سوید رضی اللہ عنہ

844- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَيْسَرَةَ قَالَ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الشَّرِيدِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ: كُنْتُ رِدْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِي: هَلْ مَعَكَ مِنْ شِعْرِ أُمَيَّةَ بْنِ أَبِي الصَّلْتِ شَيْءٌ؟ قُلْتُ: نَعَمْ. قَالَ: هِيهِ. فَأَنْشَدْتُهُ بَيْتًا، ثُمَّ قَالَ: هِيهِ. فَأَنْشَدْتُهُ بَيْتًا فَلَمْ يَزَلْ يَقُولُ: هِيهِ. وَأُنْشِدُهُ حَتَّى أَنْشَدْتُهُ مِائَةَ بَيْتٍ.

حضرت عمرو بن شرید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نبی اکرم ﷺ کے پیچھے سواری پر بیٹھا ہوا تھا' آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تمہیں امیہ بن ابوصلت کا کوئی شعر یاد ہے؟ تو میں نے عرض کی: ہاں! آپ نے فرمایا: سناؤ! تو میں نے آپ کو ایک شعر سنایا' آپ نے فرمایا: اور سناؤ! میں نے آپ کو ایک اور شعر سنایا تو آپ مسلسل یہی فرماتے رہے: اور سناؤ! حتیٰ کہ میں نے آپ کو ایک سو

843- صحیح بخاری' باب من انتظر الاقامة ' جلد 1' صفحه 128' رقم:626

صحیح مسلم' باب صلاة اللیل وعدد رکعات النبی صلی الله علیه وسلم' جلد 2' صفحه 165' رقم:1752

السنن الکبری للبیهقی' باب صلاة اللیل مثنی مثنی' جلد 2' صفحه 486' رقم:4754

مسند امام احمد بن حنبل' حدیث السیدة عائشه رضی الله عنها' جلد 6' صفحه 34' رقم:24103

844- صحیح بخاری' باب وضع الید الیمنی حجت الاخذ الایمن' جلد 8' صفحه 69' رقم:6314

الآداب للبیهقی' باب ما یقول اذا اراد ان ینام واذا استیقظ' جلد 1' صفحه 416' رقم:682

سنن ابوداؤد' باب ما یقال عند النوم' جلد 4' صفحه 471' رقم:5051

سنن ابن ماجه ' باب ما یدعو به اذا انتبه من اللیل' جلد 2' صفحه 1277' رقم:3880

سنن الدارمی' باب ما یقول اذا انتبه من نومه ' جلد 2' صفحه 377' رقم:2686

845- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَيْسَرَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيْدِ - اَوْ يَعْقُوبَ بْنِ عَاصِمٍ كَذٰلِكَ كَانَ يَشُكُّ سُفْيَانُ فِيْهِ - عَنِ الشَّرِيْدِ قَالَ: اَبْصَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا قَدْ اَسْبَلَ اِزَارَهُ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : ارْفَعْ اِزَارَكَ . فَقَالَ الرَّجُلُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّي اَحْنَفُ تَصْطَكُّ رُكْبَتَايَ . فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : ارْفَعْ اِزَارَكَ، فَكُلُّ خَلْقِ اللّٰهِ حَسَنٌ . فَمَا رُئِيَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ بَعْدُ اِلَّا وَاِزَارُهُ اِلٰى اَنْصَافِ سَاقَيْهِ.

حضرت شرید رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا' جس نے اپنے تہبند کو اپنے ٹخنوں سے نیچے لٹکایا ہوا تھا۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے فرمایا: اپنا تہبند اوپر کرو۔ اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں کچھ لنگڑا ہوں جس کی وجہ سے میرے گھٹنے کانپ جاتے ہیں تو اپنے اس عیب کو چھپانے کے لیے میں اپنے تہبند کو لٹکائے رکھتا ہوں۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''تم اپنے تہبند کو اوپر رکھو اور اللہ تعالیٰ کی ہر مخلوق خوبصورت ہے۔'' پس اس کے بعد اس آدمی کو ہمیشہ اسی حالت میں دیکھا گیا کہ اس کا تہبند نصف پنڈلی تک ہوتا تھا۔

105 - مُسْنَدُ زَيْدِ بْنِ خَالِدِ الْجُهَنِيِّ

مسند حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ

846- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدِ الْجُهَنِيِّ وَاَبِي هُرَيْرَةَ وَشِبْلٍ قَالُوا: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ اِلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنْشُدُكَ اللّٰهَ اِلَّا

حضرت زید بن خالد جہنی، حضرت ابوہریرہ اور حضرت شبل رضی اللہ عنہم روایت کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں حاضر تھے کہ ایک شخص آپ کے سامنے آ کھڑا ہوا اور اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں آپ کو اللہ کا واسطہ دے کر یہ کہتا ہوں کہ ہمارے

845- سنن ابوداؤد' باب فی الرجل ينبطح على بطنه ' جلد 4' صفحه 468' رقم: 5042

المعجم الكبير للطبرانی' من اسمه طهفة بن قيس الغفاری' جلد 8' صفحه 328' رقم: 8243

مسند امام احمد' حديث طهفة بن قيس' جلد 3' صفحه 429' رقم: 15582

معرفة الصحابة لابی نعيم' من اسمه طلحة ' جلد 3' صفحه 202' رقم: 2518

846- سنن ابوداؤد' باب كراهية ان يقوم الرجل من مجلسه ولا يذكر الله ' جلد 4' صفحه 414' رقم: 4858

سنن الكبرىٰ للنسائی' باب من جلس مجلسا لم يذكر الله تعالىٰ فيه ' جلد 6' صفحه 107' رقم: 10237

...بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ . فَقَامَ خَصْمُهُ وَكَانَ اَفْقَهَ ...فَقَالَ: اَجَلْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ ... وَائْذَنْ لِيْ فَلَاَقُلْ. قَالَ: قُلْ . قَالَ: اِنَّ ابْنِيْ كَانَ ...فًا عَلٰى هٰذَا، وَاِنَّهُ زَنٰى بِامْرَاَتِهِ، فَاُخْبِرْتُ اَنَّ ... ابْنِي الرَّجْمَ فَافْتَدَيْتُ مِنْهُ بِمِائَةِ شَاةٍ وَخَادِمٍ، ثُمَّ ...تُ رِجَالًا مِّنْ اَهْلِ الْعِلْمِ فَاَخْبَرُوْنِيْ اَنَّ عَلٰى ابْنِيْ ...دُ مِائَةٍ وَتَغْرِيبَ عَامٍ، وَاَنَّ عَلٰى امْرَاَةِ هٰذَا الرَّجْمَ. ...قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : وَالَّذِيْ نَفْسِيْ ...بِيَدِهٖ لَاَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، الْمِائَةُ شَاةٍ ...وَالْخَادِمُ رَدٌّ عَلَيْكَ، وَعَلٰى ابْنِكَ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيبُ ...عَامٍ، وَاغْدُ يَا اُنَيْسُ عَلٰى امْرَاَةِ هٰذَا، فَاِنِ اعْتَرَفَتْ ...فَارْجُمْهَا . قَالَ: فَغَدَا عَلَيْهَا فَاعْتَرَفَتْ فَرَجَمَهَا. قَالَ ...سُفْيَانُ: وَاُنَيْسٌ رَجُلٌ مِّنْ اَسْلَمَ.

درمیان اللہ تعالیٰ کی کتاب کے مطابق فیصلہ فرمائیے گا' اس کا مخالف فریق کھڑا ہوا وہ اس سے زیادہ سمجھدار تھا۔ اس نے عرض کی: ہاں! یا رسول اللہ! آپ ہمارے درمیان اللہ تعالیٰ کی کتاب کے مطابق فیصلہ فرمائیے گا لیکن مجھے کچھ عرض کرنے کی اجازت دیجئے! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم بولو! اس نے عرض کی: میرا بیٹا اس کے ہاں ملازم تھا' اس نے اس کی بیوی کے ساتھ زنا کیا' مجھے یہ بتایا گیا کہ میرے بیٹے کو سنگسار کیا جائے گا تو میں نے اس کے فدیے کے لیے ایک سو بکریاں اور ایک خادم دیا' پھر میں نے اہل علم حضرات سے اس بارے میں پوچھا تو انہوں نے مجھے بتایا کہ میرے بیٹے کو ایک سو کوڑے لگیں گے اور ایک سال کے لیے جلاوطن کیا جائے گا اور اس کی بیوی کو سنگسار کیا جائے گا' تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! میں تم دونوں کے درمیان کتاب اللہ کے مطابق فیصلہ کروں گا' ایک سو بکریاں اور خادم تمہیں واپس کر دیئے جائیں گے' تمہارے بیٹے کو ایک سو کوڑے لگیں گے اور ایک سال کے لیے جلاوطن کیا جائے گا۔ اے انیس! تم اس عورت کے پاس جاؤ اگر وہ اعتراف (زنا) کر لیتی ہے تو تم اسے سنگسار کر دینا۔''

راوی کہتے ہیں: پس حضرت انیس رضی اللہ عنہ اس عورت کے پاس گئے تو اس نے اعتراف کیا تو انہوں نے اسے سنگسار کروا دیا۔ سفیان کہتے ہیں کہ حضرت انیس رضی اللہ عنہ قبیلہ اسلم کے فرد تھے۔

مسند الشاميين للطبرانی' من اسمه خالد بن حميد الهری' جلد 2' صفحه 272' رقم: 1324

847- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ وَأَبِي هُرَيْرَةَ وَشِبْلٍ قَالُوا: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسُئِلَ عَنِ الْأَمَةِ تَزْنِيْ قَبْلَ أَنْ تُحْصَنَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا زَنَتْ أَمَةُ أَحَدِكُمْ فَاجْلِدُوهَا، فَإِنْ عَادَتْ فَاجْلِدُوهَا، فَإِنْ عَادَتْ فَاجْلِدُوهَا . قَالَ فِي الثَّالِثَةِ أَوْ فِي الرَّابِعَةِ: فَبِيعُوهَا وَلَوْ بِضَفِيرٍ . يَعْنِي الْحَبْلَ مِنَ الشَّعْرِ .

حضرت زید بن خالد، حضرت ابوہریرہ اور حضرت شبل رضی اللہ عنہم روایت کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں حاضر تھے آپ سے ایسی لونڈی کے متعلق سوال کیا گیا جو محصنہ ہونے سے پہلے زنا کرالیتی ہے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اگر کسی کی لونڈی زنا کرائے تو تم اسے کوڑے مارو، اگر وہ دوبارہ ایسا کرے تو پھر اسے کوڑے مارو، اگر وہ پھر ایسا کرے تو پھر کوڑے مارو، تیسری مرتبہ یا چوتھی مرتبہ آپ نے فرمایا: پھر تم اسے فروخت کردو، چاہے ایک رسی کے بدلے میں فروخت کرو'' یعنی بالوں سے بنی ہوئی رسی سے۔

848- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ قَالَ أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ: مُطِرَ النَّاسُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلاً، فَلَمَّا أَصْبَحُوا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَمْ تَسْمَعُوا مَا قَالَ رَبُّكُمُ اللَّيْلَةَ ؟ قَالَ: مَا أَنْعَمْتُ عَلَى عِبَادِي مِنْ نِعْمَةٍ إِلَّا أَصْبَحَتْ

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے عہد مبارک میں ایک دفعہ رات کے وقت بارش ہوگئی۔ دوسرے دن صبح کو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''کیا تم جانتے ہو تمہارے رب نے رات کو کیا ارشاد فرمایا ہے؟ اس نے فرمایا ہے: ''میں جب بھی اپنے بندوں کو کوئی نعمت عطا کرتا ہوں تو ان میں سے کچھ لوگ انکار کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں: ہم پر فلاں

847- صحيح بخاري، باب الاستلقاء في المسجد ومد الرجل، جلد 1، صفحه 102، رقم:475

صحيح مسلم، باب في اباحة الاستلقا ووضع احدى الرجلين على الاخرى، جلد 6، صفحه 154، رقم:5626

سنن النسائي، باب الاستلقاء في المسجد، جلد 1، صفحه 264، رقم:800

الآداب للبيهقي، باب في استلقاء الرجل ووضع احدى رجليه على الاخرى، جلد 1، صفحه 350، رقم:581

سنن ترمذي، باب ما جاء في وضع احدى الرجلين على الاخرى مستلقيا، جلد 5، صفحه 95، رقم:2765

848- سنن ابوداؤد، باب في الرجل يجلس متربعا، جلد 4، صفحه 413، رقم:4852

الآداب للبيهقي، باب كيفية الجلوس، جلد 1، صفحه 149، رقم:253

المعجم الكبير للطبراني، من اسمه جابر بن سمرة السوائي، جلد 2، صفحه 216، رقم:1886

مسند امام احمد، ومن حديث ابي عبد الرحمن، جلد 5، صفحه 107، رقم:21070

طَائِفَةٌ مِنْهُمْ بِهَا كَافِرِيْنَ يَقُوْلُوْنَ مُطِرْنَا بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا، فَأَمَّا مَنْ آمَنَ بِيْ وَحَمِدَنِيْ عَلَى سُقْيَايَ فَذٰلِكَ الَّذِيْ آمَنَ بِيْ وَكَفَرَ بِالْكَوْكَبِ، وَأَمَّا مَنْ قَالَ: مُطِرْنَا بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا فَذٰلِكَ الَّذِيْ آمَنَ بِالْكَوْكَبِ وَكَفَرَ بِيْ أَوْ كَفَرَ نِعْمَتِيْ . قَالَ سُفْيَانُ: وَكَانَ مَعْمَرٌ حَدَّثَنَا أَوَّلاً عَنْ صَالِحٍ ثُمَّ سَمِعْنَاهُ مِنْ صَالِحٍ.

فلاں ستارے کی وجہ سے بارش نازل ہوئی ہے، لیکن جو شخص مجھ پر ایمان رکھتا ہے تو وہ میرے سیراب کرنے کی وجہ سے میری حمد بیان کرتا ہے تو یہ وہ شخص ہے جو مجھ پر ایمان رکھتا ہے اور ستاروں کا انکار کرتا ہے لیکن جو شخص یہ کہتا ہے کہ فلاں فلاں ستارے کی وجہ سے ہم پر بارش ہوئی ہے تو وہ ستاروں پر ایمان رکھتا ہے اور میرے ساتھ کفر کرتا ہے، یا فرمایا: میری نعمت کا انکار کرتا ہے۔''
سفیان کہتے ہیں کہ معمر نے یہ روایت پہلے از صالح ہم سے بیان کی تھی، پھر ہم نے یہ روایت صالح کی زبانی سنی۔

849- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ - قَالَ سُفْيَانُ: لَا أَدْرِيْ زَيْدُ بْنُ خَالِدٍ أَوْ لَا - قَالَ: سَبَّ رَجُلٌ دِيكًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبُّوا الدِّيكَ، فَإِنَّهُ يَدْعُوْ إِلَى الصَّلَاةِ .

حضرت عبیداللہ بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ مجھے یہ نہیں معلوم کہ انہوں نے یہ روایت از حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ بیان کی ہے یا کسی اور سے۔ کہتے ہیں کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے مرغ کو برا بھلا کہا تو آپ نے ارشاد فرمایا: مرغ کو برا بھلا نہ کہو کیونکہ وہ نماز کے لیے بلاتا ہے۔

850- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنْ أَبِيْ عَمْرَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخَيْبَرَ

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ہم خیبر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ موجود تھے اشجاع قبیلے کا ایک آدمی فوت ہوگیا تو رسول اللہ ﷺ نے اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھی، آپ نے فرمایا: ''تم

849- صحيح بخاري، باب الاحتباء باليد وهو القرفصاء، جلد 8، صفحه 61، رقم:6272

جامع الاصول، الكتاب السادس في النوم وهيئته والقعود، جلد 11، صفحه 568، رقم:9182

مشكوة المصابيح، باب الجلوس والنوم والمشي، جلد 3، صفحه 19، رقم:4707

850- سنن ابوداؤد، باب في جلوس الرجل، جلد 4، صفحه 412، رقم:4849

الشمائل المحمدية للترمذي، باب ما جاء في جلسة رسول الله صلى الله عليه وسلم، صفحه 147، رقم:128

الادب المفرد للبخاري، باب القرفصاء، صفحه 402، رقم:1178

السنن الكبرىٰ للبيهقي، باب الاحتباء المباح في غير وقت الصلاة، جلد 3، صفحه 235، رقم:6126

فَمَاتَ رَجُلٌ مِنْ اَشْجَعَ، فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ: صَلُّوْا عَلٰى صَاحِبِكُمْ . فَنَظَرُوْا فِي مَتَاعِهٖ فَوَجَدُوْا فِيْهِ خَرَزَاتٍ مِنْ خَرَزِ يَهُوْدَ لَا يَسْوٰى دِرْهَمَيْنِ.

اپنے ساتھی کی نماز جنازہ پڑھ لو۔'' جب لوگوں نے اس کے سامان کی تلاشی لی تو انہیں اس کے سامان میں یہودیوں کا ایک ہار ملا جس کی قیمت دو درہم کے برابر بھی نہیں تھی۔

851- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ يَزِيْدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ يَقُوْلُ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهُ عَنِ اللُّقَطَةِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اعْرِفْ عِفَاصَهَا وَوِعَاءَهَا ثُمَّ عَرِّفْهَا سَنَةً، فَاِنِ اعْتُرِفَتْ وَاِلَّا فَاخْلِطْهَا بِمَالِكَ . قَالَ: وَسَاَلَهُ عَنْ ضَالَّةِ الْغَنَمِ فَقَالَ: لَكَ اَوْ لِاَخِيْكَ اَوْ لِلذِّئْبِ . وَسَاَلَهُ عَنْ ضَالَّةِ الْاِبِلِ فَغَضِبَ حَتّٰى احْمَرَّتْ وَجْنَتَاهُ، فَقَالَ: مَا لَكَ وَلَهَا؟ مَعَهَا السِّقَاءُ وَالْحِذَاءُ تَرِدُ الْمَاءَ، وَتَاْكُلُ الْكَلَاَ حَتّٰى يَاْتِيَهَا رَبُّهَا .

حضرت یزید مولیٰ منبعث روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور آپ سے اس چیز کے متعلق سوال کیا جو کہیں پڑی ہوئی ملی تھی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم اس کی تھیلی کو اور اس کی تھیلی کے منہ پر باندھنے والی رسی کو پہچان لو پھر ایک سال تک اس کی تشہیر کرتے رہو اگر اس کا مالک آ جائے تو ٹھیک ہے ورنہ تم اسے اپنے مال میں شامل کر لو۔'' راوی نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ سے گم ہوئی بکری کے متعلق سوال کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: وہ یا تمہیں ملے گی یا تمہارے کسی بھائی کو ملے گی یا بھیڑیے کو ملے گی۔ راوی نے کہا کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے گم ہوئے اونٹ کے متعلق سوال کیا تو آپ ﷺ غصہ میں آ گئے حتیٰ کہ آپ کا چہرۂ مبارک سرخ ہو گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تمہارا اس سے کیا واسطہ اس کا پیٹ اور اس کے پاؤں اس کے ساتھ ہیں وہ پانی تک پہنچ جائے گا اور گھاس کھالے گا حتیٰ کہ اس کا مالک اس تک پہنچ جائے۔

852- قَالَ سُفْيَانُ فَبَلَغَنِي اَنَّ رَبِيْعَةَ بْنَ اَبِي

851- سنن ابوداؤد، باب فی الجلسة المكروهة، جلد 4، صفحه 413، رقم: 4850
الآداب للبیهقی، باب ما یکره من الجلوس، جلد 1، صفحه 151، رقم: 256
صحیح ابن حبان، باب التواضع والکبر، جلد 12، صفحه 488، رقم: 5674
مسند امام احمد، حدیث الشرید بن سوید، جلد 4، صفحه 388، رقم: 19472
852- صحیح بخاری، باب لا یقیم الرجل الرجل من مجلسه، جلد 8، صفحه 16، رقم: 6269

عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يُسْنِدُهُ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ فَاَتَيْتُهُ فَقُلْتُ لَهُ: الْحَدِيْثُ الَّذِي تُحَدِّثُهُ عَنْ يَزِيْدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ فِي اللُّقَطَةِ وَضَالَّةِ الْاِبِلِ وَالْغَنَمِ هُوَ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: نَعَمْ. وَكُنْتُ اَكْرَهُهُ لِلرَّاْيِ، فَلِذٰلِكَ لَمْ اَسْاَلْهُ عَنْهُ وَلَوْلَا اَنَّهُ اَسْنَدَهُ مَا سَاَلْتُهُ عَنْ اِسْنَادِهٖ.

حضرت سفیان کہتے ہیں کہ مجھے یہ معلوم ہوا ہے کہ ربیعہ بن ابوعبدالرحمٰن اس روایت کو حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ سے مسند روایت کے طور پر بیان کرتے ہیں۔ پس میں ان کے پاس حاضر ہوا اور ان سے کہا کہ وہ حدیث جسے آپ یزید مولیٰ منبعث سے روایت کرتے ہیں کہ جو گم ہوئی چیز کے اور گم ہوئے اونٹ یا بکری کے متعلق ہے تو کیا وہ حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ کے حوالے سے رسول اللہ ﷺ سے بیان کی گئی ہے؟ تو انہوں نے کہا: ہاں! سفیان کہتے ہیں کہ میں ان کی رائے کی وجہ سے انہیں پسند نہیں کرتا تھا' اس لیے میں نے ان سے اس کے متعلق سوال نہیں کیا' اگر انہوں نے اس کی سند بیان نہ کی ہوتی تو میں ان سے اس سند کے بارے میں بھی نہ پوچھتا۔

853- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا سَالِمٌ اَبُو النَّضْرِ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ: اَرْسَلَنِي اَبُو الْجُهَيْمِ اَسْاَلُ زَيْدَ بْنَ خَالِدٍ الْجُهَنِيَّ مَا سَمِعْتَ فِي الَّذِي يَمُرُّ بَيْنَ يَدَيِ الْمُصَلِّي؟ فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَاَنْ يَمْكُثَ اَحَدُكُمْ اَرْبَعِيْنَ خَيْرٌ لَهُ مِنْ اَنْ يَمُرَّ بَيْنَ

حضرت یسر بن سعید روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوجہیم رضی اللہ عنہ نے مجھے حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا تاکہ میں ان سے یہ پوچھوں کہ آپ نے نمازی کے آگے سے گزرنے والے کے بارے میں کیا حدیث سنی ہے؟ تو انہوں نے مجھے بتایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

صحیح مسلم، باب تحریم اقامة الانسان من موضعه المباح الذی سبق الیه، جلد 7، صفحه 9، رقم: 5812
السنن الدارمی، باب لا یقیمن احدکم اخاه من مجلسه، جلد 2، صفحه 365، رقم: 2653
صحیح ابن حبان، باب الصحبة والمجالسة، جلد 2، صفحه 349، رقم: 587
مسند امام احمد، مسند عبد الله بن عمر، جلد 2، صفحه 124، رقم: 6062
853- صحیح مسلم، باب اذا قام من مجلسه ثم عاد فهو احق به، جلد 7، صفحه 10، رقم: 5818
الآداب للبیهقی، باب الرجل یقوم من مجلسه لحاجة عرضت له ثم عاد الیه، جلد 1، صفحه 145، رقم: 247
الاحاد والمثانی، من اسمه وهب بن حذیفه الثقفی رضی الله عنه، جلد 3، صفحه 235، رقم: 1595
سنن ترمذی، باب ما جاء اذا قام الرجل من مجلسه ثم رجع الیه فهو احق به، جلد 5، صفحه 89، رقم: 2751

يَدَىْ مُصَلِّيْ . لَا يَدْرِي اَرْبَعِيْنَ سَنَةً اَوْ اَرْبَعِيْنَ شَهْرًا اَوْ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا اَوْ اَرْبَعِيْنَ سَاعَةً.

''تم میں سے کسی ایک آدمی کا چالیس تک ٹھہرے رہنا اس سے زیادہ بہتر ہے کہ وہ نمازی کے آگے سے گزرے۔''

البتہ یہ معلوم نہیں ہے کہ اس سے مراد چالیس سال ہیں، یا چالیس مہینے ہیں یا چالیس دن ہیں یا چالیس گھڑیاں۔

854- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي لَيْلٰى عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا اَوْ خَلَفَهُ فِيْ اَهْلِهِ فَقَدْ غَزَا .

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو آدمی کسی غازی کو سامان مہیا کرے یا اس کی عدم موجودگی میں اس کے گھر والوں کا خیال رکھے۔ تو گویا اس نے بھی جنگ میں حصہ لیا۔

106 - مُسْنَدُ قَبِيْصَةَ بْنِ مُخَارِقِ الْهِلَالِيِّ

مسند حضرت قبیصہ بن مخارق ہلالی رضی اللہ عنہ

855- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ رِئَابٍ - وَكَانَ يُخْفِي الزُّهْدَ - قَالَ سَمِعْتُ كِنَانَةَ بْنَ نُعَيْمٍ يُحَدِّثُ عَنْ قَبِيْصَةَ بْنِ الْمُخَارِقِ قَالَ: تَحَمَّلْتُ بِحَمَالَةٍ فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلْتُهُ قَالَ: تُؤَدِّيْهَا اَوْ نُخْرِجُهَا عَنْكَ اِذَا قَدِمَتْ نَعَمُ الصَّدَقَةِ . ثُمَّ قَالَ: اِنَّ الْمَسْاَلَةَ حُرِّمَتْ اِلَّا فِيْ ثَلَاثٍ: رَجُلٍ تَحَمَّلَ بِحَمَالَةٍ

حضرت قبیصہ بن مخارق رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے ایک رقم کی ادائیگی اپنے ذمے لے لی، پس میں رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آیا، تاکہ آپ ﷺ سے مدد مانگوں۔ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جب صدقہ کے اونٹ آئیں گے تو ہم تمہیں دے دیں گے' پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مانگنا حرام کیا گیا ہے' سوائے تین آدمیوں کے' ایک وہ آدمی جو کسی

854- سنن ابوداؤد' باب فی التحلق' جلد 4' صفحه 405' رقم:4827

سنن ترمذی' باب ما جاء فی كراهية ان يقول عليك السلام مبتدأ' جلد 5' صفحه 73' رقم:2725

مسند امام احمد' حديث جابر بن سمرة رضی الله عنه ' جلد 5' صفحه 91' رقم:20887

855- صحیح بخاری' باب الدهن للجمعة ' جلد 2' صفحه 3' رقم:883

السنن الكبرىٰ للبيهقي' باب السنة فی التنظيف يوم الجمعة ' جلد 3' صفحه 242' رقم:6168

مسند امام احمد' حديث رفاعة بن شداد' جلد 5' صفحه 438' رقم:23671

مسند ابن ابی شيبة ' حديث سلمان الفارسی رضی الله عنه ' صفحه 666' رقم:457

المعجم الكبير للطبرانی' من اسمه سهيل بن حنظلة' جلد 6' صفحه 271' رقم:6203

فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْاَلَةُ حَتّٰى يُؤَدِّيَهَا ثُمَّ يُمْسِكُ، وَرَجُلٍ اَصَابَتْهُ فَاقَةٌ وَّحَاجَةٌ حَتّٰى شَهِدَ اَوْ تَكَلَّمَ ثَلَاثَةٌ مِّنْ ذَوِي الْحِجَا مِنْ قَوْمِهٖ اَنَّ بِهٖ فَاقَةً وَّحَاجَةً فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْاَلَةُ حَتّٰى يُصِيْبَ سِدَادًا مِّنْ عَيْشٍ اَوْ قِوَامًا مِّنْ عَيْشٍ ثُمَّ يُمْسِكُ، وَرَجُلٍ اَصَابَتْهُ جَائِحَةٌ اجْتَاحَتْ مَالَهٗ فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْاَلَةُ حَتّٰى يُصِيْبَ سِدَادًا مِّنْ عَيْشٍ اَوْ قِوَامًا مِّنْ عَيْشٍ ثُمَّ يُمْسِكُ، وَمَا سِوٰى ذٰلِكَ فَهُوَ سُحْتٌ .

دوسرے کی رقم کی ادائیگی اپنے ذمے لے لے تو اس کے لیے مانگنا حلال ہے' حتیٰ کہ وہ اسے ادا کر دے اور پھر مانگنے سے باز آ جائے اور ایک وہ آدمی جسے فاقہ اور سخت حاجت پیش آ جائے حتیٰ کہ اس کی قوم کے تین لوگ اس کے متعلق گواہی دیں یا بات کریں کہ اسے فاقہ یا سخت حاجت درپیش ہے' تو اس کے لیے مانگنا حلال ہے' حتیٰ کہ وہ اپنی ضروریات کا پورا سامان حاصل کر لے' اور پھر وہ مانگنے سے باز آ جائے' اور ایک وہ آدمی جس پر کوئی آفت آ جائے جو اس کے مال کو تباہ کر دے تو اس کے لیے مانگنا جائز ہو جاتا ہے۔ حتیٰ کہ وہ اپنی ضروریات کے لیے امداد لے لے اور پھر اس سے باز آ جائے' ان کے سوا جو بھی مانگتا ہے وہ حرام ہے۔

107 - مُسْنَدُ عِصَامِ الْمُزَنِيِّ

مسند حضرت عصام المزنی رضی اللہ عنہ

856- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ نَوْفَلِ بْنِ مُسَاحِقٍ اَنَّهٗ سَمِعَ رَجُلًا مِّنْ مُزَيْنَةَ يُقَالُ لَهُ ابْنُ عِصَامٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا بَعَثَ سَرِيَّةً قَالَ: اِذَا رَاَيْتُمْ مَسْجِدًا اَوْ سَمِعْتُمْ مُؤَذِّنًا فَلَا تَقْتُلُنَّ اَحَدًا . قَالَ: فَبَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَرِيَّةٍ فَاَمَرَنَا بِذٰلِكَ فَخَرَجْنَا قِبَلَ تِهَامَةَ، فَاَدْرَكْنَا رَجُلًا يَسُوْقُ بِظَعَائِنَ فَقُلْنَا لَهُ اَسْلِمْ. فَقَالَ: وَمَا الْاِسْلَامُ؟ فَاَخْبَرْنَاهُ بِهٖ فَاِذَا هُوَ لَا يَعْرِفُهٗ . فَقَالَ: اَفَرَاَيْتُمْ اِنْ اَنَا لَمْ اَفْعَلْ فَمَا اَنْتُمْ

حضرت عبدالملک بن نوفل روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے مزینہ قبیلے والے ایک آدمی جن کا نام ابن عصام تھا کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا' جو اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب کسی مہم کو روانہ فرماتے تو آپ ﷺ یہ ارشاد فرماتے: جب تم کوئی مسجد دیکھو یا تم موذن کو سنو تو وہاں کسی کو قتل نہ کرنا۔

انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ایک مہم پر روانہ کیا اور آپ نے ہمیں یہی حکم دیا' پس ہم تہامہ کی جانب روانہ ہوئے تو وہاں ہمیں ایک آدمی ملا جو چند عورتوں کو لے کر جا رہا تھا' ہم نے اس سے کہا: تم اسلام

856- سنن ابوداؤد' باب فی الرجل يجلس بين الرجلين بغير اذنهما' جلد 4' صفحه 412' رقم:4847

سنن ترمذی' باب ما جاء فی كراهية الجلوس بين الرجلين بغير اذنهما' جلد 5' صفحه 89' رقم:2752

صَانِعُوْنَ ؟ قَالَ قُلْنَا نَقْتُلُكَ . قَالَ: فَهَلْ اَنْتُمْ مُنْظِرِيَّ حَتّٰى اُدْرِكَ الظَّعَائِنَ؟ قُلْنَا نَعَمْ، وَنَحْنُ مُدْرِكُوكَ. قَالَ: فَادْرَكَ الظَّعَائِنَ، فَقَالَ: اَسْلِمِي حُبَيْشُ قَبْلَ نَفَادِ الْعَيْشِ فَقَالَتِ الْاُخْرٰى: اَسْلِمْ عَشْرًا وَسَبْعً وِتْرًا اَوْ ثَمَانِيًا تَتْرٰى ثُمَّ قَالَ اَتَذْكُرُ اِذْ طَالَبْتُكُمْ فَوَجَدْتُكُمْ بِحَلْيَةَ وَاَدْرَكْتُكُمْ بِالْخَوَانِقِ اَلَمْ يَكُ حَقًّا اَنْ يُنَوَّلَ عَاشِقٌ تَكَلَّفَ اِدْلَاجَ السُّرٰى وَالْوَدَائِقِ فَلَا ذَنْبَ لِي قَدْ قُلْتُ اِذْ اَهْلُنَا مَعًا اَثِيبِي بِوَصْلٍ قَبْلَ اِحْدَى الصَّفَائِقِ اَثِيبِي بِوَصْلٍ قَبْلَ اَنْ يَّشْحَطَ النَّوٰى وَيَنْاَى الْاَمِيْرُ بِالْحَبِيبِ الْمُفَارِقِ قَالَ: ثُمَّ رَجَعَ اِلَيْنَا فَقَالَ: شَانُكُمْ . فَقَدَّمْنَاهُ فَضَرَبْنَا عُنُقَهُ وَانْحَدَرَتِ الْاُخْرٰى مِنْ هَوْدَجِهَا امْرَاَةٌ اَدْمَاءُ تَحُصُّ فَجَثَتْ عَلَيْهِ حَتّٰى مَاتَتْ.

قبول کرلو! اس نے کہا: اسلام کا کیا مطلب ہے؟ ہم نے اسے بتایا تو وہ اس سے لاعلم تھا۔ کہنے لگا: اگر میں ایسا نہ کروں تو پھر تم لوگ کیا کرو گے؟ کہا کہ ہم نے کہا: ہم تمہیں قتل کر دیں گے۔ تو کہنے لگا: کیا تم میرا انتظار کرو گے کہ میں ان عورتوں کو آگے پہنچا آؤں؟ ہم نے کہا: ٹھیک ہے ہم تجھ تک پہنچ جائیں گے۔ کہا کہ وہ ان عورتوں کے پاس گیا اور کہنے لگا کہ حبیش تم اسلام قبول کرلو! اس سے پہلے کہ زندگی ختم ہو جائے تو ایک اور عورت بولی: تم دس لوگ اسلام قبول کرو، سات لوگ کرو جو طاق ہوتے ہیں یا آٹھ کرو جو ایک کے بعد دوسرے ہوتے ہیں۔ پھر اس شخص نے یہ پڑھا: ''کیا تمہیں وہ دن یاد ہے کہ جب میں تمہاری تلاش میں نکلا تھا تو میں نے تمہیں حلیہ کے مقام پر پایا تھا یا میں نے تمہیں خوانق کے مقام پر پایا تھا' کیا یہ بات لازمی نہیں تھی کہ عشق کرنے والے کو رات کے وقت کے سفر اور تپتی ہوئی دوپہر کے سفر کا بدلہ دیا جائے میں نے جو کہا ہے اس پر مجھے کوئی گناہ نہیں ہوگا۔ اگر میری بیوی میرے ساتھ ہو اور وہ مجھے نہانے کی اجازت دے دے' اس سے پہلے کہ حادثات میں سے کوئی ایک حادثہ پیش آ جائے۔ وہ مجھے وصل کی اجازت دے دے اس سے پہلے کہ گھر دور ہو جائے اور سردار محبوب کے متعلق علیحدگی کا حکم دے دے۔'' راوی نے کہا کہ پھر وہ شخص ہمارے پاس آیا اور کہنے لگا: اب تم اپنا کام کرلو! ہم آگے بڑھے اور ہم نے اس کی گردن اڑا دی۔ تو ایک عورت اپنے ہودج سے تیزی سے نیچے اتری وہ

الادب المفرد للبخاری' باب لا یفرق بین اثنین' صفحہ 390' رقم: 1142

مسند امام احمد' مسند عبد اللہ بن عمرو' جلد 2' صفحہ 213' رقم: 6999

انتہائی گندمی رنگت والی تھی' وہ آ کر اس پر گر پڑی اور وہ بھی فوت ہوگئی۔

108 - مُسْنَدُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّائِبِ

857- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّائِبِ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى بِالنَّاسِ الصُّبْحَ يَوْمَ الْفَتْحِ فَقَرَاَ سُوْرَةَ الْمُؤْمِنِيْنَ، فَلَمَّا بَلَغَ ذِكْرَ عِيسَى وَاُمِّهِ اَخَذَتْهُ سَعْلَةٌ اَوْ شَرْقَةٌ فَرَكَعَ.

مسند حضرت عبداللہ بن سائب رضی اللہ عنہ

حضرت عبداللہ بن سائب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فتح مکہ کے دن لوگوں کو صبح کی نماز پڑھائی تو آپ نے سورۂ مومنون کی تلاوت کی' جب آپ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کی والدہ کے ذکر پر پہنچے تو آپ ﷺ کو کھانسی آ گئی۔ یا آپ کے گلے میں بلغم آ گئی تو آپ نے رکوع کر لیا۔

109 - مُسْنَدُ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ

858- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَفْصٍ عَنْ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ قَالَ: اَبْصَرَنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا مُتَخَلِّقٌ فَقَالَ لِي: يَا يَعْلَى اَلَكَ

مسند حضرت یعلیٰ بن مرہ رضی اللہ عنہ

حضرت یعلیٰ بن مرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے دیکھا کہ میں نے ایک خاص قسم کی خوشبو لگائی ہوئی تھی۔ آپ ﷺ نے مجھ سے پوچھا: اے یعلیٰ! کیا تمہاری بیوی ہے؟ میں نے عرض

857- سنن ابوداؤد' باب الجلوس وسط الحلقة' جلد 4' صفحہ 405' رقم: 4828

سنن ترمذی' باب ما جاء فی کراهية القعود وسط الحلقة' جلد 5' صفحہ 90' رقم: 2753

السنن الکبرٰی للبیهقی' باب کراهية الجلوس فی وسط الحلقة' جلد 3' صفحہ 234' رقم: 6118

اتحاف الخیرہ المهرة' باب خیر المجالس اوسعها' جلد 6' صفحہ 117' رقم: 5453

مسند البزار' مسند حذیفه بن یمان' جلد 1' صفحہ 450' رقم: 2957

858- سنن ابوداؤد' باب فی سعة المجلس' جلد 4' صفحہ 405' رقم: 4822

الآداب للبیهقی' باب خیر المجالس اوسعها' جلد 1' صفحہ 146' رقم: 250

الادب المفرد' باب خیر المجالس اوسعها' صفحہ 388' رقم: 1136

المستدرك للحاکم' کتاب الادب' جلد 6' صفحہ 282' رقم: 7705

مسند امام احمد' مسند ابی سعید الخدری' جلد 3' صفحہ 18' رقم: 11153

امْرَأَةٌ؟ . فَقُلْتُ: لَا . قَالَ: فَاغْسِلْهُ وَلَا تَعُدْ، ثُمَّ اغْسِلْهُ وَلَا تَعُدْ ثُمَّ اغْسِلْهُ وَلَا تَعُدْ . قَالَ يَعْلٰى: فَغَسَلْتُهُ وَلَا اَعُوْدُ، ثُمَّ غَسَلْتُهُ وَلَا اَعُوْدُ، ثُمَّ غَسَلْتُهُ وَلَا اَعُوْدُ.

کی: نہیں! تو آپ ﷺ نے فرمایا: پھر تم اسے دھو دو اور دوبارہ نہ لگانا' پھر تم اسے دھو دو اور دوبارہ نہ لگانا۔ حضرت یعلیٰ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: تو میں نے اسے دھو لیا اور دوبارہ نہیں لگایا' پھر میں نے اسے دھویا اور اسے دوبارہ نہیں لگایا' پھر میں نے اسے دھویا اور اسے دوبارہ نہیں لگایا۔

110 - مُسْنَدُ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ

مسند حضرت سلمان بن عامر رضی اللہ عنہ

859- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ الْاَحْوَلُ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيرِيْنَ عَنِ الرَّبَابِ عَنْ عَمِّهَا سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ الضَّبِّيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَعَ الصَّبِيِّ عَقِيقَتُهُ فَاهْرِيقُوا عَنْهُ دَمًا وَاَمِيطُوا عَنْهُ الْاَذٰى .

حضرت سلمان بن عامر الضبی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ بچے کا عقیقہ کرو' پس تم اس کی طرف سے خون بہاؤ اور اس سے گندگی دور کرو۔

860- قَالَ وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِذَا اَفْطَرَ اَحَدُكُمْ فَلْيُفْطِرْ عَلٰى تَمْرٍ فَاِنَّهُ بَرَكَةٌ، فَاِنْ لَمْ يَكُنْ فَمَاءٌ فَاِنَّهُ طَهُوْرٌ .

فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: جب کوئی شخص روزہ افطار کرے تو کھجور کے ساتھ افطار کرے کیونکہ اس میں برکت ہوتی ہے'

859- سنن ترمذی' باب ما یقول اذا قام من المجلس' جلد 5' صفحہ 494' رقم:3433
صحیح ابن حبان' باب الصحبة والمجالسة' جلد 2' صفحہ 354' رقم:594
مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی ہریرة رضی اللہ عنہ' جلد 2' صفحہ 494' رقم:10420
سنن الکبریٰ للنسائی' باب ما یقول اذا جلس فی مجلس کثر فیه لغطه' جلد 6' صفحہ 105' رقم:10230
860- سنن ابوداؤد' باب فی کفارة المجلس' جلد 4' صفحہ 415' رقم:4861
سنن ترمذی' باب ما یقول اذا قام من المجلس' جلد 5' صفحہ 494' رقم:3433
المعجم الکبیر للطبرانی' ابوالعالیة عن رافع بن خدیج' جلد 4' صفحہ 287' رقم:4446
مجمع الزوائد للهیثمی' باب کفارة المجلس' جلد 10' صفحہ 206' رقم:17161
الآداب للبیهقی' باب فی کفارة المجلس' جلد 1' صفحہ 152' رقم:259

اگر کھجور نہ ہو تو پانی کے ساتھ کرے کیونکہ یہ پاکیزگی عطا کرتا ہے۔

861- وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: الصَّدَقَةُ عَلَى الْمِسْكِيْنِ صَدَقَةٌ، وَهِيَ عَلٰى ذِي الرَّحِمِ الْمِسْكِيْنِ ثِنْتَانِ صَدَقَةٌ وَصِلَةٌ.

اور میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ غریب کو صدقہ دینا صرف صدقہ دینا ہے اور غریب رشتے دار کو صدقہ دینے میں دو پہلو ہیں' صدقہ کرنا اور صلہ رحمی کرنا۔

111 - مُسْنَدُ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيْكٍ الْعَامِرِيِّ

مسند حضرت اسامہ بن شریک عامری رضی اللہ عنہ

862- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي زِيَادُ بْنُ عِلَاقَةَ قَالَ سَمِعْتُ اُسَامَةَ بْنَ شَرِيْكٍ الْعَامِرِيَّ قَالَ: شَهِدْتُ الْاَعَارِيْبَ يَسْاَلُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ عَلَيْنَا جُنَاحٌ فِيْ كَذَا فِيْ كَذَا؟ فَقَالَ: عِبَادَ اللّٰهِ، وَضَعَ اللّٰهُ الْحَرَجَ اِلَّا مَنِ اقْتَرَضَ مِنْ عِرْضِ اَخِيْهِ شَيْئًا، فَذٰلِكَ الَّذِيْ حَرِجَ وَهَلَكَ . قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَتَدَاوٰى؟ قَالَ: تَدَاوَوْا عِبَادَ اللّٰهِ، فَاِنَّ اللّٰهَ لَمْ يُنْزِلْ دَاءً اِلَّا وَقَدْ اَنْزَلَ لَهُ شِفَاءً اِلَّا الْهَرَمَ . قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَمَا

حضرت اسامہ بن شریک عامری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں اس وقت ان دیہاتیوں کے پاس تھا جو رسول اللہ ﷺ سے یہ سوال کر رہے تھے کہ کیا ہمیں اس پر گناہ ہوگا' اس پر گناہ ہوگا؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ کے بندو! اللہ تعالیٰ نے حرج کو اٹھا لیا ہے سوائے اس شخص کے جو اپنے کسی بھائی کی عزتِ نفس کے پیچھے پڑ جائے' تو یہ وہ چیز ہے جو حرج میں مبتلا کرتی ہے اور ہلاک کر دیتی ہے۔ لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا ہم دوا استعمال کیا کریں؟ تو آپ نے فرمایا: اے اللہ

861- سنن ترمذی' باب ما جاء فی عقد التسبیح بالید' جلد 5' صفحہ 528' رقم:3502
سنن الکبریٰ للنسائی' باب ما یقول اذا جلس فی مجلس کثر فیه لغطه' جلد 6' صفحہ 106' رقم:10234
جامع الاصول لابن اثیر' الفصل السادس فی ادعیة المجلس والقیام عنه' جلد 4' صفحہ 276' رقم:2270
مشکوٰة المصابیح' باب جامع الدعاء' الفصل الثانی' جلد 2' صفحہ 60' رقم:2492
862- سنن ترمذی' باب ما جاء فی کراهیة الحلف لغیر اللّٰه' جلد 3' صفحہ 46' رقم:1535
السنن الکبریٰ للبیهقی' باب کراهیة الحلف لغیر اللّٰه عزوجل' جلد 10' صفحہ 29' رقم:20324
المستدرك للحاکم' کتاب الایمان والنذور' جلد 6' صفحہ 318' رقم:7814
صحیح ابن حبان' کتاب الایمان' جلد 10' صفحہ 199' رقم:4358
سنن ابوداؤد' باب کراهیة الحلف الآبا' جلد 3' صفحہ 217' رقم:3253

خَيْرُ مَا أُعْطِيَ الْعَبْدُ الْمُسْلِمُ؟ قَالَ: خُلُقٌ حَسَنٌ.

کے بندو! تم دوا استعمال کیا کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ نے جو بھی بیماری نازل کی ہے اس کے لیے شفا بھی نازل کی ہے سوائے بڑھاپے کے۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! مسلمان کو جو چیزیں دی گئی ہیں ان میں سے سب سے بہتر کیا ہے؟ تو آپ نے فرمایا: اچھے اخلاق۔

112 - مُسْنَدُ قُطْبَةَ بْنِ مَالِكٍ

مسند حضرت قطبہ بن مالک رضی اللہ عنہ

863- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي زِيَادُ بْنُ عِلَاقَةَ قَالَ سَمِعْتُ عَمِّي: قُطْبَةَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الْفَجْرِ (وَالنَّخْلَ بَاسِقَاتٍ)

حضرت قطبہ بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فجر کی نماز میں "وَالنَّخْلَ بَاسِقَاتٍ" پڑھتے ہوئے سنا ہے۔

113 - مُسْنَدُ أَبِي سَرِيحَةَ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيدٍ

مسند حضرت ابوسریحہ حذیفہ بن اسید رضی اللہ عنہ

864- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا الطُّفَيْلِ: عَامِرَ بْنَ وَاثِلَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا سَرِيحَةَ: حُذَيْفَةَ بْنَ أَسِيدٍ الْغِفَارِيَّ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

حضرت حذیفہ بن اسید غفاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: نطفہ جب چالیس دن یا پینتالیس دن تک رحم میں رہتا ہے تو فرشتہ اس کے پاس آتا ہے۔ وہ عرض کرتا ہے: اے

863- صحیح مسلم' باب ندب من حلف یمینا فرأی غیرها خیرا منها ان یاتی الذی' جلد 5' صفحه 85' رقم:4361

سنن ترمذی' باب ما جاء فی الکفارة قبل الحنث' جلد 2' صفحه 107' رقم:1530

السنن الصغری للبیهقی' باب الکفارة بالمال قبل الحنث' جلد 3' صفحه 229' رقم:4394

سنن النسائی الکبری' باب الکفارة قبل الحنث' جلد 3' صفحه 127' رقم:4723

864- الاحاد والمثانی لابی عاصم' حدیث عدی بن عدی الکندی' جلد 4' صفحه 396' رقم:2445

السنن الکبری للبیهقی' باب من قال علی عهد الله یرید به یمینا' جلد 10' صفحه 44' رقم:20403

المنتقی لابن الجارود' باب ما جاء فی الاحکام' جلد 1' صفحه 251' رقم:1004

صحیح مسلم' باب وعید من اقتطع حق مسلم بیمین فاجرة بالنار' جلد 1' صفحه 86' رقم:374

صحیح بخاری' باب الخصومة فی البئر والقضاء فیها' جلد 2' صفحه 831' رقم:2229

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَدْخُلُ الْمَلَكُ عَلَى النُّطْفَةِ بَعْدَ مَا تَسْتَقِرُّ فِي الرَّحِمِ بِأَرْبَعِينَ أَوْ قَالَ بِخَمْسٍ وَأَرْبَعِينَ لَيْلَةً فَيَقُولُ: أَيْ رَبِّ أَشَقِيٌّ أَمْ سَعِيدٌ؟ أَذَكَرٌ أَمْ أُنْثَى؟ فَيَقُولُ اللَّهُ، فَيُكْتَبَانِ ثُمَّ يُكْتَبُ عَمَلُهُ وَرِزْقُهُ وَأَجَلُهُ وَأَثَرُهُ وَمُصِيبَتُهُ، ثُمَّ تُطْوَى الصَّحِيفَةُ فَلَا يُزَادُ فِيهَا وَلَا يُنْقَصُ. وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ: إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَرُبَّمَا لَمْ يَقُلْهَا.

میرے رب! یہ بدبخت ہے یا نیک بخت ہے؟ یہ مرد ہے یا عورت؟ تو اللہ تعالیٰ اسے جو حکم دیتا ہے ان دونوں باتوں کو لکھ لیا جاتا ہے۔ پھر اس شخص کے عمل کو، اس کے رزق کو، اس کی عمر کی انتہا کو، اس کی باقی رہ جانے والی چیزوں کو اور اسے پہنچنے والے معاملات کو لکھا جاتا ہے' پھر اس رجسٹر کو لپیٹ دیا جاتا ہے اور اس میں کوئی اضافہ یا کوئی کمی نہیں کی جاتی۔ بعض دفعہ سفیان یہ الفاظ بیان کرتے تھے کہ قیامت کے دن تک ایسا ہوتا ہے لیکن بعض دفعہ وہ یہ الفاظ بھی نہیں بیان کرتے تھے۔

865- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا فُرَاتٌ الْقَزَّازُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا الطُّفَيْلِ يُحَدِّثُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَرِيحَةَ الْغِفَارِيَّ يَقُولُ: أَشْرَفَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عُلِّيَّةٍ لَهُ وَنَحْنُ نَذْكُرُ السَّاعَةَ فَقَالَ: مَا كُنْتُمْ تَذْكُرُونَ؟ قُلْنَا: السَّاعَةَ. فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَكُونُ حَتَّى يَكُونَ فِيهَا عَشْرٌ: الدَّجَّالُ وَالدُّخَانُ وَالدَّابَّةُ وَطُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَنُزُولُ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَيَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ، وَثَلَاثُ خُسُوفٍ: خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ وَخَسْفٌ بِجَزِيرَةِ الْعَرَبِ، وَآخِرُ ذَلِكَ نَارٌ تَخْرُجُ مِنْ عَدَنٍ - أَوْ قَالَ مِنْ قَعْرِ عَدَنٍ - تَسُوقُ النَّاسَ

حضرت ابوسریحہ غفاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے گھر کے اوپر والے حصہ سے ہماری طرف جھانک کر دیکھا ہم اس وقت قیامت کا ذکر کر رہے تھے۔ آپ ﷺ نے پوچھا: تم لوگ کس بات کا ذکر کر رہے ہو؟ ہم نے عرض کی: قیامت کا۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت اس وقت تک نہیں آئے گی جب تک دس نشانیاں ظاہر نہیں ہوں گی: دجال، دھواں، دابۃ الارض، سورج کا مغرب سے نکلنا، حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کا نزول، یاجوج ماجوج اور تین قسم کا دھنسنا: ایک دھنسنا مشرق میں ہوگا' ایک دھنسنا مغرب میں ہوگا اور ایک دھنسنا جزیرہ عرب میں ہوگا' ان سب کے آخر میں عدن سے آگ نکلے گی' یا

865- صحیح بخاری' باب من لم یر اکفار من قال ذلك متاولا او جاهلا' جلد 5' صفحه 226' رقم:3757

مؤطا امام مالك' باب جامع الایمان' جلد 2' صفحه 480' رقم:1020

سنن ابوداؤد' باب فی کراهیة الحلف بالآباء' جلد 3' صفحه 217' رقم:3210

السنن الصغری للبیهقی' باب الحلف بالله دون غیره' جلد 3' صفحه 218' رقم:4356

مشکوة المصابیح' کتاب الایمان والنذور' الفصل الاول' جلد 2' صفحه 276' رقم:3408

اِلٰی مَحْشَرِهِمْ .

فرمایا: عدن کے گڑھے سے نکلے گی اور لوگوں کو ہانک کر میدان محشر میں لے جائے گی۔

114 - مُسْنَدُ مُجَمِّعِ الْاَنْصَارِيِّ

مسند حضرت مجمع انصاری رضی اللہ عنہ

866- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ثَعْلَبَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ يَزِيْدَ بْنِ جَارِيَةَ قَالَ سَمِعْتُ عَمِّي: مُجَمِّعَ بْنَ جَارِيَةَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ الدَّجَّالَ فَقَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهٖ لَيَقْتُلَنَّهُ ابْنُ مَرْيَمَ بِبَابِ لُدٍّ .

حضرت مجمع بن جاریہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دجال کا ذکر کرتے سنا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! حضرت مریم کے بیٹے حضرت عیسیٰ علیہ السلام اسے باب لد کے پاس ضرور قتل کریں گے۔

115 - مُسْنَدُ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ

مسند حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ

867- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِيُّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا قِلَابَةَ يُحَدِّثُ عَنْ عَمِّهٖ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ: كَانَتْ بَنُوْ عُقَيْلٍ حُلَفَاءَ لِثَقِيْفَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَكَانَتْ ثَقِيْفُ قَدْ اَسَرَتْ رَجُلَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، ثُمَّ اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ اَسَرُوْا رَجُلًا مِّنْ عُقَيْلٍ مَعَهٗ نَاقَةٌ لَهٗ - وَكَانَتْ لَهٗ نَاقَةٌ سَبَقَتِ الْحَاجَّ فِي الْجَاهِلِيَّةِ كَذَا وَكَذَا مَرَّةً، وَكَانَتِ النَّاقَةُ اِذَا سَبَقَتِ الْحَاجَّ فِي الْجَاهِلِيَّةِ لَمْ تُمْنَعْ مِنْ كَلَإٍ تَرْتَعُ فِيْهِ، وَلَمْ تُمْنَعْ مِنْ حَوْضٍ تَشْرَعُ فِيْهِ قَالَ - فَاُتِيَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ بِمَ اَخَذْتَنِيْ وَاَخَذْتَ سَابِقَةَ الْحَاجِّ؟

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ بنو عقیل دور جاہلیت میں قبیلۂ ثقیف کے حلیف تھے۔ قبیلہ ثقیف کے لوگوں نے دو مسلمانوں کو قید کرلیا پھر اس کے بعد مسلمانوں نے عقیل کے خاندان والوں میں سے ایک شخص کو پکڑ لیا جس کے ساتھ اس کی اونٹنی بھی تھی اس شخص کی اونٹنی دور جاہلیت میں حاجیوں سے آگے نکل جایا کرتی تھی اور وہ کافی دفعہ یہ عمل کر چکی تھی۔ دور جاہلیت کا یہ رواج تھا کہ جب کوئی اونٹنی حاجیوں سے آگے نکل جاتی تھی تو پھر اسے کسی بھی جگہ پر چرنے سے نہیں روکا جاتا تھا اور کسی بھی حوض سے پانی پینے سے نہیں روکا جاتا تھا۔ اس آدمی کو نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ اقدس میں لایا گیا" وہ

866- المعجم الاوسط للطبرانی' باب من اسمه محمود' جلد 8' صفحه 39' رقم:7892

867- مسند ابن ابی شيبة ' من اسمه عبد الرحمٰن بن سمره ' صفحه 161' رقم:860

مسند البزار' مسند سمرة بن جندب رضی الله عنه ' جلد 2' صفحه 158' رقم:4658

فَقَالَ: بِجَرِيْرَةِ حُلَفَائِكَ ثَقِيْفَ . قَالَ وَحُبِسَ حَيْثُ يُمَرُّ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَمَرَّ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ اِنِّيْ مُسْلِمٌ.

فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ قُلْتَهَا وَاَنْتَ تَمْلِكُ اَمْرَكَ كُنْتَ قَدْ اَفْلَحْتَ كُلَّ الْفَلَاحِ . قَالَ ثُمَّ مَرَّ بِهٖ مَرَّةً اُخْرٰى فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ اِنِّيْ جَائِعٌ فَاَطْعِمْنِيْ، وَظَمْاٰنُ فَاسْقِنِيْ قَالَ: تِلْكَ حَاجَتُكَ . ثُمَّ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَدَا لَهٗ فَفَادٰى بِهِ الرَّجُلَيْنِ اللَّذَيْنِ اَسَرَتْ ثَقِيْفُ، وَاَمْسَكَ النَّاقَةَ لِنَفْسِهٖ، ثُمَّ اِنَّهٗ اَغَارَ عَدُوٌّ عَلَى الْمَدِيْنَةِ فَاَخَذُوْا سَرْحًا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَصَابُوْا النَّاقَةَ فِيْهَا - قَالَ - وَقَدْ كَانَتْ عِنْدَهُمْ امْرَاَةٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ قَدْ اَسَرُوْهَا، وَكَانُوْا يُرَوِّحُوْنَ النَّعَمَ عِشَاءً، فَجَائَتِ الْمَرْاَةُ ذَاتَ لَيْلَةٍ اِلَى النَّعَمِ فَجَعَلَتْ لَا تَجِيْءُ اِلٰى بَعِيْرٍ اِلَّا رَغَا حَتّٰى انْتَهَتْ اِلَيْهَا، فَلَمْ تَرْغُ فَاسْتَوَتْ عَلَيْهَا فَنَجَتْ فَقَدِمَتِ الْمَدِيْنَةَ، فَقَالَ النَّاسُ: الْعَضْبَاءُ الْعَضْبَاءُ . قَالَ فَقَالَتِ الْمَرْاَةُ: اِنِّيْ نَذَرْتُ اِنْ اَنْجَانِي اللّٰهُ عَلَيْهَا اَنْ اَنْحَرَهَا . قَالَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِئْسَمَا جَزَيْتِهَا، لَا وَفَاءَ لِنَذْرٍ فِيْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ، وَلَا فِيْمَا لَا يَمْلِكُ ابْنُ

کہنے لگا: اے حضرت محمد! آپ نے مجھے اور حاجیوں سے آگے نکل جانے والی کو کس وجہ سے پکڑا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تمہارے حلیف ثقیف کی زیادتی کی وجہ سے۔ راوی نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ جب اس کے پاس سے گزرے تھے تو وہ بندھا ہوا تھا۔ ایک دفعہ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ اس کے پاس سے گزرے تو وہ کہنے لگا: اے حضرت محمد! میں مسلمان ہوتا ہوں۔

تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر تم یہ کہہ رہے ہوتو تم اپنی مرضی کے مالک ہو' اس طرح تم مکمل کامیابی حاصل کرلو گے۔ راوی نے کہا کہ پھر اس کے بعد ایک دفعہ آپ اس کے پاس سے گزرے تو وہ کہنے لگا: اے حضرت محمد! میں بھوکا ہوں' آپ مجھے کچھ کھانے کے لیے دیں' میں پیاسا ہوں مجھے کچھ پینے کے لیے دیجئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ لو تمہاری حاجت کی چیزیں۔ پھر رسول اللہ ﷺ کو یہ بات مناسب لگی تو آپ نے اس کے ساتھ ان دو آدمیوں کا فدیہ دیا جنہیں قبیلہ ثقیف نے قید کرلیا تھا اور رسول اللہ ﷺ نے اس اونٹنی کو اپنے لیے روک لیا۔ پھر ایک دفعہ دشمن نے مدینہ منورہ پر رات کے وقت حملہ کیا' وہ لوگ رسول اللہ ﷺ کے جانوروں کے باڑے میں گئے اور انہوں نے وہاں سے اس اونٹنی کو چوری کرلیا۔ (راوی کہتے ہیں کہ) ان جانوروں کے پاس ایک عورت بھی تھی انہوں نے اسے بھی قید کرلیا۔ وہ لوگ شام کے وقت اپنے جانوروں کو چرنے کے لیے چھوڑتے تھے۔ ایک رات وہ عورت اونٹوں کے پاس آئی

سنن ابن ماجه ' باب النهی ان يحلف لغير الله ' جلد 1' صفحه 678' رقم:2095

مشكوة المصابيح' كتاب الايمان والنذور' الفصل الاوّل' جلد 2' صفحه 276' رقم:3408

اٰدَمَ .

وہ جس بھی اونٹ کے پاس آتی تھی وہ اونٹ آواز نکالنے لگتا۔ لیکن جب وہ عورت اس اونٹنی کے پاس آئی تو اس نے آواز نہ نکالی وہ عورت اس پر سوار ہوئی اور اسے وہاں سے نجات مل گئی تو وہ مدینہ منورہ آئی تو لوگوں نے کہا: عضباء عضباء۔ راوی نے کہا کہ وہ عورت کہنے لگی کہ میں نے یہ نذر مانی تھی کہ اگر اللہ تعالیٰ نے مجھے اس اونٹنی پر نجات عطا کی تو میں اسے ذبح کر دوں گی۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے تو اسے بہت برا بدلہ دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے نذر پوری نہیں ہوتی' اور آدمی جس چیز کا مالک نہ ہو' اس کے بارے میں نذر کچھ نہیں ہوتی۔

868- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَرْبَعَةٌ اَوْ خَمْسَةٌ مِّنْهُمْ عَلِيُّ بْنُ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ: اَنَّ رَجُلًا اَعْتَقَ سِتَّةَ مَمْلُوكِيْنَ لَهُ عِنْدَ مَوْتِهٖ لَيْسَ لَهُ مَالٌ غَيْرُهُمْ، فَاَقْرَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمْ فَاَعْتَقَ اثْنَيْنِ وَاَرَقَّ اَرْبَعَةً فَقَالَ: لَوْ اَدْرَكْتُهُ مَا صَلَّيْتُ عَلَيْهِ .

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے مرتے وقت اپنے چھ غلاموں کو آزاد کر دیا۔ اس کے پاس ان غلاموں کے علاوہ اور کوئی مال نہیں تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ان غلاموں کے درمیان قرعہ اندازی کی اور دو کو آزاد کر دیا اور چار کو غلام رہنے دیا۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر میں اس تک پہنچ گیا تو میں اس پر نماز جنازہ نہیں پڑھوں گا۔

869- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ روایت کرتے

868- صحیح مسلم' باب نهی من اكل ثوما او بصلا او كراث او نحوها' جلد 2' صفحه 81' رقم:1286

مسند البزار' مسند عمر بن الخطاب' جلد 1' صفحه 77' رقم:314

سنن النسائی الكبریٰ' باب من یخرج من المسجد' جلد 2' صفحه 43' رقم:708

مسند امام احمد بن حنبل' مسند عمر بن الخطاب' جلد 1' صفحه 27' رقم:186

869- سنن ترمذی' باب ما جاء فی كراهية الاحتباء والامام یخطب' جلد 2' صفحه 390' رقم:514

السنن الكبریٰ للبيهقی' باب من كره الاحتباء فی هذه الحالة لما فيه من اجتلاب' جلد 3' صفحه 235' رقم:6123

المستدرك للحاكم' كتاب الجمعة' جلد 1' صفحه 427' رقم:1069

قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُدْعَانَ قَالَ سَمِعْتُ الْحَسَنَ يَقُوْلُ حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَسِيرٍ لَهُ فَنَزَلَتْ عَلَيْهِ (يَا اَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيمٌ) فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : تَدْرُوْنَ اَيُّ يَوْمٍ ذٰلِكَ؟ . قَالُوا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ . قَالَ: ذٰلِكَ يَوْمٌ يَقُوْلُ اللّٰهُ لِآدَمَ: يَا اٰدَمُ قُمْ فَابْعَثْ بَعْثَ اَهْلِ النَّارِ . فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ وَمَا بَعْثُ اَهْلِ النَّارِ؟ فَيَقُوْلُ: مِنْ كُلِّ اَلْفٍ تِسْعُمِائَةٍ وَتِسْعَةٌ وَّتِسْعِينَ اِلَى النَّارِ، وَوَاحِدٌ اِلَى الْجَنَّةِ . قَالَ: فَاَنْشَا الْقَوْمُ يَبْكُوْنَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِنَّهُ لَمْ يَكُنْ اِسْلَامٌ قَطُّ اِلَّا كَانَتْ قَبْلَهُ جَاهِلِيَّةٌ، فَيُؤْخَذُ الْعَدَدُ مِنَ الْجَاهِلِيَّةِ، وَاِنْ لَمْ يَفِ اُكْمِلَ الْعَدَدُ مِنَ الْمُنَافِقِينَ، وَمَا مَثَلُكُمْ فِي الْاُمَمِ اِلَّا كَمَثَلِ الرَّقْمَةِ فِيْ ذِرَاعِ الدَّابَّةِ اَوِ الشَّامَةِ فِيْ جَنْبِ الْبَعِيرِ . ثُمَّ قَالَ: اِنِّي لَاَرْجُوْ اَنْ تَكُوْنُوا رُبُعَ اَهْلِ الْجَنَّةِ . فَكَبَّرُوْا ثُمَّ قَالَ: اِنِّي لَاَرْجُوْ اَنْ تَكُوْنُوا ثُلُثَ اَهْلِ الْجَنَّةِ . فَكَبَّرُوْا ثُمَّ قَالَ: اِنِّي لَاَرْجُوْ اَنْ تَكُوْنُوا نِصْفَ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَكَبَّرُوْا . قَالَ سُفْيَانُ: انْتَهٰى حِفْظِي اِلَى النِّصْفِ وَلَا اَعْلَمُ اِلَّا اَنَّهُ قَالَ: اِنِّي لَاَرْجُوْ اَنْ تَكُوْنُوا ثُلُثَيْ اَهْلِ الْجَنَّةِ . اَوْ قَالَ غَيْرُهُ.

ہیں کہ ہم ایک سفر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ساتھ تھے۔ پس آپ پر یہ آیت نازل ہوئی۔ ''اے لوگو! تم اپنے رب سے ڈرو! بے شک قیامت کا زلزلہ بہت بڑی شے ہے۔'' تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم جانتے ہو یہ کون سا دن ہے؟ لوگوں نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول جانتے ہیں! تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: یہ وہ دن ہے جس میں اللہ تعالیٰ حضرت آدم علیہ السلام سے فرمائے گا: اے آدم! اٹھو اور اہل جہنم کو بھیج دو! تو وہ عرض کریں گے: اے میرے رب! جہنم والے کتنے ہیں؟ تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا: ہر ہزار میں سے نو سو ننانوے جہنم میں جائیں گے اور ایک جنت میں جائے گا۔ راوی نے کہا: تو لوگوں نے رونا شروع کر دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب بھی اسلام آیا اس سے پہلے جاہلیت موجود تھی تو اس تعداد کو دورِ جاہلیت کے لوگوں سے پورا کیا جائے گا' اگر وہ اس سے بھی پورے نہ ہوئے تو منافقین کے ذریعے اس تعداد کو پورا کیا جائے گا۔ تمہاری مثال دوسری امتوں کے درمیان اسی طرح ہے جس طرح کسی جانور کی کلائی پر نشان ہوتا ہے۔ یا اونٹ کے پہلو میں شامہ ہوتا ہے۔ پھر آپ نے ارشاد فرمایا: مجھے یہ امید ہے کہ تم لوگ جنتیوں کا ایک چوتھائی ہو گے' تو لوگوں نے اللہ اکبر کہا' پھر آپ نے فرمایا: مجھے یہ امید ہے کہ تم لوگ جنتیوں کا ایک تہائی ہو گے' تو لوگوں نے اللہ اکبر کہا' پھر آپ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ جنتیوں کا نصف ہو گے تو لوگوں نے اللہ اکبر کہا۔ سفیان کہتے ہیں کہ میرے حافظے کے مطابق صرف نصف تک کا ذکر ہے' میری معلومات کے مطابق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

صحیح ابن خزیمه' باب النهی عن الحبوة یوم الجمعة' جلد 3' صفحه 158' رقم:1815

نے یہ بھی فرمایا تھا: مجھے یہ امید ہے کہ تم اہل جنت کا دو تہائی ہو گے' یا اس کے علاوہ کچھ فرمایا۔

870- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُدْعَانَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَّا أَنَا فَلَا آكُلُ مُتَّكِئًا، وَأَمَّا إِنَّهُ قَدْ أَكَلَ الطَّعَامَ وَمَشَى فِي الْأَسْوَاقِ . يَعْنِي الدَّجَّالَ .

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: رہا میں! تو میں ٹیک لگا کر نہیں کھاتا اور رہ گیا وہ تو وہ کھانا کھائے گا اور بازاروں میں چلے پھرے گا' یعنی دجال۔

871- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُدْعَانَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ: أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ نَشَدَ النَّاسَ مَنْ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى فِي الْجَدِّ بِشَيْءٍ . فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: أَنَا أَشْهَدُ أَنَّهُ أَعْطَاهُ الثُّلُثَ . قَالَ: مَعَ مَنْ؟ قَالَ: لَا أَدْرِي . قَالَ: لَا دَرَيْتَ .

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو قسم دی کہ تم میں سے کسی نے نبی اکرم ﷺ کو سنا ہو کہ آپ نے دادا کے بارے میں کوئی فیصلہ دیا ہو؟ تو ایک آدمی کھڑا ہوا اور کہا کہ میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ رسول اللہ ﷺ نے اسے ایک تہائی حصہ دیا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: کس کے ساتھ؟ تو انہوں نے کہا: مجھے نہیں معلوم تو (حضرت عمر رضی اللہ عنہ) فرمایا کہ پھر تمہیں کچھ بھی پتہ نہیں ہے۔

872- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ روایت کرتے

870- صحیح مسلم' باب نہی من دخل علیہ ذی الحجۃ وھو مرید التضحیۃ' جلد 6' صفحہ 83' رقم:5236

صحیح ابن حبان' کتاب الاضحیۃ' جلد 13' صفحہ 239' رقم:5917

سنن ابوداؤد' باب الرجل یاخذ من سفرۃ فی العشر وھو یرید ان یضحی' جلد 3' صفحہ 51' رقم:2793

مسند ابی یعلی' مسند ام سلمۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم' جلد 12' صفحہ 348' رقم:6917

الالمام باحادیث الاحکام لابن دقیق العید' باب الھدی' جلد 2' صفحہ 423' رقم:814

871- مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد اللہ بن عمرو' جلد 2' صفحہ 266' رقم:6928

872- صحیح مسلم' باب وجوب غسل البول وغیرہ من النجاسات اذا ھلت فی المسجد' جلد 1' صفحہ 163' رقم:687

السنن الکبری للبیہقی' باب نجاسۃ الالوال والادرات' جلد 2' صفحہ 412' رقم:4311

صحیح ابن حبان' باب تطہیر النجاسۃ' جلد 4' صفحہ 246' رقم:1401

قَالَ الْآخَرُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ: وَقَامَ إِلَيْهِ آخَرُ فَقَالَ: أَنَا أَشْهَدُ أَنَّهُ أَعْطَاهُ السُّدُسَ . قَالَ: مَعَ مَنْ؟ قَالَ: لَا أَدْرِي . قَالَ: لَا دَرَيْتَ .

ہیں کہ ایک اور آدمی کھڑا ہوا اور اس نے کہا کہ میں یہ گواہی دیتا ہوں کہ رسول اللہ ﷺ نے دادے کو چھٹا حصہ دیا تھا۔ (حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے) پوچھا: کس کے ساتھ؟ تو اس نے کہا: مجھے نہیں معلوم' تو آپ نے فرمایا کہ تمہیں بھی پتہ نہیں ہے۔

873- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الظُّهْرِ فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ: هَلْ قَرَأَ مِنْكُمْ أَحَدٌ (سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى) . فَقَالَ رَجُلٌ: نَعَمْ، أَنَا . فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ ظَنَنْتُ أَنَّ بَعْضَكُمْ خَالَجَنِيهَا .

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ظہر کی نماز پڑھی اور جب آپ ﷺ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو آپ ﷺ نے پوچھا: تم میں سے کسی نے سورہ الاعلی پڑھی ہے؟ تو ایک آدمی نے عرض کی: ہاں! میں نے (پڑھی ہے)۔ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مجھے یہ اندازہ ہو گیا تھا کہ تم میں سے کوئی میرے ساتھ جھگڑ رہا ہے (یعنی امام کے پیچھے قرأت کررہا ہے)۔

874- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا حُصَيْنٌ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: نظر لگنے یا بچھو کے کاٹنے کے علاوہ دم نہیں ہوتا۔

مسند امام احمد بن حنبل' مسند انس بن مالک رضی اللہ عنہ' جلد 3' صفحہ 191' رقم:13007

873- سنن ترمذی' باب النہی عن البیع فی المسجد' جلد 3' صفحہ 610' رقم:1321

السنن الکبری للبیہقی' باب کراھیۃ الشاء الضالۃ فی المسجد وغیر ذلک' جلد 2' صفحہ 447' رقم:4518

سنن الدارمی' باب النہی عن استنشاء الغالۃ فی المسجد' جلد 1' صفحہ 379' رقم:1401

المستدرک للحاکم' کتاب البیوع' جلد 2' صفحہ 65' رقم:2339

المنتقی لابن الجارود' باب فی التجارات' جلد 1' صفحہ 145' رقم:562

874- صحیح مسلم' باب لا تدخل الملائکۃ بیتا فیہ کلب ولا صورۃ' جلد 6' صفحہ 155' رقم:5634

سنن ابوداؤد' باب فی الصور' جلد 4' صفحہ 123' رقم:4160

مسند ابی یعلی' مسند عائشۃ رضی اللہ عنہا' جلد 8' صفحہ 7' رقم:4508

جامع الاصول لابن اثیر' کراھیۃ الصور والستور' جلد 4' صفحہ 815' رقم:2973

لَا رُقْيَةَ اِلَّا مِنْ عَيْنٍ اَوْ حُمَةٍ۔

116 - مُسْنَدُ تَمِيمِ الدَّارِيِّ

مسند حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ

875- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا سُهَيْلُ بْنُ اَبِي صَالِحٍ قَالَ اَخْبَرَنِي عَطَاءُ بْنُ يَزِيدَ اللَّيْثِيُّ صَدِيقًا كَانَ لِاَبِي مِنْ اَهْلِ الشَّامِ عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلدِّيْنُ النَّصِيحَةُ، اَلدِّيْنُ النَّصِيحَةُ، اَلدِّيْنُ النَّصِيحَةُ . قَالُوا : لِمَنْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لِلّٰهِ وَلِكِتَابِهِ وَلِنَبِيِّهِ وَلِاَئِمَّةِ الْمُسْلِمِينَ وَلِعَامَّتِهِمْ۔

حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: دین خیر خواہی کا نام ہے‘ دین خیر خواہی کا نام ہے‘ دین خیر خواہی کا نام ہے۔ لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! کس کے لیے؟ تو آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے لیے‘ اس کی کتاب کے لیے‘ اس کے نبی کے لیے‘ مسلمان حکمرانوں کے لیے اور عام لوگوں کے لیے۔

876- قَالَ سُفْيَانُ: وَكَانَ عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ حَدَّثَنَاهُ اَوَّلًا عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيمٍ عَنْ اَبِي صَالِحٍ - قَالَ - فَلَمَّا لَقِيتُ سُهَيْلًا قُلْتُ لَوْ سَاَلْتُهُ لَعَلَّهُ يُحَدِّثُنِيهِ عَنْ اَبِيهِ فَاَكُونَ اَنَا وَعَمْرٌو فِيهِ سَوَاءً، فَسَاَلْتُهُ فَقَالَ سُهَيْلٌ: اَنَا سَمِعْتُهُ مِنَ الَّذِي سَمِعَهُ مِنْهُ اَبِي اَخْبَرَنِي عَطَاءُ بْنُ يَزِيدَ.

سفیان کہتے ہیں کہ حضرت عمرو بن دینار نے یہ روایت پہلے از قعقاع از ابو صالح سے بیان کی تھی جب میری ملاقات سہیل سے ہوئی تو میں نے سوچا اگر میں ان سے اس روایت کے بارے میں پوچھوں تو ہوسکتا ہے کہ وہ از والد خود یہ روایت مجھے سنا دیں تو اس صورت میں میں اور عمرو اس روایت کے بارے میں برابری میں آ جائیں گے۔ میں نے ان سے اس روایت کے متعلق پوچھا تو سہیل نے کہا کہ میں نے یہ روایت ان سے سنی ہے جن سے میرے والد نے سنی ہے‘ انہوں نے از عطاء بن یزید یہ روایت مجھ سے بیان کی ہے۔

875- صحیح مسلم‘ باب الامر بتسویة القبر‘ جلد 3‘ صفحه 61‘ رقم: 2287

السنن الصغریٰ للبیهقی‘ باب السنة فی سل المیت من قبل رجل القبر‘ جلد 1‘ صفحه 348‘ رقم: 1137

المستدرك للحاکم‘ کتاب الجنائز‘ جلد 1‘ صفحه 524‘ رقم: 1366

جامع الاصول لابن اثیر‘ باب کراهیة الصور والستور‘ جلد 4‘ صفحه 816‘ رقم: 2975

سنن ابوداؤد‘ باب فی تسویة القبر‘ جلد 3‘ صفحه 207‘ رقم: 3220

876- صحیح بخاری‘ باب من اقتنی کلبا لیس بکلب صید او ماشیة‘ جلد 5‘ صفحه 208‘ رقم: 5164

صحیح مسلم‘ باب الامر بقتل الکلاب وبیان نسخه وبیان تحریم اقتنائها‘ جلد 5‘ صفحه 36‘ رقم: 4106

سنن الکبریٰ للنسائی‘ باب صفة الکلاب التی امر بقتلها‘ جلد 7‘ صفحه 185‘ رقم: 4280

مسند ابی یعلیٰ‘ مسند عبد اللّٰه بن عمر‘ جلد 10‘ صفحه 206‘ رقم: 5836

117 - مُسْنَدُ مُرَّةَ الْفِهْرِيِّ

مسند حضرت مرہ فہری رضی اللہ عنہ

877- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي صَفْوَانُ بْنُ سُلَيْمٍ عَنِ امْرَاَةٍ يُقَالُ لَهَا اُنَيْسَةُ عَنْ اُمِّ سَعِيدٍ ابْنَةِ مُرَّةَ الْفِهْرِيِّ عَنْ اَبِيهَا اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيمِ لَهُ وَلِغَيْرِهِ فِي الْجَنَّةِ كَهَاتَيْنِ ۔ وَاَشَارَ سُفْيَانُ بِاُصْبُعَيْهِ.

حضرت ام سعید بنت حضرت مرہ فہری رضی اللہ عنہ از والد خود رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا خواہ وہ اپنا ہو یا کسی دوسرے کا ہو‘ جنت میں ان دو کی طرح ہوں گے۔ سفیان نے اپنی دو انگلیوں کے ذریعے اشارہ کر کے بتایا۔

878- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُمَيَّةَ قَالَ اُثْبِتَ لِي اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيمِ لَهُ وَلِغَيْرِهِ فِي الْجَنَّةِ اِذَا اتَّقَى كَهَاتَيْنِ ۔ وَاَشَارَ الْحُمَيْدِيُّ بِاُصْبُعَيْهِ.

حضرت اسماعیل بن امیہ روایت کرتے ہیں کہ مجھ تک یہ روایت پہنچی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا‘ چاہے وہ یتیم اس کے اپنے خاندان سے ہو یا کسی اور خاندان سے اور وہ شخص اس کے متعلق احتیاط کرے تو ہم دونوں جنت میں اس طرح ہوں گے۔ اور امام حمیدی نے اپنی انگلی سے اشارہ کر کے بتایا۔

877- صحیح بخاری‘ باب اقتناء الکلب للحرث‘ جلد 3‘ صفحه 103‘ رقم: 2322

صحیح مسلم‘ باب الامر بقتل الکلاب‘ جلد 5‘ صفحه 38‘ رقم: 4115

السنن الکبریٰ للبیهقی‘ باب ما جاء فیما یحل اقتناؤه الکلاب‘ جلد 6‘ صفحه 10‘ رقم: 11353

سنن النسائی‘ باب الرخصة فی امساك الکلب الصید‘ جلد 7‘ صفحه 188‘ رقم: 4286

صحیح ابن حبان‘ باب قتل الحیوان‘ جلد 12‘ صفحه 469‘ رقم: 5652

878- سنن ابوداؤد‘ باب فی الحظ وزجر الطیر‘ جلد 4‘ صفحه 23‘ رقم: 3909

الآداب للبیهقی‘ باب کراهیة الطیرة‘ جلد 1‘ صفحه 206‘ رقم: 344

المعجم الکبیر للطبرانی‘ من اسمه قبیصه بن مخارق الهلالی‘ جلد 18‘ صفحه 369‘ رقم: 15652

جامع الاصول لابن اثیر‘ الکتاب الخامس فی الطیرة والفال‘ جلد 7‘ صفحه 639‘ رقم: 5810

صحیح ابن حبان‘ کتاب النجوم والانواء‘ جلد 13‘ صفحه 502‘ رقم: 6131

118 - مُسْنَدُ أَبِی حُمَیْدِ السَّاعِدِیِّ

879- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِیُّ وَهِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ قَالَا اَنْبَانَا عُرْوَةُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا حُمَیْدِ السَّاعِدِیَّ یَقُوْلُ: اسْتَعْمَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِّنَ الْاَزْدِ یُقَالُ لَهُ ابْنُ اللُّتْبِیَّةِ عَلَی الصَّدَقَةِ، فَلَمَّا جَاءَ قَالَ هٰذَا مَا لَکُمْ وَهٰذَا اُهْدِیَ لِی. قَالَ: فَقَامَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَی الْمِنْبَرِ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰی عَلَیْهِ ثُمَّ قَالَ: مَا بَالُ الْعَامِلِ نَبْعَثُهُ عَلَی الْعَمَلِ مِنْ اَعْمَالِنَا فَیَقُوْلُ: هٰذَا مَا لَکُمْ وَهٰذَا مَا اُهْدِیَ لِی، فَهَلَّا جَلَسَ فِیْ بَیْتِ اَبِیْهِ اَوْ فِیْ بَیْتِ اُمِّهِ فَیَنْظُرَ هَلْ تَاْتِیهِ هَدِیَّتُهُ اَمْ لَا؟.

ثُمَّ قَالَ: وَالَّذِی نَفْسِی بِیَدِهٖ لَا یَاْخُذُ اَحَدٌ مِّنْکُمْ مِنْهَا شَیْئًا اِلَّا جَاءَ بِهٖ یَوْمَ الْقِیَامَةِ یَحْمِلُهُ عَلٰی رَقَبَتِهٖ، اِنْ کَانَ بَعِیرًا لَهُ رُغَاءٌ، اَوْ بَقَرَةً لَهَا خُوَارٌ، اَوْ شَاةً تَیْعَرُ. ثُمَّ رَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ (یَدَیْهِ) حَتّٰی رَاَیْنَا عُفْرَةَ اِبْطَیْهِ ثُمَّ قَالَ: اَللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ، اَللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ.

مسند حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ

حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے قبیلہ ازد کے ایک شخص کو صدقہ پر عامل مقرر کیا' اس کا نام ابن لتبیہ تھا' پس جب وہ آیا تو اس نے کہا: یہ آپ کا مال ہے اور یہ مجھے بطور تحفہ دیا گیا ہے۔ راوی نے کہا: پس نبی اکرم ﷺ منبر پر جلوہ افروز ہوئے اور آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی پھر آپ نے ارشاد فرمایا: کیا وجہ ہے کہ ہم کسی کو عامل مقرر کر کے اپنے کسی کام کے لیے بھیجتے ہیں پھر وہ آ کر یہ کہتا ہے کہ یہ مال آپ کا ہے اور یہ مجھے ہدیہ میں دیا گیا ہے۔ وہ اپنے باپ کے گھر میں یا اپنی ماں کے گھر میں کیوں نہیں بیٹھتا کہ پھر وہ دیکھے کہ اسے ہدیہ ملتا ہے یا نہیں۔

پھر آپ ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! تم میں سے جو کوئی بھی اس طرح کوئی وصولی کرے گا تو وہ جب قیامت کے دن آئے گا تو اس نے اس چیز کو اپنی گردن پر اٹھایا ہوا ہو گا۔ اگر وہ اونٹ ہو گا تو وہ اپنی آواز نکال رہا ہو گا اور اگر گائے ہو گی تو وہ اپنی آواز نکال رہی ہو گی اور اگر بکری ہو گی تو وہ ممیا رہی ہو گی۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے اپنے

879- سنن ابوداؤد' باب تشمیت العاطس فی الصلاۃ' جلد 1' صفحہ 349' رقم: 931

السنن الصغریٰ' باب سجود السهو' جلد 1' صفحہ 284' رقم: 984

المعجم الکبیر للطبرانی' من اسمه معاویة بن الحکم السلمی' جلد 19' صفحہ 400' رقم: 16613

سنن النسائی الکبریٰ' باب الکلام فی الصلاۃ' جلد 1' صفحہ 362' رقم: 1141

صحیح ابن حبان' باب ما یکره للمصلی وما لا یکره' جلد 6' صفحہ 22' رقم: 2247

قَالَ سُفْیَانُ وَزَادَ فِیْهِ هِشَامٌ قَالَ اَبُوْ حُمَیْدٍ بَصُرَتْ عَیْنِیْ وَسَمِعَتْ اُذُنِیْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَسَلُوْا زَیْدَ بْنَ ثَابِتٍ فَاِنَّهُ کَانَ حَاضِرًا مَعِی.

دونوں ہاتھ بلند کیے حتیٰ کہ ہم نے آپ ﷺ کی بغلوں کی سفیدی دیکھی۔ پھر آپ نے دعا کی: اے اللہ! کیا میں نے (تیرا حکم) پہنچا دیا ہے! اے اللہ! کیا میں نے (تیرا حکم) پہنچا دیا ہے!

سفیان کہتے ہیں کہ ہشام نے اس روایت میں ان الفاظ کا اضافہ کیا ہے کہ حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میری آنکھوں نے یہ نظارہ دیکھا اور میرے کانوں نے رسول اللہ ﷺ سے ان الفاظ کو سنا: تم حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے بھی اس بارے میں پوچھو' وہ بھی اس وقت میرے ساتھ وہاں موجود تھے۔

119 - مُسْنَدُ عُرْوَةَ بْنَ اَبِی الْجَعْدِ

880- اَخْبَرَنَا اَبُوْ طَاهِرٍ: عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ زَیْدِ الْمُؤَدِّبُ قِرَاءَةً عَلَیْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ فِیْ سَنَةِ سَبْعٍ وَعِشْرِیْنَ وَاَرْبَعِمِائَةٍ فَاَقَرَّ بِهٖ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَلِیٍّ: مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ الصَّوَّافِ قِرَاءَةً عَلَیْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰی قَالَ حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا شَبِیْبُ بْنُ غَرْقَدَةَ قَالَ سَمِعْتُ عُرْوَةَ بْنَ اَبِی الْجَعْدِ الْبَارِقِیَّ یَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: اَلْخَیْلُ مَعْقُوْدٌ فِیْ نَوَاصِیْهَا الْخَیْرُ اِلٰی

مسند حضرت عروہ بن ابوجعد بارقی رضی اللہ عنہ

حضرت عروہ بن ابوجعد بارقی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ گھوڑوں کی پیشانی میں قیامت کے دن تک کے لیے بھلائی رکھ دی گئی ہے۔

880- صحیح البخاری' باب من استعان بالضعفاء والصالحین فی الحرب' جلد 3' صفحہ 1061' رقم: 2739

مسند امام احمد بن حنبل' مسند سعید بن ابی وقاص' جلد 1' صفحہ 173' رقم: 1493

مصنف عبد الرزاق' باب لمن الغنیمة' جلد 5' صفحہ 303' رقم: 9691

کتاب الزهد' للمعانی بن عمران الموصلی' صفحہ 120' رقم: 120

يَوْمَ الْقِيَامَةِ .

881- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُجَالِدٌ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ وَزَادَ فِيْهِ: اَلْاَجْرُ وَالْمَغْنَمُ .

امام شعبی از حضرت عروہ رضی اللہ عنہ از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت بیان کرتے ہیں' البتہ اس میں یہ الفاظ زائد ہیں: اجر اور مال غنیمت۔

882- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا شَبِيبُ بْنُ غَرْقَدَةَ اَنَّهُ سَمِعَ الْحَيَّ يُحَدِّثُوْنَ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ الْبَارِقِيِّ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطَاهُ دِيْنَارًا لِيَشْتَرِيَ بِهِ اُضْحِيَّةً قَالَ عُرْوَةُ: فَاشْتَرَيْتُ لَهُ بِهِ شَاتَيْنِ فَبِعْتُ اِحْدَاهُمَا بِدِيْنَارٍ فَاَتَيْتُهُ بِدِيْنَارٍ وَشَاةٍ قَالَ فَدَعَا لِي بِالْبَرَكَةِ فِي الْبَيْعِ . قَالَ فَكَانَ لَوِ اشْتَرَى التُّرَابَ لَرَبِحَ فِيْهِ. قَالَ سُفْيَانُ: وَكَانَ الْحَسَنُ بْنُ عُمَارَةَ سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُهُ فَقَالَ فِيْهِ سَمِعْتُ شَبِيْبًا يَقُوْلُ سَمِعْتُ عُرْوَةَ فَلَمَّا سَاَلْتُ شَبِيْبًا عَنْهُ قَالَ لَمْ اَسْمَعْهُ مِنْ عُرْوَةَ حَدَّثَنِيْهِ الْحَيُّ عَنْ عُرْوَةَ.

حضرت عروہ بن ابو جعد بارقی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے انہیں ایک دینار دیا تاکہ وہ اس سے آپ کے لیے قربانی کا جانور خریدیں۔

کہتے ہیں کہ میں نے اس سے دو بکریاں خریدیں' ان دو میں سے ایک کو میں نے ایک دینار کے بدلے میں بیچ دیا اور ایک بکری لے کر رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ اقدس میں آ گیا تو آپ نے میرے لیے بیع میں برکت کی دعا فرمائی۔

راوی کہتے ہیں کہ ان کا یہ حال تھا کہ اگر وہ مٹی بھی خریدتے تھے تو انہیں اس میں بھی فائدہ ہوتا تھا۔ سفیان کہتے ہیں کہ حسن بن عمارہ جب یہ روایت بیان کرتے تھے تو اس میں یہ بھی کہتے تھے میں نے شبیب کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے میں نے حضرت عروہ رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے

881- صحیح مسلم' باب اکرام الضیف وفضل ایثارہ' جلد 6' صفحہ 128' رقم: 5483
الادب المفرد للبخاری' باب التسلیم علی النائم' صفحہ 355' رقم: 1028
مسند امام احمد' حدیث المقداد بن الاسود' جلد 6' صفحہ 3' رقم: 23863
مسند ابن ابی شیبۃ' حدیث المقداد بن عمرو رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم' صفحہ 686' رقم: 487
مسند البزار' مسند المقداد بن عمرو رضی اللہ عنہ' جلد 1' صفحہ 322' رقم: 2110
882- سنن ترمذی' باب ما جاء فی التسلیم علی النساء' جلد 5' صفحہ 58' رقم: 2697
الادب المفرد' باب التسلیم علی النساء' صفحہ 360' رقم: 1047
مسند امام احمد بن حنبل' من حدیث اسماء ابنة یزید' جلد 6' صفحہ 457' رقم: 27630
مجمع الزوائد للهیثمی' باب حق الزوج علی المرأۃ' جلد 4' صفحہ 570' رقم: 7657

سنا ہے۔ جب میں نے شبیب سے اس کے متعلق پوچھا تو انہوں نے کہا: میں نے یہ روایت حضرت عروہ رضی اللہ عنہ سے نہیں سنی بلکہ مجھے یہ روایت حی نے از حضرت عروہ رضی اللہ عنہ بیان کی ہے۔

120 - مُسْنَدُ الْعَلَاءِ بْنُ الْحَضْرَمِيِّ

مسند حضرت علاء بن حضرمی رضی اللہ عنہ

883- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ يَسْاَلُ السَّائِبَ بْنَ يَزِيْدَ وَجُلَسَاءَهُ: مَا سَمِعْتَ فِي الْمَقَامِ بِمَكَّةَ؟ قَالَ السَّائِبُ بْنُ يَزِيْدَ اَخْبَرَنِي الْعَلَاءُ بْنُ الْحَضْرَمِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِقَامَةُ الْمُهَاجِرِ بِمَكَّةَ بَعْدَ قَضَاءِ نُسُكِهِ ثَلَاثٌ .

حضرت عبدالرحمٰن بن حمید روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن عبدالعزیز کو سائب بن یزید اور ان کے ساتھیوں سے یہ پوچھتے ہوئے سنا: آپ نے مکہ مکرمہ میں قیام کے بارے میں کیا سنا ہے؟ تو حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ نے کہا کہ حضرت علاء بن حضرمی رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بتایا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے: ''مہاجر حج کے مناسک ادا کرنے کے بعد تین دن تک مکہ میں ٹھہر سکتا ہے۔''

884- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا شَيْخٌ مِنْ بَنِي غِفَارٍ يُقَالُ لَهُ الْهَيْثَمُ بْنُ اَبِي

قبیلہ بنو غفار کے ایک بوڑھے آدمی جن کا نام ہیثم بن ابو اسعد تھا' وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک

883- سنن ابو داؤد' باب فی فضل السلام' جلد 4' صفحہ 516' رقم: 5199
سنن ترمذی' باب ما جاء فی فضل الذی یبداء السلام' جلد 5' صفحہ 56' رقم: 2694
الآداب للبیهقی' باب من اولی بالابتداء بالسلام' صفحہ 119' رقم: 206
جامع الاصول لابن اثیر' الفرع الثانی فی المبتدئ بالسلام' جلد 6' صفحہ 599' رقم: 4846
884- سنن ابو داؤد' باب کراهیة ان یقول علیك السلام' جلد 4' صفحہ 520' رقم: 5211
سنن ترمذی' باب ما جاء فی کراهیة ان یقول علیك السلام مبتدأ' جلد 5' صفحہ 72' رقم: 2726
الآداب للبیهقی' باب الاعراض عن الوقوع عن اعراض المسلمین' جلد 1' صفحہ 70' رقم: 124
مسند ابن ابی شیبة' حدیث الحسین بن علی' صفحہ 820' رقم: 792
الاحاد والمثانی' من اسمه ابو جری الهجیمی' جلد 2' صفحہ 392' رقم: 1183

الْاَسْعَدِ عَنْ اَبِيْهِ: اَنَّ اَبَا ذَرٍّ كَانَ يَنْزِلُ عَلَيْهِمْ فِي الْعُمْرَةِ فَيُقِيمُ ثَلَاثًا ثُمَّ يَخْرُجُ.

دفعہ حضرت ابوذرغفاری رضی اللہ عنہ عمرہ کے دوران ان کے پاس ٹھہرے تو انہوں نے وہاں تین دن قیام کیا پھر واپس تشریف لے گئے۔

121 - مُسْنَدُ سَبْرَةَ بْنِ مَعْبَدِ الْجُهَنِيِّ

مسند حضرت سبرہ بن معبد جہنی رضی اللہ عنہ

885- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِي الرَّبِيعُ بْنُ سَبْرَةَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نِكَاحِ الْمُتْعَةِ عَامَ الْفَتْحِ .

حضرت ربیع بن سبرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فتح مکہ کے سال نکاح متعہ سے منع فرمادیا تھا۔

886- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ الْجُهَنِيِّ عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ رَخَّصَ لَنَا فِي نِكَاحِ الْمُتْعَةِ، فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ خَرَجْتُ اَنَا وَابْنُ عَمٍّ لِي فَاَتَيْنَا فَتَاةً شَابَّةً وَمَعِي بُرْدَةٌ وَمَعَ ابْنِ عَمِّي بُرْدَةٌ خَيْرٌ مِنْ بُرْدَتِي - وَاَنَا اَشَبُّ مِنِ ابْنِ عَمِّي - فَجَعَلَتْ تَنْظُرُ وَقَالَتْ: بُرْدَةٌ كَبُرْدَةٍ. وَاخْتَارَتْنِي فَاَعْطَيْتُهَا بُرْدَتِي ثُمَّ مَكَثْتُ مَعَهَا مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدْتُهُ قَائِمًا بَيْنَ الْبَابِ وَزَمْزَمَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّا كُنَّا قَدْ اَذِنَّا لَكُمْ فِي هٰذِهِ الْمُتْعَةِ، فَمَنْ كَانَ عِنْدَهُ مِنْ هٰذِهِ النِّسْوَانِ شَيْءٌ فَلْيُرْسِلْهُ، فَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَرَّمَهَا اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَلَا تَاْخُذُوا مِمَّا اٰتَيْتُمُوهُنَّ شَيْئًا .

حضرت ربیع بن سبرہ جہنی رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے پہلے ہمیں نکاح متعہ کی اجازت دی تھی۔ جب ہم مکہ آئے تو میں اور میرا چچا زاد بھائی نکلے پس ہم ایک جوان لڑکی کے پاس آئے میرے پاس ایک چادر تھی اور میرے چچازاد کے پاس بھی چادر تھی جو میری چادر سے بہتر تھی لیکن میں اپنے چچازاد کے مقابلے میں زیادہ جوان تھا۔ پس وہ دیکھنے لگی اور کہنے لگی: ایک چادر تو دوسری چادر کی طرح ہوتی ہے' پھر اس نے مجھے اختیار کرلیا تو میں نے اپنی چادر اسے دے دی۔ پھر جتنا اللہ نے چاہا میں اس کے پاس ٹھہرا' پھر میں رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آیا تو میں نے آپ کو خانہ کعبہ کے دروازے اور زمزم کے کنویں کے درمیان پایا۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہم نے تمہیں اس طرح متعہ کرنے کی اجازت دی تھی تو اب اگر کسی کے پاس کوئی ایسی عورت ہو تو وہ اسے چھوڑ دے۔ کیونکہ اب اللہ تعالیٰ نے قیامت کے دن تک کے لیے اسے حرام قرار دیا ہے اور تم نے انہیں جو کچھ دیا تھا اس میں سے ان سے کچھ نہ لینا۔

885- صحیح بخاری' باب تسلیم الراکب علی الماشی' جلد 8' صفحہ 52' رقم:6232

الآداب للبیهقی' باب من اولی بالابتداء بالسلام' جلد 1' صفحہ 119' رقم:205

سنن ترمذی' باب ما جاء فی تسلیم الراکب علی الماشی' جلد 5' صفحہ 61' رقم:2703

سنن الدارمی' باب فی تسلیم الراکب علی الماشی' جلد 2' صفحہ 357' رقم:2634

صحیح مسلم' باب یسلم الراکب علی الماشی والقلیل علی الکثیر' جلد 7' صفحہ 2' رقم:5772

886- الآداب للبیهقی' باب من اولی بالابتداء بالسلام' صفحہ 119' رقم:206

جامع الاصول لابن اثیر' الفرع الثانی فی المبتدی بالسلام' جلد 6' صفحہ 599' رقم:4846

122 - مُسْنَدُ اَبِي وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ

مسند حضرت ابوواقد اللیثی رضی اللہ عنہ

887- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ سِنَانِ بْنِ اَبِي سِنَانٍ عَنْ اَبِي وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا خَرَجَ اِلَى حُنَيْنٍ مَرَّ بِشَجَرَةٍ يُقَالُ لَهَا ذَاتُ اَنْوَاطٍ يُعَلِّقُ الْمُشْرِكُونَ عَلَيْهَا اَسْلِحَتَهُمْ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اجْعَلْ لَنَا ذَاتَ اَنْوَاطٍ كَمَا لَهُمْ ذَاتُ اَنْوَاطٍ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُ اَكْبَرُ، هٰذَا كَمَا قَالَتْ بَنُو اِسْرَائِيلَ اجْعَلْ لَنَا اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ، لَتَرْكَبُنَّ سَنَنَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ .

حضرت ابوواقد اللیثی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ حنین کی طرف نکلے تو آپ کا گزر ایک درخت کے پاس سے ہوا جسے ذات انواط کہتے تھے' مشرکین اپنا اسلحہ اس پر لٹکایا کرتے تھے۔ لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہمارے لیے بھی کوئی ذات انواط بنا دیں جس طرح ان لوگوں کا ذات انواط تھا' تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ اکبر! یہ تو اسی طرح ہے جس طرح بنی اسرائیل نے کہا تھا: "تم ہمارے لیے بھی اسی طرح کا خدا بنا دو جس طرح ان کا خدا ہے۔" تم ضرور اپنے سے پہلے والے لوگوں کے طریقوں پر عمل کرو گے۔

887- صحیح بخاری' باب وجوب القراۃ للامام' جلد 1' صفحہ 152' رقم:757

صحیح مسلم' باب وجوب قراۃ الفاتحۃ فی کل رکعۃ' جلد 2' صفحہ 10' رقم:911

السنن الصغریٰ للبیهقی' باب فرض الصلاۃ وسننها' جلد 1' صفحہ 113' رقم:326

سنن ابوداؤد' باب صلاۃ من لا یقم صلبہ فی الرکوع والسجود' جلد 1' صفحہ 318' رقم:856

سنن ترمذی' باب ما جاء فی وصف الصلاۃ' جلد 2' صفحہ 103' رقم:303

888- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ضَمْرَةُ بْنُ سَعِيدٍ الْمَازِنِيُّ قَالَ سَمِعْتُ عُبَيْدَ اللَّهِ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ يَقُولُ: خَرَجَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فِي يَوْمِ عِيدٍ فَسَأَلَ أَبَا وَاقِدٍ اللَّيْثِيَّ: بِأَيِّ شَيْءٍ قَرَأَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هَذَا الْيَوْمِ؟ فَقَالَ أَبُو وَاقِدٍ: بِ (ق) وَاقْتَرَبَتْ.

حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ روایت کرتے ہیں کہ عید کے دن حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور انہوں نے حضرت ابوواقد اللیثی رضی اللہ عنہ سے پوچھا: اس دن رسول اللہ ﷺ نے کون سی سورت کی پڑھی تھی؟ تو حضرت ابوواقد رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: سورۃ ق و اقتربت۔

123 - مُسْنَدُ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ

مسند حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ

889- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ فِي الدُّنْيَا عُذِّبَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص دنیا میں جس چیز کے ساتھ خودکشی کرے گا قیامت کے دن اسے اس کے ساتھ عذاب دیا جائے گا۔

124 - مُسْنَدُ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ

مسند حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ

890- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں

888- سنن ابوداؤد' باب فی الرجل يفارق الرجل ثم يلقاه اليسلم عليه' جلد 4' صفحه 517' رقم:5202

جامع الاصول لابن اثير' الفصل التاسع في السلام والجواب' جلد 6' صفحه 595' رقم:4837

شعب الايمان' فصل في السلام على قرب العهد' جلد 6' صفحه 450' رقم:8858

889- سنن ترمذی' باب ما جاء في التسليم اذا دخل بيته' جلد 5' صفحه 59' رقم:2698

الادب المفرد للبخاری' باب النظر في الدور' صفحه 375' رقم:1095

المعجم الصغير' باب الميم من اسمه محمد' جلد 2' صفحه 100' رقم:856

جامع الاصول لابن اثير' الفصل التاسع في السلام والجواب' جلد 6' صفحه 595' رقم:4838

مصنف ابن ابی شيبة ' باب في الرجل يدخل منزله ما يقول' جلد 8' صفحه 455' رقم:26334

890- صحيح مسلم' باب استحباب صلاة الضحى وان امتها ركعتان واكمها ثمان ركعات' جلد 1' صفحه 458' رقم:1704

قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَمَّنْ حَدَّثَهُ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ: تَهَبَّطْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ ثَنِيَّةٍ فَقَالَ لِي: قُلْ يَا عُقْبَةُ. فَقُلْتُ: مَا أَقُولُ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ وَتَفَرَّقْنَا فَقُلْتُ: اللَّهُمَّ رُدَّهَا عَلَيَّ مِنْ نَبِيِّكَ، ثُمَّ الْتَقَيْنَا فَقَالَ لِي: قُلْ يَا عُقْبَةُ. فَقُلْتُ: مَا أَقُولُ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ ثُمَّ تَفَرَّقْنَا فَقُلْتُ: اللَّهُمَّ رُدَّهَا عَلَيَّ مِنْ نَبِيِّكَ، ثُمَّ الْتَقَيْنَا فَقَالَ لِي: قُلْ يَا عُقْبَةُ. فَقُلْتُ: مَا أَقُولُ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ فَقَالَ: قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ، وَقُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، وَقُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ، مَا تَعَوَّذَ مُتَعَوِّذٌ وَلَا اسْتَعَاذَ مُسْتَعِيذٌ بِمِثْلِهِنَّ قَطُّ.

کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک گھاٹی سے نیچے اتر رہا تھا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: اے عقبہ! تم یہ پڑھو! میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں کیا پڑھوں؟ پھر ہم الگ ہو گئے' میں نے دعا کی اے اللہ! تو اپنے نبی کی طرف سے وہ چیز مجھ پر لوٹا دے۔ پھر ہماری ملاقات ہوئی تو آپ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: اے عقبہ! تم پڑھو! میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا پڑھوں؟ پھر ہم جدا ہو گئے' میں نے عرض کی: اے اللہ! تو اپنے نبی کی طرف سے وہ چیز مجھ پر لوٹا دے۔ پھر ہماری ملاقات ہوئی تو آپ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: تم پڑھو! اے عقبہ! میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں کیا پڑھوں؟ تو آپ نے فرمایا: تم قل هو الله احد' قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھو۔ کسی بھی پناہ مانگنے والے نے ان کلمات کی مثل کبھی پناہ نہیں مانگی ہو گی۔

125 - مُسْنَدُ مُعَاذٍ التَّيْمِيِّ

مسند حضرت معاذ تیمی رضی اللہ عنہ

891- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ الْأَعْرَجُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ رَجُلٍ مِنْ قَوْمِهِ يُقَالُ لَهُ مُعَاذٌ أَوِ ابْنُ مُعَاذٍ: أَنَّ

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ یا حضرت ابن معاذ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے منیٰ میں لوگوں کو ان کی اترنے کی جگہ پر ہدایت کی تو مہاجرین

مسند امام احمد' مسند ابی ذر' جلد 5' صفحه 167' رقم:21513

مسند ابوعوانه ' بيان ثواب صلاة الضحى' جلد 2' صفحه 9' رقم:2121

معجم لابن عساكر' صفحه 511' رقم:1076

891- صحيح بخاری' باب قول الله تعالى "وصل عليهم" جلد 2' صفحه 711' رقم:6336

صحيح مسلم' باب اعطاء المؤلفة قلوبهم على الاسلام' جلد 1' صفحه 609' رقم:2494

صحيح ابن حبان' باب ما جاء في الصبر' جلد 1' صفحه 480' رقم:2917

مسند ابی يعلى' مسند عبد الله بن مسعود' جلد 2' صفحه 466' رقم:5133

مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الله بن مسعود' جلد 1' صفحه 411' رقم:3902

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْزَلَ النَّاسَ بِمِنًى مَنَازِلَهُمْ، فَاَنْزَلَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَاَنْزَلَ الْاَنْصَارَ شِعْبَهُمْ - قَالَ - وَعَلَّمَ النَّاسَ مَنَاسِكَهُمْ - قَالَ - وَفَتَحَ اللّٰهُ اَسْمَاعَنَا فَاِنَّا لَنَسْمَعُ وَنَحْنُ فِيْ رِحَالِنَا، فَكَانَ فِيْمَا عَلَّمَنَا اَنْ قَالَ: اِذَا رَمَيْتُمُ الْجَمْرَةَ فَارْمُوْهَا بِمِثْلِ حَصَى الْخَذْفِ.

اور انصار نے اپنی مخصوص گھاٹیوں میں پڑاؤ کیا۔ راوی کہتے ہیں کہ آپ ﷺ نے لوگوں کو مناسک حج کی تعلیم دی۔ راوی کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہماری سماعت کو کھول دیا تو ہم نے اپنی قیام گاہوں پر رہتے ہوئے آپ کی آواز سن لی۔ آپ ﷺ نے ہمیں جو تعلیم دی' اس میں یہ بات بھی تھی' آپ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم جمرہ کی رمی کرلو تو ایسی کنکری کے ساتھ کرنا جو چٹکی میں آجاتی ہو''۔

126 - مُسْنَدُ السَّائِبِ بْنِ خَلَّادِ الْاَنْصَارِيِّ

مسند حضرت سائب بن خلاد انصاری رضی اللہ عنہ

892- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ خَلَّادِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْهِ السَّائِبِ بْنِ خَلَّادٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتَانِيْ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ مُرْ اَصْحَابَكَ اَنْ يَّرْفَعُوْا اَصْوَاتَهُمْ بِالْاِهْلَالِ، اَوْ قَالَ بِالتَّلْبِيَةِ. قَالَ سُفْيَانُ: وَكَانَ ابْنُ جُرَيْجٍ كَتَمَنِيْ حَدِيْثًا، فَلَمَّا قَدِمَ عَلَيْنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ لَمْ اُخْبِرْهُ بِهٖ، فَلَمَّا خَرَجَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ حَدَّثْتُهٗ بِهٖ فَقَالَ لِيْ: يَا عَوْفُ تُخْفِيْ عَنَّا الْاَحَادِيْثَ،

حضرت سائب بن خلاد رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جبرائیل علیہ السلام میرے پاس آئے اور انہوں نے کہا کہ آپ اپنے ساتھیوں کو یہ حکم دیجئے کہ وہ بلند آواز میں تلبیہ پڑھیں۔ سفیان کہتے ہیں کہ ابن جریج مجھ سے ایک حدیث چھپا کر رکھتے تھے۔ جب حضرت عبداللہ بن ابوبکر رضی اللہ عنہما ہمارے پاس تشریف لائے تو میں نے انہیں اس کے متعلق نہیں بتایا' جب وہ مدینہ منورہ چلے گئے تو میں نے انہیں اس کے متعلق بتایا تو انہوں نے مجھ سے کہا: اے عوف! کیا تم ہم سے حدیثیں چھپا کر رکھتے ہو اور جب اس کے اہل چلے گئے تو پھر تم نے ہمیں اس کے بارے میں بتایا ہے۔

892- سنن ابوداؤد' باب كراهية ان يقوم الرجل من مجلسه ولا يذكر الله' جلد 4' صفحه 414' رقم:4857

الآداب للبيهقي' باب كراهية من جلس مجلسا لم يذكر الله عزوجل فيه' جلد 1' صفحه 152' رقم:258

مسند امام احمد' مسند ابی هريرة رضی الله عنه' جلد 2' صفحه 515' رقم:10691

جامع الاصول لابن اثير' حرف الذال' الكتاب الاوّل فی الذكر' جلد 4' صفحه 472' رقم:2558

لِاَذَا ذَهَبَ اَهْلُهَا اَخْبَرْتَنَا بِهَا، لَا اَرْوِيْهِ عَنْكَ، اَتُرِيْدُ اَرْوِيْهِ عَنْكَ؟ فَكَتَبَ اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ فَكَتَبَ اِلَيْهِ بِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ فَكَانَ ابْنُ جُرَيْجٍ يُحَدِّثُ بِهٖ كَتَبَ اِلَيَّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ.

میں یہ روایت تم سے بیان نہیں کروں گا' کیا تم یہ چاہتے ہو کہ میں اسے تم سے روایت کروں۔ پھر عبداللہ بن ابوبکر رضی اللہ عنہما نے مجھے خط میں لکھا۔ اور حضرت عبداللہ بن ابوبکر رضی اللہ عنہما نے ابن جریج کو بھی اس بارے میں خط لکھا تو ابن جریج اس روایت کو یوں بیان کرتے تھے: حضرت عبداللہ بن ابوبکر رضی اللہ عنہما نے میری طرف خط میں یہ روایت لکھی۔

127 - مُسْنَدُ اَبِي الْبَدَّاحِ عَنْ اَبِيْهِ

مسند حضرت ابو بداح از والد خود رضی اللہ عنہ

893- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِي الْبَدَّاحِ عَنْ اَبِيْهِ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ لِلرِّعَاءِ اَنْ يَّرْمُوْا وَيَدَعُوْا يَوْمًا.

حضرت ابو بداح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے چرواہوں کو یہ اجازت فرمائی کہ وہ ایک دن رمی کریں اور ایک دن چھوڑ دیں۔

128 - مُسْنَدُ مُسْتَوْرِدِ الْفِهْرِيِّ

مسند حضرت مستورد فہری رضی اللہ عنہ

894- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ قَيْسَ بْنَ اَبِيْ حَازِمٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ الْمُسْتَوْرِدَ اَخَا بَنِيْ فِهْرٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا كَمَا يَجْعَلُ اَحَدُكُمْ

حضرت مستورد فہری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ آخرت کے مقابلے میں دنیا کی حیثیت اسی طرح ہے جیسے کوئی آدمی اپنی انگلی کو سمندر میں ڈالے اور پھر اس کو دیکھے کہ اس انگلی پر کتنا پانی لگا ہے۔ سفیان کہتے ہیں کہ ابن

893- صحيح بخاری' باب المفرات' جلد 9' صفحه 31' رقم:6990

السنن الكبری للبيهقی' باب النهی من قراة القرآن فی الركوع والسجود' جلد 2' صفحه 87' رقم:2669

مؤطا امام مالك' باب ما جاء فی الرؤيا' جلد 2' صفحه 957' رقم:1715

894- صحيح بخاری' باب الرؤيا الصالحة جز من ستة واربعين جزا من النبوة' جلد 9' صفحه 30' رقم:6987

صحيح مسلم' باب الرؤيا' جلد 7' صفحه 53' رقم:6050

الآداب للبيهقی' باب فی الرؤيا' جلد 1' صفحه 413' رقم:679

أُصْبُعَهُ فِي الْيَمِّ ثُمَّ يَنْظُرُ بِمَ تَرْجِعُ إِلَيْهِ ؟ . قَالَ سُفْيَانُ: وَكَانَ ابْنُ أَبِي خَالِدٍ يَقُولُ فِيهِ سَمِعْتُ الْمُسْتَوْرِدَ أَخِي بَنِي فِهْرٍ يَلْحَنُ فِيهِ، فَقُلْتُ أَنَا: أَخَا بَنِي فِهْرٍ.

ابوخالد یہ روایت بیان کرتے ہوئے یہ کہتے تھے کہ میں نے یہ روایت حضرت مستورد رضی اللہ عنہ سے سنی ہے جو قبیلہ بنوفہر تھے' تو اس میں غلطی کر جاتے تھے' میں نے کہا: میں بنوفہر کا بھائی ہوں۔

129 - مُسْنَدُ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ الْأَشْجَعِيِّ

مسند حضرت سلمہ بن قیس اشجعی رضی اللہ عنہ

895- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ الْأَشْجَعِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا تَوَضَّأْتَ فَانْثُرْ، وَإِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَأَوْتِرْ.

حضرت سلمہ بن قیس اشجعی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم وضو کرو تو ناک صاف کرو اور جب ڈھیلے استعمال کرو تو طاق عدد استعمال کرو۔

130 - مُسْنَدُ جَرْهَدٍ الْأَسْلَمِيِّ

مسند حضرت جرہد اسلمی رضی اللہ عنہ

896- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا سَالِمٌ أَبُو النَّضْرِ قَالَ حَدَّثَنِي زُرْعَةُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ جَرْهَدٍ عَنْ جَدِّهِ جَرْهَدٍ قَالَ: مَرَّ بِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا فِي الْمَسْجِدِ وَعَلَيَّ بُرْدَةٌ وَقَدِ انْكَشَفَتْ فَخِذِي فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ

حضرت جرہد اسلمی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ میرے پاس سے گزرے' میں اس وقت مسجد میں تھا' میں نے اوپر چادر لی ہوئی تھی اور میرے گھٹنوں سے چادر ہٹی ہوئی تھی' تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے جرہد! تم اپنے گھٹنوں کو چھپالو کیونکہ گھٹنے

895- صحیح بخاری' باب من کان یؤمن باللّٰہ والیوم الاخر فلا یؤذ جارہ ' جلد 8' صفحہ 11' رقم:6019

صحیح مسلم' باب الضیافة ونحوھا' جلد 5' صفحہ 137' رقم:4610

الآداب للبیھقی' باب فی اکرام الضیف' جلد 1' صفحہ 38' رقم:72

سنن ابوداؤد' باب ما جاء فی الضیافة' جلد 3' صفحہ 397' رقم:3750

896- صحیح بخاری' باب تزویج النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم خدیجة وفضلھا عنھا' جلد 5' صفحہ 39' رقم:3819

صحیح مسلم' باب فضائل خدیجة أم المؤمنین رضی اللّٰہ عنھا' جلد 7' صفحہ 133' رقم:6426

المعجم الصغیر' باب الانف من اسمه احمد' جلد 1' صفحہ 34' رقم:19

سنن ترمذی' باب فضل خدیجة رضی اللّٰہ عنھا' جلد 4' صفحہ 393' رقم:19527

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : غَطِّ فَخِذَكَ يَا جَرْهَدُ، فَإِنَّ الْفَخِذَ عَوْرَةٌ.

ستر کا حصہ ہے۔

897- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ قَالَ حَدَّثَنِي آلُ جَرْهَدٍ عَنْ جَرْهَدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

آل حضرت جرہد از حضرت جرہد از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت بیان کرتے ہیں۔

131 - مُسْنَدُ الْحَكَمِ بْنُ عَمْرٍو الْغِفَارِيُّ

مسند حضرت حکم بن عمرو غفاری رضی اللہ عنہ

898- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ قُلْتُ لِجَابِرِ بْنِ زَيْدٍ: إِنَّهُمْ يَزْعُمُونَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ. فَقَالَ: قَدْ كَانَ يَقُولُ ذَلِكَ عِنْدَنَا الْحَكَمُ بْنُ عَمْرٍو الْغِفَارِيُّ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَكِنْ أَبَى ذَلِكَ الْبَحْرُ يَعْنِي ابْنَ عَبَّاسٍ وَقَرَأَ (قُلْ لَا أَجِدُ فِيمَا أُوحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّمًا) الْآيَةَ.

حضرت عمرو بن دینار کہتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر بن زید سے یہ کہا کہ لوگ یہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے پالتو گدھوں کا گوشت کھانے سے منع فرمایا تھا' تو انہوں نے کہا کہ حضرت حکم بن عمرو رضی اللہ عنہ نے از رسول اللہ ﷺ یہ حدیث ہم سے بیان کی تھی لیکن سمندر یعنی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے اس بات کو نہیں مانا' انہوں نے یہ آیت تلاوت کی: ''تم یہ فرما دو جو چیز میری طرف وحی کی گئی ہے اس میں میں اسے حرام نہیں پاتا''۔

132 - مُسْنَدُ جَابِرٍ الْأَحْمَسِيِّ

مسند حضرت جابر احمسی رضی اللہ عنہ

899- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ عَنْ حَكِيمِ بْنِ جَابِرٍ الْأَحْمَسِيِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ

حضرت حکیم بن جابر احمسی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آیا اور میں نے آپ کے پاس کدو دیکھا' میں نے عرض کی: یا

898- صحیح مسلم' باب من لقی اللّٰہ ایمان وھو غیر شاک فیه دخل الجنة وحرم علی النار' جلد 1' صفحہ 44' رقم:156

صحیح مسلم' باب استحباب دخول مکة' جلد 4' صفحہ 62' رقم:3099

جامع الاصول' الباب التاسع فی فضائل الاعمال والاقوال' الفصل الاوّل' جلد 9' صفحہ 359' رقم:7004

899- صحیح بخاری' باب الدعاء عند الاستخارہ' جلد 8' صفحہ 81' رقم:6382

السنن الکبریٰ للبیھقی' باب الاستخارہ' جلد 5' صفحہ 249' رقم:10601

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَاَيْتُ عِنْدَهُ الدُّبَّاءَ فَقُلْتُ: مَا هٰذَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: نُكَثِّرُ بِهٖ طَعَامَ اَهْلِنَا.

رسول اللہ! یہ کیا ہے؟ تو آپ نے فرمایا: ہم اس کے ساتھ اپنے گھر والوں کا کھانا زیادہ بنالیں گے۔

133 - مُسْنَدُ عُمَارَةَ بْنِ رُوَيْبَةَ الثَّقَفِيِّ

مسند حضرت عمارہ بن رویبہ ثقفی رضی اللہ عنہ

900- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ عُمَارَةَ بْنَ رُوَيْبَةَ الثَّقَفِيَّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَنْ يَّلِجَ النَّارَ اَحَدٌ صَلّٰى قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَلَا قَبْلَ غُرُوْبِهَا.

حضرت عمارہ بن رویبہ ثقفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ شخص ہرگز جہنم میں داخل نہیں ہوگا جو سورج نکلنے سے پہلے اور سورج غروب ہونے سے پہلے والی نماز پڑھتا ہوگا (یعنی فجر اور عصر)۔

901- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عُمَارَةَ بْنِ رُوَيْبَةَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ اِلٰى اَبِيْ فَقَالَ: اَنْتَ سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابوبکر بن عمارہ روایت کرتے ہیں کہ بصرہ کا ایک شخص میرے والد کے پاس آیا اور اس نے پوچھا: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ کا یہ ارشاد سنا ہے: "وہ شخص ہرگز جہنم میں داخل نہیں ہوگا جو سورج نکلنے سے

سنن ترمذی، باب صلاة الاستخاره، جلد 2، صفحه 345، رقم:480

سنن الكبرىٰ للنسائى، باب كهف الاستخاره، جلد 3، صفحه 337، رقم:5581

900- صحيح بخارى، باب الاستئذان من اجل البصر، جلد 8، صفحه 54، رقم:6241

صحيح مسلم، باب تحريم النظر فى بيت غيره، جلد 6، صفحه 180، رقم:5764

مسند امام احمد بن حنبل، حديث ابى مالك سهل بن سعد، جلد 5، صفحه 330، رقم:22854

معرفة الصحابة لابى نعيم، من اسمه قيس بن سعد بن عبادة، جلد 6، صفحه 247، رقم:5133

مسند ابى يعلىٰ، حديث سهل بن سعد الساعدى عن النبى صلى الله عليه وسلم، جلد 6، صفحه 449، رقم:5000

901- سنن ابوداؤد، باب كيف الاستئذان، جلد 4، صفحه 510، رقم:5179

السنن الكبرىٰ للبيهقى، باب ما جاء فى كيفية الاستئذان، جلد 8، صفحه 340، رقم:18122

مصنف ابن ابى شيبة، باب فى الاستئذان، جلد 5، صفحه 242، رقم:25672

جامع الاصول، الفصل الثامن فى الاستئذان، جلد 6، صفحه 577، رقم:4817

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَنْ يَّلِجَ النَّارَ اَحَدٌ صَلّٰى قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَلَا قَبْلَ غُرُوْبِهَا. فَقَالَ اَبِيْ: نَعَمْ. فَقَالَ الْبَصْرِيُّ: وَهُوَ يَشْهَدُ لَسَمِعَهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

پہلے اور سورج غروب ہونے سے پہلے والی نمازیں پڑھتا ہو۔" تو میرے والد نے کہا: ہاں! تو وہ بصری کہنے لگا کہ انہوں نے اس بات کی گواہی دی کہ انہوں نے بھی رسول اللہ ﷺ سے یہ سنا ہے۔

134 - مُسْنَدُ مِخْرَشٍ الْكَعْبِيِّ

مسند حضرت مخرش کعبی رضی اللہ عنہ

902- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اُمَيَّةَ عَنْ مُزَاحِمِ بْنِ اَبِيْ مُزَاحِمٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ اَسِيْدٍ عَنْ مِخْرَشٍ الْكَعْبِيِّ قَالَ: اعْتَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْجِعْرَانَةِ لَيْلًا، فَنَظَرْتُ اِلٰى ظَهْرِهٖ كَاَنَّهٗ سَبِيْكَةُ فِضَّةٍ وَاَصْبَحَ بِهَا كَبَائِتٍ.

حضرت مخرش کعبی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے جعرانہ سے رات کے وقت عمرہ کیا' میں نے آپ ﷺ کی پیٹھ کی طرف دیکھا تو وہ چاندی کے ٹکڑے کی مثل تھی اور آپ ﷺ نے رات بھی یہیں بسر کی۔

قَالَ الْحُمَيْدِيُّ: وَكَانَ سُفْيَانُ يَقُوْلُ فِيْهِ بِمُحَرِّشٍ الْكَعْبِيِّ فَاِنِ اسْتَفْهَمَهٗ اَحَدٌ قَالَ مِحْرَشٌ اَوْ مُحَرِّشٌ اَوْ مِخْرَشٌ وَرُبَّمَا قَالَ ذَا وَذَا وَكَانَ اَبَدًا يَضْطَرِبُ فِى الْاِسْمِ.

امام حمیدی فرماتے ہیں کہ سفیان اس روایت میں بعض دفعہ مخرش کعبی کا ذکر کرتے تھے۔ اگر کوئی شخص ان سے اس کے متعلق پوچھتا تو وہ یہ کہتے تھے کہ ان کا نام یا مجرش ہے یا محرش ہے یا مخرش ہے۔ اور بعض دفعہ وہ یہ بھی کہتے تھے: یا یہ ہے یا وہ ہے۔ یعنی وہ ان کے نام کے بارے میں ہمیشہ مضطرب رہے۔

قَالَ الْحُمَيْدِيُّ: وَهُوَ مِحْرَشٌ.

امام حمیدی فرماتے ہیں کہ ان کا نام محرش ہے۔

902- سنن ابوداؤد، باب كيف الاستئذان، جلد 4، صفحه 509، رقم:5178

سنن ترمذى، باب ما جاء فى التسليم قبل الاستئذان، جلد 5، صفحه 64، رقم:2710

السنن الكبرىٰ للبيهقى، باب ما جاء فى كيفية الاستئذان، جلد 8، صفحه 339، رقم:18121

الادب المفرد، باب اذا دخل ولم يستأذن، صفحه 371، رقم:1081

سنن الكبرىٰ للنسائى، باب كيف يستأذن، جلد 6، صفحه 87، رقم:10147

135 - مُسْنَدُ كَعْبِ بْنِ عَاصِمٍ الْأَشْعَرِيِّ

903- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يَقُولُ أَخْبَرَنِي صَفْوَانُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ صَفْوَانَ عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ عَنْ كَعْبِ بْنِ عَاصِمٍ الْأَشْعَرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ مِنَ الْبِرِّ الصِّيَامُ فِي السَّفَرِ. قَالَ سُفْيَانُ: وَذُكِرَ لِي أَنَّ الزُّهْرِيَّ كَانَ يَقُولُ فِيهِ وَلَمْ أَسْمَعْهُ أَنَا: لَيْسَ مِنَ امْبِرِّ امْصِيَامُ فِي امْسَفَرِ.

مسند حضرت کعب بن عاصم اشعری رضی اللہ عنہ

حضرت ام درداء رضی اللہ عنہا' حضرت کعب بن عاصم اشعری رضی اللہ عنہ سے' رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ''دوران سفر روزہ رکھنا نیکی نہیں ہے۔'' سفیان کہتے ہیں کہ مجھے یہ بتایا گیا کہ زہری اس روایت میں یہ کہتے ہیں حالانکہ میں نے زہری سے یہ نہیں سنا کہ ''سفر کے دوران روزہ رکھنا بھلائی نہیں۔''

136 - مُسْنَدُ سُفْيَانَ بْنِ أَبِي زُهَيْرٍ

904- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَبِي زُهَيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تُفْتَحُ الْيَمَنُ

مسند حضرت سفیان بن ابو زہیر مزنی رضی اللہ عنہ

حضرت سفیان بن ابو زہیر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ یمن فتح کیا جائے گا تو کچھ لوگ اونٹوں کو ہانکیں گے اور اس پر اپنے گھر والوں کو اور اپنے ماتحتوں کو سوار کریں

903- صحیح بخاری' باب المعراج' جلد 5' صفحه 52' رقم: 3887
صحیح مسلم' باب الاسراء برسول الله صلی الله علیه وسلم الی السموات وفرض الصلوات' جلد 1' صفحه 99' رقم: 429
السنن الصغری' باب مبتداء فرض الصلوات الخمس' جلد 1' صفحه 81' رقم: 229
سنن النسائی' باب فرض الصلاة وذکر اختلاف الناقلین' جلد 1' صفحه 217' رقم: 448
صحیح ابن حبان' کتاب الاسراء' جلد 1' صفحه 236' رقم: 48
مسند امام احمد بن حنبل' مسند انس بن مالك' جلد 3' صفحه 148' رقم: 12527
904- صحیح بخاری' باب المکثرون هم المقلون' جلد 8' صفحه 95' رقم: 6443
صحیح مسلم' باب الترغیب فی الصدقة' جلد 3' صفحه 76' رقم: 2352
مسند البزار' مسند ابی ذر الغفاری رضی الله عنه' جلد 2' صفحه 93' رقم: 3981

فَيَأْتِي قَوْمٌ يَبُسُّونَ فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهْلِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ، ثُمَّ تُفْتَحُ الْعِرَاقُ فَيَأْتِي قَوْمٌ يَبُسُّونَ فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهْلِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ، ثُمَّ تُفْتَحُ الشَّامُ فَيَأْتِي قَوْمٌ يَبُسُّونَ فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهْلِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ.

گے۔ حالانکہ مدینہ ان کے لیے زیادہ بہتر تھا کاش کہ انہیں اس کا علم ہوتا' پھر عراق فتح کیا جائے گا تو کچھ لوگ اپنے اونٹوں کو ہانکیں گے اور وہ ان پر اپنے گھر والوں اور اپنے ماتحتوں کو بٹھا کر لے جائیں گے حالانکہ اگر وہ جانتے تو مدینہ ان کے لیے زیادہ بہتر تھا۔ پھر شام فتح ہو گا تو کچھ لوگ اپنے اونٹوں کو ہانکیں گے اور ان پر اپنے گھر والوں اور اپنے ماتحتوں کو بٹھا کر لے جائیں گے' کاش کہ انہیں علم ہوتا کہ مدینہ منورہ ان کے لیے زیادہ بہتر تھا۔

137 - مُسْنَدُ أَبِي رِمْثَةَ

905- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ أَبْجَرَ عَنْ إِيَادِ بْنِ لَقِيطٍ عَنْ أَبِي رِمْثَةَ السُّلَمِيِّ قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ أَبِي عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَأَى أَبِي الَّذِي بِظَهْرِهِ فَقَالَ: دَعْنِي أُعَالِجِ الَّذِي بِظَهْرِكَ فَإِنِّي طَبِيبٌ. فَقَالَ: إِنَّكَ رَفِيقٌ وَاللَّهُ الطَّبِيبُ. قَالَ وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَبِي: مَنْ ذَا مَعَكَ؟ قَالَ: ابْنِي، أَشْهَدُ لَكَ بِهِ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَا إِنَّكَ لَا تَجْنِي عَلَيْهِ وَلَا يَجْنِي عَلَيْكَ. وَذَكَرَ أَنَّهُ رَأَى بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

مسند حضرت ابو رمثہ رضی اللہ عنہ

حضرت ابو رمثہ سلمی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور میرے والد نے رسول اللہ ﷺ کی پیٹھ مبارک دیکھی تو عرض کی: آپ ﷺ مجھے یہ اجازت دیجئے کہ میں آپ ﷺ کی پیٹھ پر موجود چیز کا علاج کروں کیونکہ میں طبیب ہوں۔ تو آپ نے فرمایا: تم رفیق ہو اور اللہ تعالیٰ طبیب ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے میرے والد سے پوچھا: تمہارے ساتھ کون ہے؟ انہوں نے عرض کی کہ میں آپ کے سامنے گواہی دے کر یہ کہتا ہوں کہ یہ میرا بیٹا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم اس کے

905- صحیح بخاری' باب التستر فی الغسل عند الناس' جلد 1' صفحه 64' رقم: 280
صحیح مسلم' باب استحباب صلاة الضحی' جلد 2' صفحه 157' رقم: 1702
سنن الکبری للنسائی' باب الاستتار عند الاغتسال' جلد 1' صفحه 115' رقم: 229
مسند امام احمد' حدیث ام هانی بنت ابی طالب' جلد 6' صفحه 343' رقم: 26952
السنن الکبری للبیهقی' باب امان المرأة' جلد 9' صفحه 94' رقم: 18637
سنن ترمذی' باب ما جاء فی مرحبا' جلد 5' صفحه 78' رقم: 2734

وَسَلَّمَ رَدْعَ الْحِنَّاءِ .

اعمال کی سزا نہیں پاؤ گے اور یہ تمہارے اعمال کی سزا نہیں پائے گا۔ اور یہ بھی ذکر کیا کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے بالوں میں کہیں کہیں مہندی کا نشان بھی دیکھا۔

138 - مُسْنَدُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ

مسند حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ

906- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ الْاَحْوَلُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ قَالَ: رَاَيْتُ الَّذِي بِظَهْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَاَنَّهُ جُمْعٌ. قَالَ سُفْيَانُ: مِثْلُ الْمِحْجَمَةِ الضَّخْمَةِ.

حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی پشت پر بند مٹھی کی مثل دیکھی۔ سفیان نے یہ الفاظ بیان کیے ہیں کہ جو کچھنے والے کے آلے کی طرح تھی۔

139 - مُسْنَدُ قَيْسٍ

مسند حضرت قیس رضی اللہ عنہ

907- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ قَيْسٍ الْاَنْصَارِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَارِثِ التَّيْمِيِّ عَنْ قَيْسٍ

حضرت قیس رضی اللہ عنہ حضرت سعد کے دادا روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے دیکھا کہ میں صبح کی نماز کے بعد دو رکعت پڑھ رہا تھا۔ آپ ﷺ نے

906- صحیح بخاری، باب اذا قال من ذا فقال انا، جلد 8، صفحہ 55، رقم:6250
صحیح مسلم، باب کراهة قول المستاذن أنا اذا قیل من هذا، جلد 6، صفحہ 180، رقم:5761
سنن ابن ماجه، باب الاستئذان، جلد 2، صفحہ 1222، رقم:3709
سنن ترمذی، باب ما جاء فی التسلیم قبل الاستئذان، جلد 5، صفحہ 65، رقم:2711
مسند امام احمد، مسند جابر بن عبد الله، جلد 3، صفحہ 320، رقم:14479
907- صحیح بخاری، باب ما یستحب من العطاس وما یکره من التثاؤب، جلد 8، صفحہ 49، رقم:6223
مصنف عبد الرزاق، باب التثاؤب، جلد 2، صفحہ 270، رقم:3322
سنن ابوداؤد، باب ما جاء فی التثاؤب، جلد 4، صفحہ 466، رقم:5030
سنن ترمذی، باب ما جاء ان الله یحب العطاس ویکره التثاؤب، جلد 5، صفحہ 87، رقم:2747
مسند امام احمد بن حنبل، مسند ابی هریرة رضی الله عنه، جلد 2، صفحہ 265، رقم:7589

جَدِّ سَعْدٍ قَالَ: اَبْصَرَنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الصُّبْحِ فَقَالَ: مَا هَاتَانِ الرَّكْعَتَانِ يَا قَيْسُ؟ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّي لَمْ اَكُنْ صَلَّيْتُ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ، فَهُمَا هَاتَانِ الرَّكْعَتَانِ، فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

پوچھا: اے قیس! یہ کون سی دو رکعتیں ہیں؟ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں فجر کی دو رکعت نہیں پڑھ سکا تو یہ وہی دو رکعتیں ہیں، تو رسول اللہ ﷺ نے خاموشی اختیار کی۔

908- قَالَ سُفْيَانُ فَكَانَ عَطَاءُ بْنُ اَبِي رَبَاحٍ يَرْوِي هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ سَعْدِ بْنِ سَعِيْدٍ.

حضرت سفیان کہتے ہیں کہ حضرت عطاء بن ابی رباح اس حدیث کو حضرت سعد بن سعید سے روایت کرتے ہیں۔

140 - مُسْنَدُ يُوْسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ

مسند حضرت یوسف بن عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ

909- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي الْهَيْثَمِ الْكُوفِيُّ قَالَ سَمِعْتُ يُوْسُفَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ يَقُوْلُ: سَمَّانِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْسُفَ.

حضرت یوسف بن عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے میرا نام یوسف رکھا۔

910- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ اَنَّهُ سَمِعَ يُوْسُفَ بْنَ

حضرت یوسف بن عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک انصاری مرد

909- صحیح بخاری، باب اذا عطس کیف یشمت، جلد 8، صفحہ 49، رقم:6224
سنن ابوداؤد، باب کیف تشمیت العاطس، جلد 4، صفحہ 467، رقم:5035
سنن الکبریٰ للنسائی، باب ما یقول اذا عطس، جلد 6، صفحہ 61، رقم:10040
مسند امام احمد، مسند ابی هریرة رضی الله عنه، جلد 2، صفحہ 353، رقم:8616
مسند البزار، مسند ابی هریرة رضی الله عنه، جلد 2، صفحہ 478، رقم:8977
910- صحیح مسلم، باب تشمیت العاطس و کراهة التثاؤب، جلد 8، صفحہ 225، رقم:7679
الآداب للبیهقی، باب من عطس فلم یحمد الله عزوجل، جلد 1، صفحہ 155، رقم:262
المستدرك للحاكم، کتاب الادب، جلد 4، صفحہ 294، رقم:7690
الادب المفرد، باب تشمیت الرجل المراة، صفحہ 323، رقم:941
مسند امام احمد، حدیث ابی موسی الاشعری، جلد 4، صفحہ 412، رقم:19711

عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَلَامٍ يَقُولُ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ وَامْرَأَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ: اعْتَمِرَا فِي شَهْرِ رَمَضَانَ، فَإِنَّ عُمْرَةً فِيهِ لَكُمَا كَحَجَّةٍ.

اور عورت سے فرمایا: تم دونوں رمضان میں عمرہ کرو کیونکہ اس میں عمرہ کرنا تمہارے لیے اس حج کے برابر ہوگا۔

141 - مُسْنَدُ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ الْفِهْرِيِّ

مسند حضرت حبیب بن مسلمہ فہری رضی اللہ عنہ

911- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ الْأَزْدِيُّ عَنْ مَكْحُولٍ عَنْ زِيَادِ بْنِ جَارِيَةَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ الْفِهْرِيِّ قَالَ: شَهِدْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَفِّلُ الثُّلُثَ فِي بَدْأَتِهِ.

حضرت حبیب بن مسلمہ فہری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ شریک ہوا تو آپ نے شروع میں ایک تہائی حصہ مال انفال میں سے دیا۔

142 - مُسْنَدُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَرْقَمَ الزُّهْرِيِّ

مسند حضرت عبداللہ بن ارقم زہری رضی اللہ عنہ

912- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَرْقَمِ الزُّهْرِيِّ: أَنَّهُ خَرَجَ إِلَى مَكَّةَ فَصَحِبَهُ قَوْمٌ فَكَانَ يَؤُمُّهُمْ، فَأَقَامَ الصَّلَاةَ يَوْمًا وَقَدَّمَ رَجُلًا وَقَالَ

حضرت عبداللہ بن ارقم زہری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دفعہ وہ مکہ جا رہے تھے' کچھ لوگ ان کے ساتھ تھے تو وہ ان کی امامت کیا کرتے۔ ایک دن انہوں نے نماز کے لیے اقامت کہی اور ایک اور شخص کو

911- صحیح بخاری' باب الحمد العاطس' جلد 8' صفحہ 49' رقم:6221

صحیح مسلم' باب تشمیت العاطس و کراهة التثاؤب' جلد 8' صفحہ 225' رقم:7677

سنن ابن ماجه' باب تشمیت العاطس' جلد 2' صفحہ 1223' رقم:3713

سنن ترمذی' باب ما جاء فی ایجاب التشمیت بحمد العاطس' جلد 5' صفحہ 84' رقم:2742

مصنف عبد الرزاق' باب وجوب التشمیت' جلد 10' صفحہ 452' رقم:19678

912- سنن ابوداؤد' باب فی العطاس' جلد 4' صفحہ 466' رقم:5031

سنن ترمذی' باب ما جاء فی خفض الصوت وتخمیر الوجه عند العطاس' جلد 5' صفحہ 86' رقم:2745

مستدرك للحاكم' كتاب الایمان والنذور' جلد 6' صفحہ 313' رقم:7796

مشكوة المصابیح' باب السلام' الفصل الثانی' جلد 3' صفحہ 26' رقم:4736

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ وَوَجَدَ أَحَدُكُمُ الْغَائِطَ فَلْيَبْدَأْ بِالْغَائِطِ.

آگے کر دیا اور یہ بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جب نماز کے لیے اقامت کہہ لی جائے اور کسی شخص کو قضائے حاجت کی ضرورت محسوس ہو تو وہ پہلے قضائے حاجت کر لے۔''

143 - مُسْنَدُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ الْأَنْصَارِيِّ

مسند حضرت کعب بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ

913- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَبِيهِ: أَنَّهُ لَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ قَالَتْ لَهُ أُمُّ مُبَشِّرٍ: اقْرَأْ عَلَى مُبَشِّرٍ السَّلَامَ. فَقَالَ لَهَا كَعْبٌ: يَا أُمَّ مُبَشِّرٍ أَهٰكَذَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَتْ: لَا أَدْرِي ضَعُفْتُ، فَأَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ فَقَالَ كَعْبٌ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ نَسَمَةَ الْمُؤْمِنِ طَائِرٌ خُضْرٌ تَعْلُقُ مِنْ ثَمَرِ الْجَنَّةِ.

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کے بیٹے اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جب ان کی وفات کا وقت قریب آیا تو حضرت ام مبشر رضی اللہ عنہا نے ان سے کہا: آپ مبشر کو میری طرف سے سلام کہیے! تو حضرت کعب نے ان سے کہا: اے ام مبشر! کیا رسول اللہ ﷺ نے اس طرح فرمایا ہے؟ تو اس عورت نے کہا: مجھے نہیں معلوم! میں بوڑھی ہو گئی ہوں' میں اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرتی ہوں۔ تو حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے: ''مومن کی جان سبز پرندے کی مانند ہوتی ہے جو جنت کے پھلوں کے ساتھ رہتی ہے۔''

144 - مُسْنَدُ عَمِّ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ

مسند حضرت عم ابن کعب بن مالک رضی اللہ عنہ

914- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کے بیٹے اپنے

913- سنن ابوداؤد' باب کیف تشمیت العاطس' جلد 4' صفحہ 467' رقم:5035

سنن ترمذی' باب کیف تشمیت العاطس' جلد 5' صفحہ 82' رقم:2739

سنن الدارمی' باب اذا عطس الرجل ما یقول' جلد 2' صفحہ 368' رقم:2659

سنن النسائی الکبریٰ' باب ما یقول اذا عطس' جلد 6' صفحہ 61' رقم:10041

مسند امام احمد' مسند علی بن ابی طالب' جلد 1' صفحہ 120' رقم:973

914- صحیح مسلم' باب تشمیت العاطس و کراهة التثاؤب' جلد 8' صفحہ 226' رقم:7683

قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ ابْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ عَمِّهِ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ بَعَثَ فُلَانًا - سَمَّاهُ الزُّهْرِيُّ - اِلَى ابْنِ اَبِي الْحُقَيْقِ نَهَاهُ عَنْ قَتْلِ النِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ.

چچا سے روایت کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ نے فلاں صاحب کو روانہ کیا۔ امام زہری نے اس کا نام لیا' انہیں ابن ابوحقیق کی طرف بھیجا تھا تو آپ نے انہیں عورتوں اور بچوں کوقتل کرنے سے منع فرمادیا۔

145 - مُسْنَدُ اَبِيْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ

مسند حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ

915- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يَقُوْلُ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيُّ عَنْ اَبِيْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ اَكْلِ كُلِّ ذِيْ نَابٍ مِنَ السَّبُعِ. قَالَ الزُّهْرِيُّ: وَلَمْ اَسْمَعْ هٰذَا الْحَدِيْثَ حَتّٰى اَتَيْتُ الشَّامَ.

حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہرنو کیلے دانتوں والے درندے کا گوشت کھانے سے منع فرمایا ہے۔ زہری کہتے ہیں کہ میں نے یہ حدیث جب تک شام نہیں آیا' نہیں سنی تھی۔

146 - مُسْنَدُ اِيَاسِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

مسند حضرت ایاس بن عبداللہ رضی اللہ عنہ

916- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت ایاس بن عبداللہ بن ابی ذباب رضی اللہ عنہ

الادب المفرد' باب اذا تثاء ب فليضع يده على فيه ' صفحه 327' رقم:949

سنن ابوداؤد' باب ما جاء فى التثاوب' جلد 4' صفحه 465' رقم:5028

سنن الدارمى' باب التثاوب فى الصلاة ' جلد 1' صفحه 372' رقم:1382

مسند امام احمد' مسند ابى سعيد الخدرى' جلد 3' صفحه 96' رقم:11935

915- صحيح بخارى' باب المصافحة ' جلد 8' صفحه 59' رقم:6263

الآداب للبيهقى' باب المسلمين يلتقيان' جلد 1' صفحه 131' رقم:225

صحيح ابن حبان' باب افشاء السلام' جلد 2' صفحه 245' رقم:492

مسند ابى يعلٰى' مسند قتاده عن انس بن مالك' جلد 5' صفحه 252' رقم:2871

جامع الاصول لابن اثير' الفصل العاشر فى المصافحة ' جلد 6' صفحه 617' رقم:4875

916- سنن ابوداؤد' باب فى المصافحة ' جلد 4' صفحه 521' رقم:5215

مسند امام احمد بن حنبل' مسند انس بن مالك رضى الله عنه ' جلد 3' صفحه 251' رقم:13649

قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ عَنْ اِيَاسِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ ذُبَابٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَضْرِبُوْا اِمَاءَ اللّٰهِ. قَالَ: فَجَاءَ عُمَرُ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ ذَئِرَ النِّسَاءُ عَلٰى اَزْوَاجِهِنَّ مُنْذُ نُهِيَتْ عَنْ ضَرْبِهِنَّ، فَاَذِنَ لَهُمْ فَضَرَبُوْا فَاطَافَ بِآلِ مُحَمَّدٍ نِسَاءٌ كَثِيْرٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ اَطَافَ اللَّيْلَةَ بِآلِ مُحَمَّدٍ سَبْعُوْنَ امْرَاَةً كُلُّهُنَّ تَشْكِيْ زَوْجَهَا، وَلَا تَجِدُوْنَ اُولٰئِكَ خِيَارَكُمْ.

روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ کی لونڈیوں کو نہ مارو۔ (راوی کہتے ہیں کہ) حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے اور انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! عورتیں اپنے شوہروں پر شیر ہوگئی ہیں' اس وقت سے جب سے آپ نے انہیں مارنے سے منع فرمایا ہے' تو رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کو اس کی اجازت دے دی۔ تو لوگوں نے ان کو مارنا شروع کردیا تو آل حضرت محمد کی ازواج کے پاس' بہت سی عورتیں حاضر ہوئیں تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کل رات محمد ﷺ کے گھر والوں کے پاس ستر عورتیں آئی تھیں' ان سب نے اپنے شوہروں کی شکایت کی تو تم ان کو اپنے سے بہتر نہیں پاؤ گے۔

147 - مُسْنَدُ حَجَّاجٍ الْاَسْلَمِيِّ

مسند حجاج اسلمی رضی اللہ عنہ

917- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ الْحَجَّاجِ الْاَسْلَمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا يُذْهِبُ عَنِّيْ مَذَمَّةَ الرَّضَاعِ؟ قَالَ: الْغُرَّةُ: الْعَبْدُ اَوِ الْاَمَةُ.

حضرت حجاج اسلمی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! رضاعت کی وجہ سے جو چیز لازم ہوتی' اس سے کون سی چیز ختم ہوجاتی ہے؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: پیشانی یعنی غلام یا لونڈی۔

148 - مُسْنَدُ سَعْدِ بْنِ مُحَيِّصَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ

مسند حضرت سعد بن محیصہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

918- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت سعد بن محیصہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں

الادب المفرد للبخارى' باب المصافحة ' صفحه 336' رقم:967

مسند البزار' مسند ابى حمزة عن انس بن مالك' جلد 2' صفحه 300' رقم:6638

جامع الاصول لابن اثير' الفصل العاشر فى المصافحة ' جلد 6' صفحه 617' رقم:9876

917- جامع الاصول لابن اثير' النوع الثامن فى لعق الاصابع والصفحة ' جلد 7' صفحه 400' رقم:3461

مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الله بن عباس' جلد 1' صفحه 243' رقم:2183

918- السنن الكبرىٰ للبيهقى' باب من له ان يصلى صلاة الخوف' جلد 3' صفحه 265' رقم:6274

قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ حَرَامُ بْنُ سَعْدٍ – قَالَ سُفْيَانُ هٰذَا الَّذِي لَا شَكَّ فِيْهِ – وَاُرَاهُ قَدْ ذَكَرَ عَنْ اَبِيْهِ: اَنَّ مُحَيِّصَةَ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كَسْبِ حَجَّامٍ لَهُ فَنَهَاهُ عَنْهُ، فَلَمْ يَزَلْ يُكَلِّمُهُ حَتّٰى قَالَ لَهُ: اَعْلِفْهُ نَاضِحَكَ اَوْ اَطْعِمْهُ رَقِيْقَكَ.

کہ حضرت محیصہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ سے اپنے غلام کی آمدنی کے متعلق سوال کیا جو پچھنے لگانے کا کام کرتا تھا' تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں اس سے منع فرما دیا' وہ اس کے متعلق مسلسل رسول اللہ ﷺ سے بات کرتے رہے حتیٰ کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم اپنے اس اونٹ کو چارہ کھلا دو یا اپنے غلام کو کھانا کھلاؤ۔

149 – مُسْنَدُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ

مسند حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ

919– حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِيْ زِيَادُ بْنُ سَعْدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ اَنَّهُمَا سَمِعَا عَامِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْهِ: اَنَّهُ رَاَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو فِي الصَّلَاةِ هٰكَذَا.

وَقَبَضَ الْحُمَيْدِيُّ اَصَابِعَهُ الْاَرْبَعَةَ وَاَشَارَ بِالسَّبَّابَةِ. قَالَ اَبُوْ عَلِيٍّ يَعْنِيْ بِشْرَ بْنَ مُوْسَى: اَبُوْ بَكْرٍ الَّذِي وَصَفَ لَنَا.

قَالَ الْحُمَيْدِيُّ وَقَالَ سُفْيَانُ: وَكَانَ زِيَادُ بْنُ سَعْدٍ قَدْ حَدَّثَنِيْ بِاَرْبَعَةٍ سَمَاعَ ابْنِ الزُّبَيْرِ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَوَيْتُهُ فَنَسِيْتُهَا اِلَّا هٰذَا فَقَالَ لِيْ زِيَادٌ: اِنَّمَا هِيَ اَرْبَعَةٌ.

حضرت عامر بن عبداللہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو نماز کے دوران اس طرح نماز پڑھتے ہوئے دیکھا ہے۔

امام حمیدی نے اپنی چار انگلیاں بند کیں اور شہادت کی انگلی سے اشارہ کیا۔ ابوعلی بشر بن موسیٰ کہتے ہیں کہ امام ابوبکر حمیدی نے ہمارے سامنے ایسا کر کے دکھایا تھا۔

امام حمیدی فرماتے ہیں کہ سفیان نے یہ بیان کیا ہے کہ زیاد بن سعد نے چار روایات ایسی بیان کی ہیں جو انہوں نے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے بیان کی ہیں' البتہ میں نے ان میں سے صرف یہی روایت ذکر کی ہے'

المعجم الصغير للطبرانی' باب من اسمه حويث' جلد 1' صفحه 261' رقم:428

سنن ابن ماجه ' باب من قتل دون ماله فهو شهيد' جلد 2' صفحه 861' رقم:2580

919- مسند امام احمد بن حنبل' مسند سعيد بن زيد' جلد 1' صفحه 190' رقم:1652

مشكوة المصابيح' باب ما يضمن من الجنابات' الفصل الاوّل' جلد 2' صفحه 299' رقم:3513

مصنف ابن ابی شيبة ' باب فی ثواب العتق' جلد 3' صفحه 470' رقم:12775

باقی روایات کو میں بھول گیا ہوں۔ زیاد نے مجھ سے کہا تھا کہ وہ چار روایتیں ہیں۔

150 – مُسْنَدُ نَاجِيَةَ الْخُزَاعِيِّ

مسند حضرت ناجیہ خزاعی رضی اللہ عنہ

920– حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ نَاجِيَةَ الْخُزَاعِيِّ صَاحِبِ بُدْنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ اَصْنَعُ بِمَا عَطِبَ مِنَ الْبُدْنِ؟ قَالَ: انْحَرْهُ، ثُمَّ اغْمِسْ خُفَّهُ فِيْ دَمِهِ، ثُمَّ اضْرِبْ بِهَا صَفْحَتَهُ، ثُمَّ خَلِّ بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّاسِ.

حضرت ناجیہ خزاعی رضی اللہ عنہ جو رسول اللہ ﷺ کے قربانی کے جانوروں کے نگران تھے' وہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! جو اونٹ تھک جائے اس کے ساتھ میں کیا کروں؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم اسے ذبح کر دو! پھر تم اس کے پاؤں کو اس کے خون میں ڈبو کر اس کے پہلو پر لگاؤ' پھر اسے لوگوں کے لیے چھوڑ دو۔

151 – مُسْنَدُ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ الْمُرَادِيِّ

مسند حضرت صفوان بن عسال مرادی رضی اللہ عنہ

921– حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ اَخْبَرَنَا زِرُّ بْنُ حُبَيْشٍ قَالَ: اَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِيَّ فَقَالَ لِيْ: مَا جَاءَ بِكَ؟ قُلْتُ: ابْتِغَاءَ الْعِلْمِ. قَالَ: اِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَضَعُ اَجْنِحَتَهَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ رِضًا بِمَا يَطْلُبُ. قُلْتُ: حَكَّ فِيْ نَفْسِيْ مَسْحٌ عَلَى الْخُفَّيْنِ بَعْدَ الْغَائِطِ وَالْبَوْلِ، وَكُنْتَ امْرَاً مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلّٰى

حضرت زر بن حبیش روایت کرتے ہیں کہ میں حضرت صفوان بن عسال مرادی رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' انہوں نے مجھ سے پوچھا: تم کس لیے آئے ہو؟ تو میں نے عرض کی: علم سیکھنے کے لیے۔ انہوں نے فرمایا: طالب علم کی چاہت سے راضی ہو کر فرشتے اپنے پر اس کے لیے بچھا دیتے ہیں۔ میں نے عرض کی: پاخانے اور پیشاب کے بعد موزوں پر مسح کرنے کے بارے میں میرے ذہن

920- جامع الاصول لابن اثير' النوع الثامن فی العبد الصالح' جلد 8' صفحه 62' رقم:5902

مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی هريرة رضی الله عنه ' جلد 2' صفحه 330' رقم:8354

السنن الكبرى للبيهقی' باب فضل المملوك اذا نصح' جلد 8' صفحه 12' رقم:16227

921- مسند الرويانی' باب ما روى ابو بردة بن ابی موسى عن ابيه ' صفحه 44' رقم:460

مسند ابی يعلىٰ' حديث ابی موسى عن ابيه ' جلد 6' صفحه 375' رقم:7308

الآداب للبيهقی' باب فی المملوك اذا نصح' جلد 1' صفحه 33' رقم:60

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَيْتُكَ اَسْاَلُكَ هَلْ سَمِعْتَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ ذٰلِكَ شَيْئًا؟ فَقَالَ: نَعَمْ، كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُنَا اِذَا كُنَّا سَفَرًا اَوْ مُسَافِرِيْنَ لَا نَنْزِعُ خِفَافَنَا ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ وَلَيَالِيْهِنَّ اِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، لٰكِنْ مِنْ غَائِطٍ وَبَوْلٍ وَنَوْمٍ ۔

میں کچھ کھٹک سی ہے۔ اور آپ رسول اللہ ﷺ کے اصحاب میں سے ہیں تو میں آپ سے اس بارے میں معلومات لینے کے لیے آیا ہوں کہ آپ نے اس کے متعلق رسول اللہ ﷺ کو کچھ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے؟ تو انہوں نے کہا: ہاں! رسول اللہ ﷺ ہمیں حکم دیا کرتے کہ جب ہم سفر کر رہے ہوں' یا جب ہم مسافر ہوں تو ہم تین دن اور تین راتوں تک موزے نہ اتاریں سوائے جنابت کے' لیکن پاخانہ' پیشاب کرنے یا سونے پر۔

922- قُلْتُ: اَسَمِعْتَهُ الْيَذْكُرُ الْهَوٰى بِشَىْءٍ قَالَ: نَعَمْ بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَهُ فِىْ مَسِيْرٍ لَهُ اِذْ نَادَاهُ اَعْرَابِىٌّ بِصَوْتٍ لَهُ جَهْوَرِيٍّ: يَا مُحَمَّدُ ۔ فَاَجَابَهُ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوًا مِّنْ صَوْتِهٖ هَاؤُمْ فَقُلْنَا لَهُ: اغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ، فَاِنَّكَ نُهِيتَ عَنْ هٰذَا ۔ فَقَالَ: لَا وَاللّٰهِ لَا اَغْضُضُ مِنْ صَوْتِىْ ۔ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الْمَرْءُ يُحِبُّ الْقَوْمَ وَلَمَّا يَلْحَقْ بِهِمْ ۔ قَالَ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ ۔ قَالَ: ثُمَّ لَمْ يَزَلْ يُحَدِّثُنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى قَالَ: اِنَّ مِنْ قِبَلِ الْمَغْرِبِ بَابًا مَسِيْرَةُ عَرْضِهٖ اَرْبَعُوْنَ اَوْ سَبْعُوْنَ عَامًا فَتَحَهُ اللّٰهُ لِلتَّوْبَةِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ، وَلَا يُغْلِقُهُ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْهُ ۔

میں نے پوچھا: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ کو ھوا و ہوس کے متعلق کوئی چیز ذکر کرتے ہوئے سنا ہے؟ تو انہوں نے کہا: ہاں! ایک دفعہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سفر کر رہے تھے تو ایک دیہاتی نے آپ کو بلند آواز میں بلایا: اے حضرت محمد! رسول اللہ ﷺ نے اتنی ہی آواز میں اسے جواب دیا: میں یہاں ہوں۔ ہم نے اس دیہاتی سے کہا: تم اپنی آواز نیچی رکھو کیونکہ تمہیں اس بات سے منع کیا گیا ہے' تو وہ کہنے لگا: نہیں! اللہ کی قسم! میں اپنی آواز نیچی نہیں کروں گا' پھر اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! ایک شخص کسی قوم سے محبت رکھتا ہے لیکن ان کے ساتھ جا کر نہیں ملتا' تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: آدمی ان ہی لوگوں کے ساتھ ہوگا جن سے وہ محبت کرتا ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر رسول اللہ ﷺ ہمارے ساتھ باتیں کرتے رہے حتیٰ کہ آپ نے ارشاد فرمایا: ''مغرب کی جانب ایک دروازہ ہے جس کی چوڑائی چالیس یا ستر

922- مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی ہریرة رضی اللہ عنہ' جلد 2' صفحہ 456' رقم: 9881

سنن ترمذی' باب ما جاء فی استقراض البعیر' جلد 3' صفحہ 608' رقم: 1317

السنن الکبریٰ للبیہقی' باب الرجل یقضیه خیرا منه لا شرط طیبة به نفسه' جلد 5' صفحہ 351' رقم: 11258

سال کی مسافت جتنی ہے' اللہ تعالیٰ نے جس دن آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا' اس دن اس کو کھول دیا اور اس وقت تک بند نہیں ہوگا جب تک سورج مغرب کی طرف سے طلوع نہیں ہوگا''۔

152 - مُسْنَدُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ حَسَنَةَ

مسند حضرت عبد الرحمٰن بن حسنہ رضی اللہ عنہ

923- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ حَسَنَةَ قَالَ: بَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا وَهُوَ مُسْتَتِرٌ بِحَجَفَةٍ فَقَالُوا: يَبُوْلُ كَمَا تَبُوْلُ الْمَرْاَةُ ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ بَنِىْ اِسْرَائِيلَ كَانَ اِذَا اَصَابَ اَحَدَهُمُ الْبَوْلُ قَرَضَهُ بِالْمَقَارِيْضِ، فَنَهَاهُمْ صَاحِبُهُمْ عَنْ ذٰلِكَ فَهُوَ يُعَذَّبُ فِىْ قَبْرِهٖ ۔

حضرت عبد الرحمٰن بن حسنہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ بیٹھ کر پیشاب کر رہے تھے اور آپ نے ایک ڈھال کے ساتھ پردہ کیا ہوا تھا' کچھ لوگوں نے کہا: یہ صاحب اس طرح پیشاب کر رہے ہیں جس طرح کوئی عورت پیشاب کرتی ہے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بنی اسرائیل کا یہ حال تھا کہ جب پیشاب کے قطرے جسم پر لگتے تو وہ قینچی کے ساتھ اسے کاٹ دیتے' ان کے ایک ساتھی نے انہیں منع کیا تو اسے اس کی قبر میں عذاب دیا گیا۔

153 - مُسْنَدُ مَالِكٍ الْجُشَمِيِّ

مسند حضرت مالک بن جشمی رضی اللہ عنہ

924- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزَّعْرَاءِ: عَمْرُو بْنُ عَمْرٍو عَنْ عَمِّهٖ اَبِى الْاَحْوَصِ: عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْجُشَمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ: اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَعَّدَ فِىَّ الْبَصَرَ وَصَوَّبَهُ ثُمَّ قَالَ: اَرَبُّ اِبِلٍ اَنْتَ اَوْ

حضرت عوف بن مالک جشمی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر ہوا' رسول اللہ ﷺ نے اوپر سے نیچے تک مجھے دیکھا' پھر ارشاد فرمایا: کیا تم اونٹوں کے مالک ہو؟ کیا تم بکریوں کے مالک ہو؟ کیونکہ اونٹوں کا اور بکریوں کا مالک اپنی

923- جامع الاصول لابن اثیر' الفصل الثانی فی الساهل والسامح' جلد 1' صفحہ 436' رقم: 245

مجمع الزوائد للهیثمی' باب السماحة والسهولة وحسن المبایعة' جلد 4' صفحہ 131' رقم: 6315

924- مسند امام احمد بن حنبل' بقیة حدیث ابی مسعود' جلد 4' صفحہ 118' رقم: 7105

المعجم الکبیر للطبرانی' احادیث عقبة بن عمرو ابو مسعود' جلد 17' صفحہ 234' رقم: 14336

رَبُّ غَنَمٍ ؟ . وَكَانَ يُعْرَفُ رَبُّ الْإِبِلِ مِنْ رَبِّ الْغَنَمِ بِهَيْئَتِهِ فَقُلْتُ: مِنْ كُلٍّ قَدْ اٰتَانِي اللّٰهُ فَاَكْثَرَ وَاَيْطَبَ فَقَالَ: اَلَسْتَ تَنْتِجُهَا وَافِيَةً اَعْيُنُهَا وَآذَانُهَا فَتَجْدَعُ هٰذِهِ وَتَقُوْلُ صَرْمَاءُ، وَتَهِنُ هٰذِهِ فَتَقُوْلُ بَحِيْرَةٌ، فَسَاعِدُ اللّٰهِ اَشَدُّ وَمُوْسَاهُ اَحَدُّ، لَوْ شَاءَ اَنْ يَّاْتِيَكَ بِهَا صَرْمَاءَ فَعَلَ . قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِلٰى مَا تَدْعُوْ؟ قَالَ: لَا شَيْءَ اِلَّا اللّٰهُ وَالرَّحِمِ . قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا بُعِثْتَ بِهٖ ؟ قَالَ: اَتَتْنِيْ رِسَالَةٌ مِّنْ رَّبِّيْ فَضِقْتُ بِهَا ذَرْعًا وَخِفْتُ اَنْ يُّكَذِّبَنِيْ قَوْمِيْ، فَقِيْلَ لِيْ لَتَفْعَلَنَّ اَوْ لَنَفْعَلَنَّ كَذَا وَكَذَا . قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ يَاْتِيْنِي ابْنُ عَمِّيْ فَاَحْلِفُ اَنْ لَا اُعْطِيَهُ وَلَا اَصِلَهُ . قَالَ: كَفِّرْ عَنْ يَمِيْنِكَ . قَالَ ثُمَّ قَالَ: اَرَاَيْتَ لَوْ كَانَ لَكَ عَبْدَانِ اَحَدُهُمَا لَا يَخُوْنُكَ، وَلَا يَكْتُمُكَ حَدِيْثًا وَلَا يَكْذِبُكَ، وَالْاٰخَرُ يَكْذِبُكَ وَيَكْتُمُكَ وَيَخُوْنُكَ، اَيُّهُمَا اَحَبُّ اِلَيْكَ . قُلْتُ: الَّذِيْ لَا يَكْذِبُنِيْ، وَلَا يَخُوْنُنِيْ وَلَا يَكْتُمُنِيْ. قَالَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : فَكَذٰلِكَ اَنْتُمْ عِنْدَ رَبِّكُمْ .

خاص وضع کی وجہ سے پہچانا جاتا۔ میں نے عرض کی: مجھے اللہ تعالیٰ نے ہر چیز عطا کی ہے اور بہت زیادہ عطا کی ہے تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا اونٹنی اپنے ہاں سلامت آنکھوں اور کانوں کے ساتھ نہیں جنتی ہے؟ پھر تم کسی کا کان کاٹ دیتے ہو اور کہتے ہو: یہ صرماء ہے کوئی دوسری کمزور ہو جاتی ہے تو تم کہتے ہو: یہ بحیرہ ہے۔ تو اللہ تعالیٰ کا حکم زیادہ محکم اور اس کی تلقین طاقتور ہے۔ اگر وہ چاہتا تو اسے کان کٹا ہوا ہی پیدا کر سکتا تھا۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ کس چیز کی طرف دعوت دیتے ہیں؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور صلہ رحمی کرنی چاہیے۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ کو کون سے احکام کے ساتھ مبعوث کیا گیا ہے؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے رب کی طرف سے مجھے رسالت عطا کی گئی ہے تو مجھے اس کی وجہ سے مشکلات پیش آئیں' مجھے یہ ڈر تھا کہ کہیں میری قوم مجھے جھٹلا نہ دے' تو مجھ سے یہ کہا گیا: یا تو آپ ایسا ایسا کریں گے ورنہ پھر ہم یہ کچھ کر دیں گے۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میرا چچا زاد میرے پاس آتا ہے اور پھر میں قسم اٹھا لیتا ہوں کہ میں اسے کچھ نہیں دوں گا' اس کے ساتھ صلہ رحمی نہیں کروں گا' تو آپ نے فرمایا: تم اپنی قسم کا کفارہ دے دو۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تمہارا کیا خیال ہے کہ اگر تمہارے دو غلام ہوں' ان دونوں میں سے ایک تیرے ساتھ جھوٹ نہ بولے بات بھی نہ چھپائے اور خیانت بھی نہ کرے جبکہ دوسرا تیرے ساتھ جھوٹ بھی بولے بات بھی

المستدرك للحاكم' تفسير سورة النساء' جلد 2' صفحه 335' رقم: 3197

154 - مُسْنَدُ وَابِصَةَ بْنُ مَعْبَدٍ

925- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا حُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ قَالَ: كُنْتُ اَنَا وَزِيَادُ بْنُ اَبِي الْجَعْدِ بِالرَّقَّةِ فَاَخَذَ بِيَدِيْ زِيَادُ بْنُ اَبِي الْجَعْدِ فَاَقَامَنِيْ عَلٰى رَجُلٍ بِالرَّقَّةِ فَقَالَ: زَعَمَ هٰذَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى رَجُلًا يُصَلِّيْ خَلْفَ الصَّفِّ وَحْدَهٗ، فَاَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّعِيْدَ . وَاسْمُهٗ وَابِصَةُ بْنُ مَعْبَدٍ.

155 - مُسْنَدُ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ الْحَضْرَمِيِّ

926- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

چھپائے اور خیانت بھی کرے تو ان میں سے تمہیں کون اچھا لگے گا؟ تو اُس نے عرض کی: مجھے وہی اچھا لگے گا جو جھوٹ بھی نہ بولے اور بات نہ چھپائے اور خیانت بھی نہ کرے' تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم بھی اپنے رب کی بارگاہ میں ایسے ہی ہو۔

مسند حضرت وابصہ بن معبد رضی اللہ عنہ

حضرت ہلال بن یساف روایت کرتے ہیں کہ میں اور حضرت زیاد بن ابوجعد رقہ میں تھے۔ حضرت زیاد بن جعد نے میرا ہاتھ پکڑا اور رقہ میں موجود ایک آدمی کے پاس لا کے مجھے کھڑا کر دیا۔ انہوں نے بتایا کہ یہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو صف کے پیچھے اکیلا کھڑے ہو کر نماز پڑھتے دیکھا تو نبی اکرم ﷺ نے اسے دوبارہ نماز پڑھنے کا حکم دیا ہے۔ ان کا نام حضرت وابصہ بن معبد رضی اللہ عنہ تھا۔

مسند حضرت وائل بن حجر حضرمی رضی اللہ عنہ

حضرت وائل بن حجر حضرمی رضی اللہ عنہ روایت کرتے

925- سنن الدارمي' باب الرجحان في الوزن' جلد 2' صفحه 338' رقم: 2585

المنتقى لابن الجارود' باب في التجارات' صفحه 145' رقم: 559

الآداب للبيهقي' باب في السراويل' جلد 1' صفحه 303' رقم: 509

سنن ترمذى' باب ما جاء في الرجحان في الوزن' جلد 2' صفحه 385' رقم: 1320

926- سنن الدارمي' باب فيمن انظر معسرا' جلد 2' صفحه 339' رقم: 2588

المعجم الاوسط للطبراني' من اسمه عبدان' جلد 5' صفحه 13' رقم: 4537

السنن الكبرى للبيهقي' باب ما جاء في انظار المعسر والتجوز عن الموسر' جلد 5' صفحه 357' رقم: 11294

الاحاد والمثاني' احاديث ابو السير كعب بن مالك' جلد 3' صفحه 459' رقم: 1915

قَالَ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ كُلَيْبٍ الْجَرْمِيُّ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ سَمِعْتُ وَائِلَ بْنَ حُجْرٍ الْحَضْرَمِيَّ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ رَفَعَ يَدَيْهِ وَإِذَا رَكَعَ وَبَعْدَ مَا يَرْفَعُ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ، وَرَأَيْتُهُ إِذَا جَلَسَ فِي الصَّلَاةِ أَضْجَعَ رِجْلَهُ الْيُسْرَى، وَنَصَبَ الْيُمْنَى، وَوَضَعَ يَدَهُ الْيُسْرَى عَلَى فَخِذِهِ الْيُسْرَى وَبَسَطَهَا، وَوَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنَى عَلَى فَخِذِهِ الْيُمْنَى وَقَبَضَ ثِنْتَيْنِ، وَحَلَّقَ حَلْقَةً وَدَعَا هٰكَذَا۔

ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ جب آپ نماز شروع کرتے تو ہاتھ اُٹھاتے اور جب رکوع میں جاتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے اس وقت بھی ہاتھ اُٹھاتے۔ میں نے آپ کو دیکھا کہ جب آپ نماز کے دوران بیٹھتے تھے تو آپ اپنی بائیں ٹانگ کو بچھا لیتے تھے اور دائیں پاؤں کو کھڑا کر لیتے تھے۔ آپ اپنا بایاں ہاتھ بائیں زانو پر رکھتے تھے اور اسے کھول کے رکھتے تھے اور دایاں ہاتھ دائیں زانو پر رکھتے تھے۔ جس میں آپ دو انگلیوں کو بند کر کے ان کا حلقہ بناتے تھے اور اس طرح دعا کرتے تھے۔

وَنَصَبَ الْحُمَيْدِيُّ السَّبَّابَةَ قَالَ وَائِلٌ: ثُمَّ أَتَيْتُهُمْ فِي الشِّتَاءِ فَرَأَيْتُهُمْ يَرْفَعُونَ أَيْدِيَهُمْ فِي الْبَرَانِسِ۔

امام حمیدی نے شہادت کی انگلی کے ساتھ اشارہ کر کے یہ بتایا۔ حضرت وائل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں پھر سردی کے موسم میں وہاں آیا تو میں نے لوگوں کو دیکھا کہ وہ لوگ اپنی چادروں کے اندر ہی ہاتھ اُٹھا لیتے تھے۔

927- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنْ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ وَائِلٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ: أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِدَلْوٍ مِنْ زَمْزَمَ فَشَرِبَ ثُمَّ تَوَضَّأَ فَمَضْمَضَ، ثُمَّ مَجَّهُ فِي الدَّلْوِ مِسْكًا - أَوْ قَالَ أَطْيَبَ مِنَ الْمِسْكِ - وَاسْتَنْثَرَ خَارِجًا مِنَ الدَّلْوِ۔

حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کو زم زم کا بھرا ہوا برتن پیش کیا گیا' آپ نے اس سے پیا پھر آپ نے وضو کیا پھر کلی کی' پھر آپ نے اس کلی کو اس ڈول میں انڈیل دیا تو وہ مشک کی مثل تھا یا اس سے بھی زیادہ طیب اور آپ نے ناک کو ڈول سے باہر صاف کیا۔

927- مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الله بن عمرو' جلد 2' صفحه 202' رقم:6888
الآداب للبيهقي' باب من غدا وراح فی تعلم الكتاب والسنة' جلد 2' صفحه 32' رقم:864
سنن الدارمي' باب البلاغ عن رسول الله صلى الله عليه وسلم وتعلم السنن' جلد 1' صفحه 145' رقم:542
مسند الروياني' احاديث يعقوب بن عبد الرحمٰن' جلد 1' صفحه 165' رقم:1006

156 - مُسْنَدُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ

مسند حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ

928- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ: خَذَفَ قَرَابَةٌ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ عِنْدَهُ فَنَهَاهُ عَنْهَا وَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْهَا وَقَالَ: إِنَّهَا لَا تَصِيدُ صَيْدًا وَلَا تَنْكَأُ عَدُوًّا، وَإِنَّهَا تَفْقَأُ الْعَيْنَ وَتَكْسِرُ السِّنَّ۔ فَعَادَ فَخَذَفَ فَقَالَ لَهُ ابْنُ مُغَفَّلٍ: أُحَدِّثُكَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ نَهَى عَنْهَا وَتَعُودُ، لَا أُكَلِّمُكَ أَبَدًا۔

حضرت سعید بن جبیر روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کے کسی قریبی رشتہ دار نے ان کی موجودگی میں کسی جانور کو کنکری ماری' تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اسے ایسا کرنے سے منع کیا اور یہ بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے اس سے منع فرمایا ہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا: یہ شکار نہیں کرتی ہے' دشمن کو قتل نہیں کرتی ہے' یہ صرف آنکھ پھوڑتی ہے اور دانت توڑتی ہے۔ اس شخص نے دوبارہ یہ حرکت کی اور کنکری ماری تو حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ نے اس سے یہ کہا: میں نے تجھ سے رسول اللہ ﷺ کی حدیث بیان کی ہے کہ آپ نے ایسا کرنے سے منع کیا ہے اور تو نے دوبارہ یہ کام کیا ہے' میں تیرے ساتھ کبھی کلام نہیں کروں گا۔

157 - مُسْنَدُ عَطِيَّةَ الْقُرَظِيِّ

مسند حضرت عطیہ قرظی رضی اللہ عنہ

929- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ عَطِيَّةَ الْقُرَظِيَّ يَقُولُ: كُنْتُ يَوْمَ حُكْمِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِي

حضرت عطیہ قرظی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جس دن حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو بنوقریظہ کے لیے ثالث مقرر کیا گیا اس وقت میں بچہ تھا۔ لوگوں نے

928- صحيح مسلم' باب فضل عيادة المريض' جلد 8' صفحه 12' رقم:6717
الآداب للبيهقي' باب فضل العيادة' جلد 1' صفحه 159' رقم:270
سنن ترمذی' باب ما جاء فی عيادة المريض' جلد 3' صفحه 299' رقم:967
مسند امام احمد' ومن حديث ثوبان رضی الله عنه' جلد 5' صفحه 277' رقم:22443
مسند الشهاب' باب من عاد مريضا لم يزل فی خرفة الجنة' صفحه 242' رقم:384
929- سنن ترمذی' باب ما جاء عيادة المريض' جلد 3' صفحه 300' رقم:969
الآداب للبيهقي' باب فضل العيادة' جلد 1' صفحه 160' رقم:272
بغية الباحث عن زوائد مسند الحارث' باب فی عيادة المريض' جلد 1' صفحه 353' رقم:249
مسند البزار' مسند علي بن ابي طالب' جلد 1' صفحه 148' رقم:777

بَنِی قُرَیْظَةَ غُلَامًا، فَنَظَرُوْا اِلَی مُؤْتَزَرِی فَلَمْ یَجِدُونِی اَنْبَتُّ، فَهَا اَنَا ذَا بَیْنَ اَظْهُرِكُمْ.

میرے زیر ناف حصے کو دیکھا تو وہاں ابھی بال نہیں آئے تھے' پس اسی وجہ سے میں اب تمہارے درمیان موجود ہوں۔

930- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِی نَجِیحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ سَمِعْتُ رَجُلًا فِی مَسْجِدِ الْكُوفَةِ یَقُولُ: كُنْتُ یَوْمَ حُكْمِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِی بَنِی قُرَیْظَةَ غُلَامًا فَشَكُّوا فِیَّ، فَنَظَرُوْا اِلَیَّ فَلَمْ یَجِدُوا الْمُوسَی جَرَتْ عَلَیَّ فَاسْتُبْقِیتُ.

حضرت مجاہد روایت کرتے ہیں کہ میں نے کوفہ کی مسجد میں ایک آدمی کو یہ کہتے ہوئے سنا: جس دن حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو بنوقریظہ کے لیے ثالث مقرر کیا گیا تھا' اس دن میں بچہ تھا۔ ان لوگوں کو میرے متعلق شک ہوا تو انہوں نے میرا معائنہ کیا' پس انہوں نے میرے زیر ناف بال نہ پائے' اسی وجہ سے میں باقی رہ گیا۔

158 - مُسْنَدُ اَبِی جُحَیْفَةَ وَهْبِ السُّوَائِیِّ

مسند حضرت ابوجحیفہ وھب السوائی رضی اللہ عنہ

931- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِی خَالِدٍ قَالَ: مَشَیْتُ مَعَ اَبِی جُحَیْفَةَ اِلَی الْجُمُعَةِ فَقُلْتُ لَهُ: هَلْ رَاَیْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَكَانَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ یُشْبِهُهُ.

حضرت ابن ابوخالد روایت کرتے ہیں کہ میں حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ جمعہ کے لیے جا رہا تھا میں نے ان سے کہا: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ کی زیارت کی ہے؟ تو انہوں نے کہا: ہاں! اور حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما آپ کے ساتھ مشابہت رکھتے ہیں۔

930- صحیح بخاری' باب اذا اسلم الصبی فمات ھل یصلی علیه' جلد 2' صفحه 94' رقم:1356

صحیح ابن حبان' باب الذمی والجزیة' جلد 11' صفحه 242' رقم:4884

شعب الایمان' حدیث جریر العابد فی فضل قلب الام' جلد 6' صفحه 197' رقم:7892

سنن ابوداؤد' باب فی عیادة الذمی' جلد 3' صفحه 152' رقم:3097

مسند ابی یعلیٰ' مسند ثابت البنانی عن انس بن مالك' جلد 6' صفحه 93' رقم:3350

مسند امام احمد' مسند انس بن مالك' جلد 3' صفحه 227' رقم:13399

931- صحیح بخاری' باب رقیة النبی صلی اللّٰه علیه وسلم' جلد 7' صفحه 133' رقم:5745

صحیح مسلم' باب استحباب الرقیة من العین والنملة والحمة والنظرة' جلد 7' صفحه 17' رقم:5848

السنن الکبریٰ للنسائی' باب النفث فی الرقیة' جلد 4' صفحه 368' رقم:7550

المستدرك' کتاب الرقی والتمائم' جلد 6' صفحه 465' رقم:8266

سنن ابوداؤد' باب کیف الرقی' جلد 4' صفحه 19' رقم:3897

932- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا زَكَرِیَّا بْنُ اَبِی زَائِدَةَ وَمِسْعَرٌ عَنْ عَلِیِّ بْنِ الْاَقْمَرِ عَنْ اَبِی جُحَیْفَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا آكُلُ مُتَّكِئًا.

حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں ٹیک لگا کر نہیں کھاتا۔

933- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ سَمِعْتُ مَالِكَ بْنَ مِغْوَلٍ یَقُولُ سَمِعْتُ عَوْنَ بْنَ اَبِی جُحَیْفَةَ یُحَدِّثُ عَنْ اَبِیهِ قَالَ: خَرَجَ بِلَالٌ بِفَضْلِ وَضُوءِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَابْتَدَرَهُ النَّاسُ، فَاَصَبْتُ مِنْهُ شَیْئًا وَلَمْ اٰلُ - قَالَ - وَنَصَبَ بِلَالٌ عَنَزَةً فَصَلَّی اِلَیْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَّ الْكَلْبَ وَالْمَرْاَةَ وَالْحِمَارَ یَمُرُّونَ بَیْنَ یَدَیْهِ.

حضرت عون بن ابی جحیفہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے وضو کا بچا ہوا پانی لے کر باہر آئے۔ راوی کہتے ہیں: پس لوگ تیزی سے ان کی طرف پلٹے۔ اس میں سے کچھ پانی مجھے بھی ملا' میں نے اس میں کوئی کوتاہی نہیں کی تھی۔ راوی کہتے ہیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے نیزہ گاڑا تو رسول اللہ ﷺ نے اس کی جانب رخ کر کے نماز پڑھی حالانکہ کتے، عورتیں اور گدھے اس نیزے کے دوسری جانب گزر رہے تھے۔

932- صحیح بخاری' باب رقیة النبی صلی اللّٰه علیه وسلم' جلد 7' صفحه 132' رقم:5743

صحیح مسلم' باب استحباب رقیة المریض' جلد 7' صفحه 15' رقم:5836

سنن ابوداؤد' باب کیف الرقی' جلد 4' صفحه 17' رقم:3892

الآداب للبیهقی' باب السنة فی العیادة' جلد 1' صفحه 162' رقم:274

مسند امام احمد' حدیث السیدة عائشه رضی اللّٰه عنها' جلد 6' صفحه 44' رقم:24221

933- صحیح بخاری' باب رقیة النبی صلی اللّٰه علیه وسلم' جلد 7' صفحه 132' رقم:5742

سنن الکبریٰ للنسائی' ذکر رقیة رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم واختلاف الفاظ الناقلین' جلد 6' صفحه 253' رقم:10860

سنن ابوداؤد' باب کیف الرقی' جلد 4' صفحه 17' رقم:3892

الآداب للبیهقی' باب ما یرقی به نفسه وغیره اذا مرض' جلد 1' صفحه 419' رقم:688

مسند امام احمد' حدیث میمونة بنت الحرث' جلد 6' صفحه 332' رقم:26864

159 - مُسْنَدُ دُكَيْنُ بْنُ سَعِيْدِ الْمُزَنِيُّ

934- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ قَيْسًا يَقُوْلُ حَدَّثَنِي دُكَيْنُ بْنُ سَعِيْدِ الْمُزَنِيُّ قَالَ: اَتَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اَرْبَعِمِائَةِ رَاكِبٍ نَسْاَلُهُ الطَّعَامَ، فَقَالَ: يَا عُمَرُ اذْهَبْ فَاَطْعِمْهُمْ وَاَعْطِهِمْ. قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا عِنْدِي اِلَّا اٰصُعٌ مِّنْ تَمْرٍ مَا تُقِيْظُ عِيَالِي. فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: اسْمَعْ وَاَطِعْ. فَقَالَ عُمَرُ: سَمْعٌ وَّطَاعَةٌ. قَالَ: فَانْطَلَقَ عُمَرُ حَتّٰى اَتٰى عِلِّيَّةً لَهُ فَاَخْرَجَ مِفْتَاحًا مِّنْ حُجْزَتِهِ فَفَتَحَهَا، فَقَالَ لِلْقَوْمِ: ادْخُلُوا. فَدَخَلُوا وَكُنْتُ اٰخِرَ الْقَوْمِ دُخُوْلًا فَاَخَذْتُ ثُمَّ الْتَفَتُّ فَاِذَا مِثْلُ الْفَصِيْلِ مِنَ التَّمْرِ.

مسند حضرت دکین بن سعید مزنی رضی اللہ عنہ

حضرت دکین بن سعید مزنی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ہم چار سو سواروں کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آئے' ہم نے آپ سے کھانے کا سوال کیا تو آپ نے فرمایا: اے عمر! جاؤ انہیں کھانا کھلاؤ اور انہیں عطیات دو۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے پاس تو کھجوروں کے ہی چند صاع ہیں جو میرے گھر والوں کے لیے کفایت کریں گے۔ تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کہنے لگے: تم اطاعت وفرماں برداری کرو' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں اطاعت وفرمانبرداری ہی کرتا ہوں۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ گئے اور اپنے تہبند باندھنے کی جگہ سے چابی نکالی اور اس دروازے کو کھولا اور لوگوں سے کہا: تم اندر آؤ! میں اندر جانے والا سب سے آخری آدمی تھا۔ میں نے بھی وہاں سے خوراک لی' میں نے غور سے دیکھا تو وہاں اتنی کھجوریں تھیں جتنا بڑا اونٹنی کا وہ بچہ ہوتا ہے جس سے دودھ چھڑایا گیا ہو۔

160 - مُسْنَدُ عَدِيُّ بْنُ عَمِيْرَةَ الْكِنْدِيُّ

935- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

مسند حضرت عدی بن عمیرہ کندی رضی اللہ عنہ

حضرت عدی بن عمیرہ کندی رضی اللہ عنہ روایت

934- صحیح مسلم' باب الوصیة بالثلث' جلد 5' صفحہ 72' رقم: 4302

مسند امام احمد بن حنبل' مسند سعد بن ابی وقاص' جلد 1' صفحہ 168' رقم: 1440

مسند ابی یعلیٰ' مسند سعد بن ابی وقاص' جلد 2' صفحہ 116' رقم: 781

سنن الکبریٰ للبیهقی' باب من کره ان یموت بالارض التی هاجر منها' جلد 2' صفحہ 345' رقم: 18240

935- صحیح مسلم' باب استحباب وضع یده علی موضع الالم مع الدعا' جلد 7' صفحہ 20' رقم: 5867

قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ قَالَ سَمِعْتُ قَيْسًا يَقُوْلُ حَدَّثَنِي عَدِيُّ بْنُ عَمِيْرَةَ الْكِنْدِيُّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ مَنِ اسْتَعْمَلْنَاهُ مِنْكُمْ عَلٰى عَمَلٍ فَلْيَاْتِ بِقَلِيْلِهِ وَكَثِيْرِهِ فَمَا اُوْتِيَ مِنْهُ اَخَذَ وَمَا لَا فَلْيَدَعْ وَمَنْ كَتَمَ مِنْهُ خِيَاطًا اَوْ مِخْيَطًا فَمَا سِوَاهُ فَهُوَ غُلُوْلٌ يَاْتِي بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. فَقَامَ اِلَيْهِ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ اَسْوَدُ قَصِيْرٌ كَاَنِّي اَنْظُرُ اِلَيْهِ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اقْبَلْ مِنِّي عَمَلَكَ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَمَا ذَاكَ؟. قَالَ: الَّذِي قُلْتَ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاَنَا اَقُوْلُهُ الْاٰنَ مَنِ اسْتَعْمَلْنَاهُ مِنْكُمْ عَلٰى عَمَلٍ فَلْيَاْتِ بِقَلِيْلِهِ وَكَثِيْرِهِ، فَمَا اُوْتِيَ مِنْهُ اَخَذَ، وَمَا نُهِيَ عَنْهُ انْتَهٰى.

کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! تم میں سے جس کسی کو ہم کسی کام کے لیے عامل مقرر کریں تو وہ تھوڑی یا زیادہ جو چیز بھی ہو اسے لے کر آئے۔ جو ہم سے دھاگے یا سوئی یا اس کے علاوہ کسی چیز کو ہم سے چھپائے گا تو یہ خیانت ہوگی جسے اپنے ساتھ لے کر وہ قیامت کے دن آئے گا۔ چنانچہ ایک انصاری حبشی چھوٹے سے قد کا کھڑا ہوا وہ منظر گویا کہ آج بھی میں دیکھ رہا ہوں۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے مجھے جس کام کے لیے عامل مقرر کیا تھا میں اس سے علیحدہ ہوتا ہوں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وہ کیوں؟ اس نے عرض کی: آپ نے جو یہ فرمایا ہے اس کی وجہ سے۔ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں اب بھی یہ کہہ رہا ہوں کہ ہم تم میں سے جس کو بھی کسی کام کے لیے عامل مقرر کریں تو وہ تھوڑی یا زیادہ چیز کو لے کر آئے جو اسے دیا جائے اسے لے لے اور جس سے اسے منع کیا جائے اس سے رُک جائے۔

936- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ: اسْتَعْمَلَ رَسُوْلُ

حضرت طاؤس کے بیٹے اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عبادہ بن صامت

سنن ابن ماجه' باب ما عوذ به النبی صلی الله علیه وسلم وما عو به' جلد 2' صفحہ 1163' رقم: 3522

مؤطا امام مالک' باب الرقی' جلد 1' صفحہ 340' رقم: 877

سنن ابوداؤد' باب کیف الرقی' جلد 4' صفحہ 17' رقم: 3893

سنن الکبریٰ للنسائی' باب مسح الراقی الوجع بیده الیمنی' جلد 4' صفحہ 367' رقم: 7546

936- سنن ابوداؤد' باب الدعاء للمریض عند العیادة' جلد 3' صفحہ 155' رقم: 3108

سنن ترمذی' باب ما جاء فی التداوی بالعسل' جلد 4' صفحہ 410' رقم: 2083

المستدرک للحاکم' کتاب الجنائز' جلد 1' صفحہ 458' رقم: 1268

مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الله بن العباس' جلد 1' صفحہ 239' رقم: 2138

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ عَلَى الصَّدَقَةِ ثُمَّ قَالَ لَهُ: اتَّقِ يَا اَبَا الْوَلِيدِ اَنْ تَاْتِيَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِبَعِيرٍ تَحْمِلُهُ عَلَى رَقَبَتِكَ لَهُ رُغَاءٌ، اَوْ بَقَرَةٍ لَهَا خُوَارٌ، اَوْ شَاةٍ لَهَا ثُؤَاجٌ . فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَاِنَّ ذَا لَكَذَا. قَالَ: نَعَمْ . قَالَ عُبَادَةُ: فَوَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا اَعْمَلُ عَلَى اثْنَيْنِ اَبَدًا.

رضی اللہ عنہ کو زکوۃ وصول کرنے کے لیے عامل مقرر کیا۔ پھر آپ نے ان سے فرمایا: اے ابو ولید! اس بات سے ڈرنا کہ قیامت کے دن تم ایک اونٹ لے کر آؤ جسے تم نے اپنی گردن پر رکھا ہوا ہو اور وہ آواز نکال رہا ہو یا گردن پر گائے رکھی ہوئی ہو اور وہ آواز نکال رہی ہو' یا بکری رکھی ہوئی ہو جو ممیا رہی ہو۔ انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا اس طرح بھی ہوگا؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ معبوث فرمایا ہے! میں کبھی دو آدمیوں کے لیے بھی عامل نہیں بنوں گا۔

161 - مُسْنَدُ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ السَّوَائِي

مسند حضرت جابر بن سمرہ سوائی رضی اللہ عنہ

937- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنِ ابْنِ الْقِبْطِيَّةِ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا سَلَّمَ اَحَدُنَا رَمَى بِيَدِهِ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ هٰكَذَا: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ . فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَا بَالُكُمْ تَرْمُونَ بِاَيْدِيكُمْ كَاَنَّهَا اَذْنَابُ خَيْلٍ شُمْسٍ، اَوَلَا يَكْفِي اَحَدَكُمْ - اَوْ اِنَّمَا يَكْفِي اَحَدَكُمْ - اَنْ يَضَعَ يَدَهُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کی اقتداء میں نماز پڑھتے کہ ہم میں سے کوئی ایک جب سلام پھیرتا تو اپنے ہاتھ کے ساتھ دائیں طرف اور اپنی بائیں طرف اس طرح کہتا تھا: السلام علیکم، السلام علیکم۔ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا وجہ ہے کہ تم اپنے ہاتھ اس طرح ہلاتے ہو جس طرح یہ سرکش گھوڑوں کی دُمیں ہوتی ہیں؟ کیا تمہارے لیے یہ کافی نہیں ہے کہ وہ اپنا ہاتھ اپنے زانو پر رکھے اور پھر

937- صحیح بخاری' باب عیادة الاعراب' جلد 7' صفحہ 117' رقم: 5656
مسند الحارث' باب ما یقول اذا دخل علی المریض' صفحہ 356' رقم: 253
السنن الکبری للبیہقی' باب ما یستحب من تسلیة المریض' جلد 2' صفحہ 197' رقم: 6834
المعجم الکبیر للطبرانی' احادیث عبد اللہ بن عباس' جلد 11' صفحہ 342' رقم: 11979

عَلَى فَخِذِهِ ثُمَّ يُسَلِّمَ عَلَى اَخِيهِ مَنْ عَنْ يَمِينِهِ وَمَنْ عَنْ شِمَالِهِ: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ .

اپنے دائیں طرف موجود اپنے بھائیوں کو سلام کرے اور بائیں طرف والے اپنے بھائی کو سلام کرتے ہوئے ''السلام علیکم ورحمۃ اللہ، السلام علیکم ورحمۃ اللہ'' کہے۔

162 - مُسْنَدُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَزْهَرَ

مسند حضرت عبدالرحمٰن بن ازہر رضی اللہ عنہ

938- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَزْهَرَ قَالَ: جُرِحَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ يَوْمَ حُنَيْنٍ فَمَرَّ بِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا غُلَامٌ وَهُوَ يَقُولُ: مَنْ يَدُلُّ عَلَى رَحْلِ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ؟ . فَخَرَجْتُ اَسْعَى بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اَقُولُ: مَنْ يَدُلُّ عَلَى رَحْلِ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ؟ حَتّٰى اَتَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُسْتَنِدٌ اِلَى رَحْلٍ وَقَدْ اَصَابَتْهُ جِرَاحَةٌ، فَجَلَسَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَهُ وَدَعَا لَهُ قَالَ وَاُرَى فِيهِ: وَنَفَثَ عَلَيْهِ.

حضرت عبدالرحمٰن بن ازہر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ غزوہ حنین کے دن حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ زخمی ہو گئے' رسول اللہ ﷺ میرے پاس سے گزرے میں اس وقت بچہ تھا' آپ یہ ارشاد فرما رہے تھے: کون ہے جو خالد بن ولید کی رہائش تک مجھے لے کے جائے گا؟ تو میں رسول اللہ ﷺ کے آگے دوڑتا ہوا گیا۔ اور میں یہ کہتا جا رہا تھا: کون خالد بن ولید کی رہائش تک پہنچائے گا حتیٰ کہ رسول اللہ ﷺ ان کے پاس تشریف لائے اور وہ اس وقت پالان کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے وہ زخمی تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کے پاس بیٹھ کر ان کے لیے دعا فرمائی۔ راوی کہتے ہیں کہ میرا خیال ہے اس میں یہ الفاظ بھی ہیں: کہ آپ نے انہیں دم کیا۔

938- صحیح مسلم' باب الطب والمرض والرقی' جلد 7' صفحہ 13' رقم: 5829
مسند امام احمد' مسند ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ' جلد 3' صفحہ 28' رقم: 11241
سنن ترمذی' باب ما جاء فی التعوذ للمریض' جلد 3' صفحہ 303' رقم: 972
المعجم الاوسط للطبرانی' من اسمہ معاذ' جلد 8' صفحہ 257' رقم: 8565
سنن ابن ماجہ' باب ما عوذ بہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم وما عوذ بہ' جلد 2' صفحہ 1164' رقم: 3523

163 - مُسْنَدُ عَمْرِو بْنِ أُمَيَّةَ الضَّمْرِيِّ

939- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ بِأَحَادِيثَ فِيمَا مَسَّتِ النَّارُ، مِنْهَا مَنْ قَالَ: يَتَوَضَّأُ، وَمِنْهَا مَنْ قَالَ لَا يَتَوَضَّأُ مِنْهُ، فَاخْتَلَطَتْ عَلَيَّ فَكَانَ مِمَّنْ قَالَ: الْوُضُوءُ مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ . أَبُو سَلَمَةَ، وَعُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَأُمُّ حَبِيبَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

مسند حضرت عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ

سفیان کہتے ہیں کہ زہری نے مجھے آگ پر پکی ہوئی چیز کے متعلق روایات سنائیں' ان میں سے کچھ روایات میں انہوں نے یہ کہا کہ ان میں وضو ہے اور کچھ میں یہ کہا کہ ان میں وضو نہیں۔ تو ان کی بیان کی ہوئی روایات مجھ پر خلط ہوگئیں۔ جن روایات میں یہ ہے کہ آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے پر وضو لازم ہوتا ہے وہ روایات حضرت ابو سلمہ، حضرت عمر بن عبدالعزیز، حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہ سے از نبی اکرم ﷺ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے نبی اکرم ﷺ سے اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے نبی اکرم ﷺ سے بیان کی گئی ہیں۔

940- قَالَ سُفْيَانُ وَحَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ أَخْبَرَنِي عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنْ أَبِيهِ . وَجَعْفَرُ بْنُ عَمْرِو بْنِ أُمَيَّةَ الضَّمْرِيُّ عَنْ أَبِيهِ: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَزَّ كَتِفَ شَاةٍ فَأَكَلَ مِنْهَا، ثُمَّ قَامَ إِلَى الصَّلَاةِ فَصَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ. وَقَالَ الْآخَرُ: أَكَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَحْمًا وَصَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ.

سفیان کہتے ہیں کہ زہری نے حضرت علی بن عبداللہ بن عباس سے از والد خود ایک روایت مجھے سنائی اور حضرت جعفر بن عمرو بن امیہ ضمری از والد خود بھی مجھے حدیث سنائی کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ نے بکری کے شانے کا گوشت کاٹا اور اسے کھایا' پھر آپ نماز کے لیے تشریف لے گئے اور آپ نے نماز پڑھی اور وضو نہیں کیا۔ دوسرے راوی یہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے گوشت کھایا اور

939- سنن ترمذی' باب ما یقول العبد اذا مرض' جلد 5' صفحہ 492' رقم:3430

جامع الاحادیث للسیوطی' حرف المیم' باب استحباب سوال اہل المریض' جلد 21' صفحہ 177' رقم:23247

940- صحیح بخاری' باب مرض النبی صلی اللہ علیہ وسلم ووفاتہ' جلد 6' صفحہ 12' رقم:4447

مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد اللہ بن العباس' جلد 1' صفحہ 263' رقم:2374

السنن الکبری للبیہقی' باب الاستخلاف' جلد 8' صفحہ 149' رقم:17016

مشکوۃ المصابیح ' باب عیادۃ المریض' الفصل الثالث' جلد 1' صفحہ 355' رقم:1576

لَا أَشُكُّ أَنَّ الزُّهْرِيَّ حَدَّثَنَا عَنْهُمَا إِنَّمَا أَشُكُّ لِأَنِّي لَا أَعْرِفُ حَدِيثَ ذَا مِنْ حَدِيثِ ذَا . قَالَ سُفْيَانُ: وَكَانَ الزُّهْرِيُّ يَتَوَضَّأُ مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ .

نماز پڑھی اور آپ نے وضو نہیں کیا۔

مجھے اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ زہری نے ان دونوں کے حوالے سے روایات بیان کی ہیں۔ مجھے اس میں شک یہ ہے کہ میں نہیں جانتا کہ کون سی روایت کے الفاظ کس سے بیان کی گئی ہیں۔ سفیان کہتے ہیں: زہری آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو کرنے کے حامی تھے۔

164 - مُسْنَدُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَعْمَرَ

941- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ سَعِيدٍ الثَّوْرِيُّ – قَالَ سُفْيَانُ وَهٰذَا أَجْوَدُ شَيْءٍ وَجَدْنَاهُ عِنْدَهُ – قَالَ أَخْبَرَنِي بُكَيْرُ بْنُ عَطَاءٍ اللَّيْثِيُّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَعْمَرَ الدِّيلِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْحَجُّ عَرَفَاتٌ، مَنْ أَدْرَكَ عَرَفَةَ قَبْلَ الْفَجْرِ فَقَدْ أَدْرَكَ الْحَجَّ، أَيَّامُ مِنًى ثَلَاثَةٌ، فَمَنْ تَعَجَّلَ فِي يَوْمَيْنِ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ، وَمَنْ تَأَخَّرَ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ .

مسند حضرت عبدالرحمٰن بن یعمر دیلی رضی اللہ عنہ

حضرت عبدالرحمٰن بن یعمر دیلی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ حج وقوف عرفات کا نام ہے' جو شخص صبح صادق ہونے سے پہلے عرفہ تک پہنچ جاتا ہے وہ حج کو پالیتا ہے' منیٰ کے خاص دن تین ہیں جو شخص دو دن گزرنے کے بعد جلدی چلا جائے تو اس پر کوئی گناہ نہیں ہے اور جو شخص ٹھہرا رہے اس پر بھی کوئی گناہ نہیں ہے۔

165 - مُسْنَدُ عُرْوَةَ بْنِ مُضَرِّسٍ

942- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

مسند حضرت عروہ بن مضرس رضی اللہ عنہ

حضرت عروہ بن مضرس بن اوس بن حارثہ بن لام

941- صحیح البخاری' باب مرض النبی صلی اللہ علیہ وسلم ووفاتہ' جلد 4' صفحہ 1614' رقم:4176

صحیح مسلم' باب فی فضل عائشہ رضی اللہ عنہا' جلد 7' صفحہ 137' رقم:6446

السنن الکبریٰ للنسائی' باب ما یقول عند الموت' جلد 6' صفحہ 269' رقم:10934

سنن ترمذی' باب ما جاء فی عقد التسبیح بالید' جلد 5' صفحہ 525' رقم:3496

صحیح ابن حبان' باب وفاتہ صلی اللہ علیہ وسلم' جلد 14' صفحہ 585' رقم:6618

942- سنن ترمذی' باب ما جاء فی التشدید عند الموت' جلد 3' صفحہ 308' رقم:978

قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عُرْوَةَ بْنَ مُضَرِّسِ بْنِ اَوْسِ بْنِ حَارِثَةَ بْنِ لَامٍ الطَّائِيَّ قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمُزْدَلِفَةِ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ جِئْتُ مِنْ جَبَلَيْ طَيِّءٍ وَاللّٰهِ مَا جِئْتُ حَتّٰى اَتْعَبْتُ نَفْسِي، وَاَنْضَيْتُ رَاحِلَتِي، وَمَا تَرَكْتُ حَبْلًا اِلَّا وَقَفْتُ عَلَيْهِ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ شَهِدَ مَعَنَا هٰذِهِ الصَّلَاةَ، وَقَدْ كَانَ وَقَفَ بِعَرَفَةَ قَبْلَ ذٰلِكَ لَيْلًا اَوْ نَهَارًا فَقَدْ تَمَّ حَجُّهُ، وَقَضٰى تَفَثَهُ.

طائی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں مزدلفہ میں رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا' میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں طے کے دو پہاڑوں سے آیا ہوں' اللہ کی قسم! جب میں یہاں پہنچا ہوں تو میں اور میری سواری بہت تھک گئے ہیں' میں نے ہر ایک پہاڑ پر وقوف کیا ہے۔تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص ہمارے ساتھ اس نماز میں شریک ہوا اور روانہ ہونے سے پہلے اس نے ہمارے ساتھ وقوف کیا اور وہ اس سے پہلے عرفہ میں رات کے وقت یا دن کے وقت وقوف کر چکا تو اس کا حج مکمل ہوگیا اور اس نے اپنے ذمے چیز کو پورا کر دیا۔

943- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ اَبِي زَائِدَةَ - قَالَ وَكَانَ اَحْفَظَهُمَا لِهٰذَا الْحَدِيثِ - عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عُرْوَةَ بْنَ مُضَرِّسِ بْنِ اَوْسِ بْنِ حَارِثَةَ بْنِ لَامٍ الطَّائِيَّ يَقُولُ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمُزْدَلِفَةِ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَتَيْتُكَ السَّاعَةَ مِنْ جَبَلَيْ طَيِّءٍ قَدْ اَكْلَلْتُ رَاحِلَتِي، وَاَتْعَبْتُ نَفْسِي،

حضرت عروہ بن مضرس بن اوس بن حارثہ بن لام الطائی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں مزدلفہ میں حاضر ہوا' میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں طے کے دو پہاڑوں سے آیا ہوں' میں نے اپنی سواری کو تھکا دیا ہے اور اپنے آپ کو بھی تھکا دیا ہے' کیا میرا حج ہو گیا؟ تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے ہمارے ساتھ یہ نماز پڑھی اور ہمارے

السنن الصغریٰ' باب تلقین المریض اذا حضره الموت' جلد 1' صفحه 329' رقم:1035

المستدرك للحاكم' تفسیر سورة ق' جلد 3' صفحه 339' رقم:3731

المعجم الاوسط للطبرانی' من اسمه بكر' جلد 3' صفحه 307' رقم:3244

سنن ابن ماجه' باب ما جاء فی ذكر مرض رسول الله صلی الله علیه وسلم' جلد 1' صفحه 519' رقم:1623

943- صحیح مسلم' باب من اعترف علی نفسه بالزنا' جلد 5' صفحه 120' رقم:4529

سنن الدارقطنی' كتاب الحدود والدیات' جلد 3' صفحه 282' رقم:3285

السنن الكبریٰ للنسائی' باب الصلاة علی المرجومة' جلد 1' صفحه 636' رقم:2084

صحیح ابن حبان' كتاب الحدود' جلد 10' صفحه 250' رقم:4403

مسند امام احمد بن حنبل' حدیث عمران بن حصین رضی الله عنه' جلد 4' صفحه 435' رقم:19917

فَهَلْ لِي مِنْ حَجٍّ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ شَهِدَ مَعَنَا هٰذِهِ الصَّلَاةَ وَوَقَفَ مَعَنَا حَتّٰى يَفِيضَ، وَقَدْ كَانَ وَقَفَ قَبْلَ ذٰلِكَ بِعَرَفَةَ لَيْلًا اَوْ نَهَارًا فَقَدْ تَمَّ حَجُّهُ، وَقَضٰى تَفَثَهُ.

ساتھ وقوف کیا حتیٰ کہ وہ روانہ ہوگیا اور اس سے پہلے اس نے عرفہ میں رات یا دن وقوف کیا تو اس کا حج پورا ہوگیا اور اس نے اپنی ذمہ داری کو پورا کر دیا۔

166 - مُسْنَدُ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

مسند حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ

944- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يُخْبِرُ عَنِ ابْنِ سُرَاقَةَ اَوِ ابْنِ اَخِي سُرَاقَةَ عَنْ سُرَاقَةَ قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْجِعْرَانَةِ فَلَمْ اَدْرِ مَا اَسْاَلُهُ عَنْهُ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي اَمْلَاُ حَوْضِي، اَنْتَظِرُ ظَهْرِي يَرِدُ عَلَيَّ فَتَجِيءُ الْبَهِيمَةُ فَتَشْرَبُ، فَهَلْ لِي فِي ذٰلِكَ مِنْ اَجْرٍ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَكَ فِي كُلِّ كَبِدٍ حَرّٰى اَجْرٌ. قَالَ سُفْيَانُ: هٰذَا الَّذِي حَفِظْتُ عَنِ الزُّهْرِيِّ وَاخْتَلَطَ عَلَيَّ مِنْ اَوَّلِهِ شَيْءٌ فَاَخْبَرَنِي وَائِلُ بْنُ دَاوُدَ عَنِ الزُّهْرِيِّ بَعْضَ هٰذَا الْكَلَامِ لَا اُخَلِّصُ مَا حَفِظْتُ مِنَ الزُّهْرِيِّ وَمَا اَخْبَرَنِيهِ وَائِلٌ قَالَ سُرَاقَةُ: اَتَيْتُ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِالْجِعْرَانَةِ فَجَعَلْتُ لَا اَمُرُّ عَلٰى مِقْنَبٍ مِنْ مَقَانِبِ الْاَنْصَارِ اِلَّا قَرَعُوا رَاْسِي فَقَالُوا: اِلَيْكَ اِلَيْكَ. فَلَمَّا انْتَهَيْتُ اِلَيْهِ يَعْنِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَفَعْتُ الْكِتَابَ وَقُلْتُ اَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ. قَالَ: وَقَدْ كَانَ كَتَبَ لِي اَمَانًا فِي

حضرت سراقہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں مقام جعرانہ پر رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا مجھے سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ میں آپ سے کیا پوچھوں تو میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں اپنے حوض کو بھرتا ہوں اور پھر اپنے جانور کا انتظار کرتا ہوں کہ وہ اس حوض تک آئے اسی دوران کوئی اور جانور جاتا ہے اور وہ اس میں سے پی لیتا ہے تو کیا مجھے اس کا اجر ملے گا؟ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تمہیں ہر پیاسے جگر والے کو پانی پلانے پر اجر ملے گا۔ سفیان کہتے ہیں: روایت کے یہ الفاظ میں نے زہری سے یاد رکھے تھے لیکن اس کے ابتدائی حصے میں سے کچھ الفاظ مجھ سے خلط ہو گئے تو وائل بن داؤد نے زہری سے وہ حصہ مجھے سنایا۔ اب میں وضاحت نہیں کر سکتا کہ زہری سے مجھے کون سے الفاظ یاد تھے اور وائل نے مجھے کس چیز کے بارے میں بتایا۔ حضرت سراقہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا' آپ اس وقت مقام جعرانہ پر تھے۔ میں انصار کے جس بھی دستے کے پاس سے گزرا تو انہوں نے

944- مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الله بن مسعود' جلد 1' صفحه 445' رقم:4346

مسند ابو یعلیٰ' مسند عبد الله بن مسعود' جلد 2' صفحه 413' رقم:5164

سنن الكبریٰ للبیهقی' باب ما ینبغی لكل مسلم ان یستشعره من الصبر' جلد 3' صفحه 372' رقم:6323

رُقْعَةٍ - يَعْنِي لَمَّا هَاجَرَ قَالَ - فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : نِعْمَ الْيَوْمُ يَوْمُ وَفَاءٍ وَبِرٍّ وَصِدْقٍ .

میرے سر پر مارتے ہوئے کہا: چلے جاؤ! چلے جاؤ! پس جب میں رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو میں نے وہ خط بلند کیا۔ میں نے عرض کی: میں ہوں' یا رسول اللہ! راوی کہتے ہیں کہ آپ اس سے پہلے ایک تحریر میں مجھے امان دے چکے تھے تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: سب سے بہترین دن وہ ہوتا ہے جس دن وعدہ پورا کیا جائے اور سچ کہا جائے۔

167 - مُسْنَدُ ابْنِ بُحَيْنَةَ

مسند حضرت ابو بحینہ رضی اللہ عنہ

945- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ سَمِعْتُ الْأَعْرَجَ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ بُحَيْنَةَ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةً أَظُنُّ أَنَّهَا الْعَصْرُ، فَقَامَ فِي الثَّانِيَةِ وَلَمْ يَجْلِسْ، فَلَمَّا كَانَ فِي آخِرِ صَلَاتِهِ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ مِنْ قَبْلِ أَنْ يُسَلِّمَ.

حضرت ابن بحینہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں نماز پڑھائی' میرے خیال میں وہ عصر کی نماز تھی تو آپ دو رکعات ادا کرنے کے بعد کھڑے ہوگئے اور آپ بیٹھے نہیں تو نماز کے آخر میں آپ نے سلام پھیرنے سے پہلے دو دفعہ سجدہ سہو کرلیا۔

946- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنِ ابْنِ

حضرت ابن بحینہ رضی اللہ عنہ از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت کرتے ہیں' لیکن اس میں یہ الفاظ ہیں:

945- صحیح بخاری' باب قول المریض انی وجع او وارأساه او اشتد بی الوجع' جلد 7' صفحہ 120' رقم:3668

صحیح مسلم' باب الوصیة بالثلث' جلد 5' صفحہ 71' رقم:4296

السنن الکبریٰ للبیهقی' باب المریض یقول وا راساہ ' جلد 3' صفحہ 378' رقم:6808

مؤطا امام مالک' باب الوصیة فی الثلث لا تتعدی' جلد 2' صفحہ 163' رقم:1456

سنن الدارمی' باب الوصیة بالثلث' جلد 2' صفحہ 499' رقم:3196

946- صحیح بخاری' باب الاستخلاف' جلد 9' صفحہ 80' رقم:7217

السنن الکبریٰ للبیهقی' باب المریض یقول وا راساہ ' جلد 3' صفحہ 378' رقم:6807

السنن الکبریٰ للنسائی' باب بدء علته النبی صلی اللہ علیه وسلم' جلد 4' صفحہ 252' رقم:7080

المعجم الاوسط للطبرانی' من اسمه عبدان' جلد 5' صفحہ 23' رقم:4567

مسند امام احمد' حدیث السیدة عائشه رضی اللہ عنها' جلد 6' صفحہ 228' رقم:25950

بُحَيْنَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ: فَقَامَ فِي الَّتِي يُسْتَرَاحُ فِيهَا. وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ: عَبْدُ اللهِ ابْنُ بُحَيْنَةَ، وَرُبَّمَا قَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مَالِكِ ابْنُ بُحَيْنَةَ.

پس آپ اس رکعت کے بعد کھڑے ہوگئے جس میں بیٹھنا تھا۔ سفیان بعض دفعہ عبداللہ بن بحینہ کہتے ہیں کہ اور بعض دفعہ عبداللہ بن مالک بن بحینہ کہتے ہیں۔

168 - مُسْنَدُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

مسند حضرت عثمان بن ابو العاص رضی اللہ عنہ

947- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ سَمِعَهُ مِنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ سَمِعَهُ مِنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الشِّخِّيرِ قَالَ سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ الثَّقَفِيَّ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أُمَّ قَوْمَكَ وَاقْدُرْهُمْ بِأَضْعَفِهِمْ، فَإِنَّ مِنْهُمُ الْكَبِيرَ وَالضَّعِيفَ وَذَا الْحَاجَةِ .

حضرت عثمان بن ابو العاص ثقفی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم اپنی قوم کی امامت کرو اور ان میں سب سے کمزور آدمی کا لحاظ رکھنا کیونکہ لوگوں میں بڑی عمر والے، کمزور اور کام کاج والے بھی ہوتے ہیں۔

948- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي الْفُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ أَشْعَثَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى

حضرت عثمان بن ابو العاص رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: تم ایسے شخص کو مؤذن بنانا جو اذان دینے کی اُجرت نہ لے۔

947- سنن ابو داؤد' باب فی التلقین' جلد 3' صفحہ 159' رقم:3118

المستدرک للحاکم' کتاب الجنائز' جلد 1' صفحہ 469' رقم:1299

المعجم الکبیر للطبرانی' من اسمه معاذ بن جبل الانصاری' جلد 20' صفحہ 112' رقم:16978

مسند امام احمد بن حنبل' حدیث معاذ بن جبل رضی اللہ عنه' جلد 5' صفحہ 247' رقم:22180

مجمع الزوائد' باب تلقین المیت لا اله الا اللہ ' جلد 3' صفحہ 64' رقم:3912

948- صحیح مسلم' باب تلقین الموتی لا اله الا اللہ ' جلد 3' صفحہ 37' رقم:2162

الآداب للبیهقی' باب السنة فی العیادة ' جلد 1' صفحہ 162' رقم:274

المعجم الصغیر للطبرانی' من اسمه وصیف' جلد 2' صفحہ 254' رقم:1119

المنتقی لابن الجارود' کتاب الجنائز' صفحہ 136' رقم:513

سنن ابن ماجه ' باب ما جاء فی تلقین المیت لا اله الا اللہ ' جلد 1' صفحہ 464' رقم:1444

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : وَاتَّخِذْ مُؤَذِّنًا لَا يَأْخُذُ عَلٰى اَذَانِهٖ اَجْرًا .

169 - مُسْنَدُ بُرَيْدَةَ الْاَسْلَمِيِّ

مسند حضرت بریدہ اسلمی رضی اللہ عنہ

949- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا قَعْنَبٌ التَّمِيمِيُّ - وَكَانَ ثِقَةً خِيَارًا - عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : حُرْمَةُ نِسَاءِ الْمُجَاهِدِيْنَ عَلَى الْقَاعِدِيْنَ فِي الْحُرْمَةِ كَاُمَّهَاتِهِمْ، وَمَا مِنْ رَجُلٍ مِنَ الْقَاعِدِيْنَ يَخْلُفُ رَجُلًا مِّنَ الْمُجَاهِدِيْنَ فِيْ اَهْلِهٖ اِلَّا نُصِبَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيُقَالُ لَهٗ: يَا فُلَانُ هٰذَا فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ خَانَكَ فَخُذْ مِنْ حَسَنَاتِهٖ مَا شِئْتَ . ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: فَمَا ظَنُّكُمْ؟ .

حضرت سلیمان بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مجاہدین کی بیویاں پیچھے رہ جانے والوں کے لیے ان کی ماؤں کی طرح قابل احترام ہیں اور پیچھے رہ جانے والوں میں سے جو آدمی کسی مجاہد کی بیوی سے خیانت کا ارتکاب کرے گا تو قیامت کے دن اسے اس مجاہد کے سامنے کھڑا کر دیا جائے گا اور اس مجاہد سے کہا جائے گا: اے فلاں! اس فلاں بن فلاں نے تمہارے ساتھ خیانت کی تھی تو تم اس کی نیکیوں میں سے جس قدر چاہو لے لو۔ پھر رسول اللہ ﷺ ہماری طرف متوجہ ہوئے اور آپ نے فرمایا: تمہارا کیا خیال ہے؟

170 - مُسْنَدُ اَبِيْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ

مسند حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ

950- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ غَالِبٍ صَاحِبُ الْمِحْجَنِ قَالَ: رَاَيْتُ

حضرت ابو غالب روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ انہوں نے دمشق

949- صحیح مسلم، باب فی اغماض المیت والدعاء له اذا حضر، جلد 3، صفحه 38، رقم: 2169

السنن الصغری، باب اغماض عینیه وتسبیحه بثوب، جلد 1، صفحه 330، رقم: 1036

سنن ابوداؤد، باب تغمیض المیت، جلد 3، صفحه 159، رقم: 3120

مسند امام احمد بن حنبل، حدیث اُم سلمة زوج النبی صلی الله علیه وسلم، جلد 6، صفحه 297، رقم: 26585

950- صحیح مسلم، باب ما یقال عند المریض والمیت، جلد 3، صفحه 38، رقم: 2168

سنن ابن ماجه، باب ما جاء فیما یقال عند المریض اذا حضر، جلد 1، صفحه 465، رقم: 1447

سنن ترمذی، باب ما جاء فی تلقین المریض عند الموت والدعاء له عنده، جلد 3، صفحه 307، رقم: 977

سنن الکبریٰ للنسائی، باب کثرة ذکر الموت، جلد 4، صفحه 4، رقم: 1825

مسند امام احمد، حدیث اُم سلمة زوج النبی صلی الله علیه وسلم، جلد 6، صفحه 306، رقم: 26650

اَبَا اُمَامَةَ الْبَاهِلِيَّ اَبْصَرَ رُءُوْسَ خَوَارِجَ عَلٰى دَرَجِ دِمَشْقَ فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: كِلَابُ اَهْلِ النَّارِ، كِلَابُ اَهْلِ النَّارِ، كِلَابُ اَهْلِ النَّارِ . ثُمَّ بَكٰى ثُمَّ قَالَ: شَرُّ قَتْلٰى تَحْتَ اَدِيْمِ السَّمَاءِ وَخَيْرُ قَتْلٰى مَنْ قَتَلُوْا . قَالَ اَبُوْ غَالِبٍ: اَنْتَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ اِنِّيْ اِذًا لَجَرِيْءٌ سَمِعْتُهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَ مَرَّةٍ وَلَا مَرَّتَيْنِ وَلَا ثَلَاثٍ.

کے دروازے پر خارجیوں کے سر دیکھے تو فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ''یہ اہل جہنم کے کتے ہیں' یہ اہل جہنم کے کتے ہیں' یہ اہل جہنم کے کتے ہیں۔'' پھر آپ رو پڑے پھر فرمایا: ''یہ آسمان کے نیچے قتل ہونے والے بدترین لوگ ہیں۔'' اور سب سے بہتر وہ لوگ ہوں گے جو ان کے ساتھ لڑیں گے۔ ابوغالب کہتے ہیں: کیا آپ نے خود رسول اللہ ﷺ سے یہ بات سنی ہے؟ تو انہوں نے کہا: ہاں! تو پھر تو میں بڑی جرأت کا مظاہرہ کروں گا۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کی زبانی ایک نہیں دو نہیں' تین مرتبہ نہیں' یہ بات سنی ہے۔

951- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُطَّرِحٌ اَبُو الْمُهَلَّبِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ عَنِ الْقَاسِمِ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَغْبَطُ اَوْلِيَائِيْ عِنْدِيْ مَنْزِلَةً رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ خَفِيْفُ الْحَاذِ ذُوْ حَظٍّ مِنْ صَلَاةٍ وَاِنْ كَانَ غَامِضًا فِي النَّاسِ فَعُجِّلَتْ مَنِيَّتُهٗ وَقَلَّتْ بَوَاكِيْهِ وَقَلَّ تُرَاثُهٗ .

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''میرے ساتھیوں میں قدر و منزلت کے لحاظ سے میرے نزدیک سب سے زیادہ قابل رشک وہ مومن ہے جس کی پیٹھ کا بوجھ کم ہو۔ جو کثرت سے نوافل پڑھتا ہو اگرچہ وہ لوگوں میں مشہور نہ ہو اور جب اسے موت آئے تو اس کو رونے والے تھوڑے ہوں اور اس کی وراثت کا مال بھی تھوڑا ہو۔''

952- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُطَّرِحٌ اَبُو الْمُهَلَّبِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: گانے والی عورت کی کمائی

951- صحیح مسلم، باب ما یقال عند المصیبة، جلد 3، صفحه 37، رقم: 2166

مسند امام احمد، حدیث اُم سلمة زوج النبی صلی الله علیه وسلم، جلد 6، صفحه 309، رقم: 26677

شعب الایمان، السبعون من شعب الایمان وهو باب فی الصبر علی المصائب، جلد 7، صفحه 118، رقم: 9697

952- سنن ترمذی، باب فضل المصیبة اذا احتسب، جلد 3، صفحه 341، رقم: 1021

جامع الاصول لابن اثیر، الکتاب الثالث وهو کتاب الصبر، جلد 6، صفحه 432، رقم: 4624

صحیح ابن حبان، باب ما جاء فی الصبر، جلد 7، صفحه 210، رقم: 2948

الآداب للبیهقی، باب الصبر والاسترجاع مع الرخصة فی البکاء، جلد 1، صفحه 460، رقم: 756

زَحْرٍ عَنِ الْقَاسِمِ اَبِی عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِی اُمَامَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَحِلُّ ثَمَنُ الْمُغَنِّيَةِ وَلَا بَيْعُهَا وَلَا شِرَاؤُهَا، وَلَا الْاِسْتِمَاعُ اِلَيْهَا.

حلال نہیں ہے اسے بیچنا اور خریدنا بھی حلال نہیں ہے اور نہ ہی اسے سننا جائز ہے۔

171 - مُسْنَدُ بِلَالِ بْنِ حَارِثٍ الْمُزَنِيِّ

مسند حضرت بلال بن حارث مزنی رضی اللہ عنہ

953- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ اللَّيْثِيُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ الْمُزَنِيِّ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ مَا يَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَا تَبْلُغُ فَيَكْتُبُ اللّٰهُ بِهَا سَخَطَهُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ مَا يَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ فَيَكْتُبُ اللّٰهُ لَهُ بِهَا رِضَاهُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ.

حضرت بلال بن حارث مزنی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ انہیں نبی اکرم ﷺ کے اس فرمان کا پتہ چلا: ''آدمی اللہ تعالیٰ کی ناراضگی والی کوئی بات کہہ بیٹھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کلمے کی وجہ سے قیامت کے دن تک کے لیے اس کے لیے ناراضگی لکھ دیتا ہے اور کوئی شخص اللہ تعالیٰ کی خوشنودی والی کوئی بات کہتا ہے اور اسے یہ گمان نہیں ہوتا تو اللہ تعالیٰ اس بات کی وجہ سے قیامت کے دن تک کے لیے اس شخص کے لیے رضا مندی لکھ دیتا ہے۔''

قَالَ الْحُمَيْدِيُّ: هٰذَا مَا عِنْدِي يَبْلُغُ بِهِ كَمَا كَانَ يَقُوْلُهُ اَوَّلُ.

امام حمیدی روایت کرتے ہیں کہ میرے نزدیک یہ روایت ان تک پہنچی ہے جیسا کہ انہوں نے پہلے یہ بیان کی ہے۔

172 - مُسْنَدُ اِيَاسِ بْنِ عَبْدٍ الْمُزَنِيِّ

مسند حضرت ایاس بن عبد مزنی رضی اللہ عنہ

954- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت ایاس بن عبد مزنی رضی اللہ عنہ سے یہ

953- مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی ہریرة ' جلد 2' صفحہ 417' رقم:9382

اطراف المسند المعتلی' من اسمہ سعید بن ابی سعید کیسان' جلد 7' صفحہ 247' رقم:9413

954- صحیح بخاری' باب قول اللہ تبارک وتعالیٰ "قل ادعوا اللہ او ادعوا الرحمٰن" جلد 9' صفحہ 115' رقم:7377

قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ اَخْبَرَنِي اَبُو الْمِنْهَالِ قَالَ: سَمِعْتُ اِيَاسَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيَّ وَرَاٰى نَاسًا يَبِيْعُوْنَ الْمَاءَ فَقَالَ: لَا تَبِيْعُوا الْمَاءَ فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى عَنْ بَيْعِ الْمَاءِ. قَالَ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ: وَلَا اَدْرِي اَيَّ مَاءٍ هُوَ؟ قَالَ سُفْيَانُ: هُوَ عِنْدَنَا اَنْ يُبَاعَ فِي مَوْضِعِهِ الَّذِي اَخْرَجَهُ اللّٰهُ فِيْهِ، وَقَدْ رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ نَهٰى عَنْ بَيْعِ نَقْعِ الْبِئْرِ.

روایت بیان کی گئی ہے کہ انہوں نے کچھ لوگوں کو پانی بیچتے ہوئے دیکھا تو فرمایا کہ پانی نہ بیچو کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو پانی بیچنے سے منع فرماتے ہوئے سنا ہے۔ عمرو بن دینار کہتے ہیں: مجھے نہیں معلوم کہ اس سے مراد کون سا پانی ہے؟ سفیان کہتے ہیں کہ ہمارے نزدیک اس سے مراد وہ پانی ہے جسے اسی جگہ بیچا جائے جہاں سے اللہ تعالیٰ نے اسے نکالا ہے۔ اور نبی اکرم ﷺ سے یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ آپ نے فالتو پانی کو بیچنے سے منع فرمایا ہے۔

173 - مُسْنَدُ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ الطَّائِيِّ

مسند حضرت عدی بن حاتم طائی رضی اللہ عنہ

955- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ اَبِي زَائِدَةَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ: سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَيْدِ الْمِعْرَاضِ فَقَالَ: لَا تَاْكُلْ اِلَّا مَا ذَكَّيْتَ.

حضرت عدی بن حاتم طائی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے لاٹھی کے ساتھ شکار کرنے کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: تم اسے نہ کھاؤ صرف وہی کھاؤ جسے تم نے ذبح کیا ہو۔

956- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں

صحیح مسلم' باب البکاء علی المیت' جلد 3' صفحہ 39' رقم:2174

مسند امام احمد بن حنبل' حدیث اسامة بن زید' جلد 5' صفحہ 205' رقم:21837

مصنف عبد الرزاق' باب الصبر والبکاء' جلد 3' صفحہ 551' رقم:6670

صحیح ابن حبان' باب الرحمة ' جلد 2' صفحہ 208' رقم:461

955- صحیح بخاری' باب البکاء عند المریض' جلد 2' صفحہ 84' رقم:1304

صحیح مسلم' باب البکاء علی المیت' جلد 3' صفحہ 40' رقم:2176

السنن الصغری للبیہقی' باب البکاء علی المیت' جلد 1' صفحہ 356' رقم:1169

956- مسند امام احمد بن حنبل' حدیث اسامة بن زید عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم' جلد 5' صفحہ

قَالَ حَدَّثَنَا مُجَالِدٌ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَيْدِ الْمِعْرَاضِ فَقَالَ: مَا أَصَابَ بِحَدِّهِ فَكُلْ، وَمَا أَصَابَ بِعَرْضِهِ فَلَا تَأْكُلْ فَإِنَّهُ وَقِيذٌ ۔

کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے لاٹھی کے ساتھ شکار کرنے کے متعلق پوچھا تو آپ نے ارشاد فرمایا: جو شکار اس کی دھار کے ساتھ ہوا سے کھا لو اور جو چوڑائی والی جانب سے ہوا سے نہ کھاؤ کیونکہ وہ چوٹ کھا کر مرا ہوا جانور ہوگا۔

957- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْمُجَالِدُ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : كَيْفَ بِكَ إِذَا أَقْبَلَتِ الظَّعِينَةُ مِنْ أَقْصَى الْيَمَنِ إِلَى قُصُورِ الْحِيرَةِ لَا تَخَافُ إِلَّا اللّٰهَ ۔ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَكَيْفَ بِطَيِّءٍ مَقَانِبِهَا وَرِجَالِهَا ؟ قَالَ: يَكْفِيهَا اللّٰهُ طَيِّئًا وَمَنْ سِوَاهَا ۔ قَالَ مُجَالِدٌ: فَلَقَدْ كَانَتِ الظَّعِينَةُ تَخْرُجُ مِنْ حَضْرَمَوْتَ حَتّٰى تَأْتِيَ الْحِيرَةَ ۔

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب ایک عورت یمن کے دور دراز کے علاقے سے چل کر حیرہ (یمن کا ایک مشہور مقام) کے محلات تک آئے گی اور اسے صرف اللہ تعالیٰ کا ہی خوف ہوگا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس وقت طے قبیلے کے ڈاکوؤں اور دوسرے لوگوں کا کیا بنے گا؟ تو آپ نے فرمایا: اس عورت کے لیے اللہ تعالیٰ قبیلۂ طے اور باقی سب ہی لوگوں کی طرف سے کافی ہوگا۔ مجاہد کہتے ہیں کہ عورت حضرموت سے چلتی تھی اور حیرہ تک آتی تھی۔

958- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُجَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ:

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے روزے کے متعلق پوچھا

957- صحیح بخاری' باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم انا بك المحزونون' جلد 2' صفحہ 83' رقم:1303
صحیح مسلم' باب رحمته صلی اللہ علیہ وسلم الصبیان والعیال وتواضعه وفضل ذلك' جلد 7' صفحہ 76' رقم:6167
شعب الایمان' فصل ومما یلحق بالصبر عند المصائب' جلد 7' صفحہ 241' رقم:10162
سنن ابوداؤد' باب فی البکاء علی المیت' جلد 3' صفحہ 162' رقم:3128
صحیح ابن حبان' باب ما جاء فی الصبر' جلد 7' صفحہ 162' رقم:2902
مسند امام احمد' مسند انس بن مالک رضی اللہ عنہ' جلد 3' صفحہ 194' رقم:13037
958- المستدرك للحاکم' کتاب الجنائز' جلد 1' صفحہ 472' رقم:1307
معرفة الصحابة لابی نعیم' من اسمه ابو رافع مولی النبی صلی اللہ علیہ وسلم' جلد 4' صفحہ 189' رقم:6172
الآداب للبیهقی' باب اتباع الجنائز' جلد 1' صفحہ 163' رقم:276

سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّوْمِ فَقَالَ: حَتّٰى يَتَبَيَّنَ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ ۔ فَقَالَ عَدِيٌّ: فَأَخَذْتُ عِقَالَيْنِ أَحَدُهُمَا أَبْيَضُ وَالْآخَرُ أَسْوَدُ، فَجَعَلْتُ أَنْظُرُ إِلَيْهِمَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا ۔ قَالَ سُفْيَانُ: شَيْئًا لَمْ أَحْفَظْهُ وَقَالَ: إِنَّمَا هُوَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ ۔ فَقِيلَ لِسُفْيَانَ: سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ مُجَالِدٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَكَانَ يُحْسِنُهُ وَلٰكِنِّي لَمْ أَحْفَظْهُ كُلَّهُ ۔

تو آپ نے فرمایا: ''جب تک سفید دھاگہ سیاہ دھاگے سے ممتاز نہیں ہو جاتا۔'' حضرت عدی کہتے ہیں کہ میں نے دو دھاگے لیے ان میں سے ایک سفید تھا اور دوسرا سیاہ تھا تو میں ان دونوں کو دیکھتا رہا' تو رسول اللہ ﷺ نے کچھ فرمایا۔ سفیان کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے الفاظ تو مجھے یاد نہیں ہیں لیکن اس سے مراد رات اور دن تھا۔ سفیان سے پوچھا گیا: کیا آپ نے مجاہد سے یہ بات سنی ہے؟ تو انہوں نے کہا: ہاں! انہوں نے اسے بڑے اچھے طریقے سے بیان کیا تھا لیکن مجھے روایت کے مکمل الفاظ یاد نہیں رہے۔

959- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُجَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَيْدِ الْكَلْبِ الْمُعَلَّمِ فَقَالَ: إِذَا أَرْسَلْتَ كَلْبَكَ الْمُعَلَّمَ وَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ فَكُلْ مِمَّا أَمْسَكَ عَلَيْكَ، فَإِنْ أَكَلَ فَلَا تَأْكُلْ فَإِنَّمَا أَمْسَكَ عَلٰى نَفْسِهِ ۔ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ إِنْ خَالَطَتْ كِلَابَنَا كِلَابٌ أُخْرٰى؟ فَقَالَ: إِنَّمَا ذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ عَلٰى كَلْبِكَ ۔

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سدھائے ہوئے کتے کے شکار کے متعلق سوال کیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: جب تم اپنے سدھائے ہوئے کتے کو چھوڑتے ہوئے اس پر اللہ کا نام لے لو تو وہ جو شکار تمہارے لیے کرے تم اسے کھا لو۔ اور اگر وہ خود کھا لے تو تم اسے نہ کھاؤ کیونکہ یہ اس نے اپنے لیے کیا ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کا کیا حکم ہے کہ اگر ہمارے کتوں کے ساتھ دوسرے کتے بھی آ کر مل جائیں؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم نے تو اپنے کتے پر اللہ کا نام لیا تھا۔

959- صحیح بخاری' باب من انتظر حتی تدفن' جلد 2' صفحہ 88' رقم:1325
صحیح مسلم' باب فضل الصلاة علی الجنازة واتباعها' جلد 3' صفحہ 51' رقم:2232
السنن الصغری للبیهقی' باب فضل الصلاة علی الجنازة' جلد 1' صفحہ 351' رقم:1156
السنن الکبری للنسائی' باب ثواب من صلی علی جنازة' جلد 1' صفحہ 645' رقم:2121
مسند امام احمد' مسند ابی هریرة رضی اللہ عنہ' جلد 2' صفحہ 233' رقم:7188

174 - مُسْنَدُ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ

مسند حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ

960- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ فَرْوَةَ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيْرٍ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: حَلَالٌ بَيِّنٌ، وَحَرَامٌ بَيِّنٌ، وَشُبُهَاتٌ بَيْنَ ذٰلِكَ، فَمَنْ تَرَكَ مَا اشْتَبَهَ عَلَيْهِ مِنَ الْاِثْمِ كَانَ لِمَا اسْتَبَانَ لَهُ اَتْرَكَ، وَمَنِ اجْتَرَاَ عَلٰى مَا شَكَّ فِيْهِ اَوْشَكَ اَنْ يُّوَاقِعَ الْحَرَامَ، وَاِنَّ لِكُلِّ مَلِكٍ حِمًى وَحِمَى اللّٰهِ فِي الْاَرْضِ مَعَاصِيْهِ.

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ نے منبر پر یہ فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: ''حلال واضح ہے اور حرام بھی واضح ہے اور ان کے درمیان کچھ مشتبہ چیزیں ہیں تو جو آدمی ایسی چیز کو چھوڑ دے جس کے گناہ ہونے کا شائبہ ہو تو وہ اس چیز کو بدرجہ اولیٰ ترک کرے گا جو واضح طور پر گناہ ہے اور جو شخص مشکوک چیز کے متعلق جرأت کرے تو اس بات کا امکان ہے کہ وہ آگے چل کر حرام میں مبتلا ہو جائے۔ ہر بادشاہ کی چراگاہ ہوتی ہے اور زمین میں اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ چراگاہ وہ ہیں جنہیں اس نے گناہ قرار دیا ہے۔''

961- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُجَالِدٌ قَالَ سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيْرٍ يَقُوْلُ عَلَى الْمِنْبَرِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الشَّعْبِيُّ: وَكُنْتُ اِذَا سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيْرٍ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ظَنَنْتُ اَنِّيْ لَا اَسْمَعُ اَحَدًا بَعْدَهُ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ نے منبر پر یہ بات بیان کی کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ''اہل ایمان کے آپس کے تعلقات ان کی ایک دوسرے سے محبت اور ایک دوسرے پر رحم کرنے کی مثال اس انسان کی طرح ہے جس کے اعضاء میں سے کوئی ایک عضو بیمار ہو جائے تو پورا جسم بخار اور بے خوابی کا شکار ہو جاتا ہے۔''

960- صحیح بخاری، باب اتباع الجنائز من الایمان، جلد 1، صفحہ 18، رقم: 47
مسند امام احمد بن حنبل، مسند ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ، جلد 2، صفحہ 430، رقم: 9546
961- صحیح بخاری، باب اتباع النساء الجنائز، جلد 2، صفحہ 87، رقم: 1278
صحیح مسلم، باب نہی النساء عن اتباع الجنائز، جلد 3، صفحہ 47، رقم: 2210
السنن الکبریٰ للبیہقی، باب ما ورد فی نہی النساء عن اتباع الجنائز، جلد 4، صفحہ 77، رقم: 7451
المعجم الاوسط، من اسمہ جعفر، جلد 3، صفحہ 341، رقم: 3341
سنن ابن ماجہ، باب ما جاء فی اتباع النساء الجنائز، جلد 1، صفحہ 502، رقم: 1577

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَثَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ تَبَاذُلِهِمْ وَتَوَادِّهِمْ وَتَرَاحُمِهِمْ كَمَثَلِ الْاِنْسَانِ اِذَا اشْتَكٰى عُضْوًا مِّنْ اَعْضَائِهِ، تَدَاعٰى لَهُ سَائِرُ الْجَسَدِ بِالْحُمّٰى وَالسَّهَرِ.

962- قَالَ وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: فِي الْاِنْسَانِ مُضْغَةٌ اِذَا هِيَ صَلَحَتْ وَسَلِمَتْ سَلِمَ لَهَا سَائِرُ الْجَسَدِ وَصَحَّ، وَاِذَا هِيَ سَقِمَتْ سَقِمَ لَهَا سَائِرُ الْجَسَدِ وَفَسَدَ وَهِيَ الْقَلْبُ.

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ''انسان کے جسم میں گوشت کا ایک لوتھڑا ہے اگر وہ صحیح و سالم رہے تو سارا جسم صحیح و سالم رہتا ہے۔ اگر وہ بیمار ہو جائے تو سارا جسم بیمار ہو جاتا ہے اور خراب ہو جاتا ہے۔ وہ دل ہے۔''

963- وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَثَلُ الْمُدْهِنِ فِيْ حُقُوْقِ اللّٰهِ، وَالْوَاقِعِ فِيْهَا، وَالْقَائِمِ عَلَيْهَا كَمَثَلِ ثَلَاثَةٍ رَكِبُوْا سَفِيْنَةً وَاسْتَهَمُوْا مَنَازِلَهَا، فَكَانَ لِاَحَدِهِمْ اَسْفَلُهَا وَاَوْعَرُهَا وَشَرُّهَا، فَكَانَ مُخْتَلَفُهُ وَمُهْرَاقُ مَائِهِ عَلَيْهِمْ، فَبَيْنَا هُمْ فِيْهَا لَمْ يَفْجَاهُمْ بِهِ اِلَّا وَقَدْ اَخَذَ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ تعالیٰ کی حدود پر قائم رہنے والے اور حدود میں واقع ہونے والے (یعنی معروف کا تارک اور منکر کا مرتکب) کی مثال ان لوگوں جیسی ہے جنہوں نے کشتی میں قرعہ اندازی کی اور بعض نے ان میں سے اوپر والا حصہ اور

962- صحیح مسلم، باب من صلی علیہ مائۃ شفعوا فیہ، جلد 3، صفحہ 52، رقم: 2241
سنن ترمذی، باب ما جاء فی الصلاۃ علی الجنازۃ والشفاعۃ للمیت، جلد 3، صفحہ 348، رقم: 1029
السنن الصغریٰ للبیہقی، باب فضل الصلاۃ علی الجنازۃ، جلد 1، صفحہ 352، رقم: 1157
سنن الکبریٰ للنسائی، باب فضل من صلی علیہ مائۃ، جلد 1، صفحہ 644، رقم: 2118
مسند امام احمد، مسند انس بن مالک، جلد 3، صفحہ 266، رقم: 13830
963- صحیح مسلم، باب استحباب صیام ثلاثۃ ایام من کل شہر، جلد 2، صفحہ 72، رقم: 1162
سنن ترمذی، باب ما جاء فی الحث علی صوم یوم عاشوراء، جلد 1، صفحہ 432، رقم: 752
اخبار مکۃ للفاکہی، ذکر صوم یوم عرفۃ وفضل صیامہ، جلد 7، صفحہ 320، رقم: 2713
سنن ابن ماجہ، باب صیام یوم عرفۃ، جلد 1، صفحہ 551، رقم: 1730

الْقَدُوْمَ فَقَالُوا لَهُ اَىَّ شَىْءٍ تَصْنَعُ؟ فَقَالَ: اَخْرِقُ فِىْ حَقِّى خَرْقًا فَيَكُوْنُ اَقْرَبَ لِىْ مِنَ الْمَاءِ وَيَكُوْنُ فِيْهِ مُخْتَلَفِىْ وَمُهْرَاقُ مَائِى. فَقَالَ بَعْضُهُمْ اتْرُكُوْهُ اَبْعَدَهُ اللّٰهُ يَخْرِقُ فِىْ حَقِّهِ مَا شَاءَ. فَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَا تَدَعُوْهُ يَخْرِقُهَا فَيُهْلِكَنَا وَيُهْلِكَ نَفْسَهُ. فَاِنْ هُمْ اَخَذُوْا عَلٰى يَدَيْهِ نَجَا وَنَجَوْا مَعَهُ، وَاِنْ هُمْ لَمْ يَاْخُذُوْا عَلٰى يَدَيْهِ هَلَكَ وَهَلَكُوْا مَعَهُ.

بعض نے نچلا حصہ پایا اور جو لوگ اس کے نیچے والے حصے میں تھے جب پانی پینا چاہتے تو ان کو ان لوگوں پر سے گزرنا پڑتا جو اوپر والے حصے میں ہیں' انہوں نے کہا: کیوں نہ ہم اپنے حصے میں سوراخ کر لیں اور ہم سے جو اوپر والے حصے میں ہیں ان کو تکلیف نہ دیں' اگر اوپر والے حصے کے لوگ نیچے حصے والے کو مع ارادہ چھوڑ دیں تو سب ہلاک ہو جائیں' اور اگر وہ نیچے والوں کا ہاتھ پکڑ لیں تو وہ نجات پاسکیں گے' اور سب نجات پائیں گے۔

964- قَالَ وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: حَلَالٌ بَيِّنٌ، وَحَرَامٌ بَيِّنٌ، وَشُبُهَاتٌ بَيْنَ ذٰلِكَ، فَمَنْ تَرَكَ مَا اشْتَبَهَ عَلَيْهِ مِنَ الْاِثْمِ كَانَ لِمَا اسْتَبَانَ لَهُ اَتْرَكَ، وَمَنِ اجْتَرَاَ عَلٰى مَا شَكَّ فِيْهِ يُوْشِكُ اَنْ يُوَاقِعَ الْحَرَامَ كَمَنْ رَتَعَ اِلٰى جَانِبِ الْحِمٰى يُوْشِكُ اَنْ يَقَعَ فِيْهِ، وَاِنَّ لِكُلِّ مَلِكٍ حِمًى، وَحِمَى اللّٰهِ فِى الْاَرْضِ مَعَاصِيْهِ.

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ''حلال واضح ہے اور حرام بھی واضح ہے اور ان کے درمیان کچھ مشتبہ امور ہیں تو جو شخص ایسی چیز کو ترک کر دے جس کے گناہ ہونے کا شبہ ہو تو وہ واضح گناہ کو بدرجہ اولیٰ ترک کرے گا اور جو شخص مشکوک چیز کے بارے میں واضح جرأت کا مظاہرہ کرے تو وہ آگے چل کر حرام میں مبتلا ہو سکتا ہے۔ جیسے کوئی شخص چراگاہ کے اردگرد جانور چرا رہا ہو تو اس بات کا امکان موجود ہے کہ جانور چراگاہ کے اندر چلے جائیں' اور بے شک ہر بادشاہ کی چراگاہ ہوتی ہے اور زمین میں اللہ تعالیٰ کی چراگاہ وہ کام ہیں جنہیں اس نے گناہ فرمایا ہے۔''

965- قَالَ وَسَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيْرٍ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں

964- سنن ترمذى' باب ما جاء فى الصلاة على الجنازة والشفاعة للميت' جلد 3' صفحه 347' رقم:1028
سنن ابوداؤد' باب فى الصفوف على الجنازة ' جلد 3' صفحه 174' رقم:3168
السنن الكبرىٰ للبيهقى' باب صلاة الجنازة بامام وما يرجى للميت' جلد 4' صفحه 103' رقم:7154
965- صحيح مسلم' باب الدعاء للميت فى الصلاة ' جلد 3' صفحه 59' رقم:2276
السنن الكبرىٰ للبيهقى' باب الدعا فى صلاة الجنازة ' جلد 4' صفحه 40' رقم:7216

يَقُوْلُ: نَحَلَنِىْ اَبِىْ غُلَامًا فَقَالَتْ لَهُ اُمِّىْ عَمْرَةُ بِنْتُ رَوَاحَةَ: ائْتِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَشْهِدْهُ. فَاَتَى النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُشْهِدَهُ فَقَالَ: اَكُلَّ وَلَدِكَ نَحَلْتَ مِثْلَ هٰذَا؟ . قَالَ: لَا. فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّىْ لَا اَشْهَدُ اِلَّا عَلٰى حَقٍّ. وَاَبٰى اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْهِ.

کہ میرے والد نے ایک غلام مجھے تحفہ دیا تو میری والدہ حضرت عمرہ بنت رواحہ رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا کہ آپ رسول اللہ ﷺ کے پاس جا کر آپ کو اس پر گواہ بنالیں تو میرے والد نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں آپ کو گواہ بنانے کے لیے حاضر ہوئے تو آپ نے ارشاد فرمایا: کیا تم نے اپنے ہر بیٹے کو اسی کی مثل تحفہ دیا ہے؟ تو انہوں نے عرض کی: نہیں! تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں حق کے سوا گواہ نہیں بن سکتا اور آپ نے اس بات پر گواہ بننے سے انکار کر دیا۔

966- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ - قَالَ الْحُمَيْدِىُّ: كَانَ سُفْيَانُ يَغْلَطُ فِيْهِ - اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَاُ فِى الْعِيْدِ بِ (سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى) وَ (هَلْ اَتَاكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ) وَكَانَ يَقْرَاُ فِيْهِمَا اِذَا وَافَقَ ذٰلِكَ يَوْمَ جُمُعَةٍ.

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے عید کی نماز میں ''سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى'' اور ''هَلْ اَتَاكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ'' کی تلاوت کی اور جب جمعے کے دن عید آتی تو آپ ﷺ اس دن انہی دو سورتوں کی تلاوت کرتے۔

جامع الاصول لابن اثير' الفرع الثانى فى القراة والدعاء' جلد 6' صفحه 220' رقم:4313
المنتقى لابن الجارود' كتاب الجنائز' صفحه 140' رقم:538
مسند البزار' مسند عوف بن مالك' جلد 1' صفحه 421' رقم:2739
966- سنن ابوداؤد' باب الدعاء للميت' جلد 3' صفحه 188' رقم:3203
سنن ترمذى' باب ما يقول فى الصلاة على الميت' جلد 3' صفحه 343' رقم:1024
سنن ابن ماجه ' باب ما جاء فى الدعا فى الصلاة على الجنازة ' جلد 1' صفحه 480' رقم:1498
السنن الكبرىٰ للبيهقى' باب الدعا فى صلاة الجنازة ' جلد 4' صفحه 41' رقم:7222
المنتقى لابن الجارود' كتاب الجنائز' صفحه 141' رقم:541

967- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الضَّبِّيُّ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ حَبِيبِ بْنِ سَالِمٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ مَعْنَاهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيهِ عَنْ أَبِيهِ.

حضرت حبیب بن سالم از حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ از نبی اکرم ﷺ معناً اسی کی مثل روایت بیان کی اور اس میں از والد خود انہوں نے ذکر نہیں کیا۔

968- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ أَخْبَرَنِي حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَمُحَمَّدُ بْنُ النُّعْمَانِ أَنَّهُمَا سَمِعَا النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيرٍ يُحَدِّثُ: أَنَّ أَبَاهُ نَحَلَهُ نُحْلاً، فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُشْهِدَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَكُلَّ وَلَدِكَ نَحَلْتَ مِثْلَ هٰذَا؟. قَالَ: لَا. قَالَ: فَارْدُدْهُ.

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ان کے والد نے انہیں کوئی تحفہ دیا پھر وہ نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں آپ کو گواہ بنانے کے لیے حاضر ہوئے تو نبی اکرم ﷺ نے پوچھا: کیا تم نے اپنی ہر اولاد کو اسی کی مثل تحفہ دیا ہے؟ تو انہوں نے عرض کی: نہیں! تو آپ نے فرمایا: پھر تم اسے واپس لے لو۔

175 - مُسْنَدُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَقْرَمَ

مسند حضرت عبداللہ بن اقرم خزاعی رضی اللہ عنہ

969- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ الْفَرَّاءُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَقْرَمَ الْخُزَاعِيِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْقَاعِ مِنْ نَمِرَةَ يُصَلِّي، فَرَأَيْتُ بَيَاضَ إِبْطَيْهِ إِذَا سَجَدَ.

حضرت عبید اللہ بن عبداللہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو "نمرة" میں کھلی جگہ پر نماز پڑھتے ہوئے دیکھا پس جب آپ سجدے میں گئے تو میں نے آپ کی بغلوں کی سفیدی دیکھی۔

968- سنن ابوداؤد، باب الدعاء للميت، جلد 3، صفحه 188، رقم: 3201

سنن ابن ماجه، باب ما جاء في الدعا في الصلاة على الجنازة، جلد 1، صفحه 480، رقم: 1497

صحيح ابن حبان، باب المريض وما يتعلق به، جلد 7، صفحه 345، رقم: 3076

السنن الكبرى للبيهقي، باب الدعا في صلاة الجنازة، جلد 4، صفحه 40، رقم: 7215

الالبانی نے اس حدیث مبارکہ کو "حسن" اور شیخ شعیب الارنوؤط نے صحیح ابن حبان کی تحقیق فرماتے ہوئے مذکورہ بالا حدیث مبارکہ کی سند کو "اسنادہ قوی" لکھا ہے نیز امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "جامع الصغیر باب حرف الالف، صفحہ 56، رقم: 729" نے اس حدیث مبارکہ کے متعلق "ح" یعنی حسن لکھا ہے۔

969- سنن ابوداؤد، باب الدعاء للميت، جلد 3، صفحه 188، رقم: 3202

مسند امام احمد، مسند ابی هريرة رضي الله عنه، جلد 2، صفحه 363، رقم: 8736

السنن الكبرى للبيهقي، باب الدعا في الصلاة، جلد 4، صفحه 42، رقم: 7227

176 - مُسْنَدُ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ

مسند حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ

970- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ يَقُولُ: اطَّلَعَ رَجُلٌ مِنْ جُحْرٍ فِي حُجْرَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِيَدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًى يَحُكُّ بِهِ رَأْسَهُ فَقَالَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنَّكَ تَنْظُرُ لَطَعَنْتُ بِهِ فِي عَيْنِكَ، إِنَّمَا جُعِلَ الْإِسْتِئْذَانُ مِنْ أَجْلِ الْبَصَرِ.

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے نبی اکرم ﷺ کے ایک حجرہ کے اندر جھانک کر دیکھنے کی کوشش کی، اس وقت نبی اکرم ﷺ کنگھی کے ساتھ اپنے سر کو کھجا رہے تھے۔ آپ نے ارشاد فرمایا: اگر مجھے پتہ چل جاتا کہ تم دیکھ رہے ہو تو میں یہ تمہاری آنکھوں میں مار دیتا، اجازت لینے کا حکم اسی لیے دیا گیا ہے تاکہ نظر نہ پڑے۔

971- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو حَازِمٍ أَنَّهُ سَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ كَهٰذِهِ مِنْ هٰذِهِ. وَأَشَارَ سُفْيَانُ بِالسَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰى.

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "مجھے اور قیامت کو اس طرح مبعوث کیا گیا ہے جیسے یہ اور یہ ہیں۔" سفیان نے شہادت کی انگلی اور درمیانی انگلی کے ساتھ اشارہ کر کے یہ بات بتائی۔

970- سنن ابوداؤد، باب الدعاء للميت، جلد 3، صفحه 189، رقم: 3204

صحيح ابن حبان، باب المريض وما يتعلق به، جلد 2، صفحه 343، رقم: 3074

مسند امام احمد، حديث واثلة بن الاسقع، جلد 3، صفحه 491، رقم: 16061

971- اتحاف الخيره المهرة، باب الدعا والاستغفار للميت، جلد 2، صفحه 468، رقم: 1902

السنن الكبرى للبيهقي، باب ما روى في الاستغفار للميت والدعاء، جلد 4، صفحه 42، رقم: 7232

المستدرك للحاكم، كتاب الجنائز، جلد 1، صفحه 478، رقم: 1330

مسند البزار، مسند عبد الله بن اوفى، جلد 1، صفحه 498، رقم: 3355

972- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ قَالَ لَنَا اَبُوْ حَازِمٍ: سَاَلُوا سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ مِنْ اَىِّ شَىْءٍ مِنْبَرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: مَا بَقِىَ مِنَ النَّاسِ اَحَدٌ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّى، هُوَ مِنْ اَثْلِ الْغَابَةِ، عَمِلَهُ لَهُ فُلَانٌ مَوْلٰى فُلَانَةَ، لَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ صَعِدَ عَلَيْهِ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ، فَكَبَّرَ ثُمَّ قَرَاَ، ثُمَّ رَكَعَ، ثُمَّ نَزَلَ الْقَهْقَرٰى فَسَجَدَ، ثُمَّ صَعِدَ فَقَرَاَ، ثُمَّ رَكَعَ، ثُمَّ نَزَلَ الْقَهْقَرٰى ثُمَّ سَجَدَ.

حضرت ابو حازم روایت کرتے ہیں کہ لوگوں نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ رسول اللہ ﷺ کا منبر کس چیز سے بنایا گیا تھا؟ تو انہوں نے فرمایا: اب لوگوں میں ایسا کوئی شخص باقی نہیں رہا جو اس کے بارے میں مجھ سے زیادہ جانتا ہو' یہ نواحی جنگلات کی لکڑی سے بنایا گیا تھا' اس کو فلاں شخص نے بنایا تھا اور وہ فلاں عورت کا غلام تھا۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا آپ منبر پر تشریف لے گئے تو آپ نے قبلہ کی طرف رخ کیا' پھر آپ نے تکبیر کہی پھر آپ نے تلاوت کی پھر آپ نے رکوع کیا پھر آپ الٹے قدموں نیچے تشریف لائے۔ پھر آپ نے سجدہ کیا پھر آپ منبر پر تشریف لائے' پھر تلاوت کی پھر رکوع کیا پھر الٹے قدموں نیچے تشریف لائے پھر سجدہ کیا۔

973- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَازِمٍ قَالَ سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَقُوْلُ: خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصْلِحُ بَيْنَ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ فِىْ شَىْءٍ وَقَعَ بَيْنَهُمْ حَتّٰى تَرَامَوْا بِالْحِجَارَةِ، فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَاَذَّنَ بِلَالٌ، وَاحْتُبِسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ بنو عمرو بن عوف کے درمیان صلح کے لیے تشریف لے گئے' ان کے درمیان جھگڑا ہو گیا تھا حتیٰ کہ انہوں نے ایک دوسرے کو پتھر بھی مارے۔ پس نماز کا وقت ہو گیا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دی۔ اور رسول اللہ ﷺ وہیں ٹھہرے رہے' حضرت ابو بکر

972- صحیح مسلم' باب الاسراع بالجنازة ' جلد 3' صفحه 50' رقم:2229
المنتقی لابن الجارود' کتاب الجنائز' جلد 1' صفحه 139' رقم:527
السنن الصغری' باب حمل الجنازة ' جلد 1' صفحه 337' رقم:1070
سنن ابوداؤد' باب الاسراع بالجنازة ' جلد 3' صفحه 179' رقم:3183
سنن ابن ماجه ' باب ما جاء فی شهود الجنائز' جلد 1' صفحه 474' رقم:1477
973- صحیح بخاری' باب البول قائما وقاعدًا' جلد 1' صفحه 129' رقم:225
صحیح مسلم' باب المسح علی الخفین' جلد 1' صفحه 117' رقم:273

وَتَقَدَّمَ اَبُوْ بَكْرٍ يُصَلِّىْ بِالنَّاسِ، فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ يَتَخَلَّلُ الصُّفُوْفَ، فَلَمَّا انْتَهٰى اِلَى الصَّفِّ الَّذِىْ يَلِىْ اَبَا بَكْرٍ اَخَذَ النَّاسُ فِى التَّصْفِيْحِ، وَكَانَ اَبُوْ بَكْرٍ رَجُلًا لَا يَلْتَفِتُ فِى الصَّلَاةِ، فَلَمَّا سَمِعَ ذٰلِكَ الْتَفَتَ، فَاَبْصَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَشَارَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَنِ اثْبُتْ، فَرَفَعَ اَبُوْ بَكْرٍ رَاْسَهٗ اِلَى السَّمَاءِ فَشَكَرَ اللّٰهَ وَرَجَعَ الْقَهْقَرٰى، وَتَقَدَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهٗ قَالَ: يَا اَبَا بَكْرٍ مَا مَنَعَكَ حِيْنَ اَشَرْتُ اِلَيْكَ؟ . فَقَالَ: مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَرٰى ابْنَ اَبِىْ قُحَافَةَ بَيْنَ يَدَىْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . ثُمَّ انْحَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى النَّاسِ فَقَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ مَا لَكُمْ حِيْنَ نَابَكُمْ فِىْ صَلَاتِكُمْ شَىْءٌ اَخَذْتُمْ فِى التَّصْفِيْحِ؟ اِنَّمَا التَّصْفِيْحُ لِلنِّسَاءِ وَالتَّسْبِيْحُ لِلرِّجَالِ، مَنْ نَابَهٗ شَىْءٌ فِىْ صَلَاتِهٖ فَلْيَقُلْ: سُبْحَانَ اللّٰهِ .

رضی اللہ عنہ لوگوں کو نماز پڑھانے کے لیے آگے ہو گئے پھر رسول اللہ ﷺ بھی تشریف لے گئے۔ آپ صفوں کے درمیان میں سے گزرتے ہوئے آئے جب آپ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ والی صف تک پہنچے تو لوگوں نے تالیاں بجانی شروع کر دیں' اور حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ ایک ایسے آدمی تھے جو نماز کے دوران ادھر ادھر بالکل متوجہ نہیں ہوتے تھے جب انہوں نے تالیوں کی آواز سنی اور توجہ کی تو انہیں رسول اللہ ﷺ نظر آئے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں اشارہ کیا کہ تم اپنی جگہ پر رہو۔ تو حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے اپنا سر آسمان کی طرف اٹھا کر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اور الٹے قدموں پیچھے ہٹ گئے۔ اور رسول اللہ ﷺ آگے ہو گئے' پس جب رسول اللہ ﷺ نے نماز مکمل کر لی تو آپ نے فرمایا: اے ابو بکر! جب میں نے تمہیں اشارہ کیا پھر تم کو کس بات نے روکا؟ تو انہوں نے عرض کی: اللہ تعالیٰ ابو قحافہ کے بیٹے کو رسول اللہ ﷺ کے آگے نہیں دیکھے گا۔ پھر رسول اللہ ﷺ لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے' آپ نے فرمایا: اے لوگو! کیا وجہ ہے کہ جب نماز کے دوران تمہیں کوئی معاملہ پیش آیا تو تم نے تالیاں بجانا شروع کر دیں' تالیوں کا حکم عورتوں کے لیے ہے' مردوں کے لیے تسبیح کہنے کا حکم ہے' پس جس شخص کو نماز کے دوران کوئی معاملہ پیش آئے تو وہ سبحان اللہ کہے۔

974- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ روایت کرتے

974- سنن ترمذی' باب ما جاء عن النبی صلی اللہ علیه وسلم انه قال نفس المؤمن معلقة بدينه ' جلد 3' صفحه 389' رقم:1078
سنن ابن ماجه ' باب التشديد فی الدين' جلد 2' صفحه 806' رقم:2413

قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَازِمٍ اَنَّهُ سَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ قَالَ: كُنْتُ فِي الْقَوْمِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَتْهُ امْرَاَةٌ فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّي قَدْ وَهَبْتُ نَفْسِي لَكَ فَرَ اَ فِيَّ رَاْيَكَ . فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: اَنْكِحْنِيهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنْ لَمْ يَكُنْ لَكَ بِهَا حَاجَةٌ. قَالَ: فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَامَتْ فَقَالَتْ مِثْلَ ذٰلِكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلرَّجُلِ: هَلْ عِنْدَكَ شَيْءٌ تُعْطِيهَا اِيَّاهُ؟ . فَقَالَ: لَا. قَالَ: فَاذْهَبْ فَاطْلُبْ شَيْئًا . فَذَهَبَ ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا وَجَدْتُ شَيْئًا . قَالَ: اذْهَبْ فَاطْلُبْ وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ . فَذَهَبَ ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا وَجَدْتُ شَيْئًا وَلَا خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ مَعَكَ مِنَ الْقُرْاٰنِ شَيْءٌ؟ . قَالَ: نَعَمْ سُوْرَةُ كَذَا وَسُوْرَةُ كَذَا . قَالَ: فَاذْهَبْ فَقَدْ زَوَّجْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْاٰنِ .

ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس والے لوگوں میں شامل تھا کہ ایک عورت آپ کے پاس آئی اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں اپنے آپ کو آپ کے لیے ہبہ کرتی ہوں' تو آپ کا میرے بارے میں کیا فیصلہ ہے۔ پس ایک آدمی نے کھڑے ہو کر عرض کی: یا رسول اللہ! اس کے ساتھ میری شادی کر دیں اگر آپ کو اس کی ضرورت نہیں ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ خاموش رہے' وہ عورت بھی کھڑی ہوگئی' اس نے پھر یہی عرض کی' رسول اللہ ﷺ نے اس آدمی سے فرمایا: کیا تمہارے پاس کوئی چیز ہے جسے تم اسے دے سکو؟ اس نے عرض کی: نہیں! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جاؤ اور جا کر کچھ تلاش کرو! وہ گئے پھر واپس آئے' اور عرض کی: یا رسول اللہ! مجھے کوئی چیز نہیں ملی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جاؤ اور تلاش کرو اگرچہ لوہے کی ایک انگوٹھی ہی ہو وہ گئے پھر آگئے اور عرض کی: یا رسول اللہ! مجھے کوئی چیز نہیں ملی' لوہے کی کوئی انگوٹھی بھی نہیں ملی۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تمہیں قرآن یاد ہے؟ انہوں نے عرض کی: ہاں! فلاں فلاں سورت آتی ہے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جاؤ! تمہیں جو قرآن آتا ہے اس کی وجہ سے میں نے تمہارا اس سے نکاح کر دیا۔

975- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت ابو حازم روایت کرتے ہیں کہ لوگوں کے

السنن الکبریٰ للبیہقی' باب ما یستحب لولی المیت من الابتداء بقضاء دینہ' جلد 4' صفحہ 61' رقم:7350
المستدرک للحاکم' کتاب البیوع' جلد 2' صفحہ 32' رقم:2219
مسند البزار' مسند ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ' جلد 2' صفحہ 452' رقم:8664
975- سنن ابوداؤد' باب التعجیل بالجنازۃ وکراھیۃ حبسھا' جلد 3' صفحہ 172' رقم:3161
السنن الکبریٰ للبیہقی' باب ما یستحب من التعجیل بتجھیزہ اذا بان موتہ' جلد 3' صفحہ 386' رقم:6859

قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَازِمٍ قَالَ: اخْتَلَفَ النَّاسُ بِاَيِّ شَيْءٍ دُوْوِيَ جُرْحُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ، فَسَاَلُوْا سَهْلًا - وَكَانَ مِنْ اٰخِرِ مَنْ بَقِيَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِيْنَةِ - فَقَالَ: مَا بَقِيَ مِنَ النَّاسِ اَحَدٌ اَعْلَمُ بِهِ مِنِّي، كَانَتْ فَاطِمَةُ تَغْسِلُ عَنْ وَجْهِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدَّمَ، وَعَلِيٌّ يَاْتِي بِالْمَاءِ فِي تُرْسِهِ، وَاُخِذَ حَصِيْرٌ فَاُحْرِقَ، فَحُشِيَ بِهِ جُرْحُهُ.

درمیان اس بارے میں اختلاف ہوگیا کہ غزوہ احد کے دن جب رسول اللہ ﷺ زخمی ہوئے تھے تو آپ کا علاج کس طرح کیا گیا تھا؟ لوگوں نے اس بارے میں حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ سے پوچھا' یہ مدینہ منورہ میں باقی رہ جانے والے رسول اللہ ﷺ کے آخری صحابی تھے۔ تو انہوں نے بتایا کہ اب کوئی ایسا شخص باقی نہیں رہا جو اس بارے میں مجھ سے زیادہ جانتا ہو۔ حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ کے چہرہ سے خون صاف کیا تھا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنی ڈھال میں پانی لے کر آئے تھے پھر چٹائی لے کر اسے جلایا گیا اور اسے آپ کے زخم پر لگا دیا گیا۔

976- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَوْضِعُ سَوْطٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا .

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جنت میں ایک چابک رکھنے کی جگہ دنیا اور اس کی ساری چیزوں سے بہتر ہے۔''

177 - مُسْنَدُ قَارِبِ الثَّقَفِيِّ

مسند حضرت قارب ثقفی رضی اللہ عنہ

977- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت وہب بن عبداللہ اپنے والد سے' وہ ان

جامع الاصول لابن اثیر' الفرع الثانی فی دفن الموتی' جلد 11' صفحہ 141' رقم:8643
976- صحیح بخاری' باب موعظۃ المحدث عند القبر وقعود اصحابہ حولہ' جلد 2' صفحہ 96' رقم:1362
صحیح مسلم' باب کیفیۃ الخلق الآدمی فی بطن امہ وکتابۃ رزقہ واجلہ' جلد 8' صفحہ 47' رقم:6903
مسند عبد بن حمید' من مسند ابی الحسن علی بن ابی طالب' جلد 1' صفحہ 57' رقم:84
مسند امام احمد' مسند علی بن ابی طالب' جلد 1' صفحہ 157' رقم:1348
مسند البزار' مسند علی بن ابی طالب' جلد 1' صفحہ 118' رقم:582
977- سنن ابوداؤد' باب الاستغفار عند القبر للمیت فی وقت الانصراف' جلد 3' صفحہ 209' رقم:3223
المستدرک للحاکم' کتاب الجنائز' جلد 1' صفحہ 526' رقم:1372
مسند البزار' مسند عثمان رضی اللہ عنہ' جلد 1' صفحہ 96' رقم:445

قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَيْسَرَةَ اَخْبَرَنِي وَهْبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَارِبٍ اَوْ مَارِبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ يَقُوْلُ: يَرْحَمُ اللّٰهُ الْمُحَلِّقِينَ . وَاَشَارَ بِيَدِهٖ هٰكَذَا وَمَدَّ الْحُمَيْدِيُّ يَمِينَهٗ قَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَالْمُقَصِّرِينَ؟ فَقَالَ: يَرْحَمُ اللّٰهُ الْمُحَلِّقِينَ . قَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَالْمُقَصِّرِينَ؟ فَقَالَ: يَرْحَمُ اللّٰهُ الْمُحَلِّقِينَ . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالْمُقَصِّرِينَ . وَاَشَارَ الْحُمَيْدِيُّ بِيَدِهٖ فَلَمْ يَمُدَّ مِثْلَ الْاَوَّلِ.

کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حجۃ الوداع کے موقع پر میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ”اللہ تعالیٰ سر منڈوانے والوں پر رحم کرے۔“ پھر امام حمیدی نے اپنے ہاتھ سے اس طرح اشارہ کیا اور انہوں نے اپنے دائیں ہاتھ کو پھیلایا۔ لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! بال ترشوانے والوں پر بھی۔ تو آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سر منڈوانے والوں پر رحم فرمائے! لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! بال ترشوانے والوں پر بھی۔ تو آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سر منڈوانے والوں پر رحم فرمائے! لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! بال ترشوانے والوں کے لیے بھی۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اور بال ترشوانے والوں پر بھی۔ اور امام حمیدی نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا لیکن انہوں نے پہلی دفعہ کی طرح اسے پھیلایا نہیں۔

قَالَ سُفْيَانُ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِي عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ عَنْ وَهْبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَارِبٍ، وَحِفْظِي قَارِبٍ، وَالنَّاسُ يَقُوْلُوْنَ: قَارِبٌ كَمَا حَفِظْتُ، فَاَنَا اَقُوْلُ: قَارِبٌ اَوْ مَارِبٌ .

سفیان کہتے ہیں کہ میں نے اپنے حافظے کے مطابق از ابراہیم بن میسری از وہب بن عبداللہ بن مارب پایا ہے اور میری یادداشت کے مطابق قارب ہے۔ لوگ بھی انہیں قارب ہی کہتے ہیں کہ جس طرح مجھے یاد ہے۔ لیکن تاہم میں یہ کہتا ہوں کہ اس کا نام یا قارب ہے یا مارب ہے۔

178 – مُسْنَدُ اِبْنِ خَنْبَشٍ

مسند حضرت ابن حنبش رضی اللہ عنہ

978- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت ابن حنبش رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں

جامع الاصول لابن اثیر' الدعاء عند الدفن' جلد 11' صفحه 149' رقم:8658

معرفة السنن والآثار' باب ما يقال اذا ادخل الميت قبره ' جلد 6' صفحه 291' رقم:2332

978- صحيح بخارى' باب من كان يؤمن بالله واليوم الاخر يؤذ جاره ' جلد 8' 11صفحه ' رقم:6019

صحيح مسلم' باب الضيافة ونحوتها' جلد 5' صفحه 137' رقم:4610

قَالَ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ يَزِيدَ اَبُو يَزِيدَ الْاَوْدِيُّ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ ابْنِ خَنْبَشٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : عُمْرَةٌ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ كَحَجَّةٍ .

کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ماہِ رمضان میں عمرہ کرنا حج کے برابر ہے۔

179 – مُسْنَدُ اَبِي هُرَيْرَةَ

مسند حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ

979- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِذَا اَمَّنَ الْقَارِءُ فَاَمِّنُوا، فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ تُؤَمِّنُ، فَمَنْ وَافَقَ تَاْمِينُهٗ تَاْمِينَ الْمَلَائِكَةِ غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ .

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب قرآن پڑھنے والا آمین کہے تو تم بھی آمین کہو کیونکہ فرشتے بھی آمین کہتے ہیں تو جس شخص کی آمین فرشتوں کی آمین کے ساتھ موافق ہو گئی اس کے گزشتہ گناہوں کی بخشش ہو جاتی ہے۔

980- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ وَحَفِظْتُهٗ مِنْهُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّهٗ اَخْبَرَهٗ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِذَا كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب جمعہ کا دن آتا ہے تو مسجد کے دروازوں میں سے ہر ایک دروازے پر فرشتے موجود ہوتے ہیں جو لوگوں کی آمد پر ان کے نام

الآداب للبيهقي' باب في اكرام الضيف' جلد 1' صفحه 38' رقم:3750

سنن ترمذى' باب ما جاء في الضيافة لم هو' جلد 4' صفحه 345' رقم:1967

979- صحيح بخارى' باب موت الفجاة البغته ' جلد 2' صفحه 102' رقم:1388

صحيح مسلم' باب وصول ثواب الصدقة عن الميت اليه ' جلد 3' صفحه 81' رقم:2373

مسند امام احمد بن حنبل' حديث السيدة عائشة رضى الله عنها' جلد 6' صفحه 51' رقم:24296

مصنف ابن ابى شيبة ' باب ما يتبع الميت بعد موته ' جلد 3' صفحه 58' رقم:12077

مصنف عبد الرزاق' باب الصدقة عن الميت' جلد 9' صفحه 60' رقم:16343

980- صحيح مسلم' باب ما يلحق الانسان من الثواب بعد وفاته ' جلد 5' صفحه 73' رقم:4310

السنن الصغرى للبيهقي' باب ما يلحق الميت بعد موته ' جلد 2' صفحه 194' رقم:2433

سنن ترمذى' باب في الوقف' جلد 3' صفحه 660' رقم:1376

سنن النسائى' باب فضل الصدقة عن الميت' جلد 6' صفحه 251' رقم:3651

سنن الدارمى' باب البلاغ عن رسول الله صلى الله عليه وسلم وتعليم السنن' جلد 1' صفحه 148' رقم:559

كَانَ عَلٰى كُلِّ بَابٍ مِنْ اَبْوَابِ الْمَسْجِدِ مَلَائِكَةٌ يَكْتُبُوْنَ النَّاسَ عَلٰى مَنَازِلِهِمُ الْاَوَّلَ فَالْاَوَّلَ، فَاِذَا خَرَجَ الْاِمَامُ طُوِيَتِ الصُّحُفُ، وَاسْتَمَعُوا الْخُطْبَةَ. فَالْمُهَجِّرُ اِلَى الْجُمُعَةِ كَالْمُهْدِي بَدَنَةً، ثُمَّ الَّذِي يَلِيهِ كَالْمُهْدِي بَقَرَةً، ثُمَّ الَّذِي يَلِيهِ كَالْمُهْدِي كَبْشًا . حَتّٰى ذَكَرَ الدَّجَاجَةَ وَالْبَيْضَةَ.

لکھتے ہیں۔ پہلے آنے والوں کا نام پہلے لکھا جاتا ہے پھر جب امام آجاتا ہے تو رجسٹر لپیٹ دیئے جاتے ہیں اور وہ خطبہ سننے لگتے ہیں تو جمعہ کے دن (نماز کے لیے) جلدی جانے والا ایسے ہے جیسے وہ اونٹ کی قربانی کرنے والا ہے' پھر اس کے بعد والا ایسا ہے جیسے گائے کی قربانی کرنے والا' پھر اس کے بعد آنے والا اس کی طرح ہے جو دنبے کی قربانی کرتا ہے حتیٰ کہ راوی نے مرغی اور انڈے کا بھی ذکر کیا۔

قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: فَقِيلَ لِسُفْيَانَ: اِنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ عَنِ الْاَعْرَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ . قَالَ سُفْيَانُ: مَا سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ ذَكَرَ الْاَعْرَّ قَطُّ، مَا سَمِعْتُهُ يَقُوْلُهُ اِلَّا عَنْ سَعِيدٍ اَنَّهُ اَخْبَرَهُ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ.

امام ابوبکر حمیدی روایت کرتے ہیں کہ سفیان سے کہا گیا: دوسرے محدثین نے اس روایت کے متعلق بیان کیا ہے کہ یہ روایت اغر سے بیان کی گئی ہے۔ تو سفیان نے کہا: میں نے زہری کو کبھی بھی اغر کا ذکر کرتے ہوئے نہیں سنا۔ میں نے تو ان سے یہی سنا ہے کہ انہوں نے اسے از سعید از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کیا ہے۔

981- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِذَا اَتَيْتُمُ الصَّلَاةَ فَلَا تَاْتُوْهَا وَاَنْتُمْ تَسْعَوْنَ وَاْتُوْهَا وَاَنْتُمْ تَمْشُوْنَ وَعَلَيْكُمُ السَّكِيْنَةُ، فَمَا اَدْرَكْتُمْ فَصَلُّوْا وَمَا فَاتَكُمْ فَاقْضُوْا .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم نماز کے لیے آؤ تو دوڑتے ہوئے نہ آؤ بلکہ سکون سے چلتے ہوئے آؤ' جتنی نماز تمہیں ملے اسے ادا کرلو اور جو رہ جائے اسے بعد میں ادا کرلو۔

981- صحيح بخاری' باب ثناء الناس على الميت' جلد 2' صفحه 97' رقم: 1367

صحيح مسلم' باب فيمن يثنى عليه خيرٌ او شر من الموتى' جلد 3' صفحه 53' رقم: 2243

السنن الكبرىٰ للبيهقى' باب الثناء على الميت' جلد 4' صفحه 75' رقم: 7436

سنن ترمذى' باب ما جاء فى الثنا الحسن على الميت' جلد 3' صفحه 373' رقم: 1058

سنن النسائى' باب الثناء' جلد 4' صفحه 49' رقم: 1932

مسند امام احمد' مسند انس بن مالك' جلد 3' صفحه 186' رقم: 12961

982- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يَقُوْلُ اَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْفِطْرَةُ خَمْسٌ اَوْ خَمْسٌ مِّنَ الْفِطْرَةِ: الْخِتَانُ، وَالِاسْتِحْدَادُ، وَتَقْلِيمُ الْاَظْفَارِ، وَنَتْفُ الْاِبِطِ، وَقَصُّ الشَّارِبِ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: فطرت پانچ چیزیں ہیں' یا فرمایا کہ پانچ چیزیں فطرت ہیں: ختنہ کرنا، زیر ناف بال صاف کرنا، ناخن تراشنا، بغلوں کے بال اکھیڑنا اور مونچھیں پست کرنا۔

983- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَامَ رَجُلٌ فَسَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُصَلِّي اَحَدُنَا فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَوَلِكُلِّكُمْ ثَوْبَانِ؟ . وَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ لِرَجُلٍ يَسْاَلُهُ: تَعْرِفُ اَبَا هُرَيْرَةَ؟ فَاِنَّهُ يُصَلِّي فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ وَاِنَّ ثِيَابَهُ مَوْضُوعَةٌ عَلَى الْمِشْجَبِ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی کھڑا ہوا اور اس نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا کہ کیا ہم میں سے کوئی آدمی ایک ہی کپڑے میں نماز پڑھ سکتا ہے؟ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا تم میں سے ہر ایک کے پاس دو کپڑے ہوتے ہیں۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اس شخص سے پوچھا جس نے ان سے سوال کیا تھا: کیا تم ابوہریرہ کو جانتے ہو وہ ایک ہی کپڑے میں نماز پڑھ لیتا ہے حالانکہ اس کا (دوسرا) کپڑا لٹکا ہوا ہوتا ہے۔

982- صحيح بخارى' باب ثناء الناس على الميت' جلد 2' صفحه 97' رقم: 1368

مسند امام احمد' مسند عمر بن الخطاب رضى الله عنه' جلد 1' صفحه 30' رقم: 204

السنن الكبرىٰ للبيهقى' باب الثناء على الميت' جلد 4' صفحه 75' رقم: 7437

سنن الكبرىٰ للنسائى' باب الثناء' جلد 1' صفحه 629' رقم: 2061

مسند ابى يعلىٰ' مسند عمر بن الخطاب رضى الله عنه' جلد 1' صفحه 135' رقم: 145

983- صحيح بخارى' باب ما قيل فى اولاد المسلمين' جلد 1' صفحه 465' رقم: 1315

صحيح مسلم' باب فضل من يموت له ولد فيحتسبه' جلد 8' صفحه 39' رقم: 6867

سنن ابن ماجه' باب ما جاء فى ثواب من اصيب بولده' جلد 1' صفحه 512' رقم: 1604

مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابى هريرة رضى الله عنه' جلد 2' صفحه 473' رقم: 10124

السنن الكبرىٰ للبيهقى' باب ما يرجى فى المصيبة بالاولاد اذا احتسبهم' جلد 2' صفحه 399' رقم: 7395

984- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ كَمَا أَقُولُ لَكَ لَا نَحْتَاجُ فِيهِ إِلَى أَحَدٍ قَالَ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: دَخَلَ أَعْرَابِيٌّ الْمَسْجِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ قَالَ: فَقَامَ فَصَلَّى فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ قَالَ: اللَّهُمَّ ارْحَمْنِي وَمُحَمَّدًا، وَلَا تَرْحَمْ مَعَنَا أَحَدًا. فَالْتَفَتَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: لَقَدْ تَحَجَّرْتَ وَاسِعًا . فَمَا لَبِثَ أَنْ بَالَ فِي الْمَسْجِدِ، فَأَسْرَعَ النَّاسُ إِلَيْهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَهْرِيقُوا عَلَيْهِ سَجْلًا مِنْ مَاءٍ، أَوْ دَلْوًا مِنْ مَاءٍ . ثُمَّ قَالَ: إِنَّمَا بُعِثْتُمْ مُيَسِّرِينَ وَلَمْ تُبْعَثُوا مُعَسِّرِينَ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک اعرابی مسجد میں داخل ہوا' نبی اکرم ﷺ تشریف فرما تھے۔اس نے کھڑے ہو کر نماز پڑھی' نماز سے فارغ ہونے کے بعد اس نے دعا مانگی: اے اللہ! مجھ پر اور حضرت محمد ﷺ پر رحم فرما اور تو ہمارے ساتھ اور کسی پر رحم نہ کرنا! رسول اللہ ﷺ اس کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: تم نے ایک وسعت والی چیز کو تنگ کر دیا ہے۔اس کے بعد وہ مسجد میں ہی پیشاب کرنے لگا تو لوگ تیزی سے اس کی طرف دوڑے تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس پر پانی کا ایک ڈول بہا دو۔ پھر ارشاد فرمایا: ''تمہیں آسانی مہیا کرنے کے لیے بھیجا گیا ہے تمہیں تنگی کرنے کے لیے نہیں بھیجا گیا۔''

985- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ وَحَفِظْتُهُ مِنْهُ قَالَ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: لَمَّا رَفَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأْسَهُ مِنَ الرَّكْعَةِ الْآخِرَةِ مِنْ صَلَاةِ الصُّبْحِ قَالَ: اللَّهُمَّ أَنْجِ الْوَلِيدَ بْنَ الْوَلِيدِ، وَسَلَمَةَ بْنَ هِشَامٍ، وَعَيَّاشَ بْنَ أَبِي رَبِيعَةَ وَالْمُسْتَضْعَفِينَ بِمَكَّةَ، اللَّهُمَّ اشْدُدْ وَطْأَتَكَ عَلَى مُضَرَ، وَاجْعَلْهَا عَلَيْهِمْ سِنِينَ كَسِنِيِّ يُوسُفَ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ نے صبح کی نماز کی آخری رکعت سے سر اٹھایا تو یہ کہا: ''اے اللہ! ولید بن ولید، سلمہ بن ہشام، عیاش بن ابو ربیعہ اور مکہ میں موجود کمزور لوگوں کو نجات عطا فرما! اے اللہ! قبیلہ مضر پر اپنی سختی نازل فرما اور ان کو حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانے جیسے قحط میں مبتلا کر دے!''

984- صحیح بخاری' باب قول الله تعالیٰ "واقسموا بالله جهد ايمانهم" جلد 8' صفحه 134' رقم:6656

صحیح مسلم' باب فضل من یموت له ولد فیحتسبه ' جلد 8' صفحه 39' رقم:6865

السنن الکبریٰ للبیهقی' باب ما یرجی فی المصیبة بالاولاد اذا احتسبهم' جلد 4' صفحه 67' رقم:7385

مؤطا امام مالک' باب الحسبة فی المصیبة ' جلد 4' صفحه 235' رقم:556

سنن ترمذی' باب ما جاء فی ثواب من قدم ولدا' جلد 3' صفحه 374' رقم:1060

985- صحیح بخاری' باب فضل من مات له ولد فاحتسب' جلد 2' صفحه 73' رقم:1249

صحیح مسلم' باب فضل من یموت له ولد فیحتسبه ' جلد 8' صفحه 39' رقم:6867

سنن الکبریٰ للنسائی' باب هل یجعل العالم للنساء یوم علی حدة فی طلب العلم' جلد 3' صفحه 451' رقم:5896

مسند امام احمد' مسند ابی سعید الخدری' جلد 3' صفحه 34' رقم:11314

السنن الکبریٰ للبیهقی' باب ما یرجی فی المصیبة ' جلد 4' صفحه 67' رقم:7387

986- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي هَذَا خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ صَلَاةٍ فِيمَا سِوَاهُ مِنَ الْمَسَاجِدِ إِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میری اس مسجد میں نماز پڑھنا اس کے سوا کسی بھی مسجد میں ایک ہزار نمازیں پڑھنے سے زیادہ بہتر ہے' سوائے مسجد حرام کے۔

987- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ أَخْبَرَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ عَتِيقٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ الزُّبَيْرِ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُولُ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُولُ: صَلَاةٌ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ أَفْضَلُ مِنْ مِائَةِ صَلَاةٍ فِيمَا سِوَاهُ مِنَ الْمَسَاجِدِ.

قَالَ الْحُمَيْدِيُّ قَالَ سُفْيَانُ: فَيَرَوْنَ أَنَّ الصَّلَاةَ

حضرت سلیمان بن عتیق روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کو منبر پر یہ بیان کرتے ہوئے سنا کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے: مسجد حرام میں ایک نماز پڑھنا کسی اور مسجد میں ایک سو نمازیں پڑھنے سے افضل ہے۔

امام حمیدی بیان کرتے ہیں کہ سفیان نے یہ بیان

986- صحیح بخاری' باب الصلاة فی مواضع الخسف والعذاب' جلد 1' صفحه 94' رقم:433

صحیح مسلم' باب لا تدخلوا مساكن الذين ظلموا انفسهم الا ان تكونوا باكين' جلد 8' صفحه 221' رقم:7656

مسند عبد بن حمید' احادیث ابن عمر' صفحه 255' رقم:798

السنن الکبریٰ للبیهقی' باب من کره الصلاة فی موضع الخسف والعذاب' جلد 2' صفحه 451' رقم:4542

صحیح ابن حبان' باب بدء الخلق' جلد 14' صفحه 79' رقم:6199

987- صحیح بخاری' باب من اراد غزوة فوری بغیرها ومن احب الخروج یوم الخمیس' جلد 4' صفحه 49' رقم:2950

الآداب للبیهقی' باب الخروج یوم الخمیس' جلد 1' صفحه 401' رقم:662

مسند امام احمد' حدیث کعب بن مالک رضی الله عنه ' جلد 6' صفحه 387' رقم:27219

مصنف عبد الرزاق' باب صلاة الجماعة فی السفر وکیف تسلیم الحاج' جلد 5' صفحه 169' رقم:9270

سنن ابوداؤد' باب فی ای یوم یستحب السفر' جلد 2' صفحه 340' رقم:2607

فِی الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَفْضَلُ مِنْ مِائَةِ اَلْفِ صَلَاةٍ فِیمَا سِوَاهُ مِنَ الْمَسَاجِدِ اِلَّا مَسْجِدَ الرَّسُوْلِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاِنَّمَا فَضْلُهُ عَلَیْهِ بِمِائَةِ صَلَاةٍ۔

کیا ہے کہ علماء یہ کہتے ہیں کہ مسجد حرام میں نماز پڑھنا اور کسی بھی مسجد میں ایک لاکھ نمازیں پڑھنے سے زیادہ افضل ہے سوائے مسجد نبوی کے' کیونکہ رسول اللہ ﷺ کی مسجد کے مقابلے میں مسجد حرام کو سو گنا زیادہ فضیلت حاصل ہے۔

988- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِیُّ قَالَ اَخْبَرَنِیْ سَعِیدُ بْنُ الْمُسَیَّبِ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اشْتَدَّ الْحَرُّ فَاَبْرِدُوا بِالصَّلَاةِ، فَاِنَّ شِدَّةَ الْحَرِّ مِنْ فَیْحِ جَهَنَّمَ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب سخت گرمی ہو تو نماز کو ٹھنڈا کر کے پڑھا کرو کیونکہ گرمی کی سختی جہنم کی تپش کی وجہ سے ہے۔

989- وَقَالَ: اشْتَکَتِ النَّارُ اِلٰی رَبِّهَا فَقَالَتْ: رَبِّ اَکَلَ بَعْضِی بَعْضًا۔ فَاَذِنَ لَهَا بِنَفَسَیْنِ: نَفَسٍ فِی الشِّتَاءِ وَنَفَسٍ فِی الصَّیْفِ، فَاَشَدُّ مَا تَجِدُونَ مِنَ الْحَرِّ فَمِنْ حَرِّهَا، وَاَشَدُّ مَا تَجِدُونَ مِنَ الْبَرْدِ فَمِنْ زَمْهَرِیرِهَا۔

اور کہا کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ جہنم نے اپنے رب کی بارگاہ میں شکایت کی' اس نے عرض کی: اے میرے رب! میرا ایک حصہ دوسرے کو کھا جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے اسے دو مرتبہ سانس لینے کی اجازت دی۔ ایک سانس سردی میں اور ایک سانس گرمی میں۔ تو جب تم سخت گرمی پاتے ہو تو وہ اس گرم سانس کی وجہ ہے اور جب تم سخت سردی پاتے ہو تو وہ اس کی ٹھنڈی سانس کی وجہ ہے۔

988- سنن ابوداؤد' باب فی الابتکار فی السفر' جلد 2' صفحہ 340' رقم:2608
سنن ترمذی' باب ما جاء فی التکبیر فی التجارۃ' جلد 3' صفحہ 517' رقم:1212
السنن الکبریٰ للبیہقی' باب الابتکار فی السفر' جلد 9' صفحہ 151' رقم:18922
سنن ابن ماجہ' باب ما یرجی من البرکۃ فی البکور' جلد 2' صفحہ 752' رقم:2236
سنن الدارمی' باب بارك لامتی فی بکورها' جلد 2' صفحہ 283' رقم:2435
989- صحیح بخاری' باب السیر وحدہ' جلد 4' صفحہ 58' رقم:2998
السنن الکبریٰ للبیہقی' باب کراهیۃ السفر وحدہ' جلد 5' صفحہ 257' رقم:10648
سنن الدارمی' باب ان الواحد فی السفر شیطان' جلد 2' صفحہ 375' رقم:2679
مسند احمد بن حنبل' مسند عبد اللہ بن عمر' جلد 2' صفحہ 24' رقم:4770
مسند الحمیدی' احادیث عبد اللہ بن عمر' جلد 2' صفحہ 292' رقم:661

990- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِیُّ عَنْ سَعِیدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ اِلَّا اِلٰی ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ اِلَی الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَمَسْجِدِی هٰذَا، وَالْمَسْجِدِ الْاَقْصٰی۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: صرف تین مسجدوں کی طرف سفر کیا جائے: مسجد حرام، میری یہ مسجد (مسجد نبوی) اور مسجد اقصیٰ کی طرف۔

991- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِیزِ بْنُ اَبِی حَازِمٍ قَالَ حَدَّثَنِی یَزِیدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِیمَ التَّیْمِیِّ عَنْ اَبِی سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ اَخْبَرَنِی بَصْرَةُ بْنُ اَبِی بَصْرَةَ الْغِفَارِیُّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُعْمَلُ الْمَطِیُّ اِلَّا اِلٰی ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ اِلَی الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَمَسْجِدِی هٰذَا، وَمَسْجِدِ بَیْتِ الْمَقْدِسِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت بصرہ بن ابوبصرہ غفاری رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: صرف تین مساجد کی طرف سفر کیا جائے: مسجد حرام، میری یہ مسجد (مسجد نبوی) اور مسجد بیت المقدس کی طرف۔

992- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

990- سنن ترمذی' باب ما جاء فی کراهیۃ أن یسافر الرجل وحدہ' جلد 4' صفحہ 193' رقم:1674
سنن ابوداؤد' باب فی الرجل یسافر وحدہ' جلد 2' صفحہ 340' رقم:2609
الآداب للبیہقی' باب کراهیۃ السفر وحدہ' جلد 1' صفحہ 392' رقم:647
المستدرك للحاکم' کتاب الجهاد' جلد 2' صفحہ 374' رقم:2494
سنن الکبریٰ للنسائی' باب النهی عن سیر الراکب وحدہ' جلد 5' صفحہ 266' رقم:8849
991- سنن ابوداؤد' باب فی القوم یسافرون یؤمرون احدهم' جلد 2' صفحہ 340' رقم:2610
سنن الکبریٰ للبیہقی' باب القوم یؤمرون احدهم اذا سافروا' جلد 5' صفحہ 257' رقم:10131
مسند ابی یعلیٰ' مسند ابی سعید الخدری' جلد 2' صفحہ 319' رقم:1054
المعجم الاوسط للطبرانی' من بقیۃ من اول اسمہ میم' جلد 8' صفحہ 99' رقم:8093
992- سنن ترمذی' باب ما جاء فی السرایا' جلد 4' صفحہ 125' رقم:1555

قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَمَّنْ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ اِمَّا سَعِيدٌ وَاِمَّا اَبُو سَلَمَةَ وَاَكْثَرُ ذٰلِكَ يَقُوْلُهُ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اُعْطِيتُ خَمْسًا لَمْ يُعْطَهُنَّ اَحَدٌ قَبْلِي: جُعِلَتْ لِيَ الْاَرْضُ كُلُّهَا مَسْجِدًا وَطَهُوْرًا، وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ، وَاُحِلَّتْ لِيَ الْغَنَائِمُ، وَاُرْسِلْتُ اِلَى الْاَحْمَرِ وَالْاَسْوَدِ، وَاُعْطِيتُ الشَّفَاعَةَ.

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مجھے پانچ چیزیں ایسی عطا کی گئی ہیں جو مجھ سے پہلے کسی (نبی) کو نہیں دی گئیں میرے لیے تمام زمین کو مسجد اور حصولِ طہارت کا سبب بنایا گیا اور رعب کے ذریعے میری مدد کی گئی ہے اور میرے لیے مالِ غنیمت کو حلال کیا گیا اور مجھے ہر سفید اور سیاہ کی طرف معبوث کیا گیا ہے اور مجھے شفاعت عطا کی گئی ہے۔

993- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِي اَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَدْرَكَ مِنْ صَلَاةٍ رَكْعَةً فَقَدْ اَدْرَكَ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے نماز کی ایک رکعت پالی اس نے نماز کو پالیا۔

994- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

المستدرك للحاكم، كتاب الجهاد، جلد 2، صفحه 373، رقم: 2489

سنن ابوداؤد، باب فيما يستحب من الجيوش والرفقاء والسرايا، جلد 2، صفحه 341، رقم: 2613

سنن سعيد بن منصور، باب ما جاء فى خير الجيوش وخير السرايا وخير الصحابة، جلد 2، صفحه 150، رقم: 2387

مسند امام احمد بن حنبل، مسند عبد الله بن العباس، جلد 1، صفحه 294، رقم: 2682

993- صحيح مسلم، باب مراعاة مصلحة الدواب فى السير والنهى عن التعريس فى الطريق، جلد 6، صفحه 54، رقم: 5068

سنن ابوداؤد، باب فى سرعة السير والنهى عن التعريس فى الطريق، جلد 2، صفحه 333، رقم: 2571

الآداب للبيهقى، باب كيفية السير فى الجدب والخصب، جلد 1، صفحه 391، رقم: 644

سنن الكبرى للنسائى، باب اعطاء الابل فى الخصب حقها من الارض، جلد 5، صفحه 252، رقم: 8814

مسند امام احمد، مسند ابى هريرة رضى الله عنه، جلد 2، صفحه 337، رقم: 8423

994- صحيح مسلم، باب قضاء الصلاة الفائتة واستحباب تعجيل قضائها، جلد 2، صفحه 142، رقم: 1597

مسند امام احمد، حديث ابى قتادة الانصارى، جلد 5، صفحه 309، رقم: 22685

الآداب للبيهقى، باب التعريس فى السفر، جلد 1، صفحه 391، رقم: 645

الشمائل المحمدية للترمذى، باب ما جاء فى نوم رسول الله صلى الله عليه وسلم، صفحه 293، رقم: 255

قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِي اَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الشَّيْطَانَ يَاْتِي اَحَدَكُمْ فِي صَلَاتِهِ فَيَلْبِسُ عَلَيْهِ صَلَاتَهُ الْحَتّٰى لَا يَدْرِي كَمْ صَلّٰى؟ فَاِذَا وَجَدَ اَحَدُكُمْ ذٰلِكَ فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ.

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: شیطان آدمی کی نماز کے دوران اس کے پاس آتا ہے اور اس کی نماز کو اس کے لیے مشتبہ کر دیتا ہے حتیٰ کہ اسے یہ پتہ نہیں چلتا کہ اس نے کتنی نماز پڑھی ہے تو جب کسی کو اس طرح کی صورتحال درپیش ہو تو جس وقت وہ بیٹھا ہوا اس وقت دو سجدہ سہو کرلے۔

995- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو سَلَمَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلتَّسْبِيحُ فِي الصَّلَاةِ لِلرِّجَالِ، وَالتَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: نماز کے دوران سبحان اللہ کہنے کا حکم مردوں کے لیے ہے اور تالی بجانے کا حکم عورتوں کے لیے ہے۔''

996- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا اَذِنَ اللّٰهُ لِشَيْءٍ مَا اَذِنَ لِنَبِيٍّ يَتَغَنّٰى بِالْقُرْاٰنِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کسی بھی بات کو اتنی توجہ سے نہیں سنتا جتنی توجہ سے وہ اپنے نبی ﷺ کو سنتا ہے؛ جو خوش آوازی کے ساتھ قرآن کی تلاوت کرتے ہیں۔

997- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

995- سنن ابوداؤد، باب فى الدلجة، جلد 2، صفحه 333، رقم: 2573

الآداب للبيهقى، باب كيفية السير فى الجدب والخصب، جلد 1، صفحه 391، رقم: 644

المستدرك للحاكم، كتاب الجهاد، جلد 2، صفحه 390، رقم: 2535

مصنف عبد الرزاق، باب ذكر الغيلان والسير بالليل، جلد 5، صفحه 160، رقم: 9247

مؤطا امام مالك، باب ما يومر به من العمل فى السفر، جلد 5، صفحه 1426، رقم: 3590

996- سنن ابوداؤد، باب ما يؤمر من انضمام العسكر وسعته، جلد 2، صفحه 345، رقم: 2630

السنن الكبرى للبيهقى، باب ما يومر به من انضمام العسكر، جلد 9، صفحه 152، رقم: 18923

المستدرك للحاكم، كتاب الجهاد، جلد 2، صفحه 392، رقم: 2540

صحيح ابن حبان، باب المسافر، جلد 6، صفحه 408، رقم: 2690

جامع الاصول لابن اثير، النوع الثالث فى السير والنزول، جلد 5، صفحه 21، رقم: 3004

997- سنن ابوداؤد، باب ما يؤمر به من القيام على الدواب والبهائم، جلد 2، صفحه 328، رقم: 2550

قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِي اَبُو سَلَمَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَامَ رَمَضَانَ اِيْمَانًا وَّاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ، وَمَنْ قَامَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ اِيْمَانًا وَّاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ.

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص ایمان کی حالت میں ثواب کی امید رکھتے ہوئے رمضان کے روزے رکھتا ہے اس شخص کے پچھلے تمام گناہوں کو معاف کر دیا جاتا ہے اور جو شخص ایمان کی حالت میں ثواب کی امید رکھتے ہوئے شب قدر میں نوافل پڑھتا ہے' اس کے پچھلے تمام گناہوں کو معاف کر دیا جاتا ہے۔

998- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اسْتَيْقَظَ اَحَدُكُمْ مِنْ نَوْمِهِ فَلَا يَغْمِسَنَّ يَدَهُ فِي الْاِنَاءِ حَتّٰى يَغْسِلَهَا ثَلَاثًا، فَاِنَّهُ لَا يَدْرِي اَيْنَ بَاتَتْ يَدُهُ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب کوئی آدمی نیند سے بیدار ہو تو اپنا ہاتھ برتن میں ڈالنے سے پہلے تین مرتبہ اپنے ہاتھ دھو لے کیونکہ وہ یہ نہیں جانتا کہ اس کا ہاتھ رات بھر کہاں کہاں لگتا رہا ہے۔

999- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ

حضرت اعرج از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت کرتے ہیں' سفیان

صحیح ابن خزیمه' باب استحباب الاحسان الی الدواب' جلد 4' صفحه 143' رقم:2545
مسند امام احمد' حدیث سهل بن الحنظلية' جلد 4' صفحه 180' رقم:17662
المعجم الکبیر للطبرانی' من اسمه سهل بن الحنظلية' جلد 6' صفحه 96' رقم:5630
صحیح ابن حبان' باب الجار' جلد 2' صفحه 302' رقم:545
998- سنن ابوداؤد' باب ما يؤمر به من القيام على الدواب والبهائم' جلد 2' صفحه 328' رقم:2551
مسند ابی یعلیٰ' مسند عبد الله بن جعفر' جلد 12' صفحه 157' رقم:6786
صحیح مسلم' باب ما يستتر به لقضاء الحاجة' جلد 1' صفحه 184' رقم:800
السنن الکبریٰ للبیهقی' باب نفقة الدواب' جلد 8' صفحه 13' رقم:16232
المستدرك للحاكم' كتاب الجهاد' جلد 2' صفحه 371' رقم:2485
999- سنن ابوداؤد' باب فی نزول المنازل' جلد 2' صفحه 329' رقم:2553
مسند البزار' مسند انس بن مالك' جلد 2' صفحه 366' رقم:7545
مصنف عبد الرزاق' باب ما يقول اذا نزل منزلا' جلد 5' صفحه 167' رقم:9263
مجمع الزوائد للهيثمی' باب ما يقول اذا نزل منزلا' جلد 10' صفحه 190' رقم:17110

النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ. قَالَ سُفْيَانُ: هٰذَا يَشُدُّ قَوْلَ مَنْ يَقُولُ: الْوُضُوءُ مِنْ مَسِّ الذَّكَرِ.

کہتے ہیں کہ اس سے اس شخص کے موقف کو تقویت ملتی ہے جو یہ کہتا ہے کہ شرمگاہ کو چھونے سے وضو لازم ہو جاتا ہے۔

1000- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ اُكَيْمَةَ اللَّيْثِيَّ يُحَدِّثُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: صَلّٰى بِنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الصُّبْحِ، فَلَمَّا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ قَالَ: هَلْ قَرَاَ مَعِي مِنْكُمْ اَحَدٌ؟. فَقَالَ رَجُلٌ: نَعَمْ اَنَا. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي اَقُولُ مَا بَالِي اُنَازَعُ الْقُرْاٰنَ؟. قَالَ سُفْيَانُ: ثُمَّ قَالَ الزُّهْرِيُّ شَيْئًا لَمْ اَفْهَمْهُ، فَقَالَ لِي مَعْمَرٌ بَعْدُ اَنَّهُ قَالَ: فَانْتَهَى النَّاسُ عَنِ الْقِرَاءَةِ فِيمَا جَهَرَ بِهِ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

قَالَ اَبُو بَكْرٍ: وَكَانَ سُفْيَانُ يَقُولُ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ: صَلّٰى بِنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةً اَظُنُّهَا صَلَاةَ الصُّبْحِ زَمَانًا مِنْ دَهْرِهِ، ثُمَّ قَالَ لَنَا سُفْيَانُ: نَظَرْتُ فِي كِتَابِي فَاِذَا فِيهِ عِنْدِي: صَلّٰى بِنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الصُّبْحِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں صبح کی نماز پڑھائی جب نبی اکرم ﷺ نے نماز مکمل کر لی تو ارشاد فرمایا: کیا میرے ساتھ تم میں سے کسی نے تلاوت کی ہے؟ تو ایک آدمی نے عرض کی: ہاں! میں نے کی ہے۔ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں بھی سوچ رہا تھا کہ کیا وجہ ہے کہ قرآن میں میرے ساتھ جھگڑا کیا جا رہا ہے۔ سفیان کہتے ہیں کہ پھر زہری نے کوئی بات کی جسے میں سمجھ نہیں سکا۔ بعد میں معمر نے مجھے بتایا کہ انہوں نے یہ کہا تھا: اس کے بعد لوگ ان نمازوں میں قرأت کرنے سے رک گئے جن میں رسول اللہ ﷺ جہری قرأت کرتے تھے۔

امام حمیدی فرماتے ہیں کہ سفیان اس حدیث کو بیان کرتے ہوئے یہ کہتے تھے: ''رسول اللہ ﷺ نے ہمیں نماز پڑھائی۔'' میرا خیال ہے کہ وہ صبح کی نماز تھی۔ وہ ایک طویل عرصے تک اسی طرح بیان کرتے رہے پھر سفیان نے ہمیں بتایا کہ میں نے اپنی کتاب کو دیکھا تو اس میں یہ الفاظ موجود ہیں: ''رسول اللہ ﷺ نے ہمیں صبح کی نماز پڑھائی۔''

1001- اَخْبَرَنَا اَبُو طَاهِرٍ: عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

1000- المعجم الکبیر للطبرانی' حدیث جعفر بن ابی طالب الطيار' جلد 2' صفحه 131' رقم:1557
1001- سنن ابوداؤد' باب الرجل يتحمل بمال غيره يغزو' جلد 2' صفحه 325' رقم:2536
السنن الکبریٰ للبیهقی' باب فضل النفقة فی سبیل الله عزوجل' جلد 9' صفحه 172' رقم:19044
المستدرك للحاكم' كتاب الجهاد' جلد 2' صفحه 360' رقم:2451

مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ زَيْدٍ الْمُؤَدِّبُ قِرَاءَةً عَلَيْهِ قَالَ أَخْبَرَنَا أَبُو عَلِيٍّ: مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ ابْنُ الصَّوَّافِ قِرَاءَةً عَلَيْهِ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى بْنِ صَالِحٍ أَبُو عَلِيٍّ الْأَسَدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَحْنُ الْآخِرُونَ وَنَحْنُ السَّابِقُونَ بَيْدَ أَنَّهُمْ أُوتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِنَا، وَأُوتِينَاهُ مِنْ بَعْدِهِمْ فَهَذَا الْيَوْمُ الَّذِي اخْتَلَفُوا فِيهِ فَهَدَانَا اللَّهُ لَهُ، فَالنَّاسُ لَنَا فِيهِ تَبَعٌ، الْيَهُودُ غَدًا وَالنَّصَارَى بَعْدَ غَدٍ.

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہم سب سے آخر والے ہیں جبکہ ہم میں سے پہلے ہوں گے وہ اس طرح کہ ان لوگوں کو ہم سے پہلے کتاب دی گئی ہے اور ہمیں ان لوگوں کے بعد کتاب دی گئی ہے اور یہ وہ دن ہے جس کے متعلق ان لوگوں نے اختلاف کیا تو اللہ تعالیٰ نے اس دن کے متعلق ہماری رہنمائی فرمائی تو اس دن کے حوالے سے لوگ ہمارے پیروکار ہیں' یہودیوں کا (دن) کل ہے اور عیسائیوں کا دن اس کے بعد آنے والا کل (یعنی پرسوں) ہے۔

1002- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ وَحَدَّثَنَاهُ ابْنُ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ: بَايْدَ أَنَّهُمْ. تَفْسِيرُهَا مِنْ أَجْلِ أَنَّهُمْ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے اسی کی مثل ارشاد فرمایا' سوائے ان الفاظ کے۔ راوی نے کہا کہ اس کی تفسیر کیوں کی گئی ہے اس کی وجہ یہ ہے۔

1003- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں نے یہ ارادہ کیا کہ

مسند امام احمد' مسند جابر بن عبد الله' جلد 3' صفحه 358' رقم:14906

جامع الاصول لابن اثير' النوع الرابع فى اعانة الرفيق' جلد 5' صفحه 22' رقم:3008

1002- سنن ابوداؤد' باب فى لزوم السنة' جلد 2' صفحه 347' رقم:2641

الآداب للبيهقى' باب المواسات مع الاصحاب وخدمة بعضهم بعضا' جلد 1' صفحه 396' رقم:653

المستدرك للحاكم' كتاب الجهاد' جلد 2' صفحه 342' رقم:2541

1003- صحيح مسلم' باب ما يقول اذا ركب الى سفر الحج وغيره' جلد 4' صفحه 104' رقم:3339

سنن ابوداؤد' باب ما يقول الرجل اذا سافر' جلد 2' صفحه 338' رقم:2601

السنن الكبرىٰ للبيهقى' باب ما يقول اذا ركب' جلد 5' صفحه 251' رقم:10615

سنن ترمذى' باب ما يقول اذا ركب الناقة' جلد 5' صفحه 501' رقم:3447

مسند امام احمد' مسند عبد الله بن عمر' جلد 2' صفحه 144' رقم:6311

هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ أُقِيمَ الصَّلَاةَ صَلَاةَ الْعِشَاءِ ثُمَّ آمُرَ فِتْيَانِي فَيُخَالِفُوا إِلَى بُيُوتِ أَقْوَامٍ يَتَخَلَّفُونَ عَنْ صَلَاةِ الْعِشَاءِ، فَيُحَرِّقُونَ عَلَيْهِمْ بِحُزَمِ الْحَطَبِ، وَلَوْ عَلِمَ أَحَدُهُمْ أَنَّهُ يَجِدُ مِرْمَاتَيْنِ حَسَنَتَيْنِ أَوْ عَظْمًا سَمِينًا لَشَهِدَ الصَّلَاةَ.

میں عشاء کی نماز کی جماعت کا حکم دوں اور پھر میں نوجوانوں کو حکم دوں کہ وہ ان لوگوں کے گھر جائیں جو عشاء کی نماز باجماعت میں شریک نہیں ہوئے اور ان پر لکڑیاں رکھ کر انہیں آگ لگا دیں اور اگر ان لوگوں کو یہ پتہ چل جائے کہ انہیں دو عمدہ قسم کے پائے ملیں گے یا موٹی گوشت والی ہڈی ملے گی تو وہ اس نماز میں ضرور شریک ہوں۔

1004- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا اسْتَجْمَرَ أَحَدُكُمْ فَلْيَسْتَجْمِرْ وِتْرًا، وَإِذَا اسْتَنْثَرَ فَلْيَسْتَنْثِرْ وِتْرًا.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی ڈھیلے استعمال کرے تو وہ طاق تعداد میں استعمال کرے اور جب کوئی شخص ناک صاف کرے تو طاق دفعہ کرے۔

1005- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْإِمَامُ أَمِيرٌ، فَإِنْ صَلَّى قَاعِدًا فَصَلُّوا قُعُودًا، وَإِنْ صَلَّى قَائِمًا فَصَلُّوا قِيَامًا.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: امام امیر ہے پس اگر وہ بیٹھ کر نماز پڑھتا ہے تو تم لوگ بھی بیٹھ کر نماز پڑھو اگر وہ کھڑا ہو کر نماز پڑھتا ہے تو تم لوگ بھی کھڑے ہو کر نماز پڑھو۔

1006- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ از رسول اللہ ﷺ

1004- صحيح مسلم' باب ما يقول اذا ركب الى سفر الحج وغيره' جلد 4' صفحه 105' رقم:3340

مسند عبد بن حميد' مسند عبد الله بن سرجس' صفحه 182' رقم:510

سنن النسائى الكبرىٰ' باب الاستعاذة من دعوة المظلوم' جلد 4' صفحه 459' رقم:7937

سنن ترمذى' باب ما يقول اذا خرج مسافرا' جلد 5' صفحه 497' رقم:3439

1005- سنن ابوداؤد' باب ما يقول الرجل اذا ركب' جلد 2' صفحه 339' رقم:2604

سنن ترمذى' باب ما يقول اذا ركب الناقة' جلد 5' صفحه 501' رقم:3446

سنن الكبرىٰ للنسائى' باب التسمية عند ركوب الدابة والتحميد والدعاء' جلد 5' صفحه 247' رقم:8799

مسند ابوداؤد الطيالسى' احاديث على بن ابى طالب' صفحه 20' رقم:132

1006- صحيح بخارى' باب التسبيح اذا هبط واديا' جلد 4' صفحه 57' رقم:2993

سُفْيَانُ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ اِلَّا اَنَّهُ قَالَ: لِلْاَمِيرِ اِمَامَةٌ .

اسی کی مثل روایت کرتے ہیں' البتہ اس میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ نے امیر کے لیے یہ فرمایا کہ وہ کا امام ہو۔

1007- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : يَعْقِدُ الشَّيْطَانُ عَلٰى قَافِيَةِ رَاْسِ اَحَدِكُمْ ثَلَاثَ عُقَدٍ، يَضْرِبُ عَلَيْكَ مَكَانَ كُلِّ عُقْدَةٍ لَيْلًا طَوِيلًا فَنَمْ، فَاِنْ تَعَارَّ مِنَ اللَّيْلِ فَذَكَرَ اللّٰهَ تَعَالٰى انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ، فَاِنْ تَوَضَّا انْحَلَّتْ عُقْدَتَانِ، فَاِنْ صَلّٰى انْحَلَّتِ الْعُقَدُ كُلُّهَا، وَاَصْبَحَ طَيِّبَ النَّفْسِ نَشِيطًا، وَاِلَّا اَصْبَحَ خَبِيثَ النَّفْسِ كَسْلَانَ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: شیطان آدمی کی گدی پر تین گرہیں لگاتا ہے وہ ہر گرہ لگاتے ہوئے یہ کہتا ہے: تم آرام کرو' ابھی رات لمبی ہے سوئے رہو۔ اگر آدمی رات کو اُٹھ کر اللہ کا ذکر کرے تو ایک گرہ کھل جاتی ہے اور اگر وہ وضو کرے تو دو گرہیں کھل جاتی ہیں اور اگر وہ نماز بھی پڑھ لے تو تمام گرہیں کھل جاتی ہیں اور صبح کے وقت آدمی تازہ دم اور ہشاش بشاش ہوتا ہے ورنہ آدمی کاہل اور سست ہوتا ہے۔

1008- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : تَرَوْنَ قِبْلَتِي هٰذِهِ؟ فَمَا يَخْفٰى عَلَيَّ رُكُوعُكُمْ وَلَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم یہ سمجھتے ہو کہ میری توجہ قبلہ کی طرف ہوتی ہے' سو تمہارا رکوع کرنا اور تمہارا خشوع' یا فرمایا: تمہارے رکوع اور تمہارے سجدے مجھ پر

جامع الاصول لابن اثیر' الفصل السابع فی ادعیة السفر والقفول' جلد 4' صفحہ 290' رقم: 2286

مشکوٰۃ المصابیح' باب الدعوات فی الاوقاف' الفصل الثالث' جلد 2' صفحہ 52' رقم: 2453

1007- سنن ابوداؤد' باب ما یقول الرجل اذا سافر' جلد 2' صفحہ 338' رقم: 2601

جامع الاصول لابن اثیر' الفصل الثانی' جلد 2' صفحہ 570' رقم: 1049

مصنف عبد الرزاق' باب القول فی السفر' جلد 5' صفحہ 160' رقم: 9245

1008- صحیح بخاری' باب ما یقول اذا رجع من الحج او العمرة' جلد 3' صفحہ 7' رقم: 1797

صحیح مسلم' باب ما یقول اذا قفل من سفر الحج وغیرہ' جلد 4' صفحہ 105' رقم: 3343

سنن ابوداؤد' باب فی التکبیر علی کل شرف فی المیسر' جلد 3' صفحہ 43' رقم: 2772

الآداب للبیہقی' باب ما یقول فی القفول' جلد 1' صفحہ 400' رقم: 659

مؤطا امام محمد' باب القفول من الحج أو العمرة' جلد 2' صفحہ 411' رقم: 514

خُشُوعُكُمْ، اَوْ رُكُوعُكُمْ وَلَا سُجُودُكُمْ .

پوشیدہ نہیں ہیں۔

1009- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ شَابُورٍ وَحُمَيْدٌ الْاَعْرَجُ عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ فِي قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ (وَتَقَلُّبَكَ فِي السَّاجِدِينَ) قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرٰى مِنْ خَلْفِهِ فِي الصَّلَاةِ كَمَا يَرٰى مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ .

حضرت مجاہد اللہ عزوجل کے اس فرمان "اور وہ تمہیں سجدہ کرنے والوں میں پھیرتا ہے۔" کے متعلق بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نماز کے دوران اپنے پیچھے بھی اسی طرح دیکھتے تھے جس طرح آپ اپنے سامنے دیکھتے۔

1010- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا يَقُولَنَّ اَحَدُكُمُ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي اِنْ شِئْتَ، اللّٰهُمَّ ارْحَمْنِي اِنْ شِئْتَ، وَلٰكِنْ لِيَعْزِمِ الْمَسْاَلَةَ فَاِنَّهُ لَا مُكْرِهَ لَهُ . اَوْ قَالَ: لَا مُكْرِهَ لَهُ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کوئی بھی تم میں سے یہ ہرگز نہ کہے کہ اے اللہ! اگر تو چاہے تو میری مغفرت کر دے۔ اے اللہ! اگر تو چاہے تو مجھ پر رحم کر۔ آدمی کو یقین اکمل کے ساتھ مانگنا چاہیے کیونکہ اللہ تعالیٰ کو مجبور کرنے والا کوئی نہیں ہے۔

1011- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

1009- سنن ترمذی' باب ما یقول اذا ودع انسانا' جلد 5' صفحہ 500' رقم: 3445

صحیح ابن حبان' باب المسافر' جلد 6' صفحہ 420' رقم: 2702

مسند امام احمد' مسند ابی ہریرة رضی اللّٰه عنه' جلد 2' صفحہ 331' رقم: 8367

مسند البزار' مسند ابی ہریرة رضی اللّٰه عنه' جلد 2' صفحہ 441' رقم: 8528

سنن الکبریٰ للبیہقی' باب التودیع' جلد 5' صفحہ 251' رقم: 10093

1010- صحیح بخاری' باب ما یکرہ من رفع الصوت فی التکبیر' جلد 4' صفحہ 57' رقم: 2992

صحیح مسلم' باب استحباب خفض الصوت بالذکر' جلد 8' صفحہ 73' رقم: 7037

السنن الکبریٰ للبیہقی' باب الاختیار' جلد 2' صفحہ 184' رقم: 3132

سنن الکبریٰ للنسائی' باب التکبیر علی الشرف من الارض' جلد 5' صفحہ 255' رقم: 8823

مسند امام احمد' حدیث ابی موسی الاشعری' جلد 4' صفحہ 394' رقم: 19538

1011- سنن ابوداؤد' باب الدعا بظہر الغیب' جلد 1' صفحہ 563' رقم: 1538

سنن ترمذی' باب ما جاء فی دعوة الوالدین' جلد 4' صفحہ 314' رقم: 1905

سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا يُصَلِّيَنَّ اَحَدُكُمْ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ، لَيْسَ عَلَى عَاتِقِهِ مِنْهُ شَيْءٌ ۔

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم میں سے کوئی بھی ایک کپڑا پہن کر اس طرح کبھی بھی نماز نہ پڑھے کہ اس کے شانوں پر اس کپڑے کا کوئی حصہ نہ ہو۔

1012- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ لَاَمَرْتُهُمْ بِتَاْخِيرِ الْعِشَاءِ ، وَالسِّوَاكِ عِنْدَ كُلِّ صَلَاةٍ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر مجھے اہل ایمان کے مشقت میں پڑ جانے کا ڈر نہ ہوتا تو میں انہیں عشاء کی نماز دیر سے پڑھنے کا حکم دیتا اور ہر نماز کے وقت مسواک کرنے کی ہدایت کرتا۔

1013- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ قَالَ اَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجُ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِذَا قُلْتَ لِصَاحِبِكَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَالْاِمَامُ يَخْطُبُ: اَنْصِتْ، فَقَدْ لَغَيْتَ ۔ قَالَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم نے جمعہ کے دن اپنے ساتھی سے یہ کہا اور امام اس وقت خطبہ دے رہا ہو کہ تم چپ رہو تو تم نے بے ہودہ بات کی۔ ابوزناد کہتے ہیں کہ یہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی لغت ہے ورنہ یہ

مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ ' جلد 2' صفحہ 258' رقم:7501
الادب المفرد للبخاری' باب دعوۃ الوالدین' صفحہ 25' رقم:32
مسند عبد بن حمید' من مسند ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ ' صفحہ 416' رقم:1421
1012- سنن ابوداؤد' باب ما یقول اذا خاف قوما' جلد 1' صفحہ 564' رقم:1539
سنن الکبری للنسائی' باب الدعا اذا خاف قوما' جلد 5' صفحہ 188' رقم:8631
السنن الکبری للبیہقی' باب ما یقول اذا خاف قوما' جلد 5' صفحہ 253' رقم:10624
صحیح ابن حبان' باب الخروج وکیفیة الجہاد' جلد 11' صفحہ 82' رقم:4765
مسند امام احمد' حدیث ابی موسی الاشعری' جلد 4' صفحہ 414' رقم:19734
1013- صحیح مسلم' باب فی التعوذ من سؤر القضاء ودرك الشقاء وغیرہ ' جلد 8' صفحہ 76' رقم:7053
السنن الکبری للبیہقی' باب ما یقول اذا نزل منزلا' جلد 5' صفحہ 253' رقم:10621
سنن ترمذی' باب ما جاء ما یقول اذا نزل منزلا' جلد 5' صفحہ 496' رقم:3437
سنن الدارمی' باب ما یقول اذا نزل منزلا' جلد 2' صفحہ 325' رقم:2680

الزِّنَادِ وَهُوَ لُغَةُ اَبِي هُرَيْرَةَ وَاِنَّمَا هُوَ لَغَوْتَ ۔

لفظ لغوت ہے۔

1014- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِذَا وَلَغَ بُ فِي اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَلْيَغْسِلْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب کتا کسی شخص کے برتن میں منہ ڈال دے تو وہ اس کو سات دفعہ دھوئے۔

1015- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ رِيْنَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ مِثْلَهُ رَفَعَهُ مَرَّةً اِلَّا اَنَّهُ قَالَ: هُنَّ اَوْ اِحْدَاهُنَّ بِالتُّرَابِ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اسی کی مثل ایک دفعہ مرفوع حدیث بیان کی لیکن اس میں یہ الفاظ ہیں: ان میں سے پہلی دفعہ یا ان میں سے ایک دفعہ مٹی کے ساتھ دھوئے۔

1016- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ قَالَ اَخْبَرَنِي مُوسَى بْنُ عُثْمَانَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَبُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ فِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم میں سے کوئی بھی رکے ہوئے پانی میں پیشاب نہ کرے کہ وہ پھر اس میں غسل بھی کرے۔

سنن الکبری للنسائی' باب ما یقول اذا نزل منزلا' جلد 6' صفحہ 144' رقم:10394
10- سنن ابوداؤد' باب ما یقول الرجل اذا نزل منزلا' جلد 2' صفحہ 339' رقم:2605
سنن النسائی الکبری' باب ما یقول اذا کان فی سفر فاقبل اللیل' جلد 6' صفحہ 144' رقم:10398
10- صحیح بخاری' باب السفر قطعة من العذاب' جلد 3' صفحہ 8' رقم:1804
صحیح مسلم' باب السفر قطعة من العذاب واستحباب تعجیل المسافر الی اھلہ ' جلد 6 صفحہ 55' رقم:5070
مسند امام احمد' مسند ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ ' جلد 2' صفحہ 445' رقم:9738
الآداب للبیہقی' باب الاختیار فی القفول' جلد 1' صفحہ 399' رقم:658
سنن ابن ماجہ ' باب الخروج الی الحج' جلد 2' صفحہ 962' رقم:2882
سنن الدارمی' باب السفر قطعة من العذاب' جلد 2' صفحہ 372' رقم:2670
مسند البزار' مسند ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ ' جلد 2' صفحہ 477' رقم:8961
10- صحیح بخاری' باب لا یطرق اھلہ لیلا اذا طال الغیبة ' جلد 7' صفحہ 39' رقم:5244
صحیح مسلم' باب کراھة الطروق وھو الدخول لیلا لمن ورد من سفر' جلد 6' صفحہ 56' رقم:5078
مسند امام احمد' مسند جابر بن عبد اللہ ' جلد 3' صفحہ 396' رقم:15300

الْمَاءِ الدَّائِمِ ثُمَّ يَغْتَسِلُ مِنْهُ .

1017- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَبُولَنَّ أَحَدُكُمْ فِي الْمَاءِ الدَّائِمِ الَّذِي لَا يَجْرِي ثُمَّ يَغْتَسِلُ مِنْهُ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی رُکے ہوئے پانی میں پیشاب نہ کرے کہ وہ پھر اسی میں غسل بھی کرے۔

1018- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ الْعُمَرِيُّ عَنْ مَوْلًى لِأَبِي رُهْمٍ قَالَ: لَقِيَ أَبُو هُرَيْرَةَ امْرَأَةً مُتَطَيِّبَةً فَقَالَ: أَيْنَ تُرِيدِينَ يَا أَمَةَ الْجَبَّارِ؟ قَالَتِ الْمَسْجِدَ . قَالَ: وَلَهُ تَطَيَّبْتِ؟ قَالَتْ: نَعَمْ . قَالَ: ارْجِعِي فَاغْتَسِلِي، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَيُّمَا امْرَأَةٍ تَطَيَّبَتْ، ثُمَّ خَرَجَتْ تُرِيدُ الْمَسْجِدَ، لَمْ تُقْبَلْ لَهَا صَلَاةٌ، وَلَا كَذَا وَلَا كَذَا حَتَّى تَرْجِعَ فَتَغْتَسِلَ غُسْلَهَا مِنَ الْجَنَابَةِ .

حضرت عاصم بن عبید اللہ عمری حضرت ابورہم کے مولیٰ روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ایک عورت سے ملے جس نے خوشبو لگا رکھی تھی تو انہوں نے پوچھا: اے اللہ کی بندی! تم کہاں جا رہی ہو؟ اس نے کہا: مسجد میں۔ تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے پوچھا: مسجد کے لیے تم نے خوشبو لگائی ہے؟ اس نے کہا: ہاں! تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم واپس چلی جاؤ اور اسے دھو' ختم کرو اس لیے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو عورت خوشبو لگا کر مسجد کی طرف نکلتی ہے تو اس کی نماز قبول نہیں ہوتی' اور یہ بھی نہیں ہوتا اور وہ بھی نہیں ہوتا حتیٰ کہ وہ واپس جا کر غسل جنابت کی طرح غسل نہ کرے۔

1017- صحیح بخاری' باب الدخول بالعشی' جلد 3' صفحہ 7' رقم: 1800
صحیح مسلم' باب کراهة الطروق وهو الدخول لیلا لمن ورد من سفر' جلد 6' صفحہ 55' رقم: 5071
الآداب للبیهقی' باب لا یطرق اهله لیلا' جلد 1' صفحہ 400' رقم: 660
سنن النسائی الکبری' باب الوقت الذی یستحب للرجل أن یطرق فیه زوجته' جلد 5' صفحہ 362' رقم: 9146
مسند امام احمد بن حنبل' مسند انس بن مالك' جلد 3' صفحہ 204' رقم: 13141
1018- صحیح مسلم' باب ما یقول اذا قفل من سفر الحج' جلد 4' صفحہ 105' رقم: 3345
سنن النسائی الکبری' باب ما یقول اذا أشرف علی المدینة' جلد 2' صفحہ 478' رقم: 4247

1019- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا سُمَيٌّ مَوْلَى أَبِي بَكْرٍ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَعَوَّذُ مِنْ جَهْدِ الْبَلَاءِ، وَدَرَكِ الشَّقَاءِ، وَسُوءِ الْقَضَاءِ، وَشَمَاتَةِ الْأَعْدَاءِ. قَالَ سُفْيَانُ: ثَلَاثَةٌ مِنْ هَذِهِ الْأَرْبَعِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ آزمائش کی سختی، بدبختی آنے، برے فیصلے اور دشمن کی چالبازیوں سے پناہ مانگا کرتے تھے۔ سفیان کہتے ہیں کہ ان چار میں یہ تین چیزیں ہیں۔

1020- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي الْعَلَاءُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَعْقُوبَ مَوْلَى الْحُرَقَةِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ اللَّهُ تَعَالَى قَسَمْتُ الصَّلَاةَ بَيْنِي وَبَيْنَ عَبْدِي، فَإِذَا قَالَ الْعَبْدُ (الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ) قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: حَمِدَنِي عَبْدِي . فَإِذَا قَالَ (الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ) قَالَ: أَثْنَى عَلَيَّ عَبْدِي أَوْ مَجَّدَنِي عَبْدِي. وَإِذَا قَالَ الْعَبْدُ (مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ) قَالَ: فَوَّضَ إِلَيَّ عَبْدِي . فَإِذَا قَالَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ہے میں نے نماز کو اپنے اور اپنے بندے کے درمیان تقسیم کر دیا ہے' جب میرا بندہ یہ کہتا ہے: ''تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں' تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرے بندے نے میری حمد بیان کی ہے۔ جب بندہ یہ کہتا ہے: ''وہ مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔'' تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرے بندے نے میری تعریف کی ہے یا میرے بندے نے میری بزرگی بیان کی ہے۔ جب بندہ

1019- سنن النسائی الکبری' باب من آتاه الله مالا من غیر مسألة' جلد 2' صفحہ 56' رقم: 2386
السنن الکبری للبیهقی' باب اعطاء الغنی من التطوع' جلد 6' صفحہ 183' رقم: 12398
سنن الدارمی' باب النهی عن رد الهدیة' جلد 1' صفحہ 475' رقم: 1647
صحیح ابن خزیمة' باب اعطاء العامل علی الصدقة' جلد 4' صفحہ 67' رقم: 2365
صحیح بخاری' باب رزق الحکام والعاملین علیها' جلد 6' صفحہ 262' رقم: 6744
صحیح مسلم' باب الاباحة الاخذ لمن اعطی من غیر مسألة ولا اشراف' جلد 3' صفحہ 98' رقم: 2452
1020- صحیح بخاری' باب فی کم یقصر الصلاة' جلد 2' صفحہ 43' رقم: 1086
صحیح مسلم' باب سفر المراة مع محرم الی حج وغیره' جلد 4' صفحہ 103' رقم: 3332
السنن الکبری للبیهقی' باب حجة من قال لا تقصر الصلاة فی اقل من ثلاثة ایام' جلد 3' صفحہ 138' رقم: 5615
مسند امام احمد' مسند ابی هریرة رضی الله عنه' جلد 2' صفحہ 437' رقم: 9628
مسند الشافعی' الباب الاول فیما جاء فی فرض الحج وشروطه' صفحہ 801' رقم: 747

(اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ) فَهٰذِهِ بَيْنِيْ وَبَيْنَ عَبْدِيْ وَلِعَبْدِيْ مَا سَاَلَ (اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ) فَهٰذِهِ لِعَبْدِيْ، وَلِعَبْدِيْ مَا سَاَلَ .

کہتا ہے: ''وہ روز جزا کا مالک ہے۔'' تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرے بندے نے اپنا آپ میرے حوالے کردیا ہے۔ جب بندہ یہ کہتا ہے: ''ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔'' تو یہ حصہ میرے اور میرے بندے کے درمیان ہے اور میرا بندہ جو مانگتا ہے وہ اسے ملے گا۔ جب وہ یہ کہتا ہے: ''ہم کو سیدھا راستہ چلا اور ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام کیا نہ کہ ان لوگوں کا راستہ جن پر تیرا غضب ہوا اور نہ بھٹکے ہوؤں کا۔'' تو یہ چیز میرے بندے کو ملے گی اور میرا بندہ جو مانگے گا وہ اسے ملے گا۔

1021- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ وَعَبْدُ الْعَزِيْزِ الدَّرَاوَرْدِيُّ وَابْنُ اَبِيْ حَازِمٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّ صَلَاةٍ لَّا يُقْرَاُ فِيْهَا بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فَهِيَ خِدَاجٌ، فَهِيَ خِدَاجٌ . قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ فَقُلْتُ لِاَبِيْ هُرَيْرَةَ: فَاِنِّيْ اَسْمَعُ قِرَاءَةَ الْاِمَامِ، فَغَمَزَنِيْ بِيَدِهٖ وَقَالَ يَا فَارِسِيُّ اَوْ يَا ابْنَ الْفَارِسِيِّ اقْرَاْ بِهَا فِيْ نَفْسِكَ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہر وہ نماز جس میں سورہ فاتحہ نہ پڑھی جائے وہ ادھوری ہے وہ ادھوری ہے۔ عبدالرحمٰن کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ بسا اوقات میں امام کی تلاوت سن رہا ہوتا ہوں تو انہوں نے اپنے ہاتھ کے ذریعے مجھے چھو کر فرمایا: اے فارسی! یا فرمایا: ابن فارسی! تم دل میں اسے پڑھ لیا کرو۔

1022- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مرفوع حدیث بیان

1021- صحیح بخاری، باب لا یخلون رجل بامراۃ الا ذومحرم والدخول علی المغیبۃ، جلد 7، صفحہ 37، رقم: 5233
صحیح مسلم، باب سفر المراۃ مع محرم الی حج وغیرہ، جلد 4، صفحہ 401، رقم: 3336
الآداب للبیہقی، باب لا یخلو رجل بامرأۃ اجنبیۃ، جلد 1، صفحہ 361، رقم: 600
مسند امام احمد بن حنبل، مسند عبد اللہ بن العباس، جلد 1، صفحہ 222، رقم: 1934
مسند الحمیدی، احادیث ابن عباس رضی اللہ عنہما، جلد 1، صفحہ 221، رقم: 468
1022- صحیح مسلم، باب فضل قراۃ القران وسورۃ البقرہ، جلد 1، صفحہ 553، رقم: 804
السنن الصغریٰ للبیہقی، باب فی فضل القران، جلد 1، صفحہ 307، رقم: 972

سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ رَفَعَهٗ مَرَّةً قَالَ: تُعْرَضُ الْاَعْمَالُ فِيْ كُلِّ يَوْمِ اثْنَيْنِ وَخَمِيْسٍ، فَيَغْفِرُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمَيْنِ لِكُلِّ امْرِءٍ لَّا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا اِلَّا امْرَاً كَانَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ اَخِيْهِ شَحْنَاءُ فَيُقَالُ: اتْرُكُوْا هٰذَيْنِ حَتّٰى يَصْطَلِحَا، اتْرُكُوْا هٰذَيْنِ حَتّٰى يَصْطَلِحَا .

کرتے ہیں کہ ہر پیر اور جمعرات کے دن اعمال پیش کیے جاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان دو دنوں میں ہر اس آدمی کی مغفرت کر دیتا ہے جو کسی کو اللہ تعالیٰ کا شریک نہ ٹھہراتا ہو سوائے اس کے جس کی اپنے کسی بھائی کے ساتھ ناراضگی ہو' ان دونوں کو اس وقت تک رہنے دو جب تک یہ دونوں صلح نہیں کر لیتے' ان دونوں کو اس وقت تک رہنے دو جب تک یہ دونوں صلح نہیں کر لیتے۔

1023- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا سُهَيْلُ بْنُ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نُصَلِّيَ بَعْدَ الْجُمُعَةِ اَرْبَعًا . قَالَ سُفْيَانُ وَقَالَ غَيْرِيْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ كَانَ مِنْكُمْ مُصَلِّيًا بَعْدَ الْجُمُعَةِ فَلْيُصَلِّ اَرْبَعًا . وَهٰذَا اَحْسَنُ فَاَمَّا الَّذِيْ حَفِظْتُ اَنَا الْاَوَّلُ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں یہ حکم فرمایا تھا کہ ہم جمعے کے بعد چار رکعت پڑھا کریں۔ سفیان کہتے ہیں کہ دوسرے راویوں نے یہ الفاظ بیان کیے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا: ''تم میں سے جس نے جمعہ کے بعد نماز پڑھنی ہو تو اسے چاہیے کہ چار رکعت پڑھے۔'' یہ روایت زیادہ بہتر ہے اور جو الفاظ میں نے یاد کیے ہیں وہ پہلے والے ہیں۔

1024- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيْدٍ

حضرت سعید مقبری روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا: میں ایسا آدمی

مسند الشامیین للطبرانی، احادیث معاویۃ عن زید بن سلام، جلد 4، صفحہ 105، رقم: 2862
1023- صحیح مسلم، باب فضل قراۃ القران وسورۃ البقرہ، جلد 2، صفحہ 197، رقم: 1912
السنن الکبریٰ للبیہقی، باب المعاہدۃ علی قراۃ القرآن، جلد 2، صفحہ 395، رقم: 4227
مصنف عبد الرزاق، باب تعلیم القرآن وفضلہ، جلد 3، صفحہ 365، رقم: 5991
1024- صحیح بخاری، باب خیر کم من تعلم القران وعلمہ، جلد 6، صفحہ 192، رقم: 5027
مسند امام احمد، مسند عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ، جلد 1، صفحہ 69، رقم: 500
سنن ابوداؤد، باب فی ثواب قراۃ القرآن، جلد 1، صفحہ 543، رقم: 1454
سنن ترمذی، باب ما جاء فی تعلیم القرآن، جلد 5، صفحہ 173، رقم: 2907
سنن الدارمی، باب خیارکم من تعلم القران وعلمہ، جلد 2، صفحہ 538، رقم: 3337

الْمَقْبُرِيِّ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِأَبِي هُرَيْرَةَ: إِنِّي رَجُلٌ كَثِيرُ الشَّعْرِ، وَلَا يَكْفِينِي ثَلَاثُ حَثَيَاتٍ . فَقَالَ: رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكْثَرُ مِنْكَ شَعْرًا وَأَطْيَبُ مِنْكَ كَانَ يَحْثِي عَلَى رَأْسِهِ ثَلَاثًا.

ہوں جس کے بال گھنے ہیں' تین دفعہ پانی ڈالنا کافی نہیں' تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ کے بال تم سے بھی زیادہ تھے اور رسول اللہ ﷺ تم سے بھی زیادہ پاکیزہ تھے لیکن آپ اپنے سر پر تین دفعہ ہی پانی ڈالتے تھے۔

1025- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا تَمْنَعُوا إِمَاءَ اللّٰهِ مَسَاجِدَ اللّٰهِ، وَلَا يَخْرُجْنَ إِلَّا وَهُنَّ تَفِلَاتٌ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کی لونڈیوں کو اللہ تعالیٰ کی مساجد میں جانے سے نہ روکو اور عورتیں اس طرح نہ نکلیں کہ وہ خوشبوؤں سے معطر ہوں۔

1026- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَيُصَبِّحُ الْقَوْمَ بِالنِّعْمَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ عزوجل صبح یا شام کے وقت کسی قوم کو کوئی نعمت عطا کرتا ہے تو ان میں سے بعض لوگ اس کا انکار کرتے ہیں اور یہ کہتے ہیں: ہم پر فلاں ستارے کی وجہ سے بارش ہوئی ہے۔

1025- صحیح بخاری' باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم الماهر بالقرآن مع الکرام البررة ' جلد 6' صفحه 166' رقم:4937

صحیح مسلم' باب فضل الماهر بالقران والذی ینتعتع فیه ' جلد 2' صفحه 195' رقم:1898

سنن الدارمی' باب فضل من یقرأ القران ویشتد علیه ' جلد 2' صفحه 537' رقم:3368

سنن ابوداؤد' باب فی ثواب قرأة القران' جلد 1' صفحه 543' رقم:1456

سنن ترمذی' باب ما جاء فی فضل قارئ القران' جلد 5' صفحه 171' رقم:2904

1026- صحیح بخاری' باب ذکر الطعام' جلد 7' صفحه 77' رقم:5427

صحیح مسلم' باب فضیلة حافظ القرآن' جلد 2' صفحه 194' رقم:1896

سنن ابوداؤد' باب من یؤمر ان یجالس' جلد 4' صفحه 406' رقم:4831

سنن ترمذی' باب ما جاء فی مثل المؤمن القاری للقران وغیر القاری' جلد 5' صفحه 150' رقم:2865

سنن الکبری للنسائی' باب مثل المؤمن الذی یقرأ القران' جلد 5' صفحه 29' رقم:8082

وَبِمَسِيهِمْ فَيُصْبِحُ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ بِهَا كَافِرِينَ يَقُولُونَ: مُطِرْنَا بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا .

1027- قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ فَحَدَّثْتُ بِهِ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ فَقَالَ: قَدْ سَمِعْنَا هٰذَا مِنْ أَبِي هُرَيْرَةَ وَلٰكِنْ أَخْبَرَنِي مَنْ شَهِدَ عُمَرَ يَسْتَسْقِي بِالنَّاسِ فَقَالَ: يَا عَبَّاسُ يَا عَمَّ رَسُولِ اللّٰهِ: كَمْ بَقِيَ مِنْ نَوْءِ الثُّرَيَّا؟ قَالَ: الْعُلَمَاءُ بِهَا يَزْعُمُونَ أَنَّهَا تَعْتَرِضُ بَعْدَ سُقُوطِهَا فِي الْأُفُقِ سَبْعًا . قَالَ: فَمَا مَضَتْ سَابِعَةٌ حَتّٰى مُطِرْنَا.

حضرت محمد بن ابراہیم کہتے ہیں کہ میں نے یہ روایت حضرت سعید بن مسیب کو سنائی تو انہوں نے کہا کہ ہم نے یہ روایت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنی ہے۔لیکن ہمیں اس آدمی نے بتایا جو اس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا جب انہوں نے لوگوں کے لیے بارش کی دعا مانگی۔تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ کہا: اے حضرت عباس! اے اللہ کے رسول کے چچا! فلاں ستارے کا کتنا حصہ باقی رہ گیا ہے؟ تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا: اس علم کے ماہرین کا یہ کہنا ہے یہ گرنے کے بعد افق میں سات دن تک چوڑائی کی سمت میں رہے گا۔تو (حضرت عمر رضی اللہ عنہ) نے فرمایا: تو سات دن گزرنے سے پہلے ہی ہم پر بارش ہو جائے گی۔

1028- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ سے اللہ تعالیٰ کے عذاب کی پناہ مانگو اللہ تعالیٰ سے موت کے فتنے سے

1027- صحیح مسلم' باب فضل من یقوم بالقران ویعلمه وفضل من تعلم حکمة من فقه ' جلد 2' صفحه 201' رقم:1934

مسند امام احمد بن حنبل' مسند عمر بن الخطاب رضی الله عنه 'جلد 1' صفحه 35' رقم:232

السنن الکبری للبیهقی' باب امامة الموالی' جلد 3' صفحه 89' رقم:5329

سنن ابن ماجه ' باب فضل من تعلم القرآن وعلمه ' جلد 1' صفحه 79' رقم:218

سنن الدارمی' باب ان الله یرفع بهذا القران اقواما ویضع آخرین' جلد 2' صفحه 536' رقم:3365

1028- مسند امام احمد بن حنبل' حدیث امراة من بنی سلیم رضی الله عنه ' جلد 4' صفحه 68' رقم:16688

الاحاد والمثانی' ومن بنی عبد الدار بنی قصی' جلد 1' صفحه 436' رقم:611

المعجم الکبیر للطبرانی' حدیث عثمان بن ابی العاص' جلد 9' صفحه 62' رقم:8396

سنن ابوداؤد' باب فی دخول الکعبة ' جلد 3' صفحه 61' رقم:2030

عُوذُوا بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ، عُوذُوا بِاللّٰهِ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، عُوذُوا بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، عُوذُوا بِاللّٰهِ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ .

پناہ مانگو اللہ تعالیٰ سے قبر کے عذاب سے پناہ مانگو اللہ تعالیٰ سے دجال کے فتنے سے پناہ مانگو۔

1029- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ .

حضرت طاؤس از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت بیان کرتے ہیں۔

1030- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ .

حضرت اعرج از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت بیان کرتے ہیں۔

1031- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوبُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: صَلّٰى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِحْدَى صَلَاتَيِ الْعَشِيِّ اِمَّا الظُّهْرَ وَاِمَّا الْعَصْرَ - وَاَكْثَرُ ظَنِّي اَنَّهَا الْعَصْرُ - رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ انْصَرَفَ اِلَى جِذْعٍ فِي الْمَسْجِدِ، فَاسْتَنَدَ اِلَيْهِ وَهُوَ مُغْضَبٌ، وَخَرَجَ سَرَعَانُ النَّاسِ يَقُولُونَ: قَصُرَتِ الصَّلَاةُ، قَصُرَتِ الصَّلَاةُ، وَفِي الْقَوْمِ اَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ فَهَابَا اَنْ يُكَلِّمَاهُ، فَقَامَ ذُو الْيَدَيْنِ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَقَصُرَتِ الصَّلَاةُ اَمْ نَسِيتَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يَقُولُ ذُو الْيَدَيْنِ ؟ . فَقَالُوا: صَدَقَ. فَصَلّٰى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے شام کی دو نمازوں میں سے کوئی ایک نماز ہمیں پڑھائی' شاید وہ ظہر کی نماز تھی یا عصر کی تھی اور میرا غالب گمان یہ ہے کہ وہ عصر کی نماز تھی تو رسول اللہ ﷺ نے دو رکعات پڑھانے کے بعد سلام پھیر دیا۔ پھر آپ مسجد میں موجود ایک تنے کے پاس گئے اور اس کے ساتھ ٹیک لگا لی۔ آپ اس وقت غصے کی حالت میں تھے' کچھ لوگ مسجد سے باہر نکل گئے اور وہ یہ کہہ رہے تھے نماز مختصر ہوگئی ہے' نماز مختصر ہوگئی۔ لوگوں میں موجود حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تھے لیکن ان دونوں کی یہ ہمت نہ ہوئی کہ وہ رسول اللہ ﷺ سے اس بارے میں دریافت کریں تو حضرت ذوالیدین

1031- صحیح بخاری' باب فضل سورة الكهف' جلد 6' صفحه 188' رقم: 5011
صحیح مسلم' باب نزول السكينة لقرأة القران' جلد 2' صفحه 193' رقم: 1892
مسند امام احمد بن حنبل' حديث البراء بن عازب' جلد 4' صفحه 293' رقم: 18614
سنن ترمذی' باب ما جاء فی فضل سورة الكهف' جلد 5' صفحه 161' رقم: 2885
مسند ابوداؤد الطيالس' حديث البراء بن عازب رضى الله عنه ' صفحه 97' رقم 714

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ، ثُمَّ كَبَّرَ وَسَجَدَ كَسُجُودِهٖ اَوْ اَطْوَلَ، ثُمَّ رَفَعَ ثُمَّ كَبَّرَ فَسَجَدَ ثُمَّ كَبَّرَ وَرَفَعَ. قَالَ مُحَمَّدٌ فَاُخْبِرْتُ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: وَسَلَّمَ.

رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا نماز مختصر ہوگئی ہے یا آپ بھول گئے ہیں؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ذوالیدین کیا کہہ رہا ہے؟ لوگوں نے عرض کی: یہ صحیح کہہ رہے ہیں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے ہمیں دو رکعتیں پڑھائیں پھر سلام پھیرا پھر آپ نے تکبیر کہی پھر آپ نے اپنے عام سجدہ کی طرح سجدہ کیا یا لمبا سجدہ کیا۔ پھر آپ نے سر اٹھایا پھر تکبیر کہتے ہوئے سجدہ کیا۔ پھر آپ نے تکبیر کہی اور سر اٹھایا۔ محمد (بن سیرین) کہتے ہیں کہ مجھے یہ بتایا گیا ہے کہ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ سے یہ بات بیان کی اور کہا: اور پھر سلام پھیرا تھا۔

1032- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي لَبِيدٍ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ نَحْوَ حَدِيثِ اَيُّوبَ وَزَادَ فِيهِ: فَنَظَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمِينًا وَشِمَالاً فَقَالَ: مَا يَقُولُ ذُو الْيَدَيْنِ ؟

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اسی حدیث حضرت ایوب کی مثل روایت ہے اور اس میں یہ الفاظ زائد ہیں: ''پس رسول اللہ ﷺ نے اپنے دائیں اور بائیں طرف دیکھا اور پوچھا: ''ذوالیدین کیا کہہ رہا ہے؟''

1033- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

1032- سنن ترمذی' باب ما جاء فيمن قراء حرفا من القران ماله من الاجر' جلد 5' صفحه 175' رقم: 2910
مسند البزار' مسند عوف بن مالك' جلد 1' صفحه 424' رقم: 2761
مصنف ابن ابی شيبة ' باب ثواب من قرأ حروف القران' جلد 6' صفحه 118' رقم: 29933
معرفة الصحابة لابی نعيم' باب الميم من باب العين' جلد 3' صفحه 418' رقم: 4012
شعب الايمان' فصل فی ادمان تلاوة القران' جلد 2' صفحه 342' رقم: 1983
1033- سنن ترمذی' باب ما جاء فيمن قرا حرفا من القران ماله من الاجر' جلد 5' صفحه 177' رقم: 2913
المستدرك للحاكم' كتاب فضائل القرآن' جلد 2' صفحه 220' رقم: 2037
المعجم الكبير للطبرانی' احاديث عبد الله بن العباس' جلد 12' صفحه 109' رقم: 12650
سنن الدارمی' باب فضل من قرأ القران' جلد 2' صفحه 521' رقم: 3306

سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ اَحَدُكُمْ مِنَ اللَّيْلِ فَلْيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ، يَفْتَتِحُ بِهَا صَلَاتَهُ ال.

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی رات کے وقت اُٹھے تو وہ دو مختصر رکعتیں پڑھ لے جس کے ساتھ وہ اپنی نماز کا آغاز کرے۔

1034- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ فِى الْجُمُعَةِ لَسَاعَةً لَا يُوَافِقُهَا عَبْدٌ مُّسْلِمٌ قَائِمٌ يُصَلِّى، يَسْاَلُ اللّٰهَ تَعَالٰى فِيْهَا خَيْرًا اِلَّا اَعْطَاهُ اِيَّاهُ. وَاَشَارَ بِيَدِهٖ يُقَلِّلُهَا وَقَبَضَ سُفْيَانُ يَقُوْلُ: قَلِيْلٌ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوالقاسم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''بے شک جمعہ میں ایک خاص ساعت ہے اس وقت جو بھی مسلمان بندہ کھڑا ہو کر نماز پڑھ رہا ہو تو اس وقت وہ اللہ تعالیٰ سے جو بھی بھلائی مانگے گا' اللہ تعالیٰ وہ اسے عطا فرمائے گا۔'' اور رسول اللہ ﷺ نے اپنے دست مبارک کے ساتھ اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ (وقت) بہت کم ہوتا ہے۔

1035- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِىْ خَالِدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ: قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ فَنَزَلْتُ عَلٰى اَبِىْ هُرَيْرَةَ، وَكَانَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ مَوَالِىَّ قَرَابَةٌ، فَكَانَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ يَؤُمُّ النَّاسَ

حضرت اسماعیل بن ابو خالد از والد خود روایت کرتے ہیں کہ میں مدینہ منورہ آیا اور میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس مہمان ٹھہرا' ان کے اور میرے موالی کے درمیان رشتہ داری تھی' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ

مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد اللہ بن العباس' جلد 1' صفحہ 223' رقم: 1947

1034- سنن ترمذی' باب ما جاء فیمن قرأ حرفا من القران ماله من الاجر' جلد 5' صفحہ 177' رقم: 2914

السنن الکبریٰ للبیہقی' باب کیف قراۃ المصلی' جلد 2' صفحہ 53' رقم: 2523

سنن ابوداؤد' باب استحباب الترتیل فی القراۃ' جلد 1' صفحہ 547' رقم: 1466

سنن الکبریٰ للنسائی' باب الترتیل' جلد 5' صفحہ 22' رقم: 8056

مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد اللہ بن عمرو' جلد 2' صفحہ 192' رقم: 6799

1035- صحیح بخاری' باب استذکار القران وتعاهده' جلد 6' صفحہ 123' رقم: 5033

صحیح مسلم' باب الامر بتعهد القران وكراهة قول نسيت آية كذا' جلد 2' صفحہ 192' رقم: 1880

المستدرك للحاكم' كتاب فضائل القران' جلد 2' صفحہ 218' رقم: 2032

مسند امام احمد بن حنبل' حديث ابی موسى الاشعرى' جلد 4' صفحہ 397' رقم: 19564

مسند الحمیدی' احاديث عبد الله بن مسعود' جلد 1' صفحہ 50' رقم: 91

يُخَفِّفُ فَقُلْتُ: يَا اَبَا هُرَيْرَةَ هٰكَذَا كَانَتْ صَلَاةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَاَوْجَزُ.

لوگوں کو نماز پڑھایا کرتے تھے اور مختصر نماز پڑھاتے تھے۔ میں نے کہا: اے ابوہریرہ! کیا رسول اللہ ﷺ اس طرح نماز پڑھایا کرتے تھے؟ تو انہوں نے کہا: ہاں! اس سے بھی زیادہ مختصر۔

1036- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ عَنِ الْقَعْقَاعِ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّمَا اَنَا لَكُمْ مِثْلُ الْوَالِدِ اُعَلِّمُكُمْ، فَاِذَا ذَهَبَ اَحَدُكُمُ الْغَائِطَ فَلَا يَسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ وَلَا يَسْتَدْبِرْهَا بِغَائِطٍ وَلَا بَوْلٍ. وَاَمَرَ اَنْ نَسْتَنْجِىَ بِثَلَاثَةِ اَحْجَارٍ، وَنَهٰى عَنِ الرَّوْثِ وَالرِّمَّةِ، وَاَنْ يَّسْتَنْجِىَ الرَّجُلُ بِيَمِيْنِهٖ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں تمہارے لیے باپ کی طرح ہوں' میں سکھاؤں گا پس جب کوئی تم میں سے قضائے حاجت کے لیے جائے تو وہ قبلہ کی طرف منہ نہ کرے اور نہ اس کی طرف پیٹھ کرے پاخانہ اور پیشاب کرتے ہوئے۔ راوی نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ حکم فرمایا کہ ہم تین پتھروں کے ساتھ استنجاء کریں اور آپ ﷺ نے ہمیں مینگنی اور ہڈی سے استنجاء کرنے سے منع فرمایا' اور اس بات سے بھی منع کیا کہ آدمی اپنے دائیں ہاتھ سے استنجاء کرے۔

1037- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ قَالَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جو آدمی امام سے پہلے اپنے سر کو اٹھاتا ہے یا جھکاتا ہے تو

1036- صحیح بخاری' باب استذکار القران وتعاهده' جلد 6' صفحہ 193' رقم: 5031

صحیح مسلم' باب الامر بتعهد القرآن وكراهة قول نسيت آية كذا' جلد 2' صفحہ 190' رقم: 1875

السنن الکبریٰ للبیہقی' باب المعاهدة على قراة القرآن' جلد 2' صفحہ 395' رقم: 4222

سنن النسائی الکبریٰ' باب نسیان القرآن' جلد 5' صفحہ 20' رقم: 8043

صحیح ابن حبان' باب قراۃ القرآن' جلد 3' صفحہ 41' رقم: 764

1037- صحیح بخاری' باب من لم يتغن بالقرآن' جلد 6' صفحہ 191' رقم: 5023

صحیح مسلم' باب استحباب تحسين الصوت بالقرآن' جلد 2' صفحہ 192' رقم: 1881

سنن ابوداؤد' باب استحباب الترتيل فی القراۃ' جلد 1' صفحہ 548' رقم: 1475

المستدرك للحاكم' كتاب فضائل القرآن' جلد 2' صفحہ 240' رقم: 2096

سنن الدارمی' باب التغنی بالقرآن' جلد 1' صفحہ 416' رقم: 1488

سَمِعْتُ مُلَيْحَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ السَّعْدِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: اِنَّ الَّذِيْ يَرْفَعُ رَاْسَهُ وَيَخْفِضُهُ قَبْلَ الْاِمَامِ فَاِنَّمَا نَاصِيَتُهُ بِيَدِ شَيْطَانٍ.

اس کی پیشانی شیطان کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔

قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: وَقَدْ كَانَ سُفْيَانُ رُبَّمَا رَفَعَهُ، وَرُبَّمَا لَمْ يَرْفَعْهُ.

امام ابوبکر حمیدی بیان کرتے ہیں کہ سفیان بعض دفعہ اس حدیث کو مرفوع بیان کرتے ہیں اور بعض دفعہ بطور مرفوع بیان نہیں کرتے۔

1038- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ سَمِعْنَا اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: فِيْ كُلِّ الصَّلَاةِ اَقْرَاُ، فَمَا اَسْمَعَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْمَعْنَاكُمْ، وَمَا اَخْفٰى مِنَّا اَخْفَيْنَا مِنْكُمْ، كُلُّ صَلَاةٍ لَّا يُقْرَاُ فِيْهَا بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ فَهِيَ خِدَاجٌ. فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ: اَرَاَيْتَ اِنْ قَرَاْتُ بِهَا وَحْدَهَا تُجْزِءُ عَنِّيْ؟ قَالَ: اِنِ انْتَهَيْتَ اِلَيْهَا اَجْزَاَتْ عَنْكَ، فَاِنْ زِدْتَ فَهُوَ اَحْسَنُ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ہر نماز میں تلاوت کرتا ہوں جن نمازوں میں رسول اللہ ﷺ بلند آواز میں ہمیں تلاوت سنایا کرتے' ہم بھی تمہارے سامنے ان میں بلند آواز سے تمہیں تلاوت سنائیں گے اور جن نمازوں میں رسول اللہ ﷺ پست آواز میں ہمیں تلاوت سناتے' ہم بھی تمہیں پست آواز میں تلاوت سنائیں گے' ہر وہ نماز جس میں سورہ فاتحہ نہ پڑھی جائے وہ نامکمل ہے۔ ایک آدمی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آپ کی کیا رائے ہے اگر میں صرف سورہ فاتحہ کی ہی تلاوت کروں تو کیا یہ میرے لیے جائز ہوگا؟ تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم صرف اس کی تلاوت کرتے ہو تو یہ تمہارے لیے جائز ہوگا لیکن اگر تم اس کے ساتھ مزید تلاوت کرو تو یہ اور زیادہ بہتر ہوگا۔

1039- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ہم

1038- صحیح بخاری' باب حسن الصوت بالقراء ة للقران' جلد 6' صفحه 195' رقم: 5048

صحیح مسلم' باب استحباب تحسین الصوت بالقرآن' جلد 2' صفحه 193' رقم: 1888

السنن الکبری للبیهقی' باب من جهر بها اذا کان من حوله لا یتاذی بقراته ' جلد 3' صفحه 12' رقم: 4895

الاحاد والمثانی' حدیث اسید بن حضیر بن رافع' جلد 3' صفحه 469' رقم: 1929

1039- صحیح بخاری' باب القراة فی العشاء' جلد 1' صفحه 153' رقم: 769

صحیح مسلم' باب القراة فی العشاء' جلد 2' صفحه 41' رقم: 1067

سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ عَطَاءِ بْنِ مِيْنَا عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: سَجَدْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ (اِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ) وَ (اقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ) قَالَ سُفْيَانُ: وَكَانَ عَطَاءُ بْنُ مِيْنَا مِنْ اَصْحَابِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ الْمَعْرُوْفِيْنَ.

نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سورۂ انشقاق اور سورۃ العلق میں سجدہ کیا ہے۔ سفیان کہتے ہیں کہ عطاء بن میناء حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے معروف شاگردوں میں سے ایک ہیں۔

1040- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: سَجَدْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ (اِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ) وَ (اقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ).

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سورۂ انشقاق اور سورۃ العلق میں سجدہ کیا ہے۔

قَالَ الْحُمَيْدِيُّ قِيْلَ لِسُفْيَانَ: فِيْهِ وَ (اقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ) قَالَ: نَعَمْ.

امام حمیدی بیان کرتے ہیں کہ سفیان سے پوچھا گیا: کیا روایت میں سورۃ العلق کا ذکر ہے؟ تو انہوں نے کہا: ہاں!

1041- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

السنن الکبری للبیهقی' باب الجهر بالقراة فی الرکعتین الاولیین من المغرب والعشاء' جلد 2' صفحه 194' رقم: 3190

مسند امام احمد بن حنبل' حدیث البراء بن عازب رضی الله عنه ' جلد 4' صفحه 302' رقم: 18703

1040- سنن ابو داؤد' باب استحباب الترتیل فی القراة ' جلد 1' صفحه 548' رقم: 1471

السنن الکبری للبیهقی' باب کیف قراة المصلی' جلد 2' صفحه 54' رقم: 2528

اخبار مکة للفاکهی' ذکر رباع بن مخزوم بن یقظة ' جلد 2' صفحه 384' رقم: 2077

المستدرك للحاکم' کتاب فضائل القرآن' جلد 2' صفحه 238' رقم: 2091

سنن الدارمی' باب التغنی بالقرآن' جلد 1' صفحه 417' رقم: 1490

مسند امام احمد' مسند سعد بن ابی وقاص' جلد 1' صفحه 179' رقم: 1549

1041- سنن ترمذی' باب ما جاء فی الدعاء اذا أوی الی فراشه ' جلد 5' صفحه 297' رقم: 297

مسند امام احمد بن حنبل' حدیث البراء بن عازب رضی الله عنه ' جلد 4' صفحه 304' رقم: 18733

سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اُمَيَّةَ عَنْ اَبِىْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ الْعُذْرِيِّ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فَلْيَجْعَلْ تِلْقَاءَ وَجْهِهٖ شَيْئًا، فَاِنْ لَمْ يَجِدْ شَيْئًا فَلْيَنْصِبْ عَصًا، فَاِنْ لَمْ يَجِدْ عَصًا فَلْيَخْطُطْ خَطًّا ثُمَّ لَا يَضُرُّهٗ مَا مَرَّ بَيْنَ يَدَيْهِ .

حضرت ابو القاسم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا کہ جب کوئی آدمی نماز پڑھے تو وہ اپنے سامنے کوئی چیز رکھ لے اگر اسے کوئی چیز نہ ملے تو وہ لاٹھی کھڑی کر لے اور اگر لاٹھی بھی نہ ملے تو وہ خط لگا لے۔ پھر اس کی دوسری طرف سے جو بھی گزرے گا وہ اسے کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا۔

1042- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا حَكِيمُ بْنُ جُبَيْرٍ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِنَّ لِكُلِّ شَىْءٍ سَنَامًا، وَسَنَامُ الْقُرْاٰنِ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ، فِيْهَا اٰيَةٌ سَيِّدَةُ اٰىِ الْقُرْاٰنِ، لَا تُقْرَاُ فِىْ بَيْتٍ فِيْهِ شَيْطَانٌ اِلَّا خَرَجَ مِنْهُ: اٰيَةُ الْكُرْسِيِّ .

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہر چیز کی ایک کوہان ہوتی ہے اور قرآن کی کوہان سورۂ بقرہ ہے' اس میں ایک آیت ہے جو قرآن کی تمام آیتوں کی سردار ہے۔ جس گھر میں شیطان موجود ہو اگر وہاں اس کی تلاوت کی جائے تو شیطان اس گھر سے نکل جاتا ہے اور وہ آیت الکرسی ہے۔

1043- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اُمَيَّةَ قَالَ حَدَّثَنِىْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابو القاسم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب کوئی آدمی

مسند الرويانى' حديث بنو البراء عن ابيهم' جلد 1' صفحه 391' رقم:334

مشكوة المصابيح' باب ما يقول عند الصباح والمساء' جلد 2' صفحه 40' رقم:2400

1042- صحيح بخارى' باب ما جاء فى فاتحة الكتاب' جلد 6' صفحه 17' رقم:4474

مسند امام احمد بن حنبل' حديث أبى سعيد بن المعلى' جلد 4' صفحه 211' رقم:17884

السنن الكبرىٰ للبيهقى' باب ما ابيح له من ان يدعوا المصلى' جلد 7' صفحه 64' رقم:13780

سنن النسائى الكبرىٰ' تأويل قول الله جل ثناؤه "ولقد اتيناك سبعا من المثانى" جلد 1' صفحه 317' رقم:985

صحيح ابن حبان' باب قرأة القرآن' جلد 3' صفحه 56' رقم:777

1043- صحيح بخارى' باب فضل قل هو الله احد فيه عمرة ' جلد 6' صفحه 189' رقم:5013

صحيح ابن حبان' باب قرأة القرآن' جلد 3' صفحه 71' رقم:791

السنن الكبرىٰ للبيهقى' باب كم يكفى الرجل من قرأة القرآن فى ليلة ' جلد 3' صفحه 21' رقم:4953

سنن ابوداؤد' باب فى سورة الصمد' جلد 1' صفحه 546' رقم:1463

السنن الكبرىٰ للنسائى' باب الفضل فى قرأة قل هو الله احد' جلد 1' صفحه 341' رقم:1067

اَعْرَابِىٌّ مِّنْ اَهْلِ الْبَادِيَةِ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِذَا قَرَاَ اَحَدُكُمْ (لَا اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيَامَةِ) فَاَتٰى عَلٰى اٰخِرِهَا (اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقَادِرٍ عَلٰى اَنْ يُّحْيِىَ الْمَوْتٰى) فَلْيَقُلْ: بَلٰى وَاِذَا قَرَاَ (وَالْمُرْسَلَاتِ عُرْفًا) فَاَتٰى عَلٰى اٰخِرِهَا (فَبِاَىِّ حَدِيْثٍ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ) فَلْيَقُلْ: اٰمَنَّا بِاللّٰهِ، وَاِذَا قَرَاَ (وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ) فَاَتٰى عَلٰى اٰخِرِهَا (اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحَاكِمِيْنَ) فَلْيَقُلْ: بَلٰى . وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ: بَلٰى وَاَنَا عَلٰى ذٰلِكَ مِنَ الشَّاهِدِيْنَ . قَالَ سُفْيَانُ قَالَ اِسْمَاعِيلُ: فَاسْتَعَدْتُ الْاَعْرَابِىَّ الْحَدِيْثَ فَقَالَ: يَا ابْنَ اَخِى اَتُرَانِىْ لَمْ اَحْفَظْ؟ لَقَدْ حَجَجْتُ سِتِّيْنَ حَجَّةً، مَا مِنْهَا حَجَّةٌ اِلَّا وَاَنَا اَعْرِفُ الْبَعِيرَ الَّذِى حَجَجْتُ عَلَيْهِ.

یہ آیت تلاوت کرے: ''میں قیامت کے دن کی قسم نہیں کھاتا۔'' حتیٰ کہ وہ اس کے آخر تک پہنچ جائے۔ ''کیا وہ اس بات پر قادر نہیں ہے کہ مردوں کو زندہ کر دے۔'' تو اس آدمی کو چاہیے کہ اس وقت یہ کہے: ہاں! اور جب کوئی شخص اس سورت کی تلاوت کرے: ''والمرسلت عرفاً'' اور اسے آخر تک پڑھے۔ ''اس کے بعد وہ کون سی حدیث پر ایمان رکھیں گے۔'' تو اس آدمی کو چاہیے کہ وہ یہ کہے کہ میں اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتا ہوں۔ اور جب کوئی سورۂ تین کی تلاوت کرے اور اس کے آخر تک پہنچے۔ ''کیا اللہ تعالیٰ سب سے زبردست حاکم نہیں ہے۔'' تو اس آدمی کو چاہیے کہ یہ کہے: ہاں! سفیان بعض دفعہ یہ الفاظ بیان کرتے ہیں: ہاں! اور میں بھی گواہی دینے والوں کے ساتھ ہوں۔ سفیان کہتے ہیں کہ اسماعیل نے یہ بیان کیا ہے کہ میں نے اس اعرابی سے پوچھا کہ تم یہ حدیث دوبارہ مجھے سناؤ تو اس نے کہا: اے میرے بھتیجے! کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ مجھے یہ حدیث یاد نہیں ہوگی۔ میں نے ساٹھ حج کیے ہیں اور مجھے ان میں سے ہر ایک حج کے بارے میں یہ یاد ہے کہ میں نے کون سے اونٹ پر بیٹھ کر وہ حج کیا تھا۔

1044- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِىْ يَزِيْدَ قَالَ اَخْبَرَنِىْ مَنْ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابو القاسم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو آدمی جنبی ہو جائے' وہ اس وقت تک نہ سوئے جب تک وہ نماز کے

1044- صحيح بخارى' باب كيف كانت يمين النبى صلى الله عليه وسلم' جلد 8' صفحه 131' رقم:6643

مسند امام احمد' مسند ابى سعيد الخدرى' جلد 3' صفحه 35' رقم:11324

السنن الكبرىٰ للبيهقى' باب كم يكفى الرجل من قرأة القرآن فى ليلة ' جلد 3' صفحه 21' رقم:4954

سنن النسائى' باب الفضل فى قرأة قل هو الله احد' جلد 2' صفحه 171' رقم:225

مؤطا إمام مالك' باب ما جاء فى قرأة قل هو الله احد' جلد 2' صفحه 291' رقم:709

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ كَانَتْ بِهِ جَنَابَةٌ فَلَا يَنَمْ حَتّٰى يَتَوَضَّاَ وُضُوْءَهُ لِلصَّلَاةِ ۔

طرح وضو نہ کرلے۔"

1045- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَجُلًا يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ قَائِمًا وَقَاعِدًا، وَحَافِيًا وَنَاعِلًا، وَرَاَيْتُهُ يَنْفَتِلُ عَنْ يَمِيْنِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ. قَالَ سُفْيَانُ قَالُوْا: هٰذَا اَبُو الْاَوْبَرِ.

حضرت عبدالملک بن عمیر روایت کرتے ہیں کہ میں نے ایک آدمی کو کہتے سنا کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو کھڑے ہو کر بھی اور بیٹھ کر بھی ننگے پاؤں بھی اور جوتا پہن کر بھی نماز پڑھتے ہوئے دیکھا ہے۔ میں نے آپ ﷺ کو نماز کے بعد دائیں طرف سے بھی اور بائیں طرف سے بھی اٹھتے ہوئے دیکھا ہے۔ سفیان کہتے ہیں کہ انہوں نے کہا: یہ الاوبر ہے۔

1046- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوْقٍ الثَّوْرِيُّ عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سُلَيْمٍ الْمُحَارِبِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ: كَانَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ جَالِسًا فِي الْمَسْجِدِ، فَرَاٰى رَجُلًا يَجْتَازُ الْمَسْجِدَ بَعْدَ الْاَذَانِ فَقَالَ: اَمَّا هٰذَا فَقَدْ عَصَى اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

حضرت اشعث بن سلیم محاربی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مسجد میں بیٹھے تھے کہ انہوں نے ایک آدمی کو دیکھا جو اذان کے بعد مسجد سے باہر چلا گیا' تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس شخص نے حضرت ابوالقاسم ﷺ کی نافرمانی کی ہے۔

1047- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

1045- صحیح مسلم' باب فضل قراۃ "قل ہو اللہ احد" جلد 2' صفحہ 199' رقم: 1924
شعب الایمان للبیہقی' باب تخصیص سورۃ الاخلاص بالذکر' جلد 2' صفحہ 504' رقم: 2537
مشکل الآثار' باب بیان مشکل ما روی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی تاویل قول اللہ "ولقد اتیناک سبعا" جلد 3' صفحہ 222' رقم: 1033
1046- سنن ترمذی' باب ما جاء فی سورۃ الاخلاص' جلد 5' صفحہ 169' رقم: 2901
شعب الایمان للبیہقی' باب تخصیص سورۃ الاخلاص بالذکر' جلد 2' صفحہ 506' رقم: 2541
مسند امام احمد بن حنبل' مسند انس بن مالک' جلد 3' صفحہ 141' رقم: 12455
مسند عبد بن حمید' مسند انس بن مالک' صفحہ 390' رقم: 1306
مسند البزار' مسند انس بن مالک' جلد 2' صفحہ 317' رقم: 6870
1047- صحیح مسلم' باب فضل قراۃ المعوذتین' جلد 2' صفحہ 200' رقم: 1927

سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلْاِمَامُ ضَامِنٌ وَالْمُؤَذِّنُ مُؤْتَمَنٌ، اَللّٰهُمَّ اَرْشِدِ الْاَئِمَّةَ، وَاغْفِرْ لِلْمُؤَذِّنِيْنَ ۔

انہیں نبی اکرم ﷺ کی طرف سے یہ بات پہنچی ہے کہ "امام ضامن ہے اور مؤذن امین ہے۔ اے اللہ! اماموں کی رہنمائی فرما اور مؤذنوں کی مغفرت فرما۔"

1048- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ عَنْ اَبِيْهِ اَوْ عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : خَيْرُ صُفُوْفِ الرِّجَالِ اَوَّلُهَا وَشَرُّهَا اٰخِرُهَا، وَخَيْرُ صُفُوْفِ النِّسَاءِ اٰخِرُهَا وَشَرُّهَا اَوَّلُهَا ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مردوں کی سب سے زیادہ بہترین صف پہلی ہوتی ہے اور سب سے ادنیٰ آخری ہوتی ہے اور عورتوں کی سب سے زیادہ اعلیٰ آخری صف ہوتی ہے اور سب سے ادنیٰ پہلی صف ہوتی ہے۔

1049- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

1050- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا سُمَيٌّ مَوْلٰى اَبِيْ بَكْرٍ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلْحَجُّ الْمَبْرُوْرُ لَيْسَ لَهُ جَزَاءٌ اِلَّا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: حج مبرور کی جزا صرف جنت ہے اور ایک عمرہ دوسرے عمرے تک کے درمیانی گناہوں کا کفارہ ہوتا ہے۔

سنن النسائی الکبری' باب الفضل فی قراۃ المعوذتین' جلد 1' صفحہ 330' رقم: 1026
المعجم الکبیر للطبرانی' من اسمہ عقبۃ بن عامر الجہنی' جلد 17' صفحہ 350' رقم: 14655
104- سنن ترمذی' باب ما جاء فی الرقیۃ بالمعوذتین' جلد 4' صفحہ 395' رقم: 2058
سنن النسائی الکبری' باب الاستعاذہ' جلد 4' صفحہ 441' رقم: 7853
105- سنن ترمذی' باب ما جاء فی فضل سورۃ الملک' جلد 5' صفحہ 164' رقم: 2891
سنن ابوداؤد' باب فی عدد الآی' جلد 1' صفحہ 529' رقم: 1402
المستدرک للحاکم' تفسیر سورۃ الملک' جلد 3' صفحہ 379' رقم: 3838
اتحاف الخیرۃ المہرۃ للبوصیری' باب سورۃ الملک وفضلہا' جلد 6' صفحہ 96' رقم: 5870
مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ' جلد 2' صفحہ 299' رقم: 7962

الْجَنَّةَ، وَالْعُمْرَةُ إِلَى الْعُمْرَةِ تُكَفِّرُ مَا بَيْنَهُمَا ۔

1051- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ قَالَ أَخْبَرَنِي مُوسَى بْنُ أَبِي عُثْمَانَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِرَجُلٍ يَسُوقُ بَدَنَةً قَالَ: ارْكَبْهَا ۔ قَالَ: إِنَّهَا بَدَنَةٌ. قَالَ: ارْكَبْهَا ۔ قَالَ: إِنَّهَا بَدَنَةٌ. قَالَ: ارْكَبْهَا وَيْلَكَ ۔ أَوْ: وَيْحَكَ ارْكَبْهَا ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک آدمی کے پاس سے گزرے جو اپنے قربانی کے جانور کے ساتھ جا رہا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس پر سوار ہو جاؤ! اس نے عرض کی: یہ قربانی کا جانور ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم اس پر سوار ہو جاؤ۔ اس نے عرض کی: یہ قربانی کا جانور ہے' آپ نے فرمایا: تم اس پر سوار ہو جاؤ! برباد ہو جاؤ' تمہارا ستیاناس ہو! اس پر سوار ہو جاؤ۔

1052- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ عَنْ أَبِي حَازِمٍ الْأَشْجَعِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَجَّ هَذَا الْبَيْتَ فَلَمْ يَرْفُثْ وَلَمْ يَفْسُقْ حَتَّى يَرْجِعَ رَجَعَ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص اس گھر کا حج کرے اور کوئی برا کام نہ کرے اور واپس آنے تک اس پر عمل کرے تو وہ ایسا ہو جاتا ہے جیسا ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہے۔

1053- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

1051- صحيح بخارى' باب فضل سورة البقره ' جلد 6' صفحه 188' رقم: 5008
صحيح مسلم' باب فضل الفاتحة وخواتيم سورة البقره ' جلد 2' صفحه 246' رقم: 1914
السنن الكبرى للبيهقى' باب كم يكفى الرجل من قرأة القران فى ليلة ' جلد 3' صفحه 20' رقم: 4950
مسند الحميدى' احاديث أبي مسعود' جلد 1' صفحه 215' رقم: 452
مصنف عبد الرزاق' باب تعليم القرآن وفضله ' جلد 3' صفحه 377' رقم: 6020
1052- صحيح مسلم' باب استحباب صلاة النافلة فى بيته وجوازها فى المسجد' جلد 2' صفحه 188' رقم: 1860
السنن الصغرى' باب فى فضل القرآن وتخصيص سورة البقره ' جلد 1' صفحه 307' رقم: 973
سنن ترمذى' باب ما جاء فى فضل سورة البقره وآية الكرسى' جلد 5' صفحه 157' رقم: 2877
سنن النسائى الكبرى' ذكر ما يجير من الجن والشيطان' جلد 6' صفحه 240' رقم: 10801
مسند امام أحمد بن حنبل' مسند ابى هريرة رضى الله عنه ' جلد 2' صفحه 337' رقم: 8424
1053- صحيح مسلم' باب فضل سورة الكهف وآية الكرسى' جلد 2' صفحه 199' رقم: 1921

سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ أَخْبَرَنِي حَنْظَلَةُ الْأَسْلَمِيُّ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَيُهِلَّنَّ ابْنُ مَرْيَمَ بِفَجِّ الرَّوْحَاءِ حَاجًّا أَوْ مُعْتَمِرًا أَوْ لَيَثْنِيَنَّهُمَا ۔

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام "فج روحا" (ایک جگہ کا نام ہے) سے حج یا عمرے کا تلبیہ ضرور پڑھیں گے یا ان دونوں کو جمع کر لیں گے۔

1054- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُسَافِرِ الْمَرْأَةُ فَوْقَ ثَلَاثٍ إِلَّا وَمَعَهَا ذُو مَحْرَمٍ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کوئی بھی عورت تین دن سے زیادہ سفر اپنے محرم کے بغیر نہ کرے۔

1055- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَامَ رَمَضَانَ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ، وَمَنْ قَامَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو بھی ایمان کی حالت میں ثواب کی نیت کرتے ہوئے رمضان کے روزے رکھتا ہے اس کے پچھلے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں؛ اور جو حالت ایمان میں ثواب کی نیت رکھتے ہوئے شب قدر میں نوافل پڑھتا ہے اس کے سابقہ گناہ معاف کر دیئے

السنن الصغرى' باب تخصيص آية الكرسى بالذكر' جلد 1' صفحه 307' رقم: 974
المستدرك للحاكم' ذكر مناقب أبي بن كعب' جلد 4' صفحه 465' رقم: 5326
مسند امام احمد' حديث المشائخ عن أبي بن كعب' جلد 5' صفحه 141' رقم: 21315
مسند عبد بن حميد' حديث أبي بن كعب رضى الله عنه ' جلد 1' صفحه 92' رقم: 178
1054- صحيح بخارى' باب اذا وكل رجلا فترك الوكيل شيئاً فاجازه الموكل فهو جائز' جلد 3' صفحه 101' رقم: 2311
صحيح ابن خزيمه ' باب الرخصة فى تاخير الامام صدقة الفطر عن يوم الفطر' جلد 4' صفحه 91' رقم: 2424
مشكوة المصابيح' كتاب فضائل القرآن' الفصل الاوّل' جلد 1' صفحه 481' رقم: 2123
1055- صحيح مسلم' باب فضل سورة الكهف وآية الكرسى' جلد 2' صفحه 199' رقم: 1919
صحيح ابن حبان' باب قرأة القرآن' جلد 3' صفحه 66' رقم: 786
اتحاف الخيره المهرة للبوصيرى' باب سورة الكهف وفضلها' جلد 6' صفحه 231' رقم: 5755
المستدرك للحاكم' تفسير سورة الكهف' جلد 3' صفحه 216' رقم: 3391

جاتے ہیں۔

1056- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ وَحَفِظْتُهُ مِنْهُ قَالَ اَخْبَرَنِي حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ: اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلَكْتُ . قَالَ: وَمَا شَاْنُكَ؟ . قَالَ: وَقَعْتُ عَلَى امْرَاَتِي فِي رَمَضَانَ . فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَتَسْتَطِيعُ اَنْ تُعْتِقَ رَقَبَةً؟ . قَالَ: لَا . قَالَ: هَلْ تَسْتَطِيعُ اَنْ تَصُومَ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ؟ . قَالَ: لَا. قَالَ: فَهَلْ تَسْتَطِيعُ اَنْ تُطْعِمَ سِتِّينَ مِسْكِينًا؟ . قَالَ: لَا اَجِدُ . قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اجْلِسْ . فَجَلَسَ، فَبَيْنَا هُوَ عَلَى ذٰلِكَ اِذْ اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَقٍ فِيهِ تَمْرٌ – وَالْعَرَقُ الْمِكْتَلُ الضَّخْمُ – فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اذْهَبْ فَتَصَدَّقْ بِهٰذَا . فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلَى اَفْقَرَ مِنَّا؟ فَوَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا اَهْلُ بَيْتٍ اَفْقَرُ مِنَّا. قَالَ: فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى بَدَتْ اَنْيَابُهُ، وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ: نَوَاجِذُهُ، ثُمَّ قَالَ: اذْهَبْ فَاَطْعِمْهُ عِيَالَكَ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آیا اور اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں ہلاک ہوگیا ہوں۔ آپ نے فرمایا: تمہیں کیا ہوا؟ اس نے عرض کی: میں نے رمضان میں اپنی بیوی کے ساتھ وظیفہ زوجیت ادا کرلیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس سے فرمایا: کیا تم غلام آزاد کرسکتے ہو؟ اس نے عرض کی: نہیں! فرمایا: کیا دو ماہ کے لگاتار روزے رکھ سکتے ہو؟ اس نے عرض کی: نہیں! فرمایا: کیا تم ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلا سکتے ہو؟ اس نے عرض کی: نہیں! میں اس کی بھی طاقت نہیں پاتا' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بیٹھ جاؤ! چنانچہ وہ آدمی بیٹھ گیا ابھی وہ بیٹھا ہی تھا کہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں کھجوریں پیش کی گئیں۔ عرق بڑے برتن کو کہتے ہیں۔ تو نبی اکرم ﷺ نے اس شخص سے فرمایا: جاؤ اور اسے صدقہ کردو! اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا میں اپنے سے زیادہ فقیر کو صدقہ کروں؟ اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے! پورے شہر میں ہم سے زیادہ غریب گھرانہ اور کوئی نہیں ہے۔ راوی کہتے ہیں: پس

السنن الصغریٰ' باب تخصیص سورة الکهف بالذکر' جلد 1' صفحه 313' رقم: 982

1056- صحیح مسلم' باب فضل الفاتحة وخواتیم سورة البقره' جلد 2' صفحه 198' رقم: 1913

السنن الصغریٰ للبیهقی' باب تخصیص خواتیم سورة البقره بالذکر' جلد 1' صفحه 309' رقم: 976

المستدرك للحاکم' کتاب فضائل القرآن' جلد 2' صفحه 225' رقم: 2052

سنن النسائی الکبریٰ' باب فضل فاتحة الکتاب' جلد 5' صفحه 12' رقم: 8014

مصنف ابن ابی شیبة ' کتاب الفضائل' باب ما اعطی الله تعالٰی محمدًا صلی الله علیه وسلم' جلد 6' صفحه 313' رقم: 31701

رسول اللہ ﷺ مسکرا دیے حتیٰ کہ آپ کے اطراف کے دانت بھی نظر آنے لگے۔ پھر آپ نے ارشاد فرمایا: (لے) جاؤ اور اپنے گھر والوں کو کھلا دو۔

1057- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا تُوَاصِلُوا . قَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاِنَّكَ تُوَاصِلُ . قَالَ: اِنِّي لَسْتُ كَاَحَدِكُمْ، اِنِّي اَبِيتُ يُطْعِمُنِي رَبِّي وَيَسْقِينِي .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم وصال کے روزے نہ رکھو لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ بھی تو وصال کے روزے رکھتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: میں تمہاری مثل نہیں ہوں' میں رات گزارتا ہوں تو میرا رب مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے۔

1058- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: كُلُّ عَمَلِ ابْنِ اٰدَمَ هُوَ لَهُ اِلَّا الصِّيَامَ هُوَ لِي وَاَنَا اَجْزِي بِهِ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ابن آدم کا ہر عمل اس کے لیے ہے سوائے روزے کے کہ وہ میرے لیے ہے اور میں خود اس کی جزا ہوں۔

1059- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ

حضرت عبید بن عمیر رضی اللہ عنہ از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

1057- صحیح بخاری' باب الدعاء قبل السلام' جلد 1' صفحه 436' رقم: 832

صحیح مسلم' باب ما یستعاذ منه فی الصلاة وفی الذکر' جلد 1' صفحه 311' رقم: 589

اتحاف الخیره المهرة ' کتاب الاستعاذه ' جلد 6' صفحه 505' رقم: 6294

المستدرك للحاکم' کتاب الدعاء والتکبیر' جلد 2' صفحه 191' رقم: 1945

سنن ابوداؤد' باب فی الاستعاذة' جلد 1' صفحه 569' رقم: 1557

1058- صحیح بخاری' باب فضل الوضوء والغر المحجلون من آثار الوضوء' جلد 1' صفحه 39' رقم: 136

صحیح مسلم' باب استحباب اطالة الغرة والتحجیل فی الوضوء' جلد 1' صفحه 228' رقم: 606

السنن الکبریٰ للبیهقی' باب استحباب امرار الماء علی العضد' جلد 1' صفحه 57' رقم: 262

صحیح ابن حبان' باب فضل الامة ' جلد 16' صفحه 225' رقم: 7241

مسند امام احمد' مسند ابی هریرة رضی الله عنه ' جلد 2' صفحه 400' رقم: 9184

عُمَيْرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

1060- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِذَا دُعِيَ اَحَدُكُمْ اِلٰى طَعَامٍ وَهُوَ صَائِمٌ فَلْيَقُلْ : اِنِّي صَائِمٌ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب کسی کو کھانے کی دعوت دی جائے اور اس نے روزہ رکھا ہوا ہو تو وہ یہ کہہ دے: میں روزہ سے ہوں۔

1061- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

حضرت سعید مقبری از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

1062- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِذَا اَصْبَحَ اَحَدُكُمْ يَوْمًا صَائِمًا فَلَا يَرْفُثْ وَلَا يَجْهَلْ، فَاِنِ امْرُؤٌ شَاتَمَهُ اَوْ قَاتَلَهُ فَلْيَقُلْ اِنِّي صَائِمٌ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب کوئی روزے کی حالت میں صبح کرے تو وہ بری بات نہ کہے، وہ جاہل نہ بنے، اگر کوئی اسے گالی دے یا اس کے ساتھ لڑائی کی کوشش کرے تو وہ یہ کہہ دے: میرا روزہ ہے۔

1063- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

حضرت سعید مقبری از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

1060- صحیح مسلم، باب تبلغ الحلية حيث يبلغ الوضو، جلد 1، صفحه 232، رقم: 609
السنن الكبرى للبيهقي، باب استحباب امرار الماء على العضد، جلد 1، صفحه 56، رقم: 260
سنن النسائى الكبرى، باب حلية الوضو، جلد 1، صفحه 95، رقم: 142
مسند امام احمد بن حنبل، مسند ابى هريرة رضى الله عنه، جلد 2، صفحه 371، رقم: 8827
1062- صحيح مسلم، باب خروج الخطايا مع ماء الوضو، جلد 1، صفحه 149، رقم: 601
المعجم الاوسط من اسمه عبد الله، جلد 4، صفحه 361، رقم: 4439
سنن ابن ماجه، باب ثواب الطهور، جلد 1، صفحه 103، رقم: 282
شعب الايمان للبيهقي، باب فضل الوضوء، جلد 3، صفحه 12، رقم: 2731
مسند امام احمد بن حنبل، مسند عثمان بن عفان رضى الله عنه، جلد 1، صفحه 66، رقم: 476

1064- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ قَالَ اَخْبَرَنِي مُوسَى بْنُ اَبِي عُثْمَانَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا تَصُومُ الْمَرْاَةُ يَوْمًا مِنْ غَيْرِ شَهْرِ رَمَضَانَ وَزَوْجُهَا شَاهِدٌ اِلَّا بِاِذْنِهِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب کسی عورت کا خاوند موجود ہو تو وہ اس کی اجازت کے بغیر رمضان کے سوا کسی دن کا روزہ نہ رکھے (یعنی خاوند کی اجازت کے بغیر نفلی روزے نہیں رکھ سکتی۔

1065- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ اَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ جَعْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو الْقَارِيِّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: مَا نَهَيْتُ عَنْ صِيَامِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ، وَلٰكِنْ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَبِّ هٰذَا الْبَيْتِ نَهٰى عَنْهُ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے جمعہ کے دن روزہ رکھنے سے منع نہیں کیا بلکہ حضرت محمد ﷺ نے اس گھر کے رب کی قسم! اس سے منع فرمایا ہے۔

1066- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ اَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے یہ بات نہیں کہی کہ جو حالت جنابت میں صبح کرتا

1064- صحيح مسلم، باب فضل الوضوء والصلاة عقبه، جلد 1، صفحه 142، رقم: 566
مسند البزار، مسند عثمان بن عفان رضى الله عنه، جلد 1، صفحه 94، رقم: 432
المسند المستخرج على صحيح الامام مسلم لابى نعيم، كتاب الطهارة، جلد 1، صفحه 295، رقم: 549
جامع الاصول لابن اثير، الفصل الثانى فى فضل الوضوء، جلد 9، صفحه 374، رقم: 7019
1065- صحيح مسلم، باب خروج الخطايا مع ماء الوضو، جلد 1، صفحه 148، رقم: 600
السنن الصغرى للبيهقي، باب كيفية الوضوء، جلد 1، صفحه 35، رقم: 88
مشكوة المصابيح، كتاب الطهارة، الفصل الاوّل، جلد 1، صفحه 61، رقم: 285
جامع الاصول لابن اثير، الفصل الثانى فى فضل الوضو، جلد 9، صفحه 374، رقم: 7018
1066- صحيح مسلم، باب استحباب اطالة الغرة والتحجيل فى الوضوء، جلد 1، صفحه 150، رقم: 607
السنن الكبرى للبيهقي، باب اسباغ الوضوء، جلد 1، صفحه 82، رقم: 392
صحيح ابن حبان، باب فضل الوضو، جلد 3، صفحه 321، رقم: 1046
مسند ابى يعلى، مسند ابى هريرة رضى الله عنه، جلد 11، صفحه 387، رقم: 6502
مؤطا امام مالك، باب جامع الوضوء، جلد 2، صفحه 38، رقم: 82

جَعْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو الْقَارِيِّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: مَا اَنَا قُلْتُ: مَنْ اَصْبَحَ جُنُبًا فَقَدْ اَفْطَرَ ـ وَلٰكِنْ مُحَمَّدٌ وَّرَبِّ هٰذِهِ الْكَعْبَةِ قَالَهُ.

ہے اس کا روزہ نہیں ہوتا بلکہ حضرت محمد ﷺ نے اس ربِ کعبہ کی قسم! یہ ارشاد فرمایا ہے۔''

باب الْجَنَائِزِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

جنازوں کے متعلق جوحضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ سے احادیث روایت کیں

1067- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا سُهَيْلُ بْنُ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ: اَنَّ نِسْوَةً قُلْنَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ اِنَّا لَا نَقْدِرُ عَلٰى مَجْلِسِكَ مِنَ الرِّجَالِ، فَلَوْ وَعَدْتَنَا مَوْعِدًا نَاْتِيْكَ فِيْهِ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَوْعِدُكُنَّ بَيْتُ فُلَانَةَ، فَجِئْنَ لِمِيعَادِهِ، فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ فِيْمَا حَدَّثَهُنَّ اَنَّهُ قَالَ: مَا مِنِ امْرَاَةٍ يَمُوْتُ لَهَا ثَلَاثَةٌ مِّنَ الْوَلَدِ فَتَحْتَسِبُهُمْ اِلَّا دَخَلَتِ الْجَنَّةَ. فَقَالَتِ امْرَاَةٌ: اَوِ اثْنَيْنِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَوِ اثْنَيْنِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ کچھ عورتوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم مردوں کی مجلس میں آپ کے ساتھ حاضر نہیں ہوسکتیں اگر آپ ہمارے لیے کوئی وقت مقرر کریں جس میں ہم آپ کے پاس آئیں' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم لوگ فلاں عورت کے گھر میں جمع ہو جاؤ۔ چنانچہ وہ عورتیں اس مخصوص وقت میں وہاں آئیں۔ تو رسول اللہ ﷺ بھی وہاں تشریف لے آئے۔ آپ نے ان عورتوں کے ساتھ جو بات چیت کی اس میں آپ ﷺ نے یہ بھی ارشاد فرمایا: ''جس عورت کے تین بچے فوت ہو جائیں اور وہ ثواب کی امید رکھے تو وہ عورت جنت میں جائے گی۔'' ایک عورت نے عرض کی: یارسول اللہ! یا دو؟ تو آپ نے فرمایا: تو دو میں بھی (یہی اجر وثواب ہوگا)۔

1067- صحیح بخاری' باب ای الرقاب افضل' جلد 7' صفحه 37' رقم:2518
صحیح مسلم' باب کون الایمان باللّٰہ تعالی افضل الاعمال' جلد 1' صفحه 41' رقم:89
السنن الصغرى للبيهقى' باب العتق' جلد 3' صفحه 325' رقم:4759
المنتقى لابن الجارود' باب ما جاء فى العتاقة' جلد 1' صفحه 244' رقم:969
صحیح ابن حبان' باب فضل الجهاد' جلد 10' صفحه 456' رقم:4596

1068- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُهُ مِنْ فِيْ ابْنِ شِهَابٍ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَمُوْتُ لِمُسْلِمٍ ثَلَاثَةٌ مِّنَ الْوَلَدِ فَيَلِجَ النَّارَ اِلَّا تَحِلَّةَ الْقَسَمِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس مسلمان کے تین بچے فوت ہو جائیں تو (بداعمالی کے سبب اُسے جہنم میں جانا پڑا) وہ صرف قسم پوری کرنے کے لیے جہنم میں جائے گا۔

1069- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا سُمَيٌّ مَوْلٰى اَبِيْ بَكْرٍ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلّٰى عَلٰى جَنَازَةٍ كَانَ لَهُ قِيْرَاطٌ، وَمَنِ اتَّبَعَهَا حَتّٰى يُفْرَغَ مِنْ اَمْرِهَا كَانَ لَهُ قِيْرَاطَانِ، اَحَدُهُمَا مِثْلُ اُحُدٍ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو آدمی نماز جنازہ پڑھتا ہے اسے ایک قیراط ثواب ملتا ہے اور جو جنازے کے دفن ہونے تک ساتھ رہتا ہے اسے دو قیراط ثواب ملتا ہے جن میں سے ایک قیراط احد پہاڑ برابر ہوتا ہے۔

1070- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

1068- سنن ترمذی' باب ما جاء فی تحقیق الرجم' جلد 4' صفحه 38' رقم:1432
صحیح مسلم' باب رجم الثیب فی الزنی' جلد 3' صفحه 131' رقم:1691
مسند امام احمد بن حنبل' مسند عمر بن الخطاب' جلد 1' صفحه 47' رقم:331
مصنف عبد الرزاق' باب الرجم والاحصان' جلد 7' صفحه 315' رقم:13329
مسند ابو عوانة' باب ذکر الخبر المبین ان الرجم فی آیة من کتاب اللّٰہ' جلد 4' صفحه 123' رقم:6258
1069- صحیح مسلم' باب الذکر المستحب عقب الوضوء' جلد 1' صفحه 144' رقم:576
صحیح ابن خزیمة' باب فضل التهلیل والشهادة للنبی صلی اللّٰه علیه وسلم بالرسالة' جلد 1' صفحه 111' رقم:223
شعب الایمان للبیهقی' باب فضل الوضوء' جلد 3' صفحه 20' رقم:2753
مشکوة المصابیح' کتاب الطهارة' الفصل الاوّل' جلد 1' صفحه 62' رقم:289
1070- صحیح البخاری' باب الاستهام فی الاذان' جلد 1' صفحه 222' رقم:590
صحیح مسلم' باب تسویة الصفوف واقامتها' جلد 2' صفحه 31' رقم:1009
السنن الکبری للبیهقی' باب الاستهام علی الاذان' جلد 1' صفحه 928' رقم:2094
سنن ترمذی' باب ما جاء فی فضل الصف الاوّل' جلد 1' صفحه 437' رقم:225
صحیح ابن حبان' باب الاذان' جلد 4' صفحه 543' رقم:1659

سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَسْرِعُوا بِالْجَنَازَةِ، فَاِنْ تَكُ صَالِحَةً فَخَيْرٌ تُقَدِّمُونَهَا اِلَيْهِ، وَاِنْ تَكُنْ سِوٰى ذٰلِكَ فَشَرٌّ تَضَعُوْنَهُ عَنْ رِقَابِكُمْ.

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جنازے کو جلدی لے کر جاؤ کیونکہ اگر وہ نیک ہوگا تو تم بھلائی کی طرف اسے لے کر جاؤ گے اور اگر اس کے علاوہ ہے تو تم اپنی گردن سے ایک برائی کو اتارو گے۔

1071- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: لَمَّا مَاتَ النَّجَاشِي قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَغْفِرُوْا لَهُ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جب نجاشی کا انتقال ہوا تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس کے لیے بخشش کی دعا کرو۔

1072- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ عَمَّنْ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: سَمِعَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ صَوْتَ بَاكِيَةٍ فَنَهَاهَا، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهَا يَا اَبَا حَفْصٍ فَاِنَّ الْعَهْدَ قَرِيبٌ، وَالْعَيْنَ بَاكِيَةٌ، وَالنَّفْسَ مُصَابَةٌ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ایک عورت کے رونے کی آواز سنی تو اسے منع کیا۔ تو نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا: اے ابوحفص! اسے چھوڑ دو کیونکہ وعدہ کا وقت قریب ہے' آنکھ رو رہی ہے اور جان کو تکلیف پہنچی ہے۔

1071- صحیح مسلم' باب فضل الاذان وهرب الشيطان عند سماعه' جلد 2' صفحه 5' رقم:878

سنن ابن ماجه' باب فضل الاذان' جلد 1' صفحه 240' رقم:725

صحيح ابن حبان' باب الاذان' جلد 4' صفحه 555' رقم:1669

مسند الحارث' باب الاذان' جلد 1' صفحه 179' رقم:118

مصنف عبد الرزاق' باب البغى فى الاذان' جلد 1' صفحه 483' رقم:1861

1072- صحيح بخارى' باب رفع الصوت بالنداء' جلد 1' صفحه 125' رقم:609

مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابى سعيد الخدرى' جلد 3' صفحه 35' رقم:11323

السنن الكبرىٰ للبيهقى' باب رفع الصوت بالاذان' جلد 1' صفحه 397' رقم:1934

سنن النسائى' باب رفع الصوت بالاذان' جلد 2' صفحه 12' رقم:644

صحيح ابن حبان' باب الاذان' جلد 4' صفحه 546' رقم:1661

1073- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ مُغِيْرَةَ الْكُوفِيُّ - وَكَانَ مِنْ سَرَاةِ الْمَوَالِيْ - عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْ قَبْرِي وَثَنًا، لَعَنَ اللّٰهُ قَوْمًا اتَّخَذُوا اَوْ جَعَلُوا قُبُورَ اَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے اللہ! تو میری قبر کو بت نہ بنا دینا' اللہ تعالیٰ ان لوگوں پر لعنت کرے جنہوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو سجدہ گاہ بنا دیا۔

باب الْبُيُوْعِ

خرید وفروخت سے متعلق روایات

1074- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَنَاجَشُوا، وَلَا يَبِعِ الرَّجُلُ عَلٰى بَيْعِ اَخِيهِ، وَلَا يَخْطُبُ عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيهِ، وَلَا يَبِعْ حَاضِرٌ لِبَادٍ، وَلَا تَسْاَلِ الْمَرْاَةُ طَلَاقَ اُخْتِهَا لِتَكْتَفِءَ مَا فِيْ اِنَائِهَا.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: دکھاوے والی (یعنی دھوکے والی) بولی نہ لگاؤ' کوئی شخص اپنے بھائی کے سودے پر سودا نہ کرے کوئی شخص اپنے بھائی کے پیغام نکاح پر پیغام نہ بھیجے۔ شہری اعرابی کے لیے سودا نہ کرے۔ عورت اپنی بہن کی طلاق کا مطالبہ نہ کرے تاکہ اس کے برتن کو اپنے لیے انڈیلے۔

1073- صحيح بخارى' باب اذا لم يدر كم صلى ثلاثا او رابعا سجد سجدتين' جلد 2' صفحه 69' رقم:1231

صحيح مسلم' باب فضل الاذان وهرب الشيطان عند سماعه' جلد 2' صفحه 6' رقم:885

السنن الكبرىٰ للبيهقى' باب الترغيب فى الاذان' جلد 1' صفحه 432' رقم:2115

سنن ابوداؤد' باب رفع الصوت بالاذان' جلد 1' صفحه 202' رقم:516

سنن الدارمى' باب الشيطان اذا سمع النداء فر' جلد 1' صفحه 295' رقم:1204

1074- صحيح مسلم' باب استحباب القول مثل قول المؤذن لمن سمعه ثم يلى على النبى صلى الله عليه وسلم' جلد 2' صفحه 4' رقم:875

سنن ابوداؤد' باب ما يقول اذا سمع المؤذن' جلد 1' صفحه 206' رقم:523

سنن ترمذى' باب فى فضل النبى صلى الله عليه وسلم' جلد 5' صفحه 586' رقم:3614

سنن النسائى الكبرىٰ' باب الصلاة على النبى صلى الله عليه وسلم بعد الاذان' جلد 1' صفحه 510' رقم:11642

مسند امام احمد' مسند عبد الله بن عمرو' جلد 2' صفحه 168' رقم:6568

1075- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا تَلَقَّوُا الرُّكْبَانَ لِلْبَيْعِ، وَلَا تَنَاجَشُوا، وَلَا يَبِعْ حَاضِرٌ لِبَادٍ، وَلَا يَبِعِ الرَّجُلُ عَلٰى بَيْعِ اَخِيهِ، وَلَا يَخْطُبْ عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيهِ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: سواروں سے سودے کے لیے نہ ملو اور دکھاوے والی (یعنی دھوکے والی) بولی نہ لگاؤ اور شہری کسی اعرابی کے لیے سودا نہ کرے۔ اور کوئی شخص اپنے بھائی کے سودے پر سودا نہ کرے اور کوئی شخص اپنے بھائی کے پیغام نکاح پر پیغام نکاح نہ بھیجے۔

1076- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا تُصَرُّوا الْاِبِلَ وَالْغَنَمَ لِلْبَيْعِ، مَنِ اشْتَرٰى مِنْكُمْ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ، اِنْ شَاءَ اَمْسَكَهَا، وَاِنْ شَاءَ رَدَّهَا وَصَاعًا مِّنْ تَمْرٍ لَّا سَمْرَاءَ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابو القاسم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اونٹوں اور بکریوں کو فروخت کرنے کے لیے ان کے تھنوں پر تھیلی نہ باندھا کرو۔ تم میں سے جو شخص اس طرح کا کوئی جانور خریدے تو اسے دو باتوں میں سے ایک کا اختیار ہوگا اگر وہ چاہے تو اسے اپنے پاس رکھے اور اگر چاہے تو اسے واپس کردے اور اس کے ساتھ اسے کھجور کا ایک صاع گندم نہ دے۔

1077- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوبُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنِ اشْتَرٰى مُصَرَّاةً فَهُوَ بِالْخِيَارِ، اِنْ شَاءَ اَمْسَكَهَا، وَاِنْ شَاءَ رَدَّهَا وَصَاعًا مِّنْ تَمْرٍ لَّا سَمْرَاءَ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابو القاسم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: ”جو شخص تھنوں پر تھیلی بندھا ہوا جانور خرید لے اسے اختیار ہوگا اگر وہ چاہے تو اسے اپنے پاس رکھے اور اگر چاہے تو اسے کھجوروں کے ایک صاع کے ساتھ واپس کردے گندم نہ دے۔“

1078- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْيَمِيْنُ الْكَاذِبَةُ مُنَفِّقَةٌ لِلسِّلْعَةِ، مُمْحِقَةٌ لِلْكَسْبِ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جھوٹی قسم کھانے سے مال تو بک جاتا ہے مگر اس میں برکت نہیں رہتی۔

1079- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو ضَمْرَةَ عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيْدَ الْاَيْلِيِّ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

حضرت سعید بن مسیب از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ از نبی اکرم ﷺ اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

1080- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

1075- صحیح بخاری، باب ما يقول اذا سمع المنادى، جلد 1، صفحه 126، رقم:611

صحیح مسلم، باب استحباب القول مثل قول المؤذن لمن سمعه، جلد 2، صفحه 4، رقم:874

سنن ابن ماجه، باب ما يقال اذا اذن المؤذن، جلد 1، صفحه 238، رقم:720

مسند امام احمد بن حنبل، مسند ابى سعيد الخدرى، جلد 3، صفحه 5، رقم:11033

مصنف عبد الرزاق، باب القول اذا سمع الاذان والانصات له، جلد 1، صفحه 478، رقم:1842

1076- صحیح بخاری، باب الدعاء عند النداء، جلد 1، صفحه 126، رقم:614

مسند امام احمد بن حنبل، مسند جابر بن عبد الله، جلد 3، صفحه 357، رقم:14859

المعجم الاوسط للطبرانى، من اسمه سيف، جلد 4، صفحه 78، رقم:3662

سنن ابوداؤد، باب ما جاء فى الدعا عند الاذان، جلد 1، صفحه 208، رقم:529

سنن ترمذى، باب ما جاء ما يقول الرجل اذا أذن المؤذن، جلد 1، صفحه 413، رقم:211

1077- صحیح مسلم، باب استحباب القول مثل قول المؤذن لمن سمعه، جلد 2، صفحه 4، رقم:877

سنن ابوداؤد، باب ما يقول اذا سمع المؤذن، جلد 1، صفحه 207، رقم:525

السنن الكبرىٰ للبيهقى، باب ما يقول اذا فرغ من ذلك، جلد 1، صفحه 410، رقم:2010

سنن ترمذى، باب ما جاء ما يقول الرجل اذا أذن المؤذن، جلد 1، صفحه 411، رقم:210

مسند امام احمد، مسند سعد بن ابى وقاص، جلد 1، صفحه 181، رقم:1565

1078- سنن ترمذى، باب فى العفو والعافية، جلد 5، صفحه 576، رقم:3594

سنن ابوداؤد، باب ما جاء فى الدعا بين الاذان والاقامة، جلد 1، صفحه 205، رقم:521

اتحاف الخيره المهرة، باب الدعاء عند الاذان، جلد 1، صفحه 489، رقم:914

السنن الكبرىٰ للنسائى، باب الترغيب فى الدعاء بين الاذان والاقامة، جلد 6، صفحه 22، رقم:9895

مسند امام احمد، مسند انس بن مالك، جلد 3، صفحه 119، رقم:12221

1080- صحیح مسلم، باب المشى الى الصلاة تمحى به الخطايا، جلد 2، صفحه 131، رقم:1554

السنن الكبرىٰ للبيهقى، باب فرائض الخمس، جلد 1، صفحه 361، رقم:1762

سنن ترمذى، باب مثل الصلوات الخمس، جلد 5، صفحه 151، رقم:2868

سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلظُّلْمُ مَطْلُ الْغَنِيِّ، فَاِذَا اُتْبِعَ اَحَدُكُمْ عَلٰى مَلِيْءٍ فَلْيَتَّبِعْ .

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مال دار آدمی کا قرض کی واپسی میں بہانے کرنا ظلم ہے اور جب کسی کو قرض لینے کے لیے کسی مالدار کے حوالے کیا جائے تو اسے تقاضا کرنا چاہیے۔

1081- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ: اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِرَجُلٍ يَبِيْعُ طَعَامًا فَاَعْجَبَهُ فَاَدْخَلَ يَدَهُ فِيْهِ، فَاِذَا هُوَ طَعَامٌ مَبْلُوْلٌ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَيْسَ مِنَّا مَنْ غَشَّنَا .

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک شخص کے پاس سے گزرے جو غلہ فروخت کر رہا تھا۔ رسول اللہ ﷺ کو وہ غلہ اچھا لگا آپ ﷺ نے اپنا ہاتھ اس میں داخل کیا تو اس میں تر غلہ بھی تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ”جو شخص ملاوٹ کرے وہ ہم سے نہیں ہے۔“

1082- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا سَالِمٌ اَبُو النَّضْرِ عَنْ رَجُلٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ: اَنَّ رَجُلًا كَانَ يُهْدِیْ لِلنَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّ عَامٍ رَاوِيَةً مِّنْ خَمْرٍ، فَاَهْدَاهَا اِلَيْهِ عَامًا وَقَدْ حُرِّمَتْ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص ہر سال شراب کا ایک مشکیزہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں تحفے کے طور پر پیش کرتا تھا' یہ شراب کے حرام ہونے سے پہلے کا واقعہ ہے' ایک مرتبہ اس نے اسی طرح وہ تحفہ آپ کی خدمت میں پیش کیا تو اب شراب کو

سنن النسائی الکبریٰ' باب فضل الصلوات الخمس' جلد 1' صفحه 423' رقم:323

سنن الدارمی' باب فی فضل الصلوات' جلد 1' صفحه 283' رقم:1183

1081- صحیح بخاری' باب النهی عن الاستنجاء بالیمین' جلد 1' صفحه 69' رقم:154

صحیح مسلم' باب النهی عن الاستنجاء بالیمین' جلد 1' صفحه 115' رقم:268

سنن ترمذی' باب ما جاء فی کراهة الاستنجاء بالیمین' جلد 1' صفحه 8' رقم:14

الآداب للبیهقی' باب کراهية التنفس فی الاناء والنفخ فیه' جلد 1' صفحه 264' رقم:441

1082- السنن الکبریٰ للبیهقی' باب کیفیة الاستنجاء' جلد 1' صفحه 114' رقم:565

المعجم الکبیر للطبرانی' من اسمه خباب ابو ابراهیم الخزاعی' جلد 4' صفحه 86' رقم:3725

مؤطا امام مالك' باب جامع الوضوء' جلد 1' صفحه 28' رقم:57

خلاصة الاحكام فی مهمات السنن للنووی' باب جامع' جلد 1' صفحه 169' رقم:389

جمع الجوامع للسیوطی' حرف الهمزة' جلد 1' صفحه 402' رقم:748

اِنَّهَا قَدْ حُرِّمَتْ . فَقَالَ الرَّجُلُ: اَفَلَا اَبِيْعُهَا؟ قَالَ: اِنَّ الَّذِیْ حَرَّمَ شُرْبَهَا حَرَّمَ بَيْعَهَا . قَالَ: اَفَلَا اُكَارِمُ بِهَا الْيَهُوْدَ؟ قَالَ: اِنَّ الَّذِیْ حَرَّمَهَا حَرَّمَ اَنْ يُّكَارَمَ بِهَا الْيَهُوْدُ . قَالَ: فَكَيْفَ اَصْنَعُ بِهَا ؟ قَالَ: شُنَّهَا فِی الْبَطْحَاءِ .

حرام قرار دیا جا چکا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اسے حرام قرار دیا جا چکا ہے' اس شخص نے عرض کی: کیا میں اسے بیچ نہ دوں! رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس ذات نے اس کے پینے کو حرام قرار دیا ہے اس نے اس کا بیچنا بھی حرام قرار دیا ہے' تو اس نے عرض کی: کیا میں اس کے ذریعے یہودیوں کو فروخت نہ کروں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس ذات نے اسے حرام قرار دیا ہے اس نے اس بات کو بھی حرام قرار دیا ہے کہ اس کے ذریعے یہودیوں کو فروخت کیا جائے۔ تو اس آدمی نے عرض کی: پھر میں اس کا کیا کروں؟ تو آپ نے ارشاد فرمایا: تم اسے کھلے میدان میں بہا دو۔

1083- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ هِشَامُ بْنُ يَحْيَى الْمَخْزُوْمِیُّ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَيُّمَا رَجُلٍ وَجَدَ مَتَاعَهُ بِعَيْنِهٖ عِنْدَ رَجُلٍ قَدْ اَفْلَسَ فَهُوَ اَحَقُّ بِهٖ .

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو آدمی کسی کے پاس بعینہ اپنے سامان کو پائے جس کو مفلس قرار دیا جا چکا ہو تو وہ اس سامان کا زیادہ حقدار ہوگا۔

1084- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

ایک اور سند کے ساتھ از حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ

1083- المستدرك للحاكم' كتاب الدعاء والتكبير والذكر' جلد 2' صفحه 175' رقم:1901

الاحاد والمثانی لاحمد الشيبانی' ذكر حازم بن حرملة الغفاری' جلد 2' صفحه 246' رقم: 1000

المعجم الصغیر للطبرانی' من اسمه یحیی' جلد 2' صفحه 287' رقم:1177

سنن ابو داؤد' باب فی الاستغفار' جلد 1' صفحه 561' رقم:1528

صحیح مسلم' باب استحباب خفض الصوت' جلد 8' صفحه 73' رقم:7037

1084- صحیح مسلم' باب فضل الوضو والصلاة عقبه' جلد 1' صفحه 142' رقم:565

صحیح ابن حبان' باب فضل الوضوء' جلد 3' صفحه 319' رقم:1044

السنن الصغریٰ للبیهقی' باب الخشوع فی الصلاة' جلد 1' صفحه 272' رقم:858

مجمع الزوائد للهیثمی' باب فضل الصلاة' جلد 2' صفحه 32' رقم:1654

سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ .

عنہ نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مثل روایت کی گئی ہے۔

جامع اَبِىْ هُرَيْرَةَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی گئی دیگر احادیث

1085- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِنَّمَا مَثَلِىْ وَمَثَلُ الْاَنْبِيَاءِ قَبْلِىْ كَمَثَلِ رَجُلٍ بَنٰى بِنَاءً فَاَحْسَنَهُ وَاَكْمَلَهُ وَاَجْمَلَهُ، اِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ فَجَعَلَ النَّاسُ يُطِيفُوْنَ بِهٖ فَيَقُوْلُوْنَ: مَا رَاَيْنَا بِنَاءً اَحْسَنَ مِنْ هٰذَا اِلَّا مَوْضِعَ هٰذِهِ اللَّبِنَةِ، اَلَا وَكُنْتُ اَنَا تِلْكَ اللَّبِنَةَ.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میری اور مجھ سے پہلے کے انبیا کی مثال ایسے ہے جیسے ایک آدمی عمارت بناتا ہے' اسے بہت خوبصورت' مکمل اور عمدہ بناتا ہے صرف ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دیتا ہے۔ لوگ اس عمارت میں گھومتے پھرتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ ہم نے اس سے عمدہ عمارت نہیں دیکھی لیکن یہ ایک اینٹ کی جگہ خالی رہ گئی ہے۔ سنو! (نبوت کی عمارت کی) وہ اینٹ میں ہوں۔

1086- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِنَّمَا مَثَلِىْ وَمَثَلُ النَّاسِ كَمَثَلِ رَجُلٍ اسْتَوْقَدَ نَارًا،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میری اور لوگوں کی مثال ایسے آدمی کی سی ہے جو آگ جلاتا ہے جب اس کے آس پاس کا حصہ روشن ہو جاتا ہے تو پروانے پتنگے

مسند امام احمد' حديث ابى امامة الباهلى' جلد 5' صفحه 260' رقم:22291

1085- سنن ابن ماجه ' باب من قال كان فسخ الحج لهم خاصة ' جلد 2' صفحه 994' رقم:2984

1086- صحيح مسلم' باب فضل صلاة الصبح والعصر والمحافظة عليهما' جلد 2' صفحه 114' رقم:1468

مسند امام احمد بن حنبل' حديث عمارة بن روية رضى الله عنه ' جلد 4' صفحه 136' رقم:17259

مسند الحميدى' حديث عمارة بن روية ' جلد 2' صفحه 380' رقم:861

صحيح ابن خزيمه ' باب فضل الصبح وصلاة العصر ' جلد 1' صفحه 164' رقم:320

فَلَمَّا اَضَاءَتْ لَهٗ جَعَلَ الدَّوَابُّ وَالْفَرَاشُ يَتَقَحَّمُوْنَ فِيْهَا، فَاَنَا اٰخِذٌ بِحُجَزِكُمْ عَنِ النَّارِ وَاَنْتُمْ تَقْتَحِمُوْنَ فِيْهَا .

وغیرہ اس آگ کی طرف لپکتے ہیں تو میں تمہیں کمر سے پکڑ کر آگ سے بچاتا ہوں اور تم اس میں گرنے کی کوشش کرتے ہو۔

1087- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ مَا بَعَثْتُ سَرِيَّةً اَتَخَلَّفُ عَنْهَا، لَيْسَ عِنْدِىْ مَا اَحْمِلُهُمْ عَلَيْهِ وَيَشُقُّ عَلَىَّ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا بَعْدِىْ .

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر مجھے ایمان والوں کے تکلیف میں پڑھنے کا ڈر نہ ہوتا تو میں جو بھی مہم روانہ کرتا اس میں خود شریک ہوتا لیکن میرے پاس اتنی وسعت نہیں ہے کہ میں ان سب کو سواریاں دے سکوں اور یہ بات بھی ان کے لیے تکلیف کا باعث ہوگی کہ وہ مجھ سے پیچھے رہ جائیں۔

1088- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ لَوَدِدْتُ اَنِّىْ اُقْتَلُ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، ثُمَّ اُحْيٰى ثُمَّ اُقْتَلُ، ثُمَّ اُحْيٰى ثُمَّ اُقْتَلُ . قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ ثَلَاثًا: اُشْهِدُ اللّٰهَ.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! میری یہ تمنا ہے کہ مجھے اللہ کی راہ میں شہید کر دیا جائے پھر زندہ کیا جائے پھر شہید کر دیا جائے پھر زندہ کیا جائے پھر شہید کر دیا جائے۔ پھر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے تین مرتبہ یہ

1087- صحيح مسلم' باب فضل صلاة العشاء والصبح فى جماعة ' جلد 2' صفحه 125' رقم:1525

السنن الكبرىٰ للبيهقى' باب من قال هى الصبح ' جلد 1' صفحه 464' رقم:2268

اتحاف الخيره المهرة للبوصيرى' باب من صلى الصبح فهو فى ذمة الله ' جلد 8' صفحه 43' رقم:7445

المعجم الكبير للطبرانى' من اسمه سمرة بن جندب الفزارى' جلد 7' صفحه 224' رقم:6950

مسند البزار' مسند سمرة بن جندب رضى الله عنه ' جلد 2' صفحه 156' رقم:4597

1088- صحيح بخارى' باب فضل صلاة العصر' جلد 1' صفحه 116' رقم:555

السنن الكبرىٰ للبيهقى' باب من قال هى الصبح ' جلد 1' صفحه 464' رقم:2271

سنن النسائى الكبرىٰ' باب فضل صلاة الفجر' جلد 1' صفحه 175' رقم:459

صحيح ابن حبان' باب فضل الصلوات الخمس' جلد 5' صفحه 28' رقم:1736

صحيح مسلم' باب فضل صلاة الصبح والعصر والمحافظة عليهما' جلد 2' صفحه 113' رقم:1464

الفاظ کہے: میں اللہ تعالیٰ کو گواہ بناتا ہوں۔

1089 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ مُتَّخِذٌ عِنْدَكَ عَهْدًا لَنْ تُخْفِرَهُ، اَيُّمَا رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اٰذَيْتُهٗ: جَلَدْتُهٗ اَوْ لَعَنْتُهٗ فَاجْعَلْهَا لَهٗ صَلَاةً وَزَكَاةً وَدُعَاءً لَهٗ . قَالَ اَبُو الزِّنَادِ: فَهِيَ لُغَةُ اَبِیْ هُرَيْرَةَ وَاِنَّمَا هِيَ جَلَدْتُهٗ لَعَنْتُهٗ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے اللہ! میں تیری بارگاہ میں یہ عہد کرتا ہوں' ایسا عہد جس کے خلاف نہیں ہوگا۔ میں جس مسلمان کو بھی تکلیف پہنچاؤں مثلاً میں نے اسے کوڑا مارا ہو یا اس پر لعنت کی ہو تو یہ چیز اس کے لیے رحمت اور پاکیزگی کا باعث بنا دینا اور اسے اس کے لیے دعا بنا دینا۔ ابوزناد کہتے ہیں کہ (روایت کے الفاظ) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی اپنی لغت ہے' ورنہ اصل لفظ یہ ہے: ''جلدته، لعنته''۔

1090 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَا مِنْ مَوْلُوْدٍ اِلَّا يَطْعُنُ الشَّيْطَانُ فِیْ نُغْضِ كَتِفِهٖ اِلَّا عِيْسَى وَاُمَّهٗ، فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ حَفَّتْ بِهِمَا وَاقْرَءُوْا اِنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب بھی کوئی بچہ پیدا ہوتا ہے تو شیطان اس کے کندھے کے اوپر والے حصے پر کچوکا لگاتا ہے' صرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کی والدہ کے ساتھ ایسا نہیں ہوا کیونکہ ان دونوں کو فرشتوں

1089- صحیح بخاری' باب فضل صلاة العصر' جلد 1' صفحه 115' رقم:554
صحیح مسلم' باب فضل صلاة الصبح والعصر والمحافظة علیهما' جلد 2' صفحه 113' رقم:1466
السنن الکبری للبیهقی' باب اوّل فرض الصلاة ' جلد 1' صفحه 359' رقم:1751
سنن ابوداؤد' باب فی الرویة ' جلد 4' صفحه 374' رقم:4731
سنن ابن ماجه ' باب فیما انکرت الجهمیة ' جلد 1' صفحه 63' رقم:177
صحیح ابن حبان' باب وصف الجنة واهلها' جلد 16' صفحه 475' رقم:7443
1090- صحیح بخاری' باب من ترک العصر' جلد 1' صفحه 155' رقم:553
سنن النسائی' باب من ترک صلاة العصر' جلد 1' صفحه 236' رقم:474
السنن الکبری للبیهقی' باب کراهیة تاخیر العصر' جلد 1' صفحه 444' رقم:2177
مسند امام احمد' حدیث بریدة الاسلمی رضی الله عنه ' جلد 5' صفحه 349' رقم:23007
مصنف' عبد الرزاق' باب من ترک الصلاة ' جلد 3' صفحه 124' رقم:5005

شِئْتُمْ (وَاِنِّیْ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ) .

نے ڈھانپ لیا تھا۔ اگر تم چاہو تو یہ آیت پڑھ لو: ''میں اس کو اور اس کی اولاد کو شیطان مردود سے تیری پناہ میں دیتا ہوں۔''

1091 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِیْ يَزِيْدَ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ طَائِفَةٍ مِنَ النَّهَارِ لَا يُكَلِّمُنِیْ وَلَا اُكَلِّمُهٗ حَتّٰى اَتٰى سُوْقَ قَيْنُقَاعٍ، ثُمَّ انْصَرَفَ حَتّٰى اَتٰى فِنَاءَ عَائِشَةَ، فَجَلَسَ فِيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اَثَمَّ اَثَمَّ؟ . يَعْنِىْ حَسَنًا فَظَنَنْتُ اَنَّهٗ اِنَّمَا تَحْبِسُهٗ اُمُّهٗ لِاَنْ تُغَسِّلَهٗ وَتُلْبِسَهٗ سِخَابًا، فَلَمْ يَلْبَثْ اَنْ جَاءَ يَسْعٰى حَتّٰى اعْتَنَقَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا صَاحِبَهٗ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اُحِبُّهٗ فَاَحِبَّهٗ وَاَحِبَّ مَنْ يُّحِبُّهٗ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک دفعہ میں دن کے وقت رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کچھ دوسرے لوگوں کے ساتھ جا رہا تھا۔ آپ نے میرے ساتھ کوئی بات نہ کی اور نہ میں نے آپ کے ساتھ کوئی بات کی' حتیٰ کہ آپ بنوقینقاع کے بازار میں تشریف لائے' پھر وہاں سے آپ واپس ہوئے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس چلے گئے' وہاں آپ بیٹھے' پھر آپ نے ارشاد فرمایا: کیا وہ یہاں ہے؟ کیا وہ یہاں ہے؟ یعنی حضرت حسن رضی اللہ عنہ' میں نے یہ اندازہ لگایا کہ ان کی والدہ نے انہیں روکا ہوا ہے تاکہ انہیں نہلا لیں اور انہوں نے اسے ہار پہنایا۔ تھوڑی دیر بعد وہ (حضرت حسن رضی اللہ عنہ) دوڑتے ہوئے آئے' دونوں (یعنی رسول اللہ اور حضرت حسن) ایک دوسرے کے گلے لگ گئے' تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اے اللہ میں اس سے محبت رکھتا ہوں تو بھی اس سے محبت رکھ اور جو اس سے محبت رکھے تو بھی اس سے محبت رکھ۔''

1092 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

1091- صحیح بخاری' باب ذکر الجن وقوله تعالی "قل اوحی الی انه استمع نفر من الجن" جلد 4' صفحه 211' رقم:3859
صحیح مسلم' باب الجهر بالقراة فی الصبح والقراة علی الجن' جلد 1' صفحه 150' رقم:450
اتحاف الخیره المهرة ' باب فی معجزاته صلی الله علیه وسلم' جلد 7' صفحه 39' رقم:6464
المسند الشاشی' باب ما روی مسروق بن الاجدع' جلد 1' صفحه 457' رقم:384
معرفة السنن والآثار للبیهقی' باب المکاتب' جلد 6' صفحه 302' رقم:6387
1092- صحیح مسلم' باب المشی الی الصلاة تمحی به الخطایا' جلد 2' صفحه 131' رقم:1553

سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلنَّاسُ تَبَعٌ لِقُرَيْشٍ فِي هٰذَا الشَّاْنِ، مُسْلِمُهُمْ تَبَعٌ لِمُسْلِمِهِمْ، وَكَافِرُهُمْ تَبَعٌ لِكَافِرِهِمْ.

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: لوگ اس معاملے میں قریش کے پیروکار ہوں گے لوگوں میں سے مسلمان قریش کے پیروکار ہوں گے اور کافر لوگ کافر قریش کے پیروکار ہوں گے۔

1093- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : تَجِدُوْنَ النَّاسَ مَعَادِنَ، فَخِيَارُهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُهُمْ فِي الْاِسْلَامِ اِذَا فَقِهُوْا.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم لوگوں کو معدن کی طرح پاؤ گے جو لوگ دورِ جاہلیت میں بہتر تھے وہ اسلام میں بھی بہتر ہوں گے جب انہیں دین کی کچھ شعور آ جائے۔

1094- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنِي طُعْمَةُ بْنُ عَمْرٍو الْجَعْفَرِيُّ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ الْاَصَمِّ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

ایک اور سند کے ساتھ بھی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

1095- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح.

ایک اور سند کے ساتھ بھی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

1096- وَحَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : خَيْرُ نِسَاءٍ رَكِبْنَ الْاِبِلَ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اونٹ پر سواری کرنے والی عورتوں میں سب سے بہتر عورتیں قریش کی ہیں جو

السنن الکبریٰ للبیهقی، باب ما جاء فی فضل المشی الی المسجد للصلاۃ، جلد 3، صفحه 62، رقم: 5166

صحیح ابن حبان، باب الامامة والجماعة، جلد 5، صفحه 392، رقم: 2044

مسند ابی یعلیٰ، مسند ابی هریرة رضی الله عنه، جلد 11، صفحه 65، رقم: 6201

1093- سنن النسائی الکبریٰ، باب الارنب، جلد 3، صفحه 155، رقم: 4823

مسند امام احمد بن حنبل، حدیث المشایخ عن أبی بن کعب، جلد 5، صفحه 150، رقم: 21372

1096- سنن النسائی الکبریٰ، باب الارنب، جلد 3، صفحه 155، رقم: 4823

مسند امام احمد بن حنبل، حدیث المشایخ عن أبی بن کعب، جلد 5، صفحه 150، رقم: 21372

قَالَ اَحَدُهُمَا : صَالِحُ نِسَاءِ قُرَيْشٍ. وَقَالَ الْآخَرُ: نِسَاءُ قُرَيْشٍ، اَحْنَاهُ عَلٰى وَلَدٍ فِي صِغَرِهٖ، وَاَرْعَاهُ عَلٰى زَوْجٍ فِي ذَاتِ يَدِهٖ.

اپنی اولاد کے لیے ان کی چھوٹی عمر میں انتہائی رحمدل ہوتی ہیں اور اپنے شوہر کے گھر کا خیال رکھتی ہیں۔

1097- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : وَاللّٰهِ لَاَسْلَمُ وَغِفَارُ، وَجُهَيْنَةُ، وَمُزَيْنَةُ خَيْرٌ مِنَ الْحَلِيْفَيْنِ: اَسَدٍ، وَغَطَفَانَ، وَمِنْ بَنِي تَمِيْمٍ، وَمِنْ بَنِي عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ. يَمُدُّ بِهَا صَوْتَهُ ال.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ کی قسم! اسلم، غفار، جہینہ اور مزینہ دو حلیف قبیلوں بنو اسد اور بنو غطفان اور بنو تمیم اور بنو عامر بن شعشاء سے زیادہ بہتر ہیں۔ یہ بات رسول اللہ ﷺ نے اپنی آواز کو کھینچ کر ارشاد فرمائی۔

1098- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَتَاكُمْ اَهْلُ الْيَمَنِ هُمْ اَلْيَنُ قُلُوْبًا، وَاَرَقُّ اَفْئِدَةً، اَلْاِيْمَانُ يَمَانٍ، وَالْحِكْمَةُ يَمَانِيَةٌ، وَالْجَفَاءُ وَالْقَسْوَةُ وَغِلَظُ الْقُلُوْبِ فِي الْفَدَّادِيْنَ اَهْلِ الْوَبَرِ عِنْدَ اُصُوْلِ اَذْنَابِ الْاِبِلِ مِنْ رَبِيْعَةَ وَمُضَرَ. قَالَ سُفْيَانُ: وَاِنَّمَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یمن والے تمہارے پاس آئے ہیں، یہ نرم دل اور رقیق ذہن والے ہیں، ایمان یمنی ہے، حکمت یمنی ہے اور جفا کاری، سختی اور سنگ دلی ربیعہ اور قبیلہ مضر کے اونٹوں والوں میں پائی جاتی ہے۔ سفیان کہتے ہیں کہ روایت کے یہ الفاظ "یمن والے تمہارے پاس آئے ہیں" اس سے مراد اہل تہامہ ہیں

1097- صحیح بخاری، باب فضل صلاۃ الفجر فی جماعة، جلد 1، صفحه 132، رقم: 651

صحیح مسلم، باب فضل کثرۃ الخطاء الی المساجد، جلد 2، صفحه 130، رقم: 1545

السنن الکبریٰ للبیهقی، باب فضل بعد المشی الی المسجد، جلد 3، صفحه 64، رقم: 5177

صحیح ابن خزیمه، باب فضل المشی الی المساجد، جلد 2، صفحه 378، رقم: 1501

مسند ابی یعلیٰ، حدیث ابی موسی الاشعری، جلد 13، صفحه 223، رقم: 7294

1098- سنن ابوداؤد، باب ما جاء فی المشی الی الصلاۃ فی الظلم، جلد 1، صفحه 220، رقم: 561

سنن ترمذی، باب ما جاء فی فضل العشاء والفجر فی الجماعة، جلد 1، صفحه 435، رقم: 223

السنن الکبریٰ للبیهقی، باب ما جاء فی فضل المشی الی المسجد بالصلاۃ، جلد 3، صفحه 63، رقم: 5174

المستدرک للحاکم، کتاب الامامة وصلاۃ، جلد 1، صفحه 290، رقم: 768

سنن ابن ماجه، باب المشی الی الصلاۃ، جلد 1، صفحه 257، رقم: 781

يَعْنِي قَوْلُهُ: اَتَاكُمْ اَهْلُ الْيَمَنِ . اَهْلَ تِهَامَةَ لِاَنَّ مَكَّةَ يَمَنٌ، وَهِيَ تِهَامِيَّةٌ وَهُوَ قَوْلُهُ: اَلْاِيْمَانُ يَمَانٍ وَالْحِكْمَةُ يَمَانِيَةٌ .

کیونکہ مکہ یمن ہے اور یہی تہامیہ ہیں۔ اور آپ کے یہ الفاظ کہ ''ایمان یمنی ہے اور حکمت یمنی ہے۔''

1099 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: جَاءَ الطُّفَيْلُ بْنُ عَمْرٍو الدَّوْسِيُّ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ دَوْسًا قَدْ عَصَتْ وَاَبَتْ فَادْعُ اللّٰهَ عَلَيْهَا . فَاسْتَقْبَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقِبْلَةَ وَرَفَعَ يَدَهُ، فَقَالَ النَّاسُ: هَلَكَتْ دَوْسٌ . فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ اهْدِ دَوْسًا، وَائْتِ بِهِمْ . مَرَّتَيْنِ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت طفیل بن عمرو دوسی رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! دوس قبیلے والوں نے نافرمانی کی ہے اور اسلام قبول کرنے سے انکار کر دیا ہے' اللہ تعالیٰ سے ان کے لیے دعائے ضرر کیجئے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے قبلہ کی طرف رخ کیا' آپ نے ہاتھ کو شانوں تک بلند کیا اور دعا کی تو لوگوں نے کہا: قبیلہ دوس ہلاک ہو جائے گا' لیکن نبی اکرم ﷺ نے دعا کی: ''اے اللہ! تو قبیلہ دوس کو ہدایت عطا فرما اور انہیں (اسلام کے دامن میں) لے آ۔'' آپ نے دو مرتبہ یہ دعا کی۔

1100 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک اعرابی نے رسول اللہ ﷺ کو اونٹنی تحفے میں دی تو

1099- صحیح بخاری' باب ای الرقاب افضل' جلد 7' صفحہ 37' رقم: 2518
صحیح مسلم' باب کون الایمان باللہ تعالیٰ افضل الاعمال' جلد 1' صفحہ 41' رقم: 89
السنن الصغریٰ للبیہقی' باب العتق' جلد 3' صفحہ 325' رقم: 4759
المنتقی لابن الجارود' باب ما جاء فی العتاقة' جلد 1' صفحہ 244' رقم: 969
صحیح ابن حبان' باب فضل الجہاد' جلد 10' صفحہ 456' رقم: 4596
1100- سنن ترمذی' باب ما جاء فی حرمة الصلاة' جلد 5' صفحہ 12' رقم: 2617
السنن الکبریٰ للبیہقی' باب فضل المساجد وفضل عمارتها بالصلاة' جلد 3' صفحہ 66' رقم: 5187
المستدرك للحاكم' كتاب الامامة والصلاة' جلد 1' صفحہ 291' رقم: 770
سنن ابن ماجه' باب لزوم المساجد وانتظار الصلاة' جلد 1' صفحہ 262' رقم: 802
سنن الدارمی' باب المحافظة على الصلوات' جلد 1' صفحہ 302' رقم: 1223

سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ: اَنَّ رَجُلًا مِّنْ اَهْلِ الْبَادِيَةِ اَهْدَى لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاقَةً فَاَعْطَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثًا فَلَمْ يَرْضَ، ثُمَّ اَعْطَاهُ ثَلَاثًا فَلَمْ يَرْضَ، ثُمَّ اَعْطَاهُ ثَلَاثًا فَرَضِيَ بِالتِّسْعِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ لَّا اَتَّهِبَ هِبَةً اِلَّا مِنْ قُرَشِيٍّ اَوْ اَنْصَارِيٍّ اَوْ ثَقَفِيٍّ اَوْ دَوْسِيٍّ . قَالَ سُفْيَانُ: وَقَالَ غَيْرُ ابْنِ عَجْلَانَ قَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ: لَمَّا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا الْقَوْلَ الْتَفَتَ فَرَآنِي فَاسْتَحْيَى فَقَالَ: اَوْ دَوْسِيٍّ .

نبی اکرم ﷺ نے اسے تین اونٹنیاں دیں لیکن وہ راضی نہیں ہوا' پھر رسول اللہ ﷺ نے اسے اور تین اونٹنیاں دیں وہ پھر بھی راضی نہ ہوا۔ پھر آپ نے اسے تین اونٹنیاں دیں۔ تو وہ نو اونٹنیاں لے کر راضی ہو گیا۔ تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اب یہ طے ہے کہ میں قریشی، انصاری، ثقفی یا دوسی ہی سے تحفہ لیا کروں گا۔ سفیان کہتے ہیں کہ ابن عجلان کے سوا دوسرے راویوں نے یہ بات بیان کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا تو آپ نے میری طرف توجہ کی اور دیکھا تو مجھے حیاء آ گئی۔ آپ نے فرمایا: یا دوسی سے۔

1101 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرٌو عَنْ طَاوُسٍ: اَنَّ اَعْرَابِيًّا وَهَبَ هِبَةً لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَثَابَهُ فَلَمْ يَرْضَ، ثُمَّ اَثَابَهُ فَلَمْ يَرْضَ، ثُمَّ اَثَابَهُ فَرَضِيَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ لَّا اَتَّهِبَ هِبَةً اِلَّا مِنْ قُرَشِيٍّ اَوْ اَنْصَارِيٍّ اَوْ ثَقَفِيٍّ .

حضرت طاؤس روایت کرتے ہیں کہ ایک اعرا[بی] نے نبی اکرم ﷺ کو کوئی تحفہ پیش کیا تو آپ نے بد[لے] میں اسے کوئی چیز دی تو وہ اس سے راضی نہ ہوا۔ آپ نے اسے مزید کوئی چیز دی تو وہ پھر بھی راضی نہیں ہوا۔ نبی اکرم ﷺ نے اسے مزید کوئی اور چیز دی تو وہ راضی ہو گیا۔ آپ نے فرمایا: یہ طے ہے کہ آئندہ میں صرف قریشی یا انصاری یا ثقفی سے ہی تحفہ لیا کروں گا۔

1102 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں ک

مسند ابی یعلی' مسند عبد الله بن عمر' جلد 10' صفحه 143' رقم: 5765

1203- صحیح بخاری' باب فضل الغسل یوم الجمعة ' جلد 2' صفحه 2' رقم: 877

صحیح مسلم' باب الجمعة ' جلد 3' صفحه 2' رقم: 1988

السنن الکبری للبیهقی' باب الدلالة علی ان الغسل للجمعة سنة اختیار' جلد 1' صفحه 294' رقم: 1456

سنن ابوداؤد' باب فی الغسل یوم الجمعة ' جلد 1' صفحه 134' رقم: 340

سنن الدارمی' باب الغسل یوم الجمعة ' جلد 1' صفحه 433' رقم: 1536

فِضَّةٍ، وَمِلاطُهَا الْمِسْكُ الْاَذْفَرُ، وَحَصْبَاؤُهَا اللُّؤْلُؤُ، وَالزَّبَرْجَدُ وَالْيَاقُوتُ . وَذَكَرَ حَدِيثًا فِيهِ طُولٌ.

سونے کی ہے اور ایک اینٹ چاندی کی ہے اور اس کا گارا مشک اذفر کا ہے اور اس کی کنکریاں اللؤلؤ، زبرجد اور یاقوت کی ہیں۔ اور طویل حدیث ذکر کی ہے۔

1204- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ يَقُولُ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ اِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا قَضَى اللّٰهُ الْاَمْرَ فِي السَّمَاءِ ضَرَبَتِ الْمَلَائِكَةُ بِاَجْنِحَتِهَا خُضْعَانًا لِقَوْلِهٖ كَاَنَّهٗ سِلْسِلَةٌ عَلٰى صَفْوَانٍ، فَاِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوبِهِمْ قَالُوا: مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ؟ قَالُوا: اَلَّذِي قَالَ الْحَقَّ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ . فَيَسْمَعُهَا مُسْتَرِقُو السَّمْعِ وَمُسْتَرِقُو السَّمْعِ هٰكَذَا بَعْضُهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ . وَوَصَفَ سُفْيَانُ بَعْضَهَا فَوْقَ بَعْضٍ قَالَ: فَيَسْمَعُ الْكَلِمَةَ فَيُلْقِيهَا اِلٰى مَنْ تَحْتَهٗ، ثُمَّ يُلْقِيهَا الْاٰخَرُ اِلٰى مَنْ تَحْتَهٗ حَتّٰى يُلْقِيَهَا عَلٰى لِسَانِ السَّاحِرِ وَالْكَاهِنِ، فَرُبَّمَا اَدْرَكَهُ الشِّهَابُ قَبْلَ اَنْ يُلْقِيَهَا، وَرُبَّمَا اَلْقَاهَا قَبْلَ اَنْ يُدْرِكَهٗ، فَيَكْذِبُ مَعَهَا مِائَةَ كَذْبَةٍ، فَيُقَالُ: اَلَيْسَ قَدْ قَالَ لَنَا يَوْمَ كَذَا وَكَذَا كَذَا وَكَذَا لِلْكَلِمَةِ الَّتِي سُمِعَتْ مِنَ السَّمَاءِ، فَيُصَدَّقُ بِتِلْكَ الْكَلِمَةِ الَّتِي سُمِعَتْ مِنَ السَّمَاءِ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ اللہ کے نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب اللہ تعالیٰ آسمان میں کوئی فیصلہ سناتا ہے تو فرشتے اس کے حکم کے سامنے سر کو جھکاتے ہوئے اپنے پر مارتے ہیں جیسے زنجیر پتھر پر ماری جاتی ہے' جب ان کے دلوں سے خوف کم ہوتا ہے تو وہ عرض کرتے ہیں: تمہارے رب نے کیا فرمایا ہے؟ تو وہ (دوسرے) کہتے ہیں: جو اس نے فرمایا ہے وہ حق ہے، وہ بلند و برتر ہے، پھر چوری چھپے سننے والے اس میں سے کوئی بات سن لیتے ہیں اس طرح ہوتے ہیں جس طرح وہ ایک دوسرے کے اوپر ہوتے ہیں۔ سفیان نے ہاتھ کے اشارے کر کے دکھایا کہ وہ اس طرح ایک دوسرے کے اوپر ہوتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو وہ آدمی ان میں سے کوئی بات سن لیتا ہے جسے وہ اپنے سے نیچے والے تک پہنچا دیتا ہے پھر وہ اپنے سے نیچے والے تک پہنچا دیتا ہے پھر وہ کسی جادوگر یا کاہن کی بات بیان کرتا ہے بعض دفعہ شہاب ثاقب اس تک پہنچ جاتا ہے اس سے پہلے کہ وہ اس بات کو اپنے سے نیچے والے تک پہنچائے اور بعض دفعہ شہاب ثاقب کے اس تک پہنچنے سے

1204- صحیح بخاری، باب فضل الغسل یوم الجمعة، جلد 2، صفحه 3، رقم: 879
صحیح مسلم، باب وجوب الغسل الجمعة علی کل بالغ من الرجال، جلد 3، صفحه 3، رقم: 1994
السنن الکبریٰ للبیهقی، باب الغسل للجمعة، جلد 1، صفحه 294، رقم: 1453
سنن ابوداؤد، باب فی الغسل یوم الجمعة، جلد 1، صفحه 134، رقم: 341
سنن ابن ماجه، باب ما جاء فی الغسل یوم الجمعة، جلد 1، صفحه 346، رقم: 1089

پہلے ہی وہ بات اگلے شخص تک پہنچا دیتا ہے' وہ اس کے ساتھ سو جھوٹ بھی ملا دیتا ہے' تو یہ کہا جاتا ہے اس آدمی نے فلاں دن جو ہم سے کہا تھا کیا ایسا نہیں' ہوا؟ اس نے فلاں فلاں بات کہی تھی' یہ وہی بات ہوتی ہے جو اس نے آسمان سے سنی ہوتی ہے تو تصدیق اس بات کی کی جاتی ہے جو آسمان سے سنی گئی تھی۔

1205- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ اَخْبَرَنِي اَبُو الْحُبَابِ: سَعِيدُ بْنُ يَسَارٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اُمِرْتُ بِقَرْيَةٍ تَاْكُلُ الْقُرٰى، يَقُولُونَ يَثْرِبُ وَهِيَ الْمَدِينَةُ، تَنْفِي النَّاسَ كَمَا يَنْفِي الْكِيرُ خَبَثَ الْحَدِيدِ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مجھے ایک بستی کے بارے میں حکم دیا گیا جو بستیوں کو کھا جائے گی' لوگ یہ کہتے ہیں کہ یہ یثرب ہے حالانکہ یہ مدینہ ہے جو لوگوں کو یوں باہر نکال دے گا جس طرح بھٹی لوہے کے زنگ کو صاف کر دیتی ہے۔

1206- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا يَزَالُ النَّاسُ يَتَسَاءَلُونَ حَتّٰى يَقُولُونَ: هٰذَا اللّٰهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: لوگ ہمیشہ ایک دوسرے سے سوالات کرتے رہیں گے حتیٰ کہ وہ یہ کہیں گے کہ اللہ نے تو ہر چیز کو پیدا کیا ہے تو اللہ تعالیٰ کو کس نے پیدا کیا

1205- سنن ابوداؤد، باب فی الرخصة فی ترک الغسل یوم الجمعة، جلد 1، صفحه 139، رقم: 354
سنن ترمذی، باب ما جاء فی الوضوء یوم الجمعة، جلد 1، صفحه 369، رقم: 497
المنتقی لابن الجارود، باب الجمعة، صفحه 81، رقم: 285
مسند امام احمد بن حنبل، ومن حدیث سمرة بن جندب، جلد 5، صفحه 16، رقم: 20189
مسند البزار، مسند سمرة بن جندب رضی الله عنه، جلد 2، صفحه 152، رقم: 4541
1206- صحیح بخاری، باب الدهن للجمعة، جلد 2، صفحه 3، رقم: 883
السنن الکبریٰ للبیهقی، باب السنة فی التنظیف یوم الجمعة، جلد 3، صفحه 242، رقم: 6168
مسند امام احمد، حدیث رفاعة بن شداد، جلد 5، صفحه 438، رقم: 23671
مسند ابن ابی شیبة، حدیث سلمان الفارسی رضی الله عنه، صفحه 666، رقم: 457
المعجم الکبیر للطبرانی، من اسمه سهیل بن حنظلة، جلد 6، صفحه 271، رقم: 6203

خَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ، فَمَنْ خَلَقَ اللّٰهَ؟ قَالَ: فَإِذَا وَجَدَ اَحَدُكُمْ ذٰلِكَ فَلْيَقُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ.

ہے۔ آپ ﷺ فرماتے ہیں کہ جب تم میں سے کوئی یہ صورتحال پائے تو وہ یہ کہے کہ میں اللہ پر ایمان رکھتا ہوں۔

1207- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا الْحُبَابِ: سَعِيدَ بْنَ يَسَارٍ يَقُولُ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا مِنْ عَبْدٍ يَتَصَدَّقُ بِصَدَقَةٍ مِنْ كَسْبٍ طَيِّبٍ، وَلَا يَقْبَلُ اللّٰهُ اِلَّا طَيِّبًا، وَلَا يَصْعَدُ اِلَى السَّمَاءِ اِلَّا طَيِّبٌ، فَيَضَعُهَا فِي حَقٍّ اِلَّا كَانَ كَاَنَّمَا يَضَعُهَا فِي يَدِ الرَّحْمٰنِ، فَيُرَبِّيهَا لَهُ كَمَا يُرَبِّي اَحَدُكُمْ فَلُوَّهُ اَوْ فَصِيلَهُ، حَتّٰى اِنَّ اللُّقْمَةَ اَوِ التَّمْرَةَ لَتَاْتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِثْلَ الْجَبَلِ الْعَظِيمِ. وَقَرَاَ (وَهُوَ الَّذِي يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ) (وَيَاْخُذُ الصَّدَقَاتِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! جو بندہ بھی پاکیزہ کمائی میں سے صدقہ کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ صرف پاکیزہ چیز کو ہی قبول کرتا ہے تو وہ پاکیزہ چیز ہی آسمان کی طرف بلند ہوتی ہے اور وہ حق کی جگہ پر رکھی جاتی ہے اس کی حالت یہ ہوتی ہے کہ رحمٰن اسے اپنے دائیں ہاتھ میں رکھ لیتا ہے پھر وہ اسے بڑھانا شروع کرتا ہے جس طرح کوئی آدمی اپنے جانور کے بچے کی پرورش کرتا ہے حتیٰ کہ ایک لقمہ یا ایک کھجور جب قیامت کے دن آئیں گے تو وہ بہت بڑے پہاڑ کی مثل ہوں گے اور یہ آیت تلاوت کی: ''وہ وہی ذات ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور صدقات قبول کرتا ہے۔''

1208- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

1207- صحيح بخاری' باب فضل الجمعة ' جلد 2' صفحه 3' رقم:881

السنن الكبرىٰ للبيهقی' باب السنة فی التنظيف يوم الجمعة ' جلد 3' صفحه 242' رقم:6168

سنن ابوداؤد' باب فی الغسل يوم الجمعة ' جلد 1' صفحه 137' رقم:351

سنن ترمذی' باب ما جاء فی التكبير الی الجمعة ' جلد 2' صفحه 372' رقم:499

صحيح مسلم' باب الطيب والسواك يوم الجمعة ' جلد 3' صفحه 4' رقم:2001

1208- صحيح بخاری' باب الساعة التی فی يوم الجمعة ' جلد 2' صفحه 13' رقم:935

صحيح مسلم' باب فی الساعة التی فی يوم الجمعة ' جلد 3' صفحه 5' رقم:2006

السنن الكبرىٰ للبيهقی' باب الساعة التی فی يوم الجمعة ' جلد 3' صفحه 249' رقم:6211

سنن ترمذی' باب ما جاء فی الساعة التی ترجى فی يوم الجمعة ' جلد 2' صفحه 362' رقم:491

سنن الدارمی' باب الساعة التی تذكر فی الجمعة ' جلد 1' صفحه 443' رقم:1569

سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ عَنْ عَجْلَانَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِلْمَمْلُوكِ طَعَامُهُ وَكِسْوَتُهُ، وَلَا يُكَلَّفُ مِنَ الْعَمَلِ اِلَّا مَا يُطِيقُ.

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: غلام کو خوراک اور لباس دیا جائے اور اسے ایسے کام کا پابند نہ کیا جائے جو اس کی طاقت سے باہر ہو۔

1209- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ عَنْ بُكَيْرٍ عَنْ عَجْلَانَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا سَالَمْنَاهُنَّ مُنْذُ حَارَبْنَاهُنَّ، وَمَنْ تَرَكَ مِنْهُنَّ شَيْئًا خِيفَةً فَلَيْسَ مِنِّي. يَعْنِي الْحَيَّاتِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہم نے ان سے لڑائی شروع کی تب سے ہم نے ان کے ساتھ صلح نہیں کی ہے اور جو آدمی ان سے ڈرتے ہوئے ان میں سے کسی ایک کو چھوڑ دے تو اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں، یعنی سانپ۔

1210- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ عَنْ سُمَيٍّ عَنْ اَبِي صَالِحٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا عَطَسَ خَمَّرَ وَجْهَهُ وَاَخْفَى عَطْسَتَهُ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو جب چھینک آتی تو آپ اپنے چہرے کو ڈھانپ لیتے تھے اور چھینک کی آواز کو پست کرتے تھے۔

1211- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب کچھ لوگ کسی مجلس میں بیٹھیں اور وہاں اللہ کا ذکر نہ کریں تو یہ مجلس ان کے

1209- صحيح مسلم' باب فی الساعة التی فی يوم الجمعة ' جلد 3' صفحه 6' رقم:2012

سنن ابوداؤد' باب الاجابة آية ساعة هی فی يوم الجمعة ' جلد 1' صفحه 406' رقم:1051

شعب الايمان' باب فضل الجمعة ' جلد 3' صفحه 94' رقم:2980

1210- سنن ابوداؤد' باب فضل يوم الجمعة وليلة الجمعة ' جلد 1' صفحه 379' رقم:883

مسند امام احمد بن حنبل' حديث اوس بن اوس الثقفی' جلد 7' صفحه 389' رقم:15575

المستدرك للحاكم' كتاب الجمعة ' جلد 1' صفحه 413' رقم:1029

سنن ابن ماجه ' باب فی فضل الجمعة ' جلد 1' صفحه 423' رقم:1075

سنن الدارمی' باب فی فضل الجمعة ' جلد 1' صفحه 445' رقم:1572

1211- سنن ابوداؤد' باب فی سجود الشكر' جلد 3' صفحه 45' رقم:2777

السنن الكبرىٰ للبيهقی' باب سجود الشكر' جلد 2' صفحه 407' رقم:4105

قَوْمٍ يَجْلِسُوْنَ مَجْلِسًا لَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ فِيْهِ اِلَّا كَانَ عَلَيْهِمْ تِرَةً

لیے حسرت کا باعث ہوگی۔

1212- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِيَّاكُمْ وَالْفُحْشَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَبْغَضُ الْفَاحِشَ الْمُتَفَحِّشَ، وَاِيَّاكُمْ وَالظُّلْمَ فَاِنَّ الظُّلْمَ هُوَ الظُّلُمَاتُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَاِيَّاكُمْ وَالشُّحَّ فَاِنَّهُ دَعَا مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ اِلَى اَنْ سَفَكُوْا دِمَائَهُمْ وَقَطَعُوْا اَرْحَامَهُمْ وَاسْتَحَلُّوْا مَحَارِمَهُمْ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: فحش گوئی سے بچو کیونکہ اللہ تعالیٰ فحاشی کرنے والے اور فحش گوئی کرنے والے کو پسند نہیں کرتا اور ظلم کرنے سے بچو کیونکہ ظلم قیامت کے دن تاریکیوں کی صورت میں ہوگا اور بخل سے بچو کیونکہ اسی بخل نے تم سے پہلے لوگوں کے خون بہائے، قطع رحمی کرائی اور حرام چیزوں کو حلال بنانے کی ترغیب دی تھی۔

1213- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عَبْدِ الْعَزِيْزِ: مُوْسَى بْنَ عُبَيْدَةَ الرَّبَذِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِذَا قَالَ الرَّجُلُ لِاَخِيْهِ: جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا فَقَدْ اَبْلَغَ فِي الثَّنَاءِ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب کوئی آدمی اپنے بھائی سے یہ کہے کہ اللہ تعالیٰ تمہیں جزائے خیر دے تو اس نے تعریف میں مبالغہ کیا۔

1212- المعجم الكبير للطبراني، من اسمه معاذ بن جبل، جلد 20، صفحه 172، رقم: 17124

المستدرك للحاكم، كتاب البيوع، جلد 2، صفحه 281، رقم: 2221

اتحاف الخيره المهرة، باب بقا الايمان اذا اكره صاحبه على الكفر، جلد 1، صفحه 27، رقم: 142

مجمع الزوائد للهيثمى، باب فى الوسوسة، جلد 1، صفحه 186، رقم: 91

المطالب العاليه للعسقلانى، باب الوسوسة، جلد 8، صفحه 464، رقم: 3075

1213- صحيح بخارى، باب تحريض النبى صلى الله عليه وسلم على صلاة الليل والنوافل، جلد 2، صفحه 50، رقم: 1127

صحيح مسلم، باب ما روى فيمن نام الليل اجمع حتى اصبح، جلد 2، صفحه 187، رقم: 1854

السنن الكبرىٰ للبيهقى، باب الترغيب فى قيام الليل، جلد 2، صفحه 500، رقم: 4825

مسند امام احمد بن حنبل، مسند على بن ابى طالب رضى الله عنه، جلد 1، صفحه 112، رقم: 900

مسند البزار، مسند على بن أبى طالب، جلد 1، صفحه 106، رقم: 503

1214- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : الْعُطَاسُ مِنَ اللّٰهِ، وَالتَّثَاؤُبُ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَاِذَا تَثَائَبَ اَحَدُكُمْ فَلْيَضَعْ يَدَهُ عَلٰى فِيْهِ، وَاِذَا قَالَ: هَاهْ هَاهْ، فَاِنَّمَا هُوَ مِنَ الشَّيْطَانِ يَضْحَكُ فِيْ جَوْفِهٖ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: چھینک اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتی ہے اور جمائی شیطان کی طرف سے ہوتی ہے جب تم میں سے کسی کو جمائی آئے تو وہ اپنا ہاتھ اپنے منہ پر رکھ لے اور جب ہا کہتا ہے تو وہ شیطان کی طرف سے ہوتا ہے جو اس کے پیٹ میں ہنس رہا ہوتا ہے۔

1215- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا انْتَهَيْتَ اِلٰى قَوْمٍ جُلُوْسٍ فَسَلِّمْ عَلَيْهِمْ، وَاِذَا قُمْتَ فَسَلِّمْ عَلَيْهِمْ، فَاِنَّ الْاُوْلٰى لَيْسَتْ بِاَحَقَّ مِنَ الْاٰخِرَةِ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ انہیں نبی اکرم ﷺ کے اس ارشاد کا پتہ چلا ہے کہ جب تم بیٹھے ہوئے لوگوں کے پاس جاؤ تو انہیں سلام کرو اور جب تم اٹھو تو پھر انہیں سلام کرو کیونکہ پہلے والا دوسرے والے کے مقابلے میں زیادہ حق دار نہیں ہوتا۔

1216- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

1214- صحيح بخارى، باب فضل قيام الليل، جلد 2، صفحه 49، رقم: 1122

صحيح مسلم، باب من فضائل عبد الله بن عمر رضى الله عنهما، جلد 7، صفحه 158، رقم: 6525

مسند امام احمد بن حنبل، مسند عبد الله بن عمر، جلد 2، صفحه 146، رقم: 6330

سنن الدارمى، باب النوم فى المسجد، جلد 1، صفحه 379، رقم: 1400

1215- الاوسط لابن المنذر، ذكر تكفين الميت فى ثوب واحد اذا ضاق غطى رأسه، جلد 3، صفحه 114، رقم: 2906

الزهد لهناد الكوفى، باب معيشة اصحاب النبى، صفحه 387، رقم: 755

المنتقى لابن الجارود، كتاب الجنائز، جلد 2، صفحه 76، رقم: 507

الفوائد الشهرى بالغيلانيات، مجلس من املاء الشافعى، جلد 2، صفحه 381، رقم: 839

التوحيد لابن خزيمه، باب ذكر البيان من اخبار النبى المصطفى فى اثبات الوجه لله جل ثناؤه، صفحه 27، رقم: 22

1216- صحيح بخارى، باب صفة ابليس وجنوده، جلد 4، صفحه 122، رقم: 3270

صحيح مسلم، باب ما روى فيمن نام الليل اجمع حتى اصبح، جلد 2، صفحه 187، رقم: 1853

السنن الكبرىٰ للبيهقى، باب من نام على غير نية ان يقوم حتى اصبح، جلد 3، صفحه 15، رقم: 4913

سنن النسائى، باب الترغيب فى قيام الليل، جلد 3، صفحه 204، رقم: 1608

مسند امام احمد بن حنبل، مسند عبد الله بن مسعود، جلد 1، صفحه 427، رقم: 4059

سُفْيَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَرْبَعَةُ اَنْهَارٍ مِنَ الْجَنَّةِ: الْفُرَاتُ، وَسَيْحَانُ، وَجَيْحَانُ، وَالنِّيلُ.

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: چار نہریں جنت سے ہیں: فرات، سیحان، جیحان اور نیل۔

1217- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ كَثِيرٍ عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ قَالَ: رَاَيْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ صَلَّى بِالْمَدِينَةِ بِالنَّاسِ مَسَاءَ يَوْمِ النَّفْرِ الْاٰخِرِ ثُمَّ قَالَ: اِنَّ اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ سَبَقَ بِالْخَيْرَاتِ، وَاِنَّ ذَكْوَانَ مَوْلٰى مَرْوَانَ قَدْ سَبَقَ الْحَاجَّ، وَاَنَّهُ قَدْ اَخْبَرَ عَنِ النَّاسِ بِسَلَامَةٍ. قَالَ سُفْيَانُ وَقَالَ ذَكْوَانُ: اَنَا الَّذِي كَلَّفْتُهَا سَيْرَ لَيْلَةٍ مِنَ اَهْلِ مِنًى نَصًّا اِلَى اَهْلِ يَثْرِبَ.

حضرت وہب بن کیسان روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو مدینہ منورہ میں اس شام کے وقت نماز پڑھتے ہوئے دیکھا جب پہلے دن لوگ روانہ ہوتے ہیں' پھرانہوں نے کہا: حضرت ابوالقاسم ﷺ بھلائی کے معاملے میں سبقت لے جاتے تھے لیکن مروان کا غلام ذکوان حاجیوں سے آگے نکل گیا' اس نے لوگوں کے بارے میں سلامتی کی اطلاع دی۔ سفیان کہتے ہیں کہ ذکوان نے یہ شعر کہا تھا: ''میں وہ آدمی ہوں جس نے اپنے آپ کو رات کے سفر کا پابند بنایا' اہل منیٰ میں سے اہل یثرب پر ثبوت بنایا۔''

1218- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ بنی اسرائیل سے روایات بیان کرو' اس میں کوئی حرج نہیں ہے اور مجھ

1217- صحیح بخاری' باب عقد الشیطان علی قافیۃ الراس اذ لم یصل باللیل' جلد 2' صفحہ 52' رقم: 1142

صحیح مسلم' باب ما روی فیمن نام اللیل اجمع حتی اصبح ' جلد 2' صفحہ 187' رقم: 1855

السنن الکبریٰ للبیہقی' باب الترغیب فی قیام اللیل' جلد 2' صفحہ 501' رقم: 4827

مؤطا امام مالک' باب جامع الترغیب فی الصلاۃ ' جلد 1' صفحہ 176' رقم: 424

سنن ابوداؤد' باب قیام اللیل' جلد 1' صفحہ 504' رقم: 1308

1218- صحیح بخاری' باب من اقتنی کلبا لیس بکلب صید او ماشیۃ ' جلد 5' صفحہ 208' رقم: 5164

صحیح مسلم' باب الامر بقتل الکلاب وبیان نسخہ وبیان تحریم اقتنائھا' جلد 5' صفحہ 36' رقم: 4106

سنن الکبریٰ للنسائی' باب صفۃ الکلاب التی امر بقتلھا' جلد 7' صفحہ 185' رقم: 4280

مسند ابی یعلیٰ' مسند عبد اللہ بن عمر' جلد 10' صفحہ 206' رقم: 5836

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : حَدِّثُوا عَنْ بَنِي اِسْرَائِيلَ وَلَا حَرَجَ، حَدِّثُوا عَنِّي وَلَا تَكْذِبُوا عَلَيَّ.

سے بھی بیان کرو لیکن میری طرف جھوٹی بات منسوب نہ کرنا۔

1219- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ وَحَدَّثَنِي مَنْ لَا اُحْصِي عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے جان بوجھ کر میری طرف جھوٹ منسوب کیا' وہ جہنم میں اپنی جگہ بنا لے۔

1220- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو هَارُونَ: مُوسَى بْنُ اَبِي عِيسَى الْمَدِينِيُّ الْخَيَّاطُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ الْقَرَّاظَ يَقُولُ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَيُّمَا جَبَّارٍ اَرَادَ اَهْلَ الْمَدِينَةِ بِسُوْءٍ اَذَابَهُ اللّٰهُ فِي النَّارِ كَمَا يَذُوبُ الْمِلْحُ فِي الْمَاءِ، وَلَا يَصْبِرُ اَحَدٌ عَلٰى لَاْوَائِهَا وَشِدَّتِهَا اِلَّا كُنْتُ لَهُ شَهِيدًا اَوْ شَفِيعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو ظالم بھی اہل مدینہ کے ساتھ برائی کا ارادہ کرے گا اللہ تعالیٰ اسے جہنم میں یوں پگھلائے گا جس طرح نمک پانی میں گھل جاتا ہے اور جو شخص یہاں کی سختی اور شدت پر صبر کرے گا میں اس کے لیے گواہ ہوں گا' یا فرمایا: قیامت کے دن اس کی شفاعت کروں گا۔

1221- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

1219- صحیح مسلم' باب فضل صوم المحرم' جلد 3' صفحہ 169' رقم: 2812

صحیح ابن خزیمہ ' باب فضل الصوم فی المحرم اذا ھو افضل الصیام بعد شھر رمضان' جلد 3' صفحہ 282' رقم: 2076

مسند امام احمد بن حنبل' مسند أبی ہریرۃ رضی اللہ عنہ ' جلد 2' صفحہ 344' رقم: 8515

مسند عبد بن حمید' من مسند ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ ' صفحہ 416' رقم: 1423

1220- صحیح بخاری' باب ما جاء فی الوتر' جلد 2' صفحہ 24' رقم: 990

صحیح مسلم' باب صلاۃ اللیل مثنی مثنی والوتر رکعۃ من اخر اللیل' جلد 2' صفحہ 171' رقم: 1782

السنن الکبریٰ للبیہقی' باب صلاۃ اللیل مثنی مثنی' جلد 2' صفحہ 486' رقم: 4752

المعجم الاوسط' باب من اسمہ ابراہیم' جلد 3' صفحہ 128' رقم: 2694

المنتقی لابن الجارود' باب الوتر' صفحہ 77' رقم: 267

1221- صحیح بخاری' باب ساعات الوتر' جلد 2' صفحہ 25' رقم: 995

سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِنَّ الْمَرْاَةَ خُلِقَتْ مِنْ ضِلَعٍ لَنْ تَسْتَقِيْمَ لَكَ عَلٰى طَرِيْقَةٍ، فَاِنِ اسْتَمْتَعْتَ بِهَا اسْتَمْتَعْتَ بِهَا وَفِيْهَا عِوَجٌ، وَاِنْ ذَهَبْتَ تُقِيْمُهَا كَسَرْتَهَا، وَكَسْرُهَا طَلَاقُهَا .

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: عورت کو ٹیڑھی پسلی سے پیدا کیا گیا ہے وہ کبھی بھی تمہارے لیے سیدھی نہیں ہو سکتی اگر تم اس سے نفع حاصل کرنا چاہتے ہو تو اس کے ٹیڑھے پن کے ساتھ ہی اس سے نفع حاصل کرو، اگر تم اسے سیدھا کرنے کی کوشش کرو گے تو اسے توڑ دو گے اور اسے توڑنا اسے طلاق دینا ہے۔

1222- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ ظَبْيَانَ الْحَنَفِيُّ اَنَّهُ سَمِعَ رَجُلًا مِّنْ بَنِیْ حَنِيْفَةَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: ذَهَبْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى يَهُوْدِ بَنِیْ قَيْنُقَاعٍ يُدَارِسُهُمْ فَاَبْصَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مُتَخَلِّقًا فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَعَلَّهُ عَرُوْسٌ.

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : وَاِنْ، اذْهَبْ فَاغْسِلْهُ، ثُمَّ انْهَكْهُ ثُمَّ اغْسِلْهُ، ثُمَّ انْهَكْهُ ثُمَّ اغْسِلْهُ، ثُمَّ انْهَكْهُ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بنو قینقاع کے ان یہودیوں کی طرف گیا جو انہیں درس دیا کرتے تھے، رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو دیکھا جس نے اچھی طرح خوشبو لگائی ہوئی تھی، میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! لگتا ہے اس کی نئی نئی شادی ہوئی ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اور اگر تم جاؤ اور اسے دھو لو اور پھر اسے صاف کر کے اچھی طرح دھو لو پھر اسے دھوؤ اور اچھی طرح دھو لو پھر اسے اور اچھی طرح دھوؤ۔

1223- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

صحیح مسلم، باب صلاة اللیل مثنی مثنی والوتر رکعة من آخر اللیل، جلد 2، صفحه 174، رقم: 1797
سنن النسائی، باب عدد الوتر، جلد 1، صفحه 170، رقم: 437
سنن ابن ماجه، باب ما جاء فی الوتر برکعة، جلد 1، صفحه 371، رقم: 1174
صحیح ابن خزیمه، باب ذکر الاخبار المنصوصة عن النبی صلی الله علیه وسلم أن الوتر رکعة، جلد 2، صفحه 139، رقم: 1073
1222- صحیح بخاری، باب ما یذکر من صوم النبی صلی الله علیه وسلم وافطاره، جلد 3، صفحه 39، رقم: 1972
مشکوٰة المصابیح، باب القصد فی العمل، الفصل الاوّل، جلد 1، صفحه 276، رقم: 1241
1223- صحیح بخاری، باب ما جاء فی الوتر، جلد 2، صفحه 25، رقم: 994
السنن الکبریٰ للبیهقی، باب عدد رکعات النبی صلی الله علیه وسلم وصفتها، جلد 3، صفحه 7، رقم: 4864

سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ سَمِعْتُ ثَابِتًا الْاَعْرَجَ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: شَرُّ الطَّعَامِ طَعَامُ الْوَلِيْمَةِ يُمْنَعُهَا مَنْ يَّاْتِيْهَا، وَيُدْعٰى لَهَا مَنْ يَّاْبَاهَا، وَمَنْ لَّمْ يُجِبِ الدَّعْوَةَ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ.

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: سب سے برا کھانا ولیمے کا وہ کھانا ہے جس میں آنے والے کو روک دیا جائے اور اس کی دعوت اسے دی جائے جو اس کا انکار کرے تو جو آدمی دعوت قبول نہیں کرتا وہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی کرتا ہے۔

1224- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: شَرُّ الطَّعَامِ طَعَامُ الْوَلِيْمَةِ يُدْعٰى اِلَيْهَا الْاَغْنِيَاءُ، وَيُمْنَعُهَا الْمَسَاكِيْنُ، وَمَنْ لَّمْ يُجِبِ الدَّعْوَةَ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ سب سے برا کھانا ولیمے کا وہ کھانا جس میں امیروں کو بلایا جاتا ہے اور غریبوں کو روک دیا جاتا ہے تو جو آدمی دعوت قبول نہیں کرتا، وہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی کرتا ہے۔

1225- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ كَيْسَانَ الْيَشْكُرِيُّ عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ: اَنَّ رَجُلًا اَرَادَ اَنْ يَّتَزَوَّجَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے کسی انصاری عورت کے ساتھ نکاح کرنے کا ارادہ کیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم اسے دیکھ لو

صحیح ابن حبان، باب النوافل، جلد 6، صفحه 347، رقم: 2614
مسند امام احمد بن حنبل، حدیث السیدة عائشه رضی الله عنها، جلد 6، صفحه 88، رقم: 24621
1224- صحیح بخاری، باب قیام النبی صلی الله علیه وسلم باللیل فی رمضان وغیره، جلد 2، صفحه 53، رقم: 1147
صحیح مسلم، باب صلاة اللیل وعدد رکعات النبی صلی الله علیه وسلم، جلد 2، صفحه 166، رقم: 1757
السنن الکبریٰ للبیهقی، باب کان ینام ولا یتوضا، جلد 7، صفحه 62، رقم: 13769
سنن ابوداؤد، باب فی صلاة اللیل، جلد 1، صفحه 512، رقم: 1343
سنن ترمذی، باب ما جاء فی وصف صلاة النبی صلی الله علیه وسلم، جلد 1، صفحه 302، رقم: 439
مسند امام احمد، حدیث السیدة عائشه رضی الله عنها، جلد 6، صفحه 73، رقم: 24490
1225- صحیح بخاری، باب من نام اوّل اللیل واحیا آخره، جلد 2، صفحه 53، رقم: 1146
صحیح مسلم، باب صلاة اللیل وعدد رکعات النبی صلی الله علیه وسلم، جلد 2، صفحه 167، رقم: 1762
السنن الکبریٰ للبیهقی، باب ذکر الخبر الذی ورد فی الجنب ینام ولا یمس ماءً، جلد 1، صفحه 201، رقم: 1011
سنن النسائی الکبریٰ، باب ای صلاة اللیل افضل، جلد 1، صفحه 413، رقم: 1309
صحیح ابن حبان، باب النوافل، جلد 6، صفحه 324، رقم: 2589

امْرَاَةً مِّنَ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : انْظُرْ اِلَيْهَا فَاِنَّ فِیْ اَعْيُنِ نِسَاءِ الْاَنْصَارِ شَيْئًا .

قَالَ الْحُمَيْدِیُّ: يَعْنِي الصِّغَرَ.

کیونکہ انصار کی عورتوں کی آنکھوں میں کچھ ہوتا ہے۔

امام حمیدی بیان کرتے ہیں کہ یعنی وہ چھوٹی ہوتی ہیں۔

1226- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰی عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ تَجَاوَزَ لِیْ عَنْ اُمَّتِیْ مَا وَسْوَسَتْ صُدُوْرُهَا مَا لَمْ تَعْمَلْ اَوْ تَكَلَّمْ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نے میری امت سے ان کے وسوسے سے درگزر فرمایا ہے جو اس کے سینے میں پیدا ہوتے ہیں جب تک وہ اس پر عمل نہیں کرتا یا اس کے متعلق بات چیت نہیں کرتا۔

1227- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : حَلَفَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ فَقَالَ: لَاُطِيْفَنَّ اللَّيْلَةَ بِسَبْعِيْنَ امْرَاَةً كُلُّهُنَّ تَجِیْءُ بِغُلَامٍ يُّقَاتِلُ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ . فَقَالَ لَهُ صَاحِبُهُ اَوْ قَالَ لَهُ الْمَلَكُ: قُلْ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ . فَنَسِیَ، فَاَطَافَ بِسَبْعِيْنَ امْرَاَةً فَلَمْ تَجِیْءْ وَاحِدَةٌ مِّنْهُنَّ بِشَیْءٍ اِلَّا وَاحِدَةٌ جَائَتْ بِشِقِّ غُلَامٍ . فَقَالَ رَسُوْلُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: حضرت سلیمان علیہ السلام نے قسم کھاتے ہوئے یہ کہا کہ آج رات میں اپنی ستر بیویوں سے وظیفہ زوجیت ادا کروں گا اور وہ سب لڑکے جنیں گی جو اللہ عزوجل کی راہ میں جہاد کریں گے' ان کے ساتھی نے یا فرشتے نے ان سے کہا: آپ انشاء اللہ کہہ دیجئے! لیکن انہیں خیال نہیں رہا اور انہوں نے اپنی ستر بیویوں کے ساتھ صحبت کی تو ان میں سے صرف ایک

1226- صحیح بخاری' باب قوله تعالى فلا تجعلوا لله اندادًا وانتم تعلمون' جلد 4' صفحه 311' رقم:4488

صحیح مسلم' باب كون الشرك اقبح الذنوب' جلد 1' صفحه 57' رقم:86

مصنف ابن ابی شيبة ' باب من قال افضل الصلاة لميقاتها' جلد 1' صفحه 316' رقم:3229

سنن الدارقطنی' باب النهی عن الصلاة بعد صلاة ' جلد 1' صفحه 334' رقم:991

1227- صحیح بخاری' تفسير سورة المائدة ' جلد 4' صفحه 169' رقم:4349

صحیح مسلم' باب فناء الدنيا وبيان الحشر يوم القيامة ' جلد 8' صفحه 157' رقم:7380

المستدرك للحاكم' تفسير سورة الزخرف' جلد 2' صفحه 486' رقم:3673

المعجم الكبير للطبرانی' احاديث عبد الله بن العباس' جلد 12' صفحه 9' رقم:12341

مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الله بن العباس' جلد 1' صفحه 253' رقم:2281

اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَوْ قَالَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰی لَمَا حَنِثَ وَلَكَانَ دَرَكًا فِیْ حَاجَتِهٖ .

کے ہاں بچہ پیدا ہوا وہ بھی نامکمل تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر وہ انشاء اللہ کہہ دیتے تو ان کی قسم نہ ٹوٹتی اور وہ اپنا مقصد بھی پا لیتے۔

1228- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حُجَيْرٍ التَّيْمِیُّ عَنْ طَاوُسٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهٖ .

طاؤس از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

1229- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عِنْدِیْ دِيْنَارٌ فَقَالَ: اَنْفِقْهُ عَلٰی نَفْسِكَ .

قَالَ: عِنْدِیْ اٰخَرُ . قَالَ: اَنْفِقْهُ عَلٰی وَلَدِكَ . قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عِنْدِیْ اٰخَرُ . قَالَ: اَنْفِقْهُ عَلٰی اَهْلِكَ . قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عِنْدِیْ اٰخَرُ . قَالَ: اَنْفِقْهُ عَلٰی خَادِمِكَ . قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عِنْدِیْ اٰخَرُ. قَالَ: اَنْتَ اَعْلَمُ . قَالَ سَعِيْدٌ: ثُمَّ يَقُوْلُ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اِذَا حَدَّثَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ: يَقُوْلُ وَلَدُكَ اَنْفِقْ عَلَیَّ اِلٰی مَنْ تَكِلُنِیْ؟ تَقُوْلُ زَوْجَتُكَ: اَنْفِقْ عَلَیَّ اَوْ طَلِّقْنِیْ. يَقُوْلُ خَادِمُكَ: اَنْفِقْ عَلَیَّ اَوْ بِعْنِیْ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میرے پاس ایک دینار ہے' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم اسے اپنی ذات پر خرچ کرو۔

اس نے عرض کی: میرے پاس ایک اور بھی ہے' آپ نے فرمایا: اسے تم اپنی اولاد پر خرچ کرو' اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میرے پاس ایک اور بھی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اسے تم اپنے بیوی پر خرچ کرو' اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میرے پاس ایک اور بھی ہے' آپ نے فرمایا: اسے اپنے خادم پر خرچ کرو' اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میرے پاس ایک اور بھی ہے۔ تو آپ نے فرمایا: تم زیادہ بہتر جانتے ہو۔ سعید کہتے ہیں کہ جب حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ یہ حدیث بیان کر لیتے تو فرمایا کرتے کہ تمہارا بچہ کہے گا: مجھ پر خرچ

1229- صحیح مسلم' باب افضل الصلاة طول القنوت' جلد 2' صفحه 175' رقم:1804

السنن الكبرىٰ للبيهقی' باب افضل الصلاة طول القنوت' جلد 3' صفحه 306' رقم:4871

سنن ابن ماجه' باب ما جاء فی طول القيام فی الصلوات' جلد 1' صفحه 456' رقم:1421

سنن ترمذی' باب ما جاء فی طول القيام فی الصلاة ' جلد 2' صفحه 229' رقم:387

سنن النسائی الكبرىٰ' باب صدقة جهل المقل' جلد 2' صفحه 31' رقم:2305

1230- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ ظَبْيَانَ عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِي حَنِيفَةَ أَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُولُ قَالَ لِي أَبُو هُرَيْرَةَ: أَتَعْرِفُ رَجَّالًا؟ قُلْتُ: نَعَمْ. قَالَ: فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ضِرْسُهُ فِي النَّارِ أَعْظَمُ مِنْ أُحُدٍ. فَكَانَ أَسْلَمَ ثُمَّ ارْتَدَّ وَلَحِقَ بِمُسَيْلِمَةَ. وَقَالَ: كَبْشَانِ انْتَطَحَا فَأَحَبُّهُمَا إِلَيَّ أَنْ يَغْلِبَ كَبْشِي.

1231- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا سُهَيْلُ بْنُ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ هَلْ نَرَى رَبَّنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ فَقَالَ: هَلْ تُضَارُّونَ فِي رُؤْيَةِ الشَّمْسِ فِي الظَّهِيرَةِ لَيْسَتْ فِي سَحَابَةٍ؟ قَالُوا: لَا. قَالَ: فَهَلْ تُضَارُّونَ فِي رُؤْيَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ لَيْسَ فِي سَحَابَةٍ؟ قَالُوا: لَا. قَالَ: فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا تُضَارُّونَ فِي رُؤْيَةِ رَبِّكُمْ إِلَّا كَمَا تُضَارُّونَ فِي رُؤْيَةِ أَحَدِهِمَا، فَيَلْقَى الْعَبْدَ فَيَقُولُ: أَيْ فُلْ أَلَمْ أُكْرِمْكَ، وَأُسَوِّدْكَ، وَأُزَوِّجْكَ وَأُسَخِّرْ لَكَ الْخَيْلَ وَالْإِبِلَ،

کرو مجھے کس کے سپرد کر رہے ہو؟ تمہاری بیوی کہے گی: مجھ پر خرچ کرو یا مجھے طلاق دے دو' تمہارا خادم کہے گا: مجھ پر خرچ کرو یا پھر مجھے بیچ دو۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تم دجال کو جانتے ہو؟ میں نے عرض کی: ہاں! تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جہنم میں اس کی داڑھ احد پہاڑ سے بھی بڑی ہوگی۔ یہ آدمی پہلے مسلمان ہوا تھا پھر مرتد ہوگیا اور مسیلمہ کذاب سے جا کر مل گیا اور اس نے یہ کہا تھا کہ دو مینڈھے سینگ لڑا رہے ہیں اور ان میں سے میرے نزدیک پسندیدہ یہ ہے کہ میرے والا مینڈھا غالب آ جائے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا قیامت کے دن ہم اپنے رب کا دیدار کر سکیں گے؟ تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: دوپہر کے وقت جب بادل موجود نہ ہوں تو کیا تمہیں سورج کو دیکھنے میں کچھ مشکل پیش آتی ہے؟ لوگوں نے عرض کی: نہیں! تو آپ ﷺ نے فرمایا: چودھویں رات کو جب بادل نہ ہوں تو کیا تمہیں چاند کو دیکھنے میں مشکل پیش آتی ہے؟ لوگوں نے عرض کی: نہیں! تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! تمہیں اپنے رب کا

1230- صحیح بخاری' باب من نام عند السحر' جلد 2' صفحہ 50' رقم: 1131

صحیح مسلم' باب النھی عن صوم الدھر لمن تغرر او فوت به حقا' جلد 3' صفحہ 165' رقم: 2797

صحیح ابن حبان' باب النوافل' جلد 6' صفحہ 325' رقم: 2590

مستخرج ابی عوانۃ' باب ذکر الخبر المبین ان احب الصیام الی اللہ' جلد 4' صفحہ 127' رقم: 2433

1231- صحیح مسلم' باب فی اللیل ساعۃ مستجاب فیھا الدعاء' جلد 2' صفحہ 175' رقم: 1806

وَأَذَرْكَ تَرْأَسُ وَتَرْبَعُ؟ قَالَ فَيَقُولُ: بَلَى أَيْ رَبِّ. قَالَ: فَيَقُولُ: أَفَظَنَنْتَ أَنَّكَ مُلَاقِيَّ؟ فَيَقُولُ: لَا. فَيَقُولُ: فَإِنِّي أَنْسَاكَ كَمَا نَسِيتَنِي، ثُمَّ يَلْقَى الثَّانِيَ فَيَقُولُ: أَيْ فُلْ أَلَمْ أُكْرِمْكَ، وَأُسَوِّدْكَ، وَأُزَوِّجْكَ وَأُسَخِّرْ لَكَ الْخَيْلَ وَالْإِبِلَ، وَأَذَرْكَ تَرْأَسُ وَتَرْبَعُ؟ قَالَ فَيَقُولُ: بَلَى أَيْ رَبِّ. قَالَ فَيَقُولُ: أَفَظَنَنْتَ أَنَّكَ مُلَاقِيَّ؟ فَيَقُولُ: لَا. فَيَقُولُ: فَإِنِّي أَنْسَاكَ كَمَا نَسِيتَنِي، ثُمَّ يَلْقَى الثَّالِثَ فَيَقُولُ: آمَنْتُ بِكَ، وَبِكِتَابِكَ وَبِرَسُولِكَ، وَصَلَّيْتُ وَصُمْتُ، وَتَصَدَّقْتُ وَيُثْنِي بِخَيْرٍ مَا اسْتَطَاعَ. قَالَ فَيَقُولُ: فَهَا هُنَا إِذًا. قَالَ ثُمَّ قَالَ: أَلَا نَبْعَثُ شَاهِدَنَا عَلَيْكَ فَيُفَكِّرُ فِي نَفْسِهِ مَنِ الَّذِي يَشْهَدُ عَلَيَّ؟ فَيُخْتَمُ عَلَى فِيهِ، وَيُقَالُ لِفَخِذِهِ: انْطِقِي فَتَنْطِقُ فَخِذُهُ وَلَحْمُهُ وَعِظَامُهُ بِعَمَلِهِ مَا كَانَ، وَذَلِكَ لِيُعْذِرَ مِنْ نَفْسِهِ، وَذَلِكَ الْمُنَافِقُ، وَذَلِكَ الَّذِي يَسْخَطُ اللَّهُ تَعَالَى عَلَيْهِ، ثُمَّ يُنَادِي مُنَادٍ أَلَا اتَّبَعَتْ كُلُّ أُمَّةٍ مَا كَانَتْ تَعْبُدُ مِنْ دُونِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ فَتَتْبَعُ الشَّيَاطِينَ وَالصُّلُبَ أَوْلِيَاؤُهُمْ إِلَى جَهَنَّمَ قَالَ: وَبَقِينَا أَيُّهَا الْمُؤْمِنُونَ فَيَأْتِينَا رَبُّنَا، وَهُوَ رَبُّنَا وَهُوَ يُثَبِّتُنَا فَيَقُولُ: عَلَامَ هَؤُلَاءِ؟ فَيَقُولُونَ: نَحْنُ عِبَادُ اللَّهِ الْمُؤْمِنُونَ آمَنَّا بِاللَّهِ لَا نُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا، وَهَذَا مَقَامُنَا حَتَّى يَأْتِيَنَا رَبُّنَا وَهُوَ رَبُّنَا وَهُوَ يُثَبِّتُنَا. قَالَ: ثُمَّ يَنْطَلِقُ حَتَّى يَأْتِيَ الْجِسْرَ وَعَلَيْهِ كَلَالِيبُ مِنْ نَارٍ تَخْطَفُ النَّاسَ، فَعِنْدَ ذَلِكَ حَلَّتِ الشَّفَاعَةُ أَيِ اللَّهُمَّ سَلِّمْ أَيِ اللَّهُمَّ سَلِّمْ، فَإِذَا جَاوَزُوا الْجِسْرَ فَكُلُّ مَنْ أَنْفَقَ زَوْجًا مِمَّا

دیدار کرنے میں کوئی دقت اس طرح نہیں ہوگی جس طرح تمہیں ان دونوں میں سے کسی ایک کو دیکھنے میں دقت نہیں ہوتی۔ پس اللہ تعالیٰ اپنے بندے سے ملاقات کرے گا اور ارشاد فرمائے گا: اے فلاں! کیا میں نے تجھے عزت عطا نہیں کی اور تیری شادی نہیں کی' تیرے لیے گھوڑوں اور اونٹوں کو مسخر نہیں کیا اور تجھے ہر طرح کا موقع نہیں دیا۔ آپ (ﷺ) فرماتے ہیں کہ وہ بندہ عرض کرے گا: ہاں! اے میرے رب! آپ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا تجھے یہ گمان تھا کہ تم میری بارگاہ میں آ و گے؟ تو بندہ عرض کرے گا: نہیں! تو (اللہ تعالیٰ) فرمائے گا: پھر میں بھی تجھے اسی طرح بھول جاتا ہوں جس طرح تو مجھے بھول گیا تھا' پھر (اللہ تعالیٰ) دوسرے بندے سے ملاقات کرے گا اور فرمائے گا: اے فلاں! کیا میں نے تجھے عزت عطا نہیں کی' میں نے تجھے سیادت عطا نہیں کی' میں نے تیری شادی نہیں کی' میں نے تیرے لیے گھوڑوں اور اونٹوں کو مسخر نہیں کیا اور میں نے تجھے ہر طرح کا موقع نہیں دیا؟ آپ (ﷺ) فرماتے ہیں کہ وہ بندہ عرض کرے گا: ہاں! اے میرے رب! آپ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا تجھے یہ گمان تھا کہ تو میری بارگاہ میں حاضر ہوگا؟ تو وہ بندہ عرض کرے گا: نہیں! تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میں تجھے اسی طرح بھول رہا ہوں جس طرح تو مجھے بھول گیا تھا' پھر اللہ تعالیٰ ایک تیسرے بندے سے ملاقات کرے گا تو وہ عرض کرے گا: میں تجھ پر' تیری کتابوں پر' تیرے رسول پر ایمان لایا' میں نے نماز پڑھی' میں نے روزہ رکھا' میں نے صدقہ کیا اور

مسند امام احمد بن حنبل' مسند جابر بن عبد اللہ' جلد 3' صفحہ 313' رقم: 14394

مَلَكَتْ يَمِينُهُ مِنَ الْمَالِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَكُلَّ خَزَنَةِ الْجَنَّةِ تَدْعُوهُ يَا عَبْدَ اللّٰهِ يَا مُسْلِمُ هٰذَا خَيْرٌ، فَتَعَالَ . قَالَ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ هٰذَا الْعَبْدَ لَا تَوِىَ عَلَيْهِ يَدَعُ بَابًا وَيَلِجُ مِنْ اٰخَرَ . قَالَ: فَضَرَبَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ ثُمَّ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ تَكُونَ مِنْهُمْ .

جتنی میری طاقت تھی میں نے نیکی کی۔ آپ ﷺ فرماتے ہیں کہ (اللہ تعالیٰ) فرمائے گا: یہ تو ہے' پھر (اللہ تعالیٰ) فرمائے گا: کیا ہم تیرے خلاف گواہ نہ لے آئیں! تو وہ بندہ اپنے ذہن میں سوچے گا کہ میرے خلاف کون گواہی دے سکتا ہے' تو اس آدمی کے منہ پر مہر لگا دی جائے گی اور اس کے زانوؤں سے کہا جائے گا: بولو! تو اس کا زانو بولے گا' اس کا گوشت' اس کی ہڈیاں بولیں گی' اس نے ان اعمال کے بارے میں جو وہ کرتا رہا ہے' ایسا اس وجہ سے ہوگا تاکہ وہ اپنی طرف سے کوئی عذر پیش نہ کر سکے اور یہ منافق ہوگا اور یہ وہ آدمی ہوگا جس پر اللہ تعالیٰ ناراض ہوگا۔ پھر ایک اعلان کرنے والا یہ اعلان کرے گا: خبردار! ہر گروہ اس کے پیچھے چلا جائے جس کی وہ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر عبادت کیا کرتا تھا' تو شیاطین اور صلیب کے پیروکار ان کے پیچھے جہنم کی طرف جائیں گے۔ آپ (رسول اللہ ﷺ) فرماتے ہیں: اے اہل ایمان! پھر ہم لوگ باقی رہ جائیں گے' ہمارا رب ہمارے پاس تشریف لائے گا' وہ ہمارا رب ہوگا' وہ ہمیں ثواب عطا کرے گا' وہ فرمائے گا: یہ کس مذہب پر ہیں؟ تو وہ کہیں گے: ہم اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں' ہم مؤمن ہیں' ہم اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہیں' ہم کسی کو اس کا شریک نہیں ٹھہراتے' ہم یہیں رکے رہیں گے جب تک ہمارا رب نہیں آجاتا جو ہمارا رب ہے اور وہ ہمیں ثواب عطا کرے گا۔ آپ (ﷺ) فرماتے ہیں: پھر بندہ چلتا ہوا پل صراط تک آئے گا جس پر آگ سے بنے ہوئے آنکڑے لگے ہوئے ہوں گے جو لوگوں کو اچک رہے

مشکوة المصابیح' باب التحریض علی قیام اللیل' الفصل الاوّل' جلد 1' صفحہ 272' رقم: 1224

ہوں گے' اس وقت شفاعت حلال ہوگی۔ اے اللہ! تو سلامتی عطا فرمانا! اے اللہ! تو سلامتی عطا فرمانا! جب لوگ پل صراط سے گزر جائیں گے تو ہر وہ آدمی جس نے اپنے مال میں سے اللہ عزوجل کی راہ میں کسی بھی چیز کا جوڑا دیا ہوگا تو جنت کا ہر دربان اسے بلائے گا: اے اللہ کے بندے! اے مسلمان! یہ زیادہ بہتر ہے تو ادھر آ! راوی نے کہا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! ایسے بندے کو تو پھر کوئی گھاٹا نہیں ہوگا کہ وہ ایک دروازے کو چھوڑ کر دوسرے سے اندر چلا جائے۔ راوی کہتے ہیں تو نبی اکرم ﷺ نے اپنا ہاتھ ان پر مارا اور فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں محمد ﷺ کی جان ہے! مجھے یہ امید ہے کہ تم ان ہی میں سے ایک ہوگے۔

1232- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَقُومُ السَّاعَةُ وَالرَّجُلَانِ يَتَبَايَعَانِ الثَّوْبَ لَا يَتَبَايَعَانِهِ وَلَا يَطْوِيَانِهِ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب قیامت قائم ہوگی اس وقت دو آدمی کسی کپڑے کا سودا کر رہے ہوں گے نہ تو وہ سودا مکمل طور پر کر سکیں گے اور نہ ہی اسے لپیٹ سکیں گے۔

1233- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

1232- صحیح مسلم' باب الدعاء فی صلاة اللیل وقیامه' جلد 2' صفحه 184' رقم: 1843
السنن الکبری للبیهقی' باب افتتاح الصلوٰة اللیل برکعتین خفیفتین' جلد 3' صفحه 6' رقم: 4856
صحیح ابن حبان' باب النوافل' جلد 6' صفحه 340' رقم: 2606
صحیح ابن خزیمه' باب افتتاح صلاة اللیل برکعتی خفیفتین' جلد 2' صفحه 184' رقم: 1150
مسند امام احمد' مسند ابی هریرة رضی الله عنه' جلد 2' صفحه 278' رقم: 7734
1233- صحیح مسلم' باب الدعاء فی صلاة اللیل وقیامه' جلد 2' صفحه 184' رقم: 1842
السنن الکبری للبیهقی' باب افتتاح صلاة اللیل برکعتین خفیفتین' جلد 3' صفحه 5' رقم: 4855

سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِي مَنْ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِنَّ فِي الْجَنَّةِ شَجَرَةً يَسِيرُ الرَّاكِبُ فِي ظِلِّهَا مِائَةَ عَامٍ لَّا يَقْطَعُهَا، وَاقْرَءُ وْا اِنْ شِئْتُمْ (وَظِلٍّ مَمْدُودٍ) وَصَلَاةُ الْفَجْرِ يَحْضُرُهَا مَلَائِكَةُ اللَّيْلِ وَمَلَائِكَةُ النَّهَارِ، وَاقْرَءُ وْا اِنْ شِئْتُمْ (وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا) .

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جنت میں ایک درخت ہے جس کے سائے میں اگر کوئی سوار ایک سو سال تک چلتا رہے تو پھر بھی اسے طے نہیں کر سکتا اگر تم چاہو تو یہ آیت تلاوت کرلو: ''اور پھیلے ہوئے سائے۔'' اور فجر کی نماز میں رات کے فرشتے اور دن کے فرشتے شریک ہوتے ہیں' اگر تم چاہو تو یہ آیت پڑھ لو: ''بے شک صبح کے قرآن میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔''

180 - مُسْنَدُ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

مسند حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ

1234 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ اَنَّهُ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِذَا حَضَرَ الْعَشَاءُ وَاُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَابْدَءُ وْا بِالْعَشَاءِ . قَالَ سُفْيَانُ: وَلَمْ اَسْمَعْ اَحَدًا يَقُولُ اِذَا حَضَرَ الْعَشَاءُ اِلَّا الزُّهْرِيَّ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب کھانا آجائے اور نماز کے لیے اقامت کہی جا چکی ہو تو تم پہلے کھانا کھا لو۔ سفیان کہتے ہیں کہ میں نے کسی بھی راوی کو یہ کہتے ہوئے نہیں سنا: ''جب کھانا آ جائے'' یہ الفاظ صرف زہری نے بیان کیے ہیں۔

1235 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے

مسند امام احمد بن حنبل' حديث السيدة عائشه رضى الله عنها' جلد 6' صفحه 30' رقم:24063

مصنف ابن ابى شيبة' باب من قال اذا قام الرجل من الليل فليفتح بر كعتين' جلد 2' صفحه 272' رقم:6682

1234- صحيح بخارى' باب القرأة فى الظهر' جلد 1' صفحه 152' رقم:766

سنن ابوداؤد' باب ما جاء فى القرأة فى الظهر' جلد 1' صفحه 294' رقم:801

اتحاف الخيره المهرة' باب القرأة فى الظهر والعصر' جلد 2' صفحه 173' رقم:1277

السنن الكبرى للبيهقى' باب فرض القرأة فى كل ركعة بعد التعوذ' جلد 2' صفحه 37' رقم:2458

سنن ابن ماجه' باب القرأة فى الظهر' جلد 1' صفحه 270' رقم:826

1235- الآداب للبيهقى' باب فى البناء' جلد 2' صفحه 485' رقم:709

الادب المفرد للبخارى' باب من بنى' صفحه183' رقم:468

الزهد لهناد الكوفى' باب من كره البناء' صفحه373' رقم:720

المسند الشاشى' باب ما روى التابعون من اهل الكوفة عن خباب' جلد 2' صفحه 110' رقم:928

سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: قَدِمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ وَاَنَا ابْنُ عَشْرِ سِنِينَ، وَمَاتَ وَاَنَا ابْنُ عِشْرِينَ سَنَةً، وَكُنَّ اُمَّهَاتِي يَحْثُثْنَنِي عَلَى خِدْمَتِهِ، فَدَخَلَ عَلَيْنَا دَارَنَا فَحَلَبْنَا لَهُ مِنْ شَاةٍ لَنَا دَاجِنٍ وَشِيبَ لَهُ بِمَاءِ بِئْرٍ فِي الدَّارِ، فَشَرِبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُو بَكْرٍ عَنْ يَسَارِهِ وَاَعْرَابِيٌّ عَنْ يَمِينِهِ، وَعُمَرُ نَاحِيَةً فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ نَاوِلْ اَبَا بَكْرٍ. فَنَاوَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَعْرَابِيَّ وَقَالَ: الْاَيْمَنَ فَالْاَيْمَنَ .

ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب مدینہ منورہ تشریف لائے تو میں اس وقت دس سال کا لڑکا تھا اور جب آپ ﷺ کا (ظاہری) وصال ہوا اس وقت میں بیس سال کا تھا' میری امی اور خالائیں مجھے آپ ﷺ کی خدمت کی ترغیب دیتی تھیں پھر ایک دفعہ آپ ہمارے ہاں گھر تشریف لائے' ہم نے آپ کے لیے اپنی پالتو بکری کا دودھ دوھا اور اس میں گھر میں موجود کنوئیں کا پانی ملایا تو رسول اللہ ﷺ نے اسے پیا اور آپ کے بائیں طرف حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے اور دائیں طرف ایک اعرابی تھا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک کونے میں تھے۔ حضرت عمر نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ ابوبکر کو اپنا بچا ہوا دودھ دیں' تو رسول اللہ ﷺ نے وہ اعرابی کو دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: دائیں طرف والے (یعنی ان دائیں طرف کا حق ہے)۔

1236 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ اَنَّهُ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا تَقَاطَعُوا وَلَا تَدَابَرُوْا، وَلَا تَبَاغَضُوا وَلَا تَحَاسَدُوْا، وَكُوْنُوا عِبَادَ اللَّهِ اِخْوَانًا، وَلَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ يَّهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثٍ . فَقِيلَ لِسُفْيَانَ: وَلَا تَنَاجَشُوا ؟ قَالَ: لَا.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: آپس میں قطع رحمی نہ کرو' آپس میں ایک دوسرے سے پیٹھ نہ پھیرو' ایک دوسرے سے بغض نہ رکھو' ایک دوسرے سے حسد نہ کرو' اللہ کے بندو! بھائی بھائی بن جاؤ اور کسی مسلمان کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے بھائی سے تین دن سے زیادہ ناراض رہے۔ سفیان سے پوچھا گیا: (اس روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں) ''اور آپس میں دکھاوے کی بولی نہ

1236- سنن ابوداؤد' باب الحث على قيام الليل' جلد 1' صفحه 543' رقم:1452

السنن الكبرى للبيهقى' باب الترغيب فى قيام الليل' جلد 2' صفحه 501' رقم:4828

المستدرك للحاكم' كتاب صلاة التطوع' جلد 1' صفحه 417' رقم:1164

صحيح ابن حبان' باب النوافل' جلد 6' صفحه 306' رقم:2567

مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابى هريرة رضى الله عنه' جلد 2' صفحه 250' رقم:7404

لگاؤ'' تو انہوں نے کہا: نہیں!

1237- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا وَائِلُ بْنُ دَاوُدَ عَنِ ابْنِهِ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْلَمَ عَلٰى صَفِيَّةَ بِسَوِيْقٍ وَتَمْرٍ. قَالَ سُفْيَانُ: وَقَدْ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يُحَدِّثُ بِهٖ فَلَمْ اَحْفَظْهُ، وَكَانَ بَكْرُ بْنُ وَائِلٍ يُجَالِسُ الزُّهْرِيَّ مَعَنَا.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے ولیمے میں ستوؤں اور کھجوروں کے ساتھ مہمانوں کی تواضع کی۔ سفیان کہتے ہیں کہ میں نے زہری کو یہ حدیث بیان کرتے ہوئے سنا لیکن میں اس کو یاد نہیں رکھ سکا۔ اور حضرت بکر بن وائل ہمارے ساتھ زہری کی محفل میں شریک ہوتے رہے ہیں۔

1238- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ اَنَّهٗ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَنْتَبِذُوْا فِي الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: دباء (کدو سے بنا ہوا برتن) اور مزفت (وہ برتن جس کو تارکول سے مزین کیا گیا ہو) ان میں نبیذ تیار کرنے سے منع فرمایا۔

1239- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ اَنَّهٗ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَتْبَعُ الْمَيِّتَ اِلٰى قَبْرِهٖ ثَلَاثَةٌ: اَهْلُهٗ وَمَالُهٗ وَعَمَلُهٗ، فَيَرْجِعُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میت کے ساتھ تین چیزیں اس کی قبر تک جاتی ہیں اس کے اہل، اس کا مال اور اس کا عمل؛ پس دو واپس آ جاتے ہیں اور ایک ساتھ رہ جاتا ہے اس کے اہل اور اس کا مال واپس آ

1237- سنن ابوداؤد، باب قیام اللیل، جلد 1، صفحہ 505، رقم: 1311

جامع الاصول لابن اثیر، الفصل الثالث فی صلاۃ اللیل، جلد 6، صفحہ 67، رقم: 4177

المعجم الاوسط للطبرانی، باب من اسمہ ابراہیم، جلد 3، صفحہ 218، رقم: 2965

1238- سنن ترمذی، باب ما جاء فی تخلیل اللحیۃ، جلد 1، صفحہ 15، رقم: 29

1239- سنن ابوداؤد، باب النعاس فی الصلاۃ، جلد 1، صفحہ 505، رقم: 1313

السنن الکبریٰ للبیہقی، باب من نعس فی صلاتہ فلیرقد حتی یذہب عنہ النوم، جلد 3، صفحہ 16، رقم: 4918

صحیح مسلم، باب امر من نعس فی صلاتہ او استعجم علیہ القرآن، جلد 2، صفحہ 190، رقم: 1872

سنن ابن ماجہ، باب ما جاء فی المصلی اذا نعس، جلد 1، صفحہ 436، رقم: 1372

مسند امام احمد، مسند ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ، جلد 2، صفحہ 318، رقم: 8214

اثْنَانِ وَيَبْقٰى وَاحِدٌ، يَرْجِعُ اَهْلُهٗ وَمَالُهٗ، وَيَبْقٰى عَمَلُهٗ.

جاتے ہیں اور اس کا عمل قبر میں رہ جاتا ہے۔

1240- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا قَاسِمٌ الرَّحَّالُ سَنَةَ عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ وَاَنَا يَوْمَئِذٍ ابْنُ ثَلَاثَ عَشْرَةَ سَنَةً وَاَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ وَنِصْفٍ، قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرِبًا لِبَعْضِ بَنِي النَّجَّارِ يُرِيْدُ قَضَاءَ حَاجَةٍ، فَخَرَجَ مَذْعُوْرًا اَوْ قَالَ فَزِعًا وَهُوَ يَقُوْلُ: لَوْلَا اَنْ لَّا تَدَافَنُوْا لَسَاَلْتُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ يُّسْمِعَكُمْ مِنْ عَذَابِ اَهْلِ الْقُبُوْرِ مَا اَسْمَعَنِيْ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ بنو نجار کے کسی کھنڈر میں قضائے حاجت کے لیے گئے تو آپ ﷺ گھبرائے ہوئے واپس تشریف لائے آپ ﷺ یہ فرما رہے تھے: ''اگر اس بات کا ڈر نہ ہوتا کہ تم لوگ دفن کرنا ہی چھوڑ دو گے تو میں اللہ عزوجل سے یہ دعا کرتا کہ قبر والوں کے عذاب کے متعلق وہ تمہیں بھی سنائے جو اس نے مجھے سنایا ہے۔''

1241- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: اٰخِرُ نَظْرَةٍ نَظَرْتُهَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَشَفَ السِّتَارَةَ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ، وَالنَّاسُ صُفُوْفٌ خَلْفَ اَبِيْ بَكْرٍ، فَلَمَّا رَاٰوْهُ كَاَنَّهُمْ اَيْ تَحَرَّكُوْا فَاَشَارَ اِلَيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنِ اثْبُتُوْا، فَنَظَرْتُ اِلٰى وَجْهِهٖ كَاَنَّهٗ وَرَقَةُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی آخری زیارت میں نے اس وقت کی تھی جب آپ نے پیر کے دن پردہ ہٹایا تھا' لوگ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پیچھے صفیں بنائے ہوئے تھے؛ پس جب ان لوگوں نے آپ کو دیکھا تو وہ حرکت کرنے لگے تو رسول اللہ ﷺ نے ان کی طرف اشارہ کیا کہ تم لوگ اپنی جگہ پر رہو تو میں نے آپ کے چہرہ

1240- صحیح بخاری، باب تطوع قیام رمضان من الایمان، جلد 1، صفحہ 16، رقم: 37

صحیح مسلم، باب الترغیب فی قیام رمضان وھو التراویح، جلد 2، صفحہ 176، رقم: 1815

السنن الکبریٰ للبیہقی، باب قیام شھر رمضان، جلد 2، صفحہ 492، رقم: 4779

سنن ابوداؤد، باب فی قیام شھر رمضان، جلد 1، صفحہ 520، رقم: 1373

سنن ترمذی، باب الترغیب فی قیام رمضان، جلد 1، صفحہ 271، رقم: 808

1241- صحیح مسلم، باب الترغیب فی قیام رمضان وھو التراویح، جلد 2، صفحہ 176، رقم: 1816

السنن الکبریٰ للبیہقی، باب قیام شھر رمضان، جلد 2، صفحہ 492، رقم: 4782

سنن ابوداؤد، باب فی قیام شھر رمضان، جلد 1، صفحہ 520، رقم: 1373

سنن ترمذی، باب الترغیب فی قیام رمضان، جلد 1، صفحہ 271، رقم: 808

مسند امام احمد، مسند ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ، جلد 2، صفحہ 281، رقم: 7774

مُصْحَفٍ، وَاَلْقَى السَّجْفَ، وَتُوُفِّيَ مِنْ اٰخِرِ ذٰلِكَ الْيَوْمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

مبارک کی طرف دیکھا تو وہ گویا قرآن مجید کا کوئی ورق تھا' پھر آپ نے پردہ گرا دیا اور اسی دن کے آخر میں آپ کا (ظاہری) وصال ہو گیا۔

1242- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: سَقَطَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فَرَسٍ فَجُحِشَ شِقُّهُ الْاَيْمَنُ، فَدَخَلْنَا نَعُوْدُهُ فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَصَلّٰى بِنَا قَاعِدًا، وَصَلَّيْنَا خَلْفَهُ قُعُوْدًا، فَلَمَّا قَضٰى صَلَاتَهُ قَالَ: اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ، فَاِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا، وَاِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوْا، وَاِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوْا، وَاِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ فَقُوْلُوْا: اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ، وَاِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوْا، وَاِذَا صَلّٰى قَاعِدًا فَصَلُّوْا قُعُوْدًا اَجْمَعُوْنَ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ گھوڑے سے گر پڑے اور آپ کا دایاں پہلو زخمی ہو گیا' ہم آپ کی عیادت کے لیے حاضر ہوئے تو نماز کا وقت ہو گیا تو آپ نے بیٹھ کر ہمیں نماز پڑھائی۔ ہم نے بھی آپ کے پیچھے بیٹھ کر نماز پڑھی' پس جب آپ نے نماز مکمل کر لی تو ارشاد فرمایا: ''بے شک امام کو اس لیے مقرر کیا جاتا ہے کہ اس کی اتباع کی جائے' وہ تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو اور جب وہ رکوع کرے تو تم بھی رکوع کرو' جب وہ اٹھے تو تم بھی اٹھ جاؤ جب وہ سمع اللہ لمن حمدہ کہے تو تم ربنا لک الحمد کہو' وہ سجدے میں جائے تو تم بھی سجدے میں جاؤ' جب وہ بیٹھ کر نماز پڑھے تو تم بھی بیٹھ کر نماز پڑھو''۔

1243- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا اور اس نے آپ سے قیامت کے متعلق سوال کیا تو آپ نے

1242- صحیح بخاری' باب هل یقال رمضان او شهر رمضان' جلد 3' صفحه 26' رقم:1901
صحیح مسلم' باب الترغیب فی قیام رمضان وهو التراویح' جلد 2' صفحه 177' رقم:1818
السنن الکبریٰ للبیهقی' باب فضل لیلة القدر' جلد 4' صفحه 306' رقم:8786
مسند امام احمد' مسند ابی هریرة رضی الله عنه' جلد 2' صفحه 347' رقم:8559
1243- صحیح بخاری' باب التماس لیلة القدر فی السبع الاواخر' جلد 3' صفحه 46' رقم:2015
صحیح مسلم' باب فضل لیلة القدر والحث علی طلبها' جلد 3' صفحه 170' رقم:2818
موطاء امام مالک' باب ما جاء فی لیلة القدر' جلد 3' صفحه 462' رقم:1144
سنن النسائی الکبریٰ' باب التواطؤ علی الرویا' جلد 4' صفحه 383' رقم:7628

عَنِ السَّاعَةِ فَقَالَ: مَا اَعْدَدْتَ لَهَا؟ فَلَمْ يَذْكُرْ كَبِيْرًا اِلَّا اَنَّهُ قَالَ: اِنِّيْ اُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ .

پوچھا: تم نے اس کے لیے کوئی تیاری کی ہے؟ تو اس نے بہت زیادہ چیزوں کا ذکر نہیں کیا' صرف یہ کہا کہ میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہوں۔ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم جس سے محبت رکھتے ہو اسی کے ساتھ ہو گے۔

قَالَ اَبُوْ عَلِيٍّ سَمِعْتُ الْحُمَيْدِيَّ يَقُوْلُ: لَقِيَ ابْنُ عُيَيْنَةَ سِتَّةً وَّثَمَانِيْنَ مِنَ التَّابِعِيْنَ وَكَانَ يَقُوْلُ: مَا رَاَيْتُ مِثْلَ اَيُّوْبَ.

ابوعلی کہتے ہیں کہ امام حمیدی فرماتے ہیں: ابن عیینہ نے چھیاسی تابعین کی زیارت کی ہے' وہ یہ فرماتے تھے کہ میں نے ایوب جیسا کوئی نہیں دیکھا۔

قَالَ الْحُمَيْدِيُّ قَالَ سُفْيَانُ: وَكَانَ لَفْظُ الزُّهْرِيِّ اِذَا حَدَّثَنَا عَنْ اَنَسٍ وَسَهْلٍ سَمِعْتُ، سَمِعْتُ.

امام حمیدی فرماتے ہیں کہ سفیان نے یہ بات بیان کی کہ جب زہری ہمیں حضرت انس یا سہل سے روایات بیان کرتے تو یہ کہتے تھے کہ میں نے سنا ہے' میں نے یہ سنا ہے۔

1244- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ اَنَّهُ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ بِالْمَدِيْنَةِ اَرْبَعًا، وَصَلَّيْتُ مَعَهُ الْعَصْرَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے مدینہ منورہ میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ ظہر کی چار رکعت پڑھیں اور ذوالحلیفہ میں عصر کی نماز میں دو رکعتیں پڑھیں۔

1245- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِيُّ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ.

حضرت ابوقلابہ از حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت بیان کرتے ہیں۔

1244- صحیح بخاری' باب تحری لیلة القدر فی الوتر من العشر الاواخر فیه عبادة' جلد 3' صفحه 47' رقم:2070
صحیح مسلم' باب فضل لیلة القدر والحث علی طلبها' جلد 3' صفحه 173' رقم:2833
السنن الکبریٰ للبیهقی' باب الترغیب فی طلبها العشر الاواخر من رمضان' جلد 4' صفحه 307' رقم:8790
سنن ترمذی' باب ما جاء فی لیلة القدر' جلد 3' صفحه 158' رقم:792
مسند امام احمد' حدیث السیدة عائشه رضی الله عنها' جلد 6' صفحه 204' رقم:25731

1246 – حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَيْسَرَةَ أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ بِالْمَدِينَةِ أَرْبَعًا، وَصَلَّيْتُ مَعَهُ الْعَصْرَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے مدینہ منورہ میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ ظہر کی چار رکعتیں پڑھیں اور ذوالحلیفہ میں عصر کی دو رکعتیں پڑھیں۔

1247 – حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: صَلَّيْتُ أَنَا وَيَتِيمٌ خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِنَا وَأُمِّي أُمُّ سُلَيْمٍ خَلْفَنَا۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں اور یتیم لڑکا ہمارے گھر میں نبی اکرم ﷺ کے پیچھے کھڑے ہوئے جبکہ میری والدہ ام سلیم ہمارے پیچھے کھڑی ہوئیں۔

1248 – حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ سَمِعَهُ مِنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ يَقُولُ: دَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْأَنْصَارَ لِيَقْطَعَ لَهُمُ الْبَحْرَيْنِ فَقَالُوا: لَا حَتَّى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے کچھ انصار کو بلایا تاکہ انہیں بحرین میں کچھ اراضی عطا فرمائیں تو انہوں نے عرض کی: ہم یہ اس وقت تک نہیں لیں گے جب تک ہمارے

1246- صحیح بخاری، باب تحری لیلۃ القدر فی الوتر من العشر الاواخر، جلد 3، صفحہ 46، رقم:2017

السنن الکبریٰ للبیہقی، باب الترغیب فی طلبھا فی الوتر من العشر الاواخر، جلد 4، صفحہ 308، رقم:8794

مسند امام احمد، حدیث السیدۃ عائشہ رضی اللہ عنہا، جلد 6، صفحہ 73، رقم:24489

1247- صحیح بخاری، باب العمل فی العشر الاواخر من رمضان، جلد 3، صفحہ 47، رقم:2024

صحیح مسلم، باب الاجتهاد فی العشر الاواخر من شهر رمضان، جلد 3، صفحہ 175، رقم:2844

السنن الکبریٰ للبیہقی، باب العمل فی العشر الاواخر من رمضان، جلد 4، صفحہ 313، رقم:8823

صحیح ابن حبان، باب فضل رمضان، جلد 8، صفحہ 222، رقم:3436

سنن ابوداؤد، باب فی قیام شهر رمضان، جلد 1، صفحہ 522، رقم:1378

1248- صحیح مسلم، باب الاجتهاد فی العشر الاواخر من شهر رمضان، جلد 2، صفحہ 832، رقم:1175

مسند امام احمد، حدیث السیدۃ عائشہ رضی اللہ عنہا، جلد 6، صفحہ 82، رقم:24572

صحیح ابن خزیمہ، باب استحباب الاجتهاد فی العمل فی العشر الاواخر، جلد 3، صفحہ 342، رقم:2215

جامع الاصول لابن اثیر، الفصل الخامس فی قیام شهر رمضان، جلد 6، صفحہ 114، رقم:4215

تَقْطَعَ لِإِخْوَانِنَا مِنَ الْمُهَاجِرِينَ مِثْلَهُ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ بَعْدِي أَثَرَةً فَاصْبِرُوا حَتّٰى تَلْقَوْنِي۔

مہاجرین بھائیوں کو بھی اس کی مثل اراضی عطا نہیں فرمائیں گے، تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے بعد تم لوگ ترجیحی سلوک دیکھو گے تو تم صبر کرنا حتیٰ کہ تم مجھ سے آکر ملو۔

1249 – حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: بَالَ أَعْرَابِيٌّ فِي الْمَسْجِدِ فَجَعَلَ النَّاسُ يَنْظُرُونَ إِلَيْهِ، فَنَهَاهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ: صُبُّوا عَلَيْهِ دَلْوًا مِنْ مَاءٍ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک اعرابی نے مسجد میں پیشاب کر دیا۔ لوگ اس کی طرف دیکھنے لگے تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں روکا اور فرمایا: اس پر پانی بہا دو۔

1250 – حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ دُورِ الْأَنْصَارِ دَارُ بَنِي النَّجَّارِ، ثُمَّ دَارُ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ، ثُمَّ دَارُ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ، ثُمَّ دَارُ بَنِي سَاعِدَةَ. وَقَالَ: فِي كُلِّ دُورِ الْأَنْصَارِ خَيْرٌ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: انصار کے خاندانوں میں سب سے بہتر خاندان بنو نجار کا ہے، پھر بنو عبدالاشہل کا، پھر بنو حارث بن خزرج کا خاندان ہے پھر بنو ساعدہ کا خاندان ہے۔ اور آپ نے ارشاد فرمایا: انصار کا ہر خاندان بہتر ہے۔

1249- سنن ترمذی، باب ما جاء فی عقد التسبیح بالید، جلد 5، صفحہ 534، رقم:3513

سنن ابن ماجہ، باب الدعاء بالعفو والعافیۃ، جلد 2، صفحہ 1265، رقم:3850

مسند امام احمد، حدیث السیدۃ عائشہ رضی اللہ عنہا، جلد 6، صفحہ 171، رقم:25423

سنن النسائی الکبریٰ، باب سورۃ القدر، جلد 6، صفحہ 519، رقم:11688

المستدرک للحاکم، کتاب الدعاء والتکبیر، جلد 2، صفحہ 190، رقم:1942

1250- صحیح بخاری، باب السواک یوم الجمعۃ، جلد 2، صفحہ 7، رقم:887

صحیح مسلم، باب السواک، جلد 1، صفحہ 151، رقم:612

المنتقی لابن الجارود، باب ما جاء فی السواک، صفحہ 27، رقم:63

سنن ابن ماجہ، باب السواک، جلد 1، صفحہ 105، رقم:287

سنن ترمذی، باب ما جاء فی السواک، جلد 1، صفحہ 35، رقم:23

1251- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: صَبَّحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ يَوْمَ الْخَمِيسِ بُكْرَةً، فَجَاءَ وَقَدْ فَتَحُوا الْحِصْنَ وَخَرَجُوا مِنْهُ مَعَهُمُ الْمَسَاحِي، فَلَمَّا رَاَوْهُ اَحَالُوا اِلَى الْحِصْنِ وَقَالُوا: مُحَمَّدٌ وَّالْخَمِيسُ مُحَمَّدٌ وَّالْخَمِيسُ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ. وَرَفَعَ يَدَيْهِ: خَرِبَتْ خَيْبَرُ اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جمعرات کی صبح خیبر پہنچے تو اس وقت انہوں نے قلعہ (کا دروازہ) کھول دیا تھا اور اپنے بیلچے وغیرہ لے کر اس سے باہر نکل رہے تھے جب ان لوگوں نے آپ (ﷺ) کو دیکھا تو دوڑتے ہوئے اپنے قلعے کی طرف گئے اور کہنے لگے: محمد اور ان کا لشکر آ گئے محمد اور ان کا لشکر آ گئے ہیں۔ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ اکبر اللہ اکبر اور آپ نے اپنے دونوں ہاتھ بلند کیے اور فرمایا: خیبر برباد ہو گیا جب کسی قوم کے لوگ میدان جنگ میں اترتے ہیں تو ان ڈرائے گئے لوگوں کی صبح بہت بری ہوتی ہے۔

1252- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوبُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ يَفْتَتِحُونَ الْقِرَائَةَ بِ (الْحَمْدُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما قرأت سورۂ فاتحہ سے شروع کرتے تھے۔

1251- صحیح بخاری، باب السواك، جلد 1، صفحه 58، رقم: 245
صحیح مسلم، باب السواك، جلد 1، صفحه 152، رقم: 616
السنن الكبرىٰ، باب تاكيد السواك عند الاستيقاظ من النوم، جلد 1، صفحه 38، رقم: 166
سنن ابوداؤد، باب السواك لمن قام من الليل، جلد 1، صفحه 21، رقم: 55
سنن ابن ماجه، باب السواك، جلد 1، صفحه 105، رقم: 286
مسند امام احمد بن حنبل، حديث حذيفة بن اليمان، جلد 5، صفحه 390، رقم: 23361
1252- صحیح مسلم، باب جامع صلاة الليل ومن نام عنه او مرض، جلد 2، صفحه 168، رقم: 1773
السنن الكبرىٰ للبيهقى، باب تاكيد السواك عند الاستيقاظ من النوم، جلد 1، صفحه 39، رقم: 168
مسند امام احمد، حديث السيدة عائشه رضى الله عنها، جلد 6، صفحه 53، رقم: 24314
مصنف عبد الرزاق، باب صلاة النبى صلى الله عليه وسلم من الليل ووتره، جلد 3، صفحه 39، رقم: 4714
سنن النسائى، باب كيف الوتر بتسع، جلد 1، صفحه 173، رقم: 448

لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ)

1253- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوبُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: لَمَّا افْتَتَحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ اَصَبْنَا حُمُرًا خَارِجًا مِّنَ الْقَرْيَةِ فَنَحَرْنَاهَا، فَطَبَخْنَا مِنْهَا فَنَادَى مُنَادِى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا اِنَّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ يَنْهَيَانِكُمْ عَنْهَا، فَاِنَّهَا رِجْزٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ. فَاُكْفِئَتِ الْقُدُورُ بِمَا فِيهَا وَاِنَّهَا لَتَفُورُ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ نے خیبر فتح کر لیا تو ہمیں بستی سے باہر کچھ گدھے ملے ہم نے انہیں ذبح کر کے ان میں سے کچھ پکانا شروع کر دیا تو رسول اللہ ﷺ کی طرف سے اعلان کرنے والے نے یہ اعلان کیا: خبردار! بے شک اللہ اور اس کا رسول تمہیں ان سے منع کر رہے ہیں کیونکہ یہ ناپاک اور شیطان کے عمل سے ہیں۔ تو ہانڈیوں میں جو کچھ موجود تھا اس سب سمیت انہیں الٹا دیا گیا حالانکہ وہ ابل رہی تھیں۔

1254- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ سَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا، وَسَلَكَتِ الْاَنْصَارُ شِعْبًا لَسَلَكْتُ شِعْبَ الْاَنْصَارِ، وَلَوْلَا الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَاً مِّنَ الْاَنْصَارِ، الْاَنْصَارُ كَرِشِي وَعَيْبَتِي، فَاَحْسِنُوا اِلَى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر لوگ ایک وادی میں چلیں اور انصار ایک گھاٹی میں تو میں انصار کی گھاٹی میں چلوں گا اور اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں انصار کا ایک فرد ہوتا، انصار میرے دست و بازو ہیں تو ان میں سے جو اچھا ہو تم اس کے ساتھ اچھائی کرو اور جو برا ہو اس

1253- صحیح بخاری، باب السواك يوم الجمعة، جلد 2، صفحه 4، رقم: 888
السنن الكبرىٰ للبيهقى، باب فى فضل السواك، جلد 1، صفحه 35، رقم: 145
سنن الدارمى، باب فى السواك، جلد 1، صفحه 184، رقم: 681
سنن النسائى، باب الاكثار فى السواك، جلد 1، صفحه 11، رقم: 6
صحيح ابن حبان، باب فرض الوضوء، جلد 3، صفحه 347، رقم: 1066
1254- صحیح مسلم، باب السواك، جلد 1، صفحه 152، رقم: 613
السنن الكبرىٰ للبيهقى، باب فى فضل السواك، جلد 1، صفحه 34، رقم: 142
سنن ابوداؤد، باب فى الرجل يستاك بسواك غيره، جلد 1، صفحه 19، رقم: 51
سنن النسائى الكبرىٰ، باب السواك فى كل حين، جلد 1، صفحه 64، رقم: 7
صحيح ابن حبان، باب فرض الوضوء، جلد 3، صفحه 356، رقم: 1074

مُحْسِنِهِمْ، وَتَجَاوَزُوا عَنْ مُسِيئِهِمْ . قَالَ ابْنُ جُدْعَانَ: وَزَادَنِي الْحَسَنُ: اِلَّا فِي حَدٍّ .

کو معاف کرو۔ ابن جدعان نے یہ کہا کہ حسن نے ان الفاظ کا اضافہ کیا ہے: ''سوائے حد کے''۔

1255- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُدْعَانَ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: كَانَ اَبُوْ طَلْحَةَ يَنْثِلُ كِنَانَتَهُ الْبَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَجْثُو عَلٰى رُكْبَتَيْهِ وَيَقُوْلُ: وَجْهِي لِوَجْهِكَ الْوِقَاءُ وَنَفْسِي لِنَفْسِكَ الْفِدَاءُ . قَالَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَوْتُ اَبِي طَلْحَةَ فِي الْجَيْشِ خَيْرٌ مِّنْ فِئَةٍ . قَالَ اَنَسٌ: وَرَاَيْتُ ابْنَ اُمِّ مَكْتُوْمٍ وَمَعَهُ لِوَاءُ الْمُسْلِمِيْنَ فِي بَعْضِ مَشَاهِدِهِمْ .

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اپنے ترکش کے تمام تیر نکال کر نبی اکرم ﷺ کے سامنے رکھے اور اپنے گھٹنوں کے بل جھک گئے اور یہ کہنے لگے: میرا چہرہ آپ کی ذات کے لیے ہے اور میری جان آپ پر قربان، تو راوی کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: لشکر میں ابوطلحہ کی آواز سو آدمیوں سے زیادہ بہتر ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کو دیکھا ہے کہ ایک جنگ میں مسلمانوں کا جھنڈا ان کے پاس تھا۔

1256- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُدْعَانَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: اَهْدَى اُكَيْدِرُ دُوْمَةَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جُبَّةً، فَتَعَجَّبَ النَّاسُ مِنْ حُسْنِهَا، فَقَالَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ دومہ کے حکمران اکیدر نے رسول اللہ ﷺ کے لیے ایک جبہ تحفے میں بھیجا تو لوگوں کو اس کی خوبصورتی بہت پسند آئی تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جنت میں سعد

1255- صحيح مسلم، باب السواك، جلد 1، صفحه 152، رقم: 615
السنن الكبرىٰ للبيهقي، باب في فضل السواك، جلد 1، صفحه 35، رقم: 144
سنن النسائي الكبرىٰ، باب كيف يستاك، جلد 1، صفحه 63، رقم: 3
صحيح ابن حبان، باب فرض الوضوء، جلد 3، صفحه 355، رقم: 1073
صحيح ابن خزيمه، باب صفة استياك النبي صلى الله عليه وسلم، جلد 1، صفحه 73، رقم: 141
1256- صحيح ابن خزيمه، باب فضل السواك وتطهير الفم به، جلد 1، صفحه 70، رقم: 135
سنن النسائي الكبرىٰ، باب الترغيب في السواك، جلد 1، صفحه 64، رقم: 4
السنن الكبرىٰ للبيهقي، باب في فضل السواك، جلد 1، صفحه 34، رقم: 137
سنن الدارمي، باب السواك مطهرة للفم، جلد 1، صفحه 184، رقم: 684
مسند امام احمد بن حنبل، حديث السيدة عائشه رضى الله عنها، جلد 6، صفحه 62، رقم: 24377

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمَنَادِيْلُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِّنْهَا .

بن معاذ کے رومال اس سے زیادہ بہتر ہیں۔

1257- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُدْعَانَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: اَنَّهُ ذُكِرَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّفَاعَةُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاٰخُذُ بِحَلْقَةِ الْجَنَّةِ فَاُقَعْقِعُهَا .

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کے سامنے شفاعت کا ذکر کیا گیا تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں جنت کے دروازے پر دستک دوں گا۔

1258- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ الْاَحْوَلُ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: حَالَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ فِي دَارِنَا . فَقِيلَ لَهُ: اَلَيْسَ قَدْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا حِلْفَ فِي الْاِسْلَامِ؟ فَاَعَادَهَا اَنَسٌ فَقَالَ: حَالَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي دَارِنَا بَيْنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ . قَالَ سُفْيَانُ: فَسَّرَتْهُ الْعُلَمَاءُ حَالَفَ: اٰخَى .

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے ہمارے گھر میں مہاجرین اور انصار کے درمیان بھائی چارے کا رشتہ قائم کیا تھا۔ ان سے پوچھا گیا: کیا نبی اکرم ﷺ نے یہ ارشاد نہیں فرمایا: ''اسلام میں کوئی حلف نہیں۔'' تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے دوبارہ یہ بیان کیا اور کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمارے گھر میں مہاجرین اور انصار کے درمیان حلف قائم کیا تھا۔ سفیان کہتے ہیں کہ علماء نے اس کی تفسیر یہ کی ہے کہ بھائی چارہ قائم کیا۔

1257- صحيح بخارى، باب قص الشارب، جلد 7، صفحه 160، رقم: 5889
صحيح مسلم، باب خصال الفطرة، جلد 1، صفحه 152، رقم: 620
السنن الكبرىٰ للبيهقي، باب السنة في الاخذ من الاظفار والشارب، جلد 1، صفحه 149، رقم: 706
سنن ابوداؤد، باب في اخذ الشارب، جلد 4، صفحه 135، رقم: 4200
سنن ابن ماجه، باب الفطرة، جلد 1، صفحه 107، رقم: 292
1258- صحيح مسلم، باب خصال الفطرة، جلد 1، صفحه 153، رقم: 627
السنن الكبرىٰ للبيهقي، باب الدليل عليان النسواك سنة ليس بواجب، جلد 1، صفحه 36، رقم: 156.
سنن ابوداؤد، باب السواك من الفطرة، جلد 1، صفحه 19، رقم: 53
سنن ابن ماجه، باب الفطرة، جلد 1، صفحه 107، رقم: 293
سنن ترمذى، باب ما جاء في تقليم الاظفار، جلد 5، صفحه 91، رقم: 2757

1259- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الضَّبِّيُّ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ مِقْسَمٍ الضَّبِّيِّ عَنْ اَبِيهِ عَنْ شُعْبَةَ بْنِ التَّوْاَمِ قَالَ: سَاَلَ قَيْسُ بْنُ عَاصِمٍ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحِلْفِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا حِلْفَ فِي الْاِسْلَامِ، وَلٰكِنْ تَمَسَّكُوْا بِحِلْفِ الْجَاهِلِيَّةِ .

حضرت شعبہ بن توام کہتے ہیں کہ قیس بن عاصم نے رسول اللہ ﷺ سے حلف کے متعلق سوال کیا تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اسلام کوئی حلف نہیں لیکن تم دورِ جاہلیت کے حلف کو مضبوطی سے پکڑ رکھو۔

1260- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ الْاَحْوَلُ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: مَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَدَ عَلٰى سَرِيَّةٍ قَطُّ مَا وَجَدَ عَلٰى اَصْحَابِ بِئْرِ مَعُوْنَةَ حِيْنَ قُتِلُوْا، وَكَانُوْا يُسَمَّوْنَ الْقُرَّاءَ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے کبھی رسول اللہ ﷺ کو کسی بھی مہم کے متعلق اتنا زیادہ غم زدہ نہیں دیکھا جتنا آپ بئر معونہ کے افراد کے شہید ہونے پر غم زدہ تھے'ان کو قراء کہا جاتا تھا۔

1261- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے

1259- صحیح بخاری' باب اعفاء اللحی' جلد 7' صفحہ 160' رقم:5893
صحیح مسلم' باب فعال الفطرۃ ' جلد 1' صفحہ 153' رقم:623
سنن ترمذی' باب ما جاء فی اعفاء اللحیۃ ' جلد 5' صفحہ 95' رقم:2763
المعجم الصغیر للطبرانی' باب المیم من اسمہ محمد' جلد 2' صفحہ 75' رقم:807
سنن النسائی الکبرٰی' باب الامر باحفاء الشوارب واعفاء اللحی' جلد 1' صفحہ 66' رقم:13
1260- صحیح بخاری' باب الایمان وقول النبی صلی اللہ علیہ وسلم بنی الاسلام علی خمس' جلد 1' صفحہ 11' رقم:8
صحیح مسلم' باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم "بنی الاسلام علی خمس" جلد 1' صفحہ 34' رقم:121
السنن الکبرٰی للبیہقی' باب اصل فرض الصلاۃ ' جلد 1' صفحہ 358' رقم:1744
سنن ترمذی' باب ما جاء بنی الاسلام علی خمس' جلد 5' صفحہ 5' رقم:2609
سنن النسائی الکبرٰی' باب علی کم بنی الاسلام' جلد 6' صفحہ 531' رقم:11732
1261- صحیح بخاری' باب الزکاۃ من الاسلام' جلد 1' صفحہ 18' رقم:46
صحیح مسلم' باب بیان الصلوات التی ھی احد ارکان الاسلام' جلد 1' صفحہ 31' رقم:109
السنن الکبرٰی للبیہقی' باب فرائض الخمس' جلد 2' صفحہ 8' رقم:2315

سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيَّ اَوَّلَ شَيْءٍ سَمِعْنَا مِنْهُ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: عَطَسَ رَجُلَانِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَمَّتَ اَوْ سَمَّتَ اَحَدَهُمَا وَلَمْ يُشَمِّتْ اَوْ لَمْ يُسَمِّتِ الْاٰخَرَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ شَمَّتَّ اَوْ سَمَّتَّ هٰذَا وَلَمْ تُشَمِّتْنِيْ اَوْ تُسَمِّتْنِيْ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِنَّ هٰذَا حَمِدَ اللّٰهَ، وَاِنَّكَ لَمْ تَحْمَدْهُ .

ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی موجودگی میں دو آدمیوں کو چھینک آئی تو آپ نے ایک کو جواب دیا اور ایک کو جواب نہیں دیا' تو اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ نے اسے جواب دیا ہے اور مجھے جواب نہیں دیا' تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس نے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی تھی اور تم نے اس کی حمد بیان نہیں کی۔

1262- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ اَنَّهُ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِخَادِمِهِ: يَا اَنْجَشَةُ رِفْقًا قَوْدَكَ بِالْقَوَارِيرِ . يَعْنِي النِّسَاءَ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے خادم سے فرمایا: اے انجشہ! آرام سے چلو تم شیشوں کو لے کر جا رہے ہو' یعنی عورتوں کو۔

1263- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ عَنْ اَنَسِ بْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں اپنے ایک انصاری چچا کے پاس کھڑا ہوا نہیں

المنتقی لابن الجارود' باب فرض الصلوات الخمس' جلد 1' صفحہ 45' رقم:144
سنن ابوداؤد' باب الصلاۃ من الاسلام' جلد 1' صفحہ 150' رقم:391
1262- صحیح ابن حبان' باب الھدی' جلد 9' صفحہ 320' رقم:4009
صحیح البخاری' باب قتل القلائد للبدن' جلد 2' صفحہ 608' رقم:1611
السنن الکبرٰی للبیہقی' باب لا یصیر الانسان بتقلید الھدی واشعارہ ' جلد 5' صفحہ 234' رقم:10489
المنتقی لابن الجارود' باب المناسک' جلد 1' صفحہ 112' رقم:423
سنن ابو داؤد' باب من بعث بھدیۃ واقام' جلد 2' صفحہ 81' رقم:1760
1263- صحیح بخاری' باب کیف یبایع الامام' جلد 8' صفحہ 109' رقم:7199
السنن الکبرٰی للبیہقی' باب ما یجب علی المرء من القیام' جلد 10' صفحہ 158' رقم:21101
سنن ابن ماجہ ' باب البیعۃ ' جلد 2' صفحہ 957' رقم:2866
صحیح مسلم' باب وجوب طاعۃ الامراء فی غیر معصیۃ ' جلد 6' صفحہ 16' رقم:4874
مسند امام احمد بن حنبل' حدیث عبادۃ بن الصامت' جلد 5' صفحہ 319' رقم:22777

مَالِكٍ يَقُولُ: كُنْتُ قَائِمًا عَلَى عُمُومَةٍ لِي مِنَ الْأَنْصَارِ أَسْقِيهِمْ فَضِيخًا لَهُمْ، فَأَتَانَا رَجُلٌ مِنْ قِبَلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَذْعُورًا قُلْنَا: مَا وَرَائَكَ؟ قَالَ: حُرِّمَتِ الْخَمْرُ. فَقَالُوا لِي: اكْفِئْهَا يَا أَنَسُ. قَالَ: فَكَفَأْتُهَا. فَقَالَ النَّضْرُ بْنُ أَنَسٍ: هِيَ كَانَتْ خَمْرُهُمْ يَوْمَئِذٍ.

شراب پلا رہا تھا کہ اسی دوران نبی اکرم ﷺ کی طرف سے ایک آدمی گھبراہٹ میں ہمارے پاس آیا' ہم نے اس سے پوچھا: تمہارے پیچھے کیا ہے؟ اس نے کہا: شراب حرام ہوگئی ہے تو ان لوگوں نے مجھ سے کہا: اے انس! تم اسے بہا دو۔ تو حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے اسے بہا دیا۔ حضرت نضر بن انس کہتے ہیں کہ ان دنوں ان لوگوں کی شراب یہی ہوتی تھی۔

1264- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ الثَّقَفِيِّ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: غَدَوْنَا فِي هٰذَا الْيَوْمِ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مِنًى إِلَى عَرَفَةَ، فَمِنَّا الْمُكَبِّرُ، وَمِنَّا الْمُلَبِّي، لَا يَعِيبُ ذٰلِكَ بَعْضُنَا عَلَى بَعْضٍ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ آج کے دن ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ منیٰ سے عرفہ کی طرف روانہ ہوئے تھے' ان میں سے کچھ لوگ تکبیر کہہ رہے تھے اور کچھ لوگ تلبیہ پڑھ رہے تھے اور ان میں سے کسی نے بھی ایک دوسرے کو غلط نہیں سمجھا۔

1265- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ عَامَ الْفَتْحِ وَعَلَى رَأْسِهِ الْمِغْفَرُ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ فتح مکہ کے دن جب رسول اللہ ﷺ مکہ میں داخل ہوئے تو آپ ﷺ کے سر پر خود تھا۔

1266- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے

1264- صحیح بخاری' باب الاقتداء بسنن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم' جلد 9' صفحہ 93' رقم: 7284

صحیح مسلم' باب الامر بقتال الناس حتی یقولوا لا الہ الا اللّٰہ' جلد 1' صفحہ 38' رقم: 133

السنن الکبریٰ للبیہقی' باب من لا توخذ منہ الجزیہ من اھل الاوثان' جلد 9' صفحہ 182' رقم: 19097

سنن ابوداؤد' باب وجوب الزکاۃ' جلد 2' صفحہ 1' رقم: 1558

سنن ترمذی' باب ما جاء امرت ان اقاتل الناس فی یقولوا لا الہ الا اللّٰہ' جلد 5' صفحہ 3' رقم: 2607

1265- مسند امام احمد بن حنبل' حدیث ام ھانی بنت ابی طالب' جلد 6' صفحہ 341' رقم: 26936

1266- صحیح بخاری' باب وجوب الزکاۃ' جلد 2' صفحہ 105' رقم: 1397

صحیح مسلم' باب بیان الایمان الذی یدخل بہ الجنۃ' جلد 1' صفحہ 33' رقم: 116

سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَتَبَّعُ الدُّبَّاءَ مِنَ الصَّحْفَةِ فَلَا أَزَالُ أُحِبُّهُ أَبَدًا.

ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ پیالے میں کدو تلاش کر رہے تھے تو اس کے بعد میں بھی ہمیشہ سے اس (کدو) سے محبت کرتا ہوں۔

1267- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ يَسْأَلُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ هَلِ اتَّخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمًا؟ قَالَ: نَعَمْ كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى بَرِيقِهِ فِي يَدِهِ فِي لَيْلَةٍ مُقْمِرَةٍ.

حضرت حمید طویل روایت کرتے ہیں کہ حضرت قتادہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا رسول اللہ ﷺ نے انگوٹھی پہنی ہے؟ تو انہوں نے کہا: ہاں گویا کہ آپ کے ہاتھ میں اس کی چمک کا منظر آج بھی میں دیکھ رہا ہوں۔

1268- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا رِدْفُ أَبِي طَلْحَةَ يَقُولُ: لَبَّيْكَ بِحَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ مَعًا.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو سنا اور میں اس وقت حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے سوار تھا' آپ یہ پڑھ رہے تھے: ''میں حج اور عمرہ اکٹھا کرنے کے لیے حاضر ہوں''۔

1269- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي مُصْعَبُ بْنُ سُلَيْمٍ عَرِيفُ بَنِي زُهْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ سے اسی کی مثل حدیث بیان کرتے ہیں۔

الآداب للبیہقی' باب المؤمن قل ما یخلو من البلاء لما یراد بہ من الخیر' جلد 1' صفحہ 443' رقم: 728

مسند امام احمد' مسند ابی ہریرۃ رضی اللّٰہ عنہ' جلد 2' صفحہ 342' رقم: 8496

1267- سنن ابوداؤد' باب المعتکف یدخل البیت لحاجتہ' جلد 2' صفحہ 309' رقم: 2471

مسند امام احمد بن حنبل' حدیث السیدۃ عائشہ رضی اللّٰہ عنہا' جلد 6' صفحہ 261' رقم: 26291

معرفۃ السنن والآثار للبیہقی' باب فضل الجنب وغیرہ' جلد 1' صفحہ 477' رقم: 408

1268- صحیح بخاری' باب الخیل لثلاثۃ' جلد 4' صفحہ 29' رقم: 2860

صحیح مسلم' باب اثم مانع الزکاۃ' جلد 3' صفحہ 70' رقم: 2337

السنن الکبریٰ للبیہقی' باب من رای فی الخیل صدقۃ' جلد 4' صفحہ 119' رقم: 7668

مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی ہریرۃ رضی اللّٰہ عنہ' جلد 2' صفحہ 383' رقم: 8965

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ هٰذَا .

1270 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: احْتَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَمَهٗ عَبْدٌ لِحَيٍّ مِنَ الْاَنْصَارِ يُقَالُ لَهُمْ بَنُو بَيَاضَةَ يُسَمّٰى اَبَا طَيْبَةَ، فَاَعْطَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَاعًا اَوْ صَاعَيْنِ، اَوْ مُدًّا اَوْ مُدَّيْنِ، وَكَلَّمَ مَوَالِيَهٗ فَخَفَّفُوْا عَنْهُ مِنْ ضَرِيبَتِهٖ، يَعْنِيْ خَرَاجَهٗ .

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے پچھنے لگوائے' آپ کو انصار کے کسی قبیلے کے ایک غلام نے پچھنے لگائے تھے اور اس قبیلے کا نام بنو بیاضہ تھا اور اس آدمی کا نام ابوطیبہ تھا' رسول اللہ ﷺ نے اسے ایک صاع یا دو صاع یا ایک مد یا دو مد عطا فرمائے اور آپ نے اس کے مالکوں سے بات کی تو انہوں نے اس کے ذمے جو ادائیگی لازم تھی' اس کو کم کر دیا' یعنی اس کے خراج کو کم کر دیا۔

1271 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ اَنَّهٗ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ اَسْهَمَ النَّاسُ الْمَنَازِلَ فَطَارَ سَهْمُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ عَلٰى سَعْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ، فَقَالَ لَهٗ سَعْدٌ: تَعَالَ حَتّٰى اُقَاسِمَكَ مَالِيْ، وَاَنْزِلَ لَكَ عَنْ اَيِّ امْرَاَتَيَّ شِئْتَ، فَاَكْفِيكَ الْعَمَلَ . فَقَالَ لَهٗ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ: بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيْ اَهْلِكَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے تو لوگوں کو مختلف جگہ پر ٹھہرایا گیا تو حضرت عبدالرحمان بن عوف رضی اللہ عنہ اور حضرت سعد بن ابی ربیع رضی اللہ عنہ کے پاس مہمان ٹھہرے تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: آؤ! میں اپنا مال آپ کے لیے تقسیم کرتا ہوں اور آپ میری بیوی کے متعلق چاہیں تو میں اس سے دستبردار ہو جاتا ہوں اور آپ کی جگہ کام میں کر لیا کروں گا

1270- صحیح بخاری' باب ہل یقوم انی صائم اذا شتم' جلد 3' صفحہ 157' رقم: 2762

السنن الکبری للبیہقی' باب الصائم ینزہ صیامہ عن اللغط والمشاتمۃ' جلد 4' صفحہ 270' رقم: 8569

مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ' جلد 2' صفحہ 273' رقم: 7679

مصنف ابن ابی شیبۃ' باب ما یؤمر بہ الصائم من قلۃ الکلام وتوقی الکذب' جلد 2' صفحہ 271' رقم: 8879

1271- صحیح بخاری' باب الریان للصائمین' جلد 3' صفحہ 25' رقم: 1897

صحیح مسلم' باب من جمع الصدقۃ واعمال البر' جلد 3' صفحہ 91' رقم: 2418

السنن الکبری للبیہقی' باب فضل النفقۃ فی سبیل اللہ' جلد 9' صفحہ 171' رقم: 19034

سنن ترمذی' باب فی مناقب ابی بکر و عمر رضی اللہ عنہما' جلد 5' صفحہ 614' رقم: 3674

سنن النسائی الکبری' باب وجوب الزکاۃ' جلد 2' صفحہ 6' رقم: 2219

وَمَالِكَ، دُلُّوْنِيْ عَلَى السُّوْقِ . فَخَرَجَ فَاَصَابَ شَيْئًا، فَخَطَبَ امْرَاَةً، فَتَزَوَّجَهَا فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : عَلٰى كَمْ تَزَوَّجْتَهَا؟ .

تو حضرت عبدالرحمان بن عوف رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: اللہ تعالیٰ آپ کے اہل میں' آپ کے مال میں برکت عطا فرمائے! آپ بازار کی طرف میری رہنمائی کر دیں' پھر حضرت عبدالرحمان بن عوف رضی اللہ عنہ بازار گئے' انہیں کچھ آمدنی تو انہوں نے ایک عورت کو نکاح کا پیغام بھیجا اور اس کے ساتھ نکاح کر لیا تو رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا تم نے کتنے مہر کے بدلے اس کے ساتھ نکاح کیا ہے؟

قَالَ: عَلٰى نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ . قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ .

تو انہوں نے کہا: سونے کی گٹھلی کے بدلے میں' تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ولیمہ کرو چاہے ایک بکری ہی کے ساتھ۔

1272 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ اَنَّهٗ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى نُخَامَةً فِيْ قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ فَحَكَّهَا، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ مُغْضَبًا فَقَالَ: اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يُبْسَقَ فِيْ وَجْهِهٖ . ثُمَّ قَالَ: اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا قَامَ فِي الصَّلَاةِ فَاِنَّمَا يُوَاجِهُ رَبَّهٗ فَلَا يَبْزُقْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلَا عَنْ يَمِيْنِهٖ، وَلٰكِنْ لِيَبْصُقْ عَنْ يَسَارِهٖ اَوْ تَحْتَ قَدَمِهِ الْيُسْرٰى، فَاِنْ عَجِلَتْ بِهٖ بَادِرَةٌ فَلْيَجْعَلْهَا فِيْ ثَوْبِهٖ، وَلْيَقُلْ بِهَا هٰكَذَا . وَاَشَارَ الْحُمَيْدِيُّ اِلٰى طَرَفِ ثَوْبِهٖ فَدَلَكَهٗ .

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مسجد میں قبلہ کی جانب تھوک لگا ہوا دیکھا تو آپ نے اسے لکڑی سے کھرچ دیا اور آپ نے غصے کی حالت میں لوگوں کی طرف دیکھا اور یہ ارشاد فرمایا: کیا کوئی آدمی اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اس کے چہرے کی طرف تھوک دیا جائے' جب بندہ نماز کے دوران کھڑا ہوتا ہے تو وہ اپنے رب کے سامنے ہوتا ہے' اس لیے کوئی آدمی اپنے دائیں طرف یا سامنے نہ تھوکے بلکہ اپنے بائیں طرف یا اپنے بائیں پاؤں کے نیچے تھوکے' اگر اسے زیادہ جلدی اور تیزی میں تھوک آ رہا ہو تو پھر وہ اسے

1272- صحیح بخاری' باب الریان للصائمین' جلد 3' صفحہ 25' رقم: 1896

صحیح مسلم' باب فضل الصیام' جلد 3' صفحہ 158' رقم: 2766

السنن الکبری للبیہقی' باب فی فضل شہر رمضان وفضل الصیام' جلد 4' صفحہ 305' رقم: 8774

مسند امام احمد بن حنبل' حدیث ابی مالک سہل بن سعد' جلد 5' صفحہ 333' رقم: 22870

مسند عبد بن حمید' مسند سہل بن سعد الساعدی' صفحہ 168' رقم: 455

کپڑے میں تھوک کر اس کو اس طرح مل دے۔ امام حمیدی نے اپنے کپڑے کے کنارے کی طرف اشارہ کر کے اسے مل کر دکھایا۔

1273- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ الْقُرْدُوسِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا رَمَى الْجَمْرَةَ، وَنَحَرَ نُسُكَهُ نَاوَلَ الْحَالِقَ شِقَّهُ الْاَيْمَنَ فَحَلَقَهُ، ثُمَّ نَاوَلَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شِقَّهُ الْاَيْسَرَ فَحَلَقَهُ، ثُمَّ نَاوَلَهُ اَبَا طَلْحَةَ وَاَمَرَهُ اَنْ يَقْسِمَهُ بَيْنَ النَّاسِ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے جب جمرہ کی رمی کر لی اور قربانی کا جانور ذبح کر لیا تو آپ نے اپنے سر کا دایاں حصہ سر مونڈنے والے کی طرف بڑھایا اور اس نے اسے مونڈ دیا' پھر رسول اللہ ﷺ نے بایاں حصہ اس کی طرف بڑھایا تو اس نے اسے بھی مونڈ دیا' پھر رسول اللہ ﷺ نے اپنے بال مبارک حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کو دیئے اور انہیں یہ ہدایت کی کہ وہ انہیں لوگوں کے درمیان تقسیم کر دیں۔

1274- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ سُلَيْمٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَمْرٌ فَجَعَلَ يَقْسِمُهُ وَهُوَ مُحْتَفِزٌ وَهُوَ يَاْكُلُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس کھجوریں لائی گئیں تو آپ نے انہیں تقسیم کرنا شروع کر دیا۔ آپ بے سکونی کی حالت میں بیٹھے ہوئے تھے اور آپ کھا رہے تھے۔

1273- صحیح بخاری' باب فضل الصوم فی سبیل اللّٰہ' جلد 4' صفحہ 26' رقم: 2840

صحیح مسلم' باب فضل الصیام' جلد 3' صفحہ 158' رقم: 2767

صحیح ابن خزیمہ' باب فضل الصوم فی سبیل اللّٰہ' جلد 3' صفحہ 297' رقم: 2113

مسند عبد بن حمید' من مسند أبی سعید الخدری' صفحہ 301' رقم: 977

سنن الدارمی' باب من صام یوما فی سبیل اللّٰہ عزوجل' جلد 2' صفحہ 267' رقم: 2399

1274- صحیح بخاری' باب صوم رمضان احتسابا من الایمان' جلد 1' صفحہ 16' رقم: 38

صحیح مسلم' باب الترغیب فی قیام رمضان وھو التراویح' جلد 2' صفحہ 177' رقم: 1817

السنن الکبریٰ للبیھقی' باب فی فضل شھر رمضان وفضل الصیام' جلد 4' صفحہ 304' رقم: 8769

المنتقی لابن الجارود' باب الصیام' صفحہ 108' رقم: 404

سنن ابوداؤد' باب فی قیام شھر رمضان' جلد 1' صفحہ 520' رقم: 1374

اَكْلاً ذَرِيعًا۔

181 - مُسْنَدُ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

مسند حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ

1275- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ وَاَبُو الزُّبَيْرِ اَنَّهُمَا سَمِعَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ: دَبَّرَ رَجُلٌ غُلَامًا لَهُ لَيْسَ لَهُ مَالٌ غَيْرُهُ، فَبَاعَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاشْتَرَاهُ نُعَيْمُ بْنُ النَّحَّامِ. قَالَ عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ جَابِرٌ: عَبْدًا قِبْطِيًّا مَاتَ عَامَ الْاَوَّلِ فِي اِمَارَةِ ابْنِ الزُّبَيْرِ. زَادَ اَبُو الزُّبَيْرِ اسْمُهُ يَعْقُوبُ الْقِبْطِيُّ۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے اپنے غلام کو مدبر بنا دیا' اس کے پاس اس غلام کے سوا کوئی دوسرا مال نہیں تھا' تو نبی اکرم ﷺ نے اس غلام کو بیچ دیا' حضرت نعیم بن نحام رضی اللہ عنہ نے اسے خریدا۔ عمرو بن دینار کہتے ہیں کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی کہ وہ ایک قبطی غلام تھا جو حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کے دورِ حکومت کے پہلے سال میں فوت ہوا تھا۔ ابوزبیر نے ان الفاظ کا اضافہ کیا ہے: اس کا نام یعقوب قبطی تھا۔

1276- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ وَاَبُو الزُّبَيْرِ اَنَّهُمَا سَمِعَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ: دَخَلَ رَجُلٌ الْمَسْجِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ قَائِمٌ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی مسجد میں داخل ہوا' رسول اللہ ﷺ اس وقت منبر پر جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے' نبی اکرم ﷺ نے اس سے پوچھا: کیا تم نے نماز پڑھ لی ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم دو رکعت

1275- صحیح بخاری' باب صفة ابلیس وجنوده' جلد 3' صفحہ 1194' رقم: 3103

صحیح مسلم' باب فضل شھر رمضان' جلد 3' صفحہ 121' رقم: 2547

السنن الکبریٰ للبیھقی' باب ما روی فی کراھیة قول القائل جاء رمضان وذھب رمضان' جلد 4' صفحہ 202' رقم: 8160

سنن الدارمی' باب فی فضل شھر رمضان' جلد 2' صفحہ 41' رقم: 1775

سنن النسائی الکبریٰ' باب فضل شھر رمضان' جلد 2' صفحہ 64' رقم: 2407

1276- صحیح بخاری' باب الصوم لمن خاف علی نفسه الغروبة' جلد 3' صفحہ 27' رقم: 1909

صحیح مسلم' باب وجوب صوم رمضان لرؤیة الھلال والفطر لرؤیة الھلال' جلد 3' صفحہ 124' رقم: 2566

السنن الکبریٰ للبیھقی' باب الصوم لرؤیة الھلال او استکمال العدد ثلاثین' جلد 4' صفحہ 205' رقم: 8186

سنن الدارقطنی' کتاب الصیام' جلد 2' صفحہ 252' رقم: 2196

المنتقی لابن الجارود' باب الصیام' صفحہ 106' رقم: 395

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَصَلَّيْتَ؟ . قَالَ: لَا. قَالَ: فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ . قَالَ سُفْيَانُ: وَسَمَّى اَبُو الزُّبَيْرِ فِي حَدِيثِهِ الرَّجُلَ سُلَيْكَ بْنَ عَمْرٍو الْغَطَفَانِيَّ.

نماز پڑھ لو۔ سفیان کہتے ہیں کہ ابوزبیر نے اس روایت میں ان کا نام حضرت سلیک بن عمرو عطفانی رضی اللہ عنہ بتایا ہے۔

1277- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ جَعْدَةَ قَالَ: رَاَيْتُ الْحَسَنَ بْنَ اَبِي الْحَسَنِ دَخَلَ مَسْجِدَ وَاسِطٍ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَابْنُ هُبَيْرَةَ يَخْطُبُ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ جَلَسَ .

حضرت حسان کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن بن ابوالحسن کو واسط کی مسجد میں جمعہ کے دن داخل ہوتے دیکھا' اس وقت ابن ہبیرہ منبر پر خطبہ دے رہا تھا تو انہوں نے دورکعت نماز پڑھی پھر بیٹھے۔

1278- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ: كُنَّا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ اَلْفًا وَاَرْبَعَمِائَةٍ، فَقَالَ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنْتُمُ الْيَوْمَ خَيْرُ اَهْلِ الْاَرْضِ . قَالَ جَابِرٌ: وَلَوْ كُنْتُ اُبْصِرُ لَاَرَيْتُكُمْ مَوْضِعَ الشَّجَرَةِ .

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ صلح حدیبیہ کے دن ہماری تعداد چودہ سو تھی' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آج کے دن تم لوگ روئے زمین کے سب سے بہتر لوگ ہو۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ اگر میری نظر کام کرتی ہوتی تو میں تمہیں اس درخت کی جگہ دکھاتا۔

1279- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت محمد بن عباد روایت کرتے ہیں کہ میں نے

1277- صحیح بخاری' باب اجود ما کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یکون فی رمضان' جلد 3' صفحہ 26' رقم:1902

صحیح مسلم' باب کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اجود الناس بالخیر من الریح المرسلة' جلد 7' صفحہ 73' رقم:6149

السنن الکبریٰ للبیهقی' باب الجود والافضال فی شهر رمضان' جلد 4' صفحہ 305' رقم:8778

مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد اللہ بن العباس' جلد 1' صفحہ 363' رقم:3425

صحیح ابن خزیمہ' باب استحباب الجود بالخیر والعطایا فی شهر رمضان' جلد 3' صفحہ 193' رقم:1889

1278- السنن الکبریٰ للبیهقی' باب فضل من ابتلی بشی من الاعمال' جلد 10' صفحہ 88' رقم:20659

سنن ابن ماجہ' باب الحسد' جلد 2' صفحہ 140' رقم:4208

سنن الکبریٰ للنسائی' باب الاغتباط فی العلم' جلد 3' صفحہ 426' رقم:5840

صحیح ابن حبان' باب الزجر عن کتبة المرء السنن' جلد 1' صفحہ 78' رقم:90

مسند أبی یعلی' من مسند أبی سعید الخدری' جلد 2' صفحہ 340' رقم:1085

1279- صحیح بخاری' باب لا یتقد من رمضان بصوم یوم ولا یومین' جلد 3' صفحہ 28' رقم:1914

سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ شَيْبَةَ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ الْمَخْزُومِيَّ يَقُولُ قُلْتُ لِجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيِّ وَهُوَ يَطُوفُ بِالْبَيْتِ: اَنَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صِيَامِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، وَرَبِّ هٰذَا الْبَيْتِ.

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ سے سوال کیا' وہ اس وقت بیت اللہ کا طواف کر رہے تھے: کیا رسول اللہ ﷺ نے جمعہ کے دن روزہ رکھنے منع کیا ہے؟ تو انہوں نے کہا: ہاں! اس گھر کے رب کی قسم!

1280- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَبْلَ اَنْ نَلْقَى ابْنَ الْمُنْكَدِرِ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَكَحْتَ يَا جَابِرُ؟ . قُلْتُ: نَعَمْ . فَقَالَ: اَبِكْرٌ اَمْ ثَيِّبٌ؟ . قُلْتُ: ثَيِّبٌ. قَالَ: فَهَلَّا جَارِيَةً تُلَاعِبُكَ وَتُلَاعِبُهَا . قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ قُتِلَ اَبِي يَوْمَ اُحُدٍ وَتَرَكَ تِسْعَ بَنَاتٍ فَكُنَّ لِي تِسْعُ اَخَوَاتٍ، فَلَمْ اُحِبَّ اَنْ اَجْمَعَ اِلَيْهِنَّ جَارِيَةً خَرْقَاءَ مِثْلَهُنَّ، وَلٰكِنِ امْرَاَةً تَمْشُطُهُنَّ وَتَقُومُ عَلَيْهِنَّ. قَالَ: اَصَبْتَ .

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: اے جابر! کیا تم نے نکاح کر لیا؟ میں نے عرض کی: ہاں! آپ نے فرمایا: کنواری کے ساتھ یا ثیبہ کے ساتھ؟ میں نے عرض کی: ثیبہ کے ساتھ۔ آپ نے فرمایا: تم نے کسی لڑکی کے ساتھ شادی کیوں نہیں کی کہ وہ تمہارے ساتھ کھیلتی اور تم اس کے ساتھ کھیلتے؟ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میرے والد احد کے دن شہید ہو گئے تھے انہوں نے نو بیٹیاں چھوڑی ہیں تو میری نو بہنیں ہیں' مجھے یہ اچھا نہیں لگا کہ میں ان کے ساتھ ایک لڑکی کو شامل کر دوں جو ان کی ہی طرح چھوٹی ہو پس میں ایک ایسی بیوی لانا چاہتا تھا جو ان کی کنگھی کر دیا کرے اور ان کی دیکھ بھال کیا کرے۔ تو آپ نے فرمایا: تم نے ٹھیک کیا ہے۔

1281- قَالَ سُفْيَانُ: ثُمَّ لَقِيتُ مُحَمَّدَ بْنَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جب

صحیح مسلم' باب صوم سرر شعبان' جلد 3' صفحہ 168' رقم:2810

السنن الکبریٰ للبیهقی' باب النهی عن استقبال شهر رمضان بصوم او یومین' جلد 4' صفحہ 207' رقم:8196

1280- سنن ترمذی' باب ما جاء أن الصوم لرؤية الهلال والافطار له' جلد 3' صفحہ 72' رقم:688

مسند ابی یعلی' مسند ابن عباس' جلد 4' صفحہ 243' رقم:2355

مصنف ابن ابی شیبة' باب من کره ان یتقدم شهر رمضان بصوم' جلد 3' صفحہ 20' رقم:9112

1281- سنن ترمذی' باب ما جاء فی کراهية الصوم فی النصف الباقی من شعبان' جلد 2' صفحہ 171' رقم:735

الْمُنْكَدِرِ فَحَدَّثَنِيهِ وَزَادَ فِيهِ كُلَيْمَةً لَمْ يَقُلْهَا عَمْرٌو قَالَ سَمِعْتُ جَابِرًا يَقُولُ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ نَكَحْتُ: يَا جَابِرُ هَلِ اتَّخَذْتُمْ اَنْمَاطًا؟ . قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ وَاَنَّى لَنَا اَنْمَاطٌ ؟ قَالَ: اَمَا اِنَّهَا سَتَكُونُ .

میں نے نکاح کیا تو رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: اے جابر! کیا تم نے قالین استعمال کیا ہے؟ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہمارے پاس قالین کہاں سے آئیں گے؟ تو آپ نے فرمایا: عنقریب آئیں گے۔

1282- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ: مَا سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا قَطُّ فَقَالَ: لَا.

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے جب بھی کسی چیز کا سوال کیا گیا تو آپ نے کبھی نہ نہیں کی۔

1283- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ: مَرِضْتُ فَعَادَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُو بَكْرٍ وَهُمَا يَمْشِيَانِ فَاُغْمِيَ عَلَيَّ، فَدَعَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَاءٍ فَتَوَضَّاَ ثُمَّ صَبَّهُ عَلَيَّ فَاَفَقْتُ فَقُلْتُ: يَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں بیمار ہوا تو رسول اللہ ﷺ اور حضرت ابوبکر میری عیادت کے لیے تشریف لائے' یہ دونوں ہستیاں پیدل تشریف لائی تھیں' مجھ پر بے ہوشی طاری ہوئی۔ رسول اللہ ﷺ نے پانی منگوایا اور وضو کیا پھر آپ نے اسے مجھ پر چھڑکا تو مجھے ہوش آ گیا' میں نے عرض کی: یا

السنن الکبریٰ للبیهقی' باب الخبر الذی ورد فی النهی عن الصیام' جلد 4' صفحه 209' رقم:8216

سنن ابوداؤد' باب فی کراهیة ذلك' جلد 2' صفحه 272' رقم:2339

صحیح ابن خزیمه ' باب اباحة وصل صوم شعبان بصوم رمضان' جلد 3' صفحه 282' رقم:2077

1282- سنن ترمذی' باب ما جاء فی کراهیة صوم یوم الشك' جلد 3' صفحه 27' رقم:686

سنن الدارمی' باب فی النهی عن صیام یوم الشك' جلد 2' صفحه 5' رقم:1682

سنن النسائی' باب صیام یوم الشك' جلد 2' صفحه 85' رقم:2498

صحیح ابن حبان' باب الصوم المنهی عنه ' جلد 8' صفحه 351' رقم:3581

1283- سنن ترمذی' باب ما یقول عند رؤیة الهلال' جلد 5' صفحه 504' رقم:3451

سنن الدارمی' باب ما یقال عند رؤیة الهلال' جلد 2' صفحه 7' رقم:1687

مسند البزار' مسند طلحة بن عبید الله ' جلد 1' صفحه 173' رقم:947

مصنف ابن ای شیبة ' باب ما قالوا فی الهلال یری ما یقال' جلد 3' صفحه 99' رقم:9827

رَسُولَ اللَّهِ كَيْفَ اَقْضِي فِي مَالِي؟ كَيْفَ اَصْنَعُ فِي مَالِي؟ فَسَكَتَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى نَزَلَتْ آيَةُ الْمِيرَاثِ.

رسول اللہ! میں اپنے مال کا کیا کروں؟ تو رسول اللہ ﷺ خاموش رہے حتیٰ کہ آیت میراث نازل ہوگئی۔

1284- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ نَزَلَتْ فِيَّ آيَةُ الْمِيرَاثِ.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ آیت میراث میرے متعلق نازل ہوئی تھی۔

قَالَ اَبُو بَكْرٍ: وَلَمْ يَسْمَعْهُ سُفْيَانُ مِنْ اَبِي الزُّبَيْرِ.

امام حمیدی بیان کرتے ہیں کہ سفیان نے ابوزبیر سے یہ روایت نہیں سنی۔

1285- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: نَدَبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ فَانْتَدَبَ الزُّبَيْرُ، ثُمَّ نَدَبَهُمْ فَانْتَدَبَ الزُّبَيْرُ، ثُمَّ نَدَبَهُمْ فَانْتَدَبَ الزُّبَيْرُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيٌّ، وَحَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ . وَقَالَ سُفْيَانُ: زَادَ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ: وَابْنُ عَمَّتِي .

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے غزوہ خندق کے دن لوگوں کو بلایا تو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے اپنے آپ کو پیش کیا' رسول اللہ ﷺ نے پھر لوگوں کو بلایا تو حضرت زبیر نے اپنے آپ کو پیش کیا' آپ نے پھر انہیں بلایا تو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے اپنے آپ کو پیش کیا تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہر نبی کا ایک حواری ہوتا ہے اور میرا حواری زبیر ہے۔ سفیان کہتے ہیں کہ ہشام بن عروہ نے ان الفاظ کا اضافہ کیا ہے: "میری پھوپھی کا بیٹا"۔

1286- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے

1285- صحیح بخاری' باب برکة السحور من غیر ایجاب' جلد 3' صفحه 29' رقم:1923

صحیح مسلم' باب فضل السحور وتاکید استحبابه ' جلد 3' صفحه 130' رقم:2603

السنن الصغریٰ للبیهقی' باب استحباب السحور' جلد 1' صفحه 421' رقم:1412

المنتقی لابن الجارود' باب الصیام' صفحه 104' رقم:383

سنن ابن ماجه ' باب ما جاء فی السحور' جلد 1' صفحه 540' رقم:1692

1286- صحیح بخاری' باب قدر کم بین السحور وصلاة الفجر' جلد 3' صفحه 29' رقم:1921

صحیح مسلم' باب فضل السحور وتاکید استحبابه ' جلد 3' صفحه 131' رقم:2606

سنن ابن ماجه ' باب ما جاء فی تاخیر السحور' جلد 1' صفحه 540' رقم:1694

سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: وُلِدَ فِي الْحَيِّ غُلَامٌ فَاَسْمَاهُ اَبُوْهُ الْقَاسِمَ فَقُلْنَا لِاَبِيْهِ: لَا نَكْنِيكَ بِاَبِي الْقَاسِمِ، وَلَا نُنْعِمُكَ عَيْنًا.

فَاَتَى اَبُوْهُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَسْمِ ابْنَكَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ .

ہیں کہ کسی قبیلے میں ایک بچہ پیدا ہوا تو اس کے باپ نے اس کا نام قاسم رکھا تو ہم نے اس کے والد سے کہا: ہم تمہاری کنیت ابوالقاسم نہیں رکھیں گے اور ہم تمہاری آنکھیں ٹھنڈی نہیں کریں گے۔

تو اس کا باپ رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' رسول اللہ ﷺ نے اس سے فرمایا: تم اپنے بیٹے کا نام عبدالرحمان رکھ لو۔

1287 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : يَا جَابِرُ لَوْ قَدْ جَاءَ مَالُ الْبَحْرَيْنِ لَاَعْطَيْتُكَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا . فَقُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَاْتِ مَالُ الْبَحْرَيْنِ وَاَتَى فِي خِلَافَةِ اَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ فَاَمَرَ اَبُوْ بَكْرٍ مُنَادِيًا فَنَادَى: مَنْ كَانَ لَهُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَيْنٌ اَوْ عِدَةٌ فَلْيَاْتِ . قَالَ جَابِرٌ: فَاَتَيْتُ اَبَا بَكْرٍ فَقُلْتُ لَهُ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ قَدْ جَاءَ مَالُ الْبَحْرَيْنِ لَاَعْطَيْتُكَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا .

حضرت محمد بن علی روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: اے جابر! اگر ہمارے پاس بحرین کا مال آئے تو میں تمہیں اتنا، اتنا اور اتنا دوں گا۔ پھر رسول اللہ ﷺ کا (ظاہری) وصال ہو گیا' بحرین کا مال نہیں آیا وہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں آیا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کو اعلان کرنے کے لیے کہا کہ جس آدمی کو رسول اللہ ﷺ نے کچھ دینا ہو یا آپ نے کسی کے ساتھ کوئی وعدہ کیا ہو تو وہ آ جائے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا میں نے ان سے یہ کہا: رسول اللہ ﷺ نے یہ

صحیح ابن خزیمہ' باب تاخیر السحور' جلد 3' صفحہ 215' رقم: 1941

مصنف ابن ابی شیبة' باب من کان یستحب تاخیر السحور' جلد 2' صفحہ 276' رقم: 8928

1287- صحیح بخاری' باب اذان الاعمی اذا کان له من یخبرہ' جلد 1' صفحہ 127' رقم: 617

صحیح مسلم' باب بیان ان الدخول فی الصوم یحصل بطلوع الفجر' جلد 3' صفحہ 129' رقم: 2590

السنن الکبرٰی للبیہقی' باب السنة فی الاذان لصلاة الصبح قبل طلوع الفجر' جلد 1' صفحہ 380' رقم: 1858

سنن ترمذی' باب فی وقت اذان الفجر' جلد 1' صفحہ 288' رقم: 1190

صحیح ابن حبان' باب السحور' جلد 8' صفحہ 250' رقم: 3472

فَحَثَى لِيْ اَبُوْ بَكْرٍ مَرَّةً ثُمَّ قَالَ لِي: عُدَّهَا.

فَعَدَدْتُهَا فَوَجَدْتُهَا خَمْسَمِائَةٍ فَقَالَ: خُذْ مِثْلَهَا مَرَّتَيْنِ.

فرمایا تھا: ''اگر بحرین کا مال آیا تو میں تمہیں اتنا، اتنا اور اتنا دوں گا۔'' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دونوں ہتھیلیاں بھر کر مجھے دیا' پھر مجھ سے فرمایا: تم اس کی گنتی کرو۔

میں نے اس کی گنتی کی تو وہ پانچ سو درہم تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم اس سے دوگنا اور لے لو۔

1288 - قَالَ سُفْيَانُ ثُمَّ سَمِعْتُ ابْنَ الْمُنْكَدِرِ يُحَدِّثُهُ اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ مِثْلَهُ اِلَّا اَنَّهُ قَالَ فَحَثَى لِيْ ثَلَاثًا. وَزَادَ ابْنُ الْمُنْكَدِرِ قَالَ جَابِرٌ: ثُمَّ اَتَيْتُ اَبَا بَكْرٍ بَعْدُ فَقُلْتُ لَهُ: اَعْطِنِي فَلَمْ يُعْطِنِي، ثُمَّ اَتَيْتُهُ فَقُلْتُ اَعْطِنِي فَلَمْ يُعْطِنِي، ثُمَّ اَتَيْتُهُ فَقُلْتُ: اَعْطِنِي فَلَمْ يُعْطِنِي، فَقُلْتُ: يَا اَبَا بَكْرٍ اِنِّي سَاَلْتُكَ اَنْ تُعْطِيَنِي فَلَمْ تُعْطِنِي، ثُمَّ سَاَلْتُكَ اَنْ تُعْطِيَنِي فَلَمْ تُعْطِنِي، فَاِمَّا اَنْ تُعْطِيَنِي وَاِمَّا اَنْ تَبْخَلَ عَلَيَّ. فَقَالَ: قُلْتَ تَبْخَلُ عَلَيَّ؟ وَاَيُّ الدَّاءِ اَدْوَى مِنَ الْبُخْلِ، فَمَا مَنَعْتُكَ مِنْ مَرَّةٍ اِلَّا وَاَنَا اُرِيْدُ اَنْ اُعْطِيَكَ.

حضرت ابن منکدر بیان کرتے ہیں کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے اسی کی مثل ان سے روایت بیان کی۔ البتہ اس میں یہ الفاظ ہیں: ''حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دونوں ہتھیلیاں ملا کر تین مرتبہ مجھے دیا۔'' ابن منکدر نے ان الفاظ کا اضافہ کیا کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ اس کے بعد میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا میں نے ان سے کہا مجھے کچھ دیں' تو انہوں نے مجھے کچھ نہیں دیا میں پھر ان کے پاس آیا اور انہیں کہا: مجھے کچھ دیں! تو انہوں نے مجھے کچھ نہیں دیا میں پھر ان کے پاس آیا اور میں نے ان سے کہا: مجھے کچھ دیں! تو انہوں نے مجھے کچھ نہیں دیا' میں نے کہا: اے ابوبکر! میں نے آپ سے کچھ مانگا ہے کہ آپ مجھے کچھ دیں لیکن آپ نے مجھے کچھ نہیں دیا پھر میں نے آپ سے مانگا کہ آپ مجھے کچھ دیں لیکن آپ نے مجھے کچھ نہیں دیا یا تو آپ مجھے کچھ دیں گے یا پھر آپ میرے متعلق

1288- صحیح مسلم' باب فضل السحور وتاکید استحبابه' جلد 3' صفحہ 130' رقم: 2604

السنن الصغرٰی للبیہقی' باب استحباب السحور' جلد 1' صفحہ 421' رقم: 1413

سنن ابوداؤد' باب فی توکید السحور' جلد 2' صفحہ 274' رقم: 2345

سنن الدارمی' باب فی فضل السحور' جلد 2' صفحہ 11' رقم: 1697

مسند عبد بن حمید' حدیث عمرو بن العاص رضی اللہ عنه' صفحہ 121' رقم: 293

بخل کریں گے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تم یہ کہہ رہے ہو کہ تم میرے متعلق بخل کرو گے؟ بخیلی سے زیادہ بری بیماری اور کون سی ہے؟ میں نے تمہیں منع اس لیے کیا ہے کیونکہ میں تمہیں دینا چاہتا ہوں۔

1289- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَعْقِ الْاَصَابِعِ وَلَعْقِ الصَّحْفَةِ قَالَ: وَقَالَ: اِنَّهُ لَا يَدْرِى فِىْ اَيِّ ذٰلِكَ الْبَرَكَةُ.

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے انگلیاں اور پلیٹ چاٹنے کا حکم دیا ہے' آپ نے فرمایا: معلوم نہیں کہ اس میں کہاں برکت ہے۔

1290- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَرَاَيْتُ فِيْهَا قَصْرًا اَوْ دَارًا فَقُلْتُ: لِمَنْ هٰذَا؟ فَقِيْلَ: لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَلَوْلَا غَيْرَتُكَ يَا اَبَا حَفْصٍ لَدَخَلْتُهُ. قَالَ فَبَكٰى عُمَرُ وَقَالَ: اَيُغَارُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا تو میں نے وہاں ایک محل' یا فرمایا: میں نے ایک گھر دیکھا' میں نے پوچھا: یہ گھر کس کا ہے؟ تو مجھے بتایا گیا کہ یہ عمر بن خطاب کا ہے' اے ابوحفص! اگر تیری غیرت نہ ہوتی تو میں اس کے اندر داخل ہو جاتا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رو پڑے اور عرض کی: یارسول اللہ! کیا میں آپ ﷺ پر غیرت کروں گا۔

1289- صحیح بخاری' باب تعجیل الافطار' جلد 3' صفحه 36' رقم:1957

صحیح مسلم' باب فضل السحور وتاکید استحبابه' جلد 3' صفحه 131' رقم:2608

السنن الکبری للبیهقی' باب ما یستحب من تعجیل الفطر وتاخیر السحور' جلد 4' صفحه 237' رقم:8376

سنن ابن ماجه' باب ما جاء فی تعجیل الافطار' جلد 1' صفحه 542' رقم:1698

سنن ترمذی' باب ما جاء فی تعجیل الافطار' جلد 3' صفحه 82' رقم:699

مسند امام احمد' حدیث أبی مالك سهل بن سعد' جلد 5' صفحه 331' رقم:22856

1290- صحیح مسلم' باب فضل السحور وتاکید استحبابه' جلد 3' صفحه 131' رقم:2611

جامع الاصول لابن اثیر' النوع الثانی فی تعجیل الافطار' جلد 6' صفحه 375' رقم:4556

1291- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُنْكَدِرِ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَرَاَيْتُ فِيْهَا قَصْرًا اَوْ دَارًا فَسَمِعْتُ فِيْهَا ضَوْضَاءً فَقُلْتُ لِمَنْ هٰذَا؟ فَقِيْلَ: لِرَجُلٍ مِنْ قُرَيْشٍ، فَرَجَوْتُ اَنْ اَكُوْنَ اَنَا هُوَ، فَقِيْلَ: لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ. فَلَوْلَا غَيْرَتُكَ يَا اَبَا حَفْصٍ لَدَخَلْتُهُ. قَالَ فَبَكٰى عُمَرُ وَقَالَ: اَيُغَارُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا تو میں نے اس میں ایک محل' یا فرمایا کہ ایک گھر دیکھا' میں نے اس میں آواز سنی میں نے پوچھا کہ یہ کس کا ہے؟ تو مجھے بتایا گیا: یہ قریش کے ایک آدمی کا ہے' مجھے یہ امید ہوئی کہ یہ میرا ہوگا' تو مجھے یہ بتایا گیا کہ یہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا ہے۔ اے ابوحفص! اگر تیری غیرت کا خیال نہ ہوتا تو میں اس کے اندر داخل ہو جاتا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رو پڑے اور عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ ﷺ پر غیرت کروں گا۔

1292- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْحَرْبُ خَدْعَةٌ. حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ قَالَ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ: خُدْعَةٌ.

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جنگ دھوکہ کا نام ہے۔ عمرو بن دینار کہتے ہیں کہ ''خُدعۃٌ'' کو اہل عرب ''خَدعۃٌ'' پڑھتے ہیں۔

1291- سنن ترمذی' باب ما جاء فی تعجیل الافطار' جلد 3' صفحه 83' رقم:700

السنن الکبری للبیهقی' باب ما یستحب من تعجیل الفطر وتاخیر السحور' جلد 4' صفحه 237' رقم:8378

صحیح ابن حبان' باب الافطار وتعجیله' جلد 8' صفحه 275' رقم:3507

مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی هریرة رضی الله عنه' جلد 2' صفحه 237' رقم:7240

مسند البزار' مسند ابی هریرة رضی الله عنه' جلد 2' صفحه 394' رقم:7899

1292- صحیح بخاری' باب متی یحل فطر الصائم وافطر' جلد 3' صفحه 36' رقم:1954

صحیح مسلم' باب بیان وقت انقضاء الصوم وخروج النهار' جلد 3' صفحه 132' رقم:2612

السنن الصغری للبیهقی' باب وقت الصوم' جلد 1' صفحه 408' رقم:1350

مسند البزار' مسند عمر بن الخطاب رضی الله عنه' جلد 1' صفحه 64' رقم:260

مسند الحمیدی' مسند عمر بن الخطاب رضی الله عنه' جلد 1' صفحه 12' رقم:20

وَاَهْلُ الْعَرَبِيَّةِ يَقُوْلُوْنَ خَدْعَةٌ.

1293 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزَاةٍ فَكَسَعَ رَجُلٌ مِّنَ الْمُهَاجِرِيْنَ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ الْاَنْصَارِيُّ: يَا لَلْاَنْصَارِ. وَقَالَ الْمُهَاجِرِيُّ: يَا لَلْمُهَاجِرِيْنَ. قَالَ: فَسَمِعَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا هٰذَا؟. فَقَالُوْا: رَجُلٌ مِّنَ الْمُهَاجِرِيْنَ كَسَعَ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ الْاَنْصَارِيُّ: يَا لَلْاَنْصَارِ، وَقَالَ الْمُهَاجِرِيُّ: يَا لَلْمُهَاجِرِيْنَ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا بَالُ دَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ دَعُوْهَا فَاِنَّهَا مُنْتِنَةٌ. فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُبَيِّ ابْنِ سَلُوْلَ: اَوَقَدْ فَعَلُوْهَا، وَاللّٰهِ لَئِنْ رَجَعْنَا اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ. قَالَ جَابِرٌ: وَكَانَتِ الْاَنْصَارُ بِالْمَدِيْنَةِ اَكْثَرَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ حِيْنَ قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ كَثُرَ الْمُهَاجِرُوْنَ بَعْدُ. قَالَ فَقَالَ عُمَرُ: دَعْنِيْ اَضْرِبْ عُنُقَ هٰذَا الْمُنَافِقِ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهُ لَا يَتَحَدَّثُ النَّاسُ اَنَّ مُحَمَّدًا يَقْتُلُ اَصْحَابَهُ.

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ہم ایک جنگ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے مہاجرین میں سے ایک آدمی نے ایک انصاری کی پیٹھ پر ہاتھ مارا تو انصاری نے کہا: اے انصار! اور مہاجر نے کہا: اے مہاجرین! راوی کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ بات سنی تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا ہوا ہے؟ لوگوں نے بتایا: مہاجرین میں سے ایک آدمی نے انصار کے ایک آدمی کو مارا ہے؛ تو انصاری نے یہ کہا: اے انصار! تو مہاجر نے بھی یہ کہا: اے مہاجرین! تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ دورِ جاہلیت کا طریقہ ہے تم اسے چھوڑ دو کیونکہ یہ گندگی والا ہے۔ تو عبداللہ بن ابی نے کہا: کیا ان لوگوں نے ایسا کیا ہے؟ اللہ کی قسم! جب ہم مدینہ واپس جائیں گے تو وہاں کے عزت والے ذلیل لوگوں کو نکال دیں گے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ انصار مدینہ منورہ میں مہاجرین سے زیادہ تھے جب نبی اکرم ﷺ مدینہ منورہ تشریف لے آئے تو پھر مہاجرین زیادہ ہو گئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: آپ مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس منافق کی گردن اڑا دوں۔ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اسے چھوڑ دو ورنہ لوگ یہ کہیں گے محمد اپنے ساتھیوں کو قتل کروا رہے ہیں۔

1293- صحیح بخاری' باب یفطر بما تیسر من الماء او غیرہ ' جلد 3' صفحہ 36' رقم:1956

صحیح مسلم' باب بیان وقت انقضاء الصوم وخروج النہار' جلد 3' صفحہ 132' رقم:2613

السنن الکبری للبیہقی' باب الوقت الذی یحل فیہ فطر الصائم' جلد 4' صفحہ 216' رقم:7795

سنن ابوداؤد' باب وقت فطر الصائم' جلد 2' صفحہ 277' رقم:2354

صحیح ابن حبان' باب الافطار وتعجیلہ ' جلد 8' صفحہ 278' رقم:3511

1294 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ هَارُوْنَ الْمَدَنِيُّ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُبَيِّ ابْنِ سَلُوْلَ لِاَبِيْهِ: وَاللّٰهِ لَا تَدْخُلُ الْمَدِيْنَةَ اَبَدًا حَتّٰى تَقُوْلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَعَزُّ وَاَنَا الْاَذَلُّ. قَالَ وَجَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهُ بَلَغَنِيْ اَنَّكَ تُرِيْدُ اَنْ تَقْتُلَ اَبِيْ، فَوَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا تَاَمَّلْتُ وَجْهَهُ قَطُّ هَيْبَةً لَّهُ، وَلَئِنْ شِئْتَ اَنْ اٰتِيَكَ بِرَاْسِهِ لَاَتَيْتُكَ، فَاِنِّيْ اَكْرَهُ اَنْ اَرٰى قَاتِلَ اَبِيْ.

حضرت ابوہارون مدنی روایت کرتے ہیں کہ عبداللہ بن ابی کے بیٹے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اپنے باپ سے کہا: اللہ کی قسم! تم اس وقت تک مدینہ میں داخل نہیں ہو سکتے جب تک تم یہ نہیں کہو گے کہ رسول اللہ ﷺ عزت دار ہیں اور تم ذلیل ہو۔ راوی کہتے ہیں کہ وہ آدمی نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا اور اس نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے یہ پتہ چلا کہ آپ میرے باپ کو قتل کروانا چاہتے ہیں' اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے! اپنے باپ کے رعب کی وجہ سے میں اس کے قتل میں دیر نہیں کروں گا' اگر آپ چاہتے ہیں کہ میں اس کا سر لے کر آؤں تو میں وہ لے کر آتا ہوں لیکن مجھے یہ بات پسند نہیں ہے کہ میں اپنے باپ کے قاتل کو دیکھوں یا مجھے اپنے باپ کا قاتل سمجھا جائے۔

1295 - حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: قَدِمَ اَعْرَابِيٌّ الْمَدِيْنَةَ فَبَايَعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْهِجْرَةِ، ثُمَّ حُمَّ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَقِلْنِيْ بَيْعَتِيْ. قَالَ: لَا. فَلَمَّا اشْتَدَّتْ بِهِ الْحُمّٰى

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک اعرابی مدینہ منورہ میں آیا اور اس نے نبی اکرم ﷺ کے دست اقدس پر ہجرت کی بیعت کی' پس اسے بخار ہو گیا وہ نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا اور اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میری بیعت مجھے واپس کر دیجئے' آپ نے فرمایا: نہیں! تب اس کا بخار تیز ہو گیا وہ پھر

1294- المعجم الکبیر للطبرانی' احادیث فاختة ام ھانی بنت ابی طالب' جلد 24' صفحہ 417' رقم:21035

مصنف عبد الرزاق' باب صلاۃ الضحی' جلد 3' صفحہ 76' رقم:4861

معرفۃ الصحابۃ لابی نعیم' من اسمہ فاختۃ بنت أبی طالب' جلد 23' صفحہ 427' رقم:7159

کنز العمال للھندی' باب صلاۃ الضحی' جلد 8' صفحہ 665' رقم:23457

1295- سنن ترمذی' باب ما جاء نما یستحب علیہ الافطار' جلد 3' صفحہ 79' رقم:696

السنن الکبری للبیہقی' باب ما یفطر علیہ ' جلد 4' صفحہ 239' رقم:8389

جامع الاصول لابن اثیر' النوع الثالث فیما یفطر علیہ ' جلد 6' صفحہ 377' رقم:4558

اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَقِلْنِىْ بَيْعَتِىْ. قَالَ: لَا. ثُمَّ اشْتَدَّتْ بِهِ الْحُمّٰى فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَقِلْنِىْ بَيْعَتِىْ. قَالَ: لَا. ثُمَّ اشْتَدَّتْ بِهِ الْحُمّٰى فَخَرَجَ هَارِبًا مِّنَ الْمَدِيْنَةِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْمَدِيْنَةُ كَالْكِيْرِ تَنْفِيْ خَبَثَهَا وَتَنْصَعُ طِيْبَهَا.

آپ کے پاس آیا اور اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میری بیعت مجھے واپس کر دیجئے! آپ نے فرمایا: نہیں! پس پھر اس کا بخار اور زیادہ تیز ہوگیا' وہ نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ میری بیعت مجھے واپس کر دیجئے! آپ نے فرمایا: نہیں! تو پھر اس کا بخار اور زیادہ شدید ہوگیا تو وہ مدینہ منورہ سے خوفزدہ ہو کر چلا گیا۔ تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مدینہ منورہ کی مثال بھٹی کی طرح ہے جو زنگ کو نکال دیتی ہے اور چیز کو نکھار دیتی ہے۔

1296- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ ثَلَاثِمِائَةِ رَاكِبٍ، وَاَمِيْرُنَا اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ نَرْصُدُ عِيْرًا لِّقُرَيْشٍ، فَاَصَابَنَا جُوْعٌ شَدِيْدٌ حَتّٰى اَكَلْنَا الْخَبَطَ فَسُمِّيَ ذٰلِكَ الْجَيْشُ جَيْشَ الْخَبَطِ - قَالَ - فَاَلْقٰى لَنَا الْبَحْرُ وَنَحْنُ بِالسَّاحِلِ دَابَّةً تُسَمَّى الْعَنْبَرَ، فَاَكَلْنَا مِنْهَا نِصْفَ شَهْرٍ وَّاتَّدَمْنَا بِهٖ وَادَّهَنَّا بِوَدَكِهٖ حَتّٰى ثَابَتْ اَجْسَامُنَا، قَالَ: فَاَخَذَ اَبُوْ عُبَيْدَةَ ضِلَعًا مِّنْ اَضْلَاعِهٖ فَنَصَبَهٗ، ثُمَّ نَظَرَ اَطْوَلَ رَجُلٍ وَّاَعْظَمَ جَمَلٍ فِي الْجَيْشِ فَاَمَرَهٗ اَنْ يَّرْكَبَ الْجَمَلَ، ثُمَّ يَمُرُّ تَحْتَهُ الْفَفَعَلَ فَمَرَّ تَحْتَهُ الْفَاَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْنَاهُ فَقَالَ: هَلْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہم تین سو سواروں کو ایک مہم پر بھیجا' ہمارے امیر حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ تھے' ہم قریش کے ایک قافلے کی گھات میں تھے' ہمیں سخت بھوک لگی حتیٰ کہ ہم پتے کھانے پر مجبور ہو گئے' اس لیے اس لشکر کا نام ''پتوں والا لشکر'' رکھا گیا۔ آپ (حضرت جابر) بیان کرتے ہیں کہ پس سمندر نے ہمارے سامنے ایک سمندری جانور پھینکا' ہم اس وقت ساحل پر موجود تھے اسے عنبر کہا جاتا تھا پس ہم پندرہ دن تک اس کا گوشت کھاتے رہے ہم نے اس کے تیل کے ساتھ روٹی کھائی' اس کی چربی کو جسم پر ملا حتیٰ کہ ہم موٹے ہو گئے۔ پھر حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے اس کی ایک پسلی کو کھڑا کیا پھر انہوں نے سب سے لمبے آدمی اور لشکر

1296- صحیح بخاری' باب هل یقوم انی صائم اذا شتم' جلد 3' صفحه 157' رقم: 2762
السنن الکبریٰ للبیهقی' باب الصائم ینزه صیامه عن اللغط والمشاتمة' جلد 4' صفحه 270' رقم: 8569
مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی هریرة رضی الله عنه' جلد 2' صفحه 273' رقم: 7679
مصنف ابن ابی شیبة' باب ما یؤمر به الصائم من قلة الکلام وتوقی الکذب' جلد 2' صفحه 271' رقم: 8879

مَعَكُمْ مِنْهُ شَيْءٌ؟. قُلْنَا: لَا.

کے سب سے اونچا اونٹ دیکھا' پھر اس آدمی کو حکم دیا کہ وہ اس اونٹ پر سوار ہو اور اس کے نیچے سے گزرے تو اس آدمی نے ایسا ہی کیا اور اس کے نیچے سے گزر گیا پس جب ہم رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آئے اور آپ کو اس بارے میں بتایا تو آپ نے فرمایا: کیا تمہارے پاس اس کا کچھ حصہ ہے؟ ہم نے عرض کی: نہیں!

1297- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهٖ وَزَادَ: وَكَانَ فِيْنَا رَجُلٌ مَعَهٗ جِرَابٌ فِيْهِ تَمْرٌ، فَكَانَ يُعْطِيْنَا مِنْهُ قَبْضَةً قَبْضَةً، ثُمَّ صَارَتْ اِلٰى تَمْرَةٍ، فَلَمَّا فَنِيَ وَجَدْنَا فَقْدَهٗ. قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ الْحُمَيْدِيُّ: وَلَمْ يَسْمَعْهُ سُفْيَانُ مِنْ اَبِى الزُّبَيْرِ.

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ از نبی اکرم ﷺ اسی کی مثل روایت کرتے ہیں' البتہ اس میں یہ الفاظ زائد ہیں کہ ''ہمارے درمیان ایک آدمی تھا جس کے پاس ایک بوری تھی اور اس میں کھجوریں تھیں' وہ اس میں سے ایک ایک مٹھی ہمیں کھجور دیا کرتا تھا پھر ایک کھجور تک معاملہ آ گیا' جب وہ بھی ختم ہوگئی تو ہمیں اس کے ختم ہونے کا شدت سے احساس ہوا۔''

1298- قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرٌو عَنْ جَابِرٍ اَنَّهٗ سَمِعَهٗ يَقُوْلُ: وَكَانَ فِيْنَا رَجُلٌ فَلَمَّا اشْتَدَّ الْجُوْعُ نَحَرَ ثَلَاثَ جَزَائِرَ، ثُمَّ نَحَرَ ثَلَاثَ جَزَائِرَ، ثُمَّ نَحَرَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ہمارے درمیان ایک آدمی تھا جب سخت بھوک لگی تو اس نے تین اونٹ ذبح کیے' پھر تین اونٹ ذبح کیے' پھر تین

1297- صحیح بخاری' باب من لم یدع قول الزور والعمل به فی الصوم' جلد 3' صفحه 26' رقم: 1903
السنن الکبریٰ للبیهقی' باب الصائم ینزه صیامه عن اللغط والمشاتمة' جلد 4' صفحه 270' رقم: 8570
سنن ابوداؤد' باب الغیبة للصائم' جلد 2' صفحه 279' رقم: 2364
سنن ترمذی' باب ما جاء فی التشدید فی الغیبة للصائم' جلد 3' صفحه 87' رقم: 707
سنن ابن ماجه' باب ما جاء فی الغیبة والرفث للصائم' جلد 1' صفحه 539' رقم: 1689
1298- صحیح بخاری' باب الصائم اذا اکل او شرب ناسیا' جلد 3' صفحه 31' رقم: 1933
صحیح مسلم' باب اکل الناسی وشربه وجماعه لا یفطر' جلد 3' صفحه 160' رقم: 2772
السنن الکبریٰ للبیهقی' باب من اکل او شرب ناسیا فلیتم صومه ولا قضاء علیه' جلد 4' صفحه 229' رقم: 8327
صحیح ابن خزیمه' باب ذکر البیان ان الاکل والشارب ناسیا لصیامه غیر مفطر' جلد 3' صفحه 238' رقم: 1989
المنتقی لابن الجارود' باب الصیام' صفحه 105' رقم: 389

ثَلاثَ جَزَائِرَ، ثُمَّ نَهَاهُ اَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ .

اونٹ ذبح کیے' پھر حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ نے اسے ایسا کرنے سے منع کر دیا۔

1299- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرٌو عَنْ اَبِي صَالِحٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ قَالَ قُلْتُ لِاَبِي: كُنْتُ فِي الْجَيْشِ جَيْشِ الْخَبَطِ فَاَصَابَ النَّاسَ جُوعٌ قَالَ لِي اَبِي: انْحَرْ. قُلْتُ: نَحَرْتُ، ثُمَّ اَصَابَهُمْ جُوعٌ شَدِيدٌ فَقَالَ لِي اَبِي: انْحَرْ. قُلْتُ: نَحَرْتُ. ثُمَّ اَصَابَهُمْ جُوعٌ شَدِيدٌ فَقَالَ لِي: انْحَرْ فَقُلْتُ: نَحَرْتُ. ثُمَّ قَالَ اَبِي: انْحَرْ. قُلْتُ: نُهِيتُ.

حضرت قیس بن سعد روایت کرتے ہیں کہ میں نے اپنے والد سے کہا: میں اس لشکر میں موجود تھا جس کا نام پتوں والا لشکر رکھا گیا۔ لوگوں کو بھوک لگی تو میرے والد نے مجھ سے کہا: تم قربان کرو' میں نے کہا: میں ذبح کر لیتا ہوں' پھر لوگوں کو سخت بھوک لگی تو میرے والد نے مجھے فرمایا: تم ذبح کرو' میں نے کہا: میں ذبح کر دیتا ہوں' پھر لوگوں کو بھوک لگی تو میرے والد نے مجھے کہا: تم ذبح کرو' تو میں نے کہا: میں ذبح کر لیتا ہوں' پھر میرے والد نے مجھ سے کہا: تم ذبح کرو' تو میں نے کہا: مجھے اس سے روک دیا گیا ہے۔

1300- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يُشِيرُ اِلَى اُذُنَيْهِ يَقُولُ: اَشْهَدُ لَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاُذُنَيَّ هَاتَيْنِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ اپنے کانوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے یہ روایت کرتے ہیں کہ میں گواہی دے کر یہ کہتا ہوں کہ میں نے اپنے ان دو کانوں سے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: ''بے شک

1299- سنن ابو داؤد' باب فی الاستنثار' جلد 1' صفحہ 54' رقم: 142

سنن ترمذی' باب ما جاء فی کراهية مبالغة الاستنشاق للصائم' جلد 3' صفحہ 155' رقم: 788

السنن الکبری للبیهقی' باب المبالغة فی الاستنشاق الا ان یکون صائما' جلد 1' صفحہ 50' رقم: 231

المستدرک للحاکم' کتاب الطهارة' جلد 1' صفحہ 247' رقم: 522

صحیح ابن حبان' باب فرض الوضوء' جلد 3' صفحہ 332' رقم: 1054

1300- صحیح بخاری' باب الصائم یصبح جنبًا' جلد 3' صفحہ 29' رقم: 1925

صحیح مسلم' باب صحة صوم من طلع علیه الفجر وهو جنب' جلد 3' صفحہ 137' رقم: 2646

سنن ابن ماجه' باب ما جاء فی الرجل یصبح جنبا وهو یرید الصیام' جلد 1' صفحہ 543' رقم: 1702

سنن ترمذی' باب ما جاء فی الجنب یدرکه الفجر وهو یرید الصوم' جلد 3' صفحہ 149' رقم: 779

مسند امام احمد بن حنبل' حدیث أم سلمة زوج النبی صلی اللہ علیه وسلم' جلد 6' صفحہ 308' رقم: 26666

يَقُولُ: اِنَّ نَاسًا يَخْرُجُونَ مِنَ النَّارِ فَيَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ .

کچھ لوگ جہنم سے نکالے جائیں گے اور جنت میں داخل کر دیئے جائیں گے۔''

1301- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرٌو كُمْ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ: كَانَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ يُصَلِّي مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعِشَاءَ ثُمَّ يَرْجِعُ فَيُصَلِّيهَا بِقَوْمِهِ - قَالَ - فَاَخَّرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعِشَاءَ ذَاتَ لَيْلَةٍ - قَالَ - فَصَلَّاهَا مُعَاذٌ مَعَهُ، ثُمَّ رَجَعَ فَاَمَّ قَوْمَهُ فَافْتَتَحَ بِسُورَةِ الْبَقَرَةِ فَتَنَحَّى رَجُلٌ مِمَّنْ خَلْفَهُ فَصَلَّى وَحْدَهُ ثُمَّ انْصَرَفَ فَقَالُوا لَهُ: نَافَقْتَ . فَقَالَ: لَا وَلٰكِنِّي اٰتِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُخْبِرُهُ فَاَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّكَ اَخَّرْتَ الْعِشَاءَ الْبَارِحَةَ، وَاِنَّ مُعَاذًا صَلَّاهَا مَعَكَ، ثُمَّ رَجَعَ فَاَمَّنَا فَافْتَتَحَ بِسُورَةِ الْبَقَرَةِ، فَلَمَّا رَاَيْتُ ذٰلِكَ تَاَخَّرْتُ فَصَلَّيْتُ وَحْدِي، وَاِنَّمَا نَحْنُ اَهْلُ نَوَاضِحَ، نَعْمَلُ بِاَيْدِينَا، فَاَقْبَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مُعَاذٍ فَقَالَ: اَفَتَّانٌ اَنْتَ يَا مُعَاذُ ؟ اَفَتَّانٌ اَنْتَ؟ اقْرَاْ سُورَةَ كَذَا وَسُورَةَ كَذَا . وَعَدَّدَ السُّوَرَ. قَالَ سُفْيَانُ: وَزَادَ فِيهِ اَبُو الزُّبَيْرِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بِ (سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی اقتداء میں نماز پڑھا کرتے تھے پھر وہ واپس چلے جاتے تھے اور اپنی قوم کو یہی نماز پڑھایا کرتے تھے۔ راوی نے کہا کہ ایک رات رسول اللہ ﷺ نے عشاء کی نماز میں دیر کر دی تو حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے آپ کی اقتداء میں عشاء کی نماز پڑھی' پھر واپس جا کر انہوں نے اپنی قوم کو نماز پڑھانا شروع کی تو سورۃ بقرہ پڑھنی شروع کر دی' ان کے پیچھے نماز پڑھنے والوں میں سے ایک آدمی پیچھے ہٹے انہوں نے اکیلے نماز پڑھی اور چلے گئے۔ لوگوں نے اس سے کہا: تم منافق ہو گئے ہو' تو اس نے کہا: نہیں! میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں جا کر آپ کو اس کے متعلق بتاؤں گا' پھر وہ آدمی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: یا رسول اللہ! گزشتہ رات آپ نے عشاء کی نماز دیر سے ادا کی تھی' حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے آپ کی اقتداء میں یہ نماز پڑھی' پھر وہ واپس آئے اور انہوں نے ہمیں نماز پڑھانا شروع کی اور سورۃ بقرہ پڑھنی شروع کر دی' جب میں نے یہ دیکھا تو میں پیچھے ہٹ گیا پھر میں نے اکیلے نماز پڑھی' ہم اونٹ پالنے والے لوگ

1301- صحیح بخاری' باب اغتسال الصائم' جلد 3' صفحہ 31' رقم: 1930

صحیح مسلم' باب صحة صوم من طلع علیه الفجر وهو جنب' جلد 3' صفحہ 137' رقم: 2645

سنن ابوداؤد' باب فیمن اصبح جنبا فی شهر رمضان' جلد 2' صفحہ 285' رقم: 2390

السنن الکبری للبیهقی' باب من اصبح جنبا فی شهر رمضان' جلد 4' صفحہ 214' رقم: 8253

مسند امام احمد بن حنبل' حدیث أم سلمة زوج النبی صلی اللہ علیه وسلم' جلد 6' صفحہ 308' رقم: 26672

الْاَعْلٰى) (وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى) (وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ) (وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا) (وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ) . قَالَ سُفْيَانُ فَقُلْتُ لِعَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ: اِنَّ اَبَا الزُّبَيْرِ يَقُوْلُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْرَاْ بِ (سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى) (وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى) (وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا) (وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ) (وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ) . فَقَالَ عَمْرٌو: هُوَ هٰذَا، اَوْ نَحْوَ هٰذَا.

ہیں ہم نے اپنے ہاتھوں سے کام کاج کرنا ہوتا ہے۔ تو رسول اللہ ﷺ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے آپ نے ارشاد فرمایا: اے معاذ! کیا تم مصیبت میں ڈالنا چاہتے ہو؟ کیا تم مصیبت میں ڈالنا چاہتے ہو؟ تم فلاں اور فلاں سورت کی تلاوت کیا کرو پھر آپ ہی نے ان سورتوں کی گنتی کروائی۔ سفیان کہتے ہیں کہ ابوزبیر نے اس میں ان الفاظ کا اضافہ کیا ہے کہ ”نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم سورۃ الاعلیٰ، سورۃ الیل، سورۃ البروج، سورۃ الشمس اور سورۂ طارق پڑھا کرو۔“ سفیان کہتے ہیں کہ میں نے عمرو بن دینار سے کہا: ابوزبیر نے تو یہ بیان کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”تم سورۃ الاعلیٰ، سورۃ الیل، سورۃ الشمس، سورۃ الطارق اور سورۃ البروج پڑھا کرو۔“ تو عمرو بن دینار نے کہا: یہ الفاظ نئے ہیں یا اسی کی مثل ہیں۔

1302- اَخْبَرَنَا اَبُوْ طَاهِرٍ: عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ زَيْدٍ الْمُؤَدِّبُ قِرَاءَةً عَلَيْهِ مِنْ اَصْلِهٖ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ: مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ ابْنُ الصَّوَّافِ قِرَاءَةً عَلَيْهِ مِنْ اَصْلِهٖ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ: بِشْرُ بْنُ مُوسَى الْاَسَدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرٌو قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُبَيِّ ابْنِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ عبداللہ بن ابی بن سلول کے پاس تشریف لائے اس وقت جب اسے قبر میں رکھا جا چکا تھا تو رسول اللہ ﷺ کے حکم پر اسے باہر نکالا گیا اور اس کی میت کو آپ کے گھٹنوں پر رکھا گیا' رسول اللہ ﷺ نے اپنی قمیص اسے پہنوائی اور اس پر اپنا لعاب دہن ڈالا اور اللہ ہی زیادہ بہتر جانتا ہے۔

1302- صحیح مسلم' باب فضل صوم المحرم' جلد 3' صفحہ 169' رقم: 2812
صحیح ابن خزیمہ' باب فضل الصوم فی المحرم اذا ھو افضل الصیام بعد شھر رمضان' جلد 3' صفحہ 282' رقم: 2076
مسند امام احمد بن حنبل' مسند ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ' جلد 2' صفحہ 344' رقم: 8515
مسند عبد بن حمید' من مسند ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ' صفحہ 416' رقم: 1423

سَلُوْلَ بَعْدَ مَا اُدْخِلَ حُفْرَتَهُ ال- قَالَ - فَاَمَرَ بِهٖ فَاُخْرِجَ فَوَضَعَهٗ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ، فَاَلْبَسَهٗ قَمِيْصَهٗ وَنَفَثَ عَلَيْهِ مِنْ رِيْقِهٖ، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ.

1303- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ هَارُوْنَ: مُوسَى بْنُ اَبِيْ عِيْسٰى قَالَ فَقَالَ لَهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُبَيٍّ - وَكَانَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَمِيْصَانِ - اَلْبِسْهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الْقَمِيْصَ الَّذِيْ يَلِيْ جِلْدَكَ.

حضرت ابوہارون کہتے ہیں کہ موسیٰ بن ابوعیسیٰ نے عبداللہ بن ابی کے بیٹے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ سے یہ عرض کی' آپ نے اس وقت دو قمیص پہنی ہوئی تھیں' کہ یا رسول اللہ! آپ یہ قمیص اسے پہنا دیجئے جو آپ کے جسم کے ساتھ لگی ہوئی ہے۔

1304- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرٌو اَنَّهٗ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ قَاتَلْتُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ حَتّٰى اُقْتَلَ اَيْنَ اَنَا؟ قَالَ: فِي الْجَنَّةِ . قَالَ: فَاَلْقٰى تَمَرَاتٍ كُنَّ فِيْ يَدِهٖ ثُمَّ قَاتَلَ حَتّٰى قُتِلَ.

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ غزوہ احد کے دن ایک آدمی نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا اور اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ کا کیا حکم ہے کہ اگر میں اللہ کی راہ میں لڑتے ہوئے مارا جاتا ہوں تو میں کہاں جاؤں گا؟ آپ نے فرمایا: جنت میں۔ راوی کہتے ہیں کہ اس آدمی نے اپنے ہاتھ میں جو کھجوریں تھیں ایک طرف رکھیں اور پھر لڑتا ہوا شہید ہو گیا۔

1305- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے

1303- صحیح بخاری' باب صوم شعبان' جلد 2' صفحہ 695' رقم: 1869
صحیح مسلم' باب صیام النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی غیر رمضان' جلد 3' صفحہ 161' رقم: 2778
السنن الکبریٰ للبیھقی' باب فی فضل صوم شعبان' جلد 4' صفحہ 292' رقم: 8689
سنن ابن ماجہ' باب ما جاء فی صیام النبی صلی اللہ علیہ وسلم' جلد 1' صفحہ 545' رقم: 1710
مسند امام احمد' حدیث السیدۃ عائشۃ رضی اللہ عنھا' جلد 6' صفحہ 143' رقم: 25144
1304- سنن ابوداؤد' باب فی صوم اشھر الحرم' جلد 2' صفحہ 298' رقم: 2430
السنن الکبریٰ للبیھقی' باب فی فضل الصوم فی اشھر الحرم' جلد 4' صفحہ 291' رقم: 8687
1305- صحیح بخاری' باب التکبیر الی العید' جلد 2' صفحہ 20' رقم: 969
السنن الصغریٰ للبیھقی' باب العمل الصالح فی العشر من ذی الحجۃ' جلد 1' صفحہ 433' رقم: 1452
سنن ابوداؤد' باب فی صوم العشر' جلد 2' صفحہ 301' رقم: 2440

سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لِكَعْبِ بْنِ الْاَشْرَفِ؟ اِنَّهُ قَدْ اٰذَى اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ. فَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتُحِبُّ اَنْ اَقْتُلَهُ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: فَائْذَنْ لِي. قَالَ: فَاَذِنَ لَهُ، فَاَتٰى مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ كَعْبًا فَقَالَ: اِنَّ هٰذَا الرَّجُلَ قَدْ طَلَبَ مِنَّا صَدَقَةً وَقَدْ عَنَّانَا، وَقَدْ جِئْتُ اَسْتَقْرِضُكَ. فَقَالَ: اِيهًا وَاللّٰهِ لَتَمَلُّنَّهُ. فَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ: اِنَّا قَدِ اتَّبَعْنَاهُ فَنَكْرَهُ اَنْ نَتْرُكَهُ حَتّٰى نَنْظُرَ اِلٰى اَيِّ شَيْءٍ يَصِيرُ اَمْرُهُ. فَقَالَ: ارْهَنُوْنِي. قَالَ: اَيُّ شَيْءٍ اَرْهَنُكَ. قَالَ: ارْهَنُوْنِي اَبْنَائَكُمْ؟ فَقَالَ لَهُ مُحَمَّدٌ: يُسَبُّ ابْنُ اَحَدِنَا يُقَالُ لَهُ رَهِينَةُ وَسْقَيْنِ مِنْ تَمْرٍ. قَالَ: فَنِسَائَكُمْ. قَالُوا: اَنْتَ اَجْمَلُ الْعَرَبِ فَنَرْهَنُكَ نِسَائَنَا وَلٰكِنْ نَرْهَنُكَ اللاْمَةَ. قَالَ: نَعَمْ. فَوَاعَدَهُ اَنْ يَجِيءَهُ قَالَ: وَكَانُوا اَرْبَعَةً سَمّٰى عَمْرٌو اثْنَيْنِ: مُحَمَّدَ بْنَ مَسْلَمَةَ وَاَبَا نَائِلَةَ فَاَتَوْهُ وَهُوَ مُتَوَشِّحٌ يَنْفَحُ مِنْهُ رِيحُ الطِّيبِ. فَقَالُوا: مَا رَاَيْنَا كَاللَّيْلَةِ رِيحًا اَطْيَبَ فَقَالَ: عِنْدِي فُلَانَةُ اَعْطَرُ الْعَرَبِ. فَقَالَ مُحَمَّدٌ: ائْذَنْ لِي اَنْ اَشَمَّ. قَالَ: شُمَّ. ثُمَّ قَالَ: ائْذَنْ لِي فِي اَنْ اَعُوْدَ. قَالَ: فَعَادَ فَتَشَبَّثَ بِرَاْسِهِ وَقَالَ: اضْرِبُوْهُ. فَضَرَبُوْهُ حَتّٰى قَتَلُوْهُ.

ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کون کعب بن الاشرف سے میری جان چھڑائے گا' اس نے اللہ اور اس کے رسول کو اذیت دی ہے' تو حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا آپ یہ پسند کریں گے کہ میں اسے قتل کر دوں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! کہتے ہیں: پھر آپ مجھے اجازت دیجئے' کہتے ہیں کہ پس آپ نے مجھے اجازت دے دی۔ حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کعب بن الاشرف کے پاس آئے اور کہا: یہ صاحب ہم سے صدقہ بھی مانگتے ہیں' انہوں نے تو ہمیں مصیبت میں مبتلا کر دیا ہے' میں تمہارے پاس اس لیے آیا ہوں تاکہ تم سے کچھ قرضہ لوں' تو کعب نے کہا: اللہ کی قسم! تم ضرور ان سے اکتا جاؤ گے' تو محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا: ہم ان کی پیروی کر چکے ہیں اور ہمیں یہ اچھا نہیں لگتا کہ ہم انہیں چھوڑ دیں' ابھی ہم یہ دیکھ لیتے ہیں کہ آگے چل کر کیا ہوتا ہے۔ کعب نے کہا: تم میرے پاس کوئی چیز رہن رکھواؤ' محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے پوچھا: میں کون سی چیز تمہارے پاس رہن رکھواؤں۔ کعب نے کہا: تم اپنے بیٹوں کو میرے پاس رہن رکھو' تو محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا: کوئی آدمی ہم میں سے کسی کے بچے کو گالی دیتے ہوئے کہے گا کہ کھجور کے دو وسق کے بدلے میں اسے رہن رکھوا دیا گیا تھا۔ کعب نے کہا: پھر تم اپنی عورتوں کو رہن رکھواؤ' تو محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا: تم عرب کے خوبصورت ترین آدمی ہو تو کیا ہم اپنی عورتیں تمہارے پاس رہن رکھوا دیں' لیکن یہ ہے کہ ہم اپنا اسلحہ تمہارے پاس رہن رکھوا دیتے ہیں۔ کعب نے

سنن الدارمی' باب فی فضل العمل فی العشر' جلد 2' صفحہ 41' رقم: 1773

کہا: ٹھیک ہے۔ حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے اس کے ساتھ وعدہ کیا کہ وہ اس کے پاس آئیں۔ راوی کہتے ہیں کہ وہ چار آدمی تھے جن میں سے دو کے نام عمرو تھے' ایک حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ تھے اور دوسرے حضرت ابونائلہ تھے۔ پس یہ چاروں کعب بن اشرف کے پاس آئے' وہ اس وقت چادر اوڑھے ہوئے تھا جس سے بڑی پیاری خوشبو آ رہی تھی' انہوں نے کہا: ہم نے آج جیسی خوشبو کبھی نہیں سونگھی۔ وہ کہنے لگا: میری بیوی فلاں عورت ہے جو عرب کی سب سے زیادہ خوشبودار عورت ہے' تو محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا: تم مجھے اجازت دو کہ میں اسے سونگھ لوں' تو اس نے کہا: تم سونگھو' تو حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا: تم مجھے دوبارہ اجازت دو کہ میں دوبارہ اسے سونگھوں۔ راوی کہتے ہیں کہ جب حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ دوبارہ اس کے قریب ہوئے تو انہوں نے اس کا سر پکڑ لیا اور کہا کہ اس کو مارو! انہوں نے اسے مارا حتیٰ کہ اسے قتل کر دیا۔

1306- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْعَيْشِيُّ قَالَ اَبُوْ عَلِيٍّ كَذَا فِي كِتَابِي الْعَيْشِيُّ وَفِي اُصُولٍ عِنْدِي الْعَبْسِيُّ وَاللّٰهُ وَلِيُّ التَّوْفِيقِ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ قَالَتْ لَهُ امْرَاَتُهُ: اِنِّي لَاَسْمَعُ صَوْتًا اَجِدُ مِنْهُ رِيحَ الدَّمِ. قَالَ: اِنَّمَا هُوَ اَبُوْ نَائِلَةَ اَخِي، لَوْ وَجَدَنِي نَائِمًا مَا اَيْقَظَنِي، فَاِنَّ الْكَرِيمَ

عکرمہ نے روایت میں ان الفاظ کا اضافہ کیا ہے کہ کعب بن اشرف کی بیوی نے اسے کہا: میں نے ایک ایسی آواز سنی ہے جس میں مجھے خون کی بو آتی ہے تو کعب بن اشرف نے کہا: یہ تو ابونائلہ ہے جو میرا بھائی ہے' اگر وہ مجھے سویا ہوا پاتا تو مجھے بیدار نہ کرتا اور عزت دار آدمی کو اگر زخمی کرنے کے لیے بھی بلایا جائے تو وہ ضرور جاتا

مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد اللہ بن العباس' جلد 1' صفحہ 345' رقم: 3228

1306- صحیح مسلم' باب استحباب صیام ثلاثة ایام من کل شھر' جلد 3' صفحہ 167' رقم: 2804

السنن الکبریٰ للبیھقی' باب صوم یوم عرفة لغیر الحاج' جلد 4' صفحہ 282' رقم: 8639

مسند امام احمد بن حنبل' حدیث أبی قتادہ الانصاری' جلد 5' صفحہ 296' رقم: 22590

لَوْ دُعِيَ إِلَى طَعْنَةٍ لَأَجَابَهَا، وَسَمَّى الَّذِينَ أَتَوْهُ مَعَ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْلَمَةَ أَبُو نَائِلَةَ وَعَبَّادُ بْنُ بِشْرٍ وَأَبُو عَبْسِ بْنُ جَبْرٍ وَالْحَارِثُ بْنُ مُعَاذٍ.

ہے۔ راوی نے ان کے نام بیان بتائے ہیں جو یہ ہیں: حضرت محمد بن مسلمہ، حضرت ابو نائلہ، حضرت عباس بن بشر، حضرت ابوعبس بن جبر اور حضرت حارث بن معاذ رضی اللہ عنہم۔

1307- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ قُلْتُ لِعَمْرِو بْنِ دِينَارٍ أَسَمِعْتَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ مَرَّ بِأَسْهُمٍ فِي الْمَسْجِدِ: أَمْسِكْ بِنِصَالِهَا. قَالَ: نَعَمْ.

سفیان کہتے ہیں کہ میں نے عمرو بن دینار سے پوچھا: کیا آپ نے حضرت جابر بن عبداللہ کو بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اس آدمی سے یہ فرمایا تھا جو مسجد میں اپنے تیر لے کر گزر رہا تھا کہ تم اسے دھار کی طرف سے پکڑ کر رکھو؟ تو اس نے کہا: ہاں!

1308- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ أَخْبَرَنَا عَمْرٌو أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ: فِينَا نَزَلَتْ بَنِي حَارِثَةَ وَبَنِي سَلِمَةَ (إِذْ هَمَّتْ طَائِفَتَانِ مِنْكُمْ أَنْ تَفْشَلَا) وَمَا أُحِبُّ أَنَّهَا لَمْ تَنْزِلْ لِقَوْلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ (وَاللَّهُ وَلِيُّهُمَا)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ یہ آیت ہمارے متعلق یعنی بنو حارثہ اور بنو سلمہ کے متعلق نازل ہوئی تھی: ”جب تم میں سے دو گروہوں نے یہ ارادہ کیا کہ وہ تمہیں پھسلا دیں۔“ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ مجھے یہ بات پسند نہیں ہے کہ یہ آیت نازل نہ ہوئی ہوتی کیونکہ اللہ عزوجل نے ارشاد فرمایا: ”اللہ تعالیٰ ان دونوں کا مددگار ہے۔“

1309- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے

1307- صحیح بخاری، کتاب الصوم، باب وجوب صوم رمضان، جلد 3، صفحہ 24، رقم: 1892

صحیح مسلم، باب صوم یوم عاشوراء، جلد 3، صفحہ 150، رقم: 2714

السنن الکبریٰ للبیہقی، باب فضل یوم عاشوراء، جلد 4، صفحہ 286، رقم: 8658

سنن ابوداؤد، باب فی صوم یوم عاشوراء، جلد 2، صفحہ 302، رقم: 2444

سنن ابن ماجہ، باب صیام یوم عاشوراء، جلد 1، صفحہ 552، رقم: 1734

1308- صحیح مسلم، باب استحباب صیام ثلاثة ایام من کل شهر، جلد 3، صفحہ 167، رقم: 2804

السنن الکبریٰ للبیہقی، باب صوم یوم عرفة لغیر الحاج، جلد 4، صفحہ 282، رقم: 8639

مسند امام احمد بن حنبل، حدیث أبی قتادہ الانصاری، جلد 5، صفحہ 296، رقم: 22590

1309- صحیح مسلم، باب ای یوم لصیام فی عاشوراء، جلد 3، صفحہ 151، رقم: 2723

سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرٌو قَالَ حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ: أَطْعَمَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لُحُومَ الْخَيْلِ وَنَهَانَا عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ.

ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں گھوڑوں کا گوشت کھلایا ہے اور آپ نے ہمیں گدھوں کے گوشت سے منع فرمایا ہے۔

1310- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ قَالَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُخَابَرَةِ. قَالَ سُفْيَانُ: وَكُلُّ شَيْءٍ سَمِعْتُهُ مِنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ قَالَ لَنَا فِيهِ سَمِعْتُ جَابِرًا إِلَّا هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ، يَعْنِي لُحُومَ الْخَيْلِ وَالْمُخَابَرَةَ، فَلَا أَدْرِي بَيْنَهُ وَبَيْنَ جَابِرٍ فِيهِمَا أَحَدٌ أَمْ لَا؟ وَأَمَّا حَدِيثُ الْأَسْهُمِ فَإِنِّي أَنَا قُلْتُ لَهُ: سَمِعْتَ جَابِرًا؟ عَلَى مَا حَدَّثْتُكُمْ.

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مخابرہ سے منع فرمایا ہے۔ سفیان کہتے ہیں کہ میں نے عمرو بن دینار کے متعلق جو بھی روایت سنی اس میں انہوں نے یہی کہا کہ میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے سوائے ان دو حدیثوں کے یعنی گھوڑوں کے گوشت اور مخابرہ والی روایت، مجھے نہیں معلوم کہ آیا ان دونوں روایتوں میں عمرو بن دینار اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے درمیان کوئی اور راوی ہے یا نہیں؟ اور جو تیروں والی روایت ہے تو میں نے ان سے کہا: کیا آپ نے حضرت جابر کو اسی طرح بیان کرتے ہوئے سنا ہے۔

1311- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ أَخْبَرَنَا

حضرت سلیمان بن سیار روایت کرتے ہیں کہ طارق مدینہ منورہ کے گورنر تھے انہوں نے حضرت جابر بن عبداللہ

مصنف ابن ابی شیبة، باب فی یوم عاشوراء ای یوم هو، جلد 3، صفحہ 58، رقم: 9473

1310- صحیح مسلم، باب استحباب صوم ستة ایام من شوال اتباعا لرمضان، جلد 3، صفحہ 169، رقم: 2815

السنن الکبریٰ للبیہقی، باب فی فضل صوم ستة ایام من شوال، جلد 4، صفحہ 292، رقم: 8692

سنن ترمذی، باب ما جاء فی صیام ستة أیام من شوال، جلد 3، صفحہ 132، رقم: 759

مسند امام احمد بن حنبل، حدیث أبی ایوب الانصاری، جلد 5، صفحہ 419، رقم: 23607

1311- صحیح مسلم، باب استحباب صیام ثلاثه ایام من کل شهر، جلد 3، صفحہ 167، رقم: 2804

المستدرك للحاکم، ذکر اخبار سید المرسلین، جلد 4، صفحہ 15، رقم: 4179

سنن النسائی الکبریٰ، باب صوم یوم الاثنین، جلد 2، صفحہ 146، رقم: 2777

صحیح ابن خزیمه، باب استحباب صوم یوم الاثنین، جلد 3، صفحہ 299، رقم: 2118

مصنف عبد الرزاق، باب صیام الدهر، جلد 4، صفحہ 295، رقم: 7865

سُلَيْمَانُ بْنُ يَسَارٍ: اَنَّ طَارِقًا كَانَ اَمِيْرًا عَلَى الْمَدِيْنَةِ فَقَضَى بِالْعُمْرٰى لِلْوَارِثِ عَنْ قَوْلِ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

رضی اللہ عنہ کی بیان کردہ حدیث ہی کی وجہ سے عمریٰ کے متعلق یہ فیصلہ دیا کہ وہ وارث کے لیے ہے۔

1312 – حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسٰى قَالَ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرٌو عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كُنَّا نَعْزِلُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ اَظْهُرِنَا وَالْقُرْاٰنُ يَنْزِلُ .

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ہم عزل کر لیا کرتے تھے اور رسول اللہ ﷺ ہمارے درمیان موجود تھے اور قرآن نازل ہو رہا تھا (لیکن اس عمل سے ہمیں) منع نہیں کیا گیا۔

1313 – حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ حَسَّانَ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ عِيَاضٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَخِيْ بَنِيْ سَلِمَةَ: اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ لِيْ جَارِيَةً وَّاَنَا اَعْزِلُ عَنْهَا. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَا اِنَّ ذٰلِكَ لَا يَرُدُّ شَيْئًا قَضَاهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ . قَالَ: فَذَهَبَ الرَّجُلُ فَلَمْ يَلْبَثْ اِلَّا يَسِيْرًا ثُمَّ جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَشَعَرْتَ اَنَّ تِلْكَ الْجَارِيَةَ حَمَلَتْ . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ .

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا اور اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میری ایک لونڈی ہے میں اس سے عزل کر لیتا ہوں؟ تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ عمل اس چیز کو واپس نہیں کر سکتا جس کے متعلق اللہ عزوجل نے فیصلہ دے دیا ہے۔ آپ بیان کرتے ہیں کہ وہ آدمی چلا گیا کچھ عرصے کے بعد وہ نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا اور اس نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے یہ پتہ چلا ہے کہ وہ لونڈی حاملہ ہوگئی ہے؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں۔

1312- صحیح مسلم' باب النہی عن الشحناء والتهاجر' جلد 8' صفحہ 11' رقم: 6711
سنن ترمذی' باب ما جاء فی صوم یوم الاثنین والخمیس' جلد 3' صفحہ 122' رقم: 747
سنن النسائی' باب صوم النبی صلی اللہ علیہ وسلم' جلد 2' صفحہ 118' رقم: 2667
مسند امام احمد' حدیث اسامة بن زید' جلد 5' صفحہ 201' رقم: 21801
مسند البزار' مسند اسامة بن زید رضی اللہ عنہ' جلد 1' صفحہ 403' رقم: 2617
1313- سنن ترمذی' باب ما جاء فی صوم یوم الاثنین والخمیس' جلد 3' صفحہ 121' رقم: 745

1314 – حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرٌو اَنَّهٗ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: لَمَّا نَزَلَتْ (قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ) قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَعُوْذُ بِوَجْهِكَ . (اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ) فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَعُوْذُ بِوَجْهِكَ . (اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ) قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : هَاتَانِ اَهْوَنُ اَوْ هَاتَانِ اَيْسَرُ .

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: ''تم فرما دو! وہ اس بات پر قادر ہے کہ تم پر تمہارے اوپر سے عذاب بھیج دے۔'' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''میں تیری ذات کی پناہ مانگتا ہوں۔'' ''یا تمہارے پاؤں کے نیچے سے'' تو نبی اکرم ﷺ نے دعا کی: ''میں تیری ذات کی پناہ مانگتا ہوں۔'' ''یا وہ تمہیں مختلف گروہوں میں تقسیم کر دے اور تم ایک دوسرے کے خلاف لڑنے لگو۔'' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ دونوں آسان ہیں۔

1315 – حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كُنَّا نَتَزَوَّدُ لُحُوْمَ الْهَدْيِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ .

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے دور مبارک میں ہم قربانی کے جانور کا گوشت مدینہ منورہ تک بطور زاد راہ استعمال کرتے تھے۔

1316 – حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے

1314- صحیح بخاری' باب صلاة الضحی فی الحضر' جلد 2' صفحہ 58' رقم: 1178
صحیح مسلم' باب استحباب صلاة الضحی وان اقلها رکعتان واکملها ثمان رکعات' جلد 2' صفحہ 158' رقم: 1705
السنن الکبریٰ للبیہقی' باب الاختیار فی وقت الوتر' جلد 3' صفحہ 36' رقم: 5037
سنن ابوداؤد' باب فی الوتر قبل النوم' جلد 1' صفحہ 539' رقم: 1434
سنن الدارمی' باب صلاة الضحی' جلد 1' صفحہ 402' رقم: 1454
1315- السنن الکبریٰ للبیہقی' باب الوصیة بصلاة الضحی' جلد 3' صفحہ 47' رقم: 4093
مسند ابی الجعد' حدیث عبد الحمید بن بہرام' جلد 2' صفحہ 190' رقم: 2886
جامع الاصول لابن اثیر' الفصل الرابع فی صلاة الضحی' جلد 6' صفحہ 113' رقم: 4213
صحیح ابن خزیمہ' باب ذکر الوصیة بالوتر' جلد 2' صفحہ 144' رقم: 1083
1316- صحیح مسلم' باب النہی عن صوم الدہر لمن تغرر بہ او فوت بہ حقا' جلد 3' صفحہ 164' رقم: 2793
السنن الکبریٰ للبیہقی' باب من کرہ صوم الدہر واستحب القصد فی العبادة' جلد 4' صفحہ 299' رقم: 8736

سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: قُتِلَ اَبِيْ يَوْمَ اُحُدٍ فَجِيءَ بِهٖ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوُضِعَ بَيْنَ يَدَيْهِ وَقَدْ مُثِّلَ بِهٖ، فَاَرَدْتُ اَنْ اَكْشِفَ عَنْهُ فَنَهَانِيْ قَوْمِيْ، وَاُرِيْدُ اَنْ اَكْشِفَ عَنْهُ وَيَنْهَانِيْ قَوْمِيْ، فَاَمَرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُفِعَ فَسَمِعَ صَوْتَ بَاكِيَةٍ فَقَالَ: مَنْ هٰذِهٖ ؟ . قَالُوْا: ابْنَةُ عَمْرٍو اَوْ اُخْتُ عَمْرٍو . فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : فَلَا تَبْكُوْا - اَوْ فَلِمَ تَبْكِيْ - فَمَا زَالَتِ الْمَلَائِكَةُ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ تُظِلُّهٗ بِاَجْنِحَتِهَا حَتّٰى رُفِعَ . حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ: كَانَ ابْنُ الْمُنْكَدِرِ يَشُكُّ اَبَدًا فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ.

ہیں کہ غزوہ احد کے دن میرے والد شہید ہو گئے' انہیں رسول اللہ ﷺ کے پاس لایا گیا اور آپ کے سامنے رکھ دیا گیا' ان کا مثلہ کیا گیا تھا' میں نے ان کے چہرے سے کپڑا ہٹانا چاہا تو میری قوم والوں نے مجھے منع کر دیا' میں ان کے منہ سے کپڑا ہٹانا چاہ رہا تھا لیکن میری قوم والے مجھے منع کر رہے تھے' پھر نبی اکرم ﷺ کے حکم پر انہیں وہاں سے اٹھالیا گیا۔ آپ نے کسی عورت کے رونے کی آواز سنی تو آپ نے پوچھا کہ یہ کون ہے؟ تو لوگوں نے بتایا کہ عمرو کی بیٹی ہے' یا عمرو کی بہن ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم لوگ نہ روؤ یا تم کیوں رو رہی ہو؟ فرشتوں نے اس کے اٹھائے جانے تک مسلسل اپنے پروں کے ساتھ اس پر سایہ کیا ہوا تھا۔

1317- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ الْمُنْكَدِرِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: كَانَتِ الْيَهُوْدُ تَقُوْلُ: مَنْ اَتٰى امْرَاَتَهٗ فِيْ قُبُلِهَا مِنْ دُبُرِهَا جَاءَ الْوَلَدُ اَحْوَلَ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ یہودی یہ کہا کرتے تھے کہ جو آدمی عورت کی پچھلی طرف سے اس کی شرمگاہ میں صحبت کرتا ہے تو اس کے ہاں بھینگا بچہ پیدا ہوتا ہے' تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: "تمہاری عورتیں تمہاری کھیتیاں ہیں تم اپنے کھیتوں میں جیسے چاہو آؤ"۔

1318- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے

سنن النسائی' باب صوم عشرة ایام من الشهر' جلد 4' صفحه 214' رقم:2399

مسند امام احمد بن حنبل' مسند عبد الله بن عمرو' جلد 2' صفحه 188' رقم:6766

1317- صحیح مسلم' باب استحباب صیام ثلاثة ایام من کل شهر وصوم' جلد 3' صفحه 166' رقم:2801

سنن ابن ماجه' باب ما جاء فی صیام ثلاثة ایام من کل شهر' جلد 1' صفحه 545' رقم:1709

مسند امام احمد بن حنبل' حدیث السیدة عائشه رضی الله عنها' جلد 6' صفحه 145' رقم:25170

جامع الاصول لابن اثیر' النوع التاسع فی الایام المجهولة من کل شهر' جلد 6' صفحه 334' رقم:4479

1318- سنن ترمذی' باب ما جاء فی صوم ثلاثة ایام من کل شهر' جلد 3' صفحه 134' رقم:761

سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْرِفُ عَلٰى رَاْسِهٖ ثَلَاثًا وَهُوَ جُنُبٌ .

ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب جنابت کی حالت میں ہوتے تھے تو آپ لپ بھر کر تین دفعہ اپنے سر پر پانی ڈال لیتے تھے۔

1319- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الرُّبَيِّعِ السُّلَمِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلِ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : يَا جَابِرُ اَعَلِمْتَ اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَحْيَا اَبَاكَ قَالَ لَهٗ: تَمَنَّ . قَالَ: اُحْيَا فَاُقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِكَ مَرَّةً اُخْرٰى فَقَالَ: اِنِّيْ قَدْ قَضَيْتُ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ .

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: "اے جابر! کیا تمہیں علم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے والد کو زندہ کیا تو اس سے فرمایا: تم تمنا کرو! تو اس نے عرض کی: مجھے زندہ کیا جائے اور ایک دفعہ پھر تیری راہ میں قتل کر دیا جائے' تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں نے یہ فیصلہ کر دیا ہے کہ وہ واپس نہیں جائیں گے۔"

1320- حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ اَنَّهٗ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: اَتَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَاَةً مِّنَ الْاَنْصَارِ فَرَشَّتْ لَهٗ صَوْرًا لَهَا وَالصَّوْرُ النَّخَلَاتُ الْمُجْتَمِعَاتُ وَذَبَحَتْ لَهٗ شَاةً، فَاَكَلَ مِنْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ حَانَتْ صَلَاةُ الظُّهْرِ، فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ انصار کی ایک عورت کے پاس تشریف لائے' اس نے مختلف قسم کی کھجوریں آپ کو پیش کیں اور آپ کے لیے ایک بکری بھی ذبح کی۔ تو رسول اللہ ﷺ نے اس کا گوشت کھایا پھر جب ظہر کی نماز کا وقت ہوا تو آپ کھڑے ہوئے اور آپ نے وضو کیا اور ظہر کی نماز پڑھی' پھر اس بکری کا باقی بچنے والا گوشت

السنن الکبریٰ للبیهقی' باب من ای الشهر یصوم هذه الایام الثلاثة' جلد 4' صفحه 299' رقم:8707

صحیح ابن خزیمه' باب استحباب صیام هذه الایام الثلاثة من کل شهر' جلد 3' صفحه 302' رقم:2128

جامع الاصول لابن اثیر' النوع الثامن فی ایام البیض' جلد 6' صفحه 326' رقم:4474

1319- سنن ابوداؤد' باب فی صوم الثلاث من کل شهر' جلد 2' صفحه 303' رقم:2451

السنن الکبریٰ للبیهقی' باب من ای الشهر یصوم هذه الایام الثلاثه' جلد 4' صفحه 294' رقم:8704

مسند امام احمد' حدیث قتاده بن ملحان رضی الله عنه' جلد 5' صفحه 28' رقم:20336

1320- سنن النسائی' باب صوم النبی صلی الله علیه وسلم' جلد 2' صفحه 118' رقم:2654

مسند البزار' مسند ابن عباس رضی الله عنهما' جلد 2' صفحه 187' رقم:5035

جامع الاصول لابن اثیر' النوع الثامن فی ایام البیض' جلد 6' صفحه 329' رقم:4477

وَسَلَّمَ فَتَوَضَّأَ ثُمَّ صَلَّى الظُّهْرَ، ثُمَّ اُتِیَ بِعُلاَلَةِ الشَّاةِ فَاَكَلَ مِنْهَا، ثُمَّ قَامَ اِلَی الْعَصْرِ وَلَمْ یَتَوَضَّأْ، ثُمَّ اَتَیْتُ اَبَا بَكْرٍ الصِّدِّیْقَ فَقَالَ لاَهْلِهِ: هَلْ عِنْدَكُمْ شَیْءٌ؟ قَالُوا: لَا ـ قَالَ: فَاَیْنَ شَاتُكُمُ الْوَالِدُ؟ فَاُتِیَ بِهَا فَحَلَبَهَا وَجَعَلَ لَنَا مِنْهُ لِبَأً فَاَكَلَ مِنْهُ وَاَكَلْنَا، ثُمَّ قَامَ اِلَی الصَّلاَةِ فَصَلّٰی وَلَمْ یَتَوَضَّأْ، ثُمَّ اَتَیْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَاُتِیَ بِجَفْنَتَیْنِ فَجُعِلَتْ اِحْدَاهُمَا بَیْنَ یَدَیْهِ وَالاُخْرٰی مِنْ خَلْفِهِ، فَاَكَلَ وَاَكَلْنَا ثُمَّ صَلّٰی وَلَمْ یَتَوَضَّأْ۔

لایا گیا تو اس میں سے کچھ کھا لیا پھر آپ عصر کی نماز پڑھنے کے لیے کھڑے ہوئے' آپ نے نیا وضو نہیں کیا پھر میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آیا تو انہوں نے اپنی بیوی سے پوچھا: کیا تمہارے پاس کوئی چیز ہے؟ اس نے کہا: نہیں! حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: تمہاری وہ بکری کہاں ہے جس کا بچہ ہونے والا ہے؟ تو اس بکری کو لایا گیا' انہوں نے اس کا دودھ دھو لیا۔ انہوں نے ہمیں اس کا دودھ دیا۔ آپ نے بھی اسے نوش فرمایا' ہم نے بھی اسے پیا پھر آپ نماز کے لیے کھڑے ہوئے' آپ نے نماز پڑھی اور دوبارہ وضو نہیں کیا۔ پھر میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس آیا تو وہاں دو برتن لائے گئے' ان میں سے ایک آپ (ﷺ) کے آگے رکھ دیا گیا اور دوسرا آپ کے پیچھے رکھ دیا گیا۔ آپ نے بھی ان سے کھایا اور ہم نے بھی کھایا' پھر آپ نے نماز پڑھی اور وضو نہیں کیا۔

1321- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا طَافَ بِالْبَیْتِ وَصَلّٰی خَلْفَ الْمَقَامِ رَكْعَتَیْنِ عَادَ اِلَی الْحَجَرِ فَاسْتَلَمَهُ، ثُمَّ خَرَجَ اِلَی الصَّفَا فَقَالَ: نَبْدَاُ بِمَا بَدَاَ اللّٰهُ بِهٖ (اِنَّ الصَّفَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے جب بیت اللہ کا طواف کیا تو آپ نے مقام ابراہیم کے پاس دو رکعات نماز ادا کی پھر آپ حجر اسود کے پاس واپس آئے اور آپ نے اس کا استلام کیا پھر آپ صفا کی طرف نکلے' آپ نے ارشاد فرمایا: ''ہم اس سے آغاز کریں گے جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے پہلے

1321- سنن ترمذی' باب ما جاء فی فصل من فطر صائما' جلد 3' صفحه 171' رقم: 807

السنن الکبریٰ للبیهقی' باب من فطر صائمًا' جلد 4' صفحه 240' رقم: 8395

المعجم الکبیر للطبرانی' باب من اسمه زید بن خالد الجهنی' جلد 5' صفحه 256' رقم: 8276

سنن النسائی الکبریٰ للبیهقی' باب ثواب من فطر صائما' جلد 2' صفحه 256' رقم: 3332

مسند البزار' مسند زید بن خالد الجهنی' جلد 2' صفحه 61' رقم: 3775

وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ) ۔

کیا ہے: ''بے شک صفا اور مروہ اللہ تعالیٰ کی نشانیاں ہیں۔''

1322- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: لَمَّا تَصَوَّبَتْ قَدَمَا رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْوَادِی رَمَلَ حَتّٰی جَازَ الْوَادِیَ۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ کے قدم وادی کے نشیبی حصے میں پہنچے تو آپ دوڑنے لگے حتیٰ کہ آپ نے اس کو پار کر لیا۔

1323- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: اَهْدٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِائَةَ بَدَنَةٍ فَقَدِمَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنَ الْیَمَنِ فَاَشْرَكَهٗ فِیْ بُدْنِهٖ بِالثُّلُثِ، فَنَحَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سِتًّا وَسِتِّیْنَ بَدَنَةً، وَاَمَرَ عَلِیًّا فَنَحَرَ اَرْبَعًا وَثَلاَثِیْنَ، وَاَمَرَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ كُلِّ جَزُوْرٍ بِبَضْعَةٍ فَطُبِخَتْ، فَاَكَلاَ مِنَ اللَّحْمِ، وَحَسَیَا مِنَ الْمَرَقِ ۔ قَالَ سُفْیَانُ: وَاَهْلُ الْعَرَبِیَّةِ یَقُوْلُوْنَ: وَحَسَوَا۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک سو اونٹوں کی قربانی کی تھی' حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن سے تشریف لائے تھے تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں قربانی کے ایک تہائی حصے میں شریک کر لیا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے چھیاسٹھ اونٹ خود قربان کیے تھے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حکم دیا تھا کہ وہ باقی چونتیس اونٹ قربان کریں۔ نبی اکرم ﷺ کے حکم پر ہر اونٹ کا کچھ گوشت لے کر اسے پکایا گیا تو رسول اللہ ﷺ نے وہ گوشت کھایا اور اس کا شوربہ پیا۔ سفیان کہتے ہیں: اہل عرب اس لفظ کا تلفظ یوں کہتے ہیں: وحسوا۔

1324- حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے

1322- سنن ترمذی' باب ما جاء فی فضل الصائم اذا أكل عنده' جلد 3' صفحه 153' رقم: 785

